بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رب العالمين الرحمن الرحيم مالك يوم الدين إياك نعبد وإياك نستعين اهدنا الصراط المستقيم صراط الذين أنعمت عليهم غير المغضوب عليهم ولا الضالين

قال ابو عبد الله :

هـذا يـوم عـظـيـم عظم الله حرمته على المومنين و اكمل لهم فيه الدين و تمم عليهم النعمة و جددلهم ما اخذ عليهم من العهد الميثاق

# غدیر

# قرآن، حدیث اور ادب میں

## چوتھی جلد


مؤلف

حضرت علامہ عبدالحسین الامینی النجفیؒ

ترجمہ و تلخیص

ادیب عصر مولانا سید علی اختر رضویؒ شعور گوپال پوری

امینی، عبدالحسین، ۱۲۸۱۔۱۳۴۹

[الغدیر فی الکتاب والسنۃ والادب۔ اردو۔ ترجمہ وتلخیص]

غدیر؛ قرآن، حدیث اور ادب میں/ مولف عبدالحسین الامینی النجفی

ترجمہ وتلخیص: سید علی اختر رضوی شعور گوپال پوری۔ قم۔ دارالکرامۃ (باتعاون مالی قرآن وعترت فاؤنڈیشن) ۱۴۳۱ق = ۲۰۱۰م = ۱۳۸۹

ج ۴/ ۵

ISBN: 978-600-92030-4-8 (جلد۴۔۵)

فہرست نویسی براساس اطلاعات فیپا

کتاب نامہ: بصورت زیرنویس

۱۔ غدیر خم ۔۲۔ علی بن ابی طالب (ع) امام اول، ۲۳ قبل از ھجرت، ۴۰ق، اثبات خلافت ۔۳۔ غدیر خم۔ شعر۔ مجموع ھا۔۴۔ شعر مذھبی عربی۔ مجموع ھا. الف.

رضوی شعور، علی اختر مترجم. ب. عنوان ج. عنوان: الغدیر فی الکتاب والسنۃ والادب. اردو. ترجمہ وتلخیص

۲۹۷/ ۴۵۲ BP۲۲۳/ ۵۴/ ۴۰۴۶۲ الف ۱۸ غ

## شناسنامہ کتاب

| | |
|---|---|
| کتاب کا نام: | **غدیر**؛ قرآن، حدیث اور ادب میں (جلد۴۔۵) |
| تالیف: | حضرت علامہ عبدالحسین الامینی النجفیؒ |
| ترجمہ وتلخیص: | ادیب عصر مولانا سید علی اختر رضویؒ شعور گوپال پوری |
| ناشر: | دارالکرامہ |
| ناشر ہمکار (باتعاون مالی): | قرآن وعترت فاؤنڈیشن (علمی مرکز، مدرسہ حجتیہ، قم المقدسہ) |
| پیشکش: | مکتبۂ مینار شعور گوپال پور (سیوان بہار) |
| اشاعت: | ۱۸ ذی الحجہ ۱۴۳۱ھ، ۲۵ نومبر ۲۰۱۰ (۴ آذر ۱۳۸۹ق) طبع اوّل |
| تعداد: | ۱۰۰۰ جلد |
| قطع: | وزیری |
| چاپخانہ: | دژ |
| قیمت: | ۸۰۰۰/ تومان |


**ملنے کا پتہ:**

**ہندوستان**: ۱۔ ﴿بھیک پور﴾ چین پور، سیوان، بہار، پن کوڈ 8841286

فون نمبر: 06154-279130 /09430945402

۲۔ ﴿ممبئی﴾ (فاطمہ برقع کلیکشن، ۵۸ نشان پاڑہ روڈ، مسافر خانہ پنجتنی (مقابل اجوا مٹھائی) ڈونگری ممبئی ۴۰۰۰۰۹۔

فون نمبر: ۰۰۹۱۹۸۳۳۸۱۸۰۲۹۔۰۹۸۳۳۲۰۹۲۴۷

**ایران**: ﴿قم﴾ دفتر قرآن وعترت فاؤنڈیشن، مدرسۂ حجتیہ خیابان حجت پارک ۷ داخلی ۳۱۷، چہارراہ شہدا، قم المقدسہ۔

فون نمبر: 0098-251-7742086 /0098-9191600338

ایمیل: quranoitrat2000@yahoo.com

..............................جملہ حقوق قرآن وعترت فاؤنڈیشن کیلئے محفوظ ہیں..............................

# فہرست مطالب


گفتار مترجم ........................................ ۱۱

**بقیہ عندلیبان غدیر (چوتھی صدی ہجری)**

ابوالفتح کشاجم ........................................ ۱۵
شاعر کے حالات ........................................ ۱۶
ادب وشعر کشاجم ........................................ ۱۷
کشاجم کی ہجویہ شاعری ........................................ ۲۰
کشاجم اور ریاست مداری ........................................ ۲۱
دانش افروز گہر پارے ........................................ ۲۱
کشاجم کی سیاست ........................................ ۲۲
عقائد کشاجم ........................................ ۲۳
مشائخ وتالیفات ........................................ ۲۴
ولادت ووفات ........................................ ۲۵
توجہ طلب ........................................ ۲۶
اخلاق کشاجم ........................................ ۲۶
ناشی صغیر ........................................ ۲۹
شعری تتبع ........................................ ۳۳

شاعر کے حالات ............................................ ۳۴
ولادت و وفات ............................................ ۳۹
بشنوی کردی ............................................ ۴۳
شاعر کے حالات ............................................ ۴۴
نمونۂ کلام ............................................ ۴۶
صاحب بن عباد ............................................ ۴۹
شاعر کے حالات ............................................ ۵۳
تالیفات صاحب بن عباد ............................................ ۵۶
وزارت اور اس کی قدر دانی ............................................ ۵۸
صاحب بن عباد کا مذہب، ان کے شعروں میں ............................................ ۶۲
صاحب کا مذہب ............................................ ۶۷
محاسن و مزاج ............................................ ۷۴
کلمات قصار ............................................ ۷۷
صاحب کی وفات ............................................ ۷۸
مصادر حالات ............................................ ۷۸
جوہری جرجانی ............................................ ۷۹
شاعر کے حالات ............................................ ۸۰
ابن حجاج بغدادی ............................................ ۸۳
شاعر کے حالات ............................................ ۸۵
مرتبۂ علم و دانش ............................................ ۸۶
ادب و ہنر ............................................ ۸۷
ابن حجاج کے معاصر خلفاء ............................................ ۸۹

ولادت ووفات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۳
مصادر حالات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۴
ابوالعباس ضبی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۵
شعری تتبع ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۵
شاعر کے حالات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۶
ابورقعمق انطاکی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۹
شاعر کا تعارف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۹۹
ابوالعلاء سردی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۱
شاعر کے حالات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۱
نمونہ کلام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۴
ابومحمد عونی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۰۵
شاعر کے حالات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۱۰
ابن حماد عبدی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۱۹
شاعر کا تعارف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۰
ولادت ووفات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۲
ابوالفرج رازی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۷
شاعر کا تعارف ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۷
جعفر بن حسین ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۳۹
ابوالنجیب طاہر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۴۳
شاعر کے حالات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۴۳
شریف رضی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۴۵
شاعر کے حالات ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱۴۵

اساتذہ ومشائخ ....................................... ۱۵۰
تلامذہ وروات ....................................... ۱۵۱
تالیفات ....................................... ۱۵۲
شعروشاعری ....................................... ۱۵۹
القاب ومناصب ....................................... ۱۶۱
ولادت ووفات ....................................... ۱۶۲
ابومحمد صوری ....................................... ۱۶۵
شاعر کے حالات ....................................... ۱۶۸
مہیار دیلمی ....................................... ۱۷۱
شعری تتبع ....................................... ۱۷۳
دوسرا قصیدہ ....................................... ۱۷۳
تیسرا قصیدہ ....................................... ۱۷۴
شعری تتبع ....................................... ۱۷۵
شاعر کے حالات ....................................... ۱۷۵
شریف مرتضیٰ ....................................... ۱۸۱
شاعر کے حالات ....................................... ۱۸۱
کلمات ستائش ....................................... ۱۸۴
اساتذہ ومشائخ حدیث ....................................... ۱۸۶
تلامذہ وروات ....................................... ۱۸۶
علم الہدیٰ اور ابوالعلاء ....................................... ۱۸۷
علم الہدیٰ اور ابن مطرز ....................................... ۱۹۰
علم الہدیٰ اور زعامت ....................................... ۱۹۰

ولادت ووفات ......................................... ۱۹۱

شعری انتخاب ......................................... ۱۹۲

ابوعلی بصیر ......................................... ۱۹۵

شاعر کے حالات ......................................... ۱۹۵

نمونہ کلام ......................................... ۱۹۶

ابوالعلاء معری ......................................... ۱۹۹

شعراور شاعر پر تحقیقی نظر ......................................... ۱۹۹

شاعر ......................................... ۲۰۰

المویدفی الدین ......................................... ۲۰۱

شعری تحقیق ......................................... ۲۰۳

شاعر کے حالات ......................................... ۲۰۵

ابن جبر مصری ......................................... ۲۰۷

شاعر کے حالات ......................................... ۲۰۸


## عندلیبان غدیر (چھٹی صدی ہجری)


ابوالحسن فنجکردی ......................................... ۲۱۱

شعری تتبع ......................................... ۲۱۱

شاعر کے حالات ......................................... ۲۱۲

ابن منیر طرابلسی ......................................... ۲۱۹

تحقیقی نظر ......................................... ۲۲۰

شاعر کا تعارف ......................................... ۲۲۲

قاضی بن قادوس ......................................... ۲۲۷

شاعر کے حالات ......................................... ۲۲۷

ملک صالح ....................................... ۲۲۹
شاعر کے حالات ....................................... ۲۳۰
ملک صالح کی تفصیلات حیات ....................................... ۲۳۲
ولادت و وفات ....................................... ۲۳۵
مصادر حالات ....................................... ۲۳۷
ابن عودی نیلی ....................................... ۲۳۹
شاعر کا تعارف ....................................... ۲۴۰
قاضی جلیس ....................................... ۲۴۳
شاعر کے حالات ....................................... ۲۴۳
ابن مکی نیلی ....................................... ۲۴۵
شاعر کے حالات ....................................... ۲۴۵
خطیب خوارزمی ....................................... ۲۴۹
شاعر کے حالات ....................................... ۲۴۹
مشائخ و اساتذۂ روایت ....................................... ۲۵۰
تلامذہ اور راویان حدیث ....................................... ۲۵۱
تالیفات ....................................... ۲۵۱
وفات ....................................... ۲۵۲
فقیہ عمارہ ....................................... ۲۵۳
شاعر کے حالات ....................................... ۲۵۳

# گفتار مترجم

خدا کے فضل وکرم سے الغدیر جلد چہارم وپنجم ،کتابت وطباعت کے صبر آزما مراحل سے گذر کر قارئین کے ہاتھوں میں ہے۔

یہ کتاب جسے شیعہ دائرۃ المعارف کہنا بجا ہے،اس کے وقیع علمی وعرفانی مندرجات سے آگاہ ہونا تمام ارباب ولایت کے لئے موجودہ زمانے میں ازبس ضروری ہے۔میں نے اس کی تلخیص میں بہت زیادہ سر کھپایا ہے تاکہ اہم مطالب کا مغز ضائع نہ ہو اور مصروفیت کے اس دور میں ہر شخص تھوڑا سا وقت نکال کر اپنے عقائد ومسلمات کی خوشبو سے معطر ہو سکے۔اس کتاب کو پڑھ کر یہ بھی اندازہ ہوگا کہ شیعی منطق کس قدر متوازن اور خدا لگتی ہے۔

دل تو بہت چاہتا تھا کہ اس کتاب کو پڑھ کر دنیا کے عظیم دانشوروں اور شاعروں نے مذہب حقہ قبول کیا اور خط کی صورت میں اس کی عظمت کا اعتراف کیا اس کا کچھ اقتباس بھی شامل کیا جاتا لیکن وسائل کی کمی سے اصل کتاب ہی میں کتر بیونت کرنی پڑی۔پھر بھی ہماری کوشش رہے گی کہ آئندہ جلدوں میں چند اہم خطوط کے مختصر اور اہم اقتباسات شامل کر دیئے جائیں۔

سید علی اختر رضوی

گوپال پور ۱۵/۱اکتوبر ۱۹۹۶ء

بقیہ

# عندلیبان غدیر

(چوتھی صدی ہجری)

۱۔ابوالفتح محمود بن محمد کشاجم

۲۔ابوالحسن علی بن عبداللہ ناشی صغیر

۳۔ابوعبداللہ حسین بشنوی کردی

۴۔ابوالقاسم وزیر صاحب بن عباد

۵۔ابوالحسن علی جوہری جرجانی

۶۔ابوعبداللہ بن حجاج بغدادی

۷۔ابوالعباس وزیر احمد ضبی

۸۔ابوحامد احمد بن محمد انطاکی

۹۔ابوعلاء محمد بن ابراہیم شروی

۱۰۔ابومحمد طلحہ غسانی عونی

۱۱۔ابوالحسن علی بن حماد عبدی

۱۲۔ابوالفرج بن ھندو رازی

۱۳۔جعفر بن حسین

# ابوالفتح کشاجم

وفات/۳۶۰ھ

لـہ شغـل عـن سـوال الـطـلـل　　　　اقـام الـخـلـیـط بـہ ام رحـل

قصیدہ میں موضوع ولایت سے متعلق ۱۹/شعروں کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے:

''وہ مخلوقات خداوندی پر اسکی حجت ہیں اور قیامت کے دن ان لوگوں کے حریف ہوں گے جنھوں نے ناطہ توڑ لیا تھا۔

خداوند عالم نے ان کے متعلق سند فضیلت نازل فرمائی اور اس نے مسترد کر دیا ان کے جد خاتم الانبیاء تھے اور اس بات کو تمام قومیں جانتی ہیں۔ان کے والد ماجد سید الاوصیاء تھے، جو محتاجوں کو عطا کرنے والے تھے اور میدان جنگ میں بہادروں کو خاک چٹانے والے تھے۔جنھوں نے نیزہ زنی کا فن سیکھا تھا کہ نیزہ کس طرح سے دشمن کے سینے میں پیوست ہوگا اور تلواریں کس طرح سروں پر پڑیں گی۔

جنگ کے دن اگر زمین اپنی جگہ سے ٹل جائے تو ٹل جائے یہ ہرگز نہیں ٹل سکتے ہیں یہی ہیں جنھوں نے لوگوں کی دنیا سے منھ موڑ لیا تھا جب کہ وہ آراستہ اور بن سنور کر ان کے پاس آئی تھی۔

جس وقت ان کا تقابل دوسروں سے کیا جائے تو ایسا ہے کہ جیسے پست زمین کا تقابل آسمان سے کیا جائے یا قطرہ کا تقابل دریا سے کیا جائے۔

ان کے جود وسخا سے بادل سبق سیکھے اور حلم سے پہاڑوں کو پائداری ملے کتنے ہی فتنے ان کی قیادت سے فرو ہو گئے اور کتنی ہی مشکلیں ان کے فیصلوں سے ٹل گئیں اور ان کی وجہ سے خدا نے کتنی ہی گمراہیوں کی آگ بجھادی اور یہ ھدایت کی ایسی مشعل ہیں جو (بے راہ روی) کی آگ بجھاتے ہیں۔

جن کے لئے خداوند عالم نے ڈوبتے سورج کو پلٹایا اگر سورج واپس نہ ہوتا تو اس کی شعاعیں ہمیشہ کے لئے سیاہی سے بدل جاتیں، وہی جنھوں نے دین کے لئے لوگوں کے سروں پر نیزوں کی باڑھ ماری جیسے عربی اونٹوں کولگا تارضرب لگائی جاتی ہے۔

اورلوگ اچھی طرح جانتے ہیں کہ وہ غدیر کے دن کا ہی اثر تھا کہ جس کی نافرمانی سے جمل کے دن کا واقعہ رونما ہوا۔

اے ظالموں کے گروہ! جنھوں نے رسولخدا کومصیبت کی تلخیاں چٹائیں۔آگے کہتے ہیں واضح طور سے قرآن کی نص تمہاری مخالفت کرتی ہے اور رسولؐ خدا نے بھی جو کچھ نص فرمائی ہے وہ بھی تمہارے مخالف ہے۔

تم نے رسول خدا کی وصیت کوقطعی چھوڑ دیااوراس کے متعلق نامناسب باتیں کہہ ڈالیں۔

یہ قصیدہ مخطوطہ دیوان میں ۷۴ شعروں پر مشتمل ہے لیکن طباعت کے وقت ناشر نے اکثر اشعار حذف کردئے اس قسم کی خیانتیں تو ہوتی آئی ہیں۔

## شاعر کے حالات:

ابوالفتح محمود بن محمد بن حسین بن سندی بن شاھک رملی (فلسطین کی آبادی رملہ سے منسوب) عرفیت کشاجم تھی،اپنے عہد کے بہترین لوگوں میں بےمثال اور یگانۂ روزگار تھے.

میدان تنقید وادب کے شہسوار اور بے مثل تھے بحث وجدال میں کوئی ان سے جیت نہیں سکتا تھا شاعرانشائیہ نگار،متکلم ومناظر،منجم،منطقی،محدث،ماہرطبیب،باریک بیں محقق ہونے کےساتھ ساتھ ممتاز ترین سخی اور داتا تھے۔

خلاصہ یہ کہ ان میں تمام فضائل جمع تھے اس لئے انھوں نے اپنا نام کشاجم رکھ لیا تھا جس کے ہر حرف سے ان کی علمی وفنی برتری کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

ک: سے کاتب،ش: سے شاعر.الف: سے انشائیہ نگار وادیب.ج سے جدل وجود.م: سے متکلم یا

مناظر یا منطقی اور منجم، حیات کے آخری دوران ان کو علم طب پر بھی کامل مہارت حاصل ہوگئی تھی اس لئے ط کو بھی شامل کرلیا تھا طکشاجم کہلوانے لگے لیکن اس کی شہرت نہ ہوسکی۔

لقب کا مندرجہ بالا تجزیہ تھوڑے سے اختلاف کے ساتھ تذکرہ نگاروں نے بھی اپنی کتابوں میں لکھا ہے(۱)

## ادب وشعر کشاجم:

کشاجم ادب وشعر کے امام تھے ان کی شعری کاوشوں سے معلوم ہوتا ہے کہ معنوی بلندی تمام فنون ادب پر محیط تھی. تمام دیوان اس کے مظاہرات سے بھرا ہے(۲) صاحب طرز شاعر تھے ایک شاعر نے ان کے شعری اسلوب کا یوں قصیدہ پڑھا ہے۔

وہ شخص بڑا بدقسمت ہے جو رورو کر آنسو اپنے سینے پر بہا رہا ہے، اسے چاہئیے کہ وہ بادۂ ناب نہ ہوتو صابی کے انشائیہ کلام اور کشاجم کے اشعار سے اپنا دل بہلائے(۳)

ابوبکر، محمد بن عبداللہ حمدونی نے دیوان شعری مرتب کیا۔ بعد میں کشاجم کے فرزند نے کچھ اور کلام دیا تو اس میں شامل کرلیا۔

انھیں لغت وحدیث میں بڑی مہارت تھی ان کی ادبی وفنی برتری کو دیکھ کر آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جاتی ہیں پھر یہ کہ الفاظ میں روحانی اور معنوی سنگینیوں کو سمو کر اپنے محاسن وفضائل اجاگر کردیئے تھے۔

شهـرت نـدائـی مـنـاصـب لـی　　　فـی ذری کـسـری صـریـحـه
وسـجـية بـی فـی الـمـکـا　　　رم انّـنـی فیهـا شـحـیـحـه
متـحـیـزا فیهـا مـعـلـی المعلی　　　سـد مـجـتـنـبـاً میـحـه

۱۔شذرات الذہب ج۳ص۳۷(ج۴ص۳۲۱حوادث۳۶۰ھ)الشیعہ وفنون الاسلام ص۱۸۰(۱۴۰)
۲۔تاریخ ابن خلکان ج۱ص۲۱۸(ج۲۰۶ص۳نمبر۲۵۷)
۳۔معجم الادباء ج۱۶ص۳۲(ج۲ص۷۲)

ولـقـد سـنـنـت فـی الـکـتـا بة لـلـوریٰ طـرقـافسیـحـه
وفـضـضـت مـن عـذراالـمـعـا نـی الـغـرّفـی الـلغةالفصیحه
وشـفـعـت مـاثـوراالـروا بةبـالـبـدیـع مـن الـقـریحه
ووصـلـت ذاک بـهـمّة فـی الـمـجـدسـائبة طموحـه
وعـزیـمة بـالـکـلـیـلة فـی الـخـطـوب لاالـطـلیحة
کـلـتـا هـمـالـی صـاحـب فـی کـل دامیةجـمـوحة

کشاجم کی قدرت کلام،نکتہ سنجی اور بلند معانی کی پرداخت اور ذکری اصابت کا ثبوت یہ اشعار ہیں:

لـو بـحـق تـنـاول الـنـجم خلق نلت اعلیٰ النجوم باستحقاق
اولیـس الـلـسـان متیٰ امضی مـن ظبـات المهندات الرقاق
ویـدی تـحـمـل الانـامل منهـا قـلـمـا لیـس دمـعـه باالراقی
وتـراه یـجـودمـن حیث تجری مـنـه تلک السموم بالدریاق
مـطـرقـایهـلک الـعدوعقـابـا یـریـش الـولـی ذالاخفـاق
وسـطـور حـظـطـتهـافـی کـتـاب مثـل عیـم الـسـحـابةالرقراق
صـغـت فیـه مـن البیـان حلیـا بـاخـتـراع البـعیدلاالاشفـاق

واقعی کشاجم جیسا محقق،ادیب وشاعر اپنے نغمات میں عظیم الشان معلم اخلاق نظر آتا ہے،ان کی فنی چابکدستی میں اخلاقی عظمت، بلندی طبع، وفا وصمیمیت آشکار ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ معراج انسانیت ،فضائل کی ترویج اور تقویٰ کی اشاعت وتبلیغ کے لئے قیام کئے ہوئے ہیں۔

''جو شخص مہربانی کرتا ہے میں اس کی محبت واخلاص ووفا کا پاس ولحاظ کرتا ہوں جب تک جسم میں جان ہے اس کی خوشنودیٔ خاطر کا متلاشی رہتا ہوں، جب وہ نا ملائم حالات سے دوچار ہوتا ہے تو ہماری عنایت اسے تھام لیتی ہے یہ میری سرشت ہے اور ہم وہ لوگ ہیں جن کے پاس مکارم اخلاق کے حوصلے ہیں'' یا یہ اشعار،سب لوگ ہم سے بے جرم وخطا کٹے کٹے رہتے ہیں۔

وہ غلط فہمی کا شکار ہیں۔کاش ہم سے حسن ظن رکھتے۔
وہ کٹے کٹے رہتے ہیں اگر رابطہ قائم کرتے تو ہم بھی ان سے پیمان دوستی استوار کرتے۔
لیکن اگر وہ ہم سے خیانت کا برتاؤ کرتے تو ہم ان سے خیانت کا برتاؤ نہ کرتے۔
اگر وہ ہم سے بے نیاز ہیں تو ہم ان سے زیادہ بے نیاز ہیں۔
یا ابن مقلہ کی مدح میں قصیدہ کے اشعار دیکھئے:

**کم فیّ من خلّۃلو انھا امتحنت　　ادت الیٰ غبطۃاو سدّت الخلۃ**

**وھمۃ فی محل النجم موقعھا　　و عزمۃ لم تکن فی الخطب منجلہ**

اس میں شاعر نے انقلاب زندگی کی وجہ سے دوستوں کی دوری پر ناگواری کا اظہار کیا ہے نتیجہ میں وہ زبان شکایت دراز کرتا ہے، نالہ وزاری کرتا ہے، دل سے سیاہ انگارے ابلنے لگتے ہیں:

''کون میری چشم شعلہ بار دیکھنے والا ہے.کون مجھ خستہ جان پر رحم کرنے والا ہے؟
آنکھوں میں خس وخاشاک پڑ جانے کی وجہ سے آنسو بہہ رہے ہیں آنکھیں محرومی پر اشکبار ہوتی ہیں،خوف سے خشک ہوجاتی ہیں یہ حسرت روزگار کا ماتم ہے''۔

یا یہ تین اشعار دیکھئے:

''اے وہ جو میری طرف متوجہ نہیں.خدا کرے تیری راتیں بھی میری طرح ہوجائیں
میری حالت فراق دیکھ کر دشمن بھی رو رہا ہے میں نے تجھ کو دل دے دیا ہے زندہ رکھ یا ہلاک کر دے''۔

کشاجم کے پاس مہربان دل، روح خاضع اور اخلاق وفروتنی کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر بھی موجود تھا، انھوں نے بڑا نرم دل پایا تھا جو انسانی جذبات سے بھرا ہوا تھا.کبھی انھوں نے شرارت، بد ذاتی ونشتریت کا مظاہرہ نہیں کیا،کبھی کسی کی ہجو نہیں کی.وہ اپنے اشعار میں خود اپنی مدح سرائی کرتے ہیں اور دوسروں کی مدح یا ہجو نہیں کرتے وہ اس کے قائل بھی نہ تھے نہ ہی انھوں نے شعر کو وسیلہ معاش بنایا.وہ خود کہتے ہیں:

''اگر باشعور ہو گے تو کبھی کسی کی مدح یا ہجو نہ کرو گے بلکہ سمجھ لو گے کہ اشعار اپنے خوش بیانی کے مظہر ہوتے ہیں جس کے ذریعے آداب انسانی کی حکایت کی جاتی ہے''۔

## کشاجم کی ہجویہ شاعری

چوتھی صدی کے شعراء نے ہجویہ شاعری کے لئے اپنے اپنے مخصوص مخصوص طرز نکالے تھے. ہر ایک کا اپنا الگ اسلوب تھا صدی کے آخر میں یہ امتیاز زیادہ نمایاں ہو چکا تھا کچھ بہت زیادہ ہجویہ شاعری کرتے تھے کچھ کم، کشاجم ان لوگوں میں سے تھے جنھوں نے بہت کم ہجویہ شاعری کی ان کا ہجویہ شاعری میں اپنا الگ انداز تھا وہ اس ڈگر سے کبھی تجاوز نہیں کرتے تھے۔

اگر گہری نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ ان کی ہجویہ شاعری میں پسندیدہ اخلاق، کریمانہ طبیعت اور مہربانی کے جذبات ان کی سرشت بن گئے ہیں صرف چند موقعوں پر انھوں نے اپنی اس سرشت سے تجاوز کیا ہے اکثر میں وہی بہترین روح دوڑ رہی ہے، وہ ہجویہ شاعری میں ناصح مشفق کا عتاب یا مہربان دشمن نظر آتے ہیں دوسروں کی طرح زبان درازی اور عیب جوئی نہیں کرتے انھوں نے ہجویہ شاعری کو دفاع کا ہتھیار بنایا تھا حملہ کا نہیں، اسلئے تمام شاعری فحش، بدگوئی، آلودگی اور بدکرداری سے پاک ہے ذرا ان اشعار کو ملاحظہ فرمائیے، ایک رئیس زادہ سے مخاطب ہیں جس نے ان کے خط کا جواب نہیں دیا تھا:

| | |
|---|---|
| ها قد كتبت فما رددت جوابی | ورجعت مختوما علی كتابی |
| و اتی رسولا مستكينا يشتكی | ذل الحجاب ونخوة البواب |
| وكاننی بک قد كتبت معذرا | وظلمتنی بملامةوعتاب |
| فارج الی الانصاف واعلم انه | اولی بذی الاداب والاحساب |
| يارحمة الله التی قد اصحبت | دون الانام علی سوط عذاب |
| بابی وامی انت من مستجمع | تيه القيان ورقة الكتاب |

اسی طرح بزم روساء کی فضیحت کرتے ہو کہتے ہیں:

عـدمـت رئـاسة قـوم شـقـوا　　شبـابـا ونـا لـوا الغنى حين شابوا

حـديـث بـنـعـمتهـم عهـدهـم　　فـليـس لهـم فـي الـمعالي نصاب

ان کی لطیف ترین ہجویہ شاعری یہ ہے:

ان مـظـلـومة التـي　　زوجـت مـن ابـي عـمـر

ولـدت ليـلة الـزقـا　　ف الـي بـعـلهـا ذكـر

قـلـت: مـن ايـن ذالـغـلا　　م مـا مسهـا بشـر؟

قـال: لـي لـعـلبهـا الـم　　يـات فـي الـمسـنـد الخبر؟

ولـدالـمـرء لـلـفـرا　　ش ولـلـعـاهـر الـحـجـر

قـلـت: هـنيتـه عـلـي　　رغـم مـن انـكـر الـخبـر

## کشاجم اور ریاست مداری

اپنی اسی سلامتی طبع، قداست، پاکیزہ نفسی اور مکارم اخلاق سے آراستگی، مکر وفریب سے علیحدگی، شرارت اور بدزبانی سے دوری کی وجہ سے حکومت کے عھدوں سے خود کو الگ رکھا، اور نہ ہی انھیں عھدوں کی لالچ رہی وہ درباروں کی حاضری اور عہدوں کی لالچ کو پست طبعی سمجھتے تھے۔ وہ اکثر اپنے دوستوں کو عہدے کو قبول کرنے سے منع کیا کرتے تھے کیونکہ اس سے خود کو بھی ہلاکت ہے اور دوسروں کو بھی ہلاکت ہے اس سے دشمن بنتے ہیں حقوق عوام ضائع ہوتے ہیں اور مکارم اخلاق کا زیان ہوتا ہے۔

## دانش افروز گہر پارے

کشاجم کی شاعری میں حکمت آمیز گہر پاروں کی کمی نہیں ہے جس سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ

وہ مخلصانہ طور پر امت کو خدا کی طرف پکارتے تھے، موعظہ حسنہ اور گہر پاروں نے واقعی انہیں مصلح امت بنا دیا ہے، ان کے حکیمانہ اقوال کے چند نمونے یہ ہیں:

لیس الخلق الا وفیہ اذاما | وقع الفحص عنہ خیر وشر
لازم ذاک فی الجبلۃ لاید | فھہ من لہ بذالک خبر
حکمۃ الصانع المدبران لا | شیء لاو فیہ نفع وضر
فاجتھدان یکون اکبر قسم | یک من النفع والاقل الاضر

حبّ نفس کے متعلق ان کے گہر پارے بڑے قیمتی ہیں:

لم ارض عن نفسی مخافۃسخطھا | ورضی الفتی عن نفسہ اغضابھا
لو اننی عنھا رضیت لقصرت | عما ترید بمثلھا آدابھا
وبیننا آثار ذالک واکثرت | عذلی علیہ وطال فیہ عتابھا

## کشاجم کی سیاحت

کشاجم نے مادر وطن رملہ سے سفر کیا اور وہاں سے مشرقی ملکوں کی سیر کرنے کے لئے نکل پڑے پھر وہ مصر، شام اور عراق کی سیاحت پر نکلے، ابن مقلہ کے قصیدہ میں سفر کی صعوبات کو مزے لے لے کر بیان کرتے ہیں انہوں نے مصر وشام میں جو بھی نرم وگرم حالات دیکھے یا بھگتے، جو کچھ ستائش یا مذمت کا سامنا کیا اس کی بیس شعروں میں مدح بھی کرتے ہیں اور مذمت بھی۔

یا ھذا قلت فاسمعی لفتی | فی حالہ عبرۃ لعتبرہ

کشاجم نے اس سیاحت کے درمیان بادشاہوں، وزیروں، امیروں کی صحبت میں وقت گزارا، ان کے انعامات سے بہرہ مند ہوئے، دانشوروں اور محدثوں سے ملاقات کی، ان سے حدیث بیان کی اور ان سے حدیث لی۔

ان کی بزم میں مناظرے بھی ہوئے اور بعد میں خط وکتابت کا سلسلہ بھی جاری رہا، اس طرح

انھوں نے مختلف علوم وفنون میں مہارت حاصل کی ،بعض فنون مثلاً کتابت وخطابت میں سب پر بازی لے گئے چنانچہ مسعودی انہیں دانش ودرایت اورادب کا ماہر تصور کرتے ہیں۔(۱)

## عقائد کشاجم:

کشاجم کا عہدانبوہ عقائد کا عہد ہے،کم ہی ایسے افراد ملیں گے جنہوں نے نظریاتی طور سے اپنی الگ ڈیڑھ اینٹ کی مسجد نہ بنائی ہو،اوراسلام کی اپنے مخصوص زاویہ فکر سے تفسیر نہ کی ہوان میں بعض نے تو اپنے نظریات کا برملا اظہار کردیا لیکن بعض نے احتیاط کا دامن تھامے ہوئے اپنے افکار کو پیش کیا ان راستوں سے الگ کشاجم صرف ایک شیعہ ہی نظر آتے ہیں انہیں اہلبیت کرام سے سچی مودت تھی ان سے والہانہ عقیدت کا مظاہرہ اکثر شعروں سے ہوتا ہے جس میں انہوں نے برملا اظہار کیا ہے کہ خاندان نبوت اس دنیا میں تقرب الٰہی کا ذریعہ اورآخرت میں باعث نجات ہے۔

درحقیقت کشاجم کی شخصیت ’’یخرج الحی من المیت ‘‘(وہ خدازندہ کومردہ سے نکالتا ہے ) کا جیتا جاگتا نمونہ تھی کیونکہ ان کا دادا سندی بن شاہک ہے جس کی خاندان اہل بیت خصوصا امام موسی کاظم علیہ السلام سے زندان ہارون میں دشمنی معروف ہے لیکن اس کا فرزند کشاجم اس گروہ شیطانی سے قطعاًالگ ہے،نہ صرف یہ کہ وہ اپنے خاندان کی حمایت سے الگ ہے بلکہ وہ مدح اہلبیت میں آھنگ نعمہ طرازی کرتا ہے..جی ہاں!خدا ریگ زاروں سے موتی نکالتا ہے.

ان کی مدحیہ شاعری کا نمونہ یہ ہے:

بکاء وقل غناء البکاء　　　　علی زرء ذریة الانبیاء

میں رورہاہوں مگر کیا میرا خاندان نبوت پررونا ان کے درد کا مداوابن سکتا ہے؟

مزید تیس شعروں میں انہوں نے ملامت کرنے والوں سے کہا ہے کہ یہ جامۂ تقوی ارباب کساء کا

---

ا۔مروج الذهب ج۲ص۵۲۳ (ج۴ص۳۸۴)

ہی صدقہ ہے، وہ سفینہ نوح ہیں کہ جن کی محبت ہی نجات ہے، رسول خداؐ نے اہلبیتؑ کے متعلق وصیت کی تھی اگر اطاعت کی جاتی تو سبھی رستگار ہوتے، وہ رشد وھدایت کے چاند تھے ان کی تلوار نے آسانی سے کفر کا سر قلم کیا، موج معجزات کے دریائے علم تھے ان کے علوم سماوی کو تاروں کا علم رکھنے والے بھی نہیں پا سکتے میری جان کی قسم لوگوں نے ان کے حق کا انکار کیا حالانکہ مناسب تو یہی تھا کہ ان کا حق تسلیم کیا جاتا، معرکہ قتال میں اکثر موت سب پر سایہ فگن ہو جاتی ہے، ان کی شجاعت نے غم کو خوشی میں بدل دیا، غزوات ذات السلاسل میں مجرم پر چڑھ دوڑے اور جنگ بدر میں قریش کے پرخچے اڑائے خدا کی قسم کربلا میں ان کا کنبہ تھا.....

ان کے علاوہ کچھ اشعار ثعالبی نے ثمار القلوب میں نقل کر کے ثبوت فراہم کیا ہے کہ ناشی کا سیاہ رو ہونا ادباء میں مشہور تھا۔(۱) ناشی کے اشعار بھی اس مفہوم کے آگے پیش کیئے جائیں گے۔

کشاجم کے مرثیہ بھی ہیں ان میں ۲۵ شعروں پر مشتمل مرثیہ علامہ امینی نے نقل کیا ہے، اس کے بعد ۴ شعر حب علی کے متعلق بڑے لطیف مفہوم کے پیش کیئے ہیں۔

''لوگوں کا گمان ہے کہ جو بھی علیؑ کو دوست رکھے گا وہ فقر سے دوچار ہوگا۔

وہ جھوٹے ہیں، اگر کوئی فقیر دوستدار علیؑ ہو جائے تو عزت و دولت کا مالک ہو جائے گا انہوں نے وصی رسولؐ کی منطق کو بدل دیا ہے، یہ بہت بڑا پاپ ہے کہ صحیح بات کی غلط تاویل کی گئی میرے مولا کا ارشاد یہ ہے کہ اگر تم میرے دوست ہو تو اس پست و ذلیل دنیا سے منھ موڑ لو اور دنیا کی محبت دل سے نکال دو۔(۲)

## مشائخ وتالیفات:

تذکرہ کی کتابوں میں کشاجم کے بچپن کے حالات تعلیم دستیاب نہ ہو سکے، صرف اتنا ملتا ہے کہ

۱۔ثمار القلوب ۱۳۶ (ص۳۷ انمبر ۲۵۹)

۲۔(مناقب اال ابی طالب ج۲ ص ۱۳۸)

اخفش اصغر علی بن سلیمان (متوفی ۳۱۵) کے سامنے زانوئے ادب تہہ کیا، یا تو انہوں نے اس زمانے میں تعلیم حاصل کی ہوگی جب اخفش مصر میں تھے کیونکہ وہ ۲۸۷ میں مصر آئے تھے پھر ۳۰۶ میں حلب چلے گئے یا پھر یہ بات ان کے اس قصیدہ سے ظاہر ہوتی ہے جس میں انہوں نے اخفش کی مدح کی ہے۔

ان کی کتابیں مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ادب الندیم (۱)

۲۔کتاب رسائل

۳۔دیوان شعر

۴۔کتاب مصاید و مطارد (۲)

۵۔خصایص طرف (چشم)

۶۔الصبیح (زیبا)

۷۔البیرزہ (شکایات)

## ولادت و وفات:

مجھے کتب معاجم میں ان کی ولادت کی تاریخ دستیاب نہ ہو سکی، لیکن وہ ایک شعر میں چوتھی صدی کے اوائل میں اپنی ضعیفی کا تذکرہ کرتے ہیں اس طرح تیسری صدی کے وسط میں ان کی ولادت متعین ہو جاتی ہے، لیکن وفات کی تاریخ شذرات الذھب کے مطابق ۳۶۰ھ ہے (۳) اس کی تائید مندرجہ ذیل کتابوں نے کی ہے:

---

۱۔(فہرست ابن ندیم ۱۵۴)

۲۔ابن خلکان نے وفیات الاعیان ج ۹۲ ۳۷ (ج ۳ ص ۹۱ نمبر ۳۴۵، ج ۶ ص ۱۹۹ نمبر ۸۰۲) پر اس کتاب سے نقل کیا ہے۔

۳۔شذرات الذھب (ج ۳۲۱۴ حوادث ۳۶۰)

تاریخ آداب؛ لغت عربیہ؛ کشف الظنون؛ شیعہ وفنون الاسلام۔(۱)

اعلام زرکلی میں آپ کی وفات ۳۵۰ھ میں مرقوم ہے جس پر کچھ دوسرے تذکرہ نگاروں نے اعتراض بھی کیا ہے۔

لیکن گہرے تتبع سے ظاہر ہوتا ہے کہ ۳۳۰ھ میں وفات پائی کیونکہ ابن مقلہ کے قصیدہ میں (جسے انہوں نے ۳۲۴ھ میں کہا تھا) اپنی پیرانہ سالی کا شکوہ کیا ہے۔

## توجہ طلب:

مسعودی نے مروج الذھب (۲) میں کشاجم کے کچھ اشعار نقل کئے ہیں اور ان کا نام ابوالفتح محمد بن حسین لکھ دیا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سید صدر الدین کاظمی نے تاسیس الشیعہ (۳) میں کشاجم کے نام کو محمد اور محمود اور باپ کے نام کو حسن و حسین کی تلقین میں جس تردد کا اظہار کیا ہے مسعودی بھی اس سے متأثر ہو گئے ہیں (۴)

## اخلاف کشاجم:

کشاجم کے دو فرزند تھے ایک کا نام ابوالفرج اور دوسرے کا نام ابونصر احمد تھا کشاجم نے دوسرے کی کنیت کو ایک شعر میں نظم بھی کیا ہے:

قالوا: ابواحمد یبنی. فقلت: لهم　　کما بنت دودة بنیان السرق

---

۱۔ تاریخ آداب اللغۃ العربیہ (مجلد ۲ ص ۱۸۱) کشف الظنون (ج ۱ ص ۸۰۷) الشیعہ وفنون الاسلام (ص ۱۴۰) الاعلام (ج ۷ ص ۱۶۷)

۲۔ مروج الذھب ج ۲ ص ۵۲۳ (ج ۴ ص ۱۶۷)

۳۔ تاسیس الشیعہ (ص ۲۰۴)

۴۔ مروج الذھب ج ۲ ص ۵۴۵ (ج ۴ ص ۳۸۳، ۳۸۶، ۳۸۹)

کچھ اشعار میں ان کی توصیف بھی کی ہے۔

کشاجم کے فرزند ابونصر شاعر وادیب بھی تھے، بخل کی مذمت میں ان کے اشعار بھی معروف ہیں۔(۱)

ثعالبی نے یتیمۃ الدہر میں ان کے ساٹھ اشعار نقل کئے ہیں۔(۲)

محشی میں ہے کہ میں نے دیوان کشاجم میں یہ اشعا نہیں دیکھے انہیں یہ بھی پتہ نہیں تھا کہ یہ اشعار بیٹے کے ہیں باپ کے نہیں۔(۳) انہیں ابونصر نے وزیر فضل بن فرات کی خدمت میں سیب پر آب زر سے یہ اشعار لکھ کر پیش کئے تھے:

| | |
|---|---|
| اذ الوزير تخلى | للنيل فى الاوقات |
| فقد اتاه سميا | ه جعفر بن الفرات (۴) |

محمد بن ہارون نے کشاجم کے دونوں فرزندوں کی ہجو میں چار اشعار کہے ہیں:

| | |
|---|---|
| يا بنى كشاجم انتما | مستعملان مجربان |
| مات مشموم ابوكما | فخلفتماه على المكان |
| وقرنتما فى عصرنا | ففعلتما فعل القران |
| لغلاء اسعار الطعا | م ومتيةالملک الهجان (۵) |

ا۔یتیمۃ الدھر ج ا ص ۲۴۸ (ج ا ص ۳۵۱) نھایۃ الارب ج ۳ ص ۳۱۸ (ج ۳ ص ۳۱۳)

۲۔یتیمۃ الدھر ج ا ص ۲۵۱۔۲۴۷ (ج ا ص ۳۵۵۔۳۵۰)

۳۔تعلیقہ بر یتیمۃ الدھر ج ا ص ۲۴۰، غرر الخصائص الواضحۃ (ص ۱۶۲)

۴۔معجم الادباء ج ۲ ص ۴۴۱ (ج ۷ ص ۱۴۷) بدائع البلائج ا ص ۱۵۷ پر اور تاریخ ابن عباس ج ۴ ص ۱۴۹ (ج ۱۳ ص ۱۶ نمبر ۱۲۷۸ پر)

۵۔یتیمۃ الدھر ج ا ص ۳۵۲ (ج ا ص ۴۷۵)

# ناشی صغیر

ولادت/۲۷۱ھ

وفات/۳۶۵ھ

**یا آل یاسین من یحبکم　　　بغیر شک لنفسہ نصحا**

''اے آل یاسین ( آل محمد ) جس نے تم سے دوستی کی بلا شبہ اس نے اپنی خیر خواہی کی تم گمراہی میں راہ راست ہو جس طرح ہر خرابی میں تمہاری محبت باعث اصلاح ہے۔تمہارے سوا کسی دوسرے کی کوئی بھی خوبی اگر تمہاری فضیلت کے مقابلے میں قیاس کی جائے تو برائی ہے دن کی نشانی ہمارے لئے محو نہ ہوئی لیکن رات کی نشانی خدائے ذوالجلال نے محو کردی۔

اور تمہارے راہ راست کا نور کیسے محو ہوسکتا ہے جب کہ تم گمراہی کے اندھیروں میں روز روشن ہو تمہارے باپ احمد ہیں اوران کے وزیر جو علم الٰہی سے بہرہ یاب ہیں۔

وہ علیؑ صاحب افتخار غدیرخم اس وسیلہ سے ان کی برتری آشکار ہے۔

جب کہ لوگوں کے درمیان رسول خداؐ کھڑے ہوئے ، اور بازوئے علیؑ کو بلند کر کے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اس کا یہ میرا وصی مولا ہے اس بات کی میرے خدا نے مجھے وحی فرمائی ہے، پس لوگوں نے بخ بخ کہکے مبارکباد دی اور لوگوں نے آپ کی بیعت کی جس نے آپ کی مخلصانہ بیعت کی وہ فائدہ میں رہا۔

وہ علیؑ ہی ہیں جن کے لئے جبرئیل نے روز احد ستائش کرتے ہوئے کہا: معرکہ کارزار میں کوئی تلوار نہیں لیکن صرف وصی رسول کی تلوار اور کوئی جوان نہیں سوائے اسکے اگر ان کی عمرو پر ماری گئی ضرب کا

موازنہ کیا جائے تو تمام لوگوں کے اعمال کے مقابلے میں بڑھ جائے۔

وہی علیؑ کہ جب دوسرے حضرات قلعہ کو فتح کرنے سے عاجز رہ گئے اور خالی ہاتھ واپس آئے تو آپ تشریف لے گئے اور قلعہ فتح کیا۔

جس دن خیبر کے یہودی جوش میں آگئے تھے جب آپ نے دروازہ خیبر اکھاڑ کر ہاتھ میں لے لیا تھا، مسلمانوں نے کسی بھی جنگ کی چکی نہیں دیکھی مگر یہ کہ اس کے قطب علیؑ تھے۔

خداوند عالم ان پر صلوات نازل فرمائے اور اس بندہ کو مسلسل اضافہ مدح کی توفیق عنایت فرمائے۔

ایک دوسرا قصیدہ جس میں ۱۳۶ اشعار ہیں:

اے اشرف کائنات کے جانشیں! یقیناً قوم نے آپ کی مخالفت کر کے کفر اختیار کیا بہترین شاہد یہ ہے کہ آپ کے بارے میں واضح نص سن کر بھی انکار کیا۔

انہوں نے آپ سے بغاوت کی حالانکہ انہوں نے خود ہی آپ کو نامزد کیا تھا اور انہوں نے پیمان شکنی کی حالانکہ خود ہی بیعت کی تھا''۔

آگے فرماتے ہیں:

فیاناصر المصطفی احمد تعلمت نصرته من ابیکا

''اے ناصر مصطفیؐ! آپ نے درس نصرت اپنے والد ابوطالبؑ سے حاصل کیا تھا۔

آپ کے دشمنوں نے آپ کے خلاف ناصبیت دکھائی خدا لعنت کرے جن لوگوں نے آپ سے ناصبیت کا اظہار کیا۔

آپ ہی خلیفہ رسولؐ ہیں، نہ کہ دوسرے لوگ پھر کیوں لوگوں نے آپ کو پس پشت ڈال دیا؟ خاص طور سے اس دن جب لوگ تبوک کی طرف جا رہے تھے پھر آپ بعد میں اس لشکر سے ملحق ہو گئے لوگوں نے طعنہ دیا کہ آپ کو نبیؐ نے چھوڑ دیا ہے، آپ ان کی خدمت میں پہونچے تا کہ حقیقت واضح ہو سکے، رسول خداؐ نے آپ کے جواب میں فرمایا: ان کا ناس ہو جائے کیا تم راضی نہیں ہو کہ تم اور میں ویسے ہی ہیں جیسے ہارون اور موسیٰ۔

اور اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو جس طرح میں نے تمہیں خلافت میں شریک کیا ہے نبوت میں بھی تمہیں شریک کرتا لیکن میں خاتم المرسلین ہوں اور تم میرے خلیفہ۔ کاش! یہ لوگ تمہاری اطاعت کریں۔

آپ ہی وہ خلیفۂ رسولؐ ہیں کہ آپ نے لوگوں کے مقابل رسولؐ سے سرگوشی کی لوگوں نے دیکھا کہ اسرار کی سرگوشی کے لئے مناسب ترین شخص آپ ہی ہیں اور یہ اصل میں خدا نے سرگوشی کی تھی۔

دین احمدؐ پر آپ کے لئے وحی ہوئی اور کینہ توزوں نے اس کا مشاہدہ کیا۔

آپ ہی دعوت ذوالعشیرہ میں خلیفۂ رسولؐ بنے جب کہ وہاں آپ کے والد ماجد بھی تھے۔

اور غدیر خم میں بھی خلیفہ بنے لیکن ہاں! غدیر کے دن مکاروں کے لئے کوئی بہانہ باقی نہ رہ گیا۔

انہوں نے قسم کے ساتھ پیمان باندھا کہ آپ پر ظلم کریں گے اسی لئے انہوں نے آپ کی مدد نہ کی جب ان پر نص رسول خداؐ پیش کی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ علیؑ نے تو خود ہی سستی دکھائی اور آپ کو ضعیف و ناتواں خیال کیا۔

ہم نے ان سے کہا کہ ارشاد رسولؐ واضح ہے وسواس وشک کی قطعاً گنجائش نہیں ہے۔

یہ بھی خاصان خدا کے متعلق ان کے اشعار ہیں:

آل محمدؐ ہی کی وجہ سے راہ حق پہچانی گئی اور انہیں کے گھر میں قرآن اترا۔

وہی کلمات اور اسماء کے مصداق ہیں جو آدم کے سامنے جلوہ گر ہوئے ان کی توبہ قبول ہوئی وہ تمام مخلوقات پر حجت خدا ہیں نہ تو خود ان میں کوئی شک کی گنجائش ہے اور نہ ہی ان کے اقوال زرّین میں، وہ بقیہ حقیقت علیا اور شاخۂ اصل (توحید) ہیں۔ان کے بارے میں بہترین خطاب الٰہی ہوا وہ لوگوں کے لئے ارشاد حق کے سلسلہ میں شہاب ہیں ان کا نور ہر عہد میں دیکھا جا سکتا ہے ذریت احمدؐ، فرزندان علیؑ خلیفۂ رسولؐ بس وہی حقیقت محض اور لب لباب ہیں ان کا ہر رشتہ عظمت وسیادت انتہا کو پہنچ گیا ان کی روح پاک وطاہر ہے۔

اگر طالبان علم کو روک دیا جائے اور کہیں ٹھکانہ نہ ہو تو بس وہیں صحیح علم حاصل کر سکتے ہیں ان کی محبت صراط مستقیم ہے لیکن ان کے راستے میں بڑی مشقتیں ہیں۔

اور شمشیر براں کی طرح جو غدیر خم میں بیعت لی گئی اور وہ بیعت سب کی گردن پر ہے ۔علیؑ درخوشاب ہیں،علیؑ طلائے ناب ہیں باقی تمام لوگ مٹی ہیں۔

اگر تم ان کے دشمن سے بیزار نہ ہوتو ان کی محبت کا اجر نہ پا سکو گے۔

جس وقت ان کی تلوار لوگوں کو آواز دے تو سوائے جواب دینے کے کوئی چارہ نہ ہوگا۔

ان کا نوک نیزہ سوئے ہوئے لوگوں کی آشتی اور تیز تلوار کا جبڑوں سے رابطہ ہے۔راتوں کو محراب عبادت میں بہت زیادہ رونے والے اور بہت زیادہ ہنسنے والے ہیں اگر جنگ کے میدان میں تلواریں چل رہی ہوں۔وہی جن کے موزے میں دشمنوں نے سانپ رکھ دیا تھا تا کہ انہیں ڈس لے لیکن جب وہ موزہ پہننے والے تھے تو موزہ پہننے سے کوے نے روک دیا تھا وہ موزہ لے کر اڑا اور الٹ دیا اچانک اس میں سے سانپ گر پڑا اور پہاڑ کی طرف بھاگا۔

وہی علیؑ...جنھوں نے عظیم اژدہے سے سرگوشی کی جس اژدہے نے سرخانہ رسولؐ پر اپنے کو ڈال دیا تھا۔

لوگ دیکھ کر خوفزدہ ہوئے، راستے بند ہو گئے اور میدان میں غوغا بلند ہو گیا لیکن جب علیؑ اس سے قریب ہوئے تو تمام لوگ آگے بڑھے سب کو حیرت ہو رہی تھی حضرت علیؑ نے بہت دیر تک اس سے بات کی اور اس کے سامنے رہے نہ ڈرے اور نہ بھاگے پھر وہ اژدہا ایک ٹیلے کی طرف جا کر خاک کے تودہ میں غائب ہو گیا اور بولا میں فرشتہ ہوں غضب خداوندی نے مجھے اس صورت میں مسخ کر دیا ہے آپ ہی میرے مولا اور میری دعائے مستجاب ہیں آپ کی خدمت میں توبہ کرتے ہوئے حاضر ہوا ہوں اس لئے آپ میری شفاعت اس ذات سے فرمادیجئے جس کی طرف سب کی بازگشت ہے۔

علیؑ نے دعا کی اور رسول خداؐ نے آمین کہی،تمام لوگ رو رہے تھے دعاء مقصد سے ہمکنار ہوئی، فرشتہ آسمان کی طرف چلا گیا جس طرح تیز عقاب آسمان کی طرف جاتا ہے،اس کے جسم پر پر طاؤسی روئیدہ ہو گئے،تمام پر جواہرات سے آراستہ ہو گئے۔کہنے لگا: خدا کی قسم! میں نجات پا گیا اس خاندان کی برکت سے جس کے غضب سے آتش جہنم فروزاں ہے اور جن کے دوستوں کے لئے جنت کی نعمت ہے۔

وہی نبأ عظیم اور کشتی نوح ہیں، انہیں پر وحی کا اختتام ہوا''۔

## شعری تتبع:

قطعی اور محکم بات یہ ہے کہ یہ قصیدہ ناشی کا ہے جیسا کہ شہرابن آشوب نے اس کی نشاندہی کی ہے(۱)ابن خلکان نے ابوبکر خوارزمی سے روایت کی ہے کہ ناشی نے ۳۲۵ میں کوفہ کا سفر کیا اور اپنے شعروں کو مسجد میں لکھوایا اس وقت متنبّی کمسن تھا ان کی بزم میں حاضر ہوا اس نے بھی ناشی کے یہ اشعار نقل کئے تھے:

کأن سنان ذابله ضمير — فليس عن القلوب له ذهاب

وصارمه كبيعته بخم — معاقدها من القوم الرقاب (۲)

یاقوت حموی نے معجم میں اور یافعی نے مرات الجنان میں واقعہ مندرجہ بالا کو لکھا ہے۔(۳) صاحب نسمۃ السحر نے پورے یقین کے ساتھ لکھا ہے کہ جو بھی اس قصیدہ کو عمرو عاص کی طرف منسوب کرتا ہے رسوا ترین اشتباہ میں مبتلا ہے۔(۴) ان ارباب تنقید کا نقطہ نظر ہمارے لئے حجت ہے لہٰذا اس قصیدہ کو عمرو عاص کی طرف منسوب نہیں کیا جا سکتا جیسا کہ اکثر کتابوں میں ملتا ہے کتاب اکلیل ابوھمدانی اور تحفۃ الاحباء جلال الدین شیرازی کے خیالات اس سلسلہ میں معتبر نہیں، ان کے خیال میں ایک دن معاویہ نے اپنے مصاحبوں سے کہا کہ جو بھی علیؑ کے بارے میں ایک شعر کہے اسے یہ دس ہزار کی تھیلی دے دوں گا عمرو عاص نے یہ اشعار تھیلی کی لالچ میں کہے۔

بعض نے ان اشعار کی نسبت ابن فارض کی طرف دی ہے یہ بھی صحیح نہیں کیونکہ ابن فارض کے

---

۱۔مناقب آل ابی طالب (ج۴ص۳۰۱)

۲۔وفیات الاعیان (ج۳ص۳۶۹نمبر۲۶۶)

۳۔معجم الادباء ج۵ص۲۳۵(ج۱۳ص۲۹۰)؛ مرأۃ الجنان ج۲ص۳۳۵

۴۔نسمۃ السحر مجلد۸ ج۲ص۳۷۵)

معاصر ابن خلکان وحموی تھے اگر یہ قصیدہ ان کا ہوتا تو ان دونوں کو ضرور معلوم ہوتا علاوہ از این یہ قصیدہ ابن فارض سے پہلے ہاتھوں ہاتھ لیا جا رہا تھا۔

میرا خیال یہ ہے کہ اکثر قصیدہ نگاروں نے اس بحر میں علی کی مدح کی ہے جو عام طور سے لوگوں میں مشہور ہو گئے اکثر قصیدہ میں ایسا حادثہ ہوا کہ یہ قصیدہ اس قصیدہ میں خلط ملط ہو گیا چنانچہ ناشی کے اکثر قصیدے مناقب شہرابن آشوب میں سوسی کے نام سے درج ہو گیا، ابن جماد کے قصائد عونی کے نام سے درج ہو گئے ہیں، زاہی کے قصائد ناشی کے نام سے درج ہو گئے ہیں، عبدی کے ابن حماد کے نام سے درج ہو گئے ہیں، تذکرہ نگاروں کو اشتباہ ہو گیا اور انہوں نے ان کا ان کے نام سے منسوب کر دیا۔

اس قصیدہ کے بعض شعروں کو علامہ محمد علی اعسم نجفی نے مخمس کیا ہے پہلی بیت یوں ہے:

| | |
|---|---|
| بنو المختار هم للعلم باب | لهم فی کل معضلة جواب |
| اذاوقع اختلاف و اضطراب | بآل محمد عرف الصواب |

## شاعر کے حالات:

علی بن عبداللہ بن وصیف نام تھا کنیت ابوالحسن (سھانی) اور ابوالحسین تھی (رجال ابی داؤد) ناشی (صغیر) اصغر سے معروف تھے بغداد کے محلّہ باب الطاق کے رہنے والے تھے پھر وہ مصر میں مقیم ہو گئے ان کے باپ دستہ شمشیر بنانے کا کام کرتے تھے اس لئے حلاء کے نام سے مشہور ہو گئے، انہیں ناشی بھی کہا جاتا تھا کیونکہ انہوں نے فنون شعری کی لطیف ترین پرورش اور پرداخت کی (۱)

ناشی ممتاز متکلم تھے، فقہ پر بھی دسترس تھی، حدیث و دانش اور ادب سبھی پر کمال تھا، آخر میں وہ شاعری بھی کرنے لگے اور شہرت حاصل کر لی، خلاصہ یہ کہ مجمع فضائل، معدن ثقافت وعلم تھے، ممتاز ترین شیعہ دانشمندوں، متکلموں، محدثوں، فقیہوں اور شاعروں میں شمار ہوتے تھے۔

شیخ مفید ان سے روایت کرتے ہیں اور طوسی بتوسط مفید روایات کرتے ہیں۔(۲) صاحب ریاض

---

۱۔سمعانی کی الانساب (ج۵ ص۴۴۵)　　۲۔الفہرست ص۸۹

العلماء اس بات کا احتمال ظاہر کرتے ہیں کہ شاید یہی استاد شیخ صدوقؒ ہیں۔(۱)

مزید ان سے روایت کرنے والوں کے نام یہ ہیں:

۱۔ابوعبداللہ بن خالع؛

۲۔ابوبکر ابن زرعہ ہمدانی؛

۳۔عبدالواحد عکبری؛

۴۔عبدالسلام بن حسن بصری؛

۵۔ابن فارس لغوی؛

۶۔عبداللہ بن احمد بن محمد روزبہ ہمدانی؛

۷۔مبرد؛

۸۔ابن معتز؛ وغیرہم۔(۲)

ابن خلکان (۳) کے مطابق ناشی نے ممتاز متکلم شیعہ ابوسہیل اسماعیل بن علی بن نوبخت سے علم حاصل کیا فہرست طوسی میں (۴) ہے کہ ناشی فقہ میں اہل ظاہر کے مسلک پر تھے اور اہل ظاہر ابوسلیمان داؤدی (متوفی ۲۷۰) کے طرفدار تھے ابوسلیمان پہلے وہ شخص ہیں جنہوں نے قیاس کو مسترد کر کے کتاب وسنت کے ظواہر کو سند قرار دیا۔(۵)

ابوسلیمان کا مستقل مذہب تھا ان کے طرف داروں کو ظاہریہ کہا جاتا تھا۔(۶)

نجاشی (۷) نے ناشی کی فقط ایک کتاب امامت کی نشاندہی کی ہے لیکن فہرست طوسی میں ہے کہ انہوں نے بہت سی کتابیں لکھیں، ابن خلکان بھی یہی کہتے ہیں۔

---

۱۔ریاض العلماء (ج۴ص۱۳۷)

۲۔الوافی بالوافیات (ج۲۱ص۲۰۳) لسان المیز ان ج۴ص۲۳۸ (ج۴ص۴۲۷نمبر۵۸۵۰)

۳۔وفیات الاعیان (ج۳ص۵۶۹نمبر۴۶۶)

۴۔الفہرست ص۸۹ (ص۱۷۲)

۵۔فہرست ابن ندیم ص۳۰۳ (۱۷۲)

۶۔وفیات الاعیان ج۱ص۱۹۳ (ج۲ص۲۵۵نمبر۲۲۳)

۷۔رجال نجاشی (ص۲۷۱نمبر۷۰۹)

وافی بالوفیات کے مطابق ان کے اشعار مدون تھے خاندان نبوت کے متعلق ان کے اشعار کا شمار نہیں کیا جا سکتا، ابن شہر آشوب معالم العلماء(۱) میں لکھتے ہیں ناشی ان لوگوں میں ہیں جنہوں نے بے باکانہ خاندان رسولؐ کا دفاع کیا ہے۔

خالع کہتے ہیں کہ ناشی اہلبیتؑ کی امامت کے قائل تھے، بہترین اسلوب کے ساتھ مناظرہ کرتے، اہلبیتؑ کی مدح میں ان کے اشعار بے شمار ہیں ساری عمر مدح اہلبیتؑ میں گذار دی(۲)

اس کے باجود انہوں نے خلیفہ راضی باللہ کی مدح کی ہے، کافور اخشیدی کو دیکھنے مصر تشریف لے گئے اس کی مدح کی، ابن خنزابہ وزیر کی بھی مدح کی اس کے ندیم تھے وہ بریدیین کی مدح کے لئے بصرہ بھی گئے، ابن العمید کی مدح کر کے جان بچی۔

عبدالرحیم کہتے ہیں کہ مجھ سے خالع نے بیان کیا کہ ناشی نے خود مجھ سے کہا کہ ابن رائق مجھے راضی باللہ کے پاس لے گئے میں ابن رائق کا مداح تھا وہ میرا بہت خیال رکھتا تھا جب میں راضی کے سامنے پہونچا اس نے پوچھا تم ہی ناشی رافضی ہو؟

میں نے جواب دیا: میں خادم امیرالمومنینؑ ہوں، شیعہ ہوں۔

پوچھا: شیعوں کے کس فرقہ سے؟

میں نے جواب دیا: شیعہ بنی ہاشم۔ کہنے لگا: یہ بڑا خبیث حیلہ ہے۔

میں نے کہا: لیکن پاکیزہ نسب کے ساتھ ہے۔

کہنے لگا کہ لاؤ کیا کہا ہے۔ میں نے قصیدہ پڑھا تو اس نے دس پارچے خلعت کے اور چار ہزار درہم انعام دیا میں نے شکریہ ادا کیا، میں نے کہا کہ میرا طریقہ ہے کہ طلیسان پہنتا ہوں کہا یہاں طلیسان عدنی ہے حکم دیا کہ ایک طلیسان کے ساتھ خز کا عمامہ بھی دے دو، پھر اس نے کہا کہ بنی ہاشم کے متعلق کچھ اشعار کہے ہوں تو سناؤ، میں نے پڑھا:۔ اے بنی عباس! بنی امیہ نے کینہ وعناد میں تمہارا خون بہایا اس لئے کوئی ہاشمی بنی امیہ کو دوست نہیں رکھ سکتا، نہ اس ذلیل مردملعون ابوزبیل کو دوست رکھ سکتا ہے۔

---

۱۔ معالم العلماء(ص۱۴۸)

۲۔ معجم الادباء(ج۱۳ص۲۸۴۔۲۸۱)

پوچھا: تمہارا ابوزبیل کے ساتھ کیا معاملہ ہے۔

میں نے کہا کہ امیر المومنین خوب جانتے ہیں۔ یہ سن کر راضی مسکرایا اور مجھے جانے کی اجازت دیدی۔

اکثر تذکرہ نگاروں نے لکھا ہے کہ باوجود اہل بیتؑ کی مدح وثنا کے ناشی عوامی مقبولیت رکھتے تھے یہ خود ان کی بلندی منزلت اور سعادت دارین کا ثبوت ہے۔ حموی (۱)، خالع کا بیان نقل کرتے ہیں کہ میں اپنے باپ کے ساتھ ۳۴۶ھ میں محدث کبوذی کی بزم میں حاضر تھا یہ بزم کتاب فروشوں اور زرگروں کے درمیان واقع مسجد میں منعقد ہوئی تھی مجلس بھری ہوئی تھی اچانک ایک مسافر وارد ہوا بدن پر بھری پڑی ردا ڈالے ہوئے، ایک ہاتھ میں کھانے پینے کا سامان اور دوسرے ہاتھ میں نوک دار چھڑی، ابھی گرد راہ نہ جھاڑی تھی کہ بلند آواز سے لوگوں کو سلام کیا اور فرمایا: میں فاطمہ زہراؑ کا پیغامبر ہوں سب نے کہا خوش آمدید اور اس کا احترام و اکرام کر کے بٹھایا اس نے پوچھا مجھے آپ لوگ احمد مزوق نوحہ خواں کا پتہ بتا سکتے ہیں لوگوں نے کہا وہ یہیں بیٹھے ہیں اس نے کہا، میں نے بی بی زہرا علیہا السلام کو خواب میں دیکھا ہے فرمارہی ہیں بغداد جاؤ اور احمد کو ڈھونڈ کر اس سے کہو کہ میرے فرزند حسینؑ پر ناشی کے ان اشعار کے ساتھ نوحہ خوانی کرو:

بنی احمد قلبی لکم یتقطع    بمثل مصابی فیکم لیس یسمع

ناشی وہاں موجود تھے اپنے منہ پر بے تحاشہ طمانچے مارنے لگے، انہیں کے ساتھ مزوق اور دیگر تمام لوگ سر وسینہ پیٹنے لگے، سب سے زیادہ غیر حالت ناشی کی تھی پھر مزوق کی۔

یہ مجلس عزا ظہر تک برپا رہی، لوگوں نے ہر چند کوشش کی کہ وہ شخص کچھ معاوضہ قبول کرلے، وہ انکار کرتا رہا اور بولا: خدا کی قسم! مجھے ساری دنیا بھی دیدی جائے تو قبول نہ کروں گا، میں خاتون قیامت کا پیغامبر ہو کر معاوضہ کیسے لوں۔ بغیر کچھ لئے پلٹ گیا۔

خالع کہتے ہیں کہ اس نوحہ کے دس شعر ہیں، ان میں دو شعر یہ ہیں:

---

۱۔ معجم الادباء (ج ۱۳ ص ۲۹۳۔۲۹۲)

عـجـب لـكـم تفنو نقتلا بسيفكم　　ليبسـطـو عليكم من لكم كان يخفنع
كـان رسـول الله اوصى بقتلكم　　و اجسـامـكـم فـى كل ارض توزع

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ نوحہ کے شروع کے اشعار یہ ہیں:

بـنـى احـمـد قـلبـى لـكـم يتقطع　　بـمثـل مـصـابـى فيـكـم ليـس يسمع
فـما بقعة فى الارض شرقا ومغربا　　وليـس لـكـم فيهـا قتيـل ومـصـرع
ظـلـمتـم وقتـلتـم وقسـم فيـئـكم　　وضـاقـت بـكـم ارض فلم يحم موضع
جسوم على البوغاء ترمى وارؤس　　عـلـى ارؤس ا لـلـدن الـذوابل تـرفع
تـوارون لـم تـأوفـراشـاجنوبكم　　ويسـلـمـنـى طيـب الهـجوع فـاهجع

خالع کا بیان ہے کہ ایک دن بازار سراج میں گیا تو ناشی سے ملاقات ہوئی مجھ سے کہا: میں نے ایک قصیدہ کہا ہے، اسے لکھ دو، میں چاہتا ہوں یہ قصیدہ تمہارے ہی ہاتھوں لکھا جائے۔

میں نے تعمیل حکم کر دیا اور گھر واپس آ کر سو گیا، خواب میں ابوالقسم شطرنجی نوحہ خواں کو دیکھا مجھ سے فرمارہے ہیں کہ ذرا ناشی کا مرثیہ بائیہ لکھ دو میں اسے روضہ حسینؑ میں پڑھوں گا یہ صاحب زیارت حسینؑ سے واپس آتے ہوئے راستے میں انتقال فرما گئے تھے میں اٹھ گیا اور ناشی سے سارا واقعہ بیان کیا کہ اپنا مرثیہ بائیہ دیدو پوچھا تم نے کیسے جانا کہ میں نے مرثیہ بائیہ کہا ہے میں نے تو ابھی تک کسی کو نہیں دیا ہے میں نے سارا خواب بیان کر دیا وہ رونے لگے اور کہا ہاں اسے لکھنے کا وقت آ گیا ہے۔

میں نے وہ مرثیہ لکھ ڈالا، جس کے چند اشعار یہ ہیں:

رجـائـى بـعيد والممات قريب　　يـخـطـى ظنى والمنون تصيب (۱)
انـاس عـلوا اعلى المعالى من العلا　　فـليـس لهم فى الفاضلين ضريب
اذاانتسبوا اجازوا التناهى لمجدهم　　فـمـا لهـم فـى الـعـالمين نسيب
هـم البـحـر اضـحـى دره وعبابه　　فـليـس لـه مـن مـنتـفيـه رسوب

---

۱۔معجم الادباء (ج ۱۳ص ۲۸۲)

تسیر بہ فلک النجاۃ وماؤھا لشرابہ عذب المزاق شروب
ھو البحر یغنی من عدا فی جوارہ وساحلہ سھل المجال رحیب
ھم سبب بین العباد وربھم محبھم فی الحشر لیس یخیب

علامہ سماوی نے ناشی کے مدح اہل بیتؑ سے متعلق تین سو اشعار جمع کئے ہیں۔

## ولادت اور وفات

حموی نے معجم الادباء (۱) میں خالع کا بیان نقل کیا ہے کہ خود مجھ سے ناشی نے بیان کیا کہ میری پیدائش ۲۷۱ھ میں ہوئی اور میں شہر میں تھا کہ دوشنبہ کے دن پانچ صفر ۳۶۵ھ کو انتقال کیا، ابن بقیہ کا خط ابن عمید کے نام آیا جس میں ناشی کے مرنے کی خبر تھی کہا گیا کہ ابن بقیہ اپنے وزیر اور ارکان دولت کے ساتھ پا پیادہ جنازہ کی مشایعت کو نکلا اور مقابر قریش میں ان کو دفن کیا گیا ان کا مزار آج بھی معروف ہے ناشی ان لوگوں میں ہیں جن کی قبر ۴۴۳ھ میں کھود کر ہڈیاں نکالی گئیں اور جلا کر راکھ کر دی گئیں۔ ابن شہر آشوب معالم العلماء میں لکھتے ہیں کہ ان کو جلا دیا گیا ظاہر مفہوم تو یہی معلوم ہوتا ہے کہ انہیں زندہ جلا کر شہید کیا گیا واللہ اعلم۔ (۲)

یہاں دوسرے اقوال بھی ہیں جو قرین صحت نہیں، یافعی (۳) نے تاریخ وفات ۳۴۲ھ لکھی ہے، ابن خلکان (۴) ۳۶۰ھ اور ابن اثیر (۵) ۳۶۶ھ لکھتے ہیں:

انہیں کی تائید ابن حجر (۶) نے نجار کے حوالہ سے کی ہے، علاء الدین بہائی نے بھی مطالع البدور (۷) میں اسکو دہرا کر ان کا شعر لکھا ہے۔

---

۱۔ معجم الادباء (ج ۱۳ ص ۲۸۲)
۲۔ معالم العلمائص ۱۳۶ (ص ۱۴۸) ۳۔ مرآۃ الجنان ج ۲ ص ۲۳۵
۴۔ وفیات الاعیان (ج ۳ ص ۳۲۷۱ نمبر ۴۶۶) ۵۔ تاریخ کامل (ج ۵ ص ۴۲۶، حوادث ۳۶۶)
۶۔ لسان المیزان (ج ۴ ص ۲۷۵ نمبر ۵۸۵) ۷۔ مطالع البدور، ج ۱، ص ۲۵

لیس الحجاب بآلة الاشراف　　ان الحجاب المجانب الانصاف

ولقل مایاتی قیحجب مرة　　فیعود ثانیة بقلب صاف

ثعالبی(۱) لکھتے ہیں کہ ناشی بالکل ناصبیوں کی طرح سیاہ فام تھے چنانچہ چار شعر مشہور ہیں:

یا خلیلی وصاحبی من لوئیّ بن غالب　　حاکم الحب جائر موجب غیر واجب

لک صدغ کا نما لونه وجه ناصبی　　یلدغ الناس اذا التعقرب لدغ العقارب

تنقیح المقال(۲) میں تذکرہ ناشی کے سلسلہ میں حیرتناک اشتباہ دیکھنے کو ملتا ہے، انہوں نے لکھ دیا ہے کہ بظاہر یہ ناشی وہی عبداللہ بن وصیف بن عبداللہ ہاشمی ہیں جنہوں نے عیون الاخبار میں امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے بعض امامت علی رضا علیہ السلام کی روایت کی ہے۔

## مصادر حالات

| | |
|---|---|
| مطالع البدور | فہرست شیخ طوسی |
| جامع الروایات | معالم العلماء |
| تلخیص الاقوال | رجال ابن داؤد |
| منتہی المقال | رجال نجاشی |
| نسمۃ السحر | یتیمۃ الدہر |
| الطلیعۃ | ہدیۃ الاحباب |
| امل الآمال. | خلاصۃ الرجال |
| خاتمۃ الوسائل | نقد الرجال |
| ریاض العلماء | کامل ابن اثیر |

---

۱۔ثمار القلوب ص۱۳۶

۲۔تنقیح المقال ج۲،ص۳۱۳

ملخص المقال
الحفون النسیعہ
الشیعہ وفنون الاسلام
شہد الفضیلۃ
تلخیص المقال
تاسیس الشیعہ
روضات الجنات
الوافی بالوافیات
شذرات الذہب
مجالس المومنین
لسان المیزان
تنقیح المقال
انساب السمعانی
وفیات الاعیان
معجم الادباء
میزان الاعتدال
وفیات الاعلام

## بشنوی کردی

وفات ۳۸۰ھ

**وقد شهد واعید"الغدیر"واسمعوا مقال رسول اللہ من غیر کتمان**

''یقیناً انہوں نے بروز غدیر خم بچشم خود دیکھا اور ارشاد رسول کو واضح طور سے سنا تھا کیا میں تمام لوگوں کے مقابل تم پر صاحب اختیار نہیں ہوں، سب نے کہا تھا ہاں، آپ تمام جن وانس میں سب سے افضل۔

پھر آپ خطبہ دینے کے لئے کجاوں کے منبر پر کھڑے ہوئے بلند آواز سے حیدر کا اعلان فرمایا اور تمام لوگ منھ میں زبان لئے سر جھکائے ہوئے تھے کچھ سامنے اور کچھ پس پشت۔علیؑ لبیک کہتے ہوئے سامنے آئے آپ کا چہرہ یوں دمک رہا تھا جیسے سرد کی اوٹ میں چاند، رسول خداؐ نے خوش آمدید کہتے ہوئے اپنے پاس جگہ دی، ہاں وہ پاک مرد شبیہ مصطفی ہوگیا علی کا بازو پکڑ کر بلند کیا اور آپ کی آواز نزدیک ودور پہنچ رہی تھی۔

علیؑ میرا بھائی ہے میرے اور اس کے درمیان علیحدگی نہیں ہوسکتی، اس کی نسبت مجھ سے وہی ہے جو ہارون کی موسیٰ کلیم اللہ سے تھی، یہ میرا وارث علم اور امت پر میرا جانشین ہے زندگی کی آخری سانسوں تک ۔پس اے میرے پروردگا! جو علیؑ کو دوست رکھے اسے دوست رکھ جو دشمن رکھے تو بھی اسے دشمن رکھ جو اس سے عداوت رکھے تو اس سے غضب ناک ہو''۔

ایک دوسرا قصیدہ یہ ہے:

''کیا میں وہ محکم بات اور مشہور حدیث بیان کردوں کہ جو بروز غدیر احمد مصطفیؐ نے لوگوں کو خطاب

کرتے ہوئی فرمائی: کیا میں تمہارا مولانہیں ہوں؟علیؑ بھی میری طرح تمہارا مولا ہےاب اسے دوست رکھومیں نے واجبی بات تم تک پہنچادی''۔

یہ اشعار بھی بشنوی کے ہیں:

''غدیر کا دن دوستان علیؑ کے لئے عید کا دن ہے اور ناصبی اس کی عظمت کے منکر ہیں، جس دن دوپہر کے وقت بعنوان عہد معبود جشن منایا گیا تھا۔

اگر نافرمان لوگ حکم مانیں اور حاسدوں کی فساد انگیزی ختم ہو جائے تو زمین کا یہ جشن آسمانی جشن کے مانند ہوگا''۔

## شاعر کے حالات:

ابوعبداللہ حسین بن داؤد کردی بشنوی......۔ابن شہرآشوب لکھتے ہیں کہ یہ برملا مدح اہل بیتؑ فرمایا کرتے تھے اور ولایت کی باتیں سنایا کرتے تھے۔(۱) ان کے بے شمار اشعار اس بات کا ثبوت ہیں، مناقب شہرابن آشوب (۲) میں جابجا ان کے اشعار بکھرے ہوئے ہیں، اس طرح کہا جاتا ہے کہ وہ فصاحت وبلاغت کے علمدار اور امامیہ شاعر تھے۔

ولایت کے متعلق ان کے بعض اشعار یہ ہیں:

''خدا کی قسم رسول مختارؐ کے بعد میں نے بارہ اماموں کا دامن تھام لیا ہے میں نے اپنی زندگی اس خانوادے کے لئے وقف کردی ہے قریش کے دینی سردار یہی ہیں''۔

ان کا یہ شعر بھی ہے:

''اے وہ شخص! جس نے نادانی میں منصب خلافت کو ابوالحسنؑ سے چھین لیا دروازۂ شہر کو جاہلوں کے لئے کھول دیا، ایسا ہرگز نہیں ہوسکتا، وہ بھی ایسے شہر علم جن کی طرف طالبان علم کی آمد ہے ہاں اس طرف دانشوروں کو توجہ کرنا ضروری ہے، وہ دنیا کے سید وسردار ہیں خدا نے جبریل کی زبانی یہ حکم پہنچایا''۔

---

۱۔معالم العلماء (ص۱۴۹)　　۲۔مناقب آل ابی طالب (ج۱ص۳۸۰، اعیان الشیعہ ج۶ ص۱۱)

ان کا یہ شعر بھی ہے:

''ایک نالائق اور کمتر کو آگے بڑھا کر خیانت کی گئی، میں کمتر کو ترجیح دے کر اپنے خدا سے خیانت نہیں کروں گا''۔

آگے ان کے دوسرے اشعار بھی پیش کئے جائیں گے جن سے معلوم ہوگا کہ وہ مخلصانہ طریقہ پر صرف ائمہ معصومینؑ کی سرداری کے قائل تھے اس طرح انہیں شاعر اہل بیتؑ کہا جا سکتا ہے حالانکہ لوگ انہیں شاعر بنی مروان کہتے ہیں۔(۱)

اس لئے کہ وہ دیار بکر کے سلاطین کے درباری شاعر تھے، ان کا مورث اعلیٰ ابوعلی بن مروان تھا۔

وہ اپنے اماموں کے بعض علاقوں پر قبضہ کر بیٹھا تھا پھر اس کے بھائی ممہد الدولہ کے قتل ہونے کے بعد حکومت پر قابض ہوگیا، اس کا دوسرا بھائی ابونصر تھا جسکی مدت سلطنت ۴۲۰ھ سے ۴۵۳ھ تک ہے اس نے مرنے کے بعد دو بیٹے چھوڑے ایک نصر جو میا نارقین کا حکمراں ہوا اور ۴۵۳ھ میں اس کا جانشین اس کا بیٹا منصور ہوا دوسرا سعید نامی تھا جو آمد پر قابض ہوگیا۔ بشنوی قلعۂ فنسک میں سکونت پذیر کرد بشنوی سے تعلق رکھتے تھے، انہوں نے لوگوں کو ابھارا کہ بنی مروان کے ماموں باذ کردی کی حمایت کریں یہ واقعہ ۳۸۰ھ سے ۳۷۹ھ میں ابوطاہر اور حسین (حمدان کے بیٹے) جب موصل کے شہروں پر قابض ہو گئے انہوں نے ایک قصیدہ بھی کہا تھا:

البنویۃ انصار لدولتکم — ولیس فی ذا خفا فی العجم والعرب

اس بنیاد پر صاحب اعیان الشیعہ (۲) کی تحریر کردہ بشنوی کی تاریخ ۳۷۰ھ صحیح نہیں رہ جاتی ہے، کیونکہ بشنوی ۳۷۹ھ کے اس واقعہ کے بعد بھی دس سال تک زندہ رہے ہیں۔

بشنوی کی تصانیف معالم العلماء (۳) کے مطابق کتاب الدلائل اور رسائل بشنویہ ہیں، ابن اثیر

---

۱۔ تاریخ کامل، ج ۹، ص ۲۴ (ج ۵ ص ۳۸۳، حوادث ۳۸۰)

۲۔ اعیان الشیعہ ج ۱ (ص ۳۸۷ ج ۶ ص ۱۱)

۳۔ معالم العلماء (ص ۱۴۲ نمبر ۲۶۸

نے ایک مشہور دیوان کی نشاندہی بھی کی ہے(۱)

عراق کے مشرقی دجلہ کے علاقہ میں کردوں کے بہت سے قبیلے اور گروہ آباد ہیں اور ان کے قلعہ اور شہر ہیں جو موصل اور اربل کے علاقہ سے متصل ہیں انہیں قبیلوں میں سے ایک بشنوی کا قبیلہ ہے جس کی فرد بشنوی تھے یہ گروہ موصل کے بالائی حصہ میں جزیرہ ابن عمر کے قریب آباد تھا، لگ بھگ دو فرسخ کے فاصلے پر یہ اپنے گروہ میں تعصب کے حامل ہیں ان کے قلعوں کے نام یہ ہیں:

قلعہ برقہ، بختیہ، ہکاریہ، جلانیہ، وواد یہ، شوانکاریہ، حمیدیہ، ہذبانیہ، حکمیہ

ان کے علاوہ:

مارانیہ، یعقوبیہ، جوزقانیہ، سورانیہ، کورانیہ، عمادیہ، محمودیہ، جوبیہ، مہرانیہ، جاوانیہ، رضائیہ، سروجیہ، ہارونیہ، ریہ وغیرہ بے شمار قبیلہ ہیں۔

## نمونہ کلام

خیر الوصیین من خیر البیوت ومن   خیر القبائل معصوم من الزلل

اذانظرت الی وجہ الوصی فقد   عبدت ربک فی قول وفی عمل

''حضرت علیؑ اوصیاء میں سب سے بہتر تھے سب سے بہتر گھر والے اور قبیلہ والے تھے، وہ تمام لغزشوں سے معصوم تھے جب تم نے وصی کے چہرے کی طرف نظر کی تو گویا قول و عمل میں خدا کی عبادت کی''۔

دوسرے شعر میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے کہ رسول نے فرمایا''**النظر الی وجہ علی عبادہ**''۔

محبّ طبری نے ریاض(۲) میں اس کی روایت ابوبکر، عبد اللہ بن مسعود، عمرو عاص، اور عمران

---

۱۔اللباب، ج۱ص۱۲۷

۲۔الریاض النضرۃ، ج۲،ص۲۱۹ (ج۳،ص۱۷۲)

بن حصین کے علاوہ دوسرے سے کی ہے، گنجی نے کفایہ(۱) میں ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ حسین ترین سند کا حامل کہا ہے، اس کی روایت حلیہ نعیم (۲) معجم طبرانی (۳) میں کی ہے یہ حدیث حسن، عالی، جلیل، غریب اور دوسرے طریقے سے عالی اور سیاق اعتبار سے حسن ہے۔

دوسرے طریقے سے معاذ بن جنبل سے روایت کی ہے۔(۴) حافظ دمشقی (۵) نے ابوبکر، عمر، عثمان، جابر، ثوبان، عائشہ، عمران حصین، ابوذر سے روایت کی ہے، حدیث ابوذر کے الفاظ میں ''**مثل علی فیک او قال فی هذه الامة کمثل الکعبة المستورة النظر الیها عبادة والحج الیها فریضة** اس کی روایت حضرت علی علیہ السلام سے بھی کی گئی ہے۔(۶)

بشنوی کے یہ اشعار بھی ہیں:

**ولست ابالی بای البلاد　　　قضی الله نحبی اذا ما قضه**

''مجھے کوئی پرواہ نہیں خدا مجھے کس خط زمین پر فرمان موت دے گا، نہ یہ کہ کس خط زمین پر قبر بنے گی کیونکہ میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی خدا نہیں اور اس کا فرمان حق ہے، اور محمد مصطفیؐ اس کے رسولؐ اور علیؑ رسول خداؐ کے بھائی ہیں اور بنت رسولؐ فاطمہؑ تمام رجس سے پاک ہیں، محمد وہی رسول ہیں جنہوں نے دین حق کی ہمیں رہنمائی کی ان کے دونوں باعظمت فرزند بھی ہمارے سردار ہیں خوشا بحال اس کا جوان دونوں سرداروں کا غلام ہوگا''۔

**یا ناصبی بکل جهدک فاجهد　　　انی علقت بحب آل محمد**

اے ناصبی! (مجھ سے جھگڑنے والے) اپنی پوری طاقت سے میرے سامنے آ کیونکہ میں دوستی آل

---

۱۔کفایۃ الطالب، ص۶۴، ۶۵ (۱۵۸، ۱۵۶، باب۳۴)

۲۔حلیۃ الاولیاء (ج۵ص۵۸، نمبر۲۹۵)

۳۔معجم الکبیر (ج۱۰ص۷۶، حدیث۱۰۰۰۶)

۴۔کفایہ الطالب ص۶۶ (ص۱۶۱ باب۳۴)

۵۔تاریخ ابن عساکر حالات حضرت علی (نمبر۹۱۱۔۸۹۴) (مختصر تاریخ ابن عساکر، ج۱۸ص۸۔۷)

۶۔کفایۃ الطالب ص۱۲۴ (۲۵۲۔باب۶۲)

محمدؐ سے سرشار ہوں آل محمدؐ پاک و پاکیزہ، صاحبان ہدایت ہیں وہ خود پاک ہیں اور ان کا مولا بھی پاک و پاکیزہ ہے میں ان سے دوستی کا دم بھرتا ہوں، ان کے دشمنوں سے بیزار ہوں، اے نطفہ ناتحقیق تو میری جس قدر بھی چاہے ملامت کر معتبر حدیث کے مطابق آل محمدؐ ستاروں کی طرح امان اور وہ کشتی نجات ہیں''۔

اس طرح پانچ شعروں میں سقیفہ کی بڑی چھتاڑ مچائی ہے، پھر چار شعروں میں ﴿**اجعلتم سقایہ الحاج**﴾ کی تفسیر کے طور پر فضیلت علیؑ کا گوشہ نکالا ہے۔ دو شعروں میں حدیث ''**مدینۃ العلم**'' اور آخرت میں قسیم النار والجنۃ کہا۔ دو شعروں میں خاصف النعل اور علم وقضا وخضوع علیؑ کا تذکرہ کیا ہے۔

تین شعروں میں صدیقہ طاہرہؑ کی مدح کی ہے:

''جب وہ میدان محشر میں آئیں گی تو لوگوں کو حکم ہوگا کہ اپنی آنکھیں بند کرلو، ان کے دشمنوں کے چہرے سیاہ اور ارباب حق کے چہرے اجلے ہوں گے''۔

دو شعروں میں صادق آل محمدؐ کی مدح کی ہے:

''آپ سلیل ائمہ تھے جو اپنے جد کے مسلک پر باوقار طریقے سے چلے اگر ہمیں درماندہ کرنے والی مشکلیں آئیں تو اس کے بھید کو دلیل و برہان سے واضح کرنے والے ہیں''۔

# صاحب بن عبادہ

ولادت ۳۲۶

وفات ۳۸۵

**قالت :فمن صاحب الدین الحنیف اجب؟     فقلت : احمد خیر السادۃ الرسل**

''پوچھا: صاحب دین حنیف کون ہے جواب دو؟ میں نے کہا: احمدؐ جو بہترین سردار پیغمبران تھے۔

پوچھا: پھران کے بعد کون ہے جس کے لئے ولائے خالص سزاوار ہے؟ میں نے کہا: ان کا وصی جس کے خیمہ زحل پر نصب ہیں۔

پوچھا: کون تھا جو جان فدا کر کے ان کے بستر پر سویا؟ میں نے جواب دیا: جس نے طوفان حوادث میں بھی ذرا جنبش نہ کی۔

پوچھا: کس کے لئے رسولخداؐ نے برادری اشتیاق کا مظاہرہ کیا؟ میں نے کہا: وہی جس کے لئے وقت عصر ڈوبتا سورج پلٹا۔

پوچھا: کس کے ساتھ فاطمہ زہراؑ کی تزویج ہوئی؟ میں نے کہا: اس کے ساتھ جو پابرہنہ اور کفش پوشوں میں سب سے بہتر تھا۔

پوچھا: دونوں فرزندان رسولؐ کا والد کون ہے؟ میں نے کہا: وہی جو میزان فضیلت میں سب پر بازی لے گیا۔

پوچھا: جنگ بدر کا بلند ترین افتخار کس کے نصیب میں آیا؟ میں نے کہا: وہی جس نے سب سے زیادہ دشمنوں کی سرکوبی کی۔

پوچھا: جنگ احزاب کا بہادر شیر کون تھا؟ میں نے کہا: جو عمرو جیسے بہادر نر کا قاتل ہے۔

پوچھا: جنگ حنین میں کس نے کانٹ چھانٹ اور چھاڑ مچائی؟ میں نے کہا: جس نے مشرکین کو تیزی سے دور ہنکا دیا۔

پوچھا: کس کو مرغ بریاں کھانے کے لئے بلایا گیا؟ میں نے کہا: جو خدا اور رسول کے نزدیک محبوب ومقرب تھا۔

پوچھا: کون سایۂ عبا میں رسول کے شانہ بشانہ تھا جواب دو۔ میں نے کہا: وہی جو گلیم پوشوں اور خز پوشوں میں سب سے بہتر تھا۔

پوچھا: غدیر کے دن کس کو سردار بنایا گیا؟ جواب دو۔ میں نے کہا: جو اسلام کے لئے سب سے بہتر ولی تھا۔

پوچھا: کس کے شرف و بزرگی کے لئے سورہ ھل اتی نازل ہوا؟ میں نے کہا: خیرات کرنے والے روی زمین پر سب سے بہتر کے لئے۔

پوچھا: کس نے حالت رکوع میں انگوٹھی کی زکوۃ دی، میں نے کہا اس ہاتھ نے جو سینہ دشمن پر سب سے محکم نیزہ بازی کرنے والا تھا۔

پوچھا: کون جہنم کو تقسیم کرنے والا ہے؟ میں نے کہا: جس کی رائے بھڑکتے شعلوں سے زیادہ صاف تھی۔

پوچھا: رسول خداؐ مباہلہ میں کس کو ہمراہ لائے؟ میں نے کہا: جو رسول خداؐ کے سفر وحضر میں برابر ساتھ رہا۔

پوچھا: پھر کون شبیہ ہارون تھا ہم بھی تو جانیں؟ میں نے کہا: جو فتنہ وآشوب میں نہ ڈگمگایا نہ ڈوبا۔

پوچھا: اچھا بتاؤ شہر علم کا دروازہ کون تھا؟ میں نے کہا: جس سے لوگوں نے پوچھا اور اس نے کسی سے نہ پوچھا۔

پوچھا: پھر بیعت توڑنے والے کو کس نے قتل کیا؟ میں نے کہا: اس کی تفسیر واقعہ جمل ہے۔

پوچھا: حد سے تجاوز کرنے والے گندے ان لوگوں ( قاسطین ) سے کس نے جنگ کی؟ میں نے کہا: جنگ صفین اس حقیقت کو واضح کرنے والی ہے۔

پوچھا: دین سے نکل جانے والوں ( مارقین ) کے سر پر تلوار کس نے چلائی؟ میں نے کہا: اس کا مفہوم نہروان میں پوری طرح واضح ہوگیا۔

پوچھا: کون حوض کوثر کا مالک ہوگا؟ میں نے کہا: جس کا خاندان سب سے شریف ترین ہے۔

پوچھا: لواء احمد کس کے ہاتھ میں ہوگا؟ میں نے کہا: وہی جو کبھی جنگ سے ہراساں نہ ہوا۔

پوچھا: کیا یہ تمام چیزیں ایک ہی شخص میں جمع تھیں؟ میں نے کہا: ہاں! یہ تمام چیزیں ایک ہی شخص میں جمع تھیں۔

پوچھا: پھر وہ کون تھا ذرا مجھے اس کا نام بتاؤ؟ میں نے کہا: وہ ذات امیر المومنین علی علیہ السلام کی تھی''۔

**ان کا ایک اور قصیدہ ہے:**

**یا کفو بنت محمد لو لاک ما　　زفت الی بشر مدی الاحقاب**

''اے دختر محمدؐ کے کفو! اگر آپ کی بلند ذات نہ ہوتی تو وہ کبھی اپنے شوہر کے گھر نہ جاسکتیں۔

اے اصل خاندان احمد اگر آپ نہ ہوتے تو محمد مصطفیٰؐ کی نسل ہی نہ چلتی رسول خداؐ جو شہر علم اور تمام کمالات سے آراستہ تھے، آپ ان کے بہترین دروازہ تھے۔

آپ کے لئے سورج پلٹا اور یہ بہترین فضیلت ہے جسے چھپایا نہیں جاسکتا۔

میں نے ان باتوں کی حکایت نہیں کی جن کی حکایت ناصبی کرتے ہیں اس لئے کہ میں ان کے جان و مال کو حلال سمجھتا ہوں۔

اے رسولؐ کے شانہ بشانہ رہنے والے اور ان کے شریک کار! آپ نے ایسے ابدآثار کارہائے نمایاں کئے کہ سب حیرت ناک ہیں۔

ان لوگوں نے صفت ابوتراب سے آپ کی توہین کرنی چاہی لیکن ایک مٹھی خاک کے بدلے اپنی

شریعت بیچ دی تم نہیں جانتے کہ رسول کا جانشین وہی ہے جس نے حالت نماز میں زکوٰۃ دی، تم نہیں جانتے کہ وصی وہی ہے جس کا ان کا یہ بھی قصیدہ ہے غدیر میں اصحاب کو حکم دیا گیا۔

انہوں نے کہا علیؑ کو بلندی ملی، میں نے کہا نہیں بلکہ بلندیاں علیؑ سے بلند ہوئیں۔

لیکن میں تو وہی کہتا ہو جو نبیؐ نے کہا جب کے تمام لوگ جمع تھے۔

آ گاہ ہو جاؤ جس کا میں مولا ہوں اسکے علیؑ مولا ہیں، اگر اسے نہ مانو تو سب بیکار....''۔

**ایک اور قصیدہ یہ ہے:**

**وکم دعوة للمصطفی فیه حققت        واٰمال من عادی الوصی خوائب**

''اور محمد مصطفیؐ کی کتنی دعائیں علیؑ کے بارے میں پوری ہوئیں اور جو لوگ علیؑ سے دشمنی وعناد رکھتے تھے ان کی آرزوئیں ناکامی سے دچار ہوئیں۔

رسولؐ نے ان کی دکھتی آنکھوں کو دعا کے ذریعے شفا دی جب کہ جنگ خیبر میں باد مخالف چل رہی تھی ہمیشہ کے لئے گرمی سردی کی اذیت سے چھٹکارا مل گیا اور یہ دعا انتہائی حیرت ناک ہے۔

اور کس دن کاموں کو مقصد ومراد سے ہم آہنگ نہیں کیا جب کہ پرتو خورشید آسمان ولایت پر درخشاں تھا کیا فاطمہ زہراؑ کی شادی کے وقت جب کہ رسولخداؐ نے فاطمہؑ کو علیؑ کے حوالہ کیا حالانکہ بہت سے لوگ اس کے طلبگار تھے۔

یا اسوقت جب مرغ بریاں کے وقت رسولؐ نے دعا کی اور وہ پوری ہوئی حالانکہ اس سے قبل احمق ملازم (انس) نے آپ کو واپس کر دیا تھا۔

یا مباہلے کے دن جب رسول خداؐ نے علیؑ کی قدر ومنزلت کو بیان کیا اگر سوچا جائے تو یہ بلند ترین منزلت ہے اور غدیر کے دن جب آپ کا ذکر بلند کیا اور آنے والوں اور جانے والوں نے رسولؐ کی وصیت سنی۔

اے دین خدا کے یعسوب۔ اے شریک نبوت، اے وہ جس کی محبت خدا کی طرف سے فرض قرار دی گئی ہے۔

آپ کا مرتبہ ومقام ستاروں سے بھی بلند وآشکار ہے اور آپ کی عظمت ستارہ سماء کی نگراں، اور آپ کی شمشیر دشمنوں کی گردن میں ایسا گلوبند ہے کہ ماہر لوہار بھی باندھ نہیں سکتا''۔

## شاعر کے حالات

صاحب کافی الکفاۃ ابو القاسم اسماعیل بن ابو الحسن عباد بن عباس بن عباد بن احمد بن ادریس طالقانی۔

کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ قادر الکلام شاعر وادیب کی شخصیت کا تجزیہ کرتے وقت تاریخ وتذکرہ کی مسلمہ شخصیتیں اپنی وقعت وعظمت کے باوصف تذکرہ نگاروں کو لکنت سے دوچار کردیتی ہیں، زبانیں خشک ہونے لگتی ہیں، انہیں عظیم وو قیع شخصیتوں میں صاحب بن عباد بھی ہیں، ان کی بلندی وکرامت کا آسانی سے احاطہ نہیں کیا جاسکتا بلکہ زندگی وشخصیت کے مختلف رخوں کا الگ الگ تجزیہ کرنا پڑتا ہے، کبھی ان کا علم وفن، کبھی ادب وانشائیہ نگاری، کبھی سیاست وتدبر، کبھی اصیل نجابت وعظمت، اس طرح ان کے بے اندازہ شاداب فضائل کی کچھ احاطہ بندی ہوسکتی ہے ان کی معنوی وروحانی عظمت کا بھی اندازہ نہیں لگایا جاسکتا، تذکرہ نگاروں نے ان کے خصائل پسندیدہ کا تھوڑا بلکہ دریا سے قطرہ ہی پر قناعت کیا ہے ۔صاحب کی عظمت وشخصیت تمام معاشرتی میدانوں میں ممتاز ہے لیکن تاریخ نویسوں نے اشارتی حیثیت پر اکتفا کی ہے ان کے تذکرہ کا قدیم ترین ماخذ ثعالبی کی یتیمۃ الدھر ہے جس میں ان کے ۹۱ صفحات مختص کئے گئے ہیں۔(۱) ان کے علاوہ جن لوگوں نے صاحب کے حالات پر کتابیں لکھی ہیں ان کے نام یہ ہیں اور یہی ہمارے ماخذ بھی ہیں۔

۱۔مہذب الدین محمد بن علی حلی مزیدی (ابوطالب نجیمی) الدیوان المعمور فی مدح الصاحب المذکور

۲۔شیخ محمد بن علی بن شیخ ابی طالب زاھدی۔

۳۔سید ابو القاسم احمد بن محمد حسنی حسینی اصفہانی۔رسالۃ الارشاد فی احوال الصاحب بن عباد۔

---

۱۔یتیمۃ الدھر، ج ۳، ص ۳۳۷۔۲۲۵

۴۔استاد خلیل مردم بک

صاحب بن عباد اصطخر یا طالقان کے ایک گاؤں میں ۱۶ ذی قعدہ ۳۲۶ھ میں پیدا ہوئے ابتدائی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی پھر ابن عمید، احمد بن فارس لغوی وعباس بن محمود نحوی عرام، ابوسعید سیرافی، ابوبکر بن مقسم، قاضی ابوبکر احمد بن کامل، عبداللہ بن جعفر فارس وغیرہ سے ادب وقواعد وحدیث کا درس حاصل کیا۔

سمعانی لکھتے ہیں کہ انہوں نے مشائخ اصفہان سے علم حدیث حاصل کر کے دوسروں کو درس دیا حصول علم حدیث کی طرف لوگوں کو متوجہ کیا، ابن مردویہ نے صاحب کی زبانی نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں جس نے علم حدیث حاصل نہ کیا اس نے شیرینی اسلام کا احساس نہ کیا۔(۱)

جب وہ مجلس درس میں حدیث لکھواتے تو بہت بڑا اجتماع ہو جاتا تھا بلند آواز کے ساتھ لوگ اعلانیہ کے طور پر مجلس کے آخری لوگوں تک آواز پہونچاتے تھے اسی وجہ سے زیادہ تر محدثین نے ان سے استماع حدیث کیا ہے جیسے قاضی عبد الجبار، شیخ عبدالقاہر جرجانی، ابوبکر بن مقری، قاضی ابو الطیب الطبری، ابوبکر ذکوانی جو اساطین حدیث مشہور ہیں۔ان کی ادبی وعلمی مہارت اس مرتبہ پر تھی کہ شیخ بہائی نے رسالہ غسل الیدین میں انہیں علماء شیعہ میں شمار کیا ہے صاحب کا نام کلینیؒ، شیخ صدوقؒ، مفیدؒ وطوسیؒ کے ساتھ لیا جاتا ہے مجلسی اولؒ انہیں افقہ الفقہاء اور شیخ حر عاملی (۲) انہیں محقق ومعلم والا مقام کے لقب سے یاد کرتے ہیں دوسری طرف ثعلبی فقہ اللغت میں انہیں لیث وخلیل وسیبویہ خلف احمرم بن دریدہ وغیرہ کی طرح صاحب ومورد اعتماد امام تصور کرتے ہیں اسی لئے انباری (۳) نے انہیں علماء لغت میں شمار کیا ہے علامہ مجلسی نے تو انہیں لغت وعروض میں علماء شیعہ کا سرخیل کہا ہے (۴)

ابن جوزی لکھتے ہیں وہ علماء وادباء کے درمیان باہم تعلقات استوار فرماتے تھے اور فرماتے تھے

---

۱۔الانساب (ج۴، ص۳۰)

۲۔امل الآمل (ج۲ص۳۴، نمبر ۹۶)

۳۔نزہۃ الالباء فی طبقات الادباء والنحاۃ (ص۳۲۵، نمبر ۹۱۲۸)    ۴۔بحار الانوار (ج۱، ص۴۲)

کہ میں دن میں بادشاہ ہوں اور رات کے وقت بھائی ہوں (۱) محدثین سے حاصل کرتے اور دوسروں کو حدیث لکھواتے، ابوالحسن علی بن محمد طبری معروف بہ کیان ے یزید بن صالح حنفی کا بیان نقل کیا ہے کہ وہ حدیث لکھواتے وقت وزارت کا کام بھی انجام دیتے رہتے تھے ایک کشادیہ عبا اور تحت الحنک باندھے بزم علم وادب سے برآمد ہوئے فرمایا کیا تم لوگ میرا یہ لباس اور علمی سبقت قبول کرتے ہو؟ سب نے اعتراف کیا پھر فرمایا میں عہدہ وزارت میں مشغول ہوں لیکن بچپن سے آج تک صرف ذاتی دولت خرچ کی ہے، وہ صرف میرے باپ دادا کا ہی مال تھا اس کے باوجود میں دعویٰ نہیں کرتا کہ میں نے کسی کا حق مارا، میرا خدا ہے اور میں ہوں میں اسے گواہ بناتا ہوں اور اس کی مغفرت کا طلبگار رہوں پھر ایک گھر بنام خانہ توبہ منتخب فرما کہ ایک ہفتہ اسمیں اعتکاف فرمایا اس کے بعد فقہاء کے دستخط سے صداقت وصحت توبہ کا مختصر تیار کرنے کے بعد دوبارہ مسند حدیث پر بیٹھے اور اتنے تشنگان علم جمع ہو گئے۔

کہ ایک بلند گو کافی نہ تھا چھ بلند گو متعین کئے گئے جو آخر تک لوگوں تک تقریر کو پہنچاتے تھے آپ نے معمول بنالیا تھا کہ ہر سال پانچ ہزار دینار بغداد کے فقہاء اور ادباء کو تقسیم کرنے کے لئے ارسال کرتے، حقوق الٰہی کے اجراء میں لوگوں کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔

اکثر ممتاز ارباب علم وادب نے آپ کی عظمت اور نبوغ علمی کا اعتراف کر کے اپنی تالیفات کو ان کی بارگاہ میں ممنون کیا ہے ان میں اہم نام یہ ہیں:

۱۔ شیخ صدوق ابوجعفر قمی
۲۔ حسین بن علی بن حسین بن موسیٰ بن بابویہ قمی
۳۔ شیخ حسن بن محمد قمی
۴۔ ابوالحسن احمد بن فارس
۵۔ قاضی عبدالعزیز جرجانی
۷۔ ابوجعفر احمد بن سلیمان

---

۱۔ المنتظم، ج۷، ص۱۸۰ (ج۴ص۳۷۶، نمبر ۲۹۱۱)

## تالیفات صاحب بن عباد

ان کے ابدآ ثار تالیفات مندرجہ ذیل ہیں: (۱)

۱۔کتاب خدا کے اسماء وصفات

۲۔نہج السبیل دراصول

۳۔الامامۃ؛امیرالمومنینؑ کی تفصیل کے متعلق

۴۔وقف وابتدا

۵۔المحیط (دس جلد)

۶۔زیدیہ

۷۔المعارف

۸۔الوزراء

۹۔قضاوقدر

۱۰۔روزنامچہ

۱۱۔اخبارابی العیناء

۱۲۔تاریخ الملک واختلاف الدول

۱۳۔زیدیین

۱۴۔اقناع درعروض

۱۵۔نقض عروض

۱۶۔دیوان رسائل

۱۷۔الکافی درفن انشائیہ

---

۱۔الدیباج المذھب ص۳۶ (ج۱ص۱۶۷،نمبر۳۴)

۱۸۔اعیاد وفضائل نوروز

۱۹۔دیوان شعر

۲۰۔کتاب شواھد

۲۱۔کتاب تذکرہ

۲۲۔کتاب تعلیل

۲۳۔الانوار

۲۴۔الفصول المہذبہ

۲۵۔رسالہ ابانہ

۲۶۔رسالہ درطب

۲۷۔دوسرا رسالہ درطب

۲۸۔فضائل عبدالعظیم حسنی

۲۹۔کشف از مساوی شعر متنبّی۔(۱)

۳۰۔کتاب سفینہ(۲)

۳۱۔حالات محمد بن ادریس شافعی

استاد حسین محفوظ کاظمی نے مزید تین کتابوں کی نشاندہی کی ہے:

۱۔الفصول الادیبه؛

۲۔الهدایة والضلاله؛

۳۔الامثال السائره؛

قارئین کرام کو اس متنوع علمی نگارشات سے اندازہ ہو گیا ہوگا کہ صاحب نابغہ عصر تھے، انہیں تمام

---

۱۔یتیمۃ الدھر، ج ۴، ص ۵۔۴)

۲۔یتیمۃ الدھر (ج ۵، ص ۳۷)

علوم وفنون پر یکساں دسترس تھی ، وہ بیک وقت فلسفی بھی ہیں متکلم بھی فقیہ ومحدث بھی ہیں اور مورخ ولغوی بھی ہیں ، ماہرنحو ولغت بھی ہیں اور ادیب وشاعر بھی جس یگانہ روزگار نے ایسے مختلف النوع علم وہنر سے اپنا سینہ کشادہ کیا تھا ان کا مرتبہ ومقام کیا ہوسکتا ہے؟

ان کا ایک عظیم وگراں بہا کتاب خانہ بھی تھا ،جس وقت والی خراسان نوح بن منصور سامانی نے اقتدار سنبھالا تو اپنے دربار میں بلاکر ہدایا وتحائف دینے کے بعد وزارت کی پیشکش کی ، صاحب نے معذرت کرتے ہوئے کہا میں اپنے اموال کو منتقل نہیں کرسکتا صرف میرے دفتر کا سامان اور کتب خانہ ہی اس قدر ہے کہ چارسواونٹوں پر بارکر کے منتقل کیا جائے گا۔معجم (۱) بیہقی کے بقول ان کا ''ری'' کا کتب خانہ ان کی عظمت کا گواہ صادق تھا بعد میں سلطان محمود بن سبکتگین نے کچھ حصہ کو جلا ڈالا میں نے ان کے کتب خانہ کا معائنہ کیا تھا صرف فہرست دس جلدوں میں تھی۔

واقعہ یہ ہے کہ جب سلطان ''رے'' میں داخل ہوا تو اس سے کہا گیا کہ اس میں سبھی رافضیوں کی کتابیں ہیں اس نے حکم دیا کہ علم کلام سے متعلق تمام کتابوں کو جلا دیا جائے ،بیہقی کہتے ہیں تمام نفیس کتابیں جلادی گئیں آثار شیعیت کو نذر آتش کرنے کا یہ پہلا واقعہ نہیں ہے اس کتب خانہ کے منتظمین میں ابوبکر مقری (۲) اور عبداللہ بن حسن اصفہانی جیسے لوگ تھے۔

## وزارت اوراس کی قدردانی:

ابوبکر خوارزمی کہتے ہیں کہ صاحب نے آغوش وزارت میں پرورش پائی اسی آستانہ میں قدم رکھا اوراسی پستان سے دودھ پیا وہ چکیدہ وزارت تھے جنھوں نے اپنے آباء سے میراث پائی تھی۔

ابوسعید رستمی نے کہا ہے کہ ،انہوں نے وزارت کو پشت در پشت حاصل کیا جیسے سلسلہ روایت کی سند متصل ہوتی ہے ،عباد نے عباس سے اور اسماعیل نے عباد سے وزارت پائی ہے ۔وہ پہلے وزیر ہیں

---

۱۔معجم الادباء (ج۶،ص۲۵۹)

۲۔الوافی بالوافیات، ج۱،ص۳۴۲ ( (۲۲۴) پر ان کے حالات درج ہیں

جنہیں صاحب کے عنوان سے لقب دیا گیا شروع میں ابوالفضل بن عمید کو صاحب بن العمید کہا جاتا تھا بعد میں جب خود منصب وزارت پر فائز ہوا تو اسے یہ لقب دے دیا گیا۔

لیکن صابی اپنی کتاب تاجی میں لکھتا ہے کہ انہیں صاحب اس لئے کہتے ہیں کہ بچپن ہی سے وہ بویہ کے فرزند موئدالدولہ کے مصاحب رہے اس نے ان کا نام صاحب رکھا پھر اس لقب کو دوام مل گیا اس کے بعد جو بھی منصب وزارت پر فائز ہوا اسے صاحب کہا جانے لگا۔

۳۴۷ھ کے شروع میں صاحب موئدالدولہ کے منشی کی حیثیت سے مقرر ہوئے اسی سال وہ بغداد چلے گئے ۳۶۶ھ میں وزارت کے لئے منتخب کئے گئے وہ موئدالدولہ کے انتقال (۳۷۳ھ) تک اسی منصب پر باقی رہے موئدالدولہ کے بعد اس کے بھائی فخرالدولہ نے بھی انہیں منصب وزارت پر فائز کیا اور صاحب اس کے ساتھ ''ری'' چلے گئے اور پوری وفاداری نبھائی۔

حموی کہتے ہیں صاحب نے مملکت کے پچاس قلعے فتح کئے، خود فخرالدولہ نے اعتراف کیا کہ دس قلعے تو ایسے تھے جسے والد اور بھائی نے بھی فتح نہیں کئے تھے۔(۱)

صاحب اپنے زمانہ وزارت میں عوامی خدمت کے لئے ہمہ وقت تیار رہتے، علماء وشعراء ان کی عطا وبخشش سے خوش وخرم تھے، ثعالبی نے عون بن حسین کا بیان نقل کیا ہے کہ میں ایک دن صاحب کے خزانۂ خلعت کے ایک شعبہ میں موجود تھا اس کے حساب وکتاب کا انچارج میرا ایک دوست تھا میں نے دیکھا کہ علویوں کے صاحبان علماء وشعراء کی تعداد ۲۸۰ تھی ملازموں اور حاشیہ نشینوں کی تعداد ان کے علاوہ تھی صاحب ہر سال پانچ ہزار دینار بغداد کے علماء وفقہا کو تقسیم کرتے تھے، ماہ صیام میں جو صدقات وخیرات ہوتے تھے وہ سال بھر کے عطایا کے مساوی ہوتے تھے جو بھی گھر میں آجاتا افطار کر کے ہی واپس جاتا لگ بھگ ایک ہزار افراد افطار کے دسترخوان پر حاضر رہتے (۲) صاحب کا زمانہ علم وادب کا مبارک ترین زمانہ تھا ادیبوں اور شاعروں کو مقرب بناتے، ان کی تشویق وترغیب فرماتے، ان کے نگارشات کی

---

۱۔معجم الادباء (ج۶، ص۲۵۱)

۲۔(یتیمۃ الدھر، ج۳، ص۱۷۴ (ج۳، ص۲۲۷، ۲۳۰)

اشاعت کا بندوبست کرتے اس طرح بازار علم ودانش میں رونق بڑھی اہل دانش کی تعداد بے اندازہ ہوگئی صاحب ہر نگارش پر دولت پانی کی طرح بہاتے اسی وجہ سے ان کے مداحوں اور ثناخوانوں کی تعداد صرف شعراء میں پانچ سوتھی بقول حموی خود صاحب کا بیان تھا، خدا بہتر جانتا ہے کہ میں نے اپنی شان میں کہے گئے ایک لاکھ قصیدوں کو جمع کیا ہے(۱)، جی ہاں! اسی وجہ سے صاحب کا نام تاریخ میں جاوداں ہوگیا جو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

**اہم ترین مدّاحوں کے نام یہ ہیں:**

۱۔ابوالقاسم زعفرانی، عمر بن ابراہیم عراقی نے اکثر قصیدے کہے، قصیدہ نونیہ مشہور ہے۔

۲۔ابوالقاسم عبدالصمد بن بابک

۳۔ابولقاسم عبدالعزیز بن یوسف وزیر آل بویہ۔

۴۔ابوالعباس ضبی وزیر

۵۔ابوالقاسم علی بن قاسم کاشانی، انشائیہ وقصیدہ نگار

۶۔ابوالحسن محمد بن عبداللہ سلامی عراقی

۷۔قاضی ابوالحسن علی بن عبدالعزیز جرجانی

۸۔ابوالحسن علی بن احمد جوہری جرجانی

۹۔ابوالفیاض سعد بن احمد طبری

۱۰۔ابوھاشم محمد بن داؤد احمد بن داؤد بن تراب

۱۱۔ابوبکر محمد بن عباس خوارزمی۔

۱۲۔ابوسعد نصر بن یعقوب۔

۱۳۔سید ابوالحسن علی بن حسین بن علی بن حسین بن قاسم بن محمد بن قاسم بن حسن بن علی بن ابی طالب علیہم السلام۔

---

۱۔معجم الادباء (ج۶،ص۲۶۳)

١٤۔ ابوعبداللہ حسین بن احمد، ابن حجاج بغدادی۔

١٥۔ ابوالحسن علی بن ہارون بن منجم۔

١٦۔ شیخ ابوالحسن بن ابوالحسن (محکمہ مواصلات کے عہدیدار)

١٧۔ ابوطیب کاتب۔

١٨۔ ابوالحمد بن منجم۔

١٩۔ ابوعیسیٰ بن منجم۔

٢٠۔ ابوالقاسم عبیداللہ بن محمد بن معلیٰ

٢١۔ ابوالعلاء اسدی۔

٢٢۔ ابوالحسین غویری۔

٢٣۔ ابوسعید رستمی، محمد بن محمد بن حسن اصفہانی۔

٢٤۔ ابوالحمد عبداللہ بن احمد خازن اصفہانی۔

٢٥۔ ابوالحسن علی بن محمد بدیہی۔

٢٦۔ ابوابراہیم اسماعیل بن احمد شاشی عامری۔

٢٧۔ ابوطاہر بن ابی ربیع عمرو بن ثابت۔

٢٨۔ ابوالفرج حسین بن محمد بن ہندو۔

٢٩۔ عمیری، قاضی قزوین۔

٣٠۔ ابورجاء اہوازی۔

٣١۔ ابومنصور احمد بن محمد لجیم دیدینوری۔

٣٢۔ ابونجم احمد دامغانی۔

٣٣۔ شریف رضی (جامع نہج البلاغہ)

٣٤۔ قاضی ابوبکر عبداللہ بن محمد بن جعفر اسکی۔

۳۵۔ابوالقاسم غانم بن محمد بن ابی العلاء اصفہانی۔

۳۶۔ابوبکر محمد بن احمد یوسفی زوزنی۔

۳۷۔ابوبکر یوسف بن محمد احمد جلودی رازی۔

۳۸۔ابوطالب عبدالسلام بن حسین مامونی۔

۳۹۔ابومنصور گرگانی۔

۴۰۔اُوسی۔

۴۱۔ابراہیم بن عبدالرحمٰن معری۔

۴۲۔محمد بن یعقوب نحو کا امام۔

۴۳۔محمد بن علی بن عمر۔

## صاحب کا مذہب، ان کے شعروں میں

صاحب نے اپنے دوستوں اور شاعروں سے جو نظم ونثر کے ذریعہ خط وکتابت کی ہے وہ اکثر رسائل میں موجود ہے انکا ایک دیوان بھی موجود ہے ہم یہاں ان کی شعری نگارشات سے عقیدہ کی تحقیق پیش کرتے ہیں۔

ثعالبی (۱) مسئلہ یتیمۃ الدھر میں دوشعر لکھیں ہیں:

علی بن ابی طالب کی دوستی وہ ہے جو جنت کی ہدایت کرتی ہے

اگر انہیں صحابہ پر ترجیح دینا بدعت سمجھا جاتا ہے تو اہل سنت پر لعنت ہو

مزید دوشعر بھی نقل کیے گئے ہیں:

ایک ناصبی نے کہا معاویہ تمہارا ماموں جان ہے، وہ بہترین چچا اور یہ بہترین ماموں، واقعی وہ مومنین کا ماموں جان ہے میں نے جواب دیا، ہاں وہ ماموں تو ہے لیکن تمام نیکیوں سے خالی ہے۔

---

۱۔یتیمۃ الدھر، ج۳،ص۲۴۷ (ج۳،ص۳۲۱)

فقیہ حجاز گنجی شافعی نے کفایۃ الطالب (۱) میں یہ اشعار نقل کئے ہیں اور مناقب (۲) خوارزمی میں بھی ہے۔

اے امیر المومنین! علی مرتضیٰ! میں نے آپ کو دل دے دیا ہے میں جب آپ کی مدح میں زبان کھولتا ہوں تو بد باطن دشمن کہتا ہے ان سے پہلے کے خلفاء کو یاد کرو ان میں کون علیؑ کے مانند ہے جس زاہد نے دنیا کو تین طلاقیں دیں، بھنے ہوئے پرندے کو تناول کرنے میں کس کو دعوت دی گئی تمہارے عقیدہ کے مطابق وصی مصطفٰیؐ کون ہے؟ وصی مصطفٰے کو مصطفٰیؐ کی طرح ہی منتخب روزگار ہونا چاہئیے۔

یہ اشعار بھی گنجی شافعی (۳) نے نقل کئے ہیں۔

رسولؐ و آل رسولؐ کی محبت میری تکیہ گاہ ہے پھر مشکلات زندگی میری سعادت میں کیوں آڑے آتی ہے؟ اے رسول کے چچیرے بھائی، اے تمام جہان کے سردار، اے دین کے نادر ترین، اے یگانۂ دھر میری مدح سنئے کہ میں آپ کو مخلوقات میں افضل ترین سمجھتا ہوں، آپ کی تلوار کی طرح کس تلوار نے اسلامی خدمت انجام دی؟ اور یہی چیز میرے دعوے کی گواہ ہے اگر حق کو راہ دی جائے جب دوسرے بھٹک رہے تھے صرف آپ ہی کا علم مشعل راہ تھا۔

کیا کوئی آپ کے علاوہ بھی ہے جو قرآن کے لفظ و معنی کو تنزیل و تاویل کے ساتھ جانتا ہو۔

مرغ بریاں کے وقت رسولؐ کی دعا کے بعد آپ ہی حاضر ہوئے آپ کا ہم پایہ کون تھا؟

کون آپ کے صدق وصفا کا مقابلہ کرسکتا ہے کہ آپ نے مسکین و یتیم و اسیر کو کھانا کھلایا اور سورہ ھل اتٰی اترا۔

صفین کے روز جب لوگوں نے آپ کے ساتھ خیانت کی آپ سے زیادہ صابر کون تھا۔

آپ کی طرح کس نے لوگوں کی مشکل کشائی کی یہاں تک کہ لوگوں نے فریاد بلند کی اگر علیؑ نہ ہو تے تو ہم فتوؤں کے بارے میں ہلاک ہو جاتے۔ خدایا، مجھے ان کی زیارت کی توفیق دے کیوں کہ میرا

---

۱۔ کفایۃ الطالب ص ۸۱ (ص ۱۹۲، باب ۴۶)

۲۔ مناقب خوارزمی ص ۶۹ (ص ۱۱۵، حدیث نمبر ۱۲۵)

۳۔ کفایۃ الطالب ص ۱۹۲ (ص ۳۳۵۔۳۳۴، باب ۹۴)

مرغ دل ان کے روضے کی طرف پہنچتا ہے۔

خدایا! میری زندگی ان کی محبت میں خالص کر محشر میں ان کے ساتھ اٹھا آمین، آمین۔(۱)

ابن شہر آشوب (۲) نے ان کے قصیدہ کے چند اشعار نقل کئے ہیں:

''آپ امام ہیں سب آپ ہی کی طرف متوجہ ہیں، جو میری بات رد کر دے وہ یقینی دلائل کو نظر انداز کر رہا ہے، شب ہجرت بستر رسولؐ پر سونا، فاطمہؑ جیسی سیدہ نساء عالم کا تیری زوجہ ہونا، حالت رکوع میں انگوٹھی کا دینا، رسولؐ کی خاصف النعل، حسنؑ وحسینؑ جیسے دو شیروں سے آپ کی نسل کا چلنا، آپ کی فضیلت کا ثبوت ہے''۔

مناقب خوارزمی، کفایہ گنجی، تذکرہ الخواص، مناقب ابن شہر آشوب، میں صاحب کا قصیدہ ہے (۳) جس کے شعروں کی تعداد میں اختلاف ہے (علامہ امینی نے روایات عامہ کو حروف عین سے مشخص کر کے تمام اشعار نقل کئے ہیں۔

مناقب ابن شہر آشوب اور مناقب خوارزمی میں یہ اشعار بھی ہیں۔(۴)

''بلند مرتبہ علیؑ کا کوئی مثل ونظیر نہیں، ہرگز نہیں، اس خدا کی قسم جس کے سوا کوئی خدا نہیں۔

ان کی سیرت بالکل رسولؐ کی سیرت سے ہم آھنگ تھی ان کے دونوں فرزند رسولؐ کے فرزند تھے علیؑ اس شرف ومنزلت پر فائز ہوئے کہ جہاں خیال کی پرواز بھی نہیں پہنچ سکتی۔

اے صبح! افتخار علی کو فراموش نہ کر جب روز کساء علیؑ کو وزیر کساء قرار دیا گیا۔

اے ظہر! یاد کر اس مرغ بریاں کا واقعہ کہ اس کے برابر شرف ناممکن ہے۔

اے سورہ برأۃ! تو ہی اعلان کر کہ تیری تلاوت کے لئے کون معزول ہوا اور کون مامور ہوا۔

---

۱۔ تذکرۃ خواص الامۃ ص ۸۸ (۱۴۸) مناقب خوارزمی ص ۶۱ (۱۰۳۲)

۲۔ مناقب آل ابی طالب (ج ۲، ص ۳۷، ۲۰۷، ج ۳ ص ۱۳، ۱۹، ۵۷)

۳۔ مناقب خوارزمی ص ۱۰۵ (۱۷۴) کفایۃ الطالب ص ۲۴۳ (ص ۳۸۸) تذکرۃ خواص الامۃ ص ۳۱ (۵۳۔۵۲) مناقب آل ابی طالبؑ (ج ۲ ص ۱۴۷، ج ۳ ص ۱۴۱)

۴۔ مناقب آل ابی طالب (ج ۲، ص ۲۵۸) مناقب خوارزمی، ص ۲۳۳ (ص ۳۳۴)

اے مرحب! اے کافروں کی امید تجھے کس نے تلوار کا شربت پلایا؟

اے عمرو! تجھے کس نے موت کے گھاٹ اتارا۔

اگر چاہے تو ثریا تک بلند ہو جائے کیا تم نے اس کی بلندیوں کا ادراک نہیں کیا۔

تم نے نہیں دیکھا کہ محمدؐ نے کس طرح ان کی شفقت کی اور تربیت میں محنت کی۔

بچپن میں پالا اور کمال کے عمر میں انہیں اپنا بھائی بنایا، اپنی بیٹی فاطمہؑ کو جو پارہ جگر تھی ان کی زوجہ بنایا۔ میرا باپ حسینؑ پر فدا ہو جائے جو حیرت پسندوں کا سردار تھا، روز عاشورا دین کی بلندی کے لئے جہاد کیا۔

میرا باپ اس خانوادے پر قربان جو خاک وخون میں غلطاں ہوا۔

خدا اس قوم کو ذلیل کرے جس نے اپنے امام کو تنہا چھوڑا اس کا پاس ولحاظ نہ کیا۔

خدا لعنت کرے نجس مردار کمینے پر جو چھڑی سے دندان مبارک امام حسینؑ کو چھیڑ رہا تھا''۔

اسی طرح ان کا قصیدہ دالیہ ہے جسے مناقب خوارزمی (۱) اور ابن شہر آشوب (۲) نے نقل کیا ہے، اس میں جنگ بدر، حدیث طیر، سورہ ہل اتی کا نزول، حدیث خیبر، جنگ احد، جنگ حنین، امانت، عدالت، حدیث سد ابواب، فاطمہؑ کا ان کے گھر میں آنا، حسنینؑ کی سرپرستی، نورانی پیکر ہونا، محبت خدا ہونا اور تابندہ مشعل ہونے جیسے فضائل کا تذکرہ کر کے کہا ہے اے خاندان محمدؐ! میں تمہاری محبت کا دم بھرتا ہوں کیونکہ تم علم کے درخشاں ستارے ہو جو تمہاری دوستی کا دم نہیں بھرتا وہ بے آبرو ہے اور آبرو باختہ عورت کا بیٹا ہے۔

فرائد حموینی (۳) میں صاحب کے یہ دو شعر درج ہیں:

خدا کی بے پناہ عنایت کا شکر ادا نہیں کیا جا سکتا کہ اس نے محبت علیؑ کی توفیق دی۔ علامہ مجلسیؒ نے

---

۱۔ مناقب خوارزمی، ص۲۲۳ (ص۳۳۳ حدیث ۳۵۵)

۲۔ مناقب آل ابی طالب (ج۲ص۱۰۷، ۲۰۷، ۳۲۰، ج۳ص۱۴۰، ۴۲۸، ج۴، ص۹۰)

۳۔ فرائد السمطین باب السمط۲ (اج۲ص۱۲، حدیث ۳۵۸)

صاحب کا ایک طولانی مرثیہ بحارالانوار(۱) میں درج کیا ہے جس میں یہ اشعار ہیں۔

یہ صاحب کے اشعار کے کچھ نمونے تھے، اعیان الشیعہ میں مناقب بن شہر آشوب کے منتشر آثار کو جمع کیا گیا ہے چوں کہ وہ کتاب عام طور سے دستیاب ہے اس لئے اسے نقل کرنا مناسب نہیں سمجھا گیا۔

سید علی خان مدنی درجات الرفیعہ(۲) میں لکھتے ہیں کہ صاحب کا بغیر الف کا قصیدہ بھی ہے باوجود اس کے کے نظم ونثر میں الف کا استعمال بہت زیادہ ہوتا ہے صاحب نے پورے قصیدہ میں ایک بھی الف استعمال نہیں کیا، مطلع یہ ہے۔

قد ظل یجری صدری　　　من لیس یعدوه فکری

اس میں ستر اشعار ہیں عجیب ترین یہ قصیدہ لوگوں کے ہاتھوں ہاتھ بطور تحفہ منتقل ہوتا رہا، اسی طرح صاحب کا ایک اور قصیدہ ہے جس میں ہر شعر میں ایک ایک حرف کو استعمال نہ کرنے کا التزام کیا گیا ہے، ایک قصیدہ ہے جس میں حرف واو کو استعمال نہیں کیا گیا ہے۔

صاحب کے داماد ابوالحسن علی نے ایک قصیدہ صاحب کی مدح میں کہا ہے جس کا ہر شعر واو سے خالی ہے مطلع یہ ہے:

برق ذکرت به الحبائب　　　لما بدی فالد مع ساکب

صاحب کے پاس دو انگوٹھیاں تھیں، ایک میں یہ کلمات نقش تھے۔

علی اللہ توکلت　　　وبالخمس توسلت

دوسری پر یہ نقش کندہ تھے:

شفیع اسماعیل فی الآخرة　　　محمد والعترة الطاهرة (۳)

---

۱۔ بحارالانوار، ج ۱۰، ص ۲۶۴ (ج ۴۵، ص ۲۸۴)

۲۔ الدرجات الرفیعہ (ص ۴۸۳)

۳۔ الیقین فی مرأة المومنین (ص ۴۵۷، باب ۱۷۴)

## صاحب کا مذہب:

علماءشیعہ میں کسی نے اس کی تردید نہیں کی ہے کہ صاحب مذہب شیعہ کے ممتاز ترین فرد تھے،ان کے مراثی وقصائداور نثر پارے موجود ہیں جن میں مدح اہلبیتؑ اوراعلان تفضیل اس کا گواہ صادق ہے ان کی نغمہ طرازی فریاد بن گئی۔

بہت سے لوگ مجھے تمہاری محبت میں رافضی کہتے ہیں لیکن ان کے بھونکنے سے ہم تمہاری محبت سے دستبردار نہیں ہوئے،سیدابن طاؤس نے کتاب الیقین میں وضاحت کی ہے کہ وہ مخلص شیعہ تھے۔مجلسی اولؒ انہیں ممتاز فقہاءشیعہ میں شمار کرتے ہیں،مجلسی دومؒ،(۱)اورشیخ حر عاملی (۲) بھی بزرگان شیعہ میں سمجھتے ہیں

ابن شہرآشوب معالم العلماء(۳) میں بے باک شیعہ شاعراورشہید دوم (۴)اپنے اصحاب میں شمار کرتے ہیں،معاہدالتنصیص (۵) میں ہے کہ آل بویہ کی طرح تیز طرارشیعہ اورمعتزلیوں کے طرف دار تھے۔اس سے بڑھ کرصرف شیخ صدوق (۶)اورشیخ مفیدؒکی گواہی کافی ہے،چنانچہ ابن حجر میں لسان المیزان (۷) میں اس کی وضاحت کی ہے،ان کے شیعہ ہونے کی گواہی خودان کی کتاب ہے جسے انہوں نے شاہزادے عبدالعظیم کے حالات میں لکھا ہے،علامہ نوری نے مستدرک (۸) میں اس کی طرف اشارہ کیاہے۔

ابن حجرلسان المیزان میں لکھتے ہیں کہ صاحب شیعہ تھے جوانہیں معتزلی سمجھتے ہیں غلطی پر ہیں(۹) قاضی عبدالجباران کی نماز جنازہ پڑھانے کھڑے ہوئے تو کہنے لگے کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس رافضی کی

---

۱۔بحارالانوار(ج۱،ص۴۲)
۲۔رجل الآمل (ج۲،ص۳۴،نمبر۹۶)
۳۔معالم العلماء(ص۱۴۸)
۴۔الدرایۃ (ص۹۲)
۵۔معاھدالتنصیص (ج۴ص۱۲۳،نمبر۲۰۸)
۶۔عیون اخبار رضا (ج۱،ص۱۲)
۷۔لسان المیزان،ج۱،ص۴۱۳ (ج۱،ص۴۶۴،نمبر۱۳۰۰)
۸۔ج۳،ص۶۱۴
۹۔لسان المیزان،ج۱،ص۴۱۳

نماز جنازہ کیسے پڑھاؤں۔

ابن ابی طئی کا بیان ہے کہ شیخ مفیدؒ اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ صاحب کی جس کتاب کو معتزلیوں کی طرفداری میں بیان کیا جاتا ہے وہ قطعی جعلی ہے۔

اس سلسلہ میں اختلاف بیان پایا جاتا ہے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ صاحب معتزلی تھے اور شافعی مسلک کے پابند تھے، بعض کہتے ہیں کہ حنفی مذہب تھے اور شیعہ زیدی تھے۔(۱)

ان کی مذمت کرنے والوں نے اچھی طرح جلے دل کے پھپھولے پھوڑے ہیں ان پر دھیان نہیں دینا چاہئیے مثلاً ابوحان توحیدی وغیرہ خود ان کے بیانات میں تضاد ہے، شیخ مفید اور ابن حجر نے بھی رسالہ اعتزال کو جعلی کہا ہے علماء متقدمین اور متاخرین نے ان کے امامیہ ہونے کی تصریح کی ہے، سید ابن طاؤس (۲) شیخ مفید اور علم الھدیٰؒ نے ان کے معتزلی ہونے کی حکایت کی ہے قطعی بات وہی ہے جس میں ان کے شیعہ ہونے کی صراحت ہے۔

شیخ مفیدؒ کی بات تو معلوم ہوگئی کہ وہ تائید اعتزال کی کتاب کو جعلی سمجھتے ہیں لیکن سید مرتضیٰ (رضی اللہ) بظاہر اس لئے معتزلی کہتے ہیں کہ صاحب نے جاحظ کی طرف داری میں حد درجہ تعصب کا مظاہرہ کیا ہے اس لئے انہوں نے صاحب پر اعتراض بھی کیا ہے لیکن میرا خیال یہ ہے کہ ان کی یہ طرف داری جاحظ کے علم وہنر کی وجہ سے تھی نہ کہ معتزلی ہونے کی وجہ سے چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ سید رضی (رح) نے صابی جیسے زندیق کی محض اس کی علمی برتری کی وجہ سے طرف داری کی ہے۔ جہاں تک ان کے رسالہ ابانہ کی بات ہے جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اس کتاب میں امیر المومنین کی نص ولایت سے انکار کیا ہے یہ محض افسانہ ہے کیونکہ اسی رسالہ میں اس بات کا ثبوت فراہم ہوتا ہے کہ وہ پکے شیعہ تھے بحوالہ ''تذکرۃ'' پورا متن یہ ہے۔ کتاب ابانہ میں فرماتے ہیں:

عثمانی اور خارجیوں کے گروہ کہتے ہیں کہ تمام صحابہ حضرت امیر المومنینؑ سے افضل و بہتر ہیں وہ

---

۱۔(الامتاع والمؤانسہ، ج۱،ص۵۴، ۵۵)

۲۔الیقین (ص۴۵۷، باب۱۷۴)

ثبوت میں کہتے ہیں کہ ابوبکر وعمر نے ان پر حکومت کی ہے۔ جواب میں شیعہ عدلیہ کہتے ہیں کہ رسول خداؐ نے عمرو عاص کو غزوہ ذات السلاسل میں ابوبکر وعمر پر حاکم بنایا تھا اگر یہ گواہی درست ہوتو چاہئے کہ عمرو عاص ان دونوں سے افضل ہو جائیں۔

پھر گروہ شیعہ یہ بھی کہتے ہیں کہ علیؑ بعد رسول تمام صحابہ سے افضل ہیں کیونکہ جب رسولؐ نے صحابہ کے درمیان مواخات قائم کی تو علیؑ کو اپنا بھائی بنایا، اسی کو بھائی بنایا جو سب سے افضل تھا یہاں تک کہ وضاحت فرمائی کہ **"انت منی بمنزلة هارون من موسی"** نبوت کے سوا کسی چیز کا استثناء نہیں فرمایا، نیز علیؑ کے بارے میں یہ بھی فرمایا **"اللهم اتنی باحب خلقک"** خدایا اسے بھیج جو تجھے سب سے زیادہ محبوب ہے جو میرے ساتھ مرغ بریاں کھائے نیز فرمایا **"من کنت مولاه فعلی مولاه"**۔ اس کے علاوہ علی کی سبقت اسلامی بھی ان سے افضل قرار دیتی ہے کیونکہ خدا نے فرمایا ﴿**السابقون السابقون اولئک المقربون**﴾ انہوں نے جہاد راہ خدا میں ہمیشہ تلوار نیام سے باہر رکھی، انہوں نے چہرہ رسولؐ سے حزن کا غبار صاف کیا مشکلات میں رسولؐ کی حمایت کی، وہی قاتل مرحب ہیں، کنندہ درخیبر ہیں عمرو بن عبدود کو خاک چٹانے والے ہیں انہیں کے لئے بروز خیبر فرمایا: علیؑ کے لئے فرمایا: **انامدینة العلم وعلی بابها**، چنانچہ صحابہ نے ہمیشہ علیؑ سے پوچھا علیؑ نے کبھی صحابہ سے کچھ نہیں پوچھا، انہوں نے کبھی صحابہ سے فتویٰ نہیں پوچھا، سب انہیں سے فتویٰ پوچھتے عمر نے تو کہا بھی: **لولا علی لهلک عمر**، یہ بھی اعلان کیا کہ خدا مجھے اس مشکل کے لئے زندہ نہ رکھے جس کی مشکل کشائی کے لئے ابوالحسنؑ زندہ نہ ہوں، حضرت علیؑ زہد وتقویٰ واحسان میں بھی ان سے برتر تھے ان پر مزید یہ کہ ان سے اعلم بھی تھے، چنانچہ خدا فرماتا ہے: ﴿**انما یخشی الله من عباده العلماء**﴾ انہیں نے ہی مسکین ویتیم واسیر کو روٹیاں دیں اور ﴿**یطعمون الطعام**﴾ کی آیت نازل ہوئی، اس طویل داستان میں فضائل کے بہت گوشے ہیں۔

انہوں نے ہی حالت رکوع میں انگوٹھی عطا کی اور آیہ ولایت اتری۔

ایک شیعوں کا گروہ حقیقت سے غافل یہ خیال کرتا ہے کہ علیؑ حالت تقیہ میں تھے اسلئے انہوں نے

لوگوں کو اپنی امامت کی دعوت سے ہاتھ کھینچ لیا تھا نیز وہ کہتے ہیں کہ علیؑ کی امامت کے متعلق واضح نص ہے جس میں تاویل کی گنجائش ہی نہیں ہے۔

گروہ عدلیہ کہتا ہے کہ یہ خیال فاسد ہے، انہوں نے اقامہ حق کے سلسلہ میں جب کہ وہ سردار بنی ہاشم تھے تقیہ کیسے کیا ہوگا وہ سعد بن عبادہ کی طرح نہ تھے جنہوں نے مہاجر وانصار سے نزاع کیا اور سب سے کٹ کر رہ گئے بغیر اسکے کے رکاوٹ دفاع سے خوف زدہ ہوں آخر کار وہ حوران چلے گئے اور بیعت کے وقت حاضر نہ ہوئے۔

نیز اگر صحیح ہو کہ نص امامت واضح ہوتے ہوئے امت پر مخفی رہ جائے تو یہ بھی صحیح ہوگا کہ نمازیں چھ وقت کی ہوں اور ماہ صیام کے علاوہ بھی روزے فرض ہوں اور امت پر مخفی رہ جائیں، حالانکہ تمام امت نے اس پر اتفاق کیا ہے اور یہ اجماع واتفاق حقانیت کا گواہ ہے، البتہ جن لوگوں نے علیؑ سے نزاع کیا اور ان سے جنگ کی وہ ولایت خدا سے خارج ہیں مگر یہ کہ توبہ کر کے اپنی اصلاح کر لی ہو اور خدا توبہ کرنے والوں اور پاک رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے''۔( کلام صاحب تمام ہوا)

گروہ عدلیہ کے جواب کا ماحصل یہ ہوا کہ شیعوں کا تقیہ علیؑ کے متعلق دعویٰ، دوسروں کے دعووں کے ساتھ واضح نص کے باوجود باطل اور مہمل خیال ہے جنہیں ایک ساتھ سونچا بھی نہیں جاسکتا کیونکہ اگر نص تھی تو علی ضرور اظہار فرماتے اور اپنے دعوائے امامت سے صرف نظر نہ کرتے۔

درواقع یہ کہنا چاہتے ہیں کہ ان مدعیوں کا مطلب کتاب وسنت سے بصورت برہان استدلال سے میل نہیں کھاتا کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ مولا نے اپنی امامت کا دعویٰ پیش کیا تھا اور نصوص وبراہین سے استدلال فرمایا تھا، خلاصہ یہ کہ اس عبارت سے صاحب کی طرف انکار نص جلی کی بات غلط ثابت ہوتی ہے کتاب تذکرہ کے ذیل میں لکھتے ہیں۔صاحب نہج السبیل کے آخر میں لکھتے ہیں کہ امیر المومنینؑ قطعی طور سے تمام صحابہ سے افضل ہیں اور اس اعتقاد کے ذیل میں انہوں نے سبقت اسلامی، دینی خدمات اور علمی جہاد وزہد کو بطور ثبوت پیش کیا ہے۔ بلاتردید علیؑ تمام صحابہ سے مقدم تھے کوئی آپ کا پاسنگ نہیں تھا، کیونکہ ہم دیکھتے ہیں کہ بہادروں سے جنگ میں انہوں نے ہمیشہ پیش قدمی کی، انہیں سے رسولؐ نے عقد

مواخات قائم کیا جب کہ عمر وابوبکر کے درمیان باہم برادری قائم کی، رسولؐ نے انہیں فاطمہؑ کا کفوقرار دیا جوسیدہ عالمیان تھیں، ان کے لئے دعا کی کہ خداان کے دشمن کو دشمن اوران کے دوست کو دوست رکھ نیز علیؑ کی نسبت مجھ سے وہی ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی، مرغ بریاں کے وقت محبوب ترین خداوند عالم قراردیا، فرمایا میں شہرعلم ہوں اور علیؑ اس کے دروازہ ہیں۔

علیؑ مصائب وآلام میں صابر رہے، اپنے دوران خلافت میں بھی موٹے جھوٹے کپڑے پہنے، نفاذ شریعت میں وہ گذشتہ وآئندہ لوگوں میں سب سے بہتر تھے، رسول خداؐ نے انہیں ناکثین جمل، قاسطین صفین، اور مارقین نہروان سے جنگ کرنے کا مشورہ دیا تھا، عمار یاسر جنہیں ان کی دینی بصیرت کی وجہ سے جنت کی بشارت دی تھی انہیں کے ساتھ شہید ہوئے رسولؐ نے ان کی موسیٰؑ وہارونؑ سے مثال دی تھی، علی نے ہی حالت رکوع میں انگشتری دی اور آیہ ولایت اتری، انہوں نے تین روز تک مسکین ویتیم واسیر کو روٹی دی اور ہل اتی نازل ہوا انہیں کے لئے قرآن میں نازل ہوا﴿**انما انت منذر ولکل قوم ھاد**﴾۔علیؑ سے فرمایا: میں اس امت کا منذر رہوں اور تم ہادی ہو''**وتعیھا اذن واعیہ**'' نازل ہواتو فرمایا وہ محفوظ رکھنے والا کان علی کا ہے خدانے ان کی دوستی کو ایمان اور دشمنی کو علامت نفاق قراردیا، صحابہ کہتے ہیں کہ ہم زمانہ رسول میں فقط دشمنی علیؑ سے منافقین کو پہچانتے تھے، رسول نے خبر دی تھی کہ قیامت میں علیؑ ہی جنت وجہنم کو تقسیم کرنے والے ہیں، جہنم سے کہیں گے اسے لے لے یہ تیرا ہے اور جنت والوں کو اپنے ساتھ لے کر جائیں گے، ابن عباس کہتے ہیں قرآن میں جہاں بھی ''**یاایھا الذین آمنوا**'' کی آیت ہے اس کے سردار علیؑ ہیں اس سے بڑی بات یہ ہے کہ رسولؐ نے فرمایا علیؑ یعسوب ہیں مومنوں کے اور یعسوب شہد کی مکھیوں کا سردار ہوتا ہے جہاں بھی ہوتا ہے مکھیاں اس کے گرد حلقہ کئے رہتی ہیں، شب ہجرت جب کفار قریش خانہ رسول کا گھراؤ کئے ہوئے تھے کہ صبح ہوتے ہی انہیں قتل کردیں گے، استقامت کے ساتھ شیرانہ بستر رسولؐ پر علیؑ سوئے اس وقت ان کی حیثیت ذبیح الحق (اہل سنت کے نظر کے مطابق) کی تھی کہ اطمینان قلبی کے ساتھ اپنے کو قربانی کے لئے پیش کیا انہیں کے لئے عمر نے کہا: ''**لو لا علی لھلک عمر**'' اور کہا کہ خدا مجھے اس مشکل کے لئے زندہ نہ رکھے جس کی مشکل کشائی کے لئے ابوالحسنؑ میرے

پہلو میں نہ ہوں، علیؑ کی تمام زندگی ایمان و اسلام تھی ایک لحظہ کے لئے بھی کافر نہ ہوئے ان کی زحمات خدا کے نزدیک لائق شکریہ قرار پائیں خدا کی راہ میں شہادت سے سرفراز ہوئے۔

خداوند عالم ہمیں انہیں کے زمرے میں قرار دے کیونکہ دوستی آل محمدؐ تمام چیزوں سے برتر و بہتر ہے ہمیں انہیں کی تاسی کی توفیق کرامت فرمائے۔

ان تحریروں کے علاوہ صاحب نے اشعار میں بھی اپنی عقیدتی کیفیت کو واضح کیا ہے وہ ان اشعار میں پورے طور سے شیعہ امامیہ نظر آتے ہیں، وہ سند غدیر پیش کرتے ہیں کہ:

اگر تم سوگند یاد کرتے ہو تو نص خلافت کو یاد کرو میں نے بقانون اختیار ان کی بارگاہ میں خودسپردگی کا مظاہرہ کیا، حکم خدا کے آگے سر تسلیم خم کرو کہ فرمایا ہے موسیٰ نے اپنی امت سے ستر افراد کو منتخب کیا۔

ایک قصیدہ میں کہتے ہیں:

تم نہیں جانتے کہ وصی رسولؐ وہی ہے جس نے حالت رکوع میں انگشتری تصدق کی، تم نہیں جانتے کہ وصی رسولؐ وہی ہے جس کے لئے روز غدیر صحابہ کو اس کا محکوم بنانے کا اعلان کیا گیا۔

**ایک اور شعر یہ ہے:**

''امیر المومنین، وصی رسول کی دوستی قرآن میں فرض قرار دی گئی ہے جسے خدا نے تمام دنیا والوں کو ان کی سرداری کا پابند بنایا ہے''۔

صاحب لسان المیزان (۱) کے مطابق یہ جو صاحب کے معتزلی ہونے کی بات کہی گئی ہے یہ کئی وجہوں سے غلط ہے، خود ابن حجر نے اس کی تردید کی ہے اور قاضی عبدالجبار کے قول کی حکایت کی ہے کہ نماز جنازہ پڑھاتے وقت کہا کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس رافضی کی نماز کیسے پڑھاؤں؟ پھر یہ کہ خود صاحب کا یہ شعر ہے کہ دشمن مجھے رافضی ہونے کا طعنہ دیتے ہیں، مجھے اس کی قطعی پرواہ نہیں ہے۔

قرائن کہتے ہیں کہ صاحب نے عدل الٰہی کے سلسلہ میں معتزلیوں کی تائید کی تو اس میں کیا حرج ہے؟ ایسا تو اکثر علماء شیعہ نے کیا ہے کیونکہ شیعہ و معتزلہ اکثر مسائل کلام میں یکساں نظریہ کے حامل ہیں

---

۱۔ لسان المیزان (ج۱ص۴۱۶، نمبر۱۳۰۰)

اسی وجہ سے اکثر مواقع پر شیعہ کو معتزل اور معتزلہ کہہ دیا جاتا ہے صاحب کی طرح علم الھدیٰ اور شریف رضی کو بھی معتزلہ کہہ دیا گیا ہے۔

انہیں شافعی کہنا بھی ویسا ہی ہے جیسے انہیں حنفی کہا جائے، ابوحیان کا یہ قول امتاع (۱) میں اس سے بھی زیادہ حیرتناک ہے کہ صاحب ایسے شیعہ ہیں جنہوں نے مذہب ابوحنیفہ اور زیدی نظریہ کو اپنے اندر جمع کرلیا تھا۔

حالانکہ صاحب نے اکثر اشعار میں ائمہ اطہارؑ کا نام لے کر زیدی ہونے کی تردید کی ہے، مثلاً یہ اشعار:

میرے سردار محمدؐ ہیں اور ان کے وصی علیؑ، ان کے دونوں فرزند اور زین العابدینؑ، محمد باقرؑ اور ان کے فرزند جعفر صادقؑ اور وہ جو موسیٰ بن عمرانؑ کے ہم نام ہیں اور علیؑ ہیں جو خاک طوس میں سوئے ہوئے ہیں اور ان کے بعد محمدؑ وعلیؑ ہمارے سردار ہیں، ان کے بعد حسنؑ اور قائم آل محمدؑ ہیں جو ظالموں کی گھات میں ہیں۔

اس کے علاوہ ان کے یہ اشعار ہیں:

''محمدؐ وعلیؑ کی برکت نیز دونوں علیؑ کے فرزندوں زین العابدین علیہ السلام، دونوں باقر امام کاظم علیہ السلام اور ان کے بعد رضا محمد پھر ان کے فرزند، اور عسکری اور قائم آل محمد علیہم السلام کی برکت سے امیدوار ہوں کہ قیامت میں جنت میں داخل ہوں گا اسی طرح دو شعروں میں تمام آئمہ کا نام لیا ہے کچھ اشعار میں زائر سے خطاب کر کے تمام ائمہ کے مشاھد مقدسہ پر سلام شوق پہنچانے کی بات کہی ہے کیونکہ یہی ان کی پناہ گاہ ہیں۔

ایک قصیدہ (۲) میں امام رضاؑ سے والہانہ عقیدت کا جس طرح مظاہرہ کیا ہے ان کے امامیہ اثنا عشری ہونے کا واضح ثبوت ہے''۔

---

۱۔ کتاب الامتاع، ج۱، ص۵۵)

۲۔ عیون اخبار رضا، ج۱ص۱۴)

## محاسن ومزاج

۱۔ایک دن صاحب بن عباد نے پانی مانگا لایا گیا تو صاحب نے پینا چاہا،ایک مصاحب نے کہا مت پیجئے یہ مسموم ہے،صاحب نے ہاتھ روک کر مصاحب سے ثبوت مانگا،اسنے کہا یہ پانی خود اسی نوکر کو پلا دیجئے آپ نے کہا ایسی صورت میں جسے خود نہ پیوں دوسروں کے لئے کیوں جائز سمجھوں اس نے کہا اس مرغ کو پلا دیجئے جواب دیا میں جانور کی ہلاکت جائز نہیں سمجھتا۔

پھر حکم دیا پیالہ واپس لے جاؤ اور پانی پھینک دو غلام سے کہا اپنا راستہ لو اور اب کبھی گھر نہ آنا اور حکم دیا کہ غلام کی جگہ کنیز یہ خدمت انجام دیا کرے اور فرمایا یقین کو شک سے ختم نہیں کیا جاسکتا اور قطع حقوق کی بھی سزا ہے اس کے ساتھ خست بھی ہے۔

۲۔ایک علوی سید نے رقعہ بڑھایا،خدا نے مجھے فرزند عطا کیا ہے گذارش ہے کہ اس کا نام ولقب تجویز فرمادیں صاحب نے اس رقعہ کے گوشے میں لکھ دیا خداوند عالم فرزند کو کامگار اور سعادتمند قرار دے۔

بخدا میرا دل خوش ہوا آنکھیں روشن ہوئیں،نام علی رکھوتا کہ آواز بلند ہو کنیت ابوالحسن رکھوتا کہ کاروبار مستحسن رہے دعا کی کہ جدامجد کی برکت سے نیک بختی شامل حال رہے اس پر سو مثقال دینار نثار کرتا ہوں تا کہ سو سال زندگی پائے،والسلام۔(۱)

۳۔ایک صاحب نے رقعہ لکھ کر صاحب سے حاجت طلب کی رقعہ کو واپس کرتے ہوئے کہا گیا کہ صاحب نے اپنے ہاتھوں سے لکھ کر آپ کے حوالہ کیا ہے،اس نے دیکھا کچھ نہیں لکھا ہے رقعہ کو ابوالعباس ضبی کے حوالہ کیا گیا،انہوں نے بڑی دقت کے بعد دیکھا کہ صاحب نے فقط ایک الف لکھا ہے۔

رقعہ کے الفاظ تھے اگر آقا مناسب خیال کریں تو مرحمت فرمائیں صاحب نے فعل کے شروع میں الف لکھ کر افعل کر دیا تھا فعل ماضی تھا اسے الف لکھ کر بمعنی مستقبل کر دیا تھا یعنی میں مدد کروں گا۔(۲)

---

۱۔(یتیمۃ الدھر،ج۳،ص۲۳۱)

۲۔(یتیمۃ الدھر،ج۳،ص۲۳۳)

۴۔ صاحب نے ابوالہاشم علوی کو ایک طبق چاندی اور عطر ہدیہ کرتے ہوئے چند اشعار ارسال کئے جس کا حاصل مصدر و مطلب یہ ہے کہ یہ بندہ حضور کی زیارت کے لئے پرتو انوار سے بہرہ مند ہونے کی غرض سے عطر کا تحفہ پیش کرتا ہے اس کا ظرف بھی حضور قبول فرمالیں تو عنایت ہوگی (۱)

۵۔ ابوالقاسم زعفرانی نے صاحب کا شکوہ جلال دیکھا کہ ان کے خدام اور مصاحبین شاندار اور فاخرہ لباس پہنے ہوئے اردگرد بیٹھے ہیں وہ ایک گوشے میں جا کر کچھ کہنے لگے لوگوں نے صاحب سے عرض کی حضور کی بارگاہ میں یہ جسارت؟

صاحب نے کہا انہیں حاضر کیا جائے زعفرانی نے کچھ مہلت مانگی لیکن اجازت نہ ملی، حکم دیا کہ کاغذ سمیت انہیں یہاں حاضر کیا جائے زعفرانی نے نزدیک آ کر شعر پڑھا:

شاعر کا قلم کہتا ہے شاخ پر گل کس قدر تازہ تر ہے۔

صاحب نے شعر پڑھنے کا حکم دیا، اس میں اپنی بہادری کی ڈینگ کے بعد کہا گیا تھا لوگ آپ کی خدمت میں ریشم وخز کے لباس پہنے بیٹھے ہیں اور میں اس سے محروم ہوں۔

صاحب نے فرمایا: معن بن زائدہ کا واقعہ ہے کہ ان سے ایک شخص نے کہا حضور ایک گھوڑا مرحمت فرمادیں، اس نے حکم دیا کہ ایک اونٹ، ایک گھوڑا، ایک خچر، ایک گھوڑی، ایک کنیز اسے عطا کی جائے، اگر مجھے معلوم ہوتا کہ اس سے بلند تر سواری بھی ہوتی ہے تو اسے عطا کرتا، میں بھی صاحب بن عباد ہوں میں حکم دیتا ہوں کہ ایک خز کا جامہ، ایک جبہ، ایک پیراہن، ایک شلوار، ایک عمامہ ایک رومال، ایک کمر بند ایک چادر، ایک منورہ بطور خلعت انعام میں دیا جائے اگر میں جانتا کہ اس کے علاوہ بھی خز کا لباس ہوتا ہے تو وہ بھی عطا کرتا پھر فرمایا جو خلعت اس وقت نہیں لے جاسکتے اس کے علاوہ لاد کے گھر لے جانے کے لئے غلام حوالہ کر دیا جائے۔ (۲)

۶۔ ابوحفص وراق نے شکوہ کیا کہ ان دنوں پریشان ہوں گھر میں چوہے بھی نہیں رہ گئے ہیں، اس

---

۱۔(یتیمۃ الدھر، ج ۳، ص ۲۳۶)

۲۔(یتیمۃ الدھر، ج ۳، ص ۲۲۷)

نمک خوار کی مدد فرمایئے، صاحب نے رقعہ کے گوشہ میں لکھ دیا، بڑی اچھی بات کہی گھر کے چوہوں کو میں بخشش کی خوشخبری دیتا ہوں گیہوں تو اسی ہفتہ پہنچ جائے گا بقیہ سامان راستے میں ہے۔(۱)

۷۔ابوالحسن علوی ہمدانی بادشاہ کے سفیر بن کر صاحب کے پاس چلے راستے بھر سونچا کہ بات کس طرح کروں گا عبارت آرائی سوچتے گئے سامنا ہوا تو سب بھول کر بولے''**ماھذا ان ھذاالا ملک کریم**''صاحب نے جواب دیا:

''**انی لا اجد ریح یوسف لو لا ان تفندون**''پھر فرمایا خوش آمدید، رسول، رسول کے بیٹے وصی، وصی کے فرزند(۲)

۸۔صاحب اہواز میں ہیضہ کے شکار ہو گئے جب بھی طشت میں رفع حاجت کرتے دس دینار سرخ اس میں رکھ دیتے تا کہ اٹھانے والا سستی و کاہلی نہ کرے جب صحت یاب ہوئے تو حساب کیا گیا پچاس ہزار دینار تصدق کئے تھے۔(۳)

۹۔ابونصر کی حکایت ہے کہ صاحب ٹھنڈا پانی پینے کے بعد کہتے:

**قعقعة الثلج بماء عذب تستخرج الحمد من اقصیٰ القلب**

گھونٹ گھونٹ ٹھنڈا پانی دل کی گہرائیوں سے حمد خداوندی باہر لاتا ہے، اور بلند آواز میں کہتے خدایا یزید پر متواتر لعنت فرما۔(۴)

۱۰۔ایک بار صاحب کی مجلس میں ابن خضیری موجود تھا بے تحاشہ بلند آواز سے ریاح خارج ہوگئی وہ شرمسار ہو کر مجلس سے باہر چلا گیا صاحب نے کہا اسکو یہ دو شعر سنا دو۔

کیا کیا جاسکتا ہے ہوا ہے کیا تم اسے روک سکتے ہو تم سلیمان تو نہیں ہو(۵)

---

۱۔(یتیمۃ الدھر، ج۳ ۲۲۳)

۲۔(یتیمۃ الدھر، ج۳، ص۲۳۷)

۳۔(البدایۃ والنھایۃ، ج۱۱، ص۳٦۰ حوادث ۳۸۵))

۴۔یتیمۃ الدھر، (ج۳، ص۲۳۳)

۵۔معجم الادباء(ج٦، ص۲۵۵)

## کلمات قصار

(علامہ امینی ۴۲ کلمات گہر بار نقل کئے ہیں، یہاں صرف دس نقل کئے جاتے ہیں؛

۱۔ جو شخص شیریں شیریں دریا پیدا کرتا ہے، گوہر آبدار ڈھونڈتا ہے۔

۲۔ جسے زمانے کی سلامتی کا گھمنڈ ہوتا ہے وہ مستقبل میں ندامت کی داستانیں بیان کرتا ہے۔

۳۔ بات جب کان میں دہرائی جاتی ہے تو دل میں جڑ پکڑتی ہے۔

۴۔ بے لوث مہربانی لچھے دار باتوں سے زیادہ مؤثر ہوتی ہے۔

۵۔ اگر کتا چاند کو بھونکتا ہے تو لوگ پتھروں سے اس کا منھ بند کرتے ہیں۔

۶۔ شیر دل بہادر بہت ہیں لیکن عمرو کی طرح نہیں بہت سے مردوں پر نوحہ پڑھا گیا مگر نہ صخر کی طرح۔

۷۔ سخاوت کا وعدہ کبھی آب حیات کی طرح ہوتا ہے اور کبھی مانند سراب۔

۸۔ سخاوت کی ناشکری زوال کی پونجی ہے۔

۹۔ تنگ دل سے نالہ باہر آتا ہے اور دردمند دل سے شکایت۔

۱۰۔ ہوسکتا ہے کہ بے گناہ کسی گنہگار کے جرم میں جلایا جائے اور خوش کردار، بدکردار کے بدلے گرفتار ہوجائے۔

مزید گہر ہائے آبدار کو یتیمہ الدھر اور اعیان الشیعہ میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔(۱)

یہ ہے ایک شیعہ اور اس کا نمونہ افکار، یہ ہے ایک شیعہ وزیر اور اس کے حکمت شعار کلمات، یہ ہے ایک شیعہ فقیہ اور اس کا تابناک ادب، یہ ہے ایک شیعہ دانشور اور اس کے افکار درخشاں، اور یہ ہے ایک شیعہ متکلم اور اس کے مقالات وگفتار......۔

شیعوں کو ایسا ہی ہونا چاہئے۔

---

۱۔ یتیمۃ الدھر (ج ۳، ص ۲۸۱) اعیان الشیعہ (ج ۳، ص ۳۵۶۔۳۵۴)

## صاحب کی وفات

صاحب نے شب جمعہ ۲۴ صفر ۳۸۵ھ میں ''رے'' میں انتقال کیا، عوام نے خبر سنتے ہی عام تعطیل کر دی، بازار بند ہو گئے اور آخری دیدار کے لئے ان کے گھر کی طرف جانے لگے، فخر الدولہ بھی اپنے فوجی افسروں کے ساتھ سیاہ پوش مشایعت کرتا چلا، چاروں طرف فریاد وشیون کی آوازیں بلند تھیں، ابوالعباس ضبی نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی فخر الدولہ نے کئی دن تک ان کا سوگ منایا، نماز جنازہ کے بعد ایک کمرے میں سپرد خاک کر دیا گیا پھر اصفہان لے جا کر مقام دریہ میں دفن کر دیا گیا اس پر ایک قبہ بھی تعمیر ہے۔

اکثر لوگوں نے مرثیے کہے ان میں ابومنصور لجیمی، ابوالعلاء اصفہانی، ابن میسرہ، ابوسعید رستمی، ابو الفیاض طبری، وصی ہمدانی، ابوالعباس ضبی لائق ذکر ہیں۔

### مصادر حالات:

| | |
|---|---|
| ۱۔ یتیمۃ الدھر | ۲۔ انساب سمعانی |
| ۳۔ معجم الادباء | ۴۔ نزھۃ الالباء |
| ۵۔ تجارب السلف | ۶۔ درجات رفیعہ |
| ۷۔ محاسن اصفہانی | ۸۔ کامل ابن اثیر |
| ۹۔ منتہی الآمال | ۱۰۔ معالم العلماء |
| ۱۱۔ المنتظم ابن جوزی | ۱۲۔ تاریخ ابن خلکان |
| ۱۳۔ معاہد التنصیص | ۱۴۔ اعیان الشیعہ وغیرہ (۱) |

---

۱۔ یتیمۃ الدھر، ج۳ ص ۲۶۷۔۱۶۹ (ج ۳، ص ۳۳۷۔۲۲۵) انساب سمعانی (ج۴ ص ۳۰) تجارب السلف ص ۲۴۳. درجات رفیعہ (ص ۴۸۲) تاریخ کامل، ج۹ ص ۳۷ (ج ۵ ص ۵۱۰، حوادث ۳۸۵) منتھی المقال ص ۵۶ (۱۱۹) معالم العلماء (ص ۱۰، نمبر ۵۱) المنتظم، ج۷، ص ۱۷۹ (ج ۱۴، ص ۳۷۵، نمبر ۲۹۱۱) وفیات الاعیان، ج۱، ص ۷۸ (ج ۱ ص ۲۲۸، نمبر ۹۶) معاہد التنصیص، ج۲، ص ۱۶۲ (ج ۴، ص ۱۱۱، نمبر ۲۱۸) اعیان الشیعہ، ج ۱۲، (ج ۳، ص ۳۷۶۔۳۲۸)

# جوہری جرجانی

وفات۳۸۰ھ تقریباً

**اما اخذت علیکم اذ نزلت بکم غدیر خم عقودابعد ایمان**

’’کیا میں نے تمہاری بےشمار قسموں کے بعدتم سے غدیرخم میں عہد و پیمان نہیں لیا تھا ؟

اور میں نے سردارعرب اورزبدۂ عدنان کے بازؤں کوتھام کرکہا تھااور یہ حکم خدا نے دیا تھا کہ نہ کوتاہی کروں اورنہ تشریح بیان میں کمی کروں، یہ علیؑ ان تمام لوگوں کا مولا ہےجن پر میں مبعوث ہوا ہوں ،خواہ پوشیدہ یا ظاہر برابر ہے۔

میرا چچیرا بھائی، میرے منبر کا وارث اور میرا بھائی اور وارث ہے،اس کےسوا نہ کوئی صحابی نہ میرا بھائی،اس کا مرتبہ اگر میرے جسم سے قیاس کروتو وہی ہے جو ہارون کا موسیٰ بن عمران سے تھا۔(۱)

مناقب ابن شہرآشوب(۲) میں یہ چارشعر درج ہیں:

غدیرخم کا منکر وہی ہوگا جوحرام زادہ، بدکاراورناسپاس ہوگا۔

کس کے لئے ڈوبنے کے بعدسورج پلٹا بابل میں، جاؤتحقیق کروتمہیں معلوم ہوجائے گا۔

دوسری باربھی اس کےاحترام میں سورج پلٹا رسول خداؐ کے زمانے میں،اخبار واحادیث بےشمار ہیں۔

---

۱۔مناقب ابن شہرآشوب، ج۱،ص۵۳۲ (ج۳،ص۴۰) بیاضی کی صراط مستقیم (ج۱،ص۳۱۱)

۲۔مناقب آل ابی طالب، ج۲،ص۲۰۳ (ج۲،ص۳۵۵)

انہوں نے تمام فضائل وافتخارات کا احاطہ کرلیا تھااس لئے ان کے متعلق مدحیہ اشعار کے لئے تمام کا احاطہ کرنے سے قاصر ہوں''۔

## شاعر کا تعارف

ابوالحسن کنیت ،علی بن احمد جرجانی نام تھا ، ان کے اشعار سے پتہ چلتا ہے کہ عرفیت جوھری تھی پیمانہ فضل وادب تھے ،لغت عرب کے ستون تھے قافیہ پردازی میں بڑی مہارت تھی شعری تنقید و پرکھ میں ممتاز تھے ، وزیر صاحب بن عباد کے دست راست اور خاص مصاحب تھے ،ان کے درباری شاعر بھی تھے ابتداء جوانی سے ہی شعر وشاعری سے تعلق ہوگیا کچھ ہی دنوں میں اس قدر مہارت پیدا کر لی کہ صاحب طرز شاعر ہوگئے ،انہیں اپنے مقام کومختلف اسالیب میں بیان کرنے کی اس قدر مہارت تھی کہ لوگ کہتے یہ جوان تو کہنہ مشقوں کو بھی مات کر دیتا ہے۔

صاحب کو ان کی قدرت کلام پر بڑی حیرت ہوتی تھی ان کے اشعار پر جھوم جھوم اٹھتے شعری شادابی اور ظرافت کا ہر شخص اقرار کرتا اسی لئے صاحب بن عباد نے انہیں اپنا خصوصی مصاحب بنالیا تھا اپنے تمام کارگزاروں اور افسروں کے درمیان رابطے کی حیثیت سے مقرر کیا تھا۔

جس وقت انہیں صولی کے پاس بھیجا تو ان کے متعلق صاحب نے خط میں جوستائشی فقرے لکھے ان فقروں کی وجہ سے تمام لوگ ان کے کمالات کے مفتون ہوگئے ۔

اسی طرح ایک خط ابوالعباس ضبی کولکھ کران کے ہاتھوں روانہ کیا تو اسے پڑھ کرضبی نے بھی ان کا بہت اکرام واحترام کیا(۱)اس خط میں صاحب نے اپنے تمام محاسن میں انہیں شریک قرار دیااوران کے ادب وفن کی بہت زیادہ ستائش کی ،ان کے خصوصی تعلق ،محاسن وفضائل واخلاق کا قصیدہ پڑھا حق دوستی ، حدود معاشرت اطاعت میں خودسپردگی کی انتہائی حالت وغیرہ کو بیان کیا ،ظرافت وبذلہ گوئی ،شیریں زبانی نثر ونظم میں یکساں مہارت ،طبع سرشار مثل دریا فارسی وعربی میں حیرت ناک قدرت وغیرہ کا تذکرہ کیا۔

---

۱۔یتیمۃ الدھر(ج۴،ص۳۱)

ثعالبی (۱) نے بھی ان کی بہت ستائش کی ہے وہ کہتا ہے کہ ۳۷۷ھ میں جب امیر ابوالحسن کے پاس بطور سفیر جارہے تھے تو میں بھی ان کے ہمراہ تھا اور پھر چند اشعار نقل کئے ہیں:

ان کے اشعار ریاض العلماء، مقتل خوارزمی، مناقب شہر آشوب، بحار مجلسی میں نقل کئے گئے ہیں ثعالبی نے بھی یتیمۃ الدھر جلد چہارم میں تین صفحات مخصوص کئے ہیں (۲) عظیم شاعر جوھری جرجان میں ۳۷۷ھ اور ۳۸۵ھ کے درمیانی زمانے میں دنیا سے گئے ۳۷۷ھ میں ایک بار صاحب بن عباد نے انہیں امیر ابوالحسن ناصر الدولہ کے پاس سفیر بنا کر بھیجا، دوسری بار اصفہان کے گورنر ابوالعباس ضبی کے پاس بھیجا جب وہ اصفہان سے جرجان پلٹے تو زیادہ دن نہ گذرے تھے کہ دنیا سے منھ موڑ لیا (۳) چونکہ انہوں نے صاحب کی زندگی میں ہی انتقال کیا اور صاحب کی وفات ۳۸۵ھ میں ہوئی اس لئے ان کی وفات کا زمانہ لگ بھگ ۳۸۰ھ متعین کیا جاسکتا ہے۔

۱۔ یتیمۃ الدھر (ج۴،ص۲۹)

۲۔ ریاض العلماء (ج۳،ص۳۳۹)؛ مقتل خوارزمی (ج۲،ص۱۳۶)؛ مناقب آل ابی طالب (ج۴،ص۱۳۶)؛ بحارالانوار (ج۴۵،ص۲۵۳۔۲۷۹)؛ یتیمۃ الدھر، ج۴ص،۴۱۔۲۹ (ج۴ص۴۸۔۳۳)

۳۔ یتیمۃ الدھر (ج۴،ص۳۳)

# ابن حجاج بغدادی

وفات/۳۹۱ھ

**یـا صـاحـب الـقبة البیضـاء فی النجف　　من زار قبرک و استشفی لدیک شفی**

اے نجف کے چمکیلے گنبد والے! جو بھی آپ کی قبر کی زیارت کرے اور شفا طلب کرے اسے شفا ملتی ہے، ہدایت کرنے والے ابوالحسنؑ کی زیارت کروتا کہ تمہیں اجر ملے، اقبال و کامرانی سے ہمکنار ہو اس رہبر کی خدمت میں شرفیاب ہو کیونکہ ان کی بارگاہ میں مناجات مقبول ہے جو شخص ان سے حاجت طلب کرے، روا ہوگی۔

جب حریم بارگاہ میں پہونچو تو احرام باندھ کر لبیک کہتے ہوئے وارد ہو، پھر مزار کے گرد طواف کرو، جب تم حرم کا سات بار طواف کرلو تو اس سردار کے پائتیں بیٹھ جاؤ اور کہو، خدا کا سلام، اہل سلام کا سلام اور ارباب علم و شرف کا سلام!

میں آپ کی بارگاہ میں اے مولا اپنے شہر سے حاضر ہوا ہوں آپ کی ولایت سے متمسک ہو کر خدمت میں شرفیاب ہوا ہوں، مجھے امید ہے کہ آپ میری شفاعت فرمائیں گے۔

اے مولا! اور مجھے شدت عطش میں آپ بہشت سے سیراب کریں گے، کیونکہ آپ عروۃ الوثقیٰ ہیں، جو بھی آپ سے متمسک ہو جائے نہ تو وہ بدبخت ہوگا نہ اسے خوف ہوگا اگر آپ کے اسماء حسنیٰ کی کسی مریض پر تلاوت کردی جائے تو شفاء ہو جائے، مرض سے نجات مل جائے، کیونکہ آپ کی شان میں کسی قسم کا نقص نہیں اور آپ کا نور کبھی زوال پذیر نہیں، اور آپ آیت کبریٰ ہیں جو عارفین پر منکشف ہوتا ہے

ملکوتی جلووں کے ساتھ۔

یہ خدائے رحمٰن کے فرشتے ہیں جو آپ کی بارگاہ میں اتر کر الطاف وتحائف لاتے رہے۔ کبھی طشت، کبھی جام آب، کبھی دستار جبریل آپ کے لئے تحفہ لائے اس میں کسی کو اختلاف نہیں، جب بھی رسول خداؐ نے کسی مہم میں آپ سے مدد طلب کی آپ نے بخوبی اسے انجام دیا۔

اور انس سے مروی ہے کہ آپ کے متعلق مرغ بریاں کا واقعہ رسول خداؐ کی نص صریح کا واضح ثبوت ہے، قرآن میں جو دانہ، شاخ اور زیتون کے واقعات بیان ہوئے ہیں وہ آپ کے لئے عرش والے خدا کی کرامت وشرف کا مظہر ہیں۔

اور عادیات میں جو گھوڑے دوڑانے اور گرد اڑانے کی بات ہے یا شمشیر براں کی بات یا زرہ توڑنے اور نالہ وفریاد کرنے کی بات۔

آپ ان کی جمعیت پر شاخ شمشاد کی طرح ٹوٹ پڑے تا کہ انہیں خاکستر کر دیا جائے اگر آپ چاہتے تو انہیں مسخ کر دیتے یا زمین سے کہتے انہیں دھنسا لے، آپ کے قبضہ میں موت اور روحیں ہیں آپ ہی فرمارواہیں اگر آپ حکم دیتے تو قطعی ظلم نہ ہوتا۔

خدا انہیں مبارک نہ کرے جن میں سے ایک نے بخ بخ کہہ کے آپ کے فضل وشرف کا اعتراف کیا اور آپ کی غدیرخم میں بیعت کی، پھر رسول خداؐ نے اپنے بیان سے اس کی تاکید فرمائی آپ کو انہوں نے چھوڑ دیا ارشاد نبیؐ کو نظر انداز کیا، ان کو اس قول رسولؐ نے بھی باز نہ رکھا کہ یہ میرا بھائی اور میرا جانشین ہے، یہ تمہارا مولا ہے میرے بعد جو بھی اس سے وابستہ ہو جائے اسے نہ ماضی میں خوف ہوگا نہ مستقبل میں۔(۱)

یہ قصیدہ ۶۴ رشعروں پر مشتمل ہے اور اس سے متعلق ایک واقعہ بھی آئندہ بیان ہوگا:

ابن حجاج کا ایک قصیدہ اور بھی ہے جو ابن سکرہ کے جواب میں کہا گیا تھا، ابن سکرہ نے اہلبیتؑ اور ابن حجاج کے خلاف زبان درازی کی تھی میں نے اس قصیدہ کو ان کے مخطوطہ دیوان سے حاصل کیا جو

---

۱۔ ریاض العلماء (ج۲،ص۱۴)

۶۲۰ھ میں عمر بن اسماعیل کے قلم سے لکھا گیا۔

اس کا پہلا شعر یہ ہے:

**لا اکذب اللہ ان الصدق ینجینی　　　ید الامیر بحمد اللہ تحیینی**

آگے فرماتے ہیں:

**فما وجدت شفاء تستفید بہ**

''بغیر آل لیس سے درماں طلب کئے کہیں شفا نہ پاؤ گے، تم آل محمدؐ کی ہجو کر رہے ہو؟ تم نے بلند مرتبہ اور روشن چہرہ والوں پر دشنام طرازی کی ہے تو خدا تمہیں فقر و کفر سے تمام عمر ذلت چٹاتا رہے گا دنیا بھی گئی اور دین بھی''۔

## شاعر کے حالات

ابوعبداللہ حسین بن احمد بن محمد بن جعفر بن محمد بن حجاج نیلی بغدادی، گروہ علماء کے ایک اہم ستون، دانش وادب کے عظیم ونادر روزگار شخص تھے، صاحب ریاض العلماء نے انہیں بزرگترین علماء میں شمار کیا ہے(۱)، ابن خلکان نے بزرگ ترین شیعوں میں (۲) اورحموی نے بزرگ شیعہ شعراء اورآخرین انشائیہ نگار لکھا ہے(۳)، ان کا قافیہ پردازی کا مخصوص اسلوب تھا اسی طرح ان کے انشائیہ بھی لا جواب تھے، ان کے دانش کا بڑا استوار قدم تھا، ادب، معانی آفرینی اورسخن طرازی میں عالمگیر شہرت کے حامل تھے، ادیبوں نے بڑے احترام سے ان کا نام لیا ہے، صاحب نسمۃ السحر نے معلم ثانی کہا ہے(۴) ان کی سخن پردازی نے آوازہ ادب کو تحت الشعاع میں کر لیا تھا، ہم یہاں دونوں محاسن کا حق ادا کرنے کی کوشش کریں گے۔

---

۱۔ریاض العلماء(ج۲ص۱۱)

۲۔وفیات الاعیان(ج۲،ص۱۷۱،نمبر۱۹۲)

۳۔معجم الادباء(ج۹،ص۲۲۹)　　　۴۔نسمۃ السحر (مجلد۷، ج۱،ص۱۰۵)

## مرتبہ علم ودانش:

دینی علوم میں ان کی مہارت کا اس قدر شہرہ تھا کہ وہ حکومت اسلامی کے پایہ تخت بغداد میں امور حسبہ کے منصب پر کئی بار سرفراز ہوئے۔(۱) یہ منصب ہمیشہ ان لوگوں کو ملتا ہے جو اپنے شکوہ علمی میں ممتاز ہوتے ہیں ماوردی نے احکام سلطانیہ(۲) میں لکھا ہے کہ امور حسبہ کا منصب ان لوگوں کو ملتا ہے جو صدر اول کے ائمہ سمجھے جاتے ہیں کیونکہ یہ منصب دینی امور کا ستون تھا۔

''حسبہ'' اصل میں تمام لوگوں کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو وسیع معنوں میں نافذ کرنے سے عبارت ہے، ابن حجاج سے پہلے اس منصب پر بزرگ فلسفی احمد بن طیب سرخسی تھے جو ۲۸۳ھ میں مقتول ہوئے پھر ابن حجاج ہوئے اس کے بعد فقیہ شافعی ابوسعید احمد بن حسن بن احمد اصطخری متوفی ۳۲۸ھ فائز ہوئے (۳) احکام سلطانیہ میں ہے، ''حسبہ'' کا منصب اسے ملنا چاہئے جو آزاد، عادل، دادگستر، صاحب نظر، دین کے معاملہ میں سخت اور منکرات کا واقف کار ہو (۴) فقہاء شافعی اس بارے میں اختلاف رکھتے ہیں وہ کہتے ہیں کیا جس معاملہ میں مختلف فقہاء میں اختلاف رائے ہو تو محتسب اپنی رائے واجتہاد کو لوگوں پر مسلط کرسکتا ہے؟ ابوسعید اصطخری کہتے ہیں کہ مسلط کرسکتا ہے اسی صورت میں کہا جاسکتا ہے کہ محتسب کو دانش مند مجتہد اور صاحب نظر ہونا چاہئے تاکہ اختلافی مواقع پر اپنا نقطہ نظر واضح کرسکے۔

رشید الدین وطواط کا خیال ہے کہ نظام حکومت، ثبات دین اور اصلاح مسلمین کے لئے محتسب کا منصب ضروری ہے کیونکہ اس کے ذریعہ جادہ حق سے منحرف افراد یا فاسق افراد کی تباہ کاری سے شریعت و دین محفوظ اور مضبوط رہے اور معاشرتی امور ٹھکانے سے انجام پاتے رہیں، یہ منصب اسی شخص کے لئے

---

۱۔ وفیات الاعیان (ج۲،ص۱۶۸، نمبر۱۹۲)؛ البدایۃ والنھایہ (ج۱۱،ص۳۷۸، حوادث ۳۹۱ھ؛ مرأۃ الجنان (ج۲،ص۴۴۴) ریاض العلماء (ج۲،ص۹۱۱ شنتناوی کی دائرۃ المعارف الاسلامیہ (ج۱،ص۱۳۰) فرید وجدی کی دائرۃ المعارف (ج۶،ص۱۲) الاعلام (ج۲،ص۲۳۱)

۲۔ احکام سلطانیہ ص۲۴ (ج۲،ص۲۵۲، باب۲۰)

۳۔ وفیات الاعیان (ج۲،ص۱۶۸، نمبر۱۹۲) مرأۃ الجنان (ج۲،ص۴۴۴، وفیات ۳۹۱ھ)

۴۔ احکام سلطانیہ ص۲۰۹ (ج۲،ص۲۴۱، باب۲۰)

سزاوار ہوسکتا ہے جو دینداری سے متصف، اداءامانت میں معروف اور بدنامی سے دور، عیب وتہمت کے علاوہ لباس تقویٰ سے آراستہ، اصابت ورشد وصلاح سے مزین ہو(۱)

اس اعتبار سے ابن حجاج کا کئی مرتبہ منصب احتساب پر فائز ہونا بتاتا ہے کہ وہ مرتبہ اجتہاد پر فائز، عدالت وستائش علمی سے آراستہ تھے، ابن حجاج دو مرتبہ بغداد میں اس منصب پر فائز ہوئے ایک مرتبہ مقتدر باللہ کے عہد میں اور دوسری بار عزالدولہ کے زمانے میں اسی زمانہ میں وزارت پر ابن بقیہ فائز تھے۔

ابن حجاج نے ان کا قصیدہ بھی کہا تھا :

ایها ذاالوزیر ان انت انصفت والا فقم مع الجیران

آگے کہا:

لیت شعری الست محتسب الناس؟! فلم لیس تعرفون مکانی؟!

## ادب و ہنر:

قبل ازایں اشارہ کیا گیا کہ شعراء شیعہ میں نابغہ عصر اور دبیروں میں ممتاز تھے، کچھ لوگوں نے تو انہیں امرؤالقیس کا ہم پایہ بھی کہا ہے۔(۲) چارسو سال کے درمیان ان دونوں کے درمیان کوئی بھی ان کا ہم پایہ نہ ہوا، ان کا دیوان دس جلدوں میں مرتب کیا گیا ہے، زیادہ تر اشعار میں سلاست وروانی، سہل وآسان تعبیرات، معانی آفرینی، نفاست اسلوب، اور جدت نہج پایا جاتا ہے، صاحب نسمۃ السحر انہیں معلم ثانی کہتے ہیں۔(۳) ان کے خیال میں معلم اول یا تو مہلیل بن وائل ہے یا امرؤالقیس ہے کیونکہ انہوں نے جدید روش ایجاد کی تھی اور دوسرے افراد جیسے ابورقعمق اور صریح الدلاء نے اس روش کا اتباع کیا ہے۔

---

۱۔معجم الادباء، ج۱۹، ص۳۱

۲۔وفیات الاعیان (ج۲، ص۱۶۹، نمبر۱۹۲) معجم الادباء (ج۹، ص۲۰۶) شذرات الذهب (ج۴، ص۴۸۷، حوادث ۳۹۱)

۳۔نسمۃ السحر (مجلد۷، ج۱، ص۲۰۵)

ثعالبی کہتے ہیں کہ میں نے ارباب بصیرت ادیب اور سخن سنجوں سے سنا ہے کہ ابن حجاج فن اور روش کا اختراع کرنے والوں میں یگانہ دہر تھے کیوں کہ وہ بے نظیر اور فن سے بھرپور تھے، معانی کی پرداخت کی حیرتناک مہارت وصلاحیت رکھتے تھے، خواہ مفہوم کتنا ہی دشوار ہو اسے طبیعی روانی، شیریں بیانی اور ملاحت تمام اور بلاغت کمال کے ساتھ پیش کردیتے تھے۔(۱)

بدیع اسطرلابی ہبۃ اللہ بن حسن (م۵۳۴) نے ان کا دیوان ۱۴۱/ابواب پر مشتمل ترتیب دیا، ہر باب ایک مخصوص فن کا حامل ہے، اس کا نام انہوں نے درۃ التاج فی شعر ابن الحجاج رکھا ہے۔(۲) اس کا خطی نسخہ پیرس کے کتب خانہ میں رکھا ہے ابن خشاب نحوی نے مقدمہ لکھا ہے۔

شریف رضی نے بھی بہترین ونفیس ترین اشعار کا انتخاب بنام ''الحسن من شعر الحسین'' (۳) حروف تہجی کے مطابق ابن حجاج کی حیات ہی میں مرتب کیا تھا، آخر میں شریف رضی نے پندرہ اشعار بھی بطور تبصرہ کہے ہیں، پہلا شعر یہ ہے:

اتعرف شعری الی من ضوی     فاضحی علی ملکہ یحتوی؟!

ثعالبی کہتے ہیں کہ ابن حجاج کا شعری دیوان ساٹھ دینار سے کبھی کم نہیں سکتا کیوں کہ اشعار میں بڑی نفاست ہے، نمکینی اور جذب توجہ کی صلاحیت ہے ان کے اشعار میں امثال قارئین کو آفاق کی سیر کراتے ہیں، پڑھتے ہی دل میں اتر جاتے ہیں۔(۴)

ابن الحجاج کے اشعار میں زیادہ تر ہزل اور جنون کی باتیں ہیں گویا یہ دونوں چیزیں ان کے ذوق واحساس کی سرشت ہیں جب وہ شوخی پر اتر آتے ہیں تو نہ سلطان کی پرواہ کرتے ہیں نہ امراء کی، ان کی گستاخی پر کوئی روک نہ تھی جو دل میں آتا کہہ ڈالتے، لوگوں کو پسند خاطر بھی تھا لیکن ابن حجاج کے بہترین اور نفیس ترین اشعار وہ ہیں جو انہوں نے آل محمدؐ کی مدح وثناء میں کہے ہیں یا دشمنان آل محمدؐ کی مذمت میں کہے ہیں۔

---

۱۔ یتیمۃ الدھر (ج۳،ص۳۵)

۲۔ معجم الادباء (ج۱۹،ص۲۷۴) وفیات الاعیان (ج۶،ص۵۲،نمبر۵۷۷)

۳۔ مرأۃ الجنان (ج۳،ص۲۶۱) کشف الظنون (ج۱،ص۷۳۹) شنتاوی کی دائرۃ المعارف الاسلامیہ (ج۱،ص۱۳۰)

۴۔ یتیمۃ الدھر) ج۳،ص۳۶، ۴۰)

## ابن حجاج کے معاصرین خلفاء:

معتمد علی اللہ؛ (متوفی ۲۷۹ھ)
معتضد باللہ؛ (متوفی ۲۸۹ھ)
مکتفی باللہ؛ (متوفی ۲۹۵ھ)
مقتدر باللہ؛ (متوفی ۳۲۰ھ)
الراضی باللہ؛ (متوفی ۳۲۹ھ)
مستکفی باللہ؛ (متوفی ۳۳۸ھ)
قاہر باللہ؛ (متوفی ۳۳۹ھ)
متقی باللہ؛ (متوفی ۳۳۹ھ)
مطیع اللہ؛ (متوفی ۳۶۴ھ)
طایع للہ؛ (متوفی ۳۹۳ھ۔(۱)

وہ معاصرین آل بویہ جو عراق پر حکومت کرتے تھے

مغز الدولہ؛ فاتح عراق؛ (متوفی ۳۵۶ھ)
عز الدولہ؛ (متوفی ۳۶۷ھ)
شرف الدولہ؛ (متوفی ۳۷۹ھ)
صمصام الدولہ؛ (متوفی ۳۸۸ھ)
بہاء الدولہ؛ (متوفی ۴۰۳ھ)
عضد الدولہ؛ (متوفی ۳۷۲ھ)

ثعالبی کہتے ہیں کہ وہ تمام عمر وزیروں اور رئیسوں پر حکومت کرتے رہے، جیسے گھر کا بزرگ بچوں پر حکومت کرتا ہے انہوں نے بڑی اچھی زندگی گذاری دولت وعظمت سے نہال رہے۔(۲)

---

۱۔ دائرۃ المعارف الاسلامیہ　　　　۲۔ یتیمۃ الدھر (ج۳، ص۳۶)

ان کے دیوان میں بہت سے قصائد و مراثی اور ہجو یہ کلام اپنے زمانے کے خلفاء، امراء، وزراء، اور منشیوں کے متعلق پائے جاتے ہیں دیوان میں تلاش کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسے ساٹھ افراد ہیں۔

| | |
|---|---|
| ہارون بن منجم | وزیر مہلبی |
| متنبیؔ بن شاعر | وزیر بن عمید |
| خلیفہ مطیع للہ | ابن عمید |
| وزیر ابوریان | وزیر بن بقیہ |
| عزالدولہ | عمران بن شاھین |
| ابوتغلب | فناخسرو |
| ابن شاھین | |
| محمد بن عمران | شرف الدولہ بن بویہ |
| ابواسحاق صابی | قاضی تنوخی |
| صاحب بن عباد | ابن سکرہ شاعر |
| ابوعلی حالتی | ابن یوسف |
| وزیر سابور | وزیر مرزبان |
| ابن حفص | وزیر فسانجس |

ابن حجاج نے مدح اہلبیتؑ میں بہت زیادہ اشعار کہے ہیں دشمنان آل محمدؐ مثلاً مروان بن ابوحفصہ جیسوں کی بہت زیادہ مذمت بھی کی ہے، انہیں گالیاں بھی دی ہیں یہاں تک کہ بعض نقادوں نے آپ پر اعتراض بھی کیا کہ اس حد تک تلخ وتند اور طنزیہ شاعری اور شرمناک اور رسوا کن باتیں نہیں کہنی چاہئیں۔

لیکن یہ پیش نظر رہنا چاہیئے کہ ابن حجاج کا دل مظالم سادات پر خون گشتہ تھا ان کے اشعار آہ کی طرح ہیں جو سینہ دردمند سے نالہ بن کر نکلے ہیں نہ کہ انہوں نے گالم گلوچ اپنا پیشہ بنالیا تھا ان کا پھنکتا جگر اشعار میں ڈھل گیا ہے اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ ان کے اشعار بارگاہ ائمہؑ میں بہت مقبول تھے نیز ان

کے ناپسندیدہ اشعار سے کریمانہ طریقے پر چشم پوشی کی گئی۔

سید اجل زین الدین علی بن عبدالحمید نیلی نجفی کتاب درالنفید میں لکھتے ہیں کہ ابن حجاج کے زمانے میں دو نیک مرد تھے محمد بن قارون اور علی سورائی ان کے اشعار پر بڑی تنقید کرتے تھے محمد بن قارون نے خواب میں دیکھا گویا میں روضۂ حسینیؑ میں مشرف ہوں وہاں حضرت فاطمہ زہراؑ موجود ہیں وہ داہنی طرف داخل ہونے والے دروازے سے ٹیک لگائے ہوئے ہیں تمام ائمہ معصومینؑ حضرت صادق آل محمدؑ تک وہاں موجود ہیں سبھی ضریح علی اکبر کے مقابل بیٹھے ہیں آپس میں باتیں کر رہے ہیں محمد بن قارون ان کے برابر میں بیٹھے ہیں۔

سورائی کہتے ہیں کہ میں نے ابن حجاج کو دیکھا کہ وہاں آمد ورفت کر رہے ہیں میں نے محمد بن قارون سے کہا اس شخص کو دیکھ رہے ہو کس طرح بارگاہ ائمہؑ میں گستاخانہ طریقے سے آمد ورفت کر رہا ہے میں نے کہا مجھے وہ قطعی پسند نہیں میں تو اس کی طرف دیکھنا بھی نہیں چاہتا۔

سورائی کہتے ہیں کہ یہ سن کر حضرت فاطمہ زہراؑ نے غضب ناک نگاہوں سے دیکھا اور فرمایا ابوعبد اللہ تجھے پسند نہیں؟ اسے دوست رکھو کیوں کہ جو اسے دوست نہ رکھے وہ شیعہ نہیں تمام ائمہؑ نے بیک آواز کہا جو اسے دوست نہ رکھے وہ ہمارا شیعہ نہیں۔

ابن قارون کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا تھا کہ کس نے کہا، میں خواب سے بیدار ہوا بڑی وحشت تھی کیوں کہ میں ابن حجاج کی تنقید وتنقیص کرتا رہتا تھا۔

کچھ دن بعد میں خواب بھول بھال گیا پھر میں زیارت روضہ حسینؑ سے مشرف ہوا راستے میں کچھ شیعوں کو دیکھا کہ وہاں ابن حجاج کے اشعار پڑھ رہے ہیں، میں نے جا کر بڑی حیرت سے دیکھا کہ وہاں سورائی بھی موجود تھے، میں نے سلام کر کے ان سے پوچھا اس سے پہلے تو تم ابن حجاج کے اشعار میں کیڑے نکالتے تھے اب کیا ہوا کہ بڑی توجہ سے سن رہے ہو کہنے لگے کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے اور وہی خواب بیان کیا جو میں نے دیکھا تھا۔

یہ دونوں مرد صالح اس کے بعد ہمیشہ ابن حجاج کی مدح وستائش اور اشعار کی اشاعت میں جد وجہد

کرنے لگے(۱)

دوسرے واقعہ میں یہ ہے کہ جب سلطان مسعود بن بابویہ (عضد الدولہ بن بابویہ) نجف اشرف کے روضے کی تعمیر کرانے لگا تو بارگاہ میں ادب سے حاضر ہوا حرم مبارک کو بوسہ دیا وہیں برابر ہی ابن حجاج بھی موجود تھے اور اپنا قصیدہ فائیہ پڑھنے لگے (جسے شروع میں نقل کیا گیا۔ **یاصاحب القبته البیضاد فی النجف**)

جب وہ ان اشعار تک پہنچے جن میں دشمنان علیؑ کے متعلق فحش اور نامناسب باتیں نظم ہیں تو علم الھدیٰ نے تلخ وتند لہجہ میں ان اشعار کو حرم شریف علوی میں پڑھنے سے منع کیا، ابن حجاج بھی چپ ہو گئے جب رات ہوئی تو ابن حجاج نے حضرت علیؑ کو خواب میں دیکھا، وہ فرمار ہے ہیں کی کبیدہ خاطر نہ ہو میں نے علم الھدی کے پاس پیغامبر بھیجا ہے وہ تمہاری خدمت میں معافی مانگنے آئیں گے جب تک وہ نہ آئیں گھر سے باہر نہ نکلنا۔ شریف علم الھدیٰ نے بھی خواب میں رسول اکرمؐ کو دیکھا کہ تمام ائمہؑ آپ کے گرد میں حلقہ کئے بیٹھے ہیں یہ ان کی خدمت میں گئے اور سلام کیا رسول خداؐ نے بڑی سردمہری دکھائی ہاتھ جوڑ کر عرض کی، اے ہمارے سردارو! میں آپ حضرات کا غلام ہوں آپ کا فرزند ہوں آپ کا دوستدار ہوں یہ سردمہری کیوں ہے؟ انہوں نے فرمایا اس لئے کہ تم نے ہمارے شاعر کا دل توڑا ہے تمہیں جا کر اس سے معافی مانگنی چاہئے اور اس کو لئے ہوئے مسعود بن بابویہ کے پاس جاؤ اور ابن حجاج پر جو کچھ بھی میری عنایات ہیں اس سے خبردار کرو۔

علم الھدیٰ سید مرتضٰی فوراً اٹھے اور ابن حجاج کے گھر آئے دروازہ کھٹکھٹایا، انہوں نے گھر سے بلند آواز میں کہا جس سردار نے تمہیں یہاں بھیجا ہے اس نے مجھے حکم دیا ہے کہ گھر سے نہ نکلوں وہ تمہارے پاس آنے والے ہیں سید مرتضٰی بولے ان کا فرمان بسر وچشم قبول، پھر وہ عذر ومعذرت کے بعد لئے ہوئے ابن مسعود کے پاس گئے دونوں نے اپنا اپنا خواب بیان کیا، پھر سلطان نے بڑی قدر افزائی کی، بہترین عطایا کے ذریعہ ان کا مرتبہ ومقام بلند کیا اور حکم دیا کہ میرے سامنے اشعار پڑھے جائیں۔

---

۱۔ ریاض العلماء (ج۲، ص۱۱ا۹ روضات الجنات ص۳۹ (ج۳ص۱۲۰، نمبر۲۶۶) دار السلام ج۱، ص۱۴۸ (ج۱، ص۳۱۹)

## ولادت ووفات:

ابن حجاج نے جمادی الآخر ۳۹۱ھ نیلی میں دار فانی کو وداع کہا، یہ چھوٹی سی آبادی فرات کے کنارے بغداد وکوفہ کے درمیان واقع ہے ان کا جنازہ کاظمین لے جایا گیا انہوں نے وصیت کی تھی کہ مجھے کاظمین شریفین کی پائنتی میں دفن کیا جائے اور تعویذ قبر پر لکھا جائے:

﴿و کلبهم باسط ذراعیه بالوصید﴾

شریف رضیؒ اور ابن جوزی نے مرثیے کہے۔(۱)

میں نے تمام معاجم اور تذکروں کو دیکھا کہیں تاریخ ولادت نہیں ملی لیکن اتنا واضح ہے کہ تیسری صدی میں پیدا ہوئے، لگ بھگ ایک سو تیس سال زندہ رہے اور اس کے شواھد مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ابن شہر آشوب لکھتے ہیں کہ آپ نے ابن رومی سے پڑھا اور ابن رومی ۲۸۲ھ میں مرے۔(۲)

۲۔امور ''حسبہ'' کے منصب پر اصطخری ۳۲۸ھ کے بعد فائز ہوئے اصطخری زمانہ مقتدر باللہ میں ۳۲۰ھ محتسب ہوئے تھے۔(۳)

۳۔ان کے دیوان میں ہارون بن علی کی ہجو موجود ہے جب کہ ابن حجاج کمسن تھے اور ہارون ۲۸۸ھ میں مرے۔

۴۔وزیر عباس بن حسین کا قصیدہ کہا جو ۳۹۴ھ میں قتل ہوا پھر یہ چوتھی صدی کے وسط میں اکثر اشعار کہے جس میں اپنی پیرانہ سالی کا شکوہ ہے، ان سے زیادہ کسی شاعر نے اپنی پیرانہ سالی کا شکوہ نہیں کیا۔

اب اسکے بعد ابن کثیر (۴) کا فقرہ کوئی وقعت نہیں رکھتا کہ ابن خلکان کی بات غلط ہے کہ اصطخری کے بعد امور حسبہ کے متولی ابن حجاج ہوئے کیوں کہ اصطخری ۳۲۸ میں مرے اور ۳۲۰ھ میں محتسب بنے۔

---

۱۔دیوان رضی (ج۲،ص۴۴۱) المنتظم، ج۷،ص۲۱۷ (ج۱۵،ص۲۹،نمبر۲۹۷۱)

۲۔معالم العلماء (ص۱۴۹)

۳۔وفیات الاعیان (ج۲،ص۱۶۸،نمبر۱۹۲) مرآۃ الجنان (ج۲،ص۴۴۴) شذرات الذهب، ج۲،ص۳۱۲ (ج۴،ص۱۴۷، حوادث ۳۲۸)

۴۔البدایۃ والنھایہ، ج۱۱،ص۳۲۹

## مصادر حالات:

| | |
|---|---|
| ۱۔یتیمۃ الدھر | ۲۔تاریخ خطیب |
| ۳۔معجم | ۴۔ابن خلکان |
| ۵۔ابن کثیر | ۶۔منتظم |
| ۷۔دائرۃ المعارف الاعلام زرکلی | ۸۔ریاض العلماء |
| ۹۔مجالس المومنین | ۱۰۔کشف الظنون |
| ۱۱۔تنقیح المقال | ۱۲۔ریاض الجنۃ وغیرہ(۱) |

---

۱۔یتیمۃ الدھر۔ج۳ص۲۵(ج۳ص۲۵) تاریخ خطیب بغدادی، ج۸،ص۱۴،معجم الادباء، ج۴،ص۶(ج۹،ص۲۰۶)وفیات الاعیان ،ج۱،ص۱۷۰(ج۲،ص۱۶۸،نمبر۱۹۲) البدایۃ والنھایۃ ،ج۱،ص۳۲۹(ج۱۱، ص۳۷۸) المنتظم ،ج۷، ص۲۱۶ (ج۱۵،ص۲۸،نمبر۲۹۷۱) دائرۃ المعارف الاسلامیہ،ج۱،ص۱۳۰، الاعلام ،ج۱،ص۲۴۵، ریاض العلماء(ج۲،ص۱۱) مجالس المومنین ص۴۵۹(ج۲،ص۵۴۴،کشف الظنون،ج۱،ص۴۹۸(ج۱،ص۵۶۷)تنقیح المقال،ج۱،ص۳۱۸۔

# ابوالعباس ضبی

وفات ۳۹۸ھ

لعلی الطهر الشهیر مجدانا ف علی ثبیر
صنو النبی محمد وصیه یوم الغدیر
و حلیل فاطمة ووا لد شبر و ابو شبیر

''پاک و پاکیزہ اور بلند آواز علیؑ کے لئے ایسی عظمت وشرافت ہے جس نے کوہ ثبیر کا احاطہ کرلیا ہے، وہ جو رسول خداؐ کے صنو (شریک ہدایت) اور غدیر کے دن ان کے وصی بنے، وہ جو فاطمہؑ کے شوہر اور شبرؑ وشبیرؑ کے والد ماجد ہیں''۔(۱)

## شعری تتبع:

ثبیر مکہ کا بلند ترین پہاڑ ہے جو عرفہ اور مکہ کے درمیان واقع ہے اس پہاڑ پر قبیلہ ہذیل کا ایک ممتاز ترین شخص مرگیا تھا، اسی کے نام پر پہاڑ کو معروف کردیا گیا۔ حافظ ابونعیم نے ''ما نزل من القرآن فی علی'' (۲) اور نطنزی نے خصائص علویہ میں شعبہ عبداللہ بن عباس سے روایت کی ہے کہ ہم رسول خداؐ کے ساتھ مکہ میں تھے رسول خداؐ نے میرا ہاتھ پکڑا اور کوہ ثبیر پر لئے چلے گئے وہاں چار رکعت نماز پڑھی پھر سر کو آسمان کی طرف اٹھا کر فرمایا، خدایا، موسیٰ بن عمران نے تجھ سے تمنا کی تھی اسی طرح آج میری بھی

---

۱۔ مناقب ابن شہرآشوب، ج۱، ص۵۵۰ (ج۳، ص۱۷)
۲۔ ما نزل من القرآن فی علی (ص۱۳۸، حدیث ۳۷)

تمنا ہے کہ میرا شرح صدر فرما میرے امور میں آسانی کرامت فرما، میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ لوگ میری باتوں کو اچھی طرح سمجھ سکیں اور میرا وزیر میرے ہی خاندان کا ایک فرد علی بن ابی طالب کو بنا دے، اس کے ذریعہ سے میری کمر کو مضبوط کر دے، اسے میرے کاموں میں شریک قرار دے، ابن عباس کا بیان ہے کہ میں نے ایک آواز سنی، اے محمد! جو تم نے مانگا تمہیں دیا گیا۔

## شاعر کے حالات:

کافی اوحد، ابوالعباس۔ احمد بن ابراہیم ضبی قبیلہ ضبا سے تھے، وزیر تھے اور ان کا لقب رئیس تھا، صاحب بن عباد کے بعد انتظام مملکت اور سیاست کی ممتاز ترین شخصیت تھے، ادب پروری میں بھی معروف تھے صاحب کے مقرب خاص اور ان سے غیر معمولی اکتساب فیض کیا پھر ان کے بعد خود ان کے دانش و ادب میں مستقل حیثیت ہوگئی اور شعراء و ادباء کی پرورش و پرداخت کرنے لگے۔

ان کی بلندی شرف کی وجہ سے ۳۵۸ھ میں صاحب کے انتقال کے بعد فخر الدولہ نے منصب وزارت عطا کرتے ہوئے صاحب کا جانشین بنایا اور ابوعلی کو ان کا معاون قرار دیا جن کا لقب جلیل تھا، ان کی عظمت و جلالت کا آوازہ اس قدر بلند ہوا کہ لوگ دور دور سے اپنی حاجت لے کر آتے اور فیض سخاوت سے نہال ہو کر واپس لوٹتے، اس سلسلہ میں مدح سراؤں کی تعداد بہت زیادہ ہے واقعی وہ صاحب کے جانشین صالح تھے، ان کے تمام عادات و خصائل کو اپنا لیا تھا، اصفہان کی جامع مسجد کے پاس انہوں نے گدڑی پوشوں کے قیام کے لئے لمبی چوڑی سرائے بنوا دی جس میں مسافر آ کر ٹھہرتے، اسی سے متصل ایک مطالعہ گھر بھی بنوا دیا تھا جس میں مختلف علوم و فنون کی نفیس و قیمتی کتابیں جمع تھیں۔

کتاب محاسن اصفہانی کے مؤلف اور دوسروں کا بیان ہے کہ اس کتب خانہ کی فہرست کتب تین جلدوں میں تھی۔(۱) ادیبوں اور شاعروں نے ان کے محاسن و فضائل کا اعتراف کیا ہے ان میں چند یہ ہیں۔

---

۱۔ یتیمۃ الدھر، ج۳، ص۲۶ (ج۳، ص۳۳۹) معجم الادباء، ج۱، ص۶۵ (ج۲ ص۱۰۵) تاریخ کامل، ج۹، ص۳۷ (ج۵، ص۵۷۷) معالم العلماء (ص۱۴۸) دیوان مہیار، ج۴، ص۲۹، اعیان الشیعہ، ج۸، ص۷۷ (ج۲، ص۴۶۹) بستانی کی دائرۃ المعارف، ج۱۱، ص۱۲۰)

۱۔ابوعبداللہ محمد بن حامد خوارزمی

۲۔ابوالحسن علی بن احمد جوہری جرجانی (یتیمۃ الدھر، ج ۴،ص ۳۸ (ج ۴،ص ۴۴)

۳۔مہیار دیلمی (دیوان مہیار، ج ۱،ص ۱۴، ۱۵، ج ۲،ص ۱۷۹، ج ۳،ص ۱۸، ۲۷، ۳۴۴، ج ۴، ص ۳۰)

۴۔ابوالفیاض سعد بن احمد طبری

۵۔صاعد بن محمد جرجانی

۶۔ابوالقاسم عبدالواحد بن محمد بن علی بن حریش اصفہانی (یتیمۃ الدھر (ج ۵،ص ۱۳۵)

ان کے زمانہ وزارت میں یہ واقعہ پیش آیا کہ مجد الدولہ کی ماں نے ابوالعباس پر الزام لگایا کہ میرے بھائی کو زہر دیا ہے اور دو ہزار دینار اس کے مراسم تعزیت بجالانے کے لئے طلب کئے ابوالعباس نے ادائیگی سے انکار کیا اور اس کے خوف سے بروجرد کی طرف بھاگ گئے یہ علاقہ بدر بن حسنو یہ کی علمداری میں تھا۔

کچھ دنوں کے بعد حاضر ہوئے کہ مطالبہ ادا کردیں اور منصب وزارت پر واپس آجائیں لیکن قبول نہ کیا گیا پھر وہ بروجرد میں ہی مقیم رہے اور ۳۹۸ھ میں انتقال کیا۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ فخر الدولہ کے فوجی افسر ابوبکر نے خود ابوالعباس کے نوکر کی سازش سے ان کو زہر دے کر مار ڈالا تھا۔

ان کے صاحب زادہ نے جنازہ ایک حاجب کے ذریعے بغداد بھیجا اور ابوبکر خوارزمی کو خط لکھا کہ میرے والد نے جوار سید الشہداؑ میں دفن ہونے کی وصیت کی تھی اس سلسلہ میں قبر کی قیمت پانچ سو دینار بھی روانہ کی، جب یہ معاملہ شریف ابواحمد (علم الہدیٰؒ اور شریف رضیؒ کے والد) کے سامنے پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا:

ابوالعباس میرے باپ کے جوار میں دفن ہونا چاہتے تھے تو انہیں دفن ہونے کی اجازت ہے لیکن قیمت نہ لوں گا قبر کھودی گئی اور جنازہ کو مسجد براثا لے جایا گیا وہیں ابواحمد نے نماز جنازہ پڑھائی نماز میں

اشرف وفقہا حاضر تھے آپ نے حکم دیا کہ پچاس افراد جنازہ کو لے جا کر کربلا میں دفن کر دیں (معجم الادباء)

شاعر غدیر مہیار دیلمی نے ۵۹ شعروں پر مشتمل بہترین مرثیہ کہہ کے ان کے فرزند سعد کو دینور بھیجا، ان کے علاوہ دوسروں نے بھی مرثیے کہے ہیں۔

ابو العباس کے فرزند ابو القاسم سعد بن احمد ضبی بھی باپ کی طرح شرف وعظمت کے حامل تھے بروجرد ہی میں قیام پذیر تھے باپ کے انتقال کے چند ماہ بعد انہوں نے بھی دار فانی کو وداع کہا، مہیار دیلمی نے انکا بھی مرثیہ کہا ہے۔

# ابورقعمق انطاکی

وفات/۳۹۹ھ

بوریہ نے تخت کو لکھا کہ فصیل اونٹ کے بچے کا نام ہے:

کتب الحصیر الی السریر        ان الفصیل ابن البعیر

غدیر کے متعلق دو شعر ہیں:

لا والذی نطق النبی        بفضلہ یوم الغدیر

ما للامام ابی علی        فی البریۃ من نظیر

''ہرگز نہیں! اس کی قسم جس کی فضیلت میں رسول خداؐ نے بروز غدیر خطبہ ارشاد فرمایا: کہ میرا سردار علیؑ ساری کائنات میں بے مثل و نظیر ہے''۔(۱)

## شاعر کا تعارف:

ابو حامد....احمد بن محمد انطاکی، مصر کے باشندے تھے ابورقعمق کے نام سے معروف تھے مشہور نغمہ نگار اور عظیم فنکار تھے ان کا شعری اسلوب اس قدر مقبول ہوا کہ صاحب طرز شاعر بن گئے، ان کی شاعری میں شوخی اور ظرافت کی بھی چاشنی پائی جاتی ہے۔

ایام شباب شام میں گذرے پھر مصر چلے آئے وہیں انہیں عالم گیر شہرت حاصل ہوئی، انہوں نے علم وادب میں اپنا ممتاز ترین مقام بنالیا، بادشاہوں سرداروں اور رئیسوں کی مدح وثنا کی جن میں معز، ان کے بیٹے زفر۔

---

۱۔ یتیمۃ الدھر، ج۱، ص۲۸۴ (ج۱، ص۳۹۶، ۳۹۵)

سپہ سالار جوہر، وزیر ابوالفرج وغیرہ لائق ذکر ہیں۔

انہوں نے مصر میں مزاح نگاروں کی ایک انجمن قائم کی اور طنزیہ شاعری میں اس قدر شہرت حاصل کر لی کہ ابورقعمق ہی لقب ہو گیا (احمقوں کے سردار) کچھ لوگ کہتے ہیں کہ انہوں نے خود ہی یہ لقب رکھ لیا تھا، چنانچہ ان کا شعر ہے:

میں خدا کی بارگاہ میں استغفار کرتا ہوں اور عقلمندوں کی باتوں سے جو میری زبان پر جاری ہوں عقل مندی میرے شایان شان نہیں ہے۔

نہیں، اس خدا کی قسم جس نے مجھے اکیلے اس جہان خلق میں پیدا کیا اور حماقت کی دوستی مجھے ودیعت کی، ثعالبی نے یتیمہ الدھر (۱) میں ان کے حالات میں ۲۷ صفحہ قلمبند کئے ہیں اور ان کے ۱۴۹۴ اشعار نقل کئے ہیں۔

وہ اپنے وقت کے منفرد شاعر تھے طنز وظرافت میں تو گویا آپ فطری شاعر نظر آتے تھے انہوں نے اپنا اسلوب زیادہ تر ابن الحجاج کے شعری اسلوب سے وابستہ کیا ممکن ہے کہ جو بھی ان کے اشعار پڑھے اہلبیت کرامؑ سے ان کی شدید وابستگی کا یقین کر لے۔

خاص طور سے دشمنان اہل بیتؑ کے متعلق ان کی تلخ وتند شعری روش تو بہت واضح ہے اسی لئے ابو رقعمق بھی تشیع کی طرف مائل تھے صاحب نسمۃ السحر نے (۲) تو انہیں شیعہ شاعروں میں شمار کیا ہے انہوں نے دیوانگی کا مفہوم زیادہ بیان کیا ہے۔

ابن خلکان نے اپنی تاریخ (۳) میں ان کے حالات بیان کئے ہیں پھر کہتے ہیں کہ امیر مختار مسبحی کا بیان ہے کہ ۳۹۹ھ میں انتقال کیا کچھ لوگوں نے اضافہ کیا ہے کہ بروز جمعہ ۲۲ رمضان کو انتقال کیا، بعض نے ماہ ربیع الاول کہا ہے انتقال کے وقت مصر میں تھے ان کے حالات مرأۃ الجنان، شذرات حنبلی، معاہد، الاعلام اور تاریخ ادب اللغۃ میں دیکھے جا سکتے ہیں۔ (۴)

---

۱۔ یتیمۃ الدھر، ج۱، ص۲۹۶۔۲۶۹ (ج۱، ص۴۰۸، ۳۷۹) ۲۔ نسمۃ السحر (مجلد۶، ج۱، ص۳۰)

۳۔ وفیات الاعیان، ج۱، ص۴۲ (ج۱، ص۱۳۱ نمبر۵۴)

۴۔ مرأۃ الجنان، ج۲، ص۴۵۲، شذرات الذھب، ج۳، ص۱۵۵ (ج۴، ص۵۱۹) معاھد التنصیص، ج۱، ص۲۲۶ (ج۲، ص۲۵۳، نمبر۱۱۹) الاعلام، ج۱، ص۴۷ (ج۱، ص۲۱۰) تاریخ آداب اللغۃ، ج۲، ص۲۶۴ (مجلد۱۴، ص۱۰۲)

# ابوالعلاءسروی

''علیؑ، بعدرسولؐ میرے امام ہیں وہ بروز قیامت میری شفاعت فرمائیں گے۔میں علیؑ کے لئے صرف انہیں فضائل کا دعویٰ کرتا ہوں جو عقل کے مطابق ہوں۔میں ان کے رسول ہونے کا دعویدار نہیں ہوں لیکن وہ واضح نص کے مطابق امام ہیں۔اور ارشاد رسولؐ ان کی بلندی مقام کے متعلق ہے پھر بھی فاضل اور مفضول کا اشتباہ پیدا کیا گیا۔

آ گاہ ہو جاؤ جس کا میں مولا ہوں پس علیؑ بھی بغیر شک وشبہہ اس کا مولا ہے''۔(۱)

## شاعر کے حالات:

ابوالعلاءمحمد بن ابراہیم سروی،طبرستان کے منفرد شاعر اور فضیلت و دانش کے پرچمدار تھے،ابو الفضل بن عمید سے خط وکتابت اور شعری تبادلہ خیال رہا کرتا تھا ان کی تالیف اور اشعار بہت وقیع اور نمکین ہیں،اکثر کو یتیمۃ الدھر،محاسن اصفہانی اور نہایۃ الارب نویری میں بیان کیا گیا ہے۔(۲)

معجم حموی (۳) میں ان کے پانچ اشعار طبرستان کے متعلق بھی نقل ہیں۔

مدح اہل بیتؑ کے متعلق ان کے ستائشی اشعار مناقب شہرابن آشوب (۴) میں منقول ہیں:

---

۱۔مناقب بن شہرآشوب،ج۱،ص۵۳۱ (ج۳،ص۳۹)

۲۔یتیمۃ الدھر،ج۴،ص۴۸ (ج۴،ص۵۶) محاسن اصفہانی ص۵۲،۵۶،نہایۃ الارب (ج۲،ص۳۸)

۳۔معجم البلدان،ج۶،ص۱۸ (ج۴،ص۱۴)

۴۔مناقب آل ابی طالب،ج۲،ص۳۷ (ج۳،ص۱۵۰،۳۴۵،۴۴۷،ج۲،ص۱۰۰)

ضــدان جــالا عـلــی خـدیک ..............................

''دومتضاد چیزیں تیرے رخسار پر بہم پہچان ہیں، پھر وہ ایک دوسرے سے اس حال میں مل گئیں کہ اختلاف وافتراق روزگار رونما ہوا، یہ ایک سفید پرچم نمودار ہوا اور دوسرا سیاہ مجھے حیرت ہے کہ دو متخالف شعار کی حامل اشیاء کیسے متحد ہوگئیں۔

یہی شاہان بنی عباس ہیں جنہوں نے سیاہ لباس اپنا شعار شرافت بنالیا اور یہ دانشمند وکہن سال فرزندان سبطین ہیں جنہوں نے اپنا پرچم سفید قرار دیا ہے کتنے ہی جواں سال رونق والے ہوتے ہیں جن میں دوام نہیں ہوتا اور کتنے ہی کہن سال ہوتے ہیں جن میں خردمندی ہوتی ہے بات دراصل یہ ہے کہ جوانی کے بعد پیری سپیدی صبح کی ہوتی ہے جو سیاہی کے چہرہ سے پردہ ہٹاتی ہے علاوہ ازاین پیری آنے سے جوانی کے زمانے کی کدورتیں وتاریکیاں صفاوروشنی میں بدل جاتی ہیں، اگر فرزندان زہرا کی حقانیت کے لئے صرف یہی ایک گواہی ہوتی تو کافی تھی کہ بنی عباس کا پرچم سیاہ ہے جس میں نخوت وتکبر ہے اور فرزندان زہرا کا پرچم سفید ہے جو حق وعدالت کا نشان ہے یہ گواہی پر اسرار ہے اس پر سے پردہ ہٹا کر انصاف کرنا چاہئے، فاطمہ کے دونوں فرزندوں اور ان کے شوہر سے رسول خدا اس طرح سرفراز ہوئے کہ اس کو احاطہ تحریر میں نہیں لایا جاسکتا اگر ان کے افتخارات مجسم ہوجائیں تو ان کے فضائل کا گوشوارہ بن جائیں لیکن ہوا کچھ یوں کے اہلبیتؑ کے بارے میں عقلیں منقلب ہوگئیں اور اب نور خدا بجھا بجھا سا ہے۔

آگاہ ہوجاؤ کہ ابوالحسنؑ نے علم ودانش سے تاریکیوں کو دور کیا اور دلوں کی آگ ٹھنڈی کی، کیا ان کا زہد میں کوئی مثل ونظیر ہے؟ جب کہ دنیا ان کے قبضہ اختیار میں تھی اور کیا ان سے پہلے کسی بشر نے محمد مصطفےؐ کی اطاعت کی اور ان کے آثار پر ان سے زیادہ کوئی جما رہا؟

کیا ہم ان کے سوا کسی کو پہچانتے ہیں کہ جس کا لقب ذوالفقار کے ساتھ دیا گیا ہو، جو پہلوانوں کی طرف جھپٹا ہو؟ ایک سے ایک بہادروں کو مات دی ہو؟

جس وقت کہ قوم کا بچھڑا اپنے سینے میں سانس روکے ہوئے تھا اور سامری تعجب سے دم بخود

تھا جنگ کے دن جب کہ دلوں پر موت کا خوف طاری تھا وہ رسولؐ کے دل سے اندوہ رفع کر رہا تھا۔

ان مرحلوں میں جب کہ میدان میں دلیروں کے پتے پانی ہو جائیں وہ ہے کہ شیر ژیاں کی طرح بڑھ بڑھ کے حملہ آور ہے، کامرانی اس پر سایہ فگن ہے مزید یہ کہ دشمنوں کے دلوں کو دہلا بھی رہا ہے چاہے وہ دھڑکیں رواں ہوں، یا ٹھہریں، تمام مخلوقات پر ان کی اطاعت لازم ہونے کے ثبوت موجود ہیں برخلاف ہر حاسد اور منحرف افراد کے۔

پھر ان کی اولاد میں تمام ائمہؑ کی اطاعت کے بھی ثبوت واضح ہیں جو اختر ان تاباں کی طرح ہیں اور ہدایت کے تاجوں سے آراستہ ہیں، ان میں بعض خانہ نشین علم وکمال میں مشہور تھے، بعض کے ہاتھ قبضہ شمشیر پر تھے، وہ بھی پاک و پاکیزہ، معزز اور سبھی علامت حق تھے، وہ مشکل کشا تھے مشکل پیدا کرنے والے نہیں تھے۔(۱)

یتیمہ الدھر کے یہ دو شعر بھی دیکھئے:

میں علیؑ کے چمن کی طرف سے گذرا وہاں تمام پھول مسکرا رہے تھے لیکن ہر لالہ کے گلے سے خون ٹپک رہا تھا وہ منظر بڑا ہی خوشنما تھا میں نے ایسا منظر نہیں دیکھا کہ چمن خنداں ہو لیکن ان کی آنکھوں سے خون دل رواں ہو۔

ان کے علاوہ شاعر کے نرجس اور خطباء الطیر (فاختہ، قمری اور بلبل) پر بڑے نفیس اشعار ہیں(۲) صاحب بن عباد نے انہیں ایک خط لکھا تھا جس میں شوق ملاقات کا اظہار کیا۔

ابوالعلاء عربوں کے برخلاف بڑا عجمی تعصب رکھتے تھے اس سلسلہ میں ابن عمید نے انہیں سرزنش کی، علامہ امینیؒ نے خط کا کچھ متن اور بعض تلمیحات مثلاً حرب بسوس، رگیف الحولاء اور سوط عزاب کی تشریح کی ہے۔

---

۱۔ یتیمۃ الدھر، ج۴، ص۴۸ (ج۴، ص۵۶، ۵۷)

۲۔ الظرائف واللطائف ص۱۵۹ (ص۱۱۸، باب ۱۰۸)

## نمونہ کلام

ابن شہرآشوب مازندرانی نے مناقب جلد دوم (۱) میں مدح اہلبیتؑ سے متعلق ۲۷ شعر نقل کئے ہیں یہاں آخر کے آٹھ اشعار نقل کئے جاتے ہیں:

وهل عرفنا وهل قالوا سواه فتى — بذى الفقار الى اقرانه زلفا
يدعو النزال وعجل القوم محتبس — والسامرىّ بكف الرعب قد ترفا
مفرج عن رسو ل الله كربته — يوم الطعان اذاقلب الجبان هفا
تخاله اسدا يحمى العرين اذا — يوم الهياج با بطال الوغىٰ رجفا
يظله النصر والرعب اللذان هما — كانا له عادة اذاسار اووقفا
شواهد فرضت فى الخلق طاعته — بزعم كل حسود مال وانخرفا
ثم الائمة من اولاده زهر — متوجون بتيجان الهدى حنفا
من جالس بكمال العلم مشتهر — وقائم بغرار السيف قد زحفا
مطهرون كرام كلهم علم — كمتل ما قيل كشافون لاكشفا

۱۔ مناقب آل ابی طالب، ج۲،ص۳۷ (ج۳،ص۱۵۰، ۳۴۵، ۴۴۷، ج۲،ص۱۰۰)

# ابومحمد عونی

**امامی لــه یـوم الـغدیر اقامـه　　　نبی الهدی ما بین من انکر الامرا**

''میرا امام وہ ہے جسے رسولؐ ہدایت نے بروز غدیر انکاری جرگے کے درمیان کھڑا کیا ان لوگوں کے درمیان کھڑے ہوکر خطبہ فرمایا، حمد خداوندی کے بعد واضح طور سے فرمایا آگاہ ہو جاؤ یہ مرتضیٰ جو فاطمہؑ کا شوہر ہے یہ علیؑ میری دامادی سے سرفراز ہے اور بڑا ہی معزز داماد ہے۔

یہ میرے علم کا وارث ہے اور تمہارے درمیان خدا کی طرف سے میرا خلیفہ ہے میں اس کے تمام دشمنوں سے اپنی برأت کا اعلان کرتا ہوں۔ کیا تم نے سنا؟ تم نے اطاعت کی؟ کیا تم نے میری بات اچھی طرح سمجھ لی؟ سب نے ایک ساتھ کہا ہم اس معاملہ میں علیؑ سے عناد نہیں رکھیں گے ہم نے سنا اور اطاعت کی اے مرتضیٰؑ آپ میری بات پر بھروسہ کریں لیکن انہوں نے غداری کی''۔(۱)

حدیث معراج جس کا تذکرہ غدیر جلد دوم میں کیا جا چکا ہے، اس کے متعلق سات شعر ہیں اور حدیث صحیح کی روایت رسول خداؐ سے کی گئی ہے جس میں کسی قسم کے شک کی گنجائش نہیں۔

آپ نے فرمایا کہ جب میں آسمان پر گیا تو دیکھا کہ بہت سے فرشتے گوشہ چشم سے ایک شخص کی شبیہ کو دیکھ رہے ہیں جو ان کے درمیان ہے عظمت کی وجہ سے اس کے اور میرے درمیان اچھی طرح دیکھنے سے پردہ حائل تھا میں نے کہا میرے دوست جبریل! یہ کون ہے جسے فرشتے دیکھ رہے ہیں۔

---

۱۔ مناقب ابن شہرآشوب، ج۱، ص۵۳۲ (ج۳، ص۴۰)

جبریلؑ نے کہا تمہیں بشارت ہو میں نے کہا کس بات کی بشارت؟ کہا کہ علی مرتضیٰ کی بشارت جنہیں خدا نے بہترین افتخار سے سرفراز کیا ہے فرشتوں کو شوق ہوا کہ ان کی زیارت کریں تو خدا نے ان کی صورت تشکیل دے کر نصب فرما دیا، رسول خداؐ مشتاقانہ ادھر تشریف لے گئے اور پھول جیسے چہرہ کی شناخت کر لی۔(۱)

عونی کے یہ اشعار مناقب ابن شہرآشوب میں منقول ہیں:

''کیا رسولؐ نے کھڑے ہو کر بروز غدیر خطبہ نہیں فرمایا تھا جب کہ تمام لوگ آپ کے گرد تھے؟ اور آپ نے فرمایا جس کا میں مولا ہوں اس کے یہ میرے بعد مولا ہیں اور اسے بھائی بنایا لیکن لوگوں نے اسے نہیں مانا اگر وہ ابوالحسنؑ کو اپنا رہبر تسلیم کر لیتے تو تمام کائنات کے لئے کافی تھا اور راہیں وحشتناک نہ ہوتیں لیکن ہوا یوں کہ ایک، کینہ وعناد کے ساتھ موقع کا منتظر تھا اور دوسرا اونٹ پر سوار بصرہ کی طرف رواں دواں تھی''۔(۲)

مناقب میں ایک قصیدہ یہ بھی ہے:

''پس رسول خداؐ نے فرمایا یہ آج سے میری امت کا مولا ہے پروردگا جو کچھ میں نے کہا سن لے! اسی وقت ایک منکر اور کینہ توز منافق کھڑا ہو گیا پھنکتے جگر کے ساتھ رسول خداؐ کو آواز دی، کیا یہ ہمارے پروردگار کی طرف سے ہے یا آپ نے خود ہی اپنی طرف سے کہہ دیا ہے؟ رسول اکرمؐ نے فرمایا: خدا کی پناہ، میں بدعتی ہرگز نہیں ہوں اس وقت دشمن خدا نے کہا خدایا جیسا کہ یہ کہہ رہے ہیں اگر یہ سچ ہیں تو میرے اوپر عذاب نازل کر دے اور اس کے کفر کی وجہ سے اسی وقت تیزی سے ایک آسمانی پتھر نازل ہوا اور خاک پر ڈھیر تھا اک کشتہ بے گور وکفن''۔(۳)

ایک بڑے قصیدہ میں امیر المومنینؑ اور تمام ائمہؑ کی نام بنام مدح کی ہے:

---

۱۔مناقب ابن شہرآشوب، ج۲،ص۳۲۰(ج۲،ص۲۶۷)

۲۔مناقب ابن شہرآشوب (مناقب آل ابی طالب) ج۱،ص۵۳۷ (ج۳،ص۵۰)

۳۔مناقب آل ابی طالب (مناقب شہرابن آشوب، ج۱،ص۵۳۸ (ج۲،ص۵۱)

''بلا شبہ رسول خدا چراغ ہدایت ہیں تمام انسانوں پر خدا کی حجت ہیں آپ حق اور واضح فرقان کے ساتھ، عظیم القدر خدا کی طرف سے آئے ہیں۔

پس جنہوں نے سب سے پہلے ان کی تصدیق کی، حالانکہ وہ بھی کمسن ہی تھے وہی ان کے وصی قرار پائے انہوں نے کبھی خدا کا شریک قرار نہیں دیا اور نہ کبھی اپنی پیشانی بتوں کے سجدہ سے آلودہ کی، وہی تھے جو سب سے پہلے ایمان لائے اور اسی راہ میں جہاد اور نصرت جیسی فضیلتوں سے سرفراز ہوئے۔

تمام قوم میں وہی سب سے پہلے نماز پڑھنے والے، حج، عمرہ اور طواف کرنے والے تھے، انہیں کی ذات کساء کے دن شریک تھی جسے اس بارے میں شک ہو وہ کافر ہے، کون ایثار نفس کا مظاہرہ کرتے ہوئے شب ہجرت بستر رسولؐ پر سویا اور یہ بات مشہور ہے؟ کس کا گھر ہے کہ فضاؤں سے تارہ ٹوٹ کر اس کی ڈیوڑھی پر گرا؟

کون صاحب پرچم ہے جب کہ گذشتہ دنوں میں لوگ ذلت ورسوائی کے ساتھ بھاگ آئے تھے؟ کون تبلیغ سورہ برأت سے مخصوص ہوا اس بات میں عقل مندوں کے لئے درس عبرت ہے؟ کس کے لئے مسجد کا دروازہ کھلا رہا اور اس میں رہنا حلال ہوا جب کہ تمام لوگوں کو مسجد میں رات بسر کرنے کی اجازت نہیں دی گئی؟

کون حکم خدا سے غدیرخم میں فضیلتوں سے سرفراز ہوا لوگوں پر اسکی حاکمیت مسلم ہوئی؟ کون مرغ بریاں کے دن دعائے رسول سے افتخارانہ سرفراز ہوا؟ کون ہے اندھیاری رات میں پانی لانے کے لئے چلا اور قدرت خداوندی کا مشاہدہ کیا؟ کون رسولؐ کی جوتیاں ٹانکنے والا ہے کس کے لئے رسول اللہ نے مختلف احادیث ارشاد فرمائیں؟ اس بارے میں حنین کے دن کا واقعہ پوچھو تو تم سمجھ لوگے کہ کس نے سچی جنگ کی اور کون پیٹھ پھرا کر بھاگا، خدا کے سورج سے بات کرنے والا، اسے پلٹانے والا جب کہ اس کی شعائیں غروب سے دوچار ہو چکی تھیں، اصحاب کہف سے بات کرنے والا، رات کے وقت زمین طے کرتے ہوئے ذرا اس خبر کو دریافت کرو اور اژدہے کا قصہ جب کہ وہ آپ سے منبر پر ہمکلام تھا اور لوگ غول غول کرکے جوق در جوق بھاگ رہے تھے اور اس خوفناک شیر کا واقعہ جس نے آپ کی فضیلت کا

پوری معرفت کے ساتھ اقرار کیا کہ آپ خدا کی طرف اور حدیث مشہور کی بنا پر رسول تک پہونچنے کا دروازہ ہیں آپ امت پر خلیفہ مقرر کئے گئے ہیں خدا جو چاہتا فیصلہ کرتا ہے وہ علم خدا کی پناہ ہیں''۔(۱)

ایک اور قصیدہ یہ بھی ہے:

''اے بری امت! جو عبرتوں اور مثالوں کے باوجود بھی نہیں جاگی، جس نے آل رسولؐ کو ان کے خانوادے کو ہر عہد میں تنہا چھوڑا، اور جس نے علی مرتضیٰؑ کے ساتھ غداری کی جو پرچم ہدایت، مخلوق کے امام اور مصائب کو دفع کرنے والے تھے انہوں نے بدر، احد، خیبر، حنین جیسے مہیب موقعوں پر کارنمایاں انجام دئے، وہ صاحب غدیر خم تھے، بستر رسولؐ پر سوئے اور تبلیغ سورہ برأت سے مخصوص کئے گئے''۔(۲)

مدح امیر المومنینؑ میں ایک اور قصیدہ یہ بھی ہے:

''اور خداوند عالم نے آپ کو ہیئت اور فرزانگی کے لباس سے آراستہ کیا اور اس طرح پرورش کی کہ آپ اصنام کی پرورش سے باز رہے، ہمیشہ آپ نے دین محمدؐ کے لئے غذا فراہم کی، بڑھاپے، بچپن، کمسنی اور جوانی میں۔

کیا آپ کے علاوہ بھی کسی کے سامنے مشکل مسئلہ آیا اور آپنے فیصلہ کر کے لوگوں کے شکوک رفع کئے؟ اور جب قوم نے بڑی عرق ریزی اور کوشش کے ساتھ رائے قائم کی تو آپ نے ان کی رائے کے خلاف رائے پیش کی۔

قرآن ان کی رائے کے مطابق نازل ہوا گویا خدا نے ان کی رائے کے مطابق احکام تشکیل دئے۔

ان کے سوا کون ہے کہ جب نیزے آپس میں گتھ گئے بہادروں نے بڑھ بڑھ کر حملے کئے اسلحوں کی جھنکار بلند تھی تو دلیروں کو فریاد و فغاں سے نجات دی، اگر تم اچھی طرح غور کرو تو دیکھ لوگے کہ غبار جنگ بلند ہے، کھوپڑیاں اڑ رہی ہیں اور چہرے سیاہ ہو رہے ہیں، اور جبریل ان کا بوجھ بٹا رہے تھے اور جنگ میں تدبیر کر رہے تھے اسی طرح میکائیل بھی جنگ میں تدبیر کر رہے تھے۔

---

۱۔مناقب آل ابی طالب (ج۲،ص۳۵، ج۳،ص۳۳۵)

۲۔مناقب آل ابی طالب (ج۳،ص۲۳۷)

ان کے سوا کون ہے جس کے متعلق احمد مصطفےؐ نے بروز غدیر اور دوسرے دنوں میں ارشاد فرمایا کہ یہ میرا بھائی تمہارا مولا اور امام ہے اور میرا خلیفہ ہے جب تک تم موت سے ہمکنار نہ ہو جاؤ، اس کی منزلت مجھ سے وہی ہے جو ہارون کی موسیٰ سے تھی اب تم حق کے معاملہ میں ان سے آگے بڑھنے کی جسارت نہ کرنا اور نہ ہی کوتاہی کرنا، جس طرح موسیٰ کی غیبت میں ہارون لوگوں کے سردار اور امام تھے ، یہ بھی میرا خلیفہ ہے اور امام ہے اور یہ تمام سبکباروں اور حتمی فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔

یہاں تک کہ جب آپ کو سیادت تفویض ہوئی تو عمر ابن خطاب نے کھڑے ہو کر کہا، آپ میرے مولا ہو گئے اور ہر شخص کے مولا ہو گئے جو نماز روزہ کرتا ہے، آپ رسول خداؐ کے مستحکم جڑ کی شاخ تھے اور یہ شاخ پوری طرح سے تر و تازہ رہی یہاں تک کہ وہ شاخ بلند ہوتی رہی جہاں تک آسمان کے پروردگار نے چاہا جلال آمیز سرداروں کے ساتھ۔ آپ کو کسی جوان سردار کا پابند نہیں بنایا نہ کسی اسامہ نامی کی ولایت میں دیا وہ ہر حال میں ماہر تھے حیات و موت کی حالت میں اور یہ معاملہ خدائے بلند و بالا کی طرف سے لازم قرار دیا گیا تھا، خدا آپ کو صلوات سے مشرف فرمائے اور ملائکہ اس کی بارگاہ میں کرامت کے ساتھ صلوات نچھاور کرتے رہیں''۔

ایک قصیدہ یہ بھی ہے:

''اے آل محمدؐ! اگر آپ حضرات نہ ہوتے تو نہ سورج طلوع ہوتا اور نہ زمین میں ہریالی مسکراتی۔

اے آل محمدؐ! ہمارا دل تمہارے سوگ میں ہمیشہ خون بہاتا رہتا ہے۔

اے آل محمدؐ! تم تمام کائنات میں بہترین اور ہماری آخری امید ہو۔

آپ کے والد ماجد تمام لوگوں سے بہتر تھے جو مصیبت میں لوگوں کی مشکلیں آسان کرتے ہیں جنہیں پکارا جاتا ہے، ہمپایہ قرآن، وصی مصطفےؐ اور سبطین کے والد، ہر والد اور باپ سے زیادہ شرف تر فاطمہ زہراؑ کے شوہر، پاک و پاکیزہ نسب والے، جن سے ہر بلند نسب والا اپنے کو وابستہ کرے جن کے لئے رسول خداؐ نے بروز غدیر فرمایا: جس کا میں مولا ہوں عرب و عجم میں اس کا یہ مولا اور ڈرانے والا ہے کیا کہنا اس کا جس کے آپ مولا بنے، میری جان آپ پر قربان!

ان کا مثل ونظیر کون ہے؟ کائنات کے پروردگار اور اشرف الانبیاء کے واضح ارشاد کی بنا پر وہ تمام مخلوقات کے مولا ہو گئے، وہ بروز قیامت ہاتھ میں لواء حمد لئے ہوئے آئیں گے اور تمام لوگ ہر جہت سے آپ کی اقتدا میں گرم سفر ہوں گے، یہاں تک کہ جب کچھ لوگوں کے قدم پل صراط پر ڈگمگائیں گے تو وہی مضطرب ہو کر جہنم میں گر جائیں گے''۔

## شاعر کے حالات:

ابومحمد....طلحہ بن عبید اللہ بن ابی عون غسانی ،عونی ،۔وہ اکثر عونی کے نام سے پکارے جاتے ہیں، ان کے اشعار ادب وشعر کی کتابوں میں بھرے پڑے ہیں، ان کی عبقری شخصیت تعریف کی محتاج نہیں ،نظم پر بے پناہ قدرت حاصل تھی الفاظ وعروض کے موتی رولتے تھے ان کے حالات زندگی ،قطعات ،اشعار ان کی شیعیت کے گواہ صادق ہیں، ولائے اہلبیتؑ سے پوری طرح سرشار تھے۔

عونی کے اشعار کو شہروں اور آبادیوں میں بطور تحفہ ارسال کیا جاتا تھا، تمام لوگ مدح اہلبیتؑ کے متعلق اشعار کو دل سے پسند کرتے تھے، بازاروں اور سڑکوں پر بلند آواز سے پڑھے جاتے تھے ایک شاعر ''منیر نامے'' طرابلس کے بازاروں میں سنا کر لوگوں کی سماعت کی نذر کرتے تھے، لیکن منحوس ابن عساکر (۱) جیسے کو یہ بات قطعی ناگوار تھی کہ اہلبیتؑ کی مدح بازاروں میں کی جائے اس کے سینہ پر سانپ لوٹ جاتا تھا جب وہ طنز کے ساتھ شاعر کا نام لیتے ہوئے کہتا کہ منیر شاعر طرابلس کے بازاروں میں عونی کے اشعار کو گا کر پڑھا کرتا تھا۔

اس کے بعد ابن خلکان (۲) کو جب اس واقعہ کی خبر ہوئی تو کچھ زیادہ ہی آتش زیر پا ہوئے، لکھتے ہیں کہ منیر شاعر بازاروں میں گیت گایا کرتے تھے باقی باتوں کو حذف کر دیا، یقیناً ان دونوں سے حساب لیا جائے، منیر اپنا حق ان لوگوں سے طلب کریں گے اور خدا تو ظالموں کی گھات میں ہے۔

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر (ج۶، ص۳۲، نمبر۴۷۲)) (مختصر تاریخ ابن عساکر، ج۳، ص۳۰۶)

۲۔ وفیات الاعیان (ج۱، ص۱۵۶، نمبر۶۴)

وہ تمام قصائد واشعار جو مدح آئمہ معصومینؑ میں نقل کئے گئے ہیں عونی کی خالص شخصیت کے گواہ ہیں بعض تذکرہ نگاروں نے کینہ توزی میں انہیں غالی شیعوں میں شمار کیا ہے کیونکہ ابن شہرآشوب نے معالم (۱) میں لکھا ہے کہ ان کے کلام اکثر مناقب میں ہیں۔

لیکن اگر ان کے اشعار کا انصاف سے تجزیہ کیا جائے تو سمجھ میں آئے گا کہ وہ افراط وتفریط کے درمیان میں ہیں، جادہ اعتدال سے ذرا نہیں ہٹے ہیں ایک شیعہ جو مقام شائستہ پر فائز ہونا چاہئیے وہ اس سے بلند ہی ہیں ان کے تمام مناقب حدیث رسولؐ سے مستعار ہیں اس لئے غلو کی نسبت محض جاہلانہ یا معاندانہ ہے عونی کا تشیع ہر عہد میں مشہور تھا ان کی زندگی میں بھی اور بعد وفات بھی یہاں تک کہ جب بغداد میں ۴۴۳ھ شیعہ سنی فساد ہوا اور باہم سخت خون ریزی ہوئی تو ستم پیشہ سنیوں نے تمام بزرگان شیعہ کی قبریں کھود کر لاشیں نکالیں اور نذر آتش کر دیں جن لاشوں کو نذر آتش کیا گیا ان میں عونی، جذوعی، ناشی صغیر علی بن وصیف لائق ذکر ہیں۔ (۲)

عونی کو فنون شعری پر بڑی مہارت تھی، وہ اسالیب، فنون اور بحروں کو بڑی فنی چابکدستی کے ساتھ جس طرح چاہتے استعمال کرتے تھے، ابن رشیق (۳) عمدہ میں کہتے ہیں کہ نظم میں ایک نادرفن ہے جس کا نام ''قوادیسی'' ہے اس میں قافیہ شعری کو بڑی فنی چابکدستی کے ساتھ کبھی زیر، کبھی زبر، اور پیش دیا جاتا ہے میرے خیال میں اس فن کو سب سے پہلے عونی نے ہی برتا، ان کا طولانی قصیدہ ہے:

کم للدمی الابکار بال — جنین من منازل
بمهجتی للوجد من — تذکارها منازل
معاهد رعليها — مثعنجر الهواطل
لماناي ساكنها — فادمعي هواطل

---

۱۔ معالم العلماء (ص ۱۴۷)

۲۔ تاریخ کامل، ج ۹، ص ۱۹۹ (ج ۶ ص ۱۵۸) شذرات الذهب، ج ۳، ص ۲۷۰ (ج ۵، ص ۱۹۱)

۳۔ العمدۃ ج ۱، ص ۱۵۴ (ج ۱، ص ۱۷۸، باب ۲۳)

عونی شعری مضامین کو خوبصورتی سے ادا کرنے میں بھر پور دسترس رکھتے تھے تمام معاصر شعراء نے ان کے اس کمال کا اعتراف کیا ہے اگر چہ با قاعدہ طور پر ان کا نام نہیں لیا ہے لیکن فن کے اصل امتیاز میں عونی کا نام آیا ہے۔

عبیدی کتاب ابانہ (متنبّی کے سرقے) ص۲۲ میں لکھتا ہے کہ عونی کا شعر ہے:

مضی الربیع وجاء الصیف یقدمه　　جیش من الحر یرمی الارض بالشرر

کان الجومابی من جوی وهوی　　ومن شحوب فلا یخلو من الکدر

اس مضمون کو متنبّی نے باندھا ہے:

کان الجوقاسی ما اقاسی　　فصار سواده فیه شحوباً

عونی کا مدح اہلبیتؑ میں قصیدہ ہے:

الاسید یبکی بشجوی فاننی　　لمستعذب ماء البکاء ومستجلی

احب ابن بنت المصطفیٰ وازوره　　زیارة مهجور یحن الی الوصل

وما قدمی فی سعیه نحو قبره　　بافضل منه رتبة مرکب العقل

متنبّی کہتا ہے:

خیر اعضائنا الرؤوس ولکن　　فضلتها بقصدها الاقدام

عونی کے قصائد ومراثی مناقب ابن شہر آشوب، روضۃ الواعظین اور صراط مستقیم میں ہیں، میں نے ان کے ۳۵۰ سے زیادہ اشعار جمع کئے ہیں علامہ سماوی نے ان کے اشعار کو دیوان کی شکل میں جمع کیا ہے۔انہیں میں عونی کا ایک سنہری قصیدہ بھی ہے جو مناقب میں اول وآخر ناقص ہے، پورا قصیدہ اکیاون بیتوں پر مشتمل ہے، موضوع غدیر سے متعلق ابتدائی چودہ بیتیں یہ ہیں:

وسائل عن العلی الشان　　هل نص فیه الله بالقرآن

بانه الوصی دون ثان　　احمد المطهر العدنانی؟!

فاذکر لنا نصابه جلیا

اجبت یکفی "خم" فی النصوص    من آیة التبلیغ بالمخصوص
وجملة الاخبار والنصوص    غیر الذی انتاشت ید النصوص
وکتمته ترتضی امیا

اس نے پوچھا: کیا بلند مرتبہ علیؑ کی شان میں کوئی نص قرآن مجید ہے؟ وہ وصی احمدؐ ہیں اور قبیلۂ عدنان کے پاکیزہ گوہر ہیں ان کے سوا دوسرا کوئی نہیں ہے مجھے کوئی واضح نص بتاؤ۔

میں نے کہا ہاں نص غدیر خم اور آیۂ تبلیغ انہیں سے مخصوص ہے ان کے علاوہ بے شمار احادیث ونصوص ہیں، اور بہت سی احادیث تو خائن ہاتھوں برباد ہوگئیں اور بنی امیہ کو خوش کرنے کے لئے چھپا دی گئیں۔

اے کند ذہن! کیا تو نے سنا نہیں کہ رسول خداؐ نے ان سے بطور تہنیت فرمایا کہ تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی تو تم میرے جانشین ہو جاؤ، ان سے پوچھو پھر کیوں مخالفت کر رہے ہو ،تم نے واقعہ مباہلہ نہیں سنا کیا تم نہیں جانتے کہ اس سے بڑی فضیلت ممکن نہیں کیا کوئی ان کے برابر ہوسکتا ہے، ان کا رتبہ خدا کے نزدیک بلند ہے رسولؐ نے تو انہیں خود قرابت عطا کی۔(۱)

کیا تم نے نہیں سنا کہ رسولؐ نے انہیں اپنا وصی بنایا حالانکہ جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو وہ فقیر تھے اپنا قرض ادا کرنے کی ذمہ داری سونپی کسی دوسرے کو یہ فخر نہ ملا کسی نے ان کا قرض ادا نہیں کیا۔

اس نے پوچھا: کیا کوئی آیت ہے کہ جو بغیر کسی تعلیل کے واضح طور سے علیؑ کی طہارت پر دلالت کرے، تنہا وہی صاحب فضل ہوں دوسرے اس سے محروم ہوں، مطرود ہوں۔

میں نے کہا کہ خداوند عالم نے انسان کے آباء پر لباس شرف درست کرتے ہوئے آل ابراہیمؑ کے لئے فرمایا کہ میں نے انہیں فضیلتوں سے بہرہ مند کیا، انہیں لسان صدق عطا کی انہیں میں علیؑ ہیں حضرت ابراہیمؑ ربانی تھے پھر رسول بنے پسندیدہ رسول پھر پاک و پاکیزہ خلیل بنائے گئے، پھر امام، پھر ہادی اور مہدی بنائے گئے، وہ خدا کے نزدیک پسندیدہ ترین تھے اس کے باوجود انہوں نے امامت کے متعلق کہا

---

۱۔ مناقب آل ابی طالب (ج۳، ص۴۲۲)

میری ذریت میں بھی امارت قرار دے تو خدا نے فرمایا کہ میرا یہ منصب رحمت ظالموں کو نہ ملے گا، اپنی مملکت میں ذات وحدانیت سے انکار کیا، پاک ہے وہ ذات وہ ہمیشہ اکیلا ہے۔(۱)

مصطفیؐ ہی اس امت کے حکم دینے والے اور روکنے والے (آمر وناہی) ہیں ان کا شبیہ ونظیر نہیں، ان کا درخشاں قول وفعل بالکل خدا کے مطابق تھا، کبھی انہوں نے افتراء پردازی نہیں کی۔

اگر وہ اپنی خواہش نفس سے بات نہیں کرتے تھے بلکہ جو کہتے تھے فرمان حق ہوتا تھا تو کیوں آپ نے دوسروں کو دھتکارا اور علیؑ کو قریب بلایا اس طرح تو گمراہ اور بے راہ ہو جائیں گے، معاذ اللہ وہ کبھی راہ راست سے بھٹکے نہیں۔(۲)

اصل بات یہ ہے کہ (مہاجر وانصار) نے اپنی رائے سے خلیفہ مقرر کر لیا اور ایسے موقع پر علیؑ انسانی فریضہ ادا کرتے ہوئے رسولؐ کا غسل وکفن بجالا رہے تھے، حالانکہ وہ غم سے نڈھال تھے۔

ایک دور گذرا اور خلیفہ بھی گذر گیا اور دوسرے کا ہاتھ پھیل گیا وہ بھی گذر گیا اور وہ تیسرے کو خلیفہ بنا گیا شوریٰ بھی جو بنائی اس کا بھی ایک سبب تھا....صاف بات ہے کہ آئندہ حالات کو مقصد سے ہم آہنگ رکھنا تھا پھر تیسرا بھی گذر گیا اور لوگ گروہ در گروہ خانہ علیؑ کی طرف بڑھے انہوں نے مجبوراً قبول کر لیا حالانکہ نظریاتی اتفاق محال تھا کیوں کہ ہر شخص کے پاس اپنی آرزو تھی۔

ایک قصیدہ کے چند اشعار یہ ہیں:

میں اس کی ولایت کا دم بھرتا ہوں جس کے متعلق رسول خداؐ نے جم غفیر میں ارشاد فرمایا:

عنقریب قیامت کے دن ہم پانچ سوار ہوں گے چھٹا نہ ہوگا میں براق پر سوار ہوں گا میرے بعد میری پارہ جگر فاطمہؑ گرم خرام ہوگی، اس کے پیچھے ناقہ عضبا پر محمل ہوگی جس پر میرے باپ ابراہیمؑ باعزت طریقے سے سوار ہوں گے۔

پھر میرے بھائی صالحؑ ناقۃ اللہ پر سوار ہوں گے میں اس شاہباز کی ثنا نہیں کر سکتا (۳)، ان کے

---

۱۔مناقب آل ابی طالب (ج۱،ص۳۰۷)

۲۔مناقب آل ابی طالب (ج۳،ص۴۲۲)　　۳۔مناقب آل ابی طالب (ج۳ص۲۶۷)

ہاتھ میں لواء حمد ہوگا جو میرے سر پر بلند ہوگا سر پر تاج نورانی آفتاب کی طرح تاباں ہوگا، اس کے نور سے تمام محشر دمک رہا ہوگا کیا کہنا اس منظر کا!

اس تاج میں ستر کنگرے ہوں گے ہر ایک دمکتا چاند ہوگا (۱)، میں نعمت بے پایاں پر خدا کی حمد کرتا ہوں۔

ان کا پچیس شعروں پر مرثیہ حسین بھی ہے اس کے بعد صادق آل محمدؑ کی مدح میں چھ شعر ہیں اور پھر مدح علی میں پانچ شعر ہیں۔

خدا نے انہیں تمام مخلوقات میں منتخب فرمایا اور ان کا ذکر خیر کیا، ان کے بارے میں محکم سورے نازل کئے قرآن میں انہیں نور سے ڈھانپ کر آواز دی کھڑے ہو جاؤ! تم ہی بشیر و نذیر ہو اس طرح ہدایت واضح اور گمراہی ملیا میٹ ہوگئی گمراہی نے منھ پھیر لیا دھوکہ ختم ہوگیا پس علیؑ کو وصی بنایا اور وہ کتنے اچھے وصی ہیں، کتنے اچھے ولی اور ناصر ہیں۔(۲)

**مدح ائمہؑ میں ان کے دو شعر ہیں:**

''رسول خداؐ نے اپنے بعد جانشین کی حیثیت سے چھ اور چھ (بارہ) کی نشاندہی کی ہر ایک امام اور صاحب برہان ہیں، خدائے بزرگ کی صلوات اور ابدی رضا ان کے شامل حال رہے''۔

ایک اور قصیدہ یہ بھی ہے:

''تو نے کہا کہ براثا مریم کا گھر ہے، یہ راویوں کی حدیث ضعیف ہے، لیکن براثا عیسیٰ بن مریم کا گھر ہے جو درخشاں انبیاء کا سہارا ہے، اسی میں اوصیاء طاہرین کا مسکن گذرتے زمانوں کے ساتھ رہا، حق واضح ہے کہ ستر انبیاء کے ستر وصی اس جگہ سجدہ ریز رہے ہیں، ان کے آخری فرد ہمارے امام علیؑ ہیں یہ حدیث روز روشن کی طرح عیاں ہے''۔

ایک عظیم الشان قصیدہ مدح علیؑ میں ہے علامہ امینیؒ نے اس کے گیارہ شعر نقل کئے ہیں:

**الست تری جبریل وهو مقرب — له فی العلی من راحة القصد موقف؟!**

---

۱۔مناقب آل ابی طالب (ج ۳، ص ۲۶۵) ۲۔مناقب آل ابی طالب (ج ۲ ص ۳۵)

**یقول لھم اھل العبا:انا منکم؟!        فمن مثل اھل البیت ان کنت تنصف؟!**

''کیا تم نہیں دیکھتے جبریل خدا کے مقرب فرشتہ اور والا مقام ہیں ہے وہ ارادہ الٰہی کے پابند ہیں، وہ اہل کساء سے کہتے ہیں کہ میں آپ سے ہوں، پھر بھلا اہلبیتؑ سے کون ہوسکتا ہے اگر تم انصاف کو راہ دو۔

ہاں! آل طٰہ کائنات میں سب سے بہتر اور اہل ارض کے تمام شرفاء سے برتر ہیں۔

وہ کلمات طیبات ہیں جن کے وسیلے سے گنہگاروں کی توبہ قبول ہوتی ہے۔

وہ نازل ہونے والی برکات ہیں جو تمام کائنات کے مومنین کا احاطہ کئے ہوئے ہیں۔

وہ باقیات الصالحات ہیں کہ جن کے ذکر سے ثواب میں اضافہ ہوتا ہے۔

پاکیزہ صلوات والے ہیں جسے ہر نمازی دہراتا ہے۔

وہ حرم مامون ہیں جس میں دوست امن سے اور دشمن عذاب سے بے امان ہے۔

ان کا چہرہ وجہ اللہ ہے، وہ جنب اللہ ہیں وہ کشتی نوح ہیں جس سے تخلف کرنے والا ناکام ہے۔

وہ باب اللہ ہیں، حبل اللہ ہیں، عروۃ الوثقیٰ ہیں، وہ اسماء حسنہ جس کے وسیلہ سے دعا کی جاتی ہے(۱) سمعانی نے انساب میں لکھا ہے کہ عونی شیعہ شاعر تھے وہ صحابہ کی مذمت کرتے تھے ایک قصیدہ ہے''**لیس الوقوف علی الاطلال من شانی**'' ۔(۲)

میں نے سنا کہ جب عمر بن عبدالعزیز کو معلوم ہوا کہ وہ صحابہ پر سب وشتم کرتے ہیں تو انہیں قتل کا حکم دے دیا، انہیں مدینہ میں اتنے ڈنڈے مارے گئے کہ مر گئے''۔

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ سمعانی پر عونی کا نام اور ان کے عہد اور مدفن پوشیدہ رہ گیا انہوں نے جس قصیدہ نونیہ کا تذکرہ کیا ہے اس کو ابو محمد عبداللہ بن عمار برقی نے کہا ہے جو شاعر اہلبیتؑ تھے متوکل کے سامنے جب انکا قصیدہ نونیہ پڑھا گیا تو اس نے زبان قطع کرنے اور دیوان کو جلا ڈالنے کا حکم دے دیا،

---

۱۔ مناقب آل ابی طالب، ج۱، ص۳۴۴، ج۲، ص۳۰۰، ج۳، ص۳۴۲، ۴۵۳

۲۔ الانساب (ج۴، ص۲٦۰)

متوکل کے حکم پر عمل کیا گیا جس سے وہ ۲۴۵ھ میں مر گئے۔

ان کا قصیدہ نونیہ یہ ہے:

فهو الذی ممتحن الله القلوب     عما یجمج من کفر وایمان

وهو الذی قد قضی الله العلی له     ان لا یکون له فی فضله ثان

وان قوما رجو الطال حقکم     امسو امن الله فی سخط وعصیان

لن یدفعوا حقکم الابدفعهم     ما انزل الله من ای وقرآن

فقلدوها لاهل البیت انهم     صنوالنبی وانتم غیرع صنوان

# علی بن حماد عبدی

ایک سو چالیس اشعار پر مشتمل قصیدہ کے صرف ترپن (۵۳) اشعار علامہ امینیؒ نے نقل کئے ہیں، یہاں موضوع ولایت سے متعلق صرف انتالیس شعروں کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے:

**الا قل لسلطان الهوی: کیف اعمل　　لقد الجار من اهوی وانت المومل**

''سلطان عشق سے کوئی کہہ دے کہ اب کیا کروں؟ معشوق جور وستم کر رہا ہے اور وہی پناہ گاہ ہے، گریز کا شعر ہے کہ میں نے معشوق سے وصل کی خواہش ظاہر کی تو مجھے دھتکار کر قسم کھائی کہ ہرگز وباول نہ کروں گا، اور یوں بھاگا جیسے حیدر کے حملہ سے حریف بھاگتا ہے چوپایوں کی ٹاپوں سے ساری فضا تیرہ وتاریک ہوگئی تھی ایسا بھیانک دن کے مشرکین کے مقابلے کے وقت تلوار سے موت کی بارش ہوتی ہے۔

حیدر کی وہ تلوار کنڈلی مارے اس سانپ کی طرح تھی اس کی حرکت یوں تھی جیسے پتھر پر چیونٹی پھسلتی ہے جب وہ نیام سے باہر آتی اور مقابل طلب کرتی تو پہاڑوں کے پتے پانی ہو جاتے۔اس تلوار سے حیدر نے مرحب کو خاک چٹائی، عمرو بن عبدود کا خون پیا، اسی کی وجہ سے اسلام استوار ہوا اس کی کجی درست ہوئی اور دین حنیف مکمل ہوا''۔

آگے فرماتے ہیں:

''وہ کھوپڑیاں اڑانے والے ایسے قہرمان تھے کہ نوفل جیسے بہادر کو خاک وخون میں غلطاں کر دیا اور جبریل نے بلند آواز سے آسمان میں تکبیر وتہلیل کی صدا بلند کی۔

بروز غدیر وہ مصطفیٰؐ کے بھائی اور ان کے صنو (شریک ہدایت) قرار پائے، انہوں نے ہی جسد رسولؐ کو غسل وکفن کے بعد سپرد لحد کیا۔

انہیں کے لئے غروب کے بعد سورج پلٹا جب کہ آپ کی نماز قضا ہوگئی تھی، اور یہ فوت شدہ نماز فضیلت کے وقت سے افضل تھی اور نماز کے بعد وہ مغرب کی طرف یوں رواں ہوا جیسے شیاطین کی طرف شہاب ثاقب۔ کیا رسول خداؐ نے ان کے لئے کھڑے ہوکر پالان شتر کے منبر پر تقریر نہیں فرمائی جب کہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے، تمام صحابہ کے مقابلہ میں صرف علیؑ ہی میرے بھائی ہیں اگر تم پوچھو تو بتاؤں کہ مجھے پیغام جبریل نے پہونچایا ہے علیؑ حکم خدا سے میرے بعد خلیفہ ہیں وہ جو کچھ کریں بہر حال وہ تم پر میرے وصی ہیں۔

خبردار ان کی نافرمانی گویا میری محبت کی نافرمانی ہے، اور میری نافرمانی خدا کی نافرمانی ہے اور حق واضح ہے، خبردار اس کا نفس میرا نفس ہے اور میرا نفس اس کا نفس ہے یہ خبر نص کی بنیاد پر نازل شدہ وحی ہے۔

آگاہ ہوجاؤ میں تمہارے لئے شہر علم ہوں اور جو بھی اس میں داخل ہونا چاہتا ہے علیؑ اس کا دروازہ ہیں۔

آگاہ ہوجاؤ کہ وہ تمہارے مولیٰ اور ولی ہیں اور حق کے معاملہ میں سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے اور انصاف کرنے والے ہیں۔

اس وقت سب نے ایک ساتھ کہا ہم نے بخوشی انہیں اپنا حاکم تسلیم کیا ہمارے تمام امور و معاملات انہیں کے حوالہ ہیں۔

ان کی فضیلت کے لئے ایک دوسری علامت بھی بتاتا ہوں جو تمہارے لئے کافی ہوگی جس دن تمام قوم یثرب کی جانب رواں تھی سبھی تشنگی سے پریشان تھے وہیں ایک دیر نظر آیا جہاں ایک دانشمند راہب تھا دور ہی سے اس کو بلند آواز سے پکارا، راہب خوف سے لرزنے لگا عالم وحشت میں اس نے دیر سے اپنا سر نکالا اس نے پوچھا اے پارسا! یہاں کہیں قریب میں پانی ہے؟ یہ سنگلاخ اور خشک زمین ہے لیکن انجیل میں مرقوم ہے کہ یہیں کہیں چشمہ ہے دو فرسخ کے فاصلے پر اور اس کو وہی دیکھ سکتا ہے جو رسول ہو، یا فضیلتوں والا وصی رسول ہو۔

خدا کا نام لے کر پانی کی تلاش میں چلے دیر کا راہب آنکھوں سے تماشہ دیکھ رہا تھا، ایک جگہ ٹھہر کر

اترے اور آپ کے ساتھ تمام سوار بھی اتر گئے تشنگی سے سب کے کلیجے پھنک رہے تھے ان سے فرمایا یہ جگہ ہے جو بھی پانی کا طلبگار رہے اسے یہاں پر کھودنا چاہئے تھوڑی دیر میں ایک پتھر نمودار ہوا جو اپنی جگہ سے ذرا جنبش نہیں کرتا تھا وہ پتھر صاف وسفید چاندی کی طرح سے تھا جیسے چاندی کے ریزے چھڑک دئے گئے ہوں یا شاداب چھلنی، فرمایا اسے نکالو سب نے بھر پور کوشش کی لیکن وہ پتھر نہ ٹلا۔

سب نے بیک زبان کہا یا علیؑ! یہ صاف پتھر اور پھسلن والا پتھر ہے، ہم سب عاجز ہو کر تھک گئے ہیں سواری سے اتر کر آپ نے ہاتھ بڑھایا اور پتھر کو ہٹا دیا اس کے نیچے سے ایک شیریں اور صاف پانی بہہ رہا تھا سب نے سیر ہو کر پانی پیا آپ نے پھر وہ پتھر وہیں رکھ دیا نہ تھکے نہ حیران ہوئے راہب نے یہ حال دیکھا تو تیزی سے حضرت کے پاس آکر ہاتھوں کا بوسہ لینے لگا اور سب کے سامنے اسلام لے آیا کہنے لگا میرا خیال تھا کہ آپ کا ہی نام ایلیا ہے، میرا خیال صحیح نکلا، میں جاہل ونادان نہیں تھا''۔

## دوسرا قصیدہ:

لعمرک یافتی یوم الغدیر     لانت المرء اولی بالامور

''آپ کی جان کی قسم! اے جواں مرد غدیر کہ آپ ہی تمام معاملات کے ''اولوالامر'' ہیں آپ اشرف کائنات کے بھائی، اور مباہلہ کے دن رسول بشیر کے نفس قرار پائے، آپ شریک ہدایت، پاک نفس داماد، امام حسنؑ اور امام حسینؑ کے والد ماجد ہیں آپ ہی ہیں کہ جس نے دنیا کو اپنی قیمت نہیں قرار دیا، آپ کا کوئی مثل ونظیر نہیں، آپ ہی ہیں جس کے لئے اونٹ کی گردن کی طرح کہسار سے چشمہ آب جاری ہوا جب بشارت دینے والے نے اس کی بشارت دی تو حضرت علیؑ نے فرمایا مژدہ ہوا اے بشارت دینے والے میں نے عزت وقدرت والے خدا کے لئے اس کو وقف کر دیا وہ سب کے لئے مباح ہے۔

آپ اکثر فرماتے: اے دنیا میرے علاوہ کسی دوسرے کو دھوکہ دینا، میں دھوکا کھانے والا نہیں، آپ نے اپنی رفیقہ حیات کے ساتھ مصیبتوں میں صبر کیا اور دونوں نے صبر کا بہترین انجام پایا۔

ام ایمن کہتی ہیں کہ میں ایک دن فاطمہ زہراؑ کو سخت دھوپ میں دیکھنے گئی میں ان کے قریب پہونچی

تو چکی چلنے کی آواز سنی لیکن کوئی چلانے والا نہ تھا، میں نے کنڈی کھٹکھٹائی کوئی جواب نہ ملا میں محمد مصطفےٰؐ کی خدمت میں پہونچی اور سارا ماجرا کہہ سنایا، آپ نے شکر خدا کے ساتھ فرمایا خدا نے میری حیادار فاطمہؑ کو یہ نعمت کرامت فرمائی ہے۔، خدا نے اس کی تھکن دیکھی تو نیند غالب کر دی وہ بڑا ہی احسان کرنے والا ہے، ایک فرشتہ کو چکی پر مامور کر دیا کہ گیہوں پس جائے میں خوش ومسرور واپس ہوگئی۔

وہی علی ہیں جن کا عقد فاطمہ زہراؑ سے آسمان پر ہوا ان کا مہر زمین کا پانچواں حصہ مقرر ہوا خداوند عالم کے خیر وکرم سے جو کچھ بھی زمین پر روئیدگی ہو۔

اس طرح یہ مردوں میں سب سے بہتر اور وہ تمام عورتوں میں سب سے بہتر ہیں اور ان کا مہر بہترین مہر قرار پایا اور ان کے دونوں فرزند تمام کائنات میں ہی بہترین ہیں یہ ہے لطف پروردگار ان کی مودت رسول خداؐ کی تبلیغ ورسالت کا اجر قرار پائی''۔

اس قصیدہ میں فضائل علیؑ کے بعض گوشوں کی طرف اشارہ ہے جیسے حدیث مواخاۃ اور واقعہ مباہلہ جس میں علیؑ قرآن وحدیث کی نص سے نفس رسولؐ قرار پائے میں نے تیسری جلد میں ان دونوں پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔

اس میں چشمہ کے جاری ہونے کا واقعہ بھی بیان کیا گیا ہے، جسے حافظ بن سمعان نے کتاب موافقت میں اور ان سے محبّ الدین طبری نے ریاض النضرۃ (۱) میں نقل کیا ہے کہ عمر نے اپنے زمانہ خلافت میں چشمہ کی زمین آپ کے اختیار میں دیدی حضرت علیؑ نے اسی کے قریب کچھ دوسری جائداد بھی خریدی تھی آپ نے وہاں چشمہ کھودنے کا حکم دیا اچانک وہاں سے ایک چشمہ تیز دھارے والا جاری ہوا جیسے اونٹ کی گردن سے نحر کرتے وقت خون جاری ہوتا ہے، حضرت علیؑ کو جب بشارت دی گئی تو آپ نے فرمایا وارث کو مژدہ سناؤ آپ نے راہ خدا میں اسے خیرات کر دیا۔(۲) ابن ابی الحدید (۳) لکھتے ہیں۔

---

۱۔ریاض النضرۃ، ج۲،ص۲۲۸ (ج۳،ص۱۸۳)　　۲۔محمد رضا مصری کی الامام علیؑ ،ص۱۷

۳۔شرح نہج البلاغہ ،ج۲،ص۲۶۰ (ج۷،ص۲۹۰،خطبہ ۱۱۹) معجم البلدان ، ج۸،۲۵ (ج۵،ص۴۵۰) وفاء الوفاء ، ج۲، ص۳۹۳ (ج۴،ص۱۳۳۴)

کہ روایت میں آیا ہے کہ امیر المومنینؑ کی خدمت میں خوشخبری لئے ہوئے ایک شخص آیا کہ آپ کی جائداد میں جوش مارتا ہوا چشمہ جاری ہوا ہے آپ نے فرمایا کہ وارث کومژدہ سناؤ کئی بار یہ فقرہ دہرایا پھر اس جائداد کو فقراء اور مساکین کے لئے وقف کر دیا اور اسی وقت ایک وقف نامہ بھی تحریر کر دیا۔

ارشاد علیؑ ''یا دنیا غری غیری'' کو اکثر حفاظ نے لکھا ہے، اسی طرح چکی کا واقعہ حدیث ابوذر میں ہے رسول نے فرمایا اے ابوذر! بہت سے فرشتے زمین پر چکر لگاتے رہتے ہیں وہ آل محمدؐ کے تعاون پر مامور ہیں (۱) اسی طرح عقد زہراؑ اور مودت اجر رسالت کے واقعہ کو مع اسناد ہم دوسری جلد میں نقل کر چکے ہیں۔

## تیسرا قصیدہ:

خدا کو راضی کرو اور شیطان کو ناراض کرو تا کہ حشر کے دن تمہیں رضائے خداوندی حاصل ہو، اپنی ولایت کو ان لوگوں کے لئے خالص کرو جن کی ولایت قرآن میں فرض قرار دی گئی ہے، رسول اشرف کائنات محمد مصطفےٰ کی آل کا مرتبہ ومقام خدا کے نزدیک بہت بلند ہے وہ ایسا گروہ ہیں جن سے دین ودنیا کا قوام ہے کیونکہ وہ دین ودنیا کے ارکان ہیں جس گروہ کی محبت خوف کے ماحول میں مایۂ امن وامان ہے۔

جس گروہ کی اطاعت طاعت حق، جن کی نافرمانی خدائے رحمان کی نافرمانی ہے وہ صراط مستقیم ہیں ان کی محبت قیامت میں نامہ اعمال کا وزن بڑھائے گی خدا نے ان کی ذات کو ہدایت وگمراہی کا معیار قرار دیا ہے۔

وہ محافظ شریعت ہیں شریعت کو جھوٹ اور بہتان سے محفوظ رکھتے ہیں قرآن میں ان کی فرمانبرداری کو تمام خلائق پر واجب قرار دیا گیا ہے قرآن سے سن لو۔

---

۱۔ ریاض النضرۃ، ج ۲، ص ۲۲۳ (ج ۳، ص ۱۷۷) صواعق محرقہ، ص ۱۰۵ (۱۷۶) اسعاف الراغبین، ص ۱۵۸، اعجب ما رائیت، ج ۱، ص ۸، الامام علی، ص ۱۸

حدیث متواتر ہے کہ رسول خداؐ نے ان کی ولایت وحفاظت کی ہمیں وصیت فرمائی ہے وہ رسولؐ جس کی صداقت کی گواہی ریگ صحراء نے دی جس پر خدا نے قرآن نازل کیا تمام کے تمام علوم پر برہان و حجت قرار پائے جس رسولؐ نے بروز غدیر اپنے وصی کا تعارف کرایا تاکہ اساس ایمان مکمل ہوا ایسا کون ہے کہ جس کے لئے یوم غدیر کو مخصوص کیا گیا ہو جس کو کوئی انکار نہ کر سکے۔

وہی ہیں جنہوں نے مرغ بریاں کھایا، جس کا کوئی بھی انکار نہیں کر سکتا، وہی ہیں جنہوں نے کوہ حراء میں میوہ بہشت تناول فرمایا خدا نے انار تحفہ میں بھیجا، وہی ہیں جن کی ثنا خوانی میں خدا نے سورہ ہل اتی اتارا اور حور وغلمان کو جزا میں مرحمت فرمایا، جس کے مکارم پر سے رسولخداؐ نے پردہ ہٹایا ،جن مکارم کو خدا نے کسی کو عطا نہیں کیا۔

جس کی ولایت کا اقرار صرف حلال زادہ ہی کر سکتا ہے اور جس کی ماں نے اپنے شوہر سے خیانت نہ کی ہو۔

## چوتھا قصیدہ:

اے عید غدیر! مسرت وشادمانی کے ساتھ ہر سال آتی رہ۔

تجھ میں چاشت کے وقت حضرت علیؑ ہر امیر کا سالار وامیر قرار پائے۔

صبح دم جبریل خدا کی طرف سے نازل ہوئے اور کہا اے احمدؐ! اس چشمے پر اتریئے۔

اور پیغام پہونچا دیجئے، اگر آپ نے یہ پیغام نہ پہونچایا تو کوئی پیغام ہی نہ پہونچایا۔

پس آپ نے سب کو قیام کا حکم دیا اور پالان شتر کے منبر پر تشریف لے گئے فرمایا خدائے لطیف وخبیر کا فرمان آیا ہے کہ میں علیؑ کو اپنے بعد خلیفہ بنادوں یہ سن کر سب نے علیؑ کی بیعت کی جس کی دنیا میں کوئی نظیر نہیں ملتی، آپ ہر پیش رو کے امام اور ہر بزرگ کے مولا قرار پائے ہر ہدایت کا باب اور نور کے اوپر نور قرار پائے۔

میرے بعد یہ ہر منکر اور کافر کے لئے حجت خدا ہیں آپ کے بعد بارہ مہینوں کی طرح ہدایت کے

چاند ہیں جن کے اسماء دہرائے ہوئے مذکور ہیں ( سات اسماء کو دہرانے سے چودہ کی تعداد پوری ہوتی ہے ) موسیٰ وعیسیٰ کے صحیفوں ( زبور وانجیل ) میں ہمیشہ ان آئمہ کے نام لوح محفوظ میں درخشاں رہیں گے ،فرشتگان الٰہی ان کی زیارت کرتے رہتے ہیں آپ نے خدا کو گواہ کر کے فرمایا کہ میں نے حکم خدا ہر حاضر تک پہونچا دیا ، اسوقت سالار غدیر کو بلایا علیؑ اس جم غفیر سے برآمد ہوئے آپ کے ہاتھ پر ان لوگوں نے بھی بیعت کی جو دلوں میں کینہ چھپائے ہوئے تھے اور خدا اچھی طرح جانتا ہے جو لوگ اپنے دلوں میں چھپاتے ہیں ۔

## مدح علیؑ میں پانچواں قصیدہ:

کائنات میں محمد مصطفیؐ کا ان کے بھائی علیؑ کے سوا کوئی بھی مثل ونظیر نہیں (۱) انہوں نے اپنی جان فدا کی جب کہ ان کے بستر کا قریش نے احاطہ کر لیا تھا۔

انہوں نے طائف میں رسولؐ سے سرگوشی کی ،تمام اصحاب جو وہاں موجود تھے ، انہوں نے کہا کہ علیؑ سے سرگوشی بہت طویل ہوگئی رسولؐ نے فرمایا اور اس میں جھوٹ کا ذرا بھی شائبہ نہ تھا کہ میں نے اس سے سرگوشی نہیں کی بلکہ عزت والے واقف کار خدا نے ان سے سرگوشی کی ہے ۔

اور غدیر خم میں رسولؐ نے فرمایا: بلا شبہ علیؑ میرے بعد خلیفہ وامیر ہیں ، اور ان کے سوا سب کے دروازے بند کئے تھے جس سے دلوں میں بھونچال آ گیا تھا ،علیؑ کے بارے میں بہت سی باتیں کہی گئیں دلوں میں شرارتیں رینگنے لگیں ۔

رسولؐ نے فرمایا: تم علیؑ سے کیا چاہتے ہو خدا خود دیکھنے اور سننے والا ہے میں نے تمہارا راستہ مسجد میں بند کیا خدائے مقتدر نے ایسا ہی حکم دیا تھا۔

یہ فضیلت اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ منفرد حمایتی ہیں ۔

---

ا۔ پیغمبر اسلامؐ کی اس حدیث کی طرف اشارہ ہے ’’ہر نبی کا اس امت میں ایک نظیر ہے اور علیؑ میرا نظیر ہے‘‘ ریاض النضرۃ ، ج ۲، ص ۱۶۴ ( ج ۳،ص ۱۰۸ )

## چھٹا قصیدہ بھی عظیم مدحیہ نغمہ ہے:

''خداوند عالم نے احمد سے فرمایا (خلافت علیؑ کی) قریش میں تبلیغ کردیجئے، میں دشمنوں سے آپ کی حفاظت کروں گا اگر آپ نے میرا یہ پیغام نہ پہونچایا تو آپ نے گویا نہ کوئی کار رسالت ہی انجام دیا اور نہ ہی آپ امین ہیں۔

پس آپ نے لوگوں کو غدیر خم میں ٹھہرایا، اور علیؑ آئے پھر آپ نے مسلمانوں کو آواز دی ان کے ہاتھوں کو اس طرح بلند کیا کہ تمام موجود لوگوں نے دیکھا۔

کس قدر وہ معزز ہاتھ تھا جس نے بلند کیا اور کیا معزز ہاتھ تھا جو بلند ہوا، آپ نے ان سے فرمایا اور سبھی گوش بر آواز تھے سبھی توجہ سے سن رہے تھے: آگاہ ہو جاؤ جس کا بھی میں مولا ہوں یہ اس کا مولا ہے تم سب گواہ رہنا، خدا اس کو دوست رکھے جو علیؑ کو دوست رکھے اور اس کے دشمنوں پر غضبناک ہو۔

جابر بن عبداللہ انصاری سے مروی ہے کہ ہم مومنین کو علیؑ کے ذریعہ آزماتے تھے ہم جب کسی میں محبت علیؑ دیکھتے تھے تو سمجھ جاتے تھے کہ یہ مومن ہے اور اگر ان سے نفرت رکھتا تھا تو سمجھ جاتے تھے کہ یہ منافق ہے۔

بغض علیؑ رکھنے والوں کا ستیاناس ہو، کیوں ہماری جان کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں یہ بات انصار کی آزمودہ بات ہے کہ ہم دشمن علیؑ کے ذریعے منافقین کو پہچانتے تھے اور یقینی طور سے سمجھ جاتے تھے کہ اس سے نفاق میں کوئی شک وشبہ نہیں کیا جاسکتا''۔

## مدح علیؑ میں ساتواں قصیدہ:

''غدیر کا دن اسلامی نقطہ نظر سے تمام ایام میں شریف ترین ہے جس دن خدا نے ہمارے امام کو متعارف کرایا، میری مراد ہے وصی رسولؐ اور ہر پیشوا کا تعارف، رسولؐ نے پالان شتر کے منبر پر کھڑے ہو کر وصی کا بازو تھام کر قوم سے فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اس کا یہ مولا ہے، یہ خدائے مقتدر اور علام کی طرف سے وصی ہے، یہ زندگی میں تم پر میرا وزیر ہے اور جب میں وفات پا جاؤں تو میرا قائم مقام ہے۔

پروردگارا! جو بھی اس کی ولایت کا دم بھرے اسے دوست رکھ اور جو اسے دشمن رکھے اس پر غضبناک ہو پھر تو بیعت کے لئے لوگوں کے ہاتھ لپکنے لگے، اسی دن دین کامل ہوا اور نعمتیں تمام ہوئیں''۔

## مدح علیؑ میں آٹھواں قصیدہ:

تم نصوص امامت اور اجماع صحابہ چاہتے ہو؟

تم نے رسولؐ کا سچا قول نہیں سنا جو آپ نے کل بروز غدیر کس طرح للکارا تھا کہ آگاہ ہو جاؤ بے شک یہی تمہارا ولی ہے اس کی اطاعت کرو جو اس کی اطاعت نہ کرے اس پر پھٹکار۔

اور ان کے لئے فرمایا تم میرے اسی طرح بھائی ہو جس طرح ہارون شریک رسالت تھے وہ مطمئن ہو گئے۔

اور ان کے لئے فرمایا:

تم میرے شہر علم کے دروازہ ہو جو بھی چاہے بہرہ یاب ہو، اور تمہاری ہدایت کے لئے فرمایا کہ علیؑ تم میں سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے ہیں سبھی گذرے لوگ علیؑ کی پیروی کرتے رہے۔

اور تبلیغ سورہ برأت کے دن خدا نے واضح نص کا ثبوت فراہم کر دیا، اب دھوکا نہیں دیا جا سکتا اور قرآن میں انہیں نفس رسول کہا گیا مباہلے کے دن بڑے خشوع کا موقع تھا وہ۔

اور مواخات کے دن پکار کے کہا کہ آج سے تم میرے بھائی ہو اس طرح بلند مرتبہ کیا، اور جس دن رسولؐ کو طائر پیش کیا گیا اور آپ نے خدا سے عاجزی کے ساتھ دعا کیا اے خدا! اپنے محبوب ترین بندہ کو بھیج دے تا کہ ہم اس کے ساتھ اسے کھائیں ابھی دعائے رسول تمام نہ ہوئی تھی کہ علیؑ آ گئے پھر آپ واپس کر دئے گئے یہ تین بار ہوا آخری بار آپ نے دروازہ کھٹکھٹایا تو نبیؐ نے فرمایا کہ داخل ہو جاؤ تم نے بہت دیر تک انتظار کرایا آپ نے انہیں باخبر کیا کہ میں تین بار آیا لیکن روکنے والے نے مجھے روک دیا آپ نے روکنے والے کو غصہ سے دیکھا کہ کیوں میرے بھائی کو آنے سے روکا اس کی وجہ سے اس کے چہرہ پر سفید داغ نمودار ہو گئے وہ اپنے چہرہ پر نقاب ڈالے رہتا تھا۔

پھر تم نے کیا سوچ کر دوسروں کو علیؑ پر ترجیح دی جب کہ علیؑ کو خدا نے منتخب فرما لیا ہے، پھر کس طرح

لالچی اور کینہ توزی لوگوں کے اجماع کو ان نصوص کے مقابلے میں پیش کیا جا سکتا ہے؟

## مدح علیؑ میں نواں قصیدہ:

اے حیدر کے متعلق مجھ سے سوال کرنے والے تو نے مجھے پریشانی میں ڈال دیا میں اس سوال کا جواب دینے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔

خداوند عالم نے علیؑ کا نام بالکل واقع کے مطابق رکھا ہے، وہ بلندیوں کے آسمان پر سرفراز ہیں، انہیں خدا نے دوسروں کے مقابل راہ ہدایت کے لئے بطور نشانی منتخب کیا، خدا نے تمام کائنات والوں سے بروز غدیر ان کی ولایت کا عہد و پیمان لیا ۔

جس دن رسول خداؐ نے صحابہ کے درمیان برادری قائم کی انہیں (علیؑ کو) اپنا بھائی اور شریک قرار دیا۔

آسمان کے فرشتے انہیں حیدر فاروق کے نام سے یاد کرتے ہیں، انہوں نے سب سے پہلے احمد مصطفےؐ کی رسالت کی تصدیق کی اسی لئے انہیں صدیق کہا جانے لگا، اگر ان اسماء گرامی کو کسی دوسرے سے وابستہ سمجھتے ہو تو کوئی معتبر ثبوت فراہم کرو۔

## مدح علیؑ میں دسواں قصیدہ:

اٹھائیس شعروں پر مشتمل اس قصیدہ میں شاعر نے نجف کی طرف تیز رفتار اونٹ پر سوار زائر سے خطاب کیا ہے کہ تم نجف جار ہے ہو جہاں علیؑ کا مزار ہے، جہاں نور ہدایت روشن ہے، جہاں کی خوشبو زائر کو قبل ہی سے اپنے احاطہ میں لے لیتی ہے، وہاں مومنین کی بہار، مغفرت و رضوان اور ایمان و فضیلت تقسیم ہوتی ہے، وہاں آسمان کے فرشتے احرام باندھ کر آتے ہیں اور عبادت کرتے رہتے ہیں، جب وہاں پہونچنا تو مولا کو میرا اسلام کہنا، اور کہنا کہ آپ قیامت میں میری شفاعت کریں۔ مجھے ان لوگوں پر حیرت ہے جو اس دوپہر کے سورج کو دیکھنے سے بھی اندھے بنے ہوئے ہیں معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے قرآن

میں ان کے متعلق سورے نہیں پڑھے، وہ ہدایت چھوڑ کر اندھیرے میں بھٹک رہے ہیں۔

**غدر وبه یوم الغدیر**۔ انہوں نے بروز غدیر غداری کی اور عہد مسئول کو ضائع کر دیا۔

اے جہنم بانٹنے والے آپ سے ہر شیعہ محبت کرتا ہے آپ ہی صراط مستقیم، ساقی حوض کوثر، اور آپ ہی کے ہاتھ میں جنت وجہنم کی کنجی ہے، میں نے دل میں آپ کی محبت کاشت کی ہے اور انسان کل قیامت میں وہی کاٹے گا جو بویا ہے۔

## گیارہواں قصیدہ انیس شعروں پر مشتمل ہے:

علیؑ کا خدا کے نزدیک مرتبہ بلند ہے اگرچہ فضائل بیان کرنے والوں کی ملامت کرنے والے بہت ہیں، وہ عروۃ الوثقیٰ ہیں جس سے وابستہ ہونے میں رسی ٹوٹنے کا ڈر نہیں، وہ عابد شب زندہ دار اور قائم اللیل تھے، انہوں نے موت کے گرداب میں دین نبی کے ارکان استوار کئے، اسی لئے رسولؐ نے انہیں اپنی اخوت کے نازش آفریں اعزاز سے سرفراز کیا، اور انہیں بروز غدیر مولا بنایا، وہ تمام لوگوں کے مولا اور امام ہوگئے، بدر میں بہادروں کی کھوپڑیاں اڑائیں، خیبر کے دن علم ملا اور فتح سے سرفراز ہوئے، رسولؐ نے فرمایا تھا کل اسے علم دوں گا جس کی حرمت مسلم ہے، پھر فرمایا لو یہ علم تم سے شکست کا ڈر نہیں، امیر المومنینؑ اسطرح چلے کہ آپ کے آگے آگے دعائے رسولؐ اور نصرت تھی، مضبوط قلعہ کے دروازے کو اکھاڑ پھینکا اور دشمنوں کو موت کا مزا چکھایا، خیبر کے بہادر، مرحب کا خون کیا اور یہودیوں کی ناک رگڑ دی۔

اور پوچھو کہ ''سلع'' میں عمرو کے ساتھ کیا کیا جب کہ جنگ کے شعلے بھڑک اٹھے تھے، بہادروں کے پتے پانی ہو رہے تھے سبھی کانپ رہے تھے گھگھی بندھی ہوئی تھی، اس کے مقابل وہی گیا جس نے اپنی تلوار سے گھروں میں صف ماتم بچھا دی۔

رسول نے فرمایا: یا علیؑ تم ہی میرے بعد تاویل قرآن کے لئے جنگ کرو گے اسی لئے بیعت توڑنے والوں سے جنگ جمل میں پیکار کی، صفین کے دن قاسطین سے جنگ کی، اور نہروان میں مارقین کا خون بہا کر ان کے بھیجے باہر کئے۔

## بارہواں قصیدہ:

ولائے مرتضیٰ میرا توشہ دنیا بھی ہے اور کل قیامت میں بھی شاہ خوباں اور تمام دنیا کے سردار غدیر خم میں ہمیشہ کے لئے مولا و آقا بنائے گئے۔

اس دن لوگوں نے ہاتھ بڑھا بڑھا کر مرتضیٰ کی بیعت کی، وہ فضیلتوں میں بالکل مصطفےٰ ہیں نہ کم نہ زیادہ، آسمانی کتابوں میں وہ جنب اللہ اور عین اللہ ہیں، عورتوں نے ان جیسا فرزند پیدا نہیں کیا اور نہ آئندہ پیدا کرسکتی ہیں۔

جس نے جنگ میں غبار غم دھویا، بدر، احد، خیبر اور بنی نظیر کے یہود اور اسی طرح خندق کے دن سلع کے مقام پر جنگ میں جب فریاد و اویلا ہوئی تھی تو لبوں پر جان آجاتی، بڑے بڑے بہادروں کے کلیجے اس شیر نر کے خوف سے پانی تھے، سانسیں رک جاتی تھیں آپ کی ہیبت سے سناٹا چھا جاتا گویا یہاں کوئی موجود ہی نہیں صرف انہیں کی آوازیں تھیں آپ ہی کی تلوار جو سروں اور اسلحوں پر پڑ رہی ہے۔

ہمارے شاعر عبدی کے دوسرے غدیری قصائد بھی ہیں کچھ آگے بیان ہوں گے اور باقی کو ہم نے نظر انداز کردیا ہے۔

## شاعر کا تعارف:

ابوالحسن۔علی بن حماد بن عبیداللہ بن حماد۔عدوی۔عبدی۔بصری؛ شاعر کے والد حماد خود بھی شعراء اہلبیتؑ میں ہیں چنانچہ شاعر خود کہتا ہے:

وان العبد عبدکم علیاً　　کذا حماد عبد کم الادیب

اراکم والدی با شعر قبلی　　واوصانی بہ ان لا اغیب

یا علیؑ! آپ کا یہ بندہ ناچیز بھی اپنے باپ حماد کی طرح ادیب بندہ ہے، تمہارا یہ مرثیہ میرے والد نے مجھ سے پہلے کہا اور مجھے وصیت کی کہ یہ سلسلہ بند نہ کروں۔

ابن حماد نامور ترین شیعوں میں تھے، بلند قامت علماء میں شمار ہوتا تھا صف اول کے شاعروں میں

تھے، حافظ حدیث بھی تھے صدوق وغیرہ کے معاصر تھے نجاشی نے ان کا زمانہ پایا تھا رجال نجاشی (۱) میں ہے کہ میں نے انہیں دیکھا ہے، لیکن ابواحمد جلودی اپنی کتاب میں بواسطہ شیخ غضائری (م ۴۱۱) روایت کرتے ہیں اسی طرح ابن حماد مشائخ غضائری میں ہیں جو اساتید محدثین سے صاحب اجازہ ہیں ابن حماد کی محدثانہ عظمت کے لئے یہی کافی ہے کہ غضائری جیسا بزرگ ان سے روایت کرتا ہے۔

فن شعر میں تو ان کا جواب ہی نہیں، شعر وادب میں فصاحت و بلاغت کا تو طوطی بولتا تھا نظم میں موتی پروتے تھے، قصائد تھے کہ منظّم درج گہر، تمام تذکرہ نگاروں نے احترام سے ان کا ذکر کیا ہے۔

ان کے شعری مہارت پر کسی کو کوئی شک نہیں کہ میدان سخن کے شہسوار تھے فصاحت کے تمام گلی کوچوں میں بلاغت کے پرچم لہراتے رہے متوازن کلمات کو قامت نظم میں گہر کی طرح پروتے رہے آپ کا اسم گرامی تمام تذکرہ نگاروں کے یہاں موجود ہے۔ (۲)

مدح اہل بیتؑ میں قصائد و مراثی بہت زیادہ کہے، بہت زیادہ کہا اور بہت خوب کہا، وہ فضائل اہلبیتؑ کے بیان میں اپی ہوئی تلوار تھے چنانچہ ابن شہرآشوب نے غازیان شعراء اہلبیتؑ میں آپ کو شمار کیا ہے آپ کے مدحیہ کلام کو علامہ سماوی نے جمع کیا ہے، لگ بھگ ''۲۲۰۰'' اشعار تک تعداد پہونچتی ہے، اکثر کلام میں ان کی فنی مہارت اور معانی آفرینی نیز قافیہ پردازی میں صف اول کے شاعروں کی طرح ہے، علم حدیث میں نکتہ سنجی سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ عظیم دانشور بھی تھے وہ جو کچھ بھی کہتے صرف فضائل اہلبیتؑ پر مشتمل ہوتا ، وہ قرآن وحدیث کے موتی چن کر لوگوں کو خاصان خدا کی طرف دعوت دیتے نظر آتے۔

اس لئے ان کی شاعری محض شاعری نہیں ہے بلکہ مناظرہ واستدلال کے سمندر موجزن ہیں، نجم الدین عمری اپنی کتاب مجدی (۳) میں فرزندان زید بن علی کے ذیل میں ابن حماد کے ایک مناظرانہ قول پر تبصرہ کرتے ہوئے حسین کلام، قوی حجت ہونے کا اعتراف کرتے ہیں ان کی دینی بصیرت کے سبھی معترف تھے۔

---

۱۔ رجال نجاشی (ص ۲۴۴، نمبر ۶۴۰)

۲۔ رجال نجاشی، ص ۱۷۱ (ص ۲۴۴، نمبر ۶۴۰) المجدی فی انساب الطالبین (ص ۱۸۵) معالم العلماء (۱۴۷) علامہ حلی کی ایضاح الاشتباہ (ص ۹۲۱۸ مجالس المومنین ص ۴۶۴ (ج ۲ ص ۵۵۸) ریاض العلماء (ج ۴ ص ۷۰) ریاض الجنۃ ریاض، تنقیح المقال (ج ۲، ص ۲۸۶)

۱۔ المجدی (ص ۱۵۸)

## ولادت ووفات:

ہمیں ابن حماد کی تاریخ ولادت اور وفات کا کہیں سراغ نہ مل سکا صرف اتنا کہا جا سکتا ہے کہ نجاشی نے ان کا زمانہ پایا تھا لیکن ان سے روایت نہیں کی ہے ان کی ولادت صفر ۳۷۲ھ میں ہوئی نجاشی کے استاد جلودی جن سے ابن حماد نے روایت کی ہے ۱۷ ذی الحجہ ۳۳۲ھ میں وفات پائی اس طرح قرینہ بنتا ہے کہ ابن حماد چوتھی صدی کے اوئل میں پیدا ہوئے اور چوتھی صدی کے اواخر میں وفات پا گئے۔

میں نے ایک نادر خطی مجموعہ میں ابن حماد عدی کا قصیدہ دیکھا ہے جسے ابن شہر آشوب نے نصیبان بن مصعب عبدی کے نام سے منسوب کر دیا ہے انہیں کی پیروی صراط مستقیم کے مولف بیاضی نے بھی کی ہے جو صحیح نہیں ہے، قصیدہ کا اول شعر یہ ہے:

**اسائلتی عما الاقی من الاسا　　سلی اللیل عنی ھل اجن اذاجنا**

علامہ امینیؒ نے پورا قصیدہ نقل کیا ہے جو ایک سو چھ شعروں پر مشتمل ہے۔

مدح امیر المومنینؑ میں ایک مختصر قصیدہ یہ ہے:

| | |
|---|---|
| **حدثنا الشیخ الثقہ** | **محمد عن صدقہ** |
| **روایۃ متفقہ** | **عن انس عن النبی** |
| **راتہ علی حری** | **مع علی ذی النھی** |
| **یقطف القطفافی الھوی** | **شیئا کمثل العنب** |
| **فاکلا منہ معا** | **حتی اذاما شبعا** |
| **رایتہ مرتفعا** | **فطال منہ عجبی** |
| **کان طعام الجنہ** | **انزلہ ذو العزۃ** |
| **ھدیۃ للصفوہ** | **من الھدایا النخب** |

اس قطعہ میں جس حدیث کی طرف اشارہ کیا گیا اسے ابن جریر طبری نے بسند خود انس بن مالک سے روایت کی ہے کہ ایک دن رسول خداؐ خچر پر سوار ہو کر کوہ کدی پر تشریف لے گئے پھر خچر میرے حوالہ کر

کے فرمایا فلاں جگہ چلے جاؤ وہاں علیؑ کو تسبیح الٰہی میں مصروف پاؤ گے، میرا سلام کہنا اور اس خچر پر سوار کر کے یہاں لے آؤ۔ انس گئے پیغام پہونچایا جب خدمت رسالتؐ میں پہونچے تو آپ نے فرمایا بیٹھو یہاں ستر پیغمبر و مرسل بیٹھ چکے ہیں اور ان میں سب سے بہتر میں ہوں وہ انبیاء اپنے بھائیوں کے ساتھ بیٹھے تھے اور تم ان بھائیوں میں سب سے بہتر بھائی ہو۔

انس کہتے ہیں کہ اتنے میں ایک ابر سفید ان دونوں حضرات پر سایہ فگن ہوا اس میں سے ایک خوشہ انگور نمودار ہوا رسول خداؐ نے تناول فرمایا اور علیؑ سے کہا کھاؤ یہ ہدیہ الٰہی ہے انگور کھانے کے بعد پانی پیا اور وہ ابر آسمان پر بلند ہو گیا رسول خدا نے فرمایا خدا کی قسم اس انگور کو تین سو ستر انبیاء اور تین سو تیرہ اولیاء نے تناول کیا ان میں میری ذات اور علیؑ کی ذات گرامی تر ہے۔

ابن حماد عبدی نے عونی کی روش پر قصیدہ نونیہ بھی کہا ہے جس کا مطلع ہے:

**مالا بن حماد سوی من حمدت اثاره وابهجت غرانه**

علامہ امینیؒ نے یہاں تیس اشعار نقل کئے ہیں۔

ابن حماد کا ۵۷ شعروں پر مشتمل مرثیہ امام حسینؑ بھی ہے علامہ امینیؒ نے یہاں اس کے چوالیس شعر نقل کئے ہیں پہلا شعر ہے:

**للّٰه ماصنعت فينايدالبين كم من حشاقرحت مناومن عين؟!**

چورانوے اشعار کا ایک دوسرا مرثیہ بھی ہے جس میں غدیر کا تذکرہ ہے۔

**حيِّ قبرا بكربلامستنيرا صنم كنز التقى وعلماخطيرا**

واقعہ غدیر سے متعلق دو شعر یہ ہیں:

**وابوهم اقامه اللّٰه فی "خم" امـامـاوهـاديـا واميـرا**

**حين قدبايعوه امراً عن اللّٰه فسائل دوحاته والغديرا**

اور ان کے والد ماجد وہ ہیں کہ خدا نے انھیں غدیر خم میں امام، ہادی اور امیرالمومنینؑ متعین فرمایا۔ لوگوں نے آپ سے اس معاملے میں حکم خدا سے بیعت بھی کی۔ اب ذرا گھنے درختوں سے اور چشمہ

(غدیر) سے تفصیل پوچھ لو۔

ابن حماد کے نام سے ایک نادر خطی مجموعہ مجھے نجف اشرف کے کاظمیہ میں دستیاب ہوا۔ اس میں بڑے قیمتی قصائد درج ہیں۔ یہاں اس کی فہرست درج کی جاتی ہے۔

۱۔ ۴۶/اشعار پر مشتمل قصیدہ جس کا مطلع ہے۔

یایوم عاشورا اطلت بکائی　　وترکتنی وقفاً علی البرحاء

۲۔ قصیدہ ۳۷/اشعار پر مشتمل:

هن باالعید ان اردت سوائی　　ای عید لمستباح العزاء

۳۔ قصیدہ ۷۵/اشعار پر مشتمل:

شجاک نوی الاحبة کیف ساءا　　بداء لاتصیب له دواءا

۴۔ قصیدہ ۲۸/اشعار پر مشتمل

أیفرح من له کبدیذوب　　وقلب من صبابته کئیب؟!

۵۔ قصیدہ ۶۸/اشعار پر مشتمل:

ویک یاعین سحی دمعاسکوبا　　ویک یاقلب کن حزینا کئیبا

۶۔ قصیدہ ۴۷/اشعار پر مشتمل

اتلعباوقد لاح المشیب؟　　وشیب الراس منقصة وعیب

۷۔ قصیدہ ۶۷/اشعار پر مشتمل

دعوت الدمع فانسکب انسکابا　　ونادیت السلوفمااجاباً

۸۔ قصیدہ ۲۶/اشعار پر مشتمل

دعوت الدمع فانسکب انسکابا　　ام لعینی من الرقاد نصیب؟

۹۔ قصیدہ ۳۰/اشعار پر مشتمل

یااهل بیت رسول الله انکم　　لاشرف الخلق جداغاب او أبا

۱۰۔ساٹھ اشعار پر مشتمل قصیدہ:

هل لجسمی من السقام طبیب؟ ام لعینی من الرقادنصیب؟

۱۱۔۔۶۰/اشعار پر مشتمل قصیدہ:

الدهر فیه طرائق وعجائب تتری وفیه فوائد ومصائب

۱۲۔۳۴/اشعار پر مشتمل یہ قصیدہ دعبل کے قصیدہ تائیہ کے طرز پر کہا گیا ہے:

ایامن لقلب دائم الحسرات؟ ومن لجفون تسکب العبرات؟

۱۳۔۔۹۵/اشعار پر مشتمل قصیدہ:

بقاع فی البقیع مقدسات واکناف بطیبة طیبات

۱۴۔۔۲۸/اشعار پر مشتمل یہ قصیدہ:

دعنی انوح واسعدالنواحا مثلی بکی یوم الحسین وناحا

۱۵۔۴۳/اشعار پر مشتمل قصیدہ:

اری الصبر یفنی والهموم تزید وجسمی یبلی والسقام جدید

۱۶۔۸۶/اشعار پر مشتمل یہ قصیدہ اسید اسماعیل حمیری کے طرز پر ہے:

ماضرّ عهد الصبی لوانه عادا یومایزودنی من طیبة زادا

۱۷۔۳۷/اشعار پر مشتمل یہ قصیدہ:

ابک ماعشت بالدموع الغزار لذراری محمد المختار

۱۸۔۲۹/اشعار پر مشتمل:

أ آمرتی بالصبر اسرفت فی امری أیومرمثلی لاابالک بالصبر؟

۱۹۔۶۰/اشعار پر مشتمل:

سلامی علی قبرتضمن حیدرا سلام مشوق مایطیق التصبرا

۲۰۔ ۲۸/اشعار پر مشتمل:

یالائمی دع ملامی فی الھوی وذر فان حب علی قام فی عذری

۲۱۔ ۶۲/اشعار:

دعی قلبہ داعی الوعید فاسمعا وداع لبادی شیبہ فتورّعا

۲۲۔۷۷/اشعار پر مشتمل:

فرقت یابین شملا کان مجتمعا ابعدت عنی حبیبی والسرورمعاً

۲۳۔۲۵/اشعار پر مشتمل:

خلیلی عج بنانطل الوقوفا علی من نورہ شمل الطفو فا

۲۴۔۵۲/اشعار پر مشتمل:

خواطر فکری فی الحشاء تجول وخزنی علی آل النبی یطول

۲۵۔۵۸/اشعار پر مشتمل:

وجعلت جسمی للصدود خیالا؟ وخزنی علی آل النبی یطول

۲٦۔۲۷/اشعار پر مشتمل:

الاان زین المرء فی عمرہ القعل ونھج ھدیٰ مافیہ زحلوقۃ زل

۲۷۔۲۱/اشعار پر مشتمل:

یاعلی بن ابیطالب یابن المفضل یاحجاب اللّٰہ والباب القدیم الازلی

۲۸۔۵۱/اشعار پر مشتمل:

ناجتک اعلام الھدایۃ فاعلم واقمت فیھا بالطریق الاقوم

۲۹۔۵۵/اشعار پر مشتمل:

النوم بعدکم علی حرام من فارق الاحباب کیف ینام؟

دوسرے ادبی مجموعوں میں علی بن حماد عبدی سے منسوب قصائد پائے جاتے ہیں لیکن وہ متذکرہ بن حماد کے علاوہ ہیں جو کئی صدی بعد پیدا ہوئے ہیں۔

# ابوالفرج رازی

**تجلی الھدی "یوم الغدیر" علی الشبہ　　و بــرز ابــریــز البیـــان عــن الشبــہ**

''غدیر کے دن شبہات کی تاریکی میں جلوۂ حق درخشاں ہوگیا۔اورطلائے ناب غش سے پاک ہوگیا۔آسمان والے پروردگار نے لوگوں سے ان کا دین کامل کردیا۔چنانچہ قرآن نے اس سلسلے میں بھرپوروضاحت کردی ہے۔

رسول خداؐ لوگوں کے مجمع میں بلندمرتبہ علیؑ کا بازو تھامے ہوئے کھڑے ہوئے اورفرمایا:آگاہ ہوجاؤجس کےنفسوں کا میں مولا ہوں یہ مولا ہے۔کیا کہنا بڑا مرتبہ علیؑ نے پایا''۔(۱)

## شاعرکا تعارف:

ابوالفرج محمد بن ہندورازی:

خانوادہ ہندوشیعی فرقے کا عظیم اور بافضل خاندان ہے جس نے علم وادب کی بڑی خدمت کی ہے۔ان میں اکثرزیورعلم ودانش سے آراستہ اوررنگارنگ فضیلتوں سے پیراستہ تھے۔ادب وشعر کے میدان میں ان کی دقیع خدمات ہیں۔بعض تو بہت زیادہ مشہور ہوئے۔انھیں میں ابوالفرج محمد بن ہندو بھی ہیں۔جن کے اشعاراوپردرج کئے گئے۔ابن شہرآشوب نے معالم العلماء میں ان کو متقی وپرہیز گار شعراء اہل بیتؑ میں شمار کیا ہے۔(۲)

---

۱۔مناقب ابن شہرآشوب جلد،ا؛ص،۵۳۱(ج،۳؛ص،۳۷)صراط مستقیم(ج،اص،۳۱۱)

۲۔معالم العلماء(ص،۱۵۲)

اس خانوادے کی ایک فرد ابوالفرج حسین بن محمد بن ہندو ہیں ۔ثعالبی نے انھیں صاحب بن عباد کے وزیروں میں شمار کیا ہے۔یہ بھی بڑے پاکیزہ اشعار کہتے تھے۔(۱)

ایک ابوالفرج علی بن حسین بن محمد بن ہندو ہیں ۔تمام تذکرہ نگاروں نے ان کے علم وفضل کا اعتراف کیا ہے۔(۲)

حکمت،فلسفہ،طب،کتابت اورشعر میں مہارت رکھتے تھے۔مفتاح طب،مقالہ مشوقہ،کلمہ روحانیہ ان کی کتابیں ہیں۔لطیفوں کی ایک کتاب اوساطہ بھی ہے۔ان کا دیوان شعری بڑا وقیع ونفیس ہے۔

اس خانوادہ کی ایک فرد ابوالشرف بن ابی الفرج علی بن حسین بن محمد بن ہندو بھی ہیں ۔ان کا تذکرہ صاحب دمیۃ القصر نے کیا ہے۔(۳)

متذکرہ غدیریہ ابوالفرج رازی کے سلسلے میں ایک بات پیش نظر رکھنی چاہیے کہ بعض تذکروں میں یہ ابوالفرج سلامہ یحیٰ موصلی کے نام سے درج ہوگیا ہے (۴) جو صحیح نہیں ،کیونکہ ابن شہر آشوب کی مناقب ومعالم سے یقین ہوجاتا ہے کہ یہ غدیریہ انھیں کا ہے، کیونکہ وہ موصلی کو نام ولقب کے ساتھ یاد کرتے ہیں،اورمتذکرہ،محمد ابن ہندو کو فقط کنیت سے یاد کرتے ہیں۔واللہ اعلم

---

۱۔یتیمۃ الدھر(ج۳،ص،۳۲۶)(ج۳،ص۴۵۹)

۱۔(طبقات الاطباء ج،۱؛ص،۳۲۳(ص۴۲۹)دمیۃ القصر ص،۱۱۳(ج،۱؛ص۶۰۸)فوات الوفیات ج،۲،ص،۴۵(ج،۳، ص،۱۳انمبر۳۳۷)معجم الادباء ج۱۳،۱۳۶ اشکوری کی محبوب القلوب(ج،اص،۱۳۹)

۳۔(دمیۃ القصر ص،۱۱۳(ج،۱؛ص۶۱۸)

۴۔یتیمۃ الدھر ج،اص،۸۲(ج،اص،۱۲۹)اعیان الشیعہ (ج۷،ص،۲۷۵)

# جعفر بن حسین

''اس سے کہہ دو جو اپنے شعروں میں بدکاری کو برملا کرتا ہے۔اور نادانی میں اپنا دین بیچ رہا ہے۔گمراہ لالچ میں چندروزہ حیات کی امید لگائے ہوے ہے۔

تجھے کہاں سے حق پہونچ گیا کہ اسرار امامت کی بات کرے، تجھ پر خدا کی لعنت۔

تو نے سمجھ رکھا ہے کہ امامت میراث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے، نہ تو تو نے درست کہا اور نہ ہی شریف گفتگو کی بلا شبہ امامت نفس رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بنا پر ہے جو ان کا قائم مقام ہے۔

چنانچہ رسولؐ کا ارشاد غدیر خم میں حیدر کے متعلق جب آپ نے کھڑے ہو کر فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اس کے یہ مولا ہیں۔سب نے آپ کا یہ ارشاد سنا۔

صاحب نظر سے پوچھ لے تا کہ تجھے معلوم ہو اور اپنی انگلیاں دانت میں دبا لے۔علیؑ وہی ہیں جنہوں نے اپنی برہنہ تلوار سے میدان جنگ میں چہروں سے غم و اندوہ کو دھلا کرتے تھے۔تمہارے باپ (عباس) اسیر ہو کر رات بھر گریہ کرتے رہے اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیند اڑ گئی۔

ہمارے دین میں امام وہی ہے جس کا رسول نے اعلانیہ نام لیا ہو اور ارکان امامت استوار کرے۔میدان کارزار میں جنگ کے شعلے بھڑک رہے ہوں تو وہی چھوٹی چھوٹی لکڑیاں ڈال کر بجھائیں وہی خیبر کشا ہیں جب کہ دوسرے بھاگ کر اپنی جان بچا چکے تھے۔

قسم خدا کی !اگر تمام لوگوں کا موازنہ کیا جائے تو سب مل کر بھی اس کے ناخن پا کا مقابلہ نہیں کر سکتے''۔

قاضی ابوالمکارم حلبی (متوفی ۵۶۵ھ) میمیہ ابو فراس کی شرح کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مروان

بن ابی حفصہ کا بیان ہے کہ میں نے متوکل کے سامنے رافضیوں کی مذمت میں اشعار پڑھے تو متوکل نے مجھے بحرین ویمامہ کا حکمراں بنا دیا۔اشعار یہ ہیں:

لکم تراث محمد    وبعدلکم تنفی الظلامة

''اے بنی عباس! میراث محمدؐ تمہارے لئے ہے اور تمہارے انصاف سے ظلمتیں کافور ہوئیں۔

بنت رسولؐ کے بیٹے میراث کی لالچ کر رہے ہیں جب کہ ان کا کوئی حصہ نہیں ہے۔نہ تو داماد کو کوئی میراث ملتی ہے اور نہ ہی بیٹی کو جانشینی کا استحقاق ہے۔جنہوں نے تم سے میراث طلب کی انہیں صرف ندامت ہی ملی۔وارثت کا حق حقدار کو پہونچ گیا۔

اگر دختر رسولؐ کو جانشین بنا دیا جائے تو قیامت برپا ہو جائے۔میراث رسولؐ صرف تمہارا حق ہے دوسروں کا حق نہیں،خدا کی قسم۔دوسروں کے پاس شرافت بھی نہیں۔

میں نے اپنے ان اشعار میں تمہارے دوست اور دشمنوں کو نمایاں کر کے دکھا دیا۔ایک صاحب جعفر بن حسین نامی تھے انہوں نے ان یاوہ گوئیوں کا بھرپور جواب دیا''۔(۱)

ان اشعار کو اوپر درج کیا گیا۔

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ یہ متذکرہ جعفر،ابن حجاج کی نسل سے ہیں،یا ان کے معاصر ہیں۔ہم نے ان کا تذکرہ کتابوں میں نہیں پایا۔

ان کے علاوہ کچھ چوتھی صدی کے دوسرے شعراء ہیں لیکن چونکہ ہم نے ان کا تذکرہ کتابوں میں نہیں پایا اس لئے انہیں نظرانداز کرتے ہیں۔

۱۔(اعیان الشیعہ؛ج،۱۸؛ص،۴۴۶(ج،۴؛ص۹۳)

# عندلیبان غدیر

(پانچویں صدی ہجری)

۱۔ابونجیب طاہر
۲۔شریف رضی
۳۔ابومحمد صوری
۴۔مھیار دیلمی
۵۔سید مرتضی
۶۔ابوعلی بصیر
۷۔ابوالعلاء معری
۸۔مویدفی الدین
۹۔جبری مصری

# ابونجیب طاہر

وفات/ ۴۰۱ھ

**عید فی یوم الغدیر المسلم　　وانکر العید علیه المجرم**

''یوم غدیر کا عید ہونا مسلم ہے۔اس دن کے عید ہونے کا انکار مجرم ہی کرسکتا ہے۔اے منکران روز غدیر، اور جو کچھ رسول ؐمختار نے اس دن اپنی زبان مبارک سے ارشاد فرمایا اس کا انکار کرنے والو تمہارا ستیاناس ہوجائے۔

خدائے بزرگ وبرتر نے اس دن آیت نازل فرمائی: ﴿**الیوم اکملت لکم دینکم**﴾ ''آج میں نے تمہارا دین کامل کر دیا اور آج ہی تم پر اپنی نعمت تمام کردی، اور بلاشبہ امام کا منصوب ہونا ہی نعمت ہے۔(۱)

## شاعر کے حالات:

ابوالنجیب شداد بن ابراہیم بن حسن۔طاہر جزری لقب تھا، شاعر اہل بیت تھے فنون شعر پر عبور حاصل تھا۔مختلف پیرائیہ خیال کے حسن ادا کی مہارت تھی شوکت الفاظ جزالت معانی کے ساتھ احساس کی شدت ان کی شعری خصوصیت تھی۔ان کا ایک شعری دیوان بھی ہے۔ابن شہر آشوب نے معالم (۲) میں مجاہدین شعراء اہل بیتؑ میں ان کا شمار کیا ہے معجم الادباء (۳) میں ہے کہ عضدالدو کہ درباری شاعر

---

۱۔(مناقب ابن شہر آشوب؛ ج۱، ص ۵۲۸)

۲۔معالم العلماء؛ ص ۱۴۹　　۳۔معجم الادباء؛ ج ۳، ۲۶۱ (ج ۱۱، ص ۲۷۰)

تھے ۔اشعار دقیق اور اسلوب بڑا ہی لطیف تھا۔ابومحمد مہلبی وزیراور دوسرے ارکان دولت کی شان میں قصیدے کہے۔

دمیۃ القصر ،یتیمۃ الدھراور تاریخ بن خلکان میں ان کے قصائد و اشعار مذکور ہیں ۔(۱)

ابوالنجیب طاہر کے حالات زندگی دائرۃ المعارف بستانی (۲) میں ملتے ہیں ۔متذکرہ مصادر سہ گانہ نے متفقہ طور سے ابوالنجیب کنیت اور شداد بن ابراہیم نام اور عرفیت طاہر لکھی ہے ۔صاحب اعیان الشیعہ (۳) نے ان القاب و اسماء کو دو افراد کے اسماء شمار کیا۔(طبع جدید میں دونوں کو ایک جگہ ایک کنیت اور ایک نام کے ساتھ شائع کیا گیا ہے۔

یہ تسامح ہے شاعر کا نام شداد لکھا ہے اور ان کی تاریخ وفات ۴۰۱ھ لکھی ہے ۔دوسری جگہ ابوالنجیب طاہر جزری اور وفات نامعلوم لکھا ہے۔

ثعالبی نے قصیدہ سیف الدولہ کے تین شعر نقل کئے ہیں۔

وحاجة قيل لي: نبه لهاعمرا ونم .فقلت: عليّ قدتنبه لي

حسبي عليان ان ناب الزمان وان جاء المعادبمافي القول والعمل

فلي علي بن عبدالله منتجع ولي علي اميرالمومنين ولي

اور ابن خلکان نے اپنی تاریخ میں دمیۃ القصر کے حوالے سے کچھ اشعار نقل کئے اور بڑی ستائش کی ہے۔

---

۱۔(دمیۃ القصر (ج،اص۱۵۴)یتیمۃ الدھر ج،اص۴۲۶۔ج،۵،ص۲۰۔۵۹۔وفیات الاعیان ج،۲،ص،۲۳۶۔ج،۵ص۲۶۶ نمبر۷۳۵)

۲۔دائرۃ المعارف ج۲،ص،۳۶۰

۳۔(اعیان الشیعہ ج،۷،ص،۳۳۳ )

# شریف رضی

ولادت ۳۵۹ھ

وفات ۴۰۶ھ

**نطق اللسان عن الضمیر والبشر عنوان البشیر**

''زبان، دل کی ترجمان ہے اور بشارت دینے والے انداز سے مژدہ ظاہر ہے۔اب دونوں کو وحشت اضطراب سے عافیت وسکون نصیب ہوا۔اور روشن صبح کے افق سے تاریکیاں چھٹ گئیں''۔

آگے فرماتے ہیں:

''شادمانی ہم سے دغا کرگئی۔اب تو صرف روز غدیر سے ہی کچھ شادمانی نصیب ہوتی ہے۔وہ نازش آفریں دن جس دن وصی رسولؐ حلقہ بگوش ہوااور انھیں امیرالمومنین کے لقب سے سرفراز کیا گیا۔ اس لئے دل کو ٹھنڈارکھو اور عاریتی عشق کو معشوق کی طرف واپس کردو۔

غم واندوہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکو، شادمانی وامید کے پودے لگاؤ۔وہ دوسرے لوگ ہیں جو اندوہ دل کو جرعہ شراب کے ذریعہ مٹاتے ہیں۔اور جب تم نعمت کے متلاشی ہوتو بیکراں فضل وانعام سے کم پر راضی ہو۔یہ وہ موقع ہے کہ دست تمنا طول طویل اور امیدیں کم ہیں۔

اپنے دونوں کرم کے ہاتھوں سے جودو بخشش کرو۔نہ کم بلکہ بہت زیادہ، ایسا نہ ہو کہ الحاح وطلب کا ہاتھ پھیلا رہ جائے جب کہ تم اور تمہارے بخت نعمت سے سرشار ہیں، اور تمہارے شکریہ کے آثار دین میں اور نشان محبت دل میں ظاہر ہے''۔

اور یہ اچھوتا قصیدہ یوں ہے جیسے تازہ باغ آویزاں ۔ یہ نغمہ نگار کی خوش دلی وشادمانی سے ایسا ہوگیا ہے جیسے آب غدیر سے سیراب ہوکر ہر پالیوں کی دھومیں مچا رہا ہو۔(۱)

متذکرہ اشعار غدیر کے دن کہے گئے ہیں۔

## شاعر کا تعارف:

شریف رضی ،ذوالحسبین ،ابوالحسن ،محمد بن ابی احمد ،حسین بن موسیٰ بن محمد بن موسیٰ بن ابراہیم فرزند امام موسیٰ کاظمؑ۔

آپ کی والدہ کا نام فاطمہ بنت حسین بن ابی محمد الحسن الاطروش بن علی بن حسن بن علی بن عمر بن علی بن ابی طالب تھا۔

آپ کے والد کا نام عہد عباسی وبویہ میں بزرگ مرتبہ اور مقام کا حامل تھا۔ابونصر بہاء الدین نے آپ کو طاہر اوحد کے لقب سے سرفراز کیا تھا۔طالبیوں کی نقابت کے پانچ بار والی ہوئے اور آخری دم تک نقابت ہی کے عہدے پر فائز رہے۔ان کے عزت وافتخار ہی کی وجہ سے عضد الدولہ نے مجبوراً انہیں قلعہ فارس میں مقید کیا تھا۔پھر بعد میں اس کے بیٹے شرف الدولہ نے انہیں آزاد کیا اور بغداد تک ان کے ساتھ گیا اور ابواحمد کی ناقابل فراموش دینی خدمتیں ہیں۔مذہب کی استواری اور پیش رفت کے سلسلے میں وقیع مساعی ہیں ۳۰۴ میں پیدا ہوئے اور ۲۵ جمادی الاول ۴۰۰ھ میں وفات پائی۔(۲)

آپ کی وفات پر مرثیہ کہنے والوں میں آپ کے دونوں فرزند علم الہدیٰ ،شریف رضی کے علاوہ مہیار دیلمی اور ابوالعلاء معری بھی ہیں کتاب سقط الزند میں تمام مرثیے موجود ہیں۔

سید رضیؒ ذریت عترت طاہرہ کی نازش آفریں فرد،علم حدیث وادب کے امام اور دین ودانش

---

۱۔(دیوان سید رضی ج۱؛ص ۳۲۷ (ج۱؛ص ۴۲۷)

۲۔(صحاح الاخبار؛ص۶۰۔الدرجات الرفیعہ ص؛۴۵۸)

ومذہب کے غازی تھے۔خاندانی شرافت ودانش کے بھرپور وارث ہوئے۔علم سرشار،سرشت تاباں روشن فکری،طبعی استواری،عالی ظرفی،طہارت خاندانی کے ساتھ نبوی نسب علوی شرف مجد فاطمی اور سیادت کاظمی سے بہرہ مند تھے۔ان کے یہاں فضائل وافتخارات کا موجیں مارتا ہوا سمندر ہے۔

ان کی تعریف میں جس طرح اور جس قدر بھی دادسخن دی جائے کمالات ومحاسن کا حق ادا نہ ہوسکے گا۔مکارم اخلاق اور معالی امور کے بیان سے زبان عاجز ہے۔آپ کے حالات وبلند سیرت پر مندرجہ ذیل افراد نے خامہ فرسائی کی ہے۔

۱۔فہرست نجاشی ص ۲۸۳ (ص ۳۹۸ نمبر ۱۰۶۵)

۲۔یتیمۃ الدھر ج،۳ص،۱۱۶ (ج ۳ ۱۵۵)

۳۔دیوان سید رضی ج،۱ ص ۳۲۷ (ج،اص ۴۲۷)

۴۔صحاح الاخبار ص،۶۰ الدرجات الرفیعہ (ج،۳ص ۱۵۵)

۵۔انساب مجدی (ص،۱۲۶)

۶۔کامل ابن اثیر ج،۹ ص ۸۹ (ج،۵ص ۶۱۳)

۷۔دمیۃ القصر ص،۳۷ (ج،ا ص ۲۹۲)

۸۔منتظم ابن جوزی ج،۷ ص ۲۷۹ (ج ۱۵ ص ۱۱۵ نمبر ۳۰۶۵)

۹۔صحاح الاخبار ص،۶۱

۱۰۔عمدۃ الطالب ص ۱۸۳ (۲۰۷)

۱۱۔تاریخ ابن کثیر ج ۱۲ ص ۳ (ج،۱۲ ص ۴)

۱۲۔شذرات ج،۳ ص،۱۸۲ (ج،۵ص،۴۳)

۱۳۔غایۃ الاختصار (۸۰۔۷۷)

۱۴۔مجالس المومنین ص ۲۱۰ (ج ا،ص ۵۰۳)

۱۵۔نسمۃ السحر (مجلد۸ ج۲ص۴۵۹)

۱۶۔ریاض الجنہ

۱۷۔ملخص المقال

۱۸۔اجازہ شاہیجی

۱۹۔منہج المقال ص،۲۹۳

۲۰۔سمیر الحاضر

۲۱۔تیمیۃ عاملی ص،۱۸

۲۲۔اعلام زرکلی ج۳،ص۸۸۹(ج۶،۳۲۹)

۲۳۔دائرہ وجدی ج۴،ص۲۵۱

۲۴۔معجم المطبوعات

۲۵۔تاریخ بغداد ج۳،ص۲۴۶

۲۶۔معالم العلماء ص،۱۳۸(ص،۵۱نمبر۳۳۶)

۲۷۔تاریخ ابن خلکان ج،۲ص۱۰۶(ج،۴ص۴۱۴)

۲۸۔خلاصہ علامہ ص،۸۱(ص،۱۶۴نمبر۱۷۶)

۲۹۔انساب ابی نصر

۳۰۔تحفۃ الازہار

۳۱۔مرأۃ الجنان ج۳،ص۱۸

۳۲۔شرح ابن ابی الحدید ج۱،ص۱۰(ج،۱ص۳۱)

۳۳۔درجات الرفیعہ(ص۴۶۶)

۳۴۔جامع الاقوال

۳۵۔لسان المیزان ج۴،ص۲۲۳(ج۵،۱۵۹نمبر۷۲۵۲)

۳۶۔الروض البھیہ

۳۷۔رجال بن ابی جامع

۳۸۔الاتقان ص۱۲۱

۳۹۔تاسیس الشیعہ ص۱۰۷(۲۱۳)

۴۰۔تنقیح المقال ج۳،ص ،۱۰۷

۴۱۔تاریخ آداب اللغۃ ج۲،ص۲۵۷ (مجلد۱۴،ص۹۲)

۴۲۔دائرۃ المعارف بستانی ج۱۰،ص۴۵۸

۴۳۔مجلۃ الھدیٰ سال ا شمارہ۳ ص،۱۰۶

**آپ کی شخصیت کا تحلیل و تجزیہ مندرجہ ذیل مؤلفین نے کیا ہے۔**

۱۔علامہ شیخ عبدالحسین حلی نجفی

۲۔ذکی مبارک (گلزار ادبی)

۳۔علامہ شیخ محمد رضا فرزند استاذی شیخ ہادی کاشف الغطاء

۴۔سید علی اکبر برحقی قمی (کاخ دلآویز)

۵۔ڈاکٹر محفوظ (الشریف رضی)

۶۔فرزند دلبند محمد ہادی امینی

ایسی طرحدار اور گراں بہا شخصیت کے متعلق اب ذرا دوسرا رخ بھی ملاحظہ فرمائیے کہ مصر کے سید محمد گیلانی جیسے کچھ طفل ناخواندہ مسند علم و ادب پر بیٹھے ہوئے ہیں۔انھیں سید رضی جیسی شخصیت کے تحلیل و تجزیہ کا شوق چڑھا اور ایسے مہمل کلمات لکھ مارے جو انتہائی شرمناک ہیں۔اپنی حماقت سے سید رضی کے مجد و شرف پر کیچڑ اچھالنے لگے اور آل رسول سے چھپا ہوا کینہ ظاہر کر دیا۔اس طرح انھوں نے خود اپنی کوتاہ فکری کا ثبوت دیکر خود اپنی قبر کھودی۔اس کے شرمناک اقتباسات کو یہاں درج کر کے جواب دینا اور کم ظرف کو منہ لگانا مناسب نہیں سمجھتا۔

## اساتذہ ومشائخ

۱۔ابوسعید حسن بن عبداللہ مرزبانی نحوی،معروف بہ سیرافی ۔آپ نے ان سے دس سال سے کم عمر میں نحو کا درس لیا۔(۱)

۲۔ابوعلی حسن بن احمد فارسی نحوی؛

۳۔ابوعبداللہ محمد بن عمران مرزبانی؛

۴۔ابومحمد ہارون بن موسیٰ تلعکبری؛

۵۔ابوالفتح عثمان بن جنی موصلی؛

۶۔ابویحییٰ عبدالرحیم بن محمد معروف بہ ابن نباتہ

۷۔شیخ بزرگ شیخ مفید ابوعبداللہ بن المعلم محمد بن نعمان ۔آپ سے سید رضی اور علم الہدیٰ نے تعلیم حاصل کی ۔شیخ مفید نے خواب دیکھا کہ فاطمہ زہراؑ مسجد کوفہ میں آپ کے پاس تشریف لائیں ۔اپنے دونوں بچوں (حسنؑ وحسینؑ ) کی انگلیاں تھامے ہوئے شیخ مفید کو سلام کر کے فرمایا۔ان دونوں کو فقہ کی تعلیم دیجئے ۔وہ اس خواب پر انتہائی متعجب ہوئے تھے ۔جب کچھ دن چڑھا تو اسی مسجد میں فاطمہ بنت ناصری اپنی کنیزوں کے ساتھ تشریف لائیں اور شیخ مفید سے فرمایا:اے شیخ یہ میرے دونوں بچے علی مرتضیٰؒ اور محمد رضیؒ ہیں،انھیں آپ کی خدمت میں لائی ہوں تا کہ آپ انھیں فقہ کی تعلیم دیں ۔شیخ مفیدؒ رونے لگے اور معظّمہ سے سارا خواب بیان کیا۔پھر تو ان دونوں پر بہت زیادہ توجہ دی اور علم ودانش سے یوں بہرہ مند کیا کہ دنیا میں ان کی شہرت کا ڈنکا بج گیا۔(۲)

۸۔ابوالحسن علی بن عیسیٰ ربعی نحوی بغدادی ۔(۳)

۹۔قاضی عبدالجبار شافعی معتزلی ۔(۴)

---

۱۔(وفیات الاعیان ج۴؛ص۴۱۶۔مرآۃ الجنان ج۳؛ص۱۹۔الدرجات الرفیعہ ص؛۴۶۸)

۲۔درجات الرفیعہ ص؛۴۵۹۔شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید ج اص؛۱۳۱(ج۱؛ص۴۱)

۳۔(حقائق التاویل(ص۲۰۷)۔مجازات النبویہ(ص۲۵۰)

۴۔(مجازات النبویہ(ص؛۱۸۰نمبر۱۴۰)

۱۰۔ابوبکر محمد بن موسیٰ خوارزمی۔(آپ نے ان سے فقہ پڑھا)(۱)

۱۱۔ابوحفص عمر بن ابراہیم بن احمد کنانی(۲)

۱۲۔ابوالقاسم عیسی بن علی بن عیسیٰ بن داؤد بن جراح۔(۳)

۱۳۔ابواحمد عبداللہ بن محمد اسدی اکفانی۔

۱۴۔ابواسحاق ابراہیم بن احمد بن محمد طبری فقیہ مالکی۔(آپ نے عنفوان شباب میں پڑھا)(۴)

## آپ کے تلامذہ ورواۃ

علمائے شیعہ وسنی کی اہم ترین شخصیتوں میں سے جن لوگوں نے آپ سے تعلیم حاصل کی یا روایت کی ان کے اسماء مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔شیخ الطائفہ ابوجعفر محمد بن حسن طوسی؛

۲۔شیخ جعفر بن محمد دوریستی؛

۳۔شیخ ابوعبداللہ محمد بن علی حلوانی؛

۴۔قاضی ابوالمعالی احمد بن علی بن قدامہ؛

۵۔ابوزید سید عبداللہ بن علی کیا بکی؛

۶۔ابوبکر احمد بن حسین بن احمد نیشاپوری؛

۷۔ابومنصور محمد بن ابی نصر بن احمد عکبری؛(۵)

۸۔قاضی سید ابوالحسن علی بن بندار محمد ہاشمی۔

۹۔شیخ مفید عبدالرحمٰن بن احمد بن یحییٰ نیشاپوری۔

---

۱۔مجازات النبویہ(ص۹۲)

۲۔(مجازات النبویہ ص۱۵۵،۲۴۳نمبر۱۹۷)

۳۔(مجازات النبویہ ص۱۵۳۔ص۲۴۱نمبر۱۹۵)

۴۔(المنتظم ج۱۵؛ص۳۸نمبر۲۹۷۸) (۵)قصص الانبیاء راوندی(ص۹۶حدیث۸۹)

آخری الذکر سے سید رضی اور آپ کے بھائی علم الہدیٰ نے بلا واسطہ روایت کی ہے۔

## تالیفات وتصنیفات:

### ۱۔نہج البلاغہ:

آپ کی اس تالیف کو ہر عہد میں قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا۔اور برکت کے خیال سے قرآن کی طرح حفظ کیا گیا، حافظان نہج البلاغہ میں قاضی جمال الدین محمد بن حسین بن محمد بن کاشانی ۔(۱) خطیب ابوعبداللہ فاروقی ۔(۲) علامہ سید محمد یمانی مکی حائری، مورخ وشاعر علامہ محمد حسین ۔(۳)

عہد تالیف سے آج تک اس کی بے شمار شرحیں لکھی گئیں۔

چند کے نام یہ ہیں:

۱۔سید علی بن ناصر (اعلام نہج البلاغہ)

۲۔احمد بن محمد وبری؛ پانچویں صدی کی معروف شخصیت۔

۳۔ضیاءالدین راوندی

۴۔علی بن ابوالقاسم (صحابی رسول خزیمہ کی نسل سے)(۴)

۵۔قطب الدین راوندی

۶۔شیخ محمد بن حسین بیہقی

۷۔حسن بن علی مہابادی

۸۔قاضی عبدالجبار (۵)

---

۱۔فہرست منتخب الدین (ص ۱۶۷ نمبر ۴۳۷)

۲۔البدایہ والنہایہ؛ ج ۱۲، ص ۲۶۰ (ج ۱۲، ص ۳۲۳) المنتظم؛ ج ۱۰، ص ۲۲۹ (ج ۱۸، ص ۱۸۶ نمبر ۴۲۸۰)

۳۔تکملہ امل الامل (ص ۳۷۶، نمبر ۳۶۴) ۴۔(معجم الادباء؛ ج ۵، ص ۲۰۸۔ ج ۱۳، ص ۲۱۹)

۵۔(مستدرک الوسائل؛ ج ۳، ص ۴۹۶)

۹۔فخر رازی۔محمد بن عمر طبری (۱)

۱۰۔ابو حامد،عزالدین عبد الحمید،ابن ابی الحدید معتزلی

۱۱۔سید رضی الدین ابوالقاسم علی بن موسیٰ بن طاؤس حسینی

۱۲۔ابو طالب تاج الدین معروف بہ ابن الساعی (۲)

۱۳۔کمال الدین شیخ میثم بن علی بحرانی

۱۴۔شیخ احمد بن حسن ناوندی

۱۵۔علامہ حلی

۱۶۔کمال الدین بن عبد الرحمٰن عتائقی

۱۷۔یحییٰ بن حمزہ علوی یمنی (زیدیہ فرقے کے امام)

۱۸۔سید افصح الدین محمد بن حبیب اللہ بن احمد حسینی

۱۹۔سعد الدین مسعود بن عمر بن عبد اللہ تفتازانی

۲۰۔قوام الدین یوسف بن حسن معروف بہ قاضی بغدادی

۲۱۔ابو الحسن علی بن حسن زواری (شاگرد محقق کرکی)

۲۲۔جلال الدین حسین بن خواجہ شریف الدین عبد الحق اردبیلی (معروف بہ الہی)

۲۳۔فتح اللہ بن شکر اللہ کاشانی

۲۴۔عزالدین علی بن جعفر شمس الدین آملی

۲۵۔عماد الدین علی قاری استر آبادی

۲۶۔شمس بن محمد مراد

۲۷۔شیخ بہائی آملی

---

۱۔(تاریخ الحکماء؛ص ۳۹۶،نمبر ۲۸۳)

۲۔(منتخب المختار؛ص ۱۳۸)

۲۸۔شیخ الرئیس میرزا قاچاری
۲۹۔شیخ نور محمد بن قاضی عبد العزیز
۳۰عبد الباقی خطاط صوفی تبریزی
۳۱۔نظام الدین علی بن حسین جیلانی
۳۲۔شیخ حسین بن شہاب الدین بن حسین عاملی کرکی
۳۳۔فخر الدین بن عبد اللہ بن المؤید باللہ
۳۴۔سید ماجد بن محمد بحرانی
۳۵۔شیخ محمد مہدی ابو تراب
۳۶۔میرزا علاء الدین محمد گلستانہ
۳۷۔سید حسن بن مطہر بن محمد یمنی جرموزی (۱)
۳۸۔تاج الدین حسن معروف بہ ملا تاجا
۳۹۔محمد صالح بن محمد باقر روغنی قزوینی
۴۰۔سید نعمۃ اللہ جزائری
۴۱۔سلطان محمود بن غلام علی طبسی
۴۲۔محمد رفیع بن فرج جیلانی
۴۳۔شیخ محمد علی بن شیخ ابو طالب زاہدی
۴۴۔سید عبد اللہ بن محمد رضا شبر حسینی کاظمی
۴۵۔امیر محمد مہدی خاتون آبادی
۴۶۔سید محمد تقی بن امیر محمد مومن
۴۷۔میرزا باقر نواب محمد بن محمد بن لاہیجی

---

۱۔(البدر الطالع؛ ج۱،ص۲۱۱)

۴۸۔نصر اللہ ابن فتح اللہ دزفول

۴۹۔سید صدرالدین بن محمد باقر موسوی

۵۰۔مفتی محمد عباس

۵۱۔احمد بن علی اکبر مراغی

۵۲۔شیخ بہاءالدین محمد

۵۳۔استاد محمد حسن نائل مرصفی

۵۴۔شیخ محمد عبدہ

۵۵۔میرزا حبیب اللہ موسوی خوئی

۵۶۔شیخ جواد طارمی

۵۷۔میرزا ابراہیم خوئی

۵۸۔جہانگیر خان قشقائی

۵۹۔سید اولاد حسن بن محمد بن حسن ہندی

۶۰۔شیخ محمد حسین بن محمد خلیل شیرازی

۶۱۔سید علی اظہر کھجوی

۶۲۔استاد محی الدین خیاط

۶۳۔سید ذاکر حسین اختر دہلوی

۶۴۔استاد محمد بن عبدالحمید مصری

۶۵۔سید ظفر مہدی لکھنوی

۶۶۔سید ہبۃ الدین محمد علی شہرستانی

۶۷۔شیخ محمد علی بن بشارۃ الخیقانی

۶۸۔میرزا محمد تقی الماسی

۶۹۔شیخ عبداللہ بحرانی

۷۰۔شیخ عبداللہ بن سلیمان بحرانی

۷۱۔علی العلیاری تبریزی

۷۲۔شیخ ملا حبیب اللہ کاشانی

۷۳۔سید عبدالحسین حسینی

۷۴۔میرزا محمد علی قراجہ داغی

۷۵۔میرزا محمد علی بن محمد نصیر چہاردھی گیلانی

۷۶۔استاد محمد محی الدین عبدالحمید مدرس

۷۷۔میرزا خلیل صمیری کمرہ ای طہرانی

۷۸۔سید محمود طالقانی

۷۹۔سید علی نقی فیض الاسلام

۸۰۔میرزا محمد علی انصاری

۸۱۔جواد فاضل

نہج البلاغہ کی شرح لکھنے والے تمام بزرگ دانشوروں کو ذرا بھی شبہ نہیں کہ یہ کتاب شریف رضی کی تالیف ہے۔تذکرہ نگاروں نے بھی زمانہ تالیف سے عصر حاضر تک اس بات کی صراحت کی ہے کہ یقیناً یہ شریف رضی کی ہی تالیف ہے۔(۱)

جن دانشوروں اور محدثین نے اپنے اصحاب کو اس سلسلہ میں اجازت مرحمت فرمائی ہے، ان سے بھی اس مفہوم کی تصریح ہوتی ہے۔منجملہ ان کے:

۱۔اجازہ شیخ محمد بن علی بن احمد بن بندار نے شیخ فقیہ ابوعبداللہ حسین کو۔

۲۔اجازہ شیخ علی بن فضل اللہ حسینی نے علی بن محمد بن حسین متطب کو۔

---

۱۔رجال نجاشی (ص۳۹۸نمبر۱۰۶۵)؛ فہرست منتخب الدین (ص۱۷۶نمبر۴۳۷)؛ تنقیح (ج۳،ص۱۰۷)؛ روضات الجنات (ج۶،ص۱۹۴نمبر۵۷۸)

۳۔اجازہ شیخ نجیب الدین یحییٰ بن حلی نے ابن الابرز کو۔

۴۔اجازہ علامہ حلی مہنی زہرہ کو۔

۵۔اجازہ سید محمد ابوالرضا جمال الدین ابوالمعالی کو۔

۶۔اجازہ فخر الدین ابن مظاہر کو۔

۷۔اجازہ شہید اول ابن نجدہ کو۔

۸۔اجازہ شیخ بیاضی شیخ ناصر احسائی کو۔

۹۔اجازہ محقق کرکی، حسین استر آبادی کو۔

۱۰۔اجازہ محقق کرکی، شیخ ابراہیم کو۔

۱۱۔اجازہ محقق کرکی، صفی الدین عیسیٰ کو۔

۱۲۔اجازہ شہید ثانی شیخ عبدالصمد عاملی کو۔

۱۳۔اجازہ شیخ حسن فرزند شہید ثانی کو۔

۱۴۔اجازہ احمد بن خاتون مولی عبداللہ سوستری کو۔

۱۵۔اجازہ محمد بن خاتون ظہیر الدین ہمدانی کو۔

۱۶۔مجلسی اول اپنے شاگرد آقا حسین خوانساری کو۔

۱۷۔شیخ صالح، محمد بن ہادی کو۔

۱۸۔مجلسی دوم، میرزا ابراہیم کو

۱۹۔مجلسی دوم، نعمۃ اللہ جزائری کو

ان کے علاوہ خود سید رضی نے اپنی دوسری کتابوں میں اس بات کی تصریح کی ہے کہ یہ کتاب خود انھیں کی تالیف ہے، چنانچہ ان کی تفسیر (۱) جلد پنجم، مجازات نبویہ وغیرہ۔(۲)

---

۱۔حقائق التاویل (ص ۱۶۷، ۲۸۷)

۲۔مجازات النبویہ؛ ص ۲۲۳، ص ۴۱، ص ۲۵۲ (ص، ۳۹ نمبر ۲۰، ۶۷ نمبر ۳۹، ۱۹۹ نمبر ۱۵۵، ۲۵۱ نمبر ۲۰۰)۔

اس کے علاوہ ابن ابی الحدید(۱) نے اس موضوع پر مدلل بحث کر کے ثابت کیا ہے کہ یہ شریف رضی ہی کی تالیف ہے۔

سید رضی کی دوسری تالیفات مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔خصائص الائمہ

۲۔مجازات آثار نبویہ

۳۔تلخیص البیان عن مجاز القرآن (۲)

۴۔حقائق التاویل (۳)

۵۔معانی القرآن (۴)

۶۔تالیفات اختلاف الفقہاء

۷۔حاشیہ بر ایضاح ابوعلی فارسی

۸۔الحسن من شعر الحسین۔ابن حجاج کا شعری انتخاب

۹۔الزیادات انتخاب اشعار بن حجاج

۱۰۔الزیادات انتخاب اشعار ابوتمام

۱۱۔انتخاب کلام ابواسحاق صابی

۱۲۔خطوط شعری۔جو ابواسحاق سے شعری مکاتیب ہوئی (۵)

۱۳۔رسائل وانشائیے (۶)

---

۱۔شرح نہج البلاغہ؛ ج۲،ص۵۴۶ (ج۱۰، ۱۲۷خطبہ۱۸۴)

۲۔(مجازات النبویہ؛ص۲،۳،۹،۴۵۔۱۱،۹،۴۲۹نمبر۳۴۶)

۳۔(رجال نجاشی؛ص۳۹۸نمبر۱۰۶۵۔عمدۃ الطالب؛ص۲۰۷)

۴۔(معالم العلماء؛ص۴۴۔ص۵۱نمبر۳۳۶۔المجدی؛ص۱۲۶۔وفیات الاعیان؛ ج۴،ص۴۱۶نمبر۶۶۷)

۵۔(فہرست نجاشی؛ص۳۹۸نمبر۱۰۶۵۔عمدۃ الطالب؛ص۲۰۸)

۶۔(فہرست ابن ندیم؛ص۱۹۴،ص۱۴۹)

۱۴۔اخبار قضاۃ بغداد

۱۵۔شرح حال پدر بزرگوار طاہر(۱)

۱۶۔انشراح الصدر

۱۷۔طیف الخیال

۱۸۔شعری دیوان (۲)

شریف رضی کے اشعار بطور تحفہ ارباب ذوق کے یہاں بھیجے جاتے اور ارباب فن خود اس کی خواہش کرتے ،صاحب بن عباد نے بغداد میں قاصد بھیج کر اشعار طلب کئے ۔سیف الدولہ کی بیٹی تقیہ مصر میں قاصد بھیج کر اشعار منگواتی تھیں، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا کلام بہت زیادہ مقبول تھا۔(۳)

## شعروشاعری:

ظاہری بات ہے کہ جو شخص سید شریف کے مرتبہ عظیم سے واقف ہوگا ،ان کے علم وفضل ،سیادت اور عظمت وشرف کو جانتا ہوگا اس کے سامنے شاعری ان سے پست نظر آئے گی ۔اور بات بھی ایسی ہی تھی ۔انھوں نے دس سال کی عمر سے ہی شاعری شروع کر دی تھی ۔وہ کبھی اشعار میں اپنے کو اشعر الشعراء بحتری ومسلم بن ولید سے افضل بتاتے ہیں اور کبھی فرزدق اور جریر کا ہم رتبہ ،کبھی زہیر کا پاسنگ اور کبھی تمام لوگوں سے بہتر کلام بتاتے ہیں ،لیکن سب کا اتفاق ہے کہ وہ قریش کے سب سے بہتر شاعر تھے۔ خطیب بغدادی کہتے ہیں کہ میں نے محمد بن عبداللہ کاتب سے سنا ہے کہ ارباب علم کے درمیان گفتگو تھی کہ رضی قریش کے سب سے بہتر شاعر ہیں ۔ابن محفوظ نے کہا کہ ہاں یہ صحیح ہے ۔قریش میں جو اچھے

۱۔(تاریخ آداب اللغۃ مجلد؛۲،ص۹۳)

۲۔(کشف الظنون ؛ج ۱،ص ۵۱۳ ۔ج ۱،ص ۱۸۲۔وفیات الاعیان ؛ج ۴،ص ۴۱۶ نمبر ۶۶۷)

۳۔جیسا کہ چند صفحے قبل صاحب بن عباد کے حالات میں بیان کیا گیا ہے۔

شاعر ہیں انہیں نے کم کہا ہے۔لیکن رضی مکثر بھی ہیں اور مجید بھی۔(۱)

ان کے علمی شعری اوراخلاقی بلندی کے قصیدے نسابہ عمری ،ثعالبی ،ابن جوزی ،ابن ابی الحدید، باخرزی اور دفاعی نے اپنی اپنی کتابوں میں لکھے ہیں۔(۲)

عمری اپنی کتاب مجدی میں لکھتے ہیں:

وہ بغداد میں نقباء طالبین کے نقیب تھے ان کی بڑی ہیبت وجلالت تھی۔متورع عفیف اورتارک الدنیا تھے اپنے وقت کے جلیل القدر عالم تھے۔شاعری میں بھی ان کا پایہ بلند تھا۔اشعر قریش کہے جاتے تھے۔

ثعالبی یتیمۃ میں کہتے ہیں:

اپنے وقت کے عظیم اور نجیب اور سادات عراق تھے۔بلند مکارم سے آراستہ ادب وفضل میں لاثانی تھے۔جمیع محاسن سے آراستہ اوراشعر طالبین تھے۔

ابن جوزی منتظم کہتے ہیں:

تیس سال کی عمر میں تھوڑی مدت میں قرآن حفظ کرلیا تھا،فقہ وفرائض کی داناترین فرد تھے۔عالم ،فاضل اور بلیغ شاعر تھے۔عالی ہمت اورمتدین ایسے تھے کہ ایک دن ایک عورت سے مخطوطات کے کچھ اجزاء خریدے۔گھر آئے تو اس میں ابن مقلہ کے ہاتھ کا لکھا ہوا جزو وہ بھی تھا۔دلال سے کہا کہ عورت کو بلاؤ۔وہ آئی تو فرمایا کہ میں نے اجزاء میں سے ابن مقلہ کا مخطوطہ بھی پایا ہے۔اگر چاہو تو اسے واپس لے لو ورنہ اس کی یہ پانچ درہم قیمت لے لو۔اس نے قیمت لے لی اور واپس چلی گئی۔وہ بہت زیادہ سخی وجواد بھی تھے۔

ابن ابی الحدید لکھتے ہیں:

تیس سال کی عمر میں قرآن حفظ کیا تھا بڑے فقیہ، عالم ادیب شاعر مفلق اورشوکت الفاظ کے نظم نگار

---

۱۔( تاریخ خطیب بغدادی؛ ج۲،ص۲۴۶)

۲۔(المجدی ؛ص۱۲۶۔یتیمۃ الدھر؛ ج۳،ص۱۵۵،المنتظم ؛ج۷،ص۲۷۹۔ج۱۵،ص۱۱۵نمبر۳۰۶۵۔نہج البلاغہ؛ ج۱،ص۳۳۔ دمیۃ القصر ؛ص۶۹۔ج۱،ص۲۹۲۔صحاح الاخبار؛ص۶۱)

تھے ....اس کے ساتھ ساتھ وہ پاک دامن ،شریف النفس ،عالی ہمت اور شریعت کے بہت پابند تھے۔ انھوں نے کبھی کسی سے انعام نہیں لیا یہاں تک کہ باپ کا انعام بھی واپس کر دیا۔

باخرزی دمیۃ القصر میں لکھتے ہیں:

وہ سید السادات تھے۔تعریف کی حدوں سے باہران کے بلند اخلاق حیرت ناک اور علمی وشعری نفاست محیر العقول تھی ۔وہ بغداد کے لئے مایہ ناز تھے۔بلند اخلاق وعالی ہمتی کی وجہ سے وہاں ہر یالیوں کا دور دورہ تھا۔

رفاعی،صحاح الاخبار میں کہتے ہیں:

وہ اشعر قریش تھے۔کیوں کہ قریش میں جو اچھے شاعر ہیں انھوں نے بہت کم اشعار کہے ہیں۔ صرف رضی ہیں کہ جنھوں نے بہت زیادہ اشعار کہے ہیں اور بہت اچھے کہے ہیں۔

## القاب ومناصب:

بہاء الدولہ نے ۳۸۸ھ میں آپ کو شریف اجل کے لقب سے سرفراز کیا۔پھر ۳۹۲ھ میں ''ذی المنقبتین'' کے لقب سے اور ۳۹۸ھ میں رضی ذی الحسبین اور ۴۰۱ھ میں خطاب وخطوط کا عنوان الشریف الاجل ہو گیا۔کسی بادشاہ نے پہلی مرتبہ کسی کو اس عظیم لقب سے سرفراز کیا تھا۔

شریف رضی کے عہد میں وزارتوں کو زیادہ چست وذمہ دار بنانے کے لئے بہت سے شعبوں میں تقسیم کر دیا گیا۔ان میں عہدے بانٹ دیئے گئے تھے۔

سید رضی کی شخصیت وعظمت کا تجزیہ کرنے کے لئے اس عہد کے مناصب کی بھر پور واقفیت ضروری ہے۔وہ ۳۸۰ھ میں جب اکیس سال کی عمر تھی عہد طائع میں نقیب خانوادہ ابوطالب ہوئے اور ان کے ذمے حجاج کی امارت بھی تھی۔عدلیہ کی فوج داری کے شعبے کے بھی انچارج تھے۔

پھر بہاء الدولہ کے زمانہ حکومت میں طالبین کے تمام امور کے انچارج ہو گئے اور انہیں نقیب القضاء کے لقب سے ملقب کیا گیا۔اور یہ منصب امام علی رضا علیہ السلام کے بعد انہیں کو ملا۔ابن ابی

الحدید کے مطابق وہ مکہ و مدینہ کی خلافت کے منصب پر فائز ہوئے۔(۱)

اس سلسلے میں نقابت کے منصب کو سمجھنے کے لیے ماوردی کی احکام سلطانیہ دیکھی جاسکتی ہے۔(۲)

## ولادت اور وفات:

مورخین کا اتفاق ہے کہ شریف رضی ۳۵۹ھ میں بغداد میں متولد ہوئے ،وہیں پلے بڑھے ،اور وہیں بغداد میں بروز یکشنبہ ۶ رمحرم الحرام ۴۰۶ھ میں دار فانی کو الوداع کہا۔(۳)

صاحب شذرات الذہب (۴) نے روز پنجشنبہ کی صبح لکھا ہے۔ یہ نسخے کی غلطی معلوم ہوتی ہے کیونکہ انہوں نے تاریخ ابن خلکان کا حوالہ دیا ہے اور اس میں یکشنبہ کی صبح لکھا ہوا ہے۔

دائرۃ المعارف وجدی (۵) میں سنہ وفات ۴۰۴ مرقوم ہے۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے شرح ابن ابی الحدید سے لیا ہے یا پھر نسخے کی غلطی ہے، کیونکہ آگے خود انہوں نے ۴۰۶ھ لکھا ہے۔(۶)

شریف رضی کا مرثیہ ابوالحسن احمد بن علی بتی نے کہا جن کا سال وفات ۴۰۵ھ ہے اور یہ مرثیہ ان کے دیوان میں موجود ہے۔

شریف رضی کی موت پر ابو غالب ،فخر الملک اور تمام وزراء واعیان ،اشراف وقضاۃ پابرہنہ شریک جنازہ تھے ،فخر ملک نے نماز جنازہ پڑھائی اور وہیں محلّہ کرخ میں مسجد سے متصل گھر میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

شریف رضی کے بھائی علم الہدیٰ شریک جنازہ نہیں ہو سکے۔ بھائی کے غم میں غیر حال تھا۔ وہ جنازہ نہیں دیکھ سکتے تھے۔ روضہ امام موسیٰ بن جعفرؑ میں پناہ لے لی تھی۔ آخری مراسم کے بعد خود فخر الملک نے

---

۱۔(شرح نہج البلاغہ؛ ج۱،ص۳۸)

۲۔(احکام سلطانیہ؛ص۸۶،۸۲(ج۲،ص۹۷،۹۶ص۸۲،۶۴ ج۲،ص۹۵،۷۷)

۳۔(رجال نجاشی؛ص۳۹۸نمبر۱۰۶۵۔تاریخ بغداد؛ ج۲ص۲۴۷نمبر۷۱۵۔عمدۃ الطالب؛ص۲۱۰۔رجال علامہ حلی؛ص۱۶۴نمبر۱۷۶)

۴۔شذرات الذہب؛ ج۵،ص۴۶ ۵۔دائرۃ المعارف؛ ج۴،ص۲۵۳

۶۔(دائرۃ المعارف؛ ج۹،ص۴۸۷)

جا کرانہیں تعزیت وتسلیت پیش کر کے گھر پہونچایا۔

کچھ مورخین نے لکھا ہے کہ آپ کا جسد خاکی گھر میں سپرد کردیا گیا پھر کربلائے معلّیٰ لے جا کران کے والد ابواحمد حسین بن موسیٰ کے پہلو میں دفن کیا گیا۔تاریخوں میں یہ بھی ہے کہ قرون وسطیٰ تک آپ کا مزار مشہور خلائق تھا۔صاحب عمدۃ الطالب لکھتے ہیں کہ آپ کی قبر کربلائے معلّیٰ میں واضح اور مشہور ہے۔(۱)علم الہدیٰ کے حالات میں لکھتے ہیں کہ انہیں ان کے والداور بھائی کے پہلو میں دفن کیا گیا جو واضح اورمشہور ہے۔

رفاعی کہتے ہیں کہ علم الہدیٰ کو بھی اسی طرح بغداد سے کربلا منتقل کیا گیا جس طرح ان کے باپ اور بھائی کو،اور یہ ظاہر ومشہور ہے۔(۲)

یہ بات قرین قیاس بھی معلوم ہوتی ہے کہ کیوں کہ فرزندان ابراہیم مجاب کی سکونت حائر کربلا میں تھی متذکرہ ابراہیم حائر کے نزدیک بالائے سر دفن ہیں ان کے فرزندوں کا وہاں شخصی مزار تھا۔انہیں کے اطراف میں سب کے سب دفن ہیں۔بصرہ وبغداد کے تمام سکونت پذیر افراد اسی خاندانی قبرستان میں دفن ہوتے تھے۔موسیٰ ابرش بھی بعد مرگ کربلا منتقل کئے گئے۔اس لئے قطعی ہے کہ شریف رضی بھی بغداد میں منتقل کر کے کربلا میں دفن کئے گئے ہوں۔(پہلے وہ اپنے گھر میں سپرد کئے گئے۔)(۳)

اسی طرح علم الہدیٰ کی لاش بھی بغداد میں سپردگی کے بعد کربلا منتقل کی گئی کیونکہ یہ خاندان تولیت کربلا سے سرفراز تھا۔بغیران کی اجازت سے کربلا میں کسی کو دفن نہیں کیا جاسکتا تھا۔چنانچہ وزیر ابوالعباس ضبی کے حالات میں واقعہ نقل کیا گیا ہے۔

اکثر شعراء نے شریف رضی کے مرثیے کہے۔علم الہدیٰ،مہیار دیلمی کے مرثیے مشہور ہیں۔

علم الہدیٰ کا مرثیہ ہے:

**یاللرجال لنجعة جذمت یدی　　وودت لو ذهبت علی براسی**

---

۱۔عمدۃ الطالب؛ص۲۱۰،۲۰۵　　۲۔صحاح الاخبار؛ص۶۲

۳۔المنتظم؛ج۷،ص۲۴۷(ج۱۵،ص۲۷نمبر۳۰۱۷)

مازلت احذروقعها حتی اتت　　فحسوتهافی بعض مااناحساسی
ومطلتها زمنا فلما صممت　　لم یجدنی مطلی وطول مکاسی
لاتنکروامن فیض دمعی عبرة　　فالدمع غیر مساعدو مواسی
للّه عمرک من قصیر طاهر　　ولرب عمرطال بالادناس(۱)

علامہ امینی نے شریف رضی کے چار مرثیے نقل کئے ہیں۔ پہلے میں مدح اہل بیتؑ ہے اوراس کے ۵۸ راشعار ہیں ۔دوسرا مرثیہ دالیہ بروز عاشورہ ۳۹۱ھ میں کہا گیا ۔تیسرا مرثیہ حسینؑ بروز عاشورہ ۳۷۷ھ میں کہا گیا۔ چوتھا بروز عاشورہ ۳۸۷ھ میں کہا گیا۔(۲)

۱۔(دیوان سید مرتضی؛ج۱،ص۵۷۷)
۲۔(دیوان رضی؛ج۱،ص۱۱۳،۳۶۰،۴۸۷۔ج۲،ص۱۸۷)

# ابومحمد صوری

ولادت/۳۳۹ھ

وفات/۴۱۹ھ

''آپ کی ولایت بہترین راز دل اور نفیس ترین دل کی مستحکم پونجی ہے، آپ کے عشق کی آگ نے میرا تار و پود جلا دیا ہے۔اب آتش دوزخ میرے لئے بے وقعت ہے۔

اے ابوالحسن! قوم کی عہد خدا سے غداری اس وقت ظاہر ہوئی جب عہد غدیر لیا گیا۔حالانکہ رسول خداؐ نے ان لوگوں کے درمیان کھڑے ہوکر علیؑ کے امیر المومنین ہونے کی نشاندہی کی تھی اس بارے میں تمام مفہوم کی طرف اشارہ کیا جو کچھ بات بنانے والے اس سلسلے میں کہہ سکتے تھے اکثر ان میں ایسے تھے جو موجود تھے لیکن اس کی گواہی دینے کے معاملے میں دل سے مخالف تھے۔

غدیر کے دن کچھ لوگوں کے تمام کینے اس کی اشاعت کے ساتھ ہی ظاہر ہوگئے۔اس دن پر افسوس کہ جس دن قوم منحوس اور سیاہ دن دیکھنے پر مجبور کی گئی۔کچھ لوگوں نے اپنے نفسوں کو دھوکہ دیا اور فریب کار دنیا نے انہیں دھوکہ دیدیا۔اور یہ ولایت کی بات ان کثیر گناہوں میں نہیں ہے (جن سے خدا درگذر فرمائے گا) تم مطمئن ہو جاؤ کہ خداوند عالم بہت سے گناہوں کو معاف کر دیگا''۔(۱)

دوسرا قصیدہ پچیس اشعار پر مشتمل ہے جس میں موضوع ولایت سے متعلق سولہ اشعار کا ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے:

---

۱۔(دیوان صوری؛ ج۱،ص۱۸۶نمبر۱۰۷)

’’کیا موت نے اس کو چھوڑ دیا ہے جس سے تم نے امید لگائی خواہ وہ اولین میں ہو یا آخرین میں؟ سوائے ہدایت یافتہ محبت آل نبی ﷺ کے کیونکہ ان کی محبت بہترین امید ہے۔ وہ موت کے بعد میرا توشہ، میری نجات اور کامرانی ہیں۔

وہ حوض کوثر پر وارد ہونے والوں کے ساقی ہیں، خدا کی مضبوط رسی ہیں۔ وہ نیکی کے طلب گاروں کے مددگار ہیں۔ ان کی محبت کے ذریعے مدد طلب کی جاتی ہے۔ وہ زمین پر حجت خدا ہیں چاہے منکرین حق کتنا ہی انکار کریں۔

وہ ناطق ہیں، وہ صادق ہیں، تم انہیں جھٹلا رہے ہو اس لئے جھوٹے ہو، وہ علوم نبی کے وارث ہیں، جو وارث بن گئے ان کا خیال ہے؟

تم نے ان سے اچھی طرح عناد کیا حالانکہ انھوں نے تلوار سے راہ اسلام دکھائی۔ تم نے یوم غدیر ان کے مولا ہونے کو مان کر بھی انکار کیا۔ تم نے رسول خدا ﷺ کی زبان مبارک سے ان کے فضائل سن کر انہیں اچھی طرح پہچان لیا تھا۔ تم نے کہا تھا کہ آپ نے جو کچھ فرمایا ہے اس پر ہم راضی ہیں لیکن تمہارے دلوں نے کہا ہم نہیں مانیں گے۔

تم نے کہا کہ آپ سے زیادہ سرداری کے لیے سزاوار تر کون ہے۔ اور پاکیزہ تر لوگوں سے زیادہ استوار تر؟ اور تم میں کون بعد رسول ان کا وصی اور امین ہے؟ تم میں کون فرش نبی ﷺ پر سویا جب کہ تم ان کے خون کے پیاسے تھے۔ اور کون پاک نفس مرغ بریاں کے کھانے میں شریک تھا۔ تم تو وہاں موجود تھے۔

اے آل رسولؐ! وہ قوم دھتکاری جائے گی جس نے تمہارے ہاتھ پر ہدایت دیکھ کر بھی صریحی گمراہی کا راستہ اختیار کیا‘‘۔(۱)

تیسرا قصیدہ ۱۹ اشعروں پر مشتمل ہے۔ ۱۰ اشعروں کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:

’’اور میں نے جامہ زہد و پارسائی اختیار کیا، معلوم نہیں خود پہنا یا عاریۃً۔ اور شیطان میرے سامنے

---

۱۔(دیوان صوری؛ ج۲، ص۷۶ نمبر ۴۸۳)

آ گیا تا کہ مجھے ہدایت سے بہکا کر فریب دے۔تو پھر میں نے جامہ پارسائی اتار پھینکا اور قباء عیاری وخونریزی پہن لی۔ جو کچھ بھی ہوتو اگر توبہ کرے خدا سے استغفار کرے تو خدا کو معاف کرنے والا پائے گا، جب تک تو ان لوگوں کی پارسائی میں نہ ہو جنہوں نے بروز غدیر موجود ہوتے ہوئے بھی غداری کی اور ان سے علیحدہ ہو کر انہوں نے ایک الگ سے اپنا امیر بنالیا۔

ہر کینہ توز کے دل میں آتش بھری ہوئی تھی۔ وہ حکومت واقتدار کے چکر میں تھے، تخت وسریر کے منتظر تھے۔انھوں نے ایسی میراث بنالی تھی کہ کسی کو بالشت برابر بھی حصہ نہ مل سکے۔ یہ سلسلہ باقی رہے گا۔ یہاں تک کہ قائم آل محمدؑ انتقام لینے کے لئے ظہور فرمائیں۔

سبھی اسلام قبول کرلیں گے اور گمراہی وسیاہی پر نور ندامت کی پوشش چڑھادیں گے''۔(۱)

چوتھا قصیدہ ۱۸/اشعار پر مشتمل ہے، یہاں ۹ شعروں کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:

**یابنی الزهراء ماذا اکتسبت**

''اے فرزندان زہراؑ! ہر زمانے کے چہرے سے بدنامی کا داغ کبھی دھویا نہ جاسکے گا۔اے مطاف جو طوفان بلا سے دوچار ہوا۔اے حطیم جو نوک نیزہ پر سپر بنایا گیا۔اب کس عہد کے تحفظ کی امید لگائی جاسکتی ہے جب کہ تمہارے بارے میں عہد خدا اور ذمہ داری کو رسوائی کے ساتھ ٹھکرایا گیا۔

مجھے کبھی تسلی نہ ہوگی کہ بنی امیہ نے تمہارے انوار کو ظلم وستم سے ڈھانپ لیا۔ وہ دریائے گمراہی میں غوطہ زن ہو گئے۔حالانکہ وہ زبانی اسلام کا اقرار کرتے تھے۔ پھر انھوں نے ایسی منحوس روش جاری کردی جس میں جس سے جو بن پڑا اس نے ظلم کیا۔ حیرت کی بات تو یہ ہے کہ لوگوں نے تم سے اس حق کا مفہوم سمجھا اور تمہارے ہی بارے میں حق کو رواج نہیں دیا گیا۔اور صرف تمہاری ولایت ہی عبدالمحسن صوری کے قول کے مطابق دوستوں میں رائج ہے۔

تمہارے والد کی قسم! اور اس کی وصیت کی قسم جو تمہارے باپ کے متعلق تمہارے جد نے غدیر میں کی۔ بلاشبہ تمام امت نے تمہاری فرمان روائی کو تسلیم کرلیا۔رسول کی حجت نے اس قوم پر حجت اتمام کردی''۔(۲)

۱۔(دیوان صوری؛ ج۱،ص۲۱۹ نمبر۱۴۶)

۲۔(دیوان صوری؛ ج۱،ص۴۱۵ نمبر۳۷۴)

## شاعر کے حالات:

ابومحمد۔عبدالمحسن بن محمد بن احمد بن غالب بن غلبون صوری۔ چوتھی صدی کے بہترین شاعر اور نابغہ روزگار تھے جن کی مدت زندگی پانچویں صدی کے اوائل تک بکھری ہے۔

ان کے اشعار میں جزالت الفاظ وبلندی معانی کی فراوانی ہے۔ترنم تغزل بھی ہے اور جدلیات شدت بھی۔اپنے حریف پر مضبوط دلیل کے ساتھ ٹوٹ پڑتے ہیں لیکن توصیف پر آتے ہیں تو شریفانہ صورت کا چربہ اتار دیتے ہیں۔ان کا شعری دیوان لگ بھگ پانچ ہزار نرم وحقیقت ریز اشعار پر مشتمل ہے۔اشعار محبت آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ثبوت بھی ہے چنانچہ ابن شہرآشوب (۱) نے غازیان شعراء اہل بیتؑ میں ان کا شمار کیا ہے۔

میں نے ان کی جن شعری کاوشوں کا انتخاب کیا ہے اس سے ان کی روحانی بلندی،آل رسولؐ کی طرف سے محاذ آرائی اور ان کے حقوق کی حمایت کا پتہ چلتا ہے۔دیوان شعری میں اشارات لطیفہ اور عقیدہ باطنی کوٹ کوٹ کر بھرا ہے۔

منجملہ ان کے بچپن کا یہ قطعہ بنام عمر ہے۔

نادمنی من وجهه روضة　　مشرقة یمرح فیه النظر

فانظر معی تنظر الی معجز　　سیف علی بین جفنی عمر

ابن شبانہ نے ان کے حالات لکھتے ہوئے شیعہ اہل بیتؑ کا عنوان دیا ہے اس کے علاوہ جن کتابوں میں ان کے حالات ہیں ان میں یتیمۃ الدھر،ابن خلکان وغیرہ میں ثناوستائش ہے۔(۲)

ابن خلکان کہتے ہیں کہ ۴۱۹ھ بروز یکشنبہ ۹ رشوال ۸۰ سال کی عمر میں یا اس سے زیادہ کی عمر میں انتقال کیا۔یہی بات تاریخ ابن کثیر جلد۲ صفحہ۲۵ (ج۱۲،ص۳۲) میں بھی ہے۔

---

۱۔معالم العلماء (ص۱۵۱)

۲۔(یتیمۃ الدھر؛ ج۱،ص۲۵۷۔ج۱،۳۶۳۔تتمیم تیمیۃ الدھر؛ ج۱،ص۳۵۔ج۵،۴۶۔وفیات الاعیان؛ ج۱،ص۳۳۴۔ج۳، ص۲۳۲ نمبر ۴۰۶)

## مدح اہل بیت میں یہ پانچ اشعار:

''ظالموں کی پارٹی خدا سے جنگ پر آمادہ ہوگئی، وہ جب گمراہ ہوئی تو اس نے دوسروں کو بھی گمراہ کیا ان کے دل عہد جاہلیت سے مانوس تھے اور حق وصداقت سے ان کا خدا واسطے کا بیر تھا۔

اے آل احمدؐ! وہ احمد مجتبیٰؐ سے جواب میں کیا بہانہ تراشیں گے جب کہ وہ جواب طلب کریں گے ۔حالانکہ انہیں کی روایت کی ہوئی مشہورترین حدیث رسولؐ ہے کہ میں تم میں قرآن اوراپنی عترت چھوڑے جارہاہوں ۔لیکن بات یہ ہوئی کہ دنیا ان کے سامنے بن سنور کے آگئی اور وہ ادھر لپک گئے اس وجہ سے انہیں آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منحرف دیکھ رہے ہو''۔(۱)

## شیخ مفید کا مرثیہ کہا ہے:

پایندہ باد کہ جس کی ذات کا فیض تمام لوگوں پر عام رہا۔اور موت کو مخلوقات کے درمیان عدل کے ساتھ تقسیم کیا۔علوم محمد کا مستقل وجود گذر گیا۔افسوس۔اب زمانہ ان کا مثل لانے سے قاصر ہے۔(۲)

ریاحی کا بیان ہے کہ جب صوری دمشق آئے تو مجدی شاعر میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ہم دونوں آدمیوں کو ان سے ملنے کے لئے چلنا چاہئے۔ہم ان کی زیارت کے لئے چلے،صوری ہر وقت گندم فروشوں کی دوکان پر رہتے وہیں لوگ نظر آتے جاتے رہتے۔اسی کے مقابل کپڑے کی دوکان تھی جس میں ایک بوڑھا اندھا تھا۔اس سے ایک بڑھیا بات میں مصروف تھی۔بڈھا بڑی توجہ سے اس کی بات سن رہا تھا۔مجدی نے مصرع پڑھا:

مــنــصــنة تسـمـع مـايـقـول

''پیر فرتوت سراپا گوش ہے کہ کیا کہہ رہی ہے''۔

صوری نے فوراً مصرع برابر کردیا:

---

۱۔(دیوان صوری؛ ج۱،ص۳۷۔ج۱،ص۳۷نمبر۲۲)

۲۔(دیوان صوری؛ ج۱،ص۴۱۴نمبر۳۷۳)

**کـالـخـلـد لـماقابلته الغول**

''جیسے موش صحرائی غول کی صدا سن رہا ہو''۔

مجدی پھڑک اٹھے ۔احسنت ! آپ نے دو تشبیہیں بیک وقت استعمال کیں ۔خدا بچائے آپ کو۔(۱)

۱۔( تاریخ ابن عساکر؛ ج۳،ص۲۸۱ )( ج۱۰،ص۳۶۷ نمبر۹۴۲ )

# مہیار دیلمی

وفات ۴۲۸ھ

۴۹ شعروں پر مشتمل قصیدے کے پچیس بند کا ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:

**ھذی قضایا رسول اللّٰہ مھملۃ**

''یہ فرمان رسولؐ ہے جسے غداری کر کے چھوڑ دیا گیا ہے اور خانوادہ رسول بکھر کے رہ گیا ہے۔ اور لوگ اس عہد کے تحفظ کے سلسلے میں ایک رائے نہ ہو سکے نہ ایک دوسرے کے قریب آئے لیکن خیانت کے سلسلے میں سبھی ایک ہیں ان میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ اور آل رسولؐ جو آل اللہ ہیں وہی دین کے نگہبان ہیں جو رعیت کے ہاتھوں ظلم و ستم کا شکار ہیں۔

عہد رسولؐ کو پیروں سے روند ڈالا۔ انصار رسولؐ بھی انہیں کے ہم خیال بن گئے۔ آل رسول کے متعلق بیعت غدیر کو تباہی کے گھاٹ لگا دیا گیا حالانکہ یہودی انصاری سے کئے گئے عہد و پیمان کا پاس و لحاظ کیا جاتا ہے۔

قسم کھا کھا کر بیعت لی گئی اور تلواروں کے زور پر لوگوں کو فرماں بردار بنایا گیا۔ اس نے ایک فرمان لکھ مارا کہ جس نے بجائے سنتوں کے بدعتوں کو جنم دیا۔ دوسرے مکاری نے جال بن دئے اور اس کی فریب کا دنیا نصیب آخرت سے محروم ہوگئی۔ ایک شخص نے مجھ سے کہا کہ نص کے مطابق علیؑ وارث ہیں۔ میں نے پوچھا۔ کیا انہیں وہ وراثت دی گئی یا انہیں وراثت سے روک دیا گیا؟

میں نے کہا وہ دل میں چھپی بات ہے جس کا تذکرہ مناسب نہیں۔ خداوند عالم اس قوم کو ان کے

کرتوت کا بدلہ دے گا۔اگر میں ان کا نام لوں تو سبھی پہچان لیں گے۔ان کے چہروں سے دل کا کینہ آشکار ہے جس وقت یہ نزاع میں مصروف تھے بازار دینداری بے رونق تھا اور جب پرچم حق لہرادیا گیا یہ بچھے ہوئے دسترخوان پر جھگڑنے لگے۔ان کے اول نے دوسرے سے غداری سیکھی اور تیسرا انہیں کی اتباع و پیروی میں جم گیا ذرا ٹھہرو بھی۔حق کے معاملے میں منصفانہ غور کریں،عقل فیصلہ کرتی ہے اور کٹھ حجتی معاملے طے نہیں ہونے دیتی۔

کس حکم کی بنا پر فرزندان رسولؐ تمہاری پیروی کریں۔کیا تمہارا فخر یہ ہے کہ تم صحابی رسولؐ اور ان کے تابع تھے؟ قبر رسولؐ کس طرح ان کے خاندان والوں کے لیے تنگ کر دی گئی اور ایرے غیرے کس طرح قبر رسولؐ پر چھاپہ مارے ہوئے سوئے ہوئے ہیں۔آخر تم کس بنیاد پر اجماع کو حجت سمجھتے ہو۔جب کہ نہ اجماع تھا، نہ رضا و رغبت تھی۔

جس امر اجماع میں علیؑ مشورہ سے دور ہوں،زبردستی ان سے بیعت لینے کی کوشش کی جائے اور رسولؐ کے چچا عباس صریحی مخالف ہوں۔قریش رشتہ داری کے دعویدار ہوں اور انصار کو نہ تو الگ کیا جاتا ہے نہ شامل کیا جاتا ہے،اگر تم نے روایات کو جوڑ توڑ اور جعلی اسنادمیں نہ چھپایا ہوتا تو اسلام میں تمہارے اختلاف سے بڑا اختلاف کب رونما ہوا؟

میں ان سے پوچھتا ہوں کہ غدیر کے دن جب کہ علیؑ کی ولایت کا عہد لیا گیا تھا، کیوں خیانت کی گئی اور کیوں بیعت توڑ دی گئی،قول صحیح تھا لیکن تینوں میں کھوٹ تھا۔وہ تلوار کبھی مفید و کارآمد نہیں ہوسکتی جس میں زنگ لگا ہوا ہو۔

اے امیرالمومنینؑ آپ کی سرداری کا اعتراف کرنے کے بعد انکار کرنا شرمناک جامہ زیب تن کرنا تھا۔آپ کے حق میں جس نقض عہد کو روا رکھا گیا یہ ایسی بدعت تھی جسے شریعت کا رنگ دیکر جائز کر لیا گیا۔آپ اپنے حق سے دستبردار ہو گئے اگر آپ حق کا مطالبہ کرتے تو ان کے خلاف ایسا محاذ بنتا کہ ناکوں چنے چبانے پڑتے۔آپ نے صبر کیا تا کہ امر خداوندی کا تحفظ کیا جاسکے۔وہ دین کے معاملے میں سوئے ہوئے تھے اور آپ بیدار تھے‘‘۔

## شعری تتبع:

استاد احمد نسیم مصری مہیار دیلمی کے اس شعر ''**تضاغ بیعته یوم الغدیر لهم**'' پر حاشیہ لگاتے ہیں کہ غدیر وہی مکہ و مدینہ کے مابین جگہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ رسولخدا ﷺ نے لوگوں کے سامنے خطبہ فرمایا کہ ''**من کنت مولاه فعلی مولاه**''۔(۱)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ کاش مجھے معلوم ہوسکتا کہ استاذ مصری پر متواتر روایات کی حقیقت کیوں پوشیدہ رہ گئی۔ جس حدیث کے راوی سو سے زیادہ اصحاب رسول ﷺ ہیں۔ یا تو یہ مذہبی میلان ہے جس نے حقیقت پر پردہ ڈال دیا ہے اور واقفیت کو امانت کے دامن میں جگہ نہ مل سکی۔ ایسی واضح حقیقت کو لفظ ''قیل'' (کہا جاتا ہے) سے کمزور اور بے بنیاد بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ (ان سے کہہ دو کہ وہ بڑی خبر ہے جس سے تم مجھ کو پھرا رہے ہو، اور جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اسے اسی طرح پہچانتے ہیں جیسے اپنے بال بچوں کو۔)

## دوسرا قصیدہ

مہیار کے دیوان میں مدح آل محمدؐ کا ایک دوسرا قصیدہ بھی ہے جس میں ۳۵؍اشعار ہیں۔(۲) مدح کے صرف دس شعر کا ترجمہ کیا جا رہا ہے:

مجھ پر بڑھاپے نے اپنا پورا اثر دکھایا ہے مجھے اب صرف آل رسولؐ کے غم میں رونے دھونے سے کام رہ گیا ہے۔ وہ گروہ رشد و ہدایت تھے لیکن حماقت و گمراہی کے ہاتھوں نے ان پر دست ستم دراز کر دیا۔ وہ داعیان حق تھے۔ سب نے ان کے حکم پر لبیک کہا پھر وہ بدل گئے اور مخالفت کی ہوا چلا دی۔

سقیفہ کے دن خیانت کا بوجھ ان کے کاندھوں پر لاد دیا، جس بوجھ کو پہاڑ بھی اٹھانے سے قاصر تھا پھر بعد میں اس پر آمادہ ہوئے کہ اس بوجھ کو اتار پھینکیں، لیکن افسوس غلطی کا ازالہ ممکن نہ تھا ان کے حال

---

۱۔(دیوان مہیار؛ ج۲، ص۱۸۲)

۲۔ دیوان مہیار؛ ج۳، ص۱۵

پرافسوس ہے جب کہ احمد مصطفیؐ ان کے درمیان کھڑے ہوئے، ان سے سوال کیا اور انھوں نے جواب دیا۔غم واندوہ نے میرے اوپر بسیرا کرلیا ہے حالانکہ زمانہ غم کے ساتھ پائیدار نہیں۔اس قوم پرافسوس ہے کہ جنہوں نے علیؑ کوقتل کیا حالانکہ وہ ان کی نحوستوں کوقتل کرنیوالے تھے۔

انہوں نے علیؑ سے کینہ توزی کی حالانکہ حشر میں انہیں کی محبت کے متعلق باز پرس ہوگی گذرے لوگوں سے روایت ہوتی آئی ہے اور خدا ہی جانتا ہے کہ یوم غدیر کیا حالات رونما ہوئے تھے''۔

## تیسرا قصیدہ

مہیار کا تیسرا قصیدہ ۶۳ شعروں پرمشتمل ہے۔(۱) علامہ نے یہاں ۲۳ شعر درج کئے ہیں:

### فارحم عدوک

''اے دوست تمہارا دشمن جب تک تمہارا بظاہر خیر خواہ ہے نرمی کا برتاؤ کرو اگر چہ وہ اپنے دل کا علاج تمہارے کینہ وعناد سے کررہا ہے۔میں نے مانا کہ انہوں نے بغاوت کرتے ہوئے قول رسولؐ کا انکار کیا تو ان سے کہو کہ دوسروں کی مساعی بھی شمار کریں۔بدر واحد میں اور جنگ حنین کے موقع پر اپنے قدم پوری طرح جمادئے تھے۔اور شام کے راستے میں صماء کے پتھر کو کھودا اور اس کے نیچے سے پانی نکالا۔اور علیؑ کے سوا لوگوں کا کوئی دوسرا ساقی بھی نہیں تھا۔

خیبر کے یہودیوں کی جنگ کے متعلق بھی غور کرو۔مرحب ہی کی بات مان لو وہ دشمن ہی فیصلہ کردے گا۔کیا مضبوط قلعہ علیؑ کے سوا دوسرے کے ہاتھ سے منہدم ہوا؟ کیا باب خیبر دوسرے نے اکھاڑا؟ اور ذرا عمرو بن عبدود کے معاملے میں اولاً غور کرو پھر دوسری بار عمرو بن عاص کے معاملے میں غور کرو۔یہ دونوں شیر علیؑ کی شمشیر کا شکار ہوئے حالانکہ یہ دونوں کسی بہادر سے دبتے نہیں تھے۔

بنی ضبّہ کے بہادروں کے متعلق بھی سوچو ہودج کے گرد پروانہ وار چکر لگارہے تھے بصرہ کے دن انہیں علیؑ ہی نے فنا کے گھاٹ اتارا اور اس سے قبل کتنے ہی اژدر لقمہ اجل بن گئے۔البتہ جنگ صفین تمام

---

۱۔دیوان مہیار؛ ج۴،ص ۱۹۸

جنگوں میں پیچیدہ ترتھی۔اگراس سلسلے میں صحیح اوریقینی خبرسننا چاہتے ہوتو معاویہ سے پوچھ لو‘‘۔(۱)

## شعری تتبع:

**وھب الغدیر ابواعلیه قبوله نهیا فقل: عدواسواه مساعیا**

(اس شعرمیں خطی دیوان کالفظ بغیاً ہے لیکن مطبوعہ میں نھیاً کردیا گیاہے۔میں نے بغیاً ہی کا ترجمہ کیاہے۔) (مترجم)

استادنسیم مصری اس شعرکے مطابق لکھتے ہیں کہ نِھی (بکسرنون)غدیرکے مانند چیزوں کو کہتے ہیں اورحضرت علیؑ کی ایک جنگ ہے جسے غدیرخم کہتے ہیں شاعرنے اسی جنگ کی طرف اشارہ کیاہے۔

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ استادمصری جنہوں نے شرح میں بغی کےلفظ کو بدل کرنھی کردیاہےاورلفظ بغی خطی دیوان میں موجودبھی ہے وہ بتاسکتے ہیں کہ یہاں حال واقع ہواہے یامفعول جسے نصب دیا گیاہے۔پھریہ کہ یہ شعری تناسب سے میل بھی نہیں کھاتا مہیار دیلمی جیسے عظیم فنکارشاعرسے قطعی بعیدہے کہ انھوں نے نھیاً استعمال کیاہو۔گویااستادمصری ،ابراہیم ملحم اسود کےنقش قدم پر چلے ہیں جوکہتے ہیں کہ روزغدیرمشہورجنگ کانام ہے۔لیکن انہوں نے کبھی اس مشہورجنگ کےراز سے پردہ نہیں اٹھایاکہ کس تاریخ میں اس جنگ کا واقعہ ہے۔(ان کاارادہ ہے کہ کلام خداکوبدل دیں۔ان کے دل شک وشبہ کا شکارہیں وہ اسی میں جھولتے رہیں گے۔)

## شاعرکےحالات:

ابوالحسن یاابوالحسین ۔مہیاربن مرزویہ دیلمی بغدادکےمحلّہ کرخ میں کوچہ ریاح میں سکونت پذیرتھے۔عربی ادب کابلندترین پرچم تھے۔جن کامشرق سےمغرب تک ڈنکابج رہاتھا۔نفیس ترین گنجینہ سرشارتھے۔اساس سخن رکھنے والے اورقصرادب کوآسمان تک پہونچانے والےعرب نغمہ نگاروں کے

---

۱۔(دیوان مہیار؛ج،۴،ص۱۹۸)

پیشا پیش تھے۔انھوں نے لغت عرب پرعظیم احسان کیا اس لئے ہمیشہ یاد کئے جائیں گے۔شعروادب کی ثنامیں رطب اللسان ہے فضل وحسب ان کی ثنا گستر عرب نسل ان سے ناتہ جوڑ کر ان کی بے کراں فضیلت کی قرضدار ہوگئی۔اس کی گواہی خودان کا شعری دیوان دے گا جو بڑے اوراق پر پھیلا ہوا چار اجزاء میں ہے۔اوراس میں فنون متنوعہ اور ہیئت مختلفہ کے جوہر دکھائے گئے ہیں۔انہوں نے تصویر خیالی اورمعانی کی بھرپور روش کو اپنایا یہاں تک کہ تصویر تخئیل قاری کے سامنے مجسم ہوکر آگئی۔ان کا اسلوب استوار، ادب توانا اور رنگارنگ ہے۔ان کے عہد میں تنظیم فنکاروں کی کمی نہیں تھی لیکن وہ سب پر بازی لے گئے۔ بروز جمعہ جامع مسجد منصوری میں تشریف فرما ہوتے اوراپنے اشعار سناتے۔(۱)

صاحب دمیۃ القصر (۲) نے قطعی مبالغہ نہیں کیا ہے۔وہ کہتے ہیں :وہ صاحب فضل وادب شاعر تھے جن کا ڈنکا بج رہا تھا۔نفیس ترین ادیب تھے جنہوں نے دوشیزہ خیال کو ملاحت عطا کی۔ان کے قصائد میں اعتراض کی ذرا بھی گنجائش نہ ہوتی ،شاعری دل میں اتر جاتی ،گویا ناسازگار زمانہ اس خوش نوا آہنگ سے غموں سے بھرپور ماضی کوفراموش کرجاتا تھا۔

البتہ ان کی مذہبی شاعری قوی ترین استدلال واحتجاج سے آراستہ ہوتی تھی۔ان کی مدحیہ شاعری مخلصانہ اورظالموں کے کرتوت واشگاف کرتی ہوئی ہوتی ہے۔شاید یہی وجہ ہے کہ کینہ توز تذکرہ نگاروں نے ان کی فنی وشعری خوبی کو پردہ خفا میں رکھنے کی کوشش کی ،ان کے حالات زندگی کوکماحقہ منظرعام پرآنے نہیں دیا۔ان کا جوبھی تذکرہ ملتا ہے وہ بس واجبی لیکن ان کی شاعری میں حسن تغزل کو دیکھ کر ہر شخص ان کا گرویدہ ہوجاتا ہے۔حق کی قسم یہ بجائے خود ایک معجزہ ہے کہ ایک پارسی نژاد عربی شاعری میں خودعربوں سے بازی لے جائے جب کہ کسی عجمی شاعر کو عربوں کی برابری کا یارا بھی کمتر ہوتا ہے۔ مہیار کی تو خودعرب شاعروں نے اقتدا کی ہے ،مہیار کو یہ مرتبہ اس لئے نصیب ہوا کہ وہ خاندان رسولؐ کے ماہر اساتذہ ادب سید مرتضی اورسید رضی کے شاگرد تھے۔ان دونوں کے استاد شیخ مفید کے سامنے بھی زانوئے ادب تہہ کیا تھا۔وہ اسی بیکراں سمندر سے سیراب ہوا تھا۔

---

۱۔( تاریخ خطیب بغدادی؛ ج۱۳،ص۲۷۶)  ۲۔دمیۃ القصر ؛ص۷۶(ج۱،ص۳۰۳)

کچھ دشمنان آل محمدؐ نے طفلانہ طریقے سے اس پر تیر چلانے کی سعی کی اور ناروا تہمت لگا کر اس کی شخصیت کو داغدار کرنے کی کوشش کی۔(۱)

مثلاً یہ کہ وہ غلو وافراط کے شکار تھے۔ایسا ہرگز نہیں تھا، یہ مہیار جیسے بلند قامت کی شان میں گستاخی ہے،مہیار کا بارور ادب،فضل نامور،سیرت پاک،نور واضح اور علوی مذہب کے ساتھ خسروانہ نغمگی تھی جس کی وجہ سے تذکرہ نگاروں نے ان کی تعریف کے پل باندھے ہیں۔اس بات میں کوئی زیان نہیں کہ کل دین مجوس پر تھے اور آج دین اسلام اور مذہب علوی کے ساتھ ادب عربی کی نشو ونما میں مصروف ہیں۔ان کی نغمگی ان کی باطنی طہارت کا پتہ دیتی ہے۔ان کے شعروں نے ان کی روحانیت بلند کر کے انہیں زندہ جاوید بنا دیا۔

انہوں نے ہر شرف وعظمت سے اپنی ذات کو آراستہ کیا۔ان کے گذشتہ مذہب کو مورد طعن بنایا جائے تو لازم ہے کہ تمام صحابہ کو بھی مورد طعن بنایا جائے۔اسلام گذشتہ باتوں کو محو کر دیتا ہے اسی لئے مہیار دیلمی اپنے معزز خاندان کو شرف اسلام اور حسن ادب سے وابستہ کر کے افتخارانہ نغمہ سرائی کرتے ہیں:(۲)

اعجبت بی بین نادی قومها ام سعد فمضت تسئال بی
سرها ماعلمت من خلقی فارادت علمها ماحسبی
لاتخالی نسبا یخفضنی انا من یرضیک عند النسب
قومی استولوا علی الدهر فتی ومشوا فوق الرووس الحقب
عمموا بالشمس هاماتهم وبنوا ابیاتهم بالشهب
وابی کسری علی ایوانه این فی الناس اب مثل ابی؟!

''ام سعد میرے خاندان کے متعلق معلومات حاصل کرنا چاہتی ہے وہ میری سیرت سے خوش تھی اس لئے خاندان کی بھی جو یائی ہوئی۔یہ نہ سمجھو کہ میرا خاندان پست ہے۔میں اپنے نسب پر خوشنود ہوں

ا۔المنتظم؛(ج ۱۵،ص ۲۶۰ نمبر ۳۲۰۸) ۲۔دیوان مہیار دیلمی (ج ا،ص ۶۴)

میرے خاندان نے بہادرانہ طریقے سے پوری دنیا پر حکومت کی۔سالھا سال تک لوگوں کو اپنا مطیع بنایا انہوں نے سورج سے اپنے سر پر عمامہ باندھا۔شہاب ثاقب پر اپنا گھر بنایا۔میرے باپ کسری کی طرح کون ہوسکتا ہے۔صاحب صولت سلاطین ہوں، پھر یہ کہ اسلام بھی میرے نصیب میں آ گیا۔میں نے شرافت کو بہترین باب سے اور دین کو اشرف الانبیاء سے حاصل کیا۔فخر ومباہات کو چہارطرف سے حاصل کیا۔عجم کی سرداری اور دین عرب‘‘۔

مہیار نے ۳۹۴ھ میں شریف رضی کے ہاتھوں پر اسلام قبول کیا۔انہیں سے شعر وادب حاصل کیا۔ وہ شب یکشنبہ ۵/ جمادی الثانیہ ۴۲۸ھ میں دنیا سے گذر گئے۔ان کی تاریخ وفات میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔

## مصادر حالات:


۱۔تاریخ بغداد؛ ج۱۳؛ص۲۷۶

۲۔منتظم۔ ج۸؛ص۹۴ (ج۱۵؛ ۲۶۰ نمبر ۳۲۰۸)

۳۔تاریخ ابن خلکان۔ ج۲؛ص۲۷۷

۴۔مرأة یافعی ج۳؛ص۴۷

۵۔دمیة القصر ص،۷۶ (ج۱؛ص۳۰۳)

۶۔تاریخ ابن کثیر ج۱۲؛ ۱۴ (ج۱۲؛ ۵۲)

۷۔کامل ابن اثیر ج۹؛ص۱۵۹ (ج۶؛ص۸۵)

۸۔تاریخ ابی الفداء۔ج۲؛ص۱۶۸

۹۔امل الآمل حر عاملی۔ج۲؛ص۳۲۹ نمبر ۱۰۲۱

۱۰۔روض المناظر (ج۲؛ص۴۹)

۱۱۔الاعلام زرکلی ج۳؛ص۱۰۷۹ (ج۷؛ص۳۱۷)

۱۲۔شذرات۔ج۳؛ص۲۴۷ (ج۵؛۱۴۴)

۱۳۔تاریخ آداب اللغۃ ج۲؛۲۵۹ (مجلد۱۴؛ص۹۴)

۱۴۔نسمۃ السحر (مجلد۹۔ج۲؛۵۴۸)

۱۵۔فرید وجدی کی دائرۃ المعارف۔ج۹؛۴۸۴

۱۶۔سفینۃ البحار۔ج۲؛ص۵۶۳ (ج۸؛ص۱۵۴

۱۷۔مجلۃ المرشد۔ج۲؛ص۸۵

مدح اہل بیتؑ میں ان کا ایک قصیدہ ۴۹ شعروں پر مشتمل ہے۔اس کے پانچ شعروں کا ترجمہ پیش ہے:

''اے کاش موت میرے خون سے سیراب ہو جاتی اور آپ کا خون زمیں پر نہ بہتا۔اے کربلا کے سونے والے! کاش میں بھی آپ کے ساتھ خاک وخون میں غلطیدہ ہوتا۔قریب ہے کہ زمانہ اس دل پر درد کو دشمنوں کے ہاتھ شفا بخش دے۔قریب ہے کہ شوکت حق باطل پر غالب آئے، یہ تمام آرزوئیں خدا کے ہاتھوں پوری ہوں گی۔لیکن ابھی تو میرا جگر پھٹ رہا ہے''۔

امیر المومنینؑ اور امام حسینؑ کا مرثیہ ۴۷ شعروں پر مشتمل ہے۔آپ نے یہ مرثیہ ۳۹۲ھ میں نعمت اسلام سے نہال ہونے کے بعد نذر کیا۔(دیوان میں ۳۹۲ھ ہی درج ہے۔مگر صحیح یہ ہے کہ ۳۹۴ھ میں اسلام لائے)۔(۱)

''اے ابوالحسنؑ! ان لوگوں نے اگر آپ کے حق کا جہالت میں انکار کیا تو خدا کی قسم یہ غلط ہے بلکہ انہوں نے جان بوجھ کر آپ کے حق کا انکار کیا۔ورنہ پھر کیا آپ یکہ تاز میدان شہادت نہ تھے اور کیا آپ خاصف النعل کی حیثیت سے نظیر رسولؐ نہ تھے، کیا آپ ابن عم رسولؐ اور ولی، داماد اور شریک ہدایت نہ تھے۔آپ کے حریف تو آپ کے برابر ہرگز نہ تھے۔آپ کے حریفوں کو آپ کی فضیلتوں سے اس لئے مخصوص کیا کہ وہ جانتے تھے کہ آپ کے خصوصیات وفضائل کے حصول سے قطعی عاجز ہیں۔بہت

---

۱۔(دیوان مہیار؛ج۲،ص۲۵۹)

سے لوگوں نے رنگ بدلے اور بعد رسولؐ خیانت کی۔فریب وخیانت میں ایک دوسرے سے بازی لے گیا''۔

حسین کے سامنے ایک مرثیہ پڑھا گیا جوفنی لحاظ سے کمزور تھا آپ سے فنی پختگی کے ساتھ اسی بحر میں کہنے کی گذارش کی گئی۔آپ نے برجستہ ۳۶؍شعر کہہ کے سنادئے۔مطلع ہے

**مشیــن لـنــابیــن میــل وھیف　　فـقــل فـی قنـاۃ وقـل فـی نـزیف**

مدح اہل بیتؑ میں ایک قصیدہ ۸۷؍شعروں پر مشتمل ہے:

**سـلامـن سـلا:مـن بن استبدلا؟!　　وکیف مـحـاالآ خـر الاولا؟!**

مناقب امیرالمومنینؑ پر مشتمل ایک قصیدہ ہے جس میں ۱۱۴شعر ہیں۔

اپنے استادشیخ مفید کا بھی مرثیہ بڑا والہانہ اور اثر انگیز کہا ہے جس میں ۹۱شعر ہیں۔

# سید شریف مرتضیٰ

ولادت/۳۵۵ھ

وفات/۴۳۶ھ

۴۸/شعروں کا یہ غدیریہ صوری ومعنوی لحاظ سے عظیم الشان ہے یہاں موضوع غدیر سے متعلق ۵/شعروں کا ترجمہ پیش کیا جا رہا ہے۔

امـــا الـــرســول ...

''رسول خداؐ نے آپ کی ولایت کا برملا اعلان فرمایا۔ اگر سرگشتہ و حیران لوگوں کو آپ کا ڈرانا مفید ہوتا تو آپ نے تو اپنی بات پوری وضاحت سے کہی تھی کوئی کنایہ یا اشارہ نہیں تھا واضح طریقے سے نام لے کر اعلان فرمایا عذر ومعذرت کا کوئی شبہ نہ تھا۔

لوگوں کی آنکھوں کے سامنے انہیں بلند کر کے جادہ رستگاری پر رہنما مقرر کیا بروز غدیر مومنوں کے دل کو شفا بخشی دلوں پر آب خنک چھڑکا اور اکثر لوگوں کو گرداب بلا میں جھونک دیا اسی لئے لوگوں کے دلوں میں کینہ وعناد نے جوش مارا ایک نے تو اپنی فریاد سینے میں چھپا لی کہ رسوا نہ ہو اور دوسرے نے ناامید ہو کر انا للہ پڑھ لیا''۔

## شاعر کے حالات

سید مرتضیٰ علم الہدیٰ ذوالمجدین ابوالقاسم علی بن حسین بن موسیٰ بن محمد بن موسیٰ بن ابراہیم بن امام موسیٰ کاظمؑ۔

اگر شریف مرتضی کے مجد وعظمت کی احاطہ بندی نہ کر سکے تو قلم کو مجرم نہیں ٹھہرایا جا سکتا ان کے بلند مرتبہ شخصیت کی کما حقہ تعریف سے زبان کو لکنت ہے کیوں کہ ان کے فضل وشرف کا کوئی ایک میدان نہیں انہیں فضیلت کے جس رخ سے بھی دیکھا جائے وسیع خصوصیات کی جولانی نظر آئے گی، امام فقہ مؤسس اصول، استاد کلام، معلم حدیث، نابغہ شعر، قائد لغت، مفسر قرآن، غرض انہوں نے تمام عربی علوم میں نقوش ثبت فرمائے ہیں علاوہ برایں ان کا نسب تابناک حسب واضح وروشن ہے مزید یہ کہ انہوں نے وقیع ترین دینی خدمات انجام دی ہیں۔ شیعیت کی خدمات ممتاز ترین ہیں اسی لئے ان کا نام ہمیشہ باقی رہے گا ان کی وقیع تصانیف مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ الشافی
۲۔ امامت کی بحث
۳۔ ملخص اصول میں
۴۔ ذخیرہ اصول میں
۵۔ جمل العلم والعمل
۶۔ غرر ودرر
۷۔ تکملہ غرر
۸۔ المقنع
۹۔ الخلاف فقہ میں
۱۰۔ الناصریہ فقہ میں
۱۱۔ الحلبیہ اول
۱۲۔ الحلبیہ اخیرہ
۱۳۔ مسائل جرجانی
۱۴۔ مسائل طوسیہ
۱۵۔ مسائل صباویہ
۱۶۔ مسائل تبانیات
۱۷۔ مسائل سلاریہ
۱۸۔ مسائل کچھ آیات کے بارے میں
۱۹۔ مسائل رازیہ
۲۰۔ مسائل کلامیہ
۲۱۔ مسائل صیداویہ
۲۲۔ دیلمیہ فقہ میں
۲۳۔ کتاب البرق
۲۴۔ طیف الخیال
۲۵۔ شیب والشباب
۲۶۔ مقمصہ
۲۷۔ مصباح فقہ میں
۲۸۔ نصر الروایہ

۲۹۔ذریعہ فی اصول فقہ
۳۰۔شرح بائیہ حمیری
۳۱۔تنزیہ الانبیاء
۳۲۔ابطال القول بالعدد
۳۳۔المحکم ومتشابہ
۳۴۔النجوم والمنجمون
۳۵۔متولی غسل الامام
۳۶۔اصول اعتقادیہ
۳۷۔احکام اہل آخرت
۳۸۔معنی عصمت
۳۹۔الوجیزہ
۴۰۔تقریب الاصول
۴۱۔طبیعہ المسلمین
۴۲۔رسالہ فی علم اللہ
۴۳۔رسالہ فی الارادۃ حصہ اول ودوم
۴۴۔رسالہ فی التوبہ
۴۵۔رسالہ فی التاکید
۴۶۔رسالہ فی المتعہ
۴۷۔دلیل الخطاب
۴۸۔طرق الاستدلال
۴۹۔کتاب الوعید
۵۰۔شرح قصیدہ
۵۱۔الحدود والحقائق
۵۲۔مفردات
۵۳۔الموصلیہ اول وثانی وثالث
۵۴۔مسائل طرابلیسہ دوجلد
۵۵۔مسائل میافارقین
۵۶۔مسائل رازیہ
۵۷۔مسائل محمدیات
۵۸۔مسائل بادرات
۵۹۔مسائل مصریہ اول ودوم
۶۰۔مسائل رملیات
۶۱۔مختلف النوع مسائل
۶۲۔مسائل رسیہ اول ودوم
۶۳۔انتصار
۶۴۔تفصیل انبیاء بر ملائکہ
۶۵۔تردید بن جنی
۶۶۔شعری دیوان
۶۷۔الصرفہ فی بیان اعجاز القرآن
۶۸۔الرسالہ الباہرہ فی عترت الطاہرہ
۶۹۔تردید مقالہ ابن عدی
۷۰جواب ملاحدہ

۷۱۔یتیمۃ الاعراض ۷۲۔عقدام کلثوم عمر سے
۷۳۔انقاذ البشر من القضاو القدر ۷۴۔الرد علی اصحاب العدد
۷۵۔تفسیر الحمد وسورہ بقرہ
۷۶۔تردید ابن عدی حدوث اجسام کے بارے میں
۷۷۔تفسیر آیت **قل لقالوا اتل ما حرم ربکم** ۷۸۔تفسیر **ولقد کرمنا بنی آدم**
۷۹۔تفسیر آیت **لیس علی الذین آمنوا و عملوا لصالحات جناح**
۸۰۔تتبع ابیات متنبّی

## کلمات ستائش

نجاشی فرماتے ہیں: ابوالقاسم مرتضیٰ اپنے وقت کے عظیم وممتاز عالم تھے بہت زیادہ حدیثیں سنیں وہ متکلم،شاعر،ادیب تھے اور دینی ودنیاوی علوم پر بھر پور قدرت تھی۔(۱)

مجدی فرماتے ہیں: وہ نقیب نقباء، صاحب نظر،فقیہ،مصنف، دانشوروں کی یادگار اور یگانۂ عصر تھے، میں نے ان سے ملاقات کی،خوش بیان اور پر جوش ذہانت کے حامل تھے۔(۲)

شیخ طوسیؒ فرماتے ہیں: وہ یگانۂ عصر اور مختلف النوع علوم پر حاوی تھے،فضیلتوں کے جامع کلام ،فقہ،اصول،ادب،نحو،شعر ومعانی اور لغت وغیرہ جیسے علوم میں سب کے قائد تھے۔(۳)

ثعالبی کہتے ہیں: آج مجد وشرف اور علم وادب کی ریاست وزعامت علم الہدیٰؒ ہی کے ہاتھوں میں ہے، وہ بڑے نفیس اشعار کہتے ہیں۔(۴)

ابن خلدون کہتے ہیں: وہ کلام،ادب،اور شعر کے امام تھے شیعیت پر ان کی گرانقدر تصانیف ہیں۔

---

۱۔فہرست نجاشی ۱۹۲ ۲۔(المجدی) ۱۲۵
۳۔فہرست شیخ ص ۹۹ (ص ۴۲۱)؛ خلاصہ علامہ ص ۴۶ (ص ۹۵ نمبر ۲۲)
۴۔تتمۃ تیمیہ الدھر (ج ۶۹۵ نمبر ۴۹)

ابن بسام نے ان کا تذکرہ یوں کیا ہے: مسلم ہے کہ آج عراق کی امامت علم الہدیٰؒ کے پاس ہے، وہ علماء عظماء ان کے خوشہ چین، قدیم علوم کے استاد، نکتہ سنج، صاحب سخن، تمام دنیا میں ان کا ڈنکا بج رہا ہے، ان کے اشعار شاخ تازہ تر کی طرح ہوتے ہیں خاصہ خاصان خدا ہیں، علاوہ ازایں ان کی گرانقدر تالیفات بھی ہیں۔(۱)

خطیب تبریزی بیان کرتے ہیں کہ ادیب ابوالحسن علی بن احمد فالی کے پاس جمہرہ ابن درید کا نہایت نفیس نسخہ تھا انہیں اسے بیچنے کی ضرورت محسوس ہوئی علم الہدیٰ نے ساٹھ دینار میں اسے خرید لیا، جب اس کے اوراق پلٹے تو فروخت کرنے والے کے ان اشعار پر نظر پڑے:

''میں اس کتاب سے بیس سال تک مانوس رہا، اب بڑے اندوہ کے ساتھ بیچ رہا ہوں، میں نے سوچا بھی نہ تھا کہ ہمیشہ کے لئے اس کو جدا کردوں گا۔ آخر کار فقر وفاقہ کی وجہ سے بیچنا پڑا۔ میرے آنسورواں ہیں دل داغ دار ہے۔''

علم الہدیٰ نے ان اشعار کو پڑھ کر نسخہ انہیں واپس کردیا اور ساٹھ دینار بھی بخش دئے۔

ابن زہرہ کہتے ہیں کہ علم الہدیٰ فقیہ، صاحب نظر، شیعہ قائد، فقیہ اہل بیتؑ، دانشمند متکلم فنکار شاعر تھے اور صدقات بہت زیادہ کرتے۔ ان کی خیرات کا ان کے مرنے کے بعد پتہ چلا۔(۲)

اپنے بھائی رضیؒ سے بڑے تھے، ان دونوں جیسا شرف وکمال واتحاد دیکھنے میں نہیں آیا۔ سید رضیؒ کی موت پر علم الہدیٰؒ جنازہ میں حاضر نہ ہوسکے کیونکہ جنازہ کا منظر نہیں دیکھ سکتے تھے۔ سید رضیؒ نے پچاس ہزار دینار طلا سے زیادہ دولت چھوڑی۔

شیخ احمد بن مقبل کہتے ہیں کہ اگر کوئی قسم کھا کر کہے کہ علم الہدیٰؒ عربی علم کے سب سے بڑے عالم ہیں تو صحیح قسم ہوگی، ایک استاد مصر نے کہا کہ بخدا میں نے ''غرر و درر'' سے ایسے مطالب حاصل کئے جو سیبویہ اور دوسرے نحویوں کے یہاں بھی نہ مل سکے۔ خواجہ طوسی علم الہدیٰؒ کا نام لے کر صلوات اللہ کہتے پھر کہتے کہ ان پر ضرور صلوات پڑھنی چاہیئے۔

---

۱۔ وفیات الاعیان (ج ۳۔ ۳۱۳ نمبر ۴۴۳)　　۲۔ غایۃ الاختصار (ص ۷٦)

عمدۃ الطالب، دمیۃ القصر اور لسان المیزان میں بھی ان کے فقہ وکلام وحدیث ولغت کی مہارت کا تذکرہ ہے۔(۱)

ابھی بیس سال کی عمر بھی نہ ہوئی تھی کہ سرداری مل گئی، دنیوی ریاست کو علم وعمل سے ہم آہنگ کیا ہمیشہ تلاوت قرآن، نماز شب اور تدریس میں مصروف رہے۔ کسی مرتبہ کو بھی علم سے بہتر نہیں کہتے تھے۔ ان کے علاوہ درجات رفیعہ، شذرات الذہب، تاریخ بغداد، المنتظم، رجال ابوداؤ، لسان المیزان، کشکول، مجالس المومنین، صحاح الاخبار وغیرہ جیسی پچاس سے زیادہ کتابوں میں ان کی مدح سرائی مرقوم ہے۔(۲)

## اساتذہ ومشائخ حدیث:

۱۔ شیخ مفیدؒ
۲۔ ابومحمد عکبری
۳۔ حسین بن علی بن بابویہ
۴۔ سعید کوفی
۵۔ مرزبانی
۶۔ شیخ صدوقؒ
۷۔ ابن نباتہ
۸۔ علی بن محمد کاتب
۹۔ عبید اللہ بن یحییٰ
۱۰۔ احمد بن سہل دیباجی

## تلامذہ ورواۃ:

۱۔ شیخ الطائفہ ابوجعفر طوسیؒ
۲۔ سلار دیلمیؒ

---

۱۔ عمدۃ الطالب؛ ص، ۱۸۱ (۲۰۵) دمیۃ القصر ص، ۵۷ (ج۱، ص۲۹۹) لسان المیزان ج۴، ص، ۲۲۳ (ج۴ص، ۲۵۷ نمبر ۵۷۹۷)

۲۔ درجات الرفیعہ (۴۵۹)۔ شذرات الذہب ج۳ ص ۲۵۶ (ج۵ ص ۱۶۸)؛ تاریخ بغداد ج۱۱ ص۴۰۲؛ المنتظم ج۸ ص ۱۲۰؛ رجال ابن داؤد (ص ۱۳۶ نمبر ۱۰۳۶)؛ کشکول بہائی (ج۲ ص ۶۵)؛ لسان المیزان ج۵ ص ۱۴۱ (ج۴ ص ۲۵۶ نمبر ۵۷۹۷)؛ مجالس المومنین ص ۲۰۹ (ج۱ ص ۵۰۰)؛ صحاح الاخبار ص ۶۱؛ البدایۃ والنہایۃ ج۱۲ ص ۵۳ (ج۱۲ ص ۶۷ حوادث ۴۳۶)

۳۔ابوالصلاح ۴۔قاضی عبدالعزیز طرابلسی
۵۔شریف محمد بن حسن جعفری ۶۔ابوصمصام مروزی
۷۔حسن بن محمد موسوی ۸۔سید تقی بن ابی طاہر الہادی
۹۔شیخ کراجکی ۱۰۔شیخ سلیمان صہرشتی
۱۱۔شیخ دوریستی ۱۲۔ثابت بنائی
۱۳۔شیخ احمد بن حسن خزاعی ۱۴شیخ مفید ثانی
۱۵۔عبدالرحمٰن بن احمد رازی ۱۶۔شیخ محمد بن علی حلوانی
۱۷۔ابوزید کیا بکی جرجانی ۱۸۔شیخ ابوغانم عاصمی
۱۹۔فقیہ داعی حسینی ۲۰۔سید حسین جرجانی
۲۱۔ابوالفرج بیہقی ۲۲۔محمد بصری

## علم الہدیٰ اور ابوالعلاء معری:

ابوالحسن عمری مجدی میں لکھتے ہیں کہ ۴۲۵ھ میں بغداد میں علم الہدیٰؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ بڑے خوش بیان اور جذباتی تھے۔(۱)

ایک دن ابوالعلاء معری آیا۔ درمیان میں متنبّی کا ذکر چھڑ گیا۔ علم الہدیٰؒ نے اس کے اشعار پر تنقید کی، ابوالعلاء نے کہا: جی ہاں! اگر اس نے یہ قصیدہ نہ کہا ہوتا (لک یامنازل فی القلوب منازل) تو اس کی قافیہ سنجی کے لئے کافی تھا۔ علم الہدیٰؒ نے غصہ میں فرمایا کہ گردن میں ہاتھ ڈال کر اسے نکال دو حاضرین مجلس کو علم الہدیٰؒ کے اس اقدام پر حیرت ہوئی۔ آپ نے فرمایا: جانتے ہو اس اندھے کا عقیدہ کیا تھا۔ وہ اس شعر کی طرف متوجہ کرنا چاہتا تھا:

واذااتتک مذمتی من ناقص فھی الشھادۃ لی بانی کامل

---

ا۔المجدی (ص،۱۲۵)

''اگر کوئی ناقص شخص مجھ پر اعتراض کرے تو یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ میں کامل ہوں''۔(۱)

یہی دہریہ ابوالعلاء ایک بار علم الہدیٰؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور بولا: جناب آپ کل کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ جواب دیا: تمہارا عقیدہ جزء کے بارے میں کیا ہے۔ پوچھا: آپ شعری کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟ فرمایا: تم تحیز اور ناعور کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ پوچھا: آپ سات کے بارے میں کیا فرماتے ہیں: فرمایا سات سے تجاوز کرنے کے متعلق تمہارا کیا فیصلہ ہے؟ پوچھا آپ چوتھائی کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ پوچھا: مؤثر کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا: مؤثرات کے متعلق کیا کہتے ہو؟ پوچھا: نحسین (دو نحس) کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ فرمایا: سعدین (دو سعد) کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟

ابوالعلاء مبہوت ہو گیا۔ علم الہدیٰؒ نے فرمایا: ہر ملحد بے وقعت ہے۔ ابوالعلاء یہ کہتے ہوئے اٹھ گیا کہ میں نے قرآن میں پڑھا ہے کہ اے بیٹا! خدا کا شریک نہ قرار دو، یہ بلاشبہ ظلم عظیم ہے۔ علم الہدیٰؒ نے فرمایا کہ یہ شخص دور ہو گیا اب کبھی میری نظروں کے سامنے نہ آئے گا۔ آپ سے پوچھا گیا کہ یہ رمز و اشارات کیا تھے؟ فرمایا: اس نے مجھ سے پوچھا کہ کل جو قدیم ہے اسے خالق کی احتیاج کیا ہے؟ میں نے جواب دیا کہ جزء کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے کیوں کہ ان کے نزدیک جزء حادث ہے اور وہ عالم کبیر ہی سے پیدا ہوتا ہے، یہ جزء ان کے نزدیک عالم صغیر ہے اور عالم کبیر کا جزء ہے کیوں کہ وہ یہ نہیں کہہ سکتا تھا کہ اجزاء عالم حادث ہیں اور اس کا مجموعہ قدیم، اس لئے اس نے ستارہ شعری کے متعلق پوچھا، اس کا مطلب تھا کہ یہ کواکب سیارہ ہی سے نہیں ہے کیوں کہ قدیم ہے۔ میں نے اس سے کہا کہ تمہارا تدویر کے متعلق کیا خیال ہے مطلب یہ تھا کہ بطور کلی دوران فلک ہی جس میں شعری بھی ہے اس کے تحویل وتحول کا گواہ ہے اس لئے قدیم نہیں ہوسکتا۔

پھر اس نے عدم انتہا کے متعلق پوچھا کہ یہ عالم لانہایت ہے کیوں کہ قدیم ہے۔ میں نے جواب دیا کہ جب ہمیں اس کا تحیز و تدویر معلوم ہو گیا تو اس کے عدم انتہا کی حقیقت بھی معلوم ہو گی، اس کا سبع (سات) سے مطلب ارباب نجوم کے سات سیاروں سے تھا۔ میں نے کہا کہ ان کے علاوہ زہرہ، مشتری،

---

۱۔الدرجات الرفیعہ (۴۶۰)

مریخ، عطارد، خورشید، ماہ وزحل بھی ہیں کہ جس سے نجومی فیصلے کرتے ہیں۔

مربع سے اس کا مطلب طبائع سے تھا میں نے اس سے طبع واحد اور طبع دوم کے متعلق پوچھا کہ آتش طبیعت واحد ہے جس سے حیوانات پیدا ہوتے ہیں جب انھیں آگ میں ڈال دوگے تو زہومات جل جائیں لیکن کھال سالم رہ جائیگی کیوں کہ خدا نے حیوان کو آگ سے پیدا کیا ہے اور آگ آگ کو نہیں جلا سکتی اسی طرح برف بھی طبیعت واحد ہے اس سے حشرات پیدا ہوتے ہیں اور دریا کا پانی دو طبیعتیں رکھتا ہے۔ اس میں میڈھک مچھلی وغیرہ پیدا ہوتے ہیں حالانکہ دہریوں کا کہنا ہے کہ جب تک طبائع نہیں ملیں کوئی چیز پیدا نہیں ہوتی مؤثر سے اس کی مراد زحل تھا میں نے اس سے کہا مؤثرات کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے یعنی تمام موثرات اسی کی ردیف ہیں ان متعدد مؤثرات کے باوجود مؤثر قدیم کیسے ہوگا دو نحس سے مراد نجوم وسیارہ تھے جب وہ دونوں جمع ہوتے ہیں تو سعدین کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے کہ جب یہ ملتے ہیں تو نحس پیدا ہوتا ہے یہ حکم خدا نے اس لئے باطل کیا ہے کہ معلوم ہو جائے کہ احکام کا تعلق مسخرات سے نہیں ہے کیوں کہ ہم دیکھتے ہیں کہ شہد اور شکر مل کر حنظل پیدا نہیں کرتے یہ ان کے بطلان عقیدہ کی دلیل ہے میں نے جو کہا کہ ہر ملحد ملحد ہے تو اس سے اس کا شریک مراد لیا تھا کیوں کہ لغت میں **الحد الرجل عن الدین** کا مطلب ہے وہ دین سے پھر گیا اور الحد کا مطلب ہے ظلم، ابوالعلاء اس کو سمجھ گیا اور اس نے آیت پڑھی: (۱)

**﴿یا بنی لا تشرک باللّٰہ ان الشرک لظلم عظیم﴾**

کہتے ہیں کہ ابوالعلاء جب عراق سے جانے لگا تو اس سے علم الہدیٰؒ کے متعلق پوچھا گیا اس نے دو شعر پڑھے مجھ سے علم الہدیٰؒ کے بارے میں پوچھنے والے سن لے کہ وہ ہر عیب و عار سے بری ہیں اگر تم ان کی خدمت میں چلے جاؤ تو دیکھو گے کہ بشریت ان کی ذات میں مجسم ہے اور زمانہ ان کے لمحوں میں سمٹا ہے اور پوری زمین ایک گھر میں سمائی ہوئی ہے۔ (۲)

---

۱۔ الاحتجاج (ج ۲ ص ۶۱۲ نمبر ۳۶۲)

۲۔ بحار الانوار ج ۴ ص ۵۸۷ (ج ۱۰ ص ۴۰۶ باب ۲۶)

## علم الہدیؒ اور ابن مطرز:

شریف مرتضیٰؒ اپنے دولت کدہ میں تشریف فرما تھے کہ ابن مطرز راستے سے گزرا، جوتیاں پھٹی ہوئی غبار میں اٹا ہوا۔ علم الہدیؒ نے فرمایا: تمہارے رکائب کا اشارہ جدھر تھا یہی ہے، آپ نے اس کے اس شعر کی طرف اشارہ کیا تھا:

اذا لم تبلغنی الیک رکائبی فلا وردت ماءً ولا رعت العشبا

اس نے کہا کہ جب آپ اس طرح عطا و بخشش کرتے ہیں کہ لینے والا نہیں ملتا پھر بھی میری یہ حالت ہے! یہ سن کر آپ نے اسے انعام اور خلعت عطا کرنے کا حکم دیا۔(۱)

## علم الہدیؒ اور زعامت

علم الہدیؒ میں دینی و دنیوی ریاست کئی جہتوں سے جمع تھی۔

۱۔ان میں علمی سرشاری تھی کہ آپ کے سامنے بڑے بڑے علماء آپ کی ہیبت سے بت بنے رہتے افادات سے فیضیاب ہو کر نابغہ عصر اور دانشواران عہد دنیا میں بکھر گئے آپ نے اپنے شاگردوں کا وظیفہ مقرر کر دیا تھا شیخ الطائفہ طوسیؒ ۱۲ دینار طلا اور قاضی ابوالبراج ۸ دینار اسی طرح تمام تلامذہ وظیفہ پاتے ایک دیہات صرف اس لئے وقف کر دیا تھا کہ اس کی آمدنی سے دانشوروں کے لئے لکھنے پڑھنے کا سامان فراہم کیا جائے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ایک سال قحط آیا ایک یہودی آپ سے تحصیل علم اور روزی کے انتظام کی غرض سے حاضر ہوا آپ نے اس کے لئے وظیفہ مقرر کر کے علم نجوم کی تعلیم دی آخر میں وہ مسلمان ہو گیا۔(۲)

۲۔شرافت حسب جو مقام نبوت کا لازمہ ہے آپ سید رضیؒ کے بعد طالبین کے نقیب النقباء مقرر ہوئے یہ منصب بڑا اہم تھا کیوں کہ تمام دنیا میں علویین کی حکومت تھی ان کے معاملات کا تصفیہ، تعلیم، تادیب اور فوجداری کے فیصلے چکانا اسی منصب سے متعلق تھا۔

---

۱۔درجات الرفیعہ(۴۶۱) ۲۔االدرجات الرفیعہ(۴۶۰)

۳۔ پدری و مادری جہت سے خاندانی عظمت یہ ہے کہ دونوں طرف علماء وزعماء کی قطار لگی ہے ،لیاقت وفرمانروائی کا دورودورا ہے، دوراندیشی کی وجہ سے امیر الحاج مقرر ہوئے۔

۴۔عوام کی نظر میں آپ کا جلال و جمال یہ تھا کہ خود آپ کی ذات نے تیس سال تک نقیب نقباء کا منصب بحسن وخوبی انجام دیا۔(۱)

قادر باللہ کی طرف سے فرمان نقیب النقباء میں ان کی خاندانی وجاہت وعلمی عظمت کا اقرار کیا گیا۔ پھر آپ کو علم الہدیٰ کا لقب اس لئے دیا گیا کہ ۴۲۰ھ میں وزیرابوسعید بیمار ہوا اس نے خواب میں امیر المومنین حضرت علیؑ کو دیکھا فرمارہے ہیں کہ علم الہدیٰ سے تعویذ مانگ کر پہن لو اچھے ہو جاؤ گے۔ پوچھا علم الہدیٰ کون ہے فرمایا علی بن حسین موسوی ،اس دن سے ابوسعید آپ کو علم الہدیٰ کے نام سے پکارنے لگا۔

آپ کا ایک لقب ثمانین بھی تھا۔آپ کے کتب خانہ میں اسی ہزار کتابیں تھیں۔آپ کی زمینداری میں ۸۰ آبادیاں تھیں۔(۲)

اکثر معلقات زندگی میں عدد اسّی کا عمل دخیل ہے۔آپ کی عمر بھی اسّی سال ہوئی۔آپ کی ایک کتاب بھی بنام ثمانون ہے۔

## ولادت وفات:

علم الہدیٰ رجب ۳۵۵ھ میں پیدا ہوئے اور بروز یکشنبہ ۲۵/ربیع الاول ۴۳۶ھ میں وفات پائی تمام مورخین کا اس بات پر اتفاق ہے، کچھ تذکرہ نگاروں نے اختلاف بھی کیا ہے۔(۳)

---

۱۔(صحاح الاخبار ص؛۶۱،مستدرک الوسائل ج۳؛ص۵۱۶)

۲۔(محقق ثانی کا رسالہ خراجیہ ص۸۵)

۳۔(عمدۃ الطالب ص۲۰۵ اور صحاح الاخبار میں ۱۵ ربیع الاول ،تاریخ کامل ج۶ ص۱۲۶ میں آخر ربیع الاول ،المجدی (ص۱۲۶) میں ۴۳۶ھ کے آخری ایام ،اور شہید اول نے ۲۶ ربیع الاول تحریر کیا ہے۔)

ابوالحسن نجاشی اور سلار دیلمی نے مل کر غسل دیا اور آپ کے فرزند نے نماز جنازہ پڑھائی۔(۱) اسی دن وقت غروب سپرد لحد کر دئے گئے اس کے بعد حائر حسینیؑ میں منتقل کئے گئے اپنے بھائی کے پہلو میں آپ کا مرقد مشہور ہے۔(۲)

سید مرتضیٰؒ کے بارے میں کچھ مہمل باتیں بھی کہی گئی ہیں مثلاً ان کا میلان معتزلیوں کی طرف تھا یا یہ کہ نہج البلاغہ آپ ہی کی اختراع ہے ابن حزم، ابن خلکان، ابن کثیر اور ذہبی کے بعد آنے والوں نے بھی یہی گہار مچائی ہے(۳)

خود تالیفات علم الہدیٰؒ ان کی تردید کرسکتی ہیں نیز یہ کہ میں نے سید رضیؒ کے حالات میں تالیف نہج البلاغہ پر مفصل بحث کی ہے ابن کثیر نے بدایہ(۴) میں ابن خلکان پر دشنام طرازی کی ہے کیوں کہ اس نے علم الہدیٰؒ کی مدح وثنا کی اور شیعوں کے علماء کو اچھے لفظوں کے ذریعہ یاد کیا ہے برتن سے وہی باہر آتا ہے جو اس میں ہوتا ہے اس کی یاوہ گوئیوں کو نظر انداز کرنا ہی مناسب ہے﴿ واذا خاطبهم الجاهلون قالوا سلاماً ﴾

## شعری انتخاب

علم الہدیٰؒ کے افتخارانہ اشعار جن میں اپنے دشمنوں اور حاسدوں کی مذمت کی ہے اکہتر اشعار ہیں مطلع یہ ہے۔(۵)

**اما الشباب فقد مضت ايامه　　واستل من كفى الغداة زمامه**

---

۱۔رجال نجاشی ص۱۹۳(ص۱۷۲نمبر۲۰۸)

۲۔عمدة الطالب فی المناقب آل ابی طالب (ص۲۰۵) صحاح الاخبار، الدرجات الرفیعه (ص۴۶۳)۔

۳۔(جرجی زیدان کی آداب اللغه ج۱ص۲۸۸) مولفات جرجی الذیدان ج۱۴ص۱۳۸ زرکلی کی الاعلام ص۶۶۷ ج۴ص۲۷۸۔

۴۔البدایہ والنھایہ ج۱۲ص۵۳ (ج۱۲ص۶۷)

۵۔دیوان مرتضیٰؒ ج۲ص۳۹۳)

ایک امام حسینؑ کا مرثیہ ہے جس میں ۱۴۸ اشعار ہیں۔(۱)

انتــم عــلــی الـلــه نـزول و ان　　خــال انــاس انـکـم فـی الثـری

قــد جـعـل الـلّــه الیـکـم کـمـا　　عـلـمتـم الـمـبـعـث والـمحشرا

فــان یـکـن ذنــب فـقـو لوا لمن　　شـفـعـکـم فـی الـعـفـو ان یغفر

اپنی تعریف میں ان کا قصیدہ ۶۹ شعروں پر مشتمل ہے اور دوسرے افتخار میں ۵۹ شعر ہیں ایک امام حسینؑ کا مرثیہ ۱۵۲ اشعار پر مشتمل ہے۔

یـــا دار دار الـــصـــوم الـقـــوم　　کیف خـلا افقک من انجم؟!(۲)

دوسرا مرثیہ جس میں ۱۵۶ اشعار ہیں:

هل انت راث لصب القلب معمود　　دوی الفواد بغیر الخرد الخود(۳)

تیسرا مرثیہ امام حسین ۱۲۵ اشعار کا ہے۔

یـا یوم ای شـجـی بـمثلک ذاقـه　　عصب الرسول و صفوه الرحمان(۴)

چوتھا مرثیہ یہ ہے۔

اسـقــی نـمیــر الـمــاء ثـم یلذلـی　　و دور کم ال الرسول خلاء؟!(۵)

پانچواں مرثیہ:

لک الـلـیـل بـعد الذاهبین طویلا　　و وفـد هـمـوم لم یردن رحیلاّ(۶)

ایک موعظہ ہے جس میں ۱۴۵ اشعار ہیں۔

---

۱۔(دیوان مرتضیٰؒ ج۱ ۴۸۷)

۲۔دیوان مرتضیٰؒ ج۲ص ۴۸۲۔

۳۔دیوان مرتضیٰؒ ج۱ص ۴۳۶۔

۴۔دیوان مرتضیٰؒ ج۲ص ۵۶۰۔

۵۔دیوان مرتضیٰؒ ج۱ص ۱۵۹۔

۶۔دیوان مرتضیٰؒ ج۲ص ۳۱۱۔

لا تـــقـــربـــن عـــضيهة ان الـعـضـــاية مـخـزيـات(۱)

اپنے استاد شیخ مفیدؒ کا مرثیہ جس میں ۱۳۹ اشعار ہیں۔

مـن عـلـى هـذه الـديـار اقـامـا؟! او ضـفـا مـلـبـس عليه و داما؟!(۲)

---

۱۔دیوان مرتضیٰؒ ج۱ص۱۷۲۔

۲۔دیوان مرتضیٰؒ ج۲ص۲۳۸۔

# ابوعلی بصیر

وفات ۴۲۲ھ

''پاک ہے وہ ذات جس کا آسمان وزمین میں کوئی مثل ونظیر نہیں
اپنے اقتدار وقدرت کو تمام عالموں پر محیط کر رکھا ہے، میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کے سوا کوئی خدا نہیں۔
اور خاتم المرسلینؐ ہمارے نبی ہیں، آسمان کے پروردگار نے ان کا نام احمدؐ رکھا ہے۔
ان کی بعثت کے دن زمین جگمگا اٹھی اور حق تمام کائنات میں واضح ہو گیا
غدیر کے دن حیدر کو آپ نے اپنا بھائی بنایا اور آپ خود ان کے بھائی ہو گئے۔
اور آپ نے مشرکین سے مباہلہ کیا فاطمہؑ، ان کے شوہر اور ان کے دونوں بچوں کو ساتھ لے کر۔ یہ پانچ تن ہیں جن کی بدولت دنیا والوں پر خداوند عالم رحم کرتا ہے، ان کے وسیلہ سے دعا قبول کرتا ہے اور انہیں سے لو لگائی جاتی ہے''۔

## شاعر کا تعارف

ابوعلی بصیر.... نابینا تھے، حسن بن مظفر نام تھا، نیشاپور کے رہنے والے تھے، اصل وطن خوارزم تھا۔ ابن شہر آشوب نے انہیں تقوی شعار شعرائے اہل بیتؑ میں شمار کیا ہے۔(۱) ابن ارسلان نے اپنی تاریخ

---

۱۔ سماوی کی الطلیعۃ فی مشعراء الشیعہ، جزء اول، معجم الادباء (ج ۹ ص ۱۹۲)

میں ان کی بڑی مدح وثنا کرتے ہوئے کہا ہے: وہ خوارزمیوں کی ادب پروری کرتے، ادب آموز اور ادب وفن کے محاسن کی بھرپور واقفیت رکھتے تھے۔(۱)

ان کی کتابوں کے نام یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| ۱۔تہذیب دیوان ادب | ۲۔اصلاح منطق |
| ۳۔ذیل تتمہ تیمیہ | ۴۔شعری دیوان دوجلدیں |
| ۵۔دیوان رسائل | ۶۔محاسن من اسمہ الحسن |
| ۷۔زیادات اخبار خوارزم | |

## نمونۂ کلام

اهلابعيش كان جد موات    احيا من اللذات كل موات

ايام سرب الانس غير منفر    اوالشمل غير مروع بشتات(۲)

## مدحیہ شاعری کانمونہ

جبينک الشمس فی الاضواء و القمر    يمينک البحر فی الارواء المطر

و ظلک الحرم المحفوظ ساكنه    و بابک الركن للقصاد الحجر

و سيبک الرزق مضمون لكل فم    و سيفک الاجل الجاری به القدر

انت الهمام بل البدر التمام بل الس    يف الحسام بل الصارم الذكر

و انت غيث الانام المستغاث به    اذا أغارت على ابنائهاالغير

---

۱۔معالم العلماء(۱۵۲)

۲۔معجم الادباء ج۹ص۱۹۲

## تغزل کے اشعار یہ ہیں:

اریا شمال؟! ام نسیم من الصبا — اتانا طروقا؟! ام خیال لزینبا

ام الطالع المسعود طالع ارضنا — فاطلع فیھا للسعادۃ کوکبا؟!

ابوعلی کا بیان ہے کہ میں نے شاعر ہودار کو خواب میں دیکھا اور پوچھا: تم دار فنا سے ابدی گھر میں پہونچ گئے، کیا وہاں سکون ہے؟ جواب دیا: نہیں! یہاں ابدی عذاب سے دوچار ہوں، اندھیرا گھر ہے، جہاں کافروں فاجروں کو رکھا گیا ہے، اپنے اہل وعیال سے کہہ دو کہ مسلمان مرو، کیوں کہ خدا کے یہاں کافروں کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

ابوعلی کے فرزند، ابوحفص عمر بھی فقیہ، فاضل اور ادیب تھے، ان کا انتقال شعبان ۳۲ھ میں ہوا۔(۱)

---

ا۔ معجم الادباء ج۹ ص ۱۹۸، ۱۹۱

# ابوالعلا المعری

ولادت ۳۶۳ھ

وفات ۴۴۹ھ

گیارہ اشعار میں سے آخری دو شعروں کا ترجمہ جو غدیر اور تشیع سے متعلق ہیں:

**لعمرک ما اسر بیوم فطر　　و لا اضحی و لا بغدیر خم**

''تیری جان کی قسم! نہ تو میں عید فطر میں مسرور ہوتا ہوں، نہ عید الضحیٰ میں، نہ عید غدیر میں

اکثر دیکھتا ہوں کہ سرگشتۂ راہ تشیع گمراہی کا شکار ہیں کیوں کہ وہ اپنے کو شہر قم کی طرف منسوب کرتے ہیں''۔

## شعر اور شاعر پر تحقیقی نظر

یہ اشعار ابوالعلاء معری کے قصیدے کے ہیں جسے ''لزوم مالا یلزم'' میں نقل کیا گیا ہے، مصری شارح نے غدیر خم کے متعلق لکھا ہے کہ یہ مکہ و مدینہ کے درمیان تین میل کے فاصلے پر جحفہ کا مقام ہے، ابوالعلاء نے اس مصرع میں ''ولا اضحیٰ ولا بغدیر خم'' مذہب تشیع کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اسی غدیر خم میں رسول خداؐ نے آخری حج سے واپس ہوتے ہوئے علیؑ کے بارے میں فرمایا تھا: جس کا میں مولا ہوں اس کے علیؑ مولا ہیں، خدایا! جو اسے دوست رکھے تو اسے دوست رکھ جو اسے دشمن رکھے تو اسے دشمن رکھ، شیعہ وہاں کی زیارت کو جاتے ہیں۔ بنا برایں شیعوں کا شاعر کہتا ہے:

و یوما بالغدیر غدیر خم　　ابان لہ الولایہ لو اطیعا (۱)

مناسب ہے کہ ان شعروں کی شرح میں الغدیر جلداول کا مطالعہ کیا جائے ،جس میں طبقات راویان حدیث اوراس شارح مصری کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

## شاعر

اکثر لوگوں نے ابوالعلاء معری کے حالات لکھے ہیں، جولوگوں میں کافی مشہور ہیں،اس کا شعری دیوان اس کے نابغہ عصر ہونے پرگواہ ہے،عمر بن احمد حلی نے اس کے حالات پر بہترین کتاب ''الانصاف والتحری فی دفع الظلم والتجر ی عن ابی العلاء معری''لکھی ہے ۔اس کتاب کا خلاصہ تاریخ حلب جلد چہارم میں کیا گیا ہے۔(۲)

اس کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| نسب | خاندانی حالات |
| خانوادہ | ولادت وتربیت |
| علمی اشتغال ومشائخ رواۃ وقراء کتاب | تالیفات لگ بھگ ۶۵ رسائل |
| سفر بغداداورمعری واپسی ذکاوت وذہانت | خلفاءوامراء کے یہاں عظمت |
| دولت کی کمی کے باوجودسخاوت عفت | ایک فصل کتاب فصول وغایات سے |
| ابوالعلاءسلاطین کی نظرمیں | بدعقیدہ کہنے والوں پرایک نظر |
| خوش عقیدہ کہنے والے | وفات ومراثی |
| حسن عقیدہ پرآخری بات | |

---

۱۔یہ شعرکمیت کا ہے، پہلامصرع صحیح یہ ہے: ویوم الدوح دوح غدیرخم

۲۔اعلام النبلا بتاریخ حلب الشہباز ج۴ص۱۸۰،۷۷(ج۴ص۲،۱۷۲،۸۷،نمبر۶۳)

# المویدفی الدین

**وفات ۴۷۰ھ**

۶۷ رشعروں کے قصیدے میں علامہ امینیؒ نے یہاں ۳۶ رشعر درج کئے ہیں، موضوع ولایت سے متعلق ۱۷ اشعروں کا ترجمہ پیش ہے (شعر۲۰ تا آخر):

''جمہور کے افراد جو تعداد میں زیادہ ہیں، کہتے ہیں کہ کوثر و سلسبیل ہمارے لئے ہے۔ اس دنیا کے بعد اس دنیا میں پاکیزہ اور اچھا کھانا پانی ملے گا، ان کی تمام باتیں بازاری اور پروپگنڈہ ہیں۔ عقل کی روشنی میں نا قابل قبول۔ جس امت نے امام کا حق امامت ضائع کیا۔

وہی سیاہ کار وظلوم وجہول ہے۔ بد گوہر، انسان لیکن شیطان صفت، فریب کار وذلیل ہے، گمراہ، رشتہ دین میں سرگشتہ، ان پروائے ہوانہوں نے میدان کربلا میں اساس دین کو الٹ دیا، اس اجمال میں بڑی تفصیل پوشیدہ ہے۔

انہوں نے دین کی مہار عورتوں اور ہجڑوں کے حوالے کردی، ایسے کمزوروں کے ہاتھوں میں کہ جن میں رہبری کی صلاحیت نہ تھی''۔

آگے فرماتے ہیں:

اگر وہ چوپائے حقیقت ہوتے تو اس بات کی پیروی کرتے کہ جب رسولؐ نے قیام فرمایا تھا، اس سلسلے میں آیت بلغ نازل ہوئی تھی، غدیر خم میں، جبریل یہ آیت لے کر نازل ہوئے تھے، وہی مرتضی علیؑ، صاحب حق ولایت، آیات قرآنی اس پر گواہ ہیں۔

دنیا والوں پر حجت خدا، دشمنوں کے سر پر اپی ہوئی تلوار

انہوں نے عناد و انکار میں صاحب فرمان کو نظر انداز کیا حالانکہ وہ تمام دنیا والوں سے بہتر تھے، اہل بیتؑ وہ ہیں کہ جن کے متعلق حلال وحرام بنانے والے قرآن میں آیات نازل ہوئیں، وہ اندھے پن اور جہالت سے امان ہیں وہ صراط مستقیم ہیں اور وسیع سایۂ الٰہی ہیں''۔

## دوسرا قصیدہ

۵۱/اشعار پر مشتمل ہے۔ پانچ اشعار کا ترجمہ پیش ہے:

''یہ درخشاں قبہ، قبہ حیدر ہے جو وصی رسولؐ اور خدا کی طرف سے ہادی بنائے گئے تھے۔

رسول مصطفیٰؐ کے وصی اور ان کے ابن عم تھے، جنہیں رسول نے غدیر خم میں مولا بنایا۔

جن کے لئے ایک قوم تو مناسب بات کہتی ہے اور ایک قوم مسیح کی طرح حد سے تجاوز کر جاتی ہے۔

بڑا مزہ آتا ہے اس کے روضہ کی ضریح کے گرد طواف کرنے، نماز پڑھنے اور خشوع برتنے میں''۔

## تیسرا قصیدہ

۶۰/اشعار میں سے چھ شعروں کا ترجمہ پیش ہے

ہائے آل رسولؐ کے شیعوں کو قتل کیا گیا، ظلم و ستم سے اور ان کی ہتک حرمت کی گئی، افسوس ہائے افسوس کہ ان کا خون بہایا گیا، ان کے سر تن سے جدا کئے گئے۔

ان کا جرم صرف یہ تھا کہ وہ وصی رسول کو اپنا امیر تسلیم کرتے تھے۔

جس طرح ان لوگوں نے دشمنی قریش کا بہانہ کیا اور غدیر کے فرمان ولایت کو چھوڑ دیا۔

اے بدترین قوم! تم نے شقاوت و عناد میں راہ ہدایت کو مسدود کر دیا، آفتاب ہدایت کے چہرہ کو تیرہ و تاریک کر دیا۔

قیامت میں شافع محشر تمہارے حریف ہوں گے، خدا کی طرف سے جہنم میں تمہارا ویل و ثبور ٹھکانا ہے۔

## شعری تحقیق

یہ قصیدہ موید نے فتنہ بغداد کے سلسلے میں کہا تھا جو۴۴۳ھ میں واقع ہوا،شیعوں پرظلم وستم کے پہاڑتوڑے گئے کیوں کہ وہ روضہ امام موسیٰ کاظمؑ کے جواری تھےاوروہاں پناہ گزیں تھے۔

کامل بن اثیر میں اس فتنہ کا سبب یوں مندرج ہے کہ اہل کرخ نے دروازہ سماکین بنانا شروع کیا اور قلائین بقیہ باب مسعود بنانے لگے،کرخ والوں نے مکمل کر کے اس کے میناروں پرسنہرے حروف سے ''محمد علی خیر البشر '' لکھ دیا،اہل سنت نے منع کیاوہ کہتے تھے کہ ''محمد و علی خیر البشر فمن رضی فقد شکر و من ابی فقد کفر '' لکھا گیاہے۔کرخ والوں نے کہا کہ ہم نے وہی لکھا ہے جو پہلے سے یہاں لکھا ہوا تھا،ہماری مسجدوں میں یہی لکھارہتا ہے،خلیفہ قائم بامراللہ نے عباسیوں کےنقیب اورعلویوں کےنقیب اورعلویوں کےنقیب فرزندسیدرضی کوتحقیقات پر مامورکیا،ان دونوں نے خلیفہ کو رپورٹ دی کہ کرخ والوں کی بات صحیح ہے،انہوں نے اپنے رواج سے زیادہ نہیں لکھا ہے،خلیفہ نے حکم دیا کہ الملک الرحیم کے کارندوں سے جنگ نہ کریں لیکن اہلسنت نے حکم نہیں مانا۔

اسی درمیان ابن مذہب قاضی اورزہیری وغیرہ جوحنبلی اورعبدالصمد کے ساتھی تھے،شیعوں کو جنگ پر ابھارنے لگے،الملک الرحیم کے کارندوں نے بھی رئیس الروساء کے عناد میں اس فتنہ کو ہوادی اور خاموش تماشائی بنے رہے۔

دوسری طرف اہل سنت نے شیعوں پرآب دجلہ روک دیا حالانکہ نہرعیسی باندھ کے طور پرتھی، شیعوں کے لئے پریشانی بڑھ گئی،کچھ لوگ ہمت کر کے دجلہ سے مشکوں میں پانی بھرلائے اور پھرعرق گلاب چھڑک کے آواز دی۔پانی سب کے لئے ہے۔سنیوں کواس پر بڑا غصہ آیارئیس الرؤسا شیعوں پرسختی کرنے لگا،شیعوں نے مجبوراخیرالبشر کوکاٹ کرعلیہما السلام لکھ دیا پھربھی سنی نہ مانے،وہ کہتے تھے کہ ہم اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھیں گے جب تک محمد وعلی کے نام کو نہ مٹا دیا جائے اوراذان میں حی علی خیر العمل نہ ختم کردیا جائے،شیعہ کبھی ماننے پرآمادہ نہ تھے،اس طرح ہنگامہ ۳ ربیع الاول تک چلتا رہا،اسی درمیان ایک مرد ہاشمی سنی قتل کردیا گیا،وہ لوگ اس کی لاش کوحربیہ کو چہ دروازہ بصرہ وغیرہ میں گھمانے

لگے بہت سے لوگ جمع ہو گئے ، جب اس کی لاش کومقبرہ احمد بن حنبل میں دفن کیا گیا تو اچھا خاصا مجمع ہو گیا وہاں سے نکل کر یہ لوگ تبن کی طرف مشہد کی راہ میں چلے ، دربان نے دروازہ بند کرلیا وہ نقب زنی پر آمادہ ہو گئے اور ڈرانے دھمکانے لگے ، دربان نے ڈر سے دروازہ کھول دیا ، وہاں سنیوں نے گھس کر خوب لوٹ مار مچائی ، سونے چاندی کے آلات ، قندیل وغیرہ اور حرم کو تباہ کر دیا ، آدھی رات کو غارت گری سے باز آئے ۔

دوسرے دن صبح کو پھر روضہ میں گھس گئے ، تمام قبرستان میں آگ لگادی ، ضریح موسی بن جعفر اور ضریح محمد بن علی کو مع دیوار قبہ جلا ڈالا ، بنی بویہ کے تمام بادشاہوں کی قبریں جلا ڈالیں ، وزیروں ، رئیسوں وغیرہ کی قبریں بھی نذر آتش کر دیں ۔

دوسرے دن پانچ ربیع الاول تھی ، اس دن بھی روضہ مبارک کولوٹا تربت موسی بن جعفر اور محمد بن علی کو کھودنا چاہا تا کہ جسد اطہر کو نکال لیں اور مقبرہ احمد بن حنبل میں دفن کریں اس قدر لوٹ مار مچائی کہ نشان قبر تک مٹ گیا ، غبار سے وہ جگہ اٹ گئی ۔

اسی درمیان عباسیوں کا نقیب اور تمام ہاشمی اور اہل سنت حالات سے مطلع ہوئے اور لوٹ مار کو روکا ۔

ادھر شیعوں نے خانقاہ حنفی پر ہجوم کیا اور اسے لوٹ لیا ، وہاں کے مدرس ابوسعد سرخی کو قتل کر ڈالا ، مدرسے کے تمام کمرے جلا ڈالے ۔

ہنگامہ جانب غربی سے مشرقی جانب پھیل گیا ، دروازہ طاق ، بازار یخ بھی ہنگامے کی لپیٹ میں آ گئے ، امام موسی کاظمؑ کے روضے کی آتشزنی کی خبر نورالدولہ کو ہوئی ، اسے بہت غصہ آیا ، کیوں کہ وہ اور علاقۂ نیل کے تمام باشندے شیعہ تھے ، اس لئے خطبہ جمعہ میں جو قائم بامر اللہ کا نام لیا جاتا تھا ، سب نے بیک زبان اعتراض کر کے اسے روک دیا ، اس سلسلے میں امام کو سرزنش کی گئی تو اس نے کہا کہ میں لوگوں کی مخالفت کی تاب نہیں لاسکتا تھا ، سب نے بیک زبان کہا تھا ، اس لئے میں نے خطبہ میں نام ترک کر دیا ، خلیفہ میں اس شورش کو دبانے کی تاب نہیں تھی ، لیکن کچھ دن بعد پھر نام بحال ہو گیا ۔

ابن جوزی نے منتظم میں کچھ اضافہ کیا ہے :

عیارطقطقی جواہل درزی جان سے تھا اس نے خروج کیا، جب اسے جیل بھیجا گیا تو اس نے توبہ کر لی تمام لوگ بغاوت پر آمادہ تھے، دیوار قبہ موسی توڑ ڈالا، مقبرے میں جو کچھ تھا لوٹ لیا بہت سے لوگوں کو قبر سے نکال کران کا جسد جلا ڈالا، جیسے عونی، ناشی جذوعی کچھ لوگوں کا جسد دوسرے قبرستان میں منتقل کر دیا، نئی پرانی قبروں کو جلا ڈالا، روضۂ مبارک پورا جل گیا، دوضریحوں کو کھودنے لگے کہ مقبرہ احمد حنبل میں منتقل کر دیں نقیب اور دوسرے لوگ اس سلسلے میں مانع ہوئے۔(۱)

مزید معلومات کے لئے شذرات الذہب اور تاریخ ابن کثیر دیکھیں۔(۲)

## شاعر کے حالات

ہبۃ اللہ بن موسی بن داؤد، شیرازی، المویدفی الدین، داعی الدعاۃ، منفرد عالم اور ممتاز شخصیت کے حامل تھے، دانش وادب کے مشاہیر میں ان کا نام آتا ہے، عربی علوم پر مہارت تھی۔ اگر چہ انہوں نے فارس کی سرزمین پر آنکھ کھولی لیکن ادب عربی سے بہرہ وافی پایا، شعروشاعری میں بھی کمال حاصل کیا، ایام جوانی ہی سے فاطمین کے مبلغ رہے، بڑی وسیع تبلیغی خدمات ہیں، خود انہوں نے مستنصر باللہ کے سامنے یہ اشعار پڑھے، جن کا مفہوم ہے کہ میں مبلغین کا استاد اور اس فن میں لاثانی ہوں۔

انہوں نے اپنے عقیدے کے لئے بڑے شدائد برداشت کئے، حادثات کا سامنا کیا لیکن تبلیغ کی راہ میں ہر مصیبت ہیچ نظر آتی تھی، ان کے اشعار سے پتہ چلتا ہے کہ ۳۹۰ھ میں اہواز کا سفر کیا، کیونکہ ان کے اور سلطان ابو کالیجار کے مابین کدورت وعناد ہو گیا، حالانکہ انہوں نے اس کی مدح میں ۱۵۳ اشعار کا قصیدہ کہا تھا لیکن اس کی خوشنودی خاطر جلب نہ کر سکے، ناچار گھبراہٹ میں بھاگ گئے، اہواز میں بھی سلطان سے امان کی سبیل نظر آئی، وہاں سے حلہ علاقہ خوزستان میں پناہ لی، وہاں سات مہینے رہے پھر وہاں سے حمایت کی امید لیکر ابو منیع ''والی موصل'' کے یہاں گئے، وہاں بھی پناہ نہ ملی تو مصر چلے گئے،

---

۱۔المنتظم ج۸ص۱۵۰(ج۱۵ص۳۳۰حوادث۴۴۳)

۲۔شذرات الذہب ج۳ص۲۷۰(ج۵ص۱۹۱حوادث۴۴۳ھ)؛البدایۃ والنہایہ ج۱۲ص۶۲(ج۱۲ص۷۹حوادث۴۴۳ھ)

وہاں کچھ دن رہ کے شام گئے، وہاں سے پھر مصر چلے آئے اور وہیں بقیہ زندگی گذاری ۴۷۰ھ میں انتقال کیا۔

آپ کی علمی حالت کا پتہ تالیفات سے چلتا ہے، کلام ومناظرہ پر اور ابوالعلاء کے مسئلہ گوشت خوری پر رسالہ لکھا ہے، اچھے مناظر بھی تھے، علماء شیراز اور اہل خراسان سے مناظرے کئے، تالیفات مندرجہ ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| مجالس مویدیہ | مجالس مستصریہ |
| دیوان موید | سیرۂ مؤئد |
| شرح عماد | ایضاح وتبصیر درفضیلت روز غدیر |
| ابتداء وانتہاء | جامع الحقائق |
| قصیدہ اسکندریہ | نہج العبارۃ |
| سوال وجواب | اساس التاویل |

# ابن جبر مصری

ایک سو چھ شعروں کا قصیدہ ہے(۱)،جس کا مطلع یہ ہے:

**یــا دار غــاد لــی جدید بلاک　　رث الجدید فھل رثیت لذاک؟!**

موضوع غدیر سے متعلق:

**یـــا امة ضــلـــت سبیـل لـذاک**

''اے امت سر گشتہ گمراہ،تمہارے خام پیر صاحب نے تمہیں گمراہی کی راہ پر ڈال دیا۔وہ خائن تھے جنہیں امین سمجھتے ہو،حق امانت ضائع کیا''۔

آگے کہتے ہیں:

**و غـدرت بـالـعهـد الموکد عقده　　یـوم'' الـغـدیر'' له فماعذراک**

''اور یوم غدیر خم جو تم سے تاکیدی عہد لیا گیا تھا،اس کے ساتھ غداری کی،تو تم بدعہدی کی معذرت میں کیا کہو گے؟

حق سے منھ پھیر لیا،باطل کی طرف دوڑ پڑے،بہت جلد اپنا انجام دیکھو گے،خدا کے لئے بتاؤ کہ تم نے ایسے وصی رسول سے روگردانی کی کہ ان کی جوتیوں کا پاسنگ بھی دوسرے لوگ نہیں۔

قسم خدا کی!محبت حیدرؑ وہی نعیم ہے جس کے متعلق قیامت میں باز پرس ہوگی لیکن اس خاندان سے عناد نے تمہیں دھتکار دیا۔جو تمام علوم کا دانا اور تمام مشکل مسائل کا حل کرنے والا تھا۔تم اس کا تقابل

---

۱۔اعیان الشیعہ جز ۱۵ص ۲۶۳(ج ۴ص ۶۳)

ایسے شخص سے کرتے ہو جس پر شیطان سوار رہتا ہے،خود اس کی گواہی اس بارے میں ہے جو کافی ہے۔ جس نے بروز جنگ ہر ایک کی گردن اڑائی اور کمر سے دوٹکڑے کیئے ،جبریل نے اس کی صولت وسطوت دیکھ کر آواز دی۔ذوالفقار کی طرح کوئی تلوار نہیں اور علیؑ کی طرح کوئی جوان نہیں۔ایسے کا تقابل ایسے بزدل سے کرتے ہو جو جنگ کی ہول سے میدان چھوڑ کر بھاگ جاتا تھا۔

## شاعر کا تعارف

ابن جبر مصری....فاطمین کے خلیفہ''مستنصر باللہ'' کے وقت کے شاعر ہیں،ان کی پیدائش ۴۲۰ھ میں ہوئی اور وفات ۴۸۷ھ میں۔

مقریزی نے اس کا تذکرہ خطیط میں مراسم افتتاح خلیج کے موقع پر کیا ہے۔وہ کہتے ہیں کہ ایک شاعر ابن جبر کے نام سے معروف تھے قصیدہ کہا،جس کے دوشعر یہ ہیں:

فتح الخليج فسال منه ماء      و علت عليه الراية البيضاء

فصفت موارده لنا فكانه      كف الامام فعرفها الاعطاء

لوگوں نے اعتراض کیا کہ خلیج سے تو صرف پانی ہی نکلتا ہے،یہ کس قسم کا شعر ہے،شاعر نے بقیہ قصیدہ نہیں پڑھا۔

پانچویں صدی کے شعراء کے دوسرے قصائد بھی ہیں،مثلاً ابن طوطی واسطی،خطیب منجی،علی بن احمد مغربی۔ان قصائد کو مناقب بن شہر آشوب،تفسیر ابوالفتوح رازی،صراط مستقیم بیاضی در النظم ابن حاتم وغیرہ میں دیکھا جاسکتا ہے،لیکن ان سے اس لئے نقل کرنے سے اعراض کیا گیا ہے کہ ان لوگوں کے حالات زندگی معلوم نہ ہو سکے۔اتنا ہی معلوم ہوسکا کہ یہ شعراء عند لیبان غدیر میں ہیں،حدیث غدیر کو ان شعراء نے نظم کیا ہے اور لفظ مولی کو مفہوم امامت ہی میں نظم کیا ہے یعنی زعامت کبری دینی،اولویت امور دین ودنیا۔

# عندلیبان غدیر

(چھٹی صدی ہجری)

| | |
|---|---|
| ۱۔ابوالحسن فنجکردی | ۲۔ابن منیر طرابلسی |
| ۳۔قاضی ابن قادوس | ۴۔ملک صالح |
| ۵۔ابن عودی نیلی | ۶۔قاضی جلیس |
| ۷۔ابن مکی نیلی | ۸۔خطیب خوارزمی |

۹۔فقیہ عمارہ

# ابوالحسن فنجکردی

**لاتنکرن غدیر خم انہ کالشمس فی اشراقها بل اظهر**

''ہرگز غدیرخم کا انکار نہ کرنا کیونکہ وہ دوپہر کے سورج کی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ واضح ہے ، جوحدیث محکم سند کے ساتھ اشراف کائنات احمد مصطفیؐ سے ملے اس کا انکارنہیں کیا جاسکتا۔

اس حدیث غدیر میں حیدرؑ کی امامت، ان کا جلال اور کمال قیامت تک کے لئے مذکور ہے۔

اس کی روشنی میں جوشخص ولایت مرتضیٰؑ کا اقرار کرلے اس کے لئے لازم ہے کہ انہیں سے احکام خداوندی کو حاصل کرے اور انہیں کے آثار کی پیروی کرے''۔

## شعری تتبع

فنجکردی کے معاصر شیخ فتال نے روضۃ الواعظین میں، ابن شہرآشوب نے مناقب میں، قاضی نے مجالس میں اور قطب الدین اشکوری نے محبوب القلوب میں، ان کے علاوہ صاحب ریاض العلماء نے ان اشعار کونقل کیا ہے، (۱) مناقب ابن شہرآشوب اور مجالس المومنین و ریاض العلماء میں یہ اشعار بھی ہیں: (۲)

---

۱۔ روضۃ الواعظین ص۹۰ (۱۰۳)؛ مناقب آل ابی طالب ج۱ ص۵۴۰ (ج۳ ص۵۵)؛ مجالس المومنین ۲۳۴ (ج۱ ص۵۶۳)؛ ریاض العلماء (ج۳ ص۳۵۳)؛ محبوب القلوب (ج۲ ص۳۲۳)

۲۔ مناقب آل ابی طالب ج۱ ص۵۴۰ (ج۳ ص۵۵)؛ مجالس المومنین ۲۳۴ (ج۱ ص۵۶۳)؛ ریاض العلماء (ج۳ ص۳۵۳)

**یوم الغدیر سوی العیدین لی عید**

''میرے لئے عید الفطر اور عید الضحی کے علاوہ ایک اور عید بھی ہے جس کا نام ''عید غدیر'' ہے جس میں سادات مسرور اور سلاطین شاداں ہوتے ہیں۔

اس دن مرتضیٰؑ نے امامت پائی اور اس میں ان کے لئے شرافت ومجد و بزرگی ہے۔

اس دن احمد مجتبیٰؐ نے دن چڑھے تمام کالے گورے مجمع میں آپ کی امامت کا اعلان فرمایا۔

پس خدا ہی کی حمد ہے جو کبھی منقطع نہ ہو کہ اس نے احسانات والطاف وکرم سے بہرہ مند فرمایا''۔

بلاشبہ فنجکر دی جیسا کہ حالات زندگی سے معلوم ہوگا کہ ائمہ لغت میں سے تھے، انہیں الفاظ کے حقائق معانی اور اس کے محل استعمال کی بھرپور واقفیت تھی، وہ گفتگو کے تصریحات اور لہجے نیز تعبیراتی مفہوم پر عبور رکھتے تھے، انہوں نے اپنے ان اشعار میں لفظ مولا کا مفہوم امامت اور احکام دین میں مرجعیت ہی سمجھا ہے، ان کے موتیوں جیسے یہ اشعار ہمارے استدلال کا بہترین ثبوت ہیں، کیونکہ ہم لفظ مولا کو امامت ہی کے معنی میں سمجھتے ہیں۔

## شاعر کے حالات

استاد ''ابوالحسن علی بن احمد'' نیشاپور کے دیہات فنجکر دی کے رہنے والے تھے (۱)، مرد میدان ادب اور لغت کے حاذق امام سمجھے جاتے تھے، اسی کے ساتھ وہ فقہاء ومحدثین میں بھی شمار کئے جاتے تھے۔

سمعانی انساب میں کہتے ہیں: علی بن احمد فنجکر دی ادیب توانا اور سلیس نظم ونثر کے ماہر تھے تمام عمر بلکہ بڑھاپے میں بھی احساس ذوق ادب سے سرشار رہے، لغت کے اصول یعقوب بن احمد سے حاصل کئے، پاکدامن، بے تکلف، خوش بیان، حق شناس اور خوش کردار تھے، بڑھاپے میں گٹھیا کا مرض لاحق ہوگیا تھا، اس لئے خانہ نشین ہوگئے، احباب علماء سے ملاقات کرنے سے معذور ہوگئے تھے، اس لئے نیابت میں دوسروں کو بھیج کر تحقیقی کام انجام دیتے، قاضی ناصحی سے علم حدیث حاصل کیا اور مجھے تمام

مسموع حدیثوں کی روایت کا اجازہ مرحمت فرمایا۔شب جمعہ ۱۳/ماہ رمضان ۵۱۳ھ وفات پائی، جامع قدیم میں نماز جنازہ ہوئی اور مقبرہ نوح واقع درحیرہ میں دفن ہوئے۔

معجم الادباء میں ہے: وہ ادیب و فاضل تھے، میدانی نے ان کی بڑی ستائش کی ہے، ۵۱۲ھ میں انتقال کیا(۲) بیہقی نے وشاح میں لکھا ہے کہ امام علی بن احمد فنجکردی شیخ الافاضل کے لقب سے نوازے گئے، اپنے وقت کی محیر العقول شخصیت تھی۔استاذ فن، سرآمد روزگار، نکتہ پرداز و شیریں سخن تھے۔ عبدالغفار فارسی کہتے ہیں:

علی بن احمد ادیب توانا، سلیس نثر ونظم کے ماہر تھے، لغت کو یعقوب بن احمد ادیب سے حاصل کیا پھر خود استاد ہوگئے، آخر عمر میں گٹھیا کا مرض لاحق ہوگیا اور نیشاپوری ۵۱۳ھ ۱۳/رمضان کو انتقال کیا۔

فنجکردی کے معاصر انشائیہ نگار اسعد بن مسعود عتبی کہتے ہیں:

یااوحد البلغاء و الادباء　　یا سید الفضلاء و العلماء

یامن کأن عطار داً فی قلبہ　　یملی علیہ حقائق الاشیاء (۳)

سیوطی وحموی نے بھی بڑی ستائش کی ہے اور وفات کا سال ۵۱۳ھ بعمر اسی ۸۰ سال لکھا ہے، (۴) استادفتال نیشاپوری روضۃ الواعظین میں کبھی شیخ الامام اور کبھی شیخ الادیب کے نام سے یاد کرتے ہیں۔(۵) مجالس المومنین، ریاض العلماء، روضات الجنات اور شیعہ وفنون الاسلام میں ان کی بڑی ستائش کی گئی ہے۔(۶)

ابن شہرآشوب نے ان کی تالیفات میں تاج الاشعار وسلوۃ الشیعہ کی نشاندہی کی ہے۔(۷) جس

---

۱۔الانساب (ج۴ص۴۰۲)

۲۔معجم الادباء ج۵ص۱۰۳ (ج۱۲ص۲۷۰)　　۳۔معجم الادباء ج۲ص۲۴۲ (ج۶ص۹۷)

۴۔بغیۃ الوعاۃ ص۳۲۹ (ج۲ص۱۴۸ نمبر/۱۶۷)　　۵۔روضۃ الواعظین (۱۰۳ نمبر/۲۳۶)

۶۔مجالس المومنین ص۲۳۴ (ج۱ص۵۶۲)؛ ریاض العلماء (ج۳ص۳۵۲)؛ روضات الجنات ص۴۸۵ (۵ص۲۴۹ نمبر/۵۰۳) الشیعہ وفنون الاسلام ص۱۳۶ (۱۷۴)

۷۔معالم العلماء (ص۷۱ نمبر/۴۸۱)

میں امیر المومنین کے اشعار ہیں۔مناقب میں اس کے حوالے سے اشعار بھی نقل کئے گئے ہیں،(۱)اسی طرح استاد قطب الدین خدری نے اس حوالے سے انوار العقول من اشعار وصی الرسول میں حضرت علیؑ کے اشعار نقل کئے ہیں اور یہ بھی تصریح کی ہے کہ تاج الاشعار میں دوسو سے زیادہ حضرت علیؑ کے اشعار جمع کئے گئے ہیں۔

صاحب ریاض الجنۃ نے روضۂ چہارم میں فنجکردی کے یہ دو اشعار بھی نقل کئے ہیں:

و اذا ذکرت الغر من هاشم تنافرت عنک الکلاب الشارده

فقل لمن لامک فی حبه خانتک فی مولودک الوالده

جب تم بنی ہاشم کے روشن چہرے والوں کا تذکرہ کرو تو بھونکنے والے کتے تم سے نفرت کا مظاہرہ کرنے لگتے ہیں،ان سے کہہ دو کہ تم ان کی محبت میں مجھے ملامت کرتے ہو؟ تمہاری پیدائش کے سلسلے میں تمہاری ماں نے خیانت کی ہے۔

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ فنجکردی نے ان دوشعروں میں اس حدیث رسولؐ کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جس میں رسولؐ نے فرمایا کہ علیؑ سے وہی نفرت رکھے گا جو حرامی ہوگا۔

۱۔ابوسعید خدری سے مروی ہے کہ ہم گروہ انصار اپنے بچوں کو حب علیؑ سے آزماتے تھے،اگر ہمارے بچوں میں محبت علیؑ نہیں ہوتی تھی تو ہم سمجھ جاتے تھے کہ ہماری بوند سے نہیں ہے۔(۲)

جزری اس حدیث کو لکھ کر فرماتے ہیں کہ یہ مطلب قدیم زمانے سے آج تک مشہور ہے کہ دشمن علیؑ حرامی ہوتا ہے۔

۳۔حافظ بن مردویہ نے احمد بن محمد نیشاپوری سے حدیث اخراج کی ہے کہ انہوں نے عبداللہ بن احمد بن حنبل سے روایت کی ہے کہ امام شافعی فرماتے تھے کہ میں نے انس بن مالک سے سنا ہے،وہ فرماتے تھے کہ ہم لوگوں کو باپ کے علاوہ بغض علیؑ سے بھی پہچانتے تھے (یعنی جس طرح بغیر باپ والا

---

۱۔مناقب آل ابی طالب ج۲ص۹۹،۱۳۹،۱۷۶(ج۲ص۲۷،۱۲۳،۲۱۳)

۲۔اسنی المطالب جزری ص۸(ص۵۸)؛شرح ابن ابی الحدید ج۱ص۳۷۳(ج۴ص۱۱۰خطبہ ۵۶)

حرامی ہوتا ہے اسی طرح دشمن علی بھی حرامی ہوتا ہے )

۵۔ ابن مردویہ انس سے روایت کرتے ہیں: جنگ خیبر کے بعد میں نے دیکھا کہ ایک شخص اپنے بچے کو کاندھے پر لئے برسر راہ بیٹھا ہے، جب حضرت علیؑ نمودار ہوئے تو بولا: اے بیٹا! انہیں دوست رکھتے ہو۔ اگر اس نے کہا: ہاں تو اس پر بوسوں کی بارش کرنے لگا اور اگر اس نے کہا نہیں تو زمین پر دے پٹکا اور بولا تو اپنی ماں کا بیٹا ہے۔

۶۔ حافظ طبری نے کتاب الولایۃ میں حضرت علیؑ سے روایت کی ہے، آپ نے فرمایا: مجھے تین قسم کے لوگ دوست نہیں رکھتے، زنا زادے، منافق اور فرزند حیضی۔

۷۔ دارقطنی اور حموینی انس سے روایت کرتے ہیں کہ رسولؐ نے فرمایا: جب قیامت برپا ہوگی تو میرے لئے منبر نصب ہوگا، ایک منادی بطن عرش سے پکارے گا: محمدؐ کہاں ہیں؟ میں جواب دوں گا، وہ کہے گا: اس منبر پر تشریف لے جایئے، پھر پکارے گا کہ علیؑ کہاں ہیں؟ وہ میرے منبر کے ایک زینہ نیچے بیٹھیں گے۔ میں اور علیؑ تشریف فرما ہوں گے تمام لوگ سمجھ لیں گے کہ میں سید المرسلین ہوں اور علی سید المومنین ہیں۔(۱) (حموینی کی روایت میں سید الوصیین ہے)

انس کا بیان ہے کہ اتنے میں ایک شخص نے کھڑے ہوکر پوچھا: یا رسول اللہؐ! اس کے بعد اب علیؑ سے کون نفرت کرے گا، پھر تو وہ حرامی ہے۔ اگر انصار میں سے کوئی علیؑ سے نفرت کرتا ہے تو وہ یہودی ہے، اگر عرب دشمن رکھتا ہے تو اپنے باپ کا نہیں اور دوسرے لوگ علیؑ سے نفرت کرتے ہیں تو وہ شقی اور بد بخت ہیں۔

اس حدیث کو سیوطی نے اس لئے ضعیف کہا ہے کہ اس میں ایک راوی اسماعیل فزاری ہے(۲) حالانکہ اسے ابن حبان نے معتبر کہا ہے۔(۳) مطین، صدوق اور نسائی اس سے حدیث روایت کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے، اس موسی کو جن لوگوں نے معتبر کہا ہے ان میں ابوداؤد، امام بخاری، ترمذی، ابن

---

۱۔ فرائد السمطین (ج ۱ ص ۱۳۴ حدیث ۹۷ باب ۲۲)

۲۔ اللآلی المصنوعۃ (ج ۱ ص ۳۷۷) ۳۔ الثقات (ج ۸ ص ۱۰۴)

ماجہ، ابن خزیمہ، ساجی اور ابویعلی جیسے محدثین ہیں۔(۱) ان لوگوں نے اس پر ذرا بھی انگلی نہیں اٹھائی ہے، ہاں! اس کا صرف اور صرف ایک گناہ ہے کہ وہ شیعہ ہے اور علوی مذہب ہے۔

ابوبکر صدیق سے مروی ہے کہ میں نے رسول خداؐ کو دیکھا کہ وہ ایک خیمے میں ستون سے ٹیک لگائے ہوئے ہیں۔

اس میں حضرت علی، فاطمہ اور حسن وحسین (علیہم السلام) ہیں، آپ نے فرمایا: اے گروہ مسلمین! میں ان لوگوں سے صلح کرتا ہوں جو اس خیمے والوں سے صلح کریں، میں ان سے جنگ کروں گا جو ان سے جنگ کریں، ان کا دوست ہوں جو ان کے دوست اور جو ان کے دشمن ہیں میں ان کا دشمن ہوں ان سے وہی محبت رکھے گا جو نیک طبیعت اور پاک ولادت والا ہوگا اور ان سے وہی نفرت رکھے گا جو شقی طبیعت کا اور ناپاک نطفے کا ہوگا۔(۲)

۹۔ ابومریم کہتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے فرمایا: مجھ سے کافر اور حرامی محبت نہیں کرے گا۔(۳)

۱۰۔ ابن عدی، بیہقی، ابوالشیخ اور دیلمی رسول سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا: جو شخص میری عترت اور انصار اور عرب کو نہ پہچانے وہ تین میں سے ایک ہے، یا منافق ہے یا زنازادہ ہے یا پھر اس کی ماں نے اسے حالت حیض میں جنم دیا ہے۔(۴)

۱۱۔ مسعودی مروج الذہب میں اخبار نوفلی کے حوالے سے نقل کرتے ہیں کہ عباس بن عبدالمطلب حضرت رسولؐ کی خدمت میں تھے اتنے میں علیؑ آئے، رسولؐ نے انہیں دیکھتے ہی مسرت کا اظہار فرمایا: ان کا چہرہ کھل اٹھا، میں نے پوچھا: خدا کے رسولؐ! آپ اس جوان کو دیکھ کر کھل اٹھتے ہیں؟ فرمایا: اے چچا! خدا کی قسم! مجھے اس سے والہانہ محبت ہے جو نبی بھی مبعوث ہوا اس کی نسل دنیا میں باقی رہی اور میری

---

۱۔ تہذیب التہذیب (ج۱ص۲۹۲ نمبر ۶۰۶)

۲۔ الریاض النضرہ ج۲ص۱۸۹ (ج۳ص۱۳۶)

۳۔ شرح ابن ابی الحدید ج۱ص۳۷۳ (ج۴ص۱۱۰ خطبہ/۵۶)

۴۔ الکامل فی الضعفا (ج۳ص۲۰۳ نمبر ۷۰۰)؛ شعب الایمان (ج۲ص۲۳۲ حدیث ۱۶۱۴)؛ فردوس الاخبار (ج۳ص۶۲۶ حدیث/۵۹۵۵)؛ صواعق محرقہ ص۱۰۳، ۱۳۹ (ص۱۷۳، ۲۳۳)؛ الفصول ص۱۱ (۲۶)؛ الشرف المؤبد ص۱۰۳ (ص۲۱۷)

نسل اسی جوان کی نسل سے چلے گی، جب قیامت بر پا ہوگی تو سب کو اس کی ماں کے نام سے پکارا جائے گا لیکن یہ جوان اور اس کے شیعوں کو ان کے باپ کے نام سے پکارا جائے گا کیوں کہ یہ پاک نسب ہیں۔(۱)

۱۲۔ کہتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے مجھ سے فرمایا: میں نے رسول خداؐ کو دیکھا کہ آپ ایسے شخص کو لعنت کر رہے ہیں جس کی صورت ہاتھی کی سی ہے۔ میں نے عرض کی: خدا کے رسول! یہ کون ہے؟ فرمایا: یہ شیطان رجیم ہے۔

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: اے دشمن خدا! خدا کی قسم ابھی تجھے قتل کر دوں گا اور امت کو تیری مکاریوں سے نجات دے دوں گا۔ اس نے کہا: بخدا! میری پاداش اس کے علاوہ ہے، میں نے پوچھا: کیسی پاداش اے دشمن خدا۔ اس نے کہا: جو بھی تمہیں دشمن رکھتا ہے، میں اس کے باپ کے ساتھ ماں کے رحم میں شریک ہوتا ہوں۔(۲)

حموینی فراید (۳) میں ابوالحسن واحدی کی سند سے اور زرندی نظم (۴)، ربیع بن سلیمان سے نقل کرتے ہیں کہ امام شافعی سے کہا گیا کہ کچھ لوگوں کو فضائل علیؑ سننا ناقابل برداشت ہوتا ہے، اگر کوئی علیؑ کا نام لیتا ہے تو کہتے ہیں، یہ رافضی ہے۔

یہ سن کر شافعی نے یہ چھ اشعار نظم کر کے سنائے:

اذا فی المجلس ذکروا علیا

''جب کسی بزم میں علیؑ و فاطمہؑ اور ان کے دونوں فرزندوں کا تذکرہ ہوتا ہے اور وہ کہتے ہیں کہ اس کے علاوہ کوئی ذکر کرو تو میں سمجھ جاتا ہوں کہ یہ بدکار عورت کی اولادیں ہیں۔ جب ان کے سامنے علیؑ اور ان کی اولاد کا تذکرہ ہوتا ہے تو وہ دوسرے مہمل کاموں میں لگ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ چھوڑو بھی یہ

۱۔ مروج الذہب ج۲ص۵۱ (ج۳ص۷)
۲۔ تاریخ بغداد ج۳ص۲۹۰؛ کفایۃ الطالب ص۲۱ (ص۷۰ باب/۳)
۳۔ فرائد السمطین (ج۱ص۱۳۵ حدیث/۹۸)
۴۔ نظم درر السمطین (ص۱۱۱)

رافضیوں کی باتیں ہیں۔ میں خدا کی پناہ مانگتا ہوں جو لوگ حب فاطمہؑ کو رفض سمجھتے ہیں، اہل بیتؑ پر خدا کی صلوات اور اس جاہلانہ تصور پر خدا کی پھٹکار‘‘۔

اس خیال کو بہت سے شعراء نے نظم کیا ہے، صاحب بن عباد کے بھی اشعار ہیں۔(۱)

---

ا۔ دیوان صاحب بن عباد (ص ۹۵)

# ابن منیر طرابلسی

ولادت/۴۷۳ھ

وفات/۵۴۸ھ

''میری آنکھوں کی نینداڑ گئی، میرادل اندیشوں سے بھر گیا۔

تمہاری جدائی کے تصور سے محبت کا دل تیرہ وتار ہو گیا۔

میرے ناتواں جسم کو خستہ کر دیا، میری پلکوں پر بیداری کا سرمہ لگا دیا۔

اس عاشق پر جفا کی جس کی محبت تمہارے حسین چہرے کے لئے بے قرار ہے۔

اے دل! کب تک دھوکے کھائے گا، کب تک دھوکے دیئے جائیں گے؟

کب تک آہووشوں کی فکر میں رہو گے کہ یہ خوش نوا ہے اور وہ سیم تن۔

اگر شریف موسوی (علم الہدی) بن شریف خاندان مضر کی فرد سے انکار ظاہر ہو جائے تو میں اپنے زرخرید غلام ''تتر'' کو واپس نہ لوں، ان سے منھ پھرا کر عمر سے ناتہ جوڑ لیا ہے۔

راویان حدیث غدیر کو جھوٹا سمجھتا ہوں اور جو ظہور قائم کے ماننے والے ہیں ان پر طعن کرتا ہوں۔

اگر حدیث غدیر کی روایت کی جاتی ہے تو میں کہتا ہوں کہ حدیث صحیح نہیں۔

غدیر کے دن پرانا کپڑا پہنتا ہوں، غمزدوں کی طرح گوشہ نشیں رہتا ہوں۔

اور جب صحابہ کا تذکرہ ہوتا ہے تو کہتا ہوں کہ تیمی بڈھا سب سے افضل تھا اس کے بعد ان کا جانشین عمر بن خطاب افضل ہے، اس نے آل رسولؐ پر عناد کی تلوار ہر گز نہیں چلائی اور انہوں نے کبھی

فاطمہ زہراؑ کو میراث سے محروم نہیں کیا۔

میں کہتا ہوں کہ یزید نے ہرگز شراب نہیں پی، نہ وہ فاسق و فاجر تھا، اس نے کہا تھا کہ فرزندان فاطمہؑ کو آزاد کردو، شمر نے حسین کو قتل نہیں کیا۔ نہ ابن سعد نے غداری کی، عاشورہ کے دن بالوں میں کنگھی کرتا ہوں، مانگ نکالتا ہوں، اس دن روزہ رکھتا ہوں اور دوسرے ایام میں روزے رکھتا ہوں۔

اس دن کچھ شکرانے کی نمازیں بھی پڑھتا ہوں، نئے کپڑے پہنتا ہوں، عید کے لباس صندوق سے نکالتا ہوں، رات بھر جاگتا ہوں، اچھے اچھے کھانے پکواتا ہوں۔

وضو میں الٹی کہنیاں دھوتا ہوں، سفر میں موزوں پر مسح کرتا ہوں۔

نماز میں زور سے آمین کہتا ہوں، دوسروں کو بھی زور سے آمین کہنے کی تاکید کرتا ہوں، کوہان جیسی قبر بنانا سنت سمجھتا ہوں۔

قیامت کے دن میری آنکھیں کھل جائیں گی، نامۂ اعمال منتشر ہوگا، آتش دوزخ بھڑکے گی۔

میں کہوں گا: خدایا! مجھے شریف مرتضی نے شیعیت سے نکال باہر کیا تھا۔

میں کہوں گا: شریف مرتضی کا ہاتھ پکڑ لے، انہیں جہنم ایسی آگ میں پہونچادے، جہاں نہ کھال ختم ہو نہ ہڈیاں ہی باقی رہ جائیں۔

اور خدا گنہگاروں کو بخشنے والا ہے جب کہ وہ توبہ و معذرت کی زبان کھولیں۔

لیکن اسے معاف کرنے والا نہیں جو وصی رسولؐ کے حق کو نہ پہچانے اور ان کی ولایت کا دم نہ بھرے، ایسی بدکرداری پر کہنا چاہیئے: بچو، اچھی طرح بچو''۔(۱)

## تحقیقی نظر

فنی محاسن سے بھرپور یہ قصیدہ تتریہ جس کے میں نے یہاں ۳۹ رشعر نقل کئے ہیں، پورا قصیدہ ۱۰۶ ر شعروں پر مشتمل ہے جسے، ابن حجہ حموی نے ثمرات الاوراق میں نقل کیا ہے (۲)، خزانۃ الادب میں

ا۔ دیوان ابن منیر طرابلسی (ص ۱۶۰)  ۲۔ ثمرات الاوراق ج ۲ ص ۴۸، ۴۴ (ص ۳۲۷)

۱۶۸/اشعار ہیں۔(۱)

پورا قصیدہ، تذکرہ بن عراق، مجالس المومنین، انوار الربیع، کشکول بحرانی، نامۂ دانشوراں، تزئین الاسواق، نسمۃ السحر اور امل الآمل میں مرقوم ہے۔(۲)

ابن منیر شاعر نے ایک ہدیہ شریف موسوی کی خدمت میں سیاہ فام غلام کے ذریعے بھیجا، شریف نے انہیں خط لکھا کہ: امابعد! اگر آپ کو معلوم ہوتا کہ عدد میں ایک سے کم بھی کوئی عدد ہے یا سیاہی سے بھی زیادہ بدتر کوئی رنگ ہے تو آپ اسی کو میرے پاس ہدیہ بھیجتے۔

ابن منیر نے قسم کھائی کہ اب جب بھی ہدیہ بھیجیں گے تو سفید فام غلام کے ذریعہ بھیجیں گے، چنانچہ انہوں نے ایک گراں بہا تحفہ مہیا کر کے اپنے محبوب ترین تاتاری غلام کے ہاتھ تحفہ روانہ کیا، شریف مرتضی نے تحفہ اور غلام دیکھا تو سمجھے کہ غلام بھی تحفہ کا جزو ہے۔ غلام کو روک لیا، غلام کے بغیر ابن منیر کو چین نہیں تھا، ابن منیر کو اس صورتحال سے بڑی اذیت تھی، غلام کو بلانے کی کوئی ترکیب سمجھ میں نہیں آ رہی تھی، انہوں نے یہ قصیدہ کہہ کے خدمت شریف میں روانہ کیا، جب شریف نے وہ قصیدہ دیکھا، بہت ہنسے اور فرمایا کہ واقعی غلام کو بھیجنے میں تاخیر ہوئی، پھر غلام کو بہتر تحائف کے ساتھ بھیج دیا۔ ابن منیر نے مزید دو شعروں میں شریف کی مدح کی:

الی المرتضی حث المطی نانه    امام علی کل البریه قد سماء

تری الناس ارضافی الفضائل عنده    و نجل الزکی الهاشمی هو السماء

متذکرہ قصیدے کی تخمیس علامہ شیخ ابراہیم یحیی عاملی نے کی ہے، جسے مجموع الرائق (ص ۲۷) پر دیکھا جا سکتا ہے۔

پہلی بیت ہے:

---

۱۔خزانۃ الادب (ج۱ص۳۲۴)

۲۔مجالس المومنین ص۴۵۷ (ج۲ص ۵۳۷)؛ انوار الربیع ص ۳۵۹ (ج ۳ ص۲۲۴)؛ کشکول بحرانی (ج۱ص ۴۲۰)؛ نامہ دانشوران ج۱ص ۳۸۵ (ج۲ص ۲۳۶)؛ تزئین الاسواق ص۱۷۴ (ص۳۴)؛ نسمۃ السحر (مجلد۶ ج۱ص۴۰)؛ امل الآمل (ج۱ ص۳۵ نمبر۲۸)

افــدی حبیبــا کــالــقــمــر　　نــادیتــه لــمــا ســفــر

یــا صــاحــب الــوجــه الاغــر　　عــذبــت طــر فی بــاسهــر

واذبــت قــلبــی بــالــفــکــر

اس قصیدے کی طرح پر اکثر علماء نے قصیدے کہے ہیں۔

## شاعر کا تعارف

ابوالحسین، مہذب الدین، احمد بن منیر بن احمد بن مفلح، طرابلسی شامی، محلّہ خابوری میں باب جامع پر سکونت پذیر تھے، عین الزماں کے لقب اور رفاء کے نام سے معروف تھے، امام ادب اور عرب قافیہ پردازوں میں ممتاز تھے، بہت اشعار کہے اور بہت اچھے کہے۔ مدح اہل بیتؑ میں ان کے وقیع قصائد مشہور ہیں، وہ لغت ادب اور تمام متداولہ علوم میں کامل دستگاہ رکھتے تھے، ان کی ذات سے علمی ماحول شاداب وسرشار تھا۔

انہوں نے اپنی تیز طراز زبان سے دشمنان اہلبیتؑ کے کلیجے چھلنی کیے، ان کی بے باکی کی وجہ سے شامیوں نے انہیں خبیث اللسان بھی کہا، دشنام طرازی بھی کرتے تھے، غلط سلط الزامات لگاتے تھے لیکن یہ باز نہ آئے، کوئی انہیں دشمن صحابہ کہتا، کوئی رافضی کہتا۔ لیکن انکی برتری سے کسی کو انکار نہ تھا، سبھی نے ان کی علمی شخصیت اور شعری اور فنی عظمت کا اقرار کیا ہے، ظرافت ونمکینی، سلاست وروانی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی، مزید یہ کہ وہ حافظ قرآن بھی تھے جیسا کہ ابن عساکر، ابن خلکان اور صاحب شذرات نے ذکر کیا ہے۔

ابن عساکر کہتے ہیں کہ انہوں نے قرآن مجید حفظ کیا، لغت وادب میں مہارت حاصل کی اور بڑے اچھے شعر کہنے لگے، پھر دمشق میں سکونت پذیر ہوگئے، وہ خبیث ترین رافضی تھے، امامیہ مذہب رکھتے، بہت زیادہ ہجو یہ شاعری کی، عامیانہ الفاظ استعمال کرتے، جس کی وجہ سے امیر ترین دمشق بوری بن طغتگین نے عرصے تک انہیں قید رکھا، وہ ان کی زبان بھی قطع کرنا چاہتا تھا، اس کے حاجب یوسف بن

فیروز نے سفارش کی جسے امیر نے قبول کرلیا لیکن شہر بدر کردیا، جب اس کا بیٹا اسماعیل بن بوری حکمراں ہواتو دمشق واپس آگئے، پھر اسماعیل بھی عرصے تک ان سے خفا رہا، وہ انہیں پھانسی دینے کے درپے تھا، ابن منیر بھاگ گئے، کچھ دن مسجد میں روپوش رہے پھر دمشق سے شمالی شہروں حماۃ سے شیزر وہاں سے حلب اور پھر رکاب عادل چلے گئے جب دوسری بار دمشق کا محاصرہ کیا گیا تو صلح کے بعد دمشق میں وارد ہوئے پھر سپاہیوں کے ساتھ حلب واپس گئے اور وہاں ان کا انتقال ہوگیا۔(۱)

وہ آگے لکھتے ہیں:

میں نے ان کو کئی بار دیکھا ہے لیکن سماع حدیث کا شرف حاصل نہ کرسکا انہوں نے آپ بیتی پر مشتمل ۱۷ شعر کہے ہیں جس میں اپنے بدخواہوں کو گنایا ہے۔(۲) انہوں نے ابن منیر پر افترا پردازیاں کیں اور انہیں مصائب برداشت کرنا پڑے، اسی وجہ سے انہوں نے ہجویات بھی کہیں، حالات ہی کی وجہ سے ان کی مذہبی شاعری کی زبان بھی تلخ وتند ہے، ان کے وقیع اشعار کو ابن عساکر، ابن خلکان اور نویری نے نقل کیا ہے۔(۳)

ابن منیر اور ابن قیسرانی شاعر کے مابین ادبی نوک جھونک برابر رہتی تھی، اتفاقاً اتابک عمادالدین زنگی امیر شام جب کہ قلعہ جعبر کا محاصرہ کئے ہوئے تھا، قلعہ کے اوپر سے ایک مغنی سے منیر کے اشعار سنے:

**ویلی من المعرض الغضبان اذ　　نقل الواشی الیه حدیثا کله زور**

زنگی کو اشعار بہت پسند آئے، پوچھا: اشعار کس کے ہیں؟؟ کہا گیا: ابن منیر کے اشعار ہیں جو حلب میں ہیں، اس نے فوراً حلب کے حکمراں کو لکھا کہ جس قدر جلد ممکن ہو ابن منیر کو میرے پاس بھیج دیجئے، ابن منیر جب زنگی سے ملنے آئے تو وہ قتل کیا جا چکا تھا، ابن منیر فوج کے ساتھ پھر حلب چلے گئے، جب

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر ج۲ ص ۷۹ (ج۶ ص ۳۳ نمبر ۲۷/۴)؛ مختصر ابن عساکر ج۳ ص ۳۰۶)

۲۔ دیوان ابن منیر (۱۰۲)

۳۔ تاریخ ابن عساکر (ج۶ ص ۳۴ نمبر ۲۷/۴)؛ وفیات الاعیان (ج۱ ص ۱۵۷ نمبر ۶۴)؛ نہایۃ الادب ج۲ ص ۲۳ (ج۲ ص ۲۳۹) تاریخ حلب ج۴ ص ۲۳۴ (ج۴ ص ۲۲۳)

حلب وارد ہوئے تو ابن منیر نے کہا کہ آپ کی یہ ساری پریشانیاں اس لئے جھیلنی پڑ رہی ہیں کہ آپ میری ہجو کرتے ہیں۔

ابن منیر قلعہ شیزر میں امراء بنی منقد کے ساتھ نہایت احترام سے رہتے تھے، دمشق میں ایک ابو الوحش نامی تھا جو ظرافت و بذلہ گوئی میں معروف تھا، اس کا ابوالحکم عبیداللہ سے یارانہ تھا، ابوالوحش نے چاہا کہ بنی منقذ کی مدح کر کے کچھ کمائے، عبیداللہ سے ابن منیر کے نام خط لیا اور وہاں جا کر ان کی مدح کی۔

ابن منیر ۴۷۳ھ طرابلس میں پیدا ہوئے اور جمادی الآخر ۵۴۸ھ میں حلب میں انتقال کیا، کوہ جوشن پر دفن کئے گئے، ابن خلکان کہتے ہیں کہ میں نے ان کی قبر دیکھی ہے، دو شعر لکھے ہوئے ہیں:

من زار قبری فلیکن موقنا ان الذی القاہ یلقاہ
فیرحم اللہ امرء زارنی وقال لی یرحمک اللہ

ابن خلکان کہتے ہیں کہ میں نے دیوان ابوالحکم میں دیکھا ہے کہ ابن منیر دمشق میں ۵۴۷ھ میں مرے اور ان کا ہزلیہ انداز میں مرثیہ بھی مرقوم ہے اس بنیاد پر دونوں اقوال کو جمع کرنے کی صورت میں ممکن ہے کہ انہوں نے دمشق میں انتقال کیا ہو اور حلب میں دفن کئے گئے ہوں۔

ابن منیر کے والد بھی اپنے دادا مفلح کی طرح شاعر تھے مفلح طرابلس کے بازاروں میں عونی کے اشعار پڑھا کرتے۔ ظاہر ہے کہ عونی صرف مدح اہلبیتؑ ہی میں اشعار کہتے چونکہ بازار طرابلس میں مختلف قوموں کا اجتماع ہوتا اس لئے نشر فضائل اہل بیتؑ کے خیال سے عونی کے اشعار پڑھتے تھے، ابن عساکر اور ابن خلکان نے تحقیر کے بطور لکھا کہ مفلح طرابلس کے بازاروں میں عونی کے اشعار گنگنایا کرتے تھے، اصل میں اہل بیتؑ کے ساتھ عناد نے ان سے یہ سب کچھ لکھوایا، اصل میں جس طرح مجالس میں قصیدہ خوانی ہوتی ہے اسی طرح مفلح ایک عظیم شاعر کے کلام پڑھتے تھے نہ کہ وہ گویا تھے۔

ابن منیر کے حالات مندرجہ کتب میں ملتے ہیں:

۱۔ابن خلکان مجالس المومنین

| | |
|---|---|
| ۳۔انساب سمعانی | ۴۔تاریخ ابن عساکر |
| ۵۔مرآۃ الجنان | ۶۔تاریخ ابن کثیر |
| ۷۔امل الآمل | ۸۔شذرات الذھب |
| ۹۔نسمۃ السحر | ۱۰۔روضات الجنات |
| ۱۱۔اعلام زرکلی | ۱۲۔تاریخ آداب اللغۃ |
| ۱۳۔دائرۃ بستانی | ۱۴۔تاریخ حلب ۔(۱) |

---

۱۔وفیات الاعیان ج۱ص۵۱ ( ج۱ص۱۵۶ نمبر۶۴ ) ؛ الانساب ( ج۱ص۱۸۳ ) ؛ تاریخ ابن عساکر ج۲ص۹۷ ( ج۶ص نمبر ۲۷۴ ،مختصرابن عساکر ج۳ص۳۰۶ ) ؛ مرآۃ الجنان ج۳ص ۲۸۷ ؛البدایۃ والنہایہ ج۱۲ص۲۳۱ ( ج۱۲ص ۲۸۸ ) ؛ مجالس المومنین ص۴۵۶ ( ج۲ص۵۳۷ ) ؛امل الآمل ( ج۱ص۳۵ ) ؛ شذرات الذھب ج۴ص۱۴۶ ( ج۶ص۲۴۱ ) ؛نسمۃ السحر ( مجلد ۶ص۱ص۴۰ ) ؛ روضات الجنات ص۲۷ ( ج۱ص۲۶۱ نمبر۸۲ ) ؛ الاعلام ج۱ص۸۱ ( ج۱ص۲۶۰ ) ؛ تاریخ آداب اللغہ ج۳ص ۲۰ ( مجلد۱۴ص۲۴۸ ) ؛ دائرۃ المعارف ج۱ص۷۰۹ ؛ تاریخ حلب ج۴ص۲۳۱ ( ج۴ص۲۰ )

# قاضی ابن قادوس

وفات/۵۵۱ھ

''اے حاضر و مسافر تمام خلفاء کے سردار! اگر حاجیوں کے ساقی کا اکرام و احترام کیا جاتا ہے تو آپ تو ساقی کوثر ہیں، آپ ہی ہمارے پسندیدہ امام اور محشر میں ہماری شفاعت کرنے والے ہیں اور افضل انبیاء احمد مصطفیٰؐ کے ولی ہیں، حسنؑ و حسینؑ کے والد ماجد ہیں، آپ ہی بروز غدیر سب پر بازی لے جانے والے ہیں اور یہ واضح بات ہے۔

جنگ بدر، جنگ خندق اور جنگ خیبر کے غوغا کا تیا پانچہ کرنے والے ہیں''۔(۱)

## شاعر کے حالات

قاضی جلال الدین، ابو الفتح محمود بن قاضی اسماعیل بن حمید، معروف بہ ابن قادوس دمیاطی، مصری، ممتاز ترین ادب پرور اور مفہوم کو ہر اسلوب سے بیان کرنے اور شکوہ الفاظ کے ساتھ ادا کرنے پر مہارت رکھتے تھے، علوی عہد کے مصر میں عظیم انشائیہ نگار تھے، قاضی کے ساتھ فضیلت علم و ادب سے بھی بہرہ یاب تھے، ان کا شمار ادبی سخنوروں میں ہوتا تھا، جنہوں نے رسالہ خلافیہ اور آداب دیوانیہ کو بہترین ڈھنگ سے نبھایا، امام بلاغت قاضی فاضل کو ان کی شاگردی کا شرف حاصل ہے، انہیں ذو البلاغتین (نثر و نظم میں یکساں مہارت والا) کہا جاتا تھا، شعری دیوان دو جلدوں میں ہے، ۵۵۱ھ میں مصر میں انتقال کیا۔(۲)

---

۱۔ مناقب ابن شہر آشوب (ج۲ص۸۳)؛ اعیان الشیعہ (ج۱۰ص۱۰۲

۲۔ البدایۃ والنہایہ ج۱۲ص۲۳۵ (ج۱۲ص۲۹۳)؛ الاعلام ج۳ص۱۰۱۱ (ج۷ص۱۶۶)

ابن خلکان، حموی اور ابن کثیر نے ان کے اشعار نقل کئے ہیں۔(۱)

امام زین العابدینؑ کے متعلق ان کے چار اشعار ہیں:

انــت الامــام الآمــر الــعدل الـذی

آپ ہی دادگستر امام جن کے جد کی جبریل نے مہار براق تھامی ،نسب کے ہر سمت سے آپ کو سرداری حاصل ہے،آپ امام طاہر اور پاک نہاد ہیں ۔آپ حضرات ہی غامض علوم الٰہی کے خزینے ہیں،آپ ہی حلال وحرام بیان کرنے والے ہیں ،ملائکہ کے ذمے ہے کہ وہ وحی الٰہی کو پہونچائیں اور آپ حضرات اس کی تاویل وتشریح کرنے والے ہیں۔(۲)

---

۱۔وفیات الاعیان (ج۱ص۱۶۳)؛البدایۃ والنہایہ (ج۱۲ص۲۹۳)؛معجم الادباء ج۴ص۶۰

۲۔مناقب آل ابی طالب (ج۴ص۵۴)

# ملک صالح

ولادت/۴۹۵

وفات/۵۵۶

''اے مرکب جہالت پر سوار! گمراہی چھوڑ بھی دے، یہ دیکھ ہدایت کا مشہد تاباں کوفے میں ہے۔ جن کے لئے ڈوبنے کے بعد سورج پلٹا تا کہ فضیلت نماز حاصل کر لے اور ملائکہ گواہ ہوں اور خم کے دن رسول خداؐ نے ان کے متعلق ہاتھ پکڑ کر سب کے سامنے فرمایا۔

جس کا بھی میں مولا ہوں اس کے یہ مولا ہیں، میرے پاس اس بارے میں تاکیدی حکم آیا ہے، جو اسے چھوڑ دے، خدا اسے چھوڑ دے گا اور جو اس کی کمک کرے گا خدا اس کی کمک کرے گا''۔

## دوسرا قصیدہ

۵۷/اشعار پر مشتمل ہے۔ دو شعر آخر کے یہ ہیں:

''اگر حاسدوں نے ان کا مرتبہ نہ پہچانا تو دوستوں نے ان کے حق کا اعتراف کیا، بروز غدیر ان کی نامورترین فضیلت ہے جسے رسول خداؐ نے تمام لوگوں کے سامنے بلند کر کے ظاہر فرمایا''۔

## تیسرا قصیدہ

۴۴/شعروں پر مشتمل ہے: (۱)

---

۱۔ ۳۹/بیت پر مشتمل یہ قصیدہ ٹکڑوں میں درج ذیل کتابوں میں موجود ہے، مناقب ابن شہر آشوب (ج ۳ ص ۴۰)؛ صراط مستقیم (ج ۱ ص ۳۱۱) اور علامہ سید احمد عطار کی الرائق من اشعار الخلائق

''غدیر کے دن رسول خداؐ نے ان کے متعلق سفارش کی ، دوسرے کے لئے نہیں ، سبھی اس کے گواہ ہیں ، فرمایا کہ یہ میرا وصی ہے ، میرا خلیفہ ہے اور فرائض وسنن کا واقف کار ہے ، سب نے کہا کہ ہم نے مانا اور جب رسولؐ کی وفات ہوئی تو ابھی جنازہ بھی نہ اٹھا تھا کہ لوگوں نے غداری کر دی''۔

## چوتھا قصیدہ

جس میں ۲۷ رشعر ہیں :

''میں پیروعلیؑ ہوں ، ان کے دوستوں کا دوست ، ان کے دشمنوں کا دشمن ۔ بخدا وہی تھے کہ شب ہجرت اکیلے انہوں نے ہی رسولؐ پر اپنی جان نثار کی ، اپنی جان کی قسم ! رسولؐ نے بروز غدیر ان کے علاوہ کسی کو اپنی جانشینی کے لائق نہیں سمجھا''۔

## پانچواں قصیدہ

اس میں ۱۴ شعر ہیں :

''برادر رسولؐ ! امت کے درمیان رسولؐ کے ودائع کا امین ، رسولؐ نے ان کی ولایت کے متعلق لوگوں سے وصیت فرمائی تھی ( لوگوں نے ان کی یوں مخالفت کی ) جیسے رسولؐ نے علیؑ کی مخالفت اور ان سے جنگ کی وصیت کی تھی''۔

ہم نے ان قصائد کو کتاب الرائق ، سید احمد عطار سے منتخب کیا ہے ۔

## شاعر کے حالات

ابو الغارات ، ملک صالح ، فارس المسلمین ، نصیر الدین القاب تھے ۔

طلائع بن رزّیک بن صالح ارمنی نام تھا ، اعلام زرکلی کے مطابق اصل میں وہ عراقی شیعہ تھے ۔(۱)

---

۱۔ اعلام ( ج ۳ ص ۲۲۸ )

یہ ان لوگوں میں سے تھے جن کے لئے خدانے دین و دنیا آراستہ کی، دونوں جہان کا افتخار نصیب میں رہا، مفید علم اور عادل حکومت سے سرفراز تھے، فقیہ بھی تھے اور ادیب بھی، قاہرہ کو ان کی عادلانہ وزارت پر ناز ہے۔

فاطمی حکومت ان کے حسن تدبیر، سیاست، رعیت اور دوامی امن اور استحکام حکومت سے بہرہ یاب تھی، زرکلی کہتے ہیں کہ وہ وزیر تھے لیکن بادشاہوں میں شمار ہوتا ہے، ملک صالح کے لقب سے مشہور ہوئے اور یہ لقب ان کے مناسب حال بھی تھا۔ (۱) تاریخ وسیرت میں ان کا علم وادب، دادگستری، بخشش وعطا اور پسندیدہ سیاست کے تذکرے ہیں، قصہ مختصر یہ کہ وہ تمام فضائل وآداب دینی و دنیوی سے آراستہ تھے، مزید یہ کہ وہ اہل بیتؑ کی محبت سے سرشار بھی تھے، انہوں نے حریم مودت کا نثر ونظم کے ذریعے دفاع کیا، فقہا کو اپنی خدمت میں بلا کر ان سے مناظرہ کیا، وہ ملت شیعہ کے شعلہ جوالہ تھے۔ (۲) ان کی ایک کتاب ''**الاعتماد فی الرد علی اھل العناد**'' بڑی وقیع ہے جس میں امامت امیر المومنینؑ پر مناظرانہ اور محدثانہ نظر ڈالی ہے، دو جلدوں میں ان کا دیوان بھی ہے جس میں تمام فنون شعری کو برتا گیا ہے، سعد بن مبارک نحوی نے اس کی شرح کی ہے۔

ادیبوں کی انجمن ان کے وزارت خانہ میں روزانہ حاضر ہوکر ان کے اشعار لکھتی تھی، دانشوروں کی ٹولی چاروں طرف سے حاضر ہوکر گوہر مراد سے شاد ہوتی، ہر سال بہت زیادہ دولت مشاہد مقدسہ بھیجتے تھے تا کہ وہاں علویین میں تقسیم کی جائے، اسی طرح مکہ میں اشرف مدینہ و مکہ کے لباس اور دوسری ضروریات کے لئے رقم بھیجتے، بچوں کے لکھنے پڑھنے کے لئے بھی رقم روانہ کرتے، مقس کی آبادی اس لئے وقف کی تھی کہ اس کا (۲/۳) حصہ سادات حسنؑ وحسینؑ میں اور نو قیراط اشراف مدینہ اور ایک قیراط مسجد امین الدولہ میں صرف کیا جائے۔ بلقیس اور قلیوبیہ کی آبادی بھی امور خیر کے لئے وقف تھیں، قرافہ کی مسجد جامع، زویلہ کی نئی جامع مسجد تعمیر کی جسے جامع مسجد صالح کہا جاتا ہے۔

---

۱۔ الاعلام (ج۳ص ۲۲۸)

۲۔ الخطط (ج۲ص ۲۹۴)؛ شذرات الذہب (ج۶ص ۲۹۶)

تمام عمر انگریزوں سے بری و بحری فوجوں کے ذریعے لڑتے رہے، ہر سال فوجیں مزید کمک کے لئے بھیجتے رہے۔(۱) انہیں حکومت وزارت بھی حاصل تھی اور پھر شہادت کی کامرانی سے بھی ہمکنار ہوئے اور دوشنبہ ۱۹/رمضان المبارک ۵۵۶ھ اپنے محل کی ڈیوڑھی پر ایک ہجوم کے ذریعے شہادت پائی اور وزارتخانہ کے محل میں دفن کئے گئے۔ بعد میں ان کے فرزند ملک عادل نے نعش کو قرافہ کبری میں منتقل کیا۔

## ملک صالح کی تفصیلات حیات

ابن اثیر کامل میں لکھتے ہیں کہ ۵۵۶ھ میں ماہ مبارک رمضان میں ملک صالح وزیر عاضد علوی قتل ہوئے، قتل کی وجہ یہ ہوئی کہ وہ قاہرہ حکومت کرتے تھے، امر و نہی اور مالی خرچ و آمد میں خودسری کرتے کیوں کہ بادشاہ عاضد کمسن تھا اور اسے ملک عادل ہی نے بادشاہ بنایا تھا، اس خیال سے اس نے افسروں کی ایک ٹولی کو شہر بدر کر دیا تھا تا کہ ملک میں امن و امان رہے۔(۲)

عاضد سے اپنی بیٹی کا نکاح بھی کر دیا تھا، جس کی وجہ سے بادشاہ کے اہل حرم اس سے عناد رکھتے تھے، عاضد کے چچا نے بہت سی دولت مصر کے افسروں کو بھیجی تھی کہ وہ ملک صالح کے قتل میں مددگار ہوں، ان میں سب سے زیادہ شدت پسند ابن الداعی تھا، اس نے قصر کی دہلیز پر گھات لگا کر لوگوں کو کھڑا کیا تا کہ ملک صالح کے نکلتے ہی قتل کر دیں، پروگرام کے مطابق ملک صالح نکلے تو سب نے چاقوؤں اور چھریوں سے حملہ کر کے سخت مجروح کر دیا، مددگاروں نے انہیں زخمی حالت میں محل پہونچا دیا، یا ملک صالح نے عاضد کو سرزنش کے ساتھ پیغام بھجوایا کہ اس نے قتل کی اجازت دی ہے، عاضد نے قسم کھائی کہ میرا ہاتھ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تمہیں میرے قتل کی اطلاع نہ تھی تو اپنے چچا کو میرے حوالے کرو تا کہ انتقام لوں، عاضد نے حکم دے دیا کہ اس کے چچا کو ملک صالح کے حوالے کر دیا جائے۔ ملک

---

۱۔ الخطط ج۴ص ۸۱،۳۲۴ (ج۲ص ۲۹۴،۴۴۷)؛ تحفۃ الاحباب سخاوی ص ۱۷۶ (ص ۱۵۵،۱۵۹)

۲۔ تاریخ کامل ص ۱۰۳ (ج۷ص ۱۵۷)

صالح نے اس کو قتل کرادیا اور وصیت کردی کہ وزارت میرے فرزند رزیک کو دے دی جائے اور اسے لقب عادل سے نوازا جائے، اسی لئے وزارت کا عہدہ انکے بیٹے کو سونپ دیا گیا۔

ملک صالح بڑے اچھے اشعار کہتے تھے، مرد کریم ہونے کے ساتھ ساتھ بڑے سخی بھی تھے، شعراء کی مالی امداد بھی کرتے رہتے تھے، ان کا مذہب شیعہ تھا، مصر کے علویوں کے مسلک پر نہیں تھے، جب عاضد تخت نشیں ہوا تو لوگوں نے بڑا شور وغوغا کیا، ملک صالح نے پوچھا: کیا بات ہے؟ کہا گیا: لوگ خوشیاں منارہے ہیں ۔فرمایا: گویا یہ کہہ رہے ہیں کہ پہلا نہیں مرا کہ دوسرا حکمراں ہوگیا۔انہیں خبر نہیں کہ میں انہیں بھیڑ بکریوں کی طرح ہنکاؤں گا۔

عمارہ کہتے ہیں کہ ان کی شہادت کے تین دن قبل ان سے ملنے گیا تو انہوں نے یہ شعر مجھے سنائے:

نحن فی غفلة و نوم و للمو ت عیون یقظانة لا تنام
قدرحلنا الی الحمام سنینا لیت شعری متی تکون الحمام؟!

مقریزی خطط میں لکھتے ہیں کہ

ملک صالح نے روضۂ امام علی رضاؑ کی زیارت ایک فقراء کی جماعت کے ساتھ کی، اس زمانے میں روضہ کی تولیت ابن معصوم کے حوالے تھی ،ابن معصوم نے خواب دیکھا کہ امام ان سے فرمارہے ہیں کہ اس رات چالیس فقیر زیارت کے لئے آئے ہوئے ہیں، ان میں ایک شخص طلائع بن رزیک نامی ہے، وہ میرا بہت بڑا دوستدار ہے، اس سے کہہ دو کہ جاؤ میں نے تمہیں مصر کا حکمراں بنادیا ہے۔

صبح کے وقت منادی نے پکارا کہ زائروں میں طلائع بن رزیک نامی کون ہے، چل کر معصوم سے ملاقات کرے، طلائع سید کی خدمت میں پہونچے، سید نے تمام خواب اور حکم امام ان سے بیان کیا۔

یہ سنتے ہی طلائع مصر روانہ ہوگئے اور انہیں ترقی ملتی گئی۔

جب نصر بن وباس نے خلیفہ فاطمی اسماعیل ظافر کو قتل کیا، اس کے اہل حرم نے بال بکھرائے اور انتقام کے لئے افسروں کو خطوط لکھے، طلائع نے لوگوں کو جمع کر کے قاتل وزیر سے انتقام کی غرض سے قاہرہ کا رخ کیا، طلائع کو قاہرہ آتے دیکھ کر وزیر نے فرار اختیار کی اور طلائع پورے اطمینان کے ساتھ شہر

میں وارد ہوااس لئے اسے ملک صالح فارس مسلمین اور نصیرالدین کے القاب عطا کئے گئے ۔

واقعۂ شہادت لکھنے کے بعد مقریزی لکھتے ہیں کہ وہ مرد شجاع ، کریم ،سخی ، فاضل ،ادب دوست اور ادیب پرور تھے، بڑے اچھے اشعار کہتے ،مختصر یہ کہ وہ فضلیت وعقل ودانش وسیاست میں یکتائے روزگار تھے،جلال وجمال اور دولت کی فراوانی سے نوازے گئے ،نماز پنجگانہ اور نماز شب کے پابند تھے،تشیع کے معاملے میں سخت متعصب تھے،ان کی ایک کتاب بنام''الاعتماد'' ہے جسے لکھنے کے بعد فقہا کو بلایا اوران سے مناظرہ کیا دوجلدوں میں ان کا دیوان بھی ہے،اپنے اعتقاد کے بارے میں چار شعر کہے ہیں:

یـاامة سـلـكـت ضـلالا بيـنـا     حتـى استـوى اقـرارهـا وجـحـودهـا

قـلـتـم: الاان الـمـعاصى لم تكن     الابتـقـديـر الالـه وجـودهـا

لـوصـح ذاكـان الالـه بزعمكم     مـنـع الشـريـعة ان تـقـام حدودهـا

حـاشـا و كـلا ان يـكـون الهنـا     يـنـهـى عـن الـفـحـشـاء ثم يريدهـا

انہوں نے قدریوں کی رد میں ایک قصیدہ بھی کہا ،جس کا نام''الجوہر یہ فی الرد علی القدریہ'' رکھا آگے لکھتے ہیں کہ بیان کیا جاتا ہے جس صبح میں قتل کئے گئے اس رات فرمایا کہ آج حضرت علی کو ضربت لگائی گئی ،آپ نے واقعۂ شہادت پڑھنے کا حکم دیا،غسل کر کے ایک سوبیس رکعت نماز پڑھی رات بھر جاگتے رہے۔

صبح سوار ہونے کے لئے نکلے تو پھسل گئے آپ کا عمامہ گر گیا،آپ لڑکھڑانے لگے اور چوکھٹ پر بیٹھ گئے ،ابن صیف جو وزراء کے عمامے باندھنے کا تنخواہ دار ملازم تھا وہ حاضر ہوا اور عمامہ درست کیا، ایک شخص نے کہا کہ شگون اچھا نہیں،مت جایئے ،فرمایا: بدشگونی القائے شیطانی ہے، جانے کے سوا چارہ نہیں،سوار ہوئے اور پھر جو ہونا تھا ہوا۔

خطط میں ہے کہ ابن عبدالظاہر کہتا ہے کہ مصر میں مشہدامام حسینؑ ہے، ملک صالح نے ارادہ کیا کہ عسقلان سے سر امام حسینؑ لاکر یہاں مصر میں دفن کیا جائے ، چوں کہ عسقلان میں فرنگیوں کی اکثریت تھی اس کے لئے باب زویلہ پر مخصوص عمارت بنوائی تاکہ وہاں سر مبارک دفن کیا جائے لیکن محلّہ قصر والے اس

مطالبے میں کامیاب ہوگئے کہ سر مبارک انہیں کے یہاں دفن کیا جائے۔ یہ ۵۴۹ھ کا واقعہ ہے، فائز کے دوران خلافت میں ملک صالح کے ہاتھوں یہ خدمت انجام پائی۔(۱)

## وفات اور ولادت

ملک صالح ۴۹۵ھ میں پیدا ہوا، فقیہ عمارہ نے ان کی بہت زیادہ مدح سرائی کی ہے۔(۲) علامہ امینیؒ نے بہت سے قصیدے یہاں نقل کئے ہیں۔ اور ملک صالح روز دوشنبہ ۱۹/ ماہ رمضان ۵۵۶ھ میں شہید ہوئے، فقیہ عمارہ نے ان کے فرزند عادل نے ۵۵۷ھ نہم صفر کو تابوت وہاں سے منتقل کر کے قرافۂ مصر میں سپرد لحد کیا۔ عمارہ نے اس موقع پر بھی مرثیہ کہا ہے، ابن شہر آشوب نے ملک صالح کے اکثر قصائد نقل کئے ہیں۔ چنانچہ پانچ اشعار یہ ہیں:

محمد خاتم الرسلؐ الذی سبقت ۔۔۔ بــه بشارة قس و ابن ذی یزن

و انذر النطقاء الصادقون بما ۔۔۔ یکون من امره الطهر لم یکن

الکامل الوصف فی حلم و کرم ۔۔۔ والطهر الاصل من ذم و من درن

ظل الاله او مفتاح النجاة وین ۔۔۔ بوع الحیاة و غیث العارض الهتن

فاجعله ذخرک فی الدارین معتصما ۔۔۔ به و باالمرتضی الهادی ابی الحسن(۳)

دو شعر یہ ہیں:

ولایتی لامیر المومنین علیؑ ۔۔۔ بها بلغت الذی ارجوه من املی

ان کان قد انکرا الحساد رتبته ۔۔۔ فی جوده فتمسک یا اخی بهل (۴)

ایک سات شعر کا قصیدہ میمیہ ہے:

ایک چھوٹی بحر میں چھ شعر ہیں

---

۱۔الخطط والآثار ج ۲ ص ۲۸۴ (ج ۱ ص ۴۲۷)

۲۔النکت العصریہ (ص ۳۵)

۳۔مناقب آل ابی طالب (ج ۱ ص ۴۴)

۴۔مناقب آل ابی طالب (ج ۳ ص ۴۲۷)

یا عــــروة الدیـن المـتـیـن — و بـحـر عـلـم الـعـارفـیـنـا
یـــا قبـلـةً لـلاو لیـــاء — و کـعـبةً لـلـطـائـفـیـنـا
مـن اهـل بیـتٍ لـم یـزالـو — فـی البـریة مـحسـنیـنـا
التـائبیـن الـعـابـدیـن — الـصـائـمیـن الـقـائـمیـنـا
الـعـالـمیـن الـحـافـظیـن — الـراکـعیـن السـاجـدیـنـا
یـامــن اذا نـــام الـــوری — بـاتـوا قیـامـاً سـاهـریـنـا (۱)

سورہ ھل اتی کی شان نزول پران کے کئی قصیدے ہیں:

آل رســو لِ الالـــه قــوم — مـقـدار هـم فـی الـعلی خطیر (۲)

اسی مفہوم میں یہ بھی شعر ہے:

ان الابـــرار یشـــربـون بـکـأس — کـان حـقـاً مزاجهـا کـافورا (۳)

پھر چار شعر یہ ہیں:

والـــلــه اثـنـــی عـلیهـم — لـمـــا و فـوا بـالـنـذور
و خـصهـم و حبـاهـم — بـجـنة و حـریـر
لا یـعـرفـون بشـمـس — فیهـا و لا زمهـریـر
یسـقـون کـاسـا رحیـقـا — مـزیـجة الـکـافـور (۴)

ایک قصیدہ یہ بھی ہے:

فی هل اتی ان کنت تقرأ هل اتی — ستصیب سعیهم بها مشکورا (۵)

---

۱۔مناقب آل ابی طالب (ج۴ص۲۳۱)
۲۔مناقب آل ابھی طالب (ج۳ص۴۲۷)
۳۔مناقب آل ابی طالب (ج۳ص۴۲۷)
۴و۵۔مناقب آل ابی طالب (ج۳ص۴۲۸)

ایک اور قصیدہ اسی مفہوم میں یہ ہے:

**هــل اتــى فيهــم تــنــزل فيهــا    نــصـلهم محكما و فى السورات (۱)**

ملک صالح نے قصیدہ دعبل ''مدارس آيات خلت من تلاوة'' کی بحر اور ردیف میں شاندار قصیدہ کہا ہے جو اس طرح ہے:

**الائـم د ع يـوصـى عـلـى صبواتى    فـمـا مـات ميـمـوه الذى هوات**

## مصادر حالات ملک صالح

۱۔وفیات الاعیان ج۱ص۲۵۹ (ج۲ص۵۲۶نمبر/۳۱۱)

۲۔کامل ابن اثیر ج۱۱ص۱۰۳ (ج۷ص۱۵۷)

۳۔خطط مقریزی ج۴ص۸۱ (ج۲ص۱۹۳)

۴۔تاریخ ابن کثیر ج۱۲ص۲۴۳ (ج۱۲ص۳۰۳)

۵۔روض المناظر (ج۲ص۱۲۸)

۶۔تاریخ ابوالفداء ج۳ص۴۰

۷۔مرآۃ الجنان ج۳ص۳۱۰

۸۔انوار الربیع ص۳۱۲ (ج۳ص۱۱۲)

۹۔تحفۃ الاحباب ص۱۷۶

۱۰۔شذرات الذھب ج۴ص۱۷۷ (ج۶ص۲۹۶)

۱۱۔نسمۃ السحر (مجلد۸ج۲ص۳۰۹)

۱۲۔خواص العصر ص۲۳۴

۱۳۔دائرۃ المعارف وجدی ج۵ص۱۷۷

---

۱۔مناقب آل ابی طالب (ج۳ص۴۲۹)

۱۴۔اعلام زرکلی ج۲ص۴۴۹ ( ج۳ص۲۲۸ )

۱۵۔تاریخ مصر جرجی زیدان ج اص۲۹۸ ( مجلد۹ص۳۰۷ )

۱۶۔شہداء الفضلیۃ ص۵۷

# ابن عودی نیلی

ولادت/۴۷۸ھ

وفات/۵۵۸ھ

۱۴۹/شعروں پر مشتمل عظیم الشان قصیدہ کا مطلع یہ ہے:

متی یشتفی من لا عج القلب مغرم  و قدلج فی الھجران من لیس یرحم

و قد نصھا یوم "الغدیر" محمدؐ  ..............................

''اور واضح طریقے سے رسول خدا محمد مصطفیؐ نے بروز غدیر فرمایا: آگاہ ہوجاؤ، اے لوگو! سمجھ لو بلا شبہ میرے پاس اس وضاحت کے بارے میں حکم آیا ہے کہ میرا پیغام پہونچادو اور دیکھو یہ میں اپنی تقریر کے ذریعے وہ پیغام پہونچا رہا ہوں۔ علیؑ! میرا وصی ہے، لہذا اس کی پیروی کرو کیوں کہ وہ میرے بعد تمہارا امام ہے جب میں تم لوگوں کے درمیان نہ رہوں۔

سب نے کہا کہ ہم آپ کے اس حکم پر راضی ہیں اور انہیں اپنا امام و ہادی تسلیم کرتے ہیں اور انہیں مولا مانتے ہیں وہی ہمارے سرور و مطاع ہیں، اس دن ان لوگوں نے ہدایت کو پہچان لیا لیکن دوسرا دن آیا تو وہ ہدایت سے قطعی اندھے ہوگئے۔

جب رسول خداؐ کی وفات ہوگئی تو ان میں سے ایک نے کہا: کیا یہ میرے سردار و مولی ہوں گے؟ تمہیں لات وعزی کی قسم ہم ہرگز نہیں ہونے دیں گے۔

سبھی علیؑ سے نزاع کرنے لگے، جو نہ اسلامی سبقت رکھتے تھے نہ صلاحیت سرداری رکھتے تھے، انہوں نے خلافت پر ڈیرے ڈال دیئے کہ جو کچھ ہو جلد تر ہاتھ آجائے''۔

## دوسرا قصیدہ

جس میں ۵۷/اشعار ہیں:

''اے فرزندان احمد رسول مختارؐ! تمہارے باپ علی علیہ السلام بھی خاندان نبوت سے تھے، احمد مجتبیٰ نے تمام لوگوں میں صرف انہیں کو اپنا بھائی بنایا اور خلافت سے انہیں کو مخصوص فرمایا، کاش ان پر ظلم نہ کیا جاتا۔

انہیں کے لئے غدیر کے دن اپنے بعد ولایت وخلافت کی نص فرمائی اور ہادی اعظم نے ان کے لئے دعا فرمائی، پروردگارا میں نے تبلیغ کردی تو دیکھ لے اور گواہ رہنا لیکن جب رسولؐ کی وفات ہوگئی تو وہ ایسے ہوگئے جیسے مکھیاں کھانے پر بھنبھناتی ہیں۔

انہوں نے بیعت توڑ دی کیوں کہ ان کے دل زبان سے ہم آہنگ نہیں تھے۔

پھر وہ جام خلافت کو اپنے میں گھمانے لگے، جیسے پیاسوں کے گرد جام شراب گھمایا جاتا ہے''۔

## شاعر کا تعارف

ربیب، ابوالمعالی، سالم بن علی بن سلمان بن علی معروف (ابن عودی) متخلص بہ عودی۔ نیلی ہے تغلبی نیل فرات سے منسوب جہاں ۸ے۴ھ میں پیدا ہوئے ان کے تفصیلی حالات رسالہ غری نجف میں بقلم مصطفیٰ جواد بغدادی شائع ہوئے اسی کا خلاصہ یہاں پیش کیا جارہا ہے۔

ابوالمعالی مشہور شاعر ہیں لیکن ان کے حالات پردۂ خفا میں ہیں، ادب کے ستارۂ درخشاں ہیں لیکن اس کی روشنی ہمارے لئے مبہم ہے، ان کے ہم عصر عماد الدین اصفہانی نے کچھ ان کے حالات جمع کئے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ وہ ایسے جوان تھے جنکی ذکاوت شعلہ جوالہ تھی، ان کے نغمے شراب ناب کی طرح تھے یا آب حیات کی طرح شعر کہتے ہیں تو فصاحت وبلاغت کے دریا بہاتے ہیں جسے سن کر تمام پیاسے مدہوش ہوجاتے ہیں۔

میں ۵۵۰ھ میں واسط پہونچا تو معلوم ہوا کہ ابوالمعالی یہاں موجود ہیں، ایک دن خلیفہ کے نگہبان

''فاتنا'' کی دعوت پر ان سے قصیدہ سننے کا اہتمام ہوا لیکن بزم میں ان سے پہلے ایک شخص کرسی پر جا کر قصیدہ سنانے لگا اور انہوں نے قصیدہ سنانے سے انکار کر دیا۔ جائزہ و انعام سے بھی محروم رہ گئے۔ پھر میں نے ۵۵۴ھ میں ہمامیہ میں ملاقات کی، عماد کاتب انہیں نادر ترین جواں سال شاعر سمجھتے تھے، فاتنا کو سنانے کے لئے آمادہ ہوئے لیکن اک ذرا خلاف مزاج ہوا اور قصیدہ لپیٹ کر چلے گئے۔ ان کی غزلیہ شاعری کا نمونہ دیکھیں:

**ابی القلب الا ام فضل و ان غدت تعدمن النصف الاخیر لداتها**

**لقد زاد ها عندی المشیب ملاحة و ان زعم الواشی و ساء عداتها**

ان کی شاعری خالص عربی لیکن اس کے تار و پود دیا شی رومی سے آراستہ ہیں۔ صفدی نے ان کے بعض اشعار کو نقل کر کے کہا ہے کہ ان کی شاعری حد اوسط کی ہوتی تھی۔ (۱)

لیکن ان کے اس تبصرے سے ان کا کینہ و عناد ظاہر ہوتا ہے کیوں کہ ان کی شاعری بلند مضامین اور شکوہ الفاظ کی حامل ہوتی تھی۔ تبصرہ نگار کو عربی ادب کے مزاج سے واقفیت نہیں، ہم کہہ سکتے ہیں کہ ابن عودی کے اشعار ظرافت معانی کے لحاظ سے حد وسط میں ہو سکتے ہیں لیکن حسن تالیف کے اعتبار سے بہت بلند ہوتے ہیں۔

ابن عودی نے حمیری، ابن حماد، عونی، ناشی صغیر، ابن علویہ وغیرہ کی طرح مدح اہل بیتؑ میں کافی سرمایہ چھوڑا ہے، ابن شہر آشوب چھٹی صدی کے وسط میں عراق گئے تو انہوں نے بچے بچے کی زبان سے ابن عودی کے اشعار سنے، اسی لئے مناقب میں ان کے اکثر جگہوں پر اشعار درج کئے ہیں۔ (۲) جب ابن شہر آشوب عراق سے شام گئے تو عراق میں حنبلیوں نے شیعہ دشمنی میں ہنگامے شروع کر دئے، کتاب خانے، شیعہ شاعروں کے دیوان اور شیعی آثار جو پایا جلا ڈالا، ابن عودی کے دیوان کو بھی نذر آتش کر دیا۔ ابن نجار کہتا ہے کہ ابن عودی خبیث رافضی تھے وہ صحابہ رسول کو گالیاں دیتے تھے۔

---

۱۔ الوافی بالوفیات (ج ۱۵ ص ۱۱۶)

۲۔ مناقب آل ابی طالب (ج ۱ ص ۳۱۱، ۳۳۰؛ ج ۲ ص ۴۷؛ ج ۳ ص ۴۲۳، ۴۵۰؛ ج ۴ ص ۳۶۰)

ابن عودی کی تاریخ وفات معلوم نہ ہوسکی، البتہ سال ولادت ۴۷۸ھ ہے، عماد الدین اصفہانی نے ۵۵۴ھ میں ہمامیہ میں ان سے ملاقات کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن عودی ۵۵۴ھ سے زیادہ زندہ نہ رہ سکے، ممکن ہے ان کا سال وفات ۵۵۸ھ ہو کیوں کہ اس طرح ان کی عمر اسی سال ہو جاتی ہے، جہاں ابن عودی زندگی بسر کرتے تھے، وہاں کی اوسط عمر یہی تھی۔

# قاضی جلیس

وفات/۵۶۱ھ

**لوی غدرہ یوم ''الغدیر'' بحقہ و اعقبہ یوم ''البعیر'' وا تبعا**

''غدیر کے دن لوگوں نے غداری کا تہیہ کرلیا اور اس کا نتیجہ جنگ جمل کے موقع پر ظاہر ہوا۔

ان سے قرآن برسر پیکار ہے کہ انہوں نے اس کی رعایت نہ کی اور اسلام ان کی سرزنش و ملامت کرتا ہے کہ انہوں نے توجہ نہ دی''۔

یہ بھی ایک مرثیہ ہے جس میں ۳۶ شعر ہیں:

''پیمان ولایت کے منکر ہوئے، ان کی سرکشی اپنی آخری حدوں پر تھی۔

حسد میں علیؑ کے ساتھ غداری کی حالانکہ نص ولایت کے سلسلے میں واقعۂ غدیر پر گواہ ہے''۔

۲۹/شعروں کا ایک قصیدہ یہ ہے:

**بعل البتول ............ ...............................**

''اے فاطمہؑ کے شوہر! اگر فاطمہ زہراؑ نہ ہوتیں تو ہم کہاں سے ائمہؑ برحق کے ذریعہ ہدایت پاتے، رسولؐ نے آپ کے لئے بروز غدیر نص فرمائی، صرف منافق اور بے دین ہی ان کے حق کے منکر ہوئے''۔

## شاعر کے حالات

ابوالمعالی، عبدالعزیز بن حسین بن حباب، اغلبی، سعدی، صقلی، معروف بہ قاضی جلیس مصر کے ممتاز

شاعر اور انشائیہ نگار تھے، ملک صالح کے مصاحب ندیم خاص تھے، ممکن ہے کہ ملک صالح کی صحبت میں زیادہ بیٹھنے کی وجہ سے جلیس مشہور ہوئے ہوں۔

قاضی جلیس اہل بیتؑ کے پکے دوستدار اور شاعر تھے، فقیہ عمارہ یمنی نے بھی ان کی ولایت کا قصیدہ پڑھا ہے، ان کی تعزیت میں خریدۃ القصر، تاریخ ابن کثیر، فوات الوفیات ابن کثیر نے خامہ فرسائی کی ہے۔(۱) اور لکھا ہے کہ موفق بن خلال کے ساتھ فائز باللہ کے کلرک تھے، قاضی جلیس نے ملک صالح کی خدمت میں حسن بن علی مصری کی مدح کی تا کہ مقرب بارگاہ ہو جائیں۔ لیکن جب قاضی کا انتقال ہوا تو وہ مخالف ہو گیا، طعن وتشنیع کرنے لگا، جنازہ میں خوشی کے لباس پہن کر شریک ہوا اسی اہانت کی وجہ سے وہ لوگوں کی نظروں سے گر گیا۔ اتفاق کی بات یہ کہ وہ قاضی کے ایک ماہ بعد ہی مر گیا۔(۲)

قاضی برجستہ اشعار کہنے میں ماہر تھے، وہ تمام اصناف سخن پر اچھے اشعار کہتے تھے۔

فوات الوفیات میں ہے کہ قاضی جلیس نے ۵۶۱ھ میں لگ بھگ ستر سال کی عمر میں وفات پائی۔

مرثیہ اہل بیتؑ کے ابتدائی اشعار یہ ہیں:

ارأیت جرأة طیف هذا زائر ماهاب عادیه الغیور الزائر
وافی وشملته الظلام و لم یکن لیزورا لافی ظلام ساتر
فکانه انسان عین لم یلح مذقط الافی سواد الناظر
ماحکم اجفانی کحکم جفونها شتان بین سواهر وسواحر

---

۱۔البدایۃ والنھایہ ج۲ص۲۵۱(ج۱۲ص۳۱۳)؛فوات الوفیات ج۱ص۲۷۸(ج۲ص۳۳۲نمبر/۲۸۵)
۲۔معجم الادباء ج۳ص۱۵۷(ج۹ص۴۸)

# ابن مکی نیلی

''کیا تم نہیں جانتے کہ رسول خدا محمد مصطفیؐ نے حیدرؑ کو اپنا وصی بنایا، اس سے پہلے کہ ان کی روح آسمان کی طرف پرواز کرے۔

غدیر خم میں جب کہ سبھی حاضر و گواہ تھے، خطبہ پڑھا، آوازیں خاموش اور جرس گم سم تھے، علیؑ میری قمیص کا تکملہ ہے، وہ میرا مددگار ہے اور اسے مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰ سے تھی''۔(۱)

## شاعر کے حالات

سعید بن احمد مکی نیلی، مودب، ممتاز، شیعہ اور خوش نوا شاعر تھے۔عترت اطہارؑ کے فدائی، انہوں نے ڈنکے کی چوٹ پر فضائل اہل بیتؑ بیان کئے، ان کے حاسد اور طرفداران سقیفہ غلو کا الزام لگاتے تھے، حالانکہ یہ عظیم شاعر معتدل محبّ اہلبیتؑ تھے، ابن شہر آشوب نے انہیں پرہیز گار شعراء میں شمار کیا ہے۔(۲)

یاقوت حموی کہتے ہیں کہ مودب شیعہ مذہب اور نحوی دانشور تھے، ادب و لغت پر مہارت تھی، شیعیت کے متعلق ان کے اشعار مبالغہ کی حد تک ہیں، بڑے اچھے شعر کہتے، زیادہ تر مدح اہلبیتؑ ہی میں کہا، ان کا تغزل لطیف اور شاداب تھا، سو سال کی عمر پائی اور ۵۶۵ھ میں وفات کر گئے۔(۳)

---

۱۔مناقب ابن شہر آشوب ج ۱ ص ۵۲۴ (ج ۳ ص ۲۴، ج ۲ ص ۳۰۵)

۲۔معالم العلماء (ص ۱۵۳)

۳۔معجم الادباء ج ۴ ص ۲۳۰ (ج ۱۱ ص ۱۹۰)

عماد کاتب لکھتے ہیں: تشیع میں راہ افراط پر گامزن تھے، لیکن بڑے تقویٰ شعار ادیب وادیب پرور تھے، مذہبی تعصب بہت زیادہ تھا، بوڑھے ہوگئے تھے، کمر جھک گئی تھی، بینائی سے محروم تھے، ۹۰ سال کی عمر پائی۔ ان کا وجود، عدم برابر تھا، میری ان سے آخری ملاقات بغداد کے محلّہ صالح میں ۵۶۲ھ میں ہوئی۔

صفدی وابن شاکر نے بھی ان کا تذکرہ کیا ہے۔(۱) کہتے ہیں کہ وہ بڑے اچھے شعر کہتے زیادہ تر مدح اہل بیتؑ ہی میں کہتے، ان کے اشعار کا نمونہ دیکھیں:

فان یکن آدم من قبل الوری بنی و فی جنة عدن داره؟!

فان مولای علیا ذا العلیٰ من قبله ساطعة انواره(۲)

اگر آدم تخلیق کائنات سے قبل نبی اور جنت میں مقیم تھے تو ان سے بھی پہلے میرے بلند مرتبہ مولا علیؑ کا نور ساطع تھا۔

اسی طرح نوح، یونس، یوشع، موسیٰ اور عیسیٰ سے تقابل کر کے تیرہواں شعر کہا ہے:

من حملته امه ماسجدت للات بل شغلها استغفار ه؟!

آپ وہ ہیں کہ اپنی ماں کو لات وعزیٰ کے سجدے سے بطن مادر ہی میں باز رکھا اور انہیں استغفار میں مشغول رکھا۔

اس آخری شعر میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے جسے سیرۃ حلبیہ میں، سیرۃ ذہنی دحلان اور صفوری نے نزہۃ المجالس نیز شبلنجی نے نورالابصار میں لکھا ہے کہ امیرالمومنین اپنی والدہ کو اصنام کا سجدہ کرنے سے بطن مادر ہی میں باز رکھتے تھے۔(۳)

یوسف واسطی نے دشمنی علیؑ میں دو شعر کہے تھے، اس کا جواب ابن مکی نیلی نے دیا:

---

۱۔ نکت الھمیان (ص ۱۵۷)؛ فوات الوفیات ج ۱ ص ۱۶۹ (ج ۲ ص ۵۰ نمبر ۱۶۷)

۲۔ مناقب آل ابی طالب (ج ۳ ص ۳۰۷)

۳۔ السیرۃ الحلبیہ ج ۱ ص ۲۸۵ (ج ۱ ص ۲۶۸)؛ السیرۃ النبویہ (ج ۱ ص ۹۱)؛ نزہۃ المجالس ج ۲ ص ۲۱۰؛ نورالابصار (ص ۱۵۶)

الاقل لمن قال فی کفره و ربی علی قوله شاهد

[اذا اجتمع الناس فی واحد و خالفهم فی الرضا واحد]

[فقد دل اجماعهم کلهم علی انه عقله فاسد]

''اس کمینے سے کہہ دو جو کفر بکتا ہے اور میرا رب اس کا گواہ ہے۔

وہ کہتا ہے کہ جب لوگ خلافت کے بارے میں متفق ہو جائیں اور ان میں ایک مخالف ہو تو سب کا متفق ہونا اس بات کا ثبوت ہے کہ اس اکیلے شخص کی عقل فاسد ہے''۔

کذبت وقولک غیر الصحی

''تم قطعی جھوٹ بولتے ہو تمہارا یہ نقطہ نظر ارباب تنقید کے یہاں مہمل ہے، کیوں کہ قوم موسیٰ کے سبھی لوگ گوسالہ پرستی پر متفق الرائے تھے، اکیلے ان کے مخالف وصی موسیٰ جناب ہارون تھے۔ اکثریت خطا کار رہی جو گائے کو پوجتے تھے اور جو اکیلا اور منفرد تھا اس کی رائے صحیح تھی''۔(۱)

علامہ امینیؒ نے اعیان الشیعہ میں ابوسعید نیلی کے حالات کی فصل قائم کر کے حیرت ناک تسامح فرمایا ہے، فرماتے ہیں کہ ان کا مصرع (دع یاسعید هواک استمسک بحق ) یہاں باسعید ہے، اس لحاظ سے ان کا نام سعد یا سعید ہے۔

---

۱۔مجالس المومنین (ج۲ص۵۷۱)

۲۔اعیان الشیعہ ج۶ص۴۰۷ (ج۲ص۳۵۷)؛ ج۱۴ص۲۰۷ (ج۲ص۳۵۷)

# خطیب خوارزمی

ولادت ۴۸۴ھ

وفات ۵۶۸ھ

**الاھل من فتی کابی تراب امام طاھر فوق التراب؟!**

’’کیا کوئی جوان ابوترابؑ کے مانند ہے، وہ زمین پر پاک وطاہر امام تھے۔
اگر میری آنکھیں آشوب کر جائیں تو علیؑ کی جوتیوں کی خاک کا سرمہ بناؤں۔
محمدؐ رسول خدا علم کے شہر ہیں اور امیر المومنینؑ ان کے دروازے کے مانند۔
وہ محراب میں بہت زیادہ رونے والے اور میدان جنگ میں بہت زیادہ ہنسنے والے تھے۔
علیؑ، عمرو بن عبدود کے قاتل اور ضرب شمشیر سے اسے خاک چٹانے والے ہیں۔
حدیث براۃ اور غدیر خم کی بات اور پرچم خیبر کی بات بہترین فیصلہ کرسکتی ہے‘‘۔(۱)

## شاعر کے حالات

حافظ، ابوالموید، ابومحمد موفق بن احمد بن ابی سعید اسحاق بن الموید، مکی حنفی معروف اخطب خوارزم۔ فقیہ ودانشور تھے، معروف حافظ اور محدث تھے، مایہ ناز خطیب تھے، سیرت وتاریخ سے آگاہ، شاعر وادیب اور برجستہ خطبہ میں مہارت تھی، ان کی شاعری کتابوں میں جابجا ملتی ہے۔

---

۱۔ ۴۶ بیت پر مشتمل یہ قصیدہ مناقب خوارزمی (ص ۳۹۹) کے آخر میں طبع ہوا ہے، ان میں بعض کو خوارزمی نے اپنی مقتل (ج ۲ ص ۱۶۱) میں نقل کیا ہے اور ان میں سے بعض ابیات کو ابن شہر آشوب نے اپنی مناقب (ج ۲ ص ۱۵۴، ۱۵۹) میں نقل کیا ہے۔

حموی،صفدی،تقی فارسی، قفطی اور سیوطی نے بہت زیادہ ستائش کی ہے۔(۱) ان کے علاوہ محمد بن عبدالحی،سیدخوانساری، جرجی زیدان،عبدالقادرمصری نے بھی بہت زیادہ سراہاہے۔

## مشائخ واساتذۂ روایت

۱۔حافظ نسفی
۲۔جاراللہ زمخشری
۳۔ابوالفتح کردخی
۴۔ابوالحسن غزنوی
۵۔شیخ جوینی
۶۔ابوبکرزاغوانی
۷۔ابوالفتوح طائی
۸۔شہرداربن شیرویہ دیلمی
۹۔محمد بن عطار ہمدانی
۱۰۔ابوالمظفر ہمدانی
۱۱۔مروزی
۱۲۔محمد بن احمد مکی
۱۳۔ابوطاہرخطیب مرو
۱۴۔ابوسہل زورقی
۱۵۔عبدالواحد باقرحی
۱۶۔ابوعفان خوارزمی
۱۷۔ابومنصور بغدادی
۱۸۔محمد خیام ہمدانی
۱۹۔حسن بن نجار
۲۰۔ابومحمد غضاوی طوسی
۲۱۔ابوذربن بندار
۲۲۔محمد بن سمان بن یوسف ہمدانی
۲۳۔ابوالفضل بن عبدالرحمٰن حضر بندی
۲۴۔سعید بن محمد فقیہی
۲۵۔ابوعلی حداد،سیف الدین ججی
۲۶۔ابوالحسین بن بشران
۲۷۔مبارک بن محمد شعطی
۲۸۔عبدالحمید بن میکائیل
۲۹۔منصور بن نوح شہرستانی
۳۰۔عبدالرحمٰن بن محمد کرمانی

---

۱۔معجم الادباء(ج۸ص۳۹)؛العقد الثمین (ج۷ص۳۱۰)؛انباہ الرواۃ علی انباہ النحاۃ (ج۳ص۳۳۲نمبر۷۷۹)؛بغیۃ الواعاۃ (ج۲ص۳۰۸نمبر۲۰۴۶)

۳۱۔ابوداؤد دہمدانی

۳۲۔محمد بن منصور مقری

۳۳۔ابوالحسن کرباسی

۳۴۔امام مسعود بن احمد دہستانی (۱)

## تلامذہ اور راویان حدیث

۱۔ابوالمکارم خوارزمی؛(۲)

۲۔مسلم بن علی اخت؛(۳)

۳۔طاہر بن عبدالسید خوارزمی؛(۴)

۴۔ابومحمد حسینی؛(۵)

۵۔ابن شہرآشوب مازندرانی؛(۶)

۶۔ابن معین؛(۷)

۷۔ناصرین احمد بن بکر نحوی؛(۸)

## تالیفات

انہیں فقہ،حدیث،تاریخ وادب پر بھرپور دستگاہ تھی اور دنیا بھر میں مشہور ہوئے،ان کی تالیفات مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔مناقب ابوحنیفہ،۱۳۲۱ھ میں حیدرآباد میں دوجلدوں میں شائع ہوئی۔

---

۱۔الفوائدالبھیہ ص۳۹؛روضات الجنات ص۲۱ (ج۸ص۱۲۴) تاریخ آداب اللغۃ ج۳ص۶۰ (مجلد۴اص۳۱۱)؛الجواھر المضیۃ (ج۳ص۵۲۳نمبر۱۷۱۸)

۲۔بغیۃ الوعاۃ ص۴۰۲ (ج۲ص۳۱۱نمبر۲۰۵۴)

۳۔بحارالانوار (ج۱۰۷ص۱۵۲)

۴۔بحارالانوار ج۱۰۷ص۱۵۲

۵۔بحارالانوار (ج۱۰۷ص۱۵۲)

۶۔مناقب آل ابی طالب (ج۱ص۳۱)

۷۔فرائدالسمطین (ج۲ص۶۶ حدیث۳۹۰)

۸۔بغیۃ الوعاۃ ص۴۰۲ (ج۲ص۳۱۱نمبر۲۰۵۳)

۲۔ردشمس برائے امیرالمومنینؑ؛(۱)
۳۔کتاب اربعین؛(۲)
۴۔قضایاامیرالمومنین؛(۳)
۵۔مقتل امام حسین،جس میں پندرہ مفیدابواب ہیں۔
۶۔شعری دیوان؛(۴)
مناقب امیرالمومنینؑ جس میں سے عصر موجود تک کے تمام مقتدر علماء احادیث نقل کرتے آئے ہیں۔(۵)

## وفات

۵۶۷ھ میں ہوئی جن لوگوں نے ۵۹۶ھ لکھا ہے وہ غلط ہے،کیوں کہ بغیۃ الوعاۃ،فوائد البہیہ، تاریخ ذہبی،کشف الظنون،روضات الجنات میں ۵۶۷ھ ہی درج ہے۔(۶)

۱۔مناقب آل ابی طالبؑ ج۲ص۳۹۰ ۲۔مناقب آل ابی طالبؑ ج۱ص۳۱
۳۔مناقب آل ابی طالبؑ ج۱ص۴۸۴ ۴۔کشف الظنون ج۱ص۵۲۴
۵۔کشف الظنون ج۲،ص۵۳۲(ج۲ص۱۸۴۴)
۶۔بغیۃ الوعاۃ(ج۲ص۳۰۸نمبر۲۰۴۶)الفوائد البہیہ(ص۴۱)؛العقد الثمین(ج۷ص۳۱۰)؛کشف الظنون(ج۱ص۸۱۵)؛ روضات الجنات(ج۸ص۱۲۴)

# فقیہ عمارہ

ولادت/۵۱۳ھ

قتل/۵۶۹ھ

''آپ کی ولایت تمام مسلمانوں پر فرض کی گئی ہے اور آپ کی محبت بڑی پونجی اور بہترین مال غنیمت ہے اگر آدمی آپ کی محبت سے دل نہ نوازے تو کل خدا کے نزدیک بے وقعت رہے گا۔

آپ عیسی بن حیدر (خلیفہ فائز بن ظافر خطاب ہے) کی نص کی بنا پر وارث ہدایت ہوئے نہ کہ عیسی بن مریم کی نص کی بنا پر۔

اور فرمایا: میرے ابن عم کی اطاعت کرو کیوں کہ وہ میرے پوشیدہ اسرار الٰہی کا امین ہے۔

اسی طرح وہ وصی مصطفیؐ اور ان کے ابن عم ہو گئے، بروز غدیر اس کا اہتمام وانصرام کیا گیا تھا۔

اہل قصر کا مرثیہ کہا ہے اس کا ایک شعر یہ ہے:

اور بساط زمین بروز عید غدیر یوں رقصاں ہوتی ہے جیسے کہ نیزہ بازوں کے ہاتھوں میں نیزے تھرکتے ہیں''۔

## شاعر کے حالات

فقیہ، نجم الدین، ابومحمد، عمارہ بن ابوالحسن علی بن زیدان بن احمد، حکمی یمنی۔ شیعوں کے بلند مرتبہ فقیہ صاحب تالیفات اور بہترین استاذ تھے، شیعیت کی راہ میں سر سے گذر گئے۔

علم کامل اور فضل شامل کے ساتھ بہترین شاعر بھی تھے، شعر کہتے تھے یا موتی پروتے تھے، ان کے شعروں میں روانی، سنجیدگی اور شادابی ہوتی تھی، سب سے بلندتر یہ بات کہ وہ ولائے آل محمدؐ سے سرشار تھے، ایسا والہانہ پن تھا کہ راہ شیعیت میں شہید ہوئے۔

ان کی جاوداں تالیفات میں ''نکت عصریہ، اخبار وزراء مصر، تاریخ یمن، فرائض ومواریث، شعری دیوان، ایک قصیدہ بنام شکایۃ المتظلم ونکایۃ المتألم'' کہہ کے صلاح الدین ایوبی کے پاس بھیجا تھا۔

نکت عصریہ (ص ۷) میں اپنے حالات لکھے ہیں: انہوں نے شاعری اپنے چچا علی بن زیدان سے سیکھی ۵۲۹ھ میں حد بلوغ کو پہونچے اور ۳۱ سال کی عمر میں باپ کے حکم سے وزیر مسلم کے ہمراہ زبید گئے وہاں چار سال قیام کیا، سوائے نماز جمعہ کے مسجد سے باہر نہ نکلتے، پانچویں سال والدین سے ملاقات کرنے آتے اور پلٹ جاتے، تین سال تک طلبہ کو شافی فقہ پڑھائی، جب وہ ۳۹ سال کے ہوئے تو والدین ان سے ملنے زبید آئے ان کے ساتھ عمارہ کے پانچوں بھائی بھی تھے، انہوں نے والد کو کچھ اشعار سنائے، انہوں نے ستائش کی اور فرمایا: تم جانتے ہو کہ ادب وشعر نعمت الٰہی ہے، لوگوں کی مذمت کر کے کفران نعمت نہ کرنا، عمارہ کو قسم دی کہ ایک شعر میں بھی کسی مسلمان کی ہجو نہ کرنا۔

ایک بار ملکہ آزادہ کے ساتھ حج کے لئے گئے، دوسری بار مکہ کی زیارت سے مشرف ہوئے، ۵۵۰ھ میں مصر آئے، خلیفہ مصر امام فائز تھے اور ان کے وزیر ملک صالح، خلیفہ کی بارگاہ میں قصیدہ پیش کیا۔ سبھی نے خاص طور سے ملک صالح نے بڑی ستائش کی بار بار اشعار پڑھوائے، خلعت وانعام سے نوازا گیا۔ سب سے زیادہ ملک صالح نے ۵۰۰ دینار دئے پھر خلیفہ کی بیٹی نے ۵۰۰ دینار عطا کئے۔

پھر ان کا وظیفہ مقرر ہو گیا، ان سے پہلے اتنا وظیفہ کسی کا مقرر نہیں ہوا تھا، انہیں خاص طور سے ملک صالح سے تعلق خاطر تھا۔

فقیہ عمارہ ایک قصیدہ کی بناء پر کچھ لوگوں کے ہمراہ فراز دار سے نوازے گئے۔

اس کا مطلع یہ ہے:

رميت يادهر كف المجد بالشلل وجيده بعد حسن الحلى بالعطل

کہا گیا ہے کہ ایک گروہ انگریزوں سے خط وکتابت کر رہی تھی کہ صلاح الدین ایوبی کو ہٹا کر فرزند عاضد کو بٹھا دیں، اس گروہ میں ایک سپاہی بھی جو مصری باشندہ نہیں تھا، اس نے صلاح الدین سے جا کر شکایت کر دی صلاح الدین نے سب کو حاضر ہونے کا حکم دیا، سب نے اعتراف کر لیا اس نے حکم دیا کہ سب کو پھانسی دے دی جائے۔

روز شنبہ ماہ رمضان ۵۹۹ھ قاہرہ میں سب کو پھانسی دے دی گئی۔

فقیہ عمارہ کے ساتھ قاضی القضاۃ ابو القاسم ہبۃ اللہ، ابن عبد القوی داعی الدعاۃ عویرس ناظر دفتر، شبریا، عبد الصمد منشی، نجاح حمامی منجم نصرانی بھی تھے، آخر الذکر نے سب کو آمادہ کیا تھا۔

صفدی لکھتے ہیں کہ بعید نہیں کہ قاضی فاضل نے عمارہ کے قتل میں چغلی کی ہو کیوں کہ صلاح الدین نے ان کے بارے میں اس سے مشورہ کیا تھا، قاضی نے کہا کہ شہر بدر کر دیا جائے۔ صلاح الدین نے کہا: ممکن ہے پھر چھپ کر واپس آ جائے، قاضی نے کہا: تنبیہ وسرزنش کی جائے۔ صلاح الدین نے کہا: کتے ابھی چپ رہیں گے پھر موقع دیکھ کر بھونکیں گے۔

قاضی نے کہا: اسے پھانسی دے دیجئے۔ صلاح الدین نے کہا: بادشاہ جب ارادہ کر لیتے ہیں تو عمل بھی کر ڈالتے ہیں۔ (۱)

صلاح الدین تیزی سے اٹھا اور قاضی عویرس کو پھانسی کا حکم دے دیا، جب انہیں دار پر لٹکانے لے جایا گیا تو انہوں نے خواہش کی کہ قاضی کے گھر کی طرف سے لے جایا جائے، خیال تھا کہ شاید قتل سے نجات دلائے قاضی نے دیکھا تو اندر گھس کر دروازہ بند کر لیا، عمارہ نے یہ شعر پڑھا:

عبد العزيز قد احتجب ان الخلاص من العجب

عبد العزیز گھر میں گھس گیا، اب نجات تعجب خیز ہے۔ (ممکن نہیں)

---

۱۔ الغیث المسجم (ج ۲ ص ۷۰

# غدیر

# قرآن، حدیث اور ادب میں

پانچویں جلد


مؤلف

حضرت علامہ عبدالحسین الامینی النجفی

ترجمہ و تلخیص:

ادیب عصر مولانا سید علی اختر رضوی شعور گوپال پوری

قال ابو عبد الله :

هـذا يـوم عـظيـم عظم الله حرمته على المومنين و اكمل لهم فيه الدين و تمم عليهم الـنعمة و جددلهم ما اخذ عليهم من العهد الميثاق

# فہرست مطالب

## بقیہ عندلیبان غدیر (چھٹی صدی ہجری)


**سید محمد اقساسی**......................................۲٦۹

شاعر کی شخصیت......................................۲۷۰

خانوادہ اقساسی......................................۲۷۰

ایک دوسرا خاندان اقساسی......................................۲۷۰

توجہ طلب......................................۲۷۳

طی الارض کے متعلق اہل سنت کے قصے......................................۲۷۴

جُگ جُگ جیو......................................۲۷۹

حدیث ردشمس......................................۲۷۹

ہزار رکعت نماز......................................۲۸۱

ابن تیمیہ کے جوابات......................................۲۸۲

مشکل اوراد وختمات......................................۲۸۸

اسلام میں محدث......................................۲۹٦

نصوص اہل سنت......................................۲۹٦

لائق توجہ نکتہ......................................۳۰۰

نصوص شیعہ......................................۳۰۱

شیعوں کا عقیدہ ائمہ کے علم غیب کے متعلق ........................................ ۳۰۶
قطرہ ای از دریا ........................................ ۳۱۸
جنازوں کی منتقلی مشاہد مقدسہ کی طرف ........................................ ۳۲۱
ان کے اسماء جنہیں دفن کے بعد دوسری جگہ منتقل کیا گیا ........................................ ۳۳۰
زیارت مشاہد مقدسہ آل رسولؐ (دعا ونماز،توسل وتبرک) ........................................ ۳۳۶
زیارت قبر رسوؐل کی ترغیب ........................................ ۳۴۲
مشائخ اربعہ کے اعلانات ........................................ ۳۵۲
تین اہم فروعات ........................................ ۳۵۹
علماء اہل سنت کی نظر میں آداب زیارت ........................................ ۳۶۰
پیغمبر اکرمؐ پر صلوات ........................................ ۳۶۳
قبر رسول پر توسل ........................................ ۳۶۴
تبرک بہ قبر شریف ........................................ ۳۶۴
زیارت ابوبکر ........................................ ۳۷۱
وداع حرم مقدس ........................................ ۳۷۱
زیارت بقیع ........................................ ۳۷۲
زیارت شہداء احد ........................................ ۳۷۳
زیارت قبور کی تحریص ........................................ ۳۷۳
آداب زیارت قبور ........................................ ۳۷۴
ارشادات مشائخ ........................................ ۳۷۸
مردوں کے لئے نذر ونیاز ........................................ ۳۸۱
زیارت کے مقبرے ........................................ ۳۸۴

**احادیث کی ریڑھ ماری** ............................................ ۳۹۰
**کذاب اور جعل ساز محدثین** ............................................ ۳۹۳
معیار نظر ............................................ ۴۷۰
مدح ابوحنیفہ میں ............................................ ۴۷۲
مذمت ابوحنیفہ میں ............................................ ۴۷۵
دوسرے ائمہ اہل سنت ............................................ ۴۷۷
**جعلی حدیثوں کی فہرست** ............................................ ۴۸۱
اعتبار کی بات ............................................ ۴۸۵
**حدیث کے کارخانے** ............................................ ۴۸۹
**خلافت کے بارے میں جعلی احادیث** ............................................ ۵۲۱
مکار کا منھ کالا ............................................ ۵۴۲
گہار، چیخ و پکار ............................................ ۵۶۳
حدیث سازی کے متعلق علماء کی رائے ............................................ ۵۶۵
**قطب الدین راوندی** ............................................ ۵۶۷
حالات وشخصیت ............................................ ۵۶۷
اساتذہ اور جن سے روایت کی ............................................ ۵۶۸
تالیفات ............................................ ۵۶۹
اولاد ............................................ ۵۷۰
**سبط بن تقاوندی** ............................................ ۵۷۱
شاعر کے حالات ............................................ ۵۷۱

**عندلیبان غدیر (ساتویں صدی ہجری)**

**ابوالحسن منصور باللہ** ...............۵۷۵
شاعر کے حالات ...............۵۷۶
اولاد ...............۵۷۶
**مجدالدین ابن جمیل** ...............۵۷۷
شعری تتبع ...............۵۷۷
شاعر کا تعارف ...............۵۷۸
**الشواکونی حلی** ...............۵۸۱
شاعر کے حالت ...............۵۸۱
**کمال الدین شافعی** ...............۵۸۳
شاعر کے حالات ...............۵۸۳
تالیفات ...............۵۸۴
**ابومحمد منصور باللہ** ...............۵۸۵
شاعر کے حالات ...............۵۸۵
**ابوالحسین جزار** ...............۵۸۷
شاعر کے حالات ...............۵۸۷
**قاضی نظام الدین** ...............۵۸۹
شعری تتبع ...............۵۸۹
شاعر کے حالات ...............۵۹۰
**شمس الدین محفوظ** ...............۵۹۲
شاعر کے حالات ...............۵۹۲
**بہای الدین اربلی** ...............۵۹۴

شاعر کے حالات...............................................۵۹۴
مشائخ وروات...............................................۵۹۵

# بقیہ عندلیبان غدیر

(چھٹی صدی ہجری)

۱۔سید محمد اقساسی　　　　　۲۔قطب الدین راوندی

۳۔سبط ابن تعاویذی

# سید محمد اقساسی

وفات ۵۷۵ھ

**و حق علی خیر من وطأ الثری　　و افخر من بعد النبی قد افتخر**

''اور خلافت علیؑ کا حق ہے، جو بعد رسولؐ تمام انسانوں میں بہتر اور شائستہ مباحات ہیں، وہ واقعی جانشین رسولؐ اور وارث علم رسولؐ ہیں، انھیں کی وجہ سے عدنان ومضر کے خاندان نے شرافت وافتخار پایا۔

وہی ہیں جنھیں بروز غدیر رسول خداؐ نے بازو تھام کر بلند فرمایا، حضرت عمر سے پوچھ لو! انھوں نے بتوں کو توڑا اور لوگوں کی سرزنش سے گھبرائے نہیں حالاں کہ وہ لوگ مدت سے ان بتوں کی پرستش کر رہے تھے۔

وہ داماد رسولؐ اور ان کی بیٹی کے شوہر ہیں۔ ان کے بارے میں آیات وسورے نازل ہوئے، مغفرت اسی کا حصہ ہے جو بروز قیامت محبت اہل بیتؑ ذخیرہ کر کے لے جائے''۔

بعض سنیوں نے اقساسی کی طرف مدح ابوبکر میں یہ دو شعر بھی منسوب کر دیئے ہیں:

**حق ابی بکر الذی هو خیر من　　علی الارض بعد المصطفی سید البشر**

**لقد احدث التودیع عند وداعنا　　لواعجه بین الجوانح تستعر**

''خلافت حق ابوبکر ہے جو بعد رسولؐ تمام لوگوں میں سب سے بہتر اور بوقت نزع ان کے اشتیاق کی آگ دل میں بھڑکتی ہے''۔

## شاعر کی شخصیت

نام محمد بن علی بن فخر الدین ابوالحسین حمزہ بن کمال الشرف ابوالحسن محمد بن ابوالقاسم حسن ادیب بن ابوجعفر محمد بن علی زاہد بن محمد اصغر اقساسی بن یحییٰ بن حسین ذی العبرۃ بن زید شہید ابن امام چہارم علیؑ بن حسین علیہ السلام۔

خانوادۂ اقساسی بزرگ ترین علوی خاندان ہے جس میں بلند مرتبہ فنکار پیدا ہوئے ہیں۔ یہ کوفے کے ایک دیہات سے منسوب ہیں جس کا نام اقساس مالک ہے۔

اس خاندان میں تبحر عالم، موثق محدث، عظیم لغوی اور خوشنوا شاعر ہوئے ہیں۔ کامیاب حکمراں اور فاضل نقیب بھی گذرے ہیں۔ سب سے پہلے اقساسی لقب سید محمد اصغر بن یحییٰ بن زید نے اختیار کیا۔ انھیں سے بنی جوذاب، بنی موضح، بنی قرۃ العین اور بنی صعوہ کی شاخیں نکلیں۔ طاہر بن احمد، بنی صعوہ سے ہیں جن کے بارے میں سمعان نے لکھا ہے کہ طاہر بن محمد بن علی اقساس کا لقب صعوہ تھا۔ وہ متدین اور معتبر آدمی تھے۔ انھوں نے عدوی، انھوں نے حراش اور وہ انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں۔

## خانوادہ اقساسی

ابن عساکر(۱) ان کے جداعلیٰ کے متعلق لکھتے ہیں کہ وہ محرم ۳۴۷ھ میں دمشق آئے پھر مکہ و مدینہ چلے گئے۔ ادیب و شاعر کے ساتھ رعب وجلال کے حامل تھے، چہرہ پُر رونق تھا، لغت و شعر پر عبور تھا، زندگی کے لحاظ سے خاندان ابوطالبؑ کی بہترین فرد تھے، خوش اخلاق و ملنسار تھے۔ ابن فوطی کا بیان ہے کہ تحصیل علم کے لئے بہت سفر کیا، ادب سے بہرہ ور ہوئے، خط بڑا اچھا تھا، بڑے یار باش تھے۔

## ایک دوسرا اقساسی خاندان:

کمال الدین شرف ابوالحسن محمد بن ابوالقاسم حسن ایک بہترین شاعر تھے۔ سید مرتضیٰ نے کئی باران

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر ج ۴، ص ۲۴۷ (ج ۱۳ ص ۳۸۲ نمبر ۱۴۴۹)

کوکوفہ کا امیر الحاج بنایا، ۴۱۵ھ میں وفات پائی، (۱) سید مرتضٰی نے مرثیہ کہا (۲۴ شعر)۔ (۲)

کامل ابن اثیر میں ہے کہ ۴۱۲ھ میں ابوالحسن اقساسی نے لوگوں کے ساتھ حج کیا جب فید پہونچے تو عرب بدؤں نے گھیر لیا۔ ان سے پیچھا چھڑانے کے لئے ناصحی (ابومحمد قاضی القضاۃ) نے پانچ لاکھ دینار دینا چاہا لیکن عربوں نے گھیراؤ ختم نہیں کیا۔ وہ تمام حاجیوں کولوٹنے کے درپے تھے۔ ان کا سردار حمار بن عدی تھا جسے سمرقند کے ایک حاجی نے تاک کر تیر مارا اور وہ ڈھیر ہو گیا، اس طرح سبھی بسلامت نکل آئے۔ (۳) جب حجاج مکے سے شام ہوتے ہوئے عراق آئے تو طاہر علوی نے ان حاجیوں کو بہت دولت دی اور خلعت سے نوازا۔ ان حاجیوں کی قیادت ابوالحسن اقساسی کر رہے تھے۔ (۴)

اقساسی کے دادا فخر الدین حمزہ بن محمد کے متعلق مجدی (۵) میں ہے کہ وہ نقیب کوفہ، مخلص، صاحب فضل و حلم اور ریاست و مواسات والے آدمی تھے۔ انھیں فخر الدین کے بھائی ابومحمد نامی تھے۔ انساب سمعانی میں ہے کہ وہ ثقہ و دانشمند تھے۔ (۶)

سید محمد اقساس کے متعلق کامل ابن اثیر میں ہے کہ ۵۷۵ھ میں محمد بن علی بن حمزہ اقساسی کا انتقال ہوا جو نقیب کوفہ اور مفکر و مجید شاعر تھے۔ (۷) مجالس المومنین (۸) کے مطابق ان سے علی بن علی بن نما نے روایت کی ہے۔ ان کے بزرگ مشائخ میں تھے۔

مجالس المومنین (۹) میں نقل ہے کہ عزالدین بن اقساسی اشراف کوفہ میں تھے، فاضل و ادیب تھے بڑے اچھے اور برجستہ اشعار کہتے تھے۔ روایت ہے کہ خلیفہ مستنصر عباسی نے سلمان فارسی کے روضے کی

---

۱۔ المنتظم ابن جوزی ج ۸ ص ۱۹ (ج ۱۵ ص ۱۶۸ نمبر ۳۱۳۲) تاریخ کامل ج ۹ ص ۱۲۷ (ج ۶ ص ۱۳) البدایۃ والنہایۃ ج ۲ ص ۱۸ (ج ۱۲ ص ۲۳) مجالس المومنین ص ۲۱۱ (ج ۱ ص ۵۰۶)

۲۔ دیوان سید مرتضٰی (ج ۲ ص ۱۴۷) المنتظم ج ۸ ص ۲۰ (ج ۱۵ ص ۱۶۸ نمبر ۳۱۳۲)

۳۔ تاریخ کامل ج ۹ ص ۱۲۱ (ج ۵ ص ۶۵۵)

۴۔ تاریخ کامل، ج ۹ ص ۱۲۷ (ج ۶ ص ۱۳)

۵۔ المجدی (۱۸۰)

۶۔ الانساب (ج ۱ ص ۲۰۰)

۷۔ تاریخ کامل ج ۱۱ ص ۴۷۱ (ج ۷ ص ۲۸۱)

۸۔ مجالس المومنین س ۲۱۱ (ج ۱ ص ۵۰۷)

۹۔ مجالس المومنین، ص ۲۱۲ (ج ۱ ص ۵۰۷)

زیارت کا ارادہ کیا۔ اس کے ساتھ سید مذکور بھی تھے۔ راستے میں خلیفہ نے کہا: غالی شیعوں کا ایک یہ بھی جھوٹ ہے کہ علی بن ابی طالبؑ مدینے سے مدائن طی الارض کر کے تشریف لائے تاکہ سلمان فارسی کا دفن وکفن کریں۔ اسی رات پھر حضرت علیؑ مدینہ واپس چلے گئے۔ یہ سن کر ابن اقساسی نے چھ شعر کہہ ڈالے:

''انکار کیا جاتا ہے کہ وصی رسولؐ ایک رات ہی مدائن تشریف لائے اور پاک و پاکیزہ سلمان کو غسل وکفن دے کر پھر مدینہ واپس چلے گئے حالانکہ ابھی صبح نہیں ہوئی تھی۔ تم کہتے ہو کہ یہ غالی شیعوں کا مولیٰ ہے۔ اگر غالی شیعہ غلط بیانی نہ کریں تو ان کا قصور کیا ہے؟

آصف بن برخیا پلک جھپکتے سبا سے تخت بلقیس کو لے آئے یہ عجوبہ بات نہیں۔ اور تم آصف کے متعلق غالی نہیں کہے جاتے لیکن اگر حیدرؑ کے متعلق میں کہوں تو غالی ہوں، اگر احمدؐ خیر المرسلین ہیں تو یہ خیر الوصیین ہیں''۔

ان اشعار کو علامہ سماوی نے طلیعہ میں نقل کر کے سید محمد اقساسی کی طرف منسوب کیا ہے۔ علامہ کو اقساسی اور مستنصر کے تاریخ وفات کا صحیح اندازہ نہ ہوسکا اس لئے یہ تسامح ہوا۔ ہم نے سابق میں لکھا کہ اقساسی نے ۵۷۵ ھ میں وفات پائی اور مستنصر ۵۸۹ ھ میں پیدا ہوا اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے چودہ سال بعد پیدا ہوا اور ۶۲۴ ھ میں خلافت پائی۔

علامہ محسن امین عاملی (۱) نے حسن بن حمزہ اقساسی کے حالات میں ان اشعار کو لکھا ہے حالانکہ وہ نہیں جانتے تھے کہ یہ اشعار ابن نقلہ سے مربوط ہیں اور وہ حسن بن حمزہ کے بھتیجے ہیں۔ محمد اقساسی سے کئی سال پہلے گذرے ہیں۔ اور سید محمد اقساسی بھی مستنصر سے مقدم تر ہیں۔

تھوڑے سے فرق کے ساتھ علامہ ابن شہر آشوب نے مناقب (۲) میں ان اشعار کو نقل کر کے ابو الفضل تمیمی کی طرف منسوب کیا ہے (اس میں سات شعر ہیں)۔ ابن شہر آشوب کے بیان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نظم قطب الدین اقساسی کی نہیں ہے۔ ابن شہر آشوب نے ۵۸۸ ھ میں وفات پائی، ولادت

---

۱۔ اعیان الشیعہ، ج ۲۱ ص ۲۳۳ (ج ۵ ص ۵۹)

۲۔ مناقب ابن شہر آشوب، ج ۱ ص ۴۴۹ (ج ۲ ص ۳۳۸)

مستنصر سے چند سال قبل اور سید قطب کی وفات کے ۷۵ سال قبل ۔ ممکن ہے کہ خانوادہ اقساسی کے کسی مقدم نسل میں شاعر نے اسے کہا ہو اور قطب الدین نے اسے مستنصر کے سامنے پڑھ دیا ہو۔

**توجہ طلب:**

میرے کانوں میں عناد سے بھرپور یہ آواز بھی پہونچی ہے کہ حضرت علیؑ کی یہ واضح کرامت جسے ارباب سیرت و تاریخ نے نقل کیا ہے، لوگ جھٹلاتے ہیں ۔ اسے غلو کی طرف منسوب کرتے ہیں ۔ ان کے خیال میں یہ قطعی محال ہے کہ اتنی لمبی مسافت اس قدر کم وقت میں طے کی جائے ۔

ان بے چاروں کے سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر بالفرض محال بھی ہو تو یہ محال عادی ہے، محال عقلی نہیں ہے ۔ ورنہ مسئلہ معراج، جو قطعا جسمانی ہے اور ضروریات دین میں سے ہے یا آصف بن برخیا کا واقعہ جسے قرآن میں بیان کیا گیا ہے، صحیح نہ رہ جائے گا ۔ ایک عفریت تخت بلقیس کو اس قدر کم مدت میں کہ سلیمان اپنی جگہ سے حرکت کریں حاضر نہیں کر سکتا ۔ نہ تو اسے سلیمان نے جھٹلایا نہ قرآن نے تردید کی ۔

گویا وہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ خدا کی ہمہ جانبہ قدرت بھی سست نہیں ہے ۔ اس کے لئے تمام امور چاہے وہ آسان ہوں یا دشوار یکساں ہیں ۔ بنا بریں اس میں کیا رکاوٹ ہے کہ خداوند عالم اپنے خاص اور مقرب بندے پر سخت کاموں کی انجام دہی کے سلسلے میں خاص زحمت فرمائے جسے دوسرے انجام دینے سے قاصر ہوں ۔

دوسرے نقطۂ نظر سے بھی دیکھئے کہ خدا نے لوگوں کو گوناگون اور مختلف پیدا کیا ہے اس لئے ان کی توانائیاں بھی مختلف ہیں ۔ ایک کام کے لئے ایک شخص توانا ہے اور دوسرا عاجز ۔ اور قدرت خدا کی بھی کوئی حد نہیں ، اسی لئے موجودات کے امور عادی بھی باہم متفاوت ہیں ۔ جو مسافت ایک شخص سواری سے محدود وقت میں طے کر سکتا ہے اسی کو دوسرا شخص پا پیادہ طے کر سکتا ہے ۔ گاڑیاں ان سے زیادہ مسافت طے کر سکتی ہیں ۔ اگر انھیں راستوں کو ہوائی جہاز سے طے کیا جائے تو ان سے بھی زیادہ سرعت سے وہ مسافت طے ہو سکتی ہے، ہوائی جہاز سے جو راہ پانچ گھنٹے میں طے ہو سکتی ہے دوسری گاڑیوں سے وہ پانچ مہینے میں طے ہو گی ۔

یہ طیارہ ۱۹ جو پیرس سے ۲۴ / اپریل ۱۹۲۴ء کو صبح کے وقت چلا۔ شام تک وہ ۱۲۵۰ / میل کا سفر طے کر کے بخارست پہونچا۔ اسی کے دوسرے دن ۷۷۰ / میل مزید چلا، پانچ روز بھی پورے نہ ہوئے تھے کہ ۳۷۳۰ میل طے کر کے ہندوستان پہونچ گیا۔ اس سے بھی زیادہ تیز رفتار ہوائی جہاز ہیں جو فی گھنٹہ ۱۵۰ میل کا سفر طے کرتے ہیں، ان کی اڑان ۲۲۰۰۰ قدم ہوتی ہے۔ (بسائط الطیران) یہ بھی ممکن ہے کہ آئندہ سائنسی ترقی اس سے زیادہ تیز رفتار طیارے بنائے (آج تو آواز سے زیادہ تیز رفتار طیارے ایجاد ہو چکے ہیں۔ اپولو فی گھنٹہ چالیس ہزار کیلومیٹر راستہ طے کرتا ہے)۔

اس بنا پر کیا مانع ہے کہ خدا اپنے مخصوص بندے کو جب وہ چاہے سرعت رفتار عطا کر دے۔ خدا کے لئے تو یہ مشکل نہیں۔ اس کے علاوہ ہم مولا علیؑ اور ائمۂ معصومینؑ کو جعلی خاصان خدا کے برابر نہیں سمجھتے۔ ان جعلی اولیاء کی کرامتوں کے لوگ قائل ہیں بلکہ ان کی کرامتوں کو تسلیم کرنا ضروریات دین میں سمجھتے ہیں۔

## طی الارض کے متعلق اہل سنت کے قصے:

حیرت ہوتی ہے کہ جن کے زنگ آلود قلب حضرت علیؑ کی کرامت کو تسلیم نہیں کرتے اسی قسم کا واقعہ ان سے پست ترین لوگوں کے متعلق بیان کیا جائے تو مان لیتے ہیں۔ چند واقعات کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے:

۱۔ تاریخ ابن عساکر میں سری بن یحییٰ سے منقول ہے کہ حبیب بن محمد عجمی بصری روز ترویہ بصرہ میں تھے اور بروز عرفہ عرفات میں دیکھے گئے۔ (۱)

۲۔ حافظ ابن کثیر اپنی تاریخ میں لکھتے ہیں کہ شیخ عبد اللہ یونینی (متوفیٰ ۶۱۷) ہوا کے ذریعے مکہ گئے اور حج بجالائے۔ اسی قسم کے واقعات اکثر زاہدوں کے لئے منقول ہیں۔ (۲)

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر، ج۴، ص۳۳ (ج ۱۲، ص ۵۶ نمبر ۱۱۹۳)، مختصر تاریخ ابن عساکر، ج۶، ص ۱۸۸)

۲۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳ ص۹۴ (ج ۱۳ ص ۱۱۰)

۳۔ابوبکر غسانی صیداوی کی عادت تھی کہ بعد نماز عصر، مغرب کے قبل تک سوتے تھے۔اتفاقاً ایک دن ایک شخص ان سے ملاقات کرنے آ گیا۔وہ بے خیالی میں اس سے اتنی دیر تک باتیں کرتے رہے کہ بعد عصر سو نہیں سکے۔وہ شخص چلا گیا تو خادم نے پوچھا: وہ کون صاحب تھے؟ غسانی نے جواب دیا: وہ ابدال تھے، سال میں ایک بار مجھ سے ملاقات کرنے آتے ہیں۔خادم کہتا ہے کہ میں ان کی آمد کے وقت کا منتظر تھا جب وہ اس وقت آئے تو میں انتظار کرتا رہا کہ شیخ سے گفتگو ختم ہو۔اتنے میں ابوبکر نے پوچھا :اب کہاں کا ارادہ ہے؟ فرمایا: ابو محمد ضریر سے فلاں غار میں ملاقات کروں گا۔خادم نے کہا: میں بھی آپ کے ساتھ چلنا چاہتا ہوں۔انھوں نے کہا: بسم اللہ چلو۔میں ان کے ساتھ چلنے لگا۔پل تک پہونچا تو موذن نے مغرب کی اذان کہی۔انھوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر کہا: بسم اللہ۔ابھی دس قدم بھی نہ چلے تھے کہ اس غار تک پہونچ گئے۔اگر عادت کے مطابق راستہ طے کرتے تو دوسرے روز ظہر تک وہاں پہونچتے۔ غار میں جو صاحب تھے انھیں سلام کیا، وہیں نماز پڑھی، مختلف قسم کی بات کی۔جب تہائی رات گذری تو مجھ سے کہا: یہاں رہوگے یا گھر جاؤگے؟ کہا: گھر جاؤں گا۔انھوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: بسم اللہ۔ ابھی دس قدم راستہ چلے تھے کہ اپنے کو صیدا میں پایا۔پھر انھوں نے زبان سے کچھ کہا کہ دروازہ کھل گیا اور شہر میں داخل ہو کر ہم گھر چلے آئے۔(۱)

۴۔بغداد کا ایک تاجر کہتا ہے کہ میں جمعہ کی نماز پڑھ کے چلا تو بشر حافی کو دیکھا کہ تیزی سے مسجد سے نکلے۔میں نے دل میں کہا یہ شخص زاہد مشہور ہے۔ذرا دیر مسجد میں ٹھہر نہیں سکتا تھا۔میں نے تعاقب کیا۔دیکھا کہ نانوائی سے ایک درہم کی روٹی خریدی۔میں نے کہا: اس زاہد کو دیکھو کہ روٹی خرید رہا ہے۔ پھر ایک درہم کا کباب خریدا۔میرا غصہ بڑھ گیا۔پھر وہ حلوہ فروش کے یہاں گئے، فالودہ خریدا۔میں سمجھا اب کھائیں گے لیکن انھوں نے بیابان کی راہ لی۔میں نے سوچا وہ سبزہ زار میں کھانا چاہتے ہیں۔میں تعاقب کرتا رہا۔بالآخر وہ ایک دیہات میں پہونچے، وہاں مسجد میں مریض تھا، اس کے سرہانے بیٹھ کر لقمہ لقمہ کھانا کھلانے لگے۔اس درمیان میں وہاں ٹہلتا رہا۔دیکھا کہ بشر نہیں ہیں۔مریض سے پوچھا تو

---

۱۔تاریخ ابن عساکر، ج۱، ص۴۴۳ (ج۵، ص۱۸۶ نمبر ۷۹، مختصر تاریخ ابن عساکر، ج۳، ص۲۲۲)

کہا: وہ بغداد گئے ۔ میں نے کہا: چالیس فرسخ راہ فوراً طے کرلی؟ اب تو کرایہ بھی نہیں کہ خود کو بغداد پہونچاؤں، پیدل چلنے کی بھی طاقت نہیں۔ اس نے کہا: یہیں رہو کہ وہ آجائیں۔ دوسرے جمعہ تک رہا، وہ اسی وقت آئے اور مریض کو کچھ چیزیں دیں، خود بھی کھائیں مریض کو بھی کھلائیں پھر مریض نے ان سے کہا کہ یہ شخص گذشتہ جمعہ سے آج تک یہیں ہے اسے اپنے گھر واپس کردیجئے۔ انھوں نے غصہ سے مجھے دیکھا، فرمایا: میرے ساتھ کیوں آئے؟ کہا: مجھ سے غلطی ہوگئی تھی۔ فرمایا: اٹھو، میرے ساتھ چلو۔ مجھے بغداد تک چھوڑ دیا۔

۵۔ شیخ بزرگوار ابوالحسن علی فرماتے ہیں: ایک دن میں شیخ احمد رفاعی (متوفی ۵۸۷) کے مراقبہ کے کمرے میں تھا، میرے سوا کوئی نہ تھا، ایک مدھم آواز سنی، ایک اجنبی کو دیکھا جس سے طویل مدت تک بات چیت ہوئی پھر وہ اس کمرے کے روشندان سے باہر نکل گیا۔ میں نے پوچھا: یہ کون تھا جو برق رفتاری کے ساتھ باہر نکل گیا؟ پوچھا: تم نے اسے دیکھا؟ میں نے کہا: ہاں۔ فرمایا: خدا اس کے ذریعے بحر اقیانوس کا تحفظ کرتا ہے، وہ چار خواص میں ایک ہے۔ تین دن سے بارگاہ خدا سے نکال دیا گیا ہے۔ پوچھا: کیوں؟ کہا: اقیانوس میں تین دن بارش ہوئی، اس نے کہا کہ اگر یہ بارش آبادی میں ہوتی تو بہتر ہوتا۔ پھر خیال آیا تو استغفار کیا۔ لیکن اسی اعتراض کی وجہ سے دھتکار دیا گیا۔ میں نے پوچھا: آپ نے اسے اطلاع دیدی ہے؟ کہا: نہیں ۔ میں نے کہا: میں اطلاع دیدوں۔ کہا: ہاں ۔ فرمایا: آنکھیں بند کرو۔ آنکھیں کھولیں تو بحر محیط میں پایا۔ مجھے بڑی حیرت ہوئی ۔ وہاں چلنے لگا۔ وہاں اس شخص کو پایا، سلام کرکے سارا ماجرا کہہ سنایا۔ اس نے کہا: تمہیں خدا کی قسم دیتا ہوں کہ جیسا کہوں ویسا کرنا۔ میں نے کہا: ٹھیک ہے۔ کہا: میری پگڑی لو اور میری گردن میں پھندا ڈالو اور زمین پر مجھے کھینچو اور کہو: یہ اس کی سزا ہے جو خدا پر اعتراض کرے۔ میں نے اس کے کہنے کے مطابق کیا۔ ناگہاں ہاتف کی آواز آئی۔ اے علی! بس کرو آسمان کے فرشتے رو رہے ہیں، خدا اس سے راضی ہوگیا۔ میں کچھ دیر بیہوش رہا، ہوش میں آیا تو خلوت کے کمرے میں اپنے کو موجود پایا۔ بخدا! میں نہیں جانتا کہ کیسے گیا اور کیسے آیا؟ (۱)

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر، ج ۳، ص ۲۳۶ (ج ۱۰ ص ۲۰۵ نمبر ۸۸۱، تاریخ ابن عساکر، ج ۵، ص ۱۹۹) ۲۔ مراۃ الجنان، ج ۳، ص ۴۱۱.

۶۔شیخ صالح غانم بن یعلیٰ تکریتی کہتے ہیں کہ ایک بار میں نے نمکین دریا میں سفر کیا۔طوفان آ گیا۔ ٹوٹی کشتی پر ایک جزیرے میں پہونچا،ایک مسجد میں چار آدمیوں کو دیکھا اوران سے ماجرا بیان کیا۔جب نماز عشاء کا وقت ہوا تو دیکھا کہ شیخ حرانی آئے،سب نے احترام کیا اوران کی امامت میں نماز جماعت پڑھی۔ رات بھر دعا ومناجات میں مشغول رہے۔پھر وہ مسجد سے نکلے اور کہتے جاتے تھے:محبّ کی محبوب کی طرف سیر جلد ہونی چاہئے۔ان لوگوں نے مجھ سے کہا کہ انھیں کے پیچھے پیچھے چلے جاؤ۔میں پیچھے لگ لیا گویا زمین خشکی دریا یا کوہ ودشت سمٹ گئے تھے۔ناگاہ میں نے دیکھا کہ حران آ گیا حالانکہ ہم زیادہ نہیں چلے تھے۔میں نے حران میں لوگوں کے ساتھ نماز پڑھی۔(۱)

۷۔سیوطی کا خادم محمد بن علی حباک بیان کرتا ہے کہ ایک دن قرافہ مصر میں بیٹھے ہوئے تھے،شیخ مجھ سے بولے: کیا تم نماز عصر مکہ میں پڑھنا چاہتے ہو؟لیکن شرط یہ ہے کہ جب تک میں زندہ ہوں کسی سے یہ واقعہ بیان نہ کرنا۔میں نے کہا:ہاں۔انھوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور کہا: آنکھیں بند کرو۔ہم ۲۷ قدم چلے تھے کہ فرمایا آنکھیں کھولو۔دیکھا کہ میں باب المعلاۃ میں ہوں۔پھر داخل حرم ہوکر طواف کیا۔آب زمزم پیا۔نماز عصر تک مقام ابراہیمؑ پر ٹھہرے رہے پھر طواف کر کے آب زمزم پیا۔پھر مجھ سے فرمایا: طی الارض میرے لئے حیرتناک نہیں۔حیرت کی بات یہ ہے کہ یہاں حرم کے مصری مجاور بھی مجھے پہچان نہیں رہے ہیں۔پھر فرمایا: چاہو تو میرے ساتھ گھر چلو ورنہ یہیں رہو۔میں نے کہا: میں آپ کے ساتھ آؤں گا ۔فرمایا: آنکھیں بند کرو۔سات قدم آگے بڑھے تو کہا: آنکھیں کھولو۔میں نے اپنے کو جیوشی میں پایا اور عمر بن فارض کی خدمت میں پہونچ گیا۔(۲)

۸۔طبقات سخاوری میں ہے کہ شیخ معالی نے شیخ سلطان بن محمود بعلبکی سے پوچھا: میرے آقا! آپ کتنی مرتبہ ایک رات میں مکہ تشریف لے گئے ہیں؟ فرمایا: تیرہ بار۔شیخ یونینی فرماتے ہیں کہ اگر وہ چاہیں تو مکے میں ہی نماز پڑھا کریں۔(۳)

---

۱۔مراۃ الجنان، ج۳،ص۴۲۱ ۲۔شذرات الذہب، ج۸،ص۵۰ (ج۱۰،ص۷۷)
۳۔شذرات الذہب، ج۵،ص۲۱۱ (ج۷،ص۳۶۵)

۹۔حافظ ابن جوزی اپنی کتاب صفۃ الصفوۃ میں سہل بن عبداللہ سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے مالک بن قاسم جبلی نامی شخص کو دیکھا کہ اس کے ہاتھ میں زعفران لگا ہوا تھا۔ میں نے پوچھا: تم نے ابھی زعفران کھایا ہے؟ بولا: استغفر اللہ! میں نے ایک ہفتہ سے کچھ نہیں کھایا۔ لیکن میں نے اپنی والدہ کو کھانا دیا اور چونکہ نماز صبح یہیں پڑھنی تھی اس لئے تیزی سے یہاں آیا ہوں، مجھے ہاتھ دھونے کی فرصت نہ ملی کہ متذکرہ جگہ سے یہاں کا فاصلہ ۷۰۰ فرسخ کا تھا (اٹھائیس ہزار کیلومیٹر)۔ کیا تم میری بات مانو گے؟ میں نے کہا: ہاں۔ اس نے کہا: خدا کا شکر! جس نے مجھے یقین کرنے والے مومن کی صورت دکھائی۔ (۱)

۱۰۔ابن جوزی اسی کتاب میں ہی موسیٰ بن ہارون سے نقل کرتے ہیں کہ ایک بار حسن بن خلیل کو میں نے عرفات میں دیکھا اور ان کی صحبت میں رہا۔ دوسری بار کعبہ کے طواف کی حالت میں دیکھا۔ ان سے کہا کہ دعا کرو، میرا حج قبول ہو جائے۔ انہوں نے روتے ہوئے میرے لئے دعا کی۔ جب میں مصر واپس آیا تو جو بھی مجھ سے ملنے آیا اس سے کہا کہ اس سال حسن میرے ساتھ مکہ میں تھے۔ انھوں نے کہا کہ انھوں نے اس سال حج نہیں کیا۔ میں نے کہا: مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ ہر رات مکہ پہونچ جاتے ہیں۔ کسی نے بھی میری بات کی تصدیق نہیں کی۔ کچھ دن بعد انھوں نے مجھے دیکھ کر افشاء راز پر میری سرزنش کی کہ میں نہیں چاہتا تھا کہ تم منھے اس طرح مشہور کرو۔ اب میں تجھے اپنے حق کی قسم دیتا ہوں کسی سے نہ کہنا۔ (۲)

**علامہ امینیؒ فرماتے ہیں:**

کوئی محقق اس قسم کے واقعات پر مبسوط کتاب تالیف کرسکتا ہے۔ میں نے اختصار کے خیال سے اتنے ہی پر اکتفا کیا۔ ان واقعات سے نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ ولی خدا (یعنی جسے خدا نے طی الارض کی نعمت عطا کی ہے) اگر چاہے تو کسی کو بھی اس کی خواہش کے مطابق طی الارض کرا سکتا ہے۔ اسکے لئے زمین سمٹ سکتی ہے۔

یہ نمونے امیرالمومنینؑ اور ائمہ معصومینؑ کے نہیں ہیں بلکہ اہل سنت حضرات کے بیان کردہ ہیں اور

---

۱۔صفۃ الصفوۃ ج۴، ص۲۲۸ (ج۴ص۴۲۵ نمبر ۷۸۸)　　۲۔صفۃ الصفوۃ، ج۴، ص۲۹۳ (ج۴، ص۳۲۲ نمبر ۸۴۰)

انھیں کےنقلی اولیاءاللہ کے قصے ہیں۔اگر یہ لوگ طی الارض پر قادر ہیں تو امیر المومنینؑ مدینے سے سلمان کو غسل وکفن دینے کیلئے مدائن کیوں نہیں پہونچ سکتے ؟ آخراس بات پر انکار وجدال کا غل کیوں ہوتا ہے؟

## جُگ جُگ جیو!!!

حضرت امیر المومنینؑ اور ائمہ معصومینؑ کے فضائل کے سلسلے میں اہل سنت قلم کار انکار وتعصب کی فضا قائم کئے ہوئے ہیں۔کیوں کہ ان کی فطرت میں انکار وعناد کی آمیزش ہے۔کبھی وہ طعن وتمسخر کرتے ہیں،کبھی جعلی ہونے کی ہانک لگاتے ہیں،کبھی اسناد پر بحث کرنے لگتے ہیں۔جب کچھ نہیں ملتا تو عقل سے بعید ہونے کی گہار مچانے لگتے ہیں۔ہر نئے دن ایک نئی آواز سننے کوملتی ہے۔وہ سمجھتے ہیں کہ ہم بڑا تیر مار رہے ہیں حالانکہ یہی لوگ اسی قسم کے فضائل وواقعات اہل بیتؑ کے علاوہ دوسرے افراد میں ثابت بھی کرتے ہیں اور بیان بھی کرتے ہیں۔نہ اس کی تردید کرتے ہیں نہ دل میں نفرت وعناد کا جوش بھڑکتا ہے،نہ غلو کی طرف نسبت دیتے ہیں۔یہ دیکھئے بعض مسائل کا آپ بھی تجزیہ کیجئے:

### ا۔حدیث ردشمس:

حضرت علی علیہ السلام کے لئے دعائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سورج پلٹنے کی سندیں اور شواہد صحت نیز کلمات علماء،ہم تیسری جلد میں پیش کر چکے ہیں۔اسے پڑھ کر مجال انکار نہیں ہوسکتا،اسی قسم کے واقعات شبلی ، یافعی ، ابن حجر وغیرہ نے اسماعیل بن محمد حضرمی ( متوفی ۶۷۶ ) کے لئے نقل کئے ہیں۔اس سے کوئی انکار نہیں کرتا ہے۔

سبکی طبقات الشافعین میں لکھتے ہیں کہ حضرمی کے منجملہ کرامات جسے اکثر نےنقل کیا ہے یہ کہ وہ ایک دن سفر میں اپنے خادم سے بولے : سورج سے کہو کہ جب تک ہم گھر نہ پہونچیں ٹھہرا رہے۔حالانکہ ان کا گھر دور تھااور سورج ڈوبنے ہی والا تھا۔

خادم نے سورج سے کہا: فقیہ اسماعیل حکم دیتے ہیں کہ تو اپنی جگہ پر ٹھہر جا۔اور سورج اپنی جگہ پر ٹھہرا

رہا۔ جب گھر پہونچ گئے تو بولے: اس قیدی کو رہا کیوں نہیں کر دیتے ؟ خادم نے سورج کو حکم دیا کہ ڈوب جائے۔ وہ فوراً ڈوب گیا اور رات کا گھپ اندھیرا ہو گیا۔(۱)

یافعی مرأۃ الجنان میں کہتے ہیں کہ کرامات اسماعیل میں ایک سورج کا ٹھہرا رہنا بھی ہے۔ ایک دن اسے ڈوبنے سے روک دیا۔ یہ کرامت یمن والوں کے یہاں مشہور ہے۔

ان کی ایک کرامت یہ بھی ہے کہ انھوں نے سدرۃ المنتہٰی کے درخت کو حکم دیا کہ انھیں اور انکے دوستوں کو میوہ کھلائے اور اس نے اطاعت کی۔ میں نے دو شعروں میں اس کو نظم بھی کیا ہے:

''حضرمی وہی ہیں محمد ولی کی ذریت اور امام مجدد۔ ان کی عظمت یہ ہے کہ سورج کو اشارہ کیا تو جب تک گھر نہیں پہونچ گئے وہ غروب نہیں ہوا''۔

ایک اور شعر میں اسی مفہوم کو ادا کیا ہے:

**هو الحضرمی المشهور من وقفت له بقول قفی شمس لا بلغ منزلی (۲)**

ابن عماد نے شذرات الذہب میں حضرمی کی کرامات کے متعلق مطری کا بیان نقل کیا ہے کہ یہ سورج کا رکا رہنا متواتر ہے۔ ایک کرامت یہ ہے کہ وہ زبید پہونچنا چاہتے تھے۔ دیکھا کہ سورج ڈوب رہا ہے۔ اس سے کہا: جب تک شہر میں داخل نہ ہو جاؤں مت ڈوبنا! وہ کئی گھنٹے تک ٹھہرا رہا۔ جب وہ شہر میں داخل ہو گئے تو غروب ہونے کا حکم دیا۔ اچانک وہ ڈوب گیا اندھیرا چھا گیا اور ستارے نکل آئے۔(۳)

ابن حجر فتاوی حدیثیہ میں کہتے ہیں کہ حضرمی کی ایک کرامت یہ ہے کہ وہ زبید داخل ہونا چاہتے تھے اور سورج ڈوبنے والا تھا۔ اس سے کہا: جب تک شہر میں داخل نہ ہو جاؤں مت ڈوبنا۔ بس وہ کئی گھنٹے تک توقف کئے رہا۔ جب شہر میں داخل ہو گئے تو ڈوبنے کا اشارہ کیا۔(۴)

علامہ سماوی عجب اللزومی میں کہتے ہیں: **واعجبا من فرقة قد غلت** ''مجھے اس گروہ پر حیرت

---

۱۔طبقات الشافعین، ج۵،ص۵۱ (ج۸،ص۱۳۰نمبر۱۱۱۷)

۲۔مراۃ الجنان ج۴،ص۱۷۸.

۳۔شذرات الذہب، ج۵،ص۳۶۲ (ج۷،ص۶۳۰)

۴۔الفتاویٰ الحدیثیہ، ص۲۳۲ (س۳۱۶).

ہے جو کینہ وعناد کی زبان کھولتے ہوئے حضرت علیؑ کے لئے سورج کے پلٹنے کا انکار کرتا ہے جب کہ اس کا حکم رسولؐ نے دیا تھا، اور وہ اس بات کا دعویدار ہے کہ اسماعیل حضرمی نے خادم کو حکم دیا تو سورج پلٹ آیا''۔

اب ہر محقق نتیجہ نکال سکتا ہے کہ حضرمی افضل ہیں یا رسول خداؐ اور علی مرتضیٰؑ؟ ان میں کس کا مرتبہ خدا کے نزدیک بلند ہے۔ کیونکہ علیؑ کے سورج پلٹنے کی بات دعائے رسولؐ کی وجہ سے ہوئی اور یہاں اسماعیل حضرمی نے اپنے خادم سے کہا کہ حکم دیدو کہ ٹھہرا رہے پھر ڈوبنے کا حکم دیدو۔ پھر خادم کو حکم دیا کہ اس قیدی کو آزاد کردو۔

یہ عظمت وامتیاز اسی وقت مانا جاسکتا ہے جب خواب کو صحیح مانا جائے۔ لیکن ارباب عقل اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ یہ افسانہ کب گڑھا گیا، کہاں گڑھا گیا اور کس لئے گڑھا گیا؟؟

**﴿یریدون ان یطفئوا نور الله بافواهم ویابی الله الا ان یتم نوره ولو کره الکافرون﴾**(توبة/۳۲)

## ۲۔ ہزار رکعت نماز

اکثر سیرت نگاروں نے لکھا ہے کہ امیر المومنینؑ، امام حسینؑ اور امام زین العابدینؑ ہر شبانہ روز ایک ہزار رکعت نماز پڑھا کرتے تھے۔(۱)

یہ بات تمام لوگوں میں مسلم اور تمام علماء تسلیم کرتے ہیں لیکن ابن تیمیہ نے اس موضوع پر خامہ فرسائی کرتے ہوئے کہا کہ یہ عمل مکروہ ہے۔ پھر یہ کہ نماز ہزار رکعت کی کوئی وقعت نہیں۔ جو اسے اہم سمجھے وہ نادان ہے کیونکہ رسول خدا ﷺ رات میں تیرہ رکعت اور دن میں معینہ نماز سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔ انھوں نے کبھی ایسا نہ کیا کہ تمام رات نماز پڑھتے رہیں اور تمام دن روزے رکھتے رہیں۔

---

۱۔ العقد الفرید، ج۲، ص۳۰۹، ج۳، ص۳۰ (ج۴ ص۱۷۱) وفیات الاعیان، ج۱، ص۳۵۰ (ج۳، ص۲۶۷ نمبر ۴۲۵) صفة الصفوه، ج۲، ص۵۶ (ج۲، ۱۰۰ نمبر ۱۶۵) طبقات الذہبی، ج۱، ص۷۱ (ج۱، ص۷۵ نمبر ۷۱ تہذیب التہذیب، ج۷، ص۳۰۶ (ج۷، ص۳۶۹) طبقات شعرانی، ج۱، ص۳۷ (ج۱، ص۳۲ نمبر ۳۷) یافعی کی روض الریاحین ص۵۵ (ص۱۱۶ نمبر ۷۱) مشارق الانوار، ص۹۴ (ج۱ص۲۰۱) اسعاف الراغبین، مطبوع بر حاشیہ المشارق، ص۱۹۶ (ص۲۱۸)

پھر اضافہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ تمام رات بیداری نہ صرف یہ کہ مستحب نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے۔ اسی طرح ہمیشہ روزہ رکھنا بھی سنت نبوی نہیں ہے۔

کبھی وہ کہتے ہیں کہ یہ کام انسانی طاقت سے باہر ہے۔ اگر یہ کام ممکن بھی ہو تو حضرت علیؑ سنت نبوی کے زیادہ واقف کار تھے، انھیں سیرت نبویؐ کی پیروی کا زیادہ حق تھا۔ حالانکہ چوبیس گھنٹے میں ہزار رکعت نماز پڑھنا اور دوسرے کام بھی انجام دینا طاقت سے باہر بات ہے۔ کیونکہ آدمی کھانے اور سونے کا بھی محتاج ہے۔

کبھی وہ کہتے ہیں کہ فطری حیثیت سے یہ عمل اسی وقت ممکن ہے جب سرعت اور تیزی دکھائی جائے۔ اور تیزی کرنا خضوع وخشوع میں رکاوٹ ڈالے گا جیسے کوا زمین پر چونچ مارے۔ ایسے عمل سے فائدہ کیا۔

پھر وہی حضرت آگے کہتے ہیں کہ حضرت عثمان کے لئے ثابت ہے کہ آپ تمام رات جاگتے تھے، ایک رکعت میں ایک قرآن ختم کرتے۔ اس طرح ان کے یہاں شب بیداری اور تلاوت قرآن دوسروں کے یہاں سے زیادہ واضح ہے۔(۱)

## ابن تیمیہ کے جوابات:

ابن تیمیہ کا یہ خیال کہ ہزار رکعت نماز پڑھنا مکروہ اور سنت نبویؐ کے مخالف ہے اور کوئی فضیلت کی بات نہیں، ان کی نادانی اور مزاج عبادت سے ناواقفیت کا ثبوت ہے۔ انھیں اہل سنت کی فقہ کا پتہ ہی نہیں۔ کیونکہ رسولؐ کی تیرہ رکعتوں کا بیان جو کتب سیر میں آیا ہے وہ نماز شب، شفع، وتر اور نافلہ صبح اور نوافل یومیہ کے متعلق ہے ان کے علاوہ ایسی نمازیں جو ذاتی طور سے مستحب ہیں ان کا احادیث میں الگ تذکرہ ہے۔

---

۱۔ منہاج السنۃ، ج۲، ص۱۱۹۔

## احادیث رسولؐ ملاحظہ فرمائیے:

۱۔الصلوۃ خیر موضوع استکثر او استقل "نماز بہترین چیز ہے زیادہ پڑھی جائے یا کم"۔(۱)

۲۔نماز بہترین چیز ہے جسے زیادہ پڑھنے کی طاقت ہو وہ کوتاہی نہ کرے۔(۲)

۳۔اے انس! روزانہ زیادہ نمازیں پڑھو، وہ تمہاری حفاظت کرے گی۔(۳)

۴۔اے انس! اگر ہو سکے تو زیادہ نمازیں پڑھو کیونکہ جب نمازی نماز پڑھتا ہے فرشتے اس پر صلوات پڑھتے ہیں۔(۴)

۵۔جو رات میں نمازیں زیادہ پڑھے گا دن میں اس کا چہرہ روشن رہے گا۔(۵)

۶۔بخاری(۶) ومسلم کی روایت ہے کہ رسول خداؐ شب میں اس قدر نماز کے لئے کھڑے ہوتے کہ آپ کے پائے مبارک سے خون جاری ہو جاتا۔ دوسری روایت میں ہے کہ آپ اس قدر نماز پڑھتے کہ پیروں میں ورم آجاتا۔ ایک روایت عائشہ سے ہے کہ قدموں سے خون جاری ہو جاتا۔ ابو ہریرہ کی روایت میں ہے کہ قدم لرزنے لگتے اور خون جاری ہو جاتا۔

مواہب اللدنیۃ میں ہے کہ رسول خداؐ بڑھاپے میں بعض اوراد کو بیٹھ کر پڑھتے اس کے باوجود اتنی نمازیں پڑھتے کہ قدم لرزتے اور خون جاری ہو جاتا۔(۷)

---

۱۔حلیۃ الاولیاء، ج۱،ص۱۶۶.

۲۔اوسط طبرانی (ج۱ص۱۸۳حدیث۲۴۵) الترغیب والترہیب، ج۱،ص۱۰۹ (ج۱،ص۲۵۰حدیث۹) کشف الخفاء ج۲،ص۳۰ (حدیث۱۶۱۶)

۳۔تاریخ ابن عساکر، ج۳،ص۱۴۲ (ج۹ص۳۴۴نمبر۸۲۹، تاریخ ابن عساکر ج۵،ص۶۷)

۴۔تاریخ ابن عساکر ج۳،ص۱۴۲ (ج۹ص۳۴۳نمبر۸۲۹، مختصر تاریخ ابن عساکر، ج۵،ص۶۷)

۵۔سنن ابن ماجہ، ج۱،ص۴۰۰ (ج۱،ص۴۲۲حدیث۱۳۳۳)

۶۔صحیح بخاری (ج۱،ص۳۸۰حدیث۱۰۷۸)

۷۔المواہب اللدنیۃ، ج۴،ص۱۸۱.

عبادات کی بجا آوری کے سلسلے میں عمل کرنے والوں کا معمول نماز، روزہ، حج اور تلاوت قرآن میں یہ رہا ہے کہ زیادہ سے زیادہ تقرب خداوندی کے لئے بجالایا جائے۔ اس میں کوئی کمی نہ کی جائے۔ لوگوں کی توانائی اس بارے میں مختلف ہے۔ خدا فرماتا ہے: ﴿**فاتقوا الله ما استطعتم و لا يكلف الله نفسا الا وسعها**﴾ اپنی قوت بھر تقویٰ اختیار کرو۔ خدا طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا۔ اس طرح آپ دیکھئے کہ کچھ لوگ ہیں (۱) جو روزانہ سو رکعت نماز پڑھتے تھے کچھ دو سو رکعت نماز پڑھتے۔ مثلاً: قاضی فقیہ ابو یوسف کوفی متوفی ۱۸۲ھ (۲)، قاضی ابن سماعہ بغدادی (۳) متوفی ۲۳۳ھ، بشر بن ولید کندی متوفیٰ ۲۳۸ھ (۴)۔

جن لوگوں نے روزانہ تین سو رکعتیں نمازیں پڑھیں: احمد بن حنبل (۵)، جنید قواریری (۶)، حافظ مقدسی۔ (۷)

جن لوگوں نے روزانہ تین سو رکعتیں نماز پڑھیں: بشر بن مفضل رقاشی (۸)، ابو حنیفہ نعمان بن ثابت (۹)، ابو قلابہ (۱۰)، ضیغم بن مالک (۱۱)، ام طلق (۱۲)، احمد بن مہلہل (۱۳)۔

---

۱۔ دول اسلام ج۱، ص۹۴ (ص ۱۰۸) تاریخ بغداد ج۴، ص۶ (نمبر ۷۴۴۷) البدایۃ والنہایۃ ج۱۰اص۲۱۴ (ج۱۰اص۲۳۳ حوادث ۱۹۳ھ)

۲۔ تذکرۃ الحفاظ، ج۱ص۲۷۰ (ج۱ص۲۹۲ نمبر ۲۷۳) شذرات الذہب، ج۱، ص۲۹۸ (ج۲ص۳۶۷)

۳۔ تاریخ بغداد، ج۵، ص۳۴۳ (نمبر ۲۸۵۹) شذرات الذہب، ج۳، ص۷۸ (ج۳، ص۱۵۴)

۴۔ تاریخ بغداد، ج۷، ص۸۲ (نمبر ۳۵۱۸) میزان الاعتدال، ج۱، ص۱۵۲ (ج۱ص۳۲۶ نمبر ۱۲۲۹)

۵۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳، ص۳۹ (ج۱۳ص۴۷) تاریخ ابن عساکر ج۲، ص۳۶ (ج۵، ص۳۰۰ نمبر ۱۳۶) شعرانی کی طبقات الکبریٰ، ج۱، ص۴۷ (ج۱، ص۵۵ نمبر ۹۴)

۶۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱، ص۱۱۴ (ج۱۱ص۱۲۸) المنتظم، ج۶، ص۱۰۶ (ج۱۳ص۱۱۸ نمبر ۲۰۵۳)

۷۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳، ص۳۹ (ج۱۳، ص۴۷)

۸۔ تذکرۃ الحفاظ، ج۱، ص۲۸۵ (ج۱، ص۳۱۰ نمبر ۲۸۶)

۹۔ خوارزمی کی مناقب ابی حنیفہ، ج۱، ص۲۴۷.

۱۰۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱، ص۵۷ (ج۱۱، ص۶۷)

۱۱۔ صفۃ الصفوۃ، ج۳، ص۲۷۰ (ج۳، ص۳۵۷ نمبر ۵۵۱)

۱۲۔ صفۃ الصفوۃ ج۴، ص۲۴ (ج۴، ص۳۷ نمبر ۵۹۷)

۱۳۔ شذرات الذہب، ج۴، ص۱۷۰ (ج۶، ص۲۸۴)

جولوگ پانچ سو رکعتیں پڑھتے تھے: بشر بن منصور بصری (۱)، سمنون بن حمزہ۔ (۲)

جو چھ سو رکعتیں پڑھتے تھے: حارث بن یزید حضرمی (۳)، حسین بن فضل (۴)، علی بن علی بن نجاد بصری (۵)، ام صہبا عدویہ۔ (۶)

جولوگ سات سو رکعتیں پڑھتے تھے: اسود بن یزید (۷)، عبدالرحمٰن بن اسود۔ (۸)

اکثر اہل سنت تذکرہ نگاروں نے ایسے لوگوں کے فضائل لکھے ہیں جو ایک ہزار رکعتیں دن یا رات میں پڑھتے تھے۔ ان میں مرہ بن شراحیل ہمدانی (۹)، عبدالرحمٰن بن ابان (۱۰)، عمیر بن ہانی (۱۱)، علی بن عبداللہ عباس (۱۲)، میمون بن مہران (۱۳)، بلال بن سعد اشعری (۱۴)، عامر بن عبداللہ اسدی (۱۵)، مصعب بن ثابت بن عبداللہ (۱۶)، ابوالسائب مخزومی (۱۷)، سلیمان اوّل و دوم (۱۸)، کہمس بن الحسن، محمد بن حفیف شیرازی۔

## امام ابوحنیفہ:

روزانہ تین سو رکعتیں نماز پڑھتے۔ ایک دن راستے سے گذر رہے تھے کہ ایک عورت نے دوسری سے کہا: یہ شخص روازنہ پانچ سو رکعتیں نماز پڑھتا ہے۔ وہ روزانہ پانچ سو رکعت نماز پڑھنے لگے۔

---

۱۔ تہذیب التہذیب، ج۱، ص۴۶۰ (ج۱ص۴۰۳)

۲۔ تاریخ بغداد، ج۹، ص۲۳۶

۳۔ تہذیب التہذیب (ج۲، ص۱۴۲)

۴۔ مراۃ الجنان، ج۲، ص۱۹۵.

۵۔ خلاصۃ التہذیب، ص۲۳۴ (ج۲، ص۴ ۲۵ نمبر ۵۰۲۴)

۶۔ صفۃ الصفوۃ، ج۴، ص۱۴ (ج۴، ص۲۲ نمبر ۵۸۴)

۷۔ شذرات الذہب، ج۱ص۸۵ (ج۱، ص۳۱۳)

۸۔ انساب بلاذری، ج۵، ص۱۲۰،

۹۔ اقامۃ الحجۃ، ص۷ (ص۶۴)

۱۰۔ کامل مبرد، ج۲، ص۱۵۷.

۱۱۔ طبقات الحفاظ، ج۱، ص۹۳ (ج۱، ص۹۸ نمبر ۹۱)

۱۲۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۹، ص۳۴۸ (ج۹ص۳۸۰)

۱۳۔ حلیۃ الاولیاء، ج۲، ص۸۷،

۱۴۔ میزان الاعتدال، ج۳، ص۱۷۲.

۱۵۔ الآغانی، ج۱، ص۲۶۹ (ج۱، ص۲۶۹)

۱۶۔ حلیۃ الاولیاء، ج۶، ص۱۹۵

۱۷۔ صفۃ الصفوۃ، ج۳، ص۲۳۴ (ج۳، ص۳۱۴ نمبر ۵۳۵)

۱۸۔ مفتاح السعادۃ، ج۲، ص۱۷۷ (ج۲ص۲۸۷)

ایک دن راستے سے گذر رہے تھے کہ بچوں نے باہم بات کی کہ یہ شخص روزانہ ایک ہزار رکعت نماز پڑھتا ہے۔ یہ سن کر وہ روزانہ ایک ہزار رکعت نماز پڑھنے لگے۔(۱) رابعہ عدویہ بھی دن رات میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتی تھیں۔(۲)

آج بھی ہم ایسے لوگوں کو دیکھتے ہیں جو دن میں یا رات میں کم سے کم سات گھنٹوں میں ہزار رکعت نماز پڑھتے ہیں لیکن روزانہ کے کام کاج میں کوئی حرج واقع نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی یہ بات سنت نبویؐ کے مخالف ہوتی ہے بلکہ عین سنت ہوتی ہے۔ اس کی تائید میں عمل علماء و اولیاء بھی ہے لہٰذا جو بھی چاہے نماز کم یا زیادہ پڑھے۔

چنانچہ اگر تمام رات بیداری مستحب نہ ہو جیسا کہ ابن تیمیہ کا خیال ہے بلکہ مکروہ اور مخالف سنت ہو تو کتابوں میں بزرگوں کے فضائل کے سلسلے میں کیوں مرقوم ہے؟ تمام رات بیدار رہنے والوں کے نام یہ ہیں:

سعید بن مسیّب تابعی پچاس سال تک اول شب سے باوضو بیدار رہ کر نماز صبح اسی وضو سے پڑھتے رہے۔(۳) ابوحنیفہ، ابن مبارک کے بقول ۴۵ رسال تک شب بیدار رہے اور عشا کے وضو سے نماز صبح پڑھی۔(۴)

فقیہ ابوبکر نیشاپوری باوضو عشاء کے بعد اسی سے نماز صبح پڑھتے۔(۵)

ابوجعفر عبدالرحمٰن ابن اسود، نماز صبح باوضو عشاء پڑھتے۔(۶) محمد بن عبدالرحمٰن تمام رات نماز پڑھتے۔(۷)

ہاشم یا ہشیم بیس سال نماز صبح باوضو عشاء پڑھتے۔(۸)

---

۱۔اقامۃ الحجۃ،ص۹ (ص۸۰)

۲۔روض الاخبار المنتخب من ربیع الابرار، ج۱،ص۵۔

۳۔صفۃ الصفوۃ ج۲،ص۴۴ (ج۲،ص۸۰،نمبر۱۵۹)

۴۔مناقب خوارزمی، ج۱،ص۲۳۶، ۲۴۰۔

۵۔تاریخ بغداد، ج۱۰،ص۱۲۲۔

۶۔صفۃ الصفوۃ ج۳،ص۵۳ (ج۳،ص۹۵نمبر۴۱۵)

۷۔صفۃ الصفوۃ ج۲،ص۹۸ (ج۲،ص۱۵۷نمبر۱۸۷)

۸۔دول اسلام، ج۱،ص۹۱ (۱۰۵)

ابوغیاث ایک رکعت نماز بغیر رکوع وسجدہ کے بجالاتے اور اسی میں تمام رات جاگتے۔(۱)

ابوالحسن اشعری، بیس سال تک نماز صبح وضوعشاء سے بجالائے (۲)۔ابوالحسین بن بکار۔(۳) ابوخالد یزید بن ہارون ۴۵رسال (۴) اور عبدالواحد بن زید چالیس سال تکعشاء کے وضو سے نماز صبح ادا کرتے رہے۔(۵)

## دوسرا اعتراض:

ابن تیمیہ کا دوسرا اعتراض کہ اہل سنت کے نزدیک سنت کا تحقق صرف عمل رسولؐ ہی سے ثابت نہیں ہوتا بلکہ افراد مسلمین کے عمل سے بھی ثابت ہوتا ہے۔اس حساب سے آخر کیا قباحت ہے کہ امیر المومنینؑ نے اپنے اوپر ہزار رکعت نماز پڑھنا سنت قرار دے دیا ہو۔

جیسا کہ سیوطی، سکتواری اور دوسروں نے صراحت کی ہے کہ سب سے پہلے تراویح کو ایجاد کرنے والے اور سنت قرار دینے والے حضرت عمر ہیں۔انھوں نے یہ کام چودھویں ہجری میں انجام دیا۔(۶) وہ پہلے آدمی ہیں کہ لوگوں کو تراویح کے لئے جمع کیا۔نوافل کو ماہ صیام میں باجماعت ادا کرنے کی بدعت بھی انھیں کی ہے۔(۷) نیز پہلے وہ آدمی ہیں کہ شرابی کو اسی کوڑے مارے۔(۸) ان تمام بدعتوں کو بعد میں مستحسن سمجھا گیا اور اس کی پیروی کی گئی۔

---

۱۔صفۃ الصفوۃ ج ۳، ص ۶۳ (ج ۳ س ۱۱۳ نمبر ۴۲۷)

۲۔طبقات الاخیار ج ۲، ص ۱۷۲ (ج ۲، ص ۱۹۰ نمبر ۸۷)

۳۔صفۃ الصفوۃ ج ۴، ص ۲۴۰ (ج ۴ ص ۲۶۶ نمبر ۷۹۵.

۴۔طبقات الحفاظ ج ۱، ص ۲۹۲.

۵۔صفۃ الصفوۃ ج ۳، ص ۴۳ (ج ۳، ص ۳۲۴ نمبر ۵۳۷).

۶۔محاضرات الاوائل، ص ۱۴۹ (مطبوعہ ۱۳۱۱ھ) ص ۹۸ (طبع ۱۳۰۰ھ) زرقانی کی شرح المواہب، ج ۷، س ۱۴۹،

۷۔طرح التشریب، ج ۳، ص ۹۲.

۸۔محاضرات الاوائل، ص ۱۱۱ص (۱۶۹)

حافظ ابونعیم وخازن نے ایک اور ثبوت فراہم کیا ہے کہ انحصار سنت فقط فعل رسولؐ نہیں ہے۔ چنانچہ سب سے پہلے ایسا مسلمان جو صبراً مقتول ہوا ہو اس کی نماز حبیب بن عدی نے قرار دی۔(۱) مورخوں نے وراثت اور دیت کے معاملے میں معاویہ کی بدعتوں کی بھی صراحت کی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ یہ امور معاویہ، خلاف عمل رسولؐ وشیخین ہیں۔(۲)

مزید یہ کہ عمر بن عبدالعزیز نے عید کے دن تہنیت کی رسم ایجاد کی جو عمل رسولؐ کے خلاف ہے(۳) اور اس بات کا ثبوت ہے کہ سنت، عمل رسولؐ میں منحصر نہیں۔ مگر رسول اکرمؐ سے جو حدیث مروی ہے کہ تمہارے اوپر لازم ہے کہ میری اور خلفاء راشدین کی سنت پر عمل کرو یہ حدیث صحیح نہیں ہے۔(۴) ان لوگوں کی سنت لائق ستائش اور علیؑ کی سنت لائق مذمت، کیوں؟؟

ابن تیمیہ اوران کے قصے کو ہضم کرنے والوں کے خلاف محمد عبدالحئ نے رسالہ لکھا ہے: **اقـــامة الـحـجة عـلـى ان الاكثار فى التعبد**۔ اس میں اکثر ان صحابہ وتابعین کا تذکرہ کیا ہے جنھوں نے تمام عمر عبادت خدا میں گذاری۔ یہ وقیع رسالہ ۱۳۱۱ھ میں ہندوستان میں شائع ہوا ہے۔ آخر میں وہ لکھتے ہیں کہ تمام رات میں مشغول رہنا علماء کا معمول رہا ہے، ہزار رکعت نماز بھی پڑھتے تھے۔ یہ نہ تو بدعت ہے نہ شریعت نے منع کیا ہے بلکہ یہ عمل نیک اور مطلوب شارع ہے۔(۵) جو لوگ کہتے ہیں کہ یہ کام قدرت و طاقت سے باہر ہے اس کا منشاء کاہلی ہے، ان کی روح عبادت کمزور ہے۔ جو لوگ تمام شب عبادت میں روح کی شادابی دیکھتے ہیں وہ عبادت کرتے ہیں۔ جو لوگ اس سے بے بہرہ ہیں ان کے نزدیک طاقت سے باہر ہے۔

## مشکل اوراد وختمات:

حقیقت کے متلاشی کو طاقت سے زیادہ عبادت کرنے والے افراد بھی ملتے ہیں۔ معمولی افراد بھی

---

۱۔حلیۃ الاولیاء، ج۱ص۱۱۳ تفسیر خازن، ج۱، ص ۱۴۱ (ج۱ص ۱۳۷) ۲۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۹،ص۲۳۲، ج۸،س ۱۳۹ (ج۹،س ۲۵۹، ج۸س ۱۴۸) ۳۔ تاریخ ابن عساکر، ج۲،ص ۳۶۵ (ج۷،ص ۴۶۷ نمبر ۵۸۱) ۴۔ مستدرک علی الصحیحین، ج۱،ص۹۶ (ج۱،ص۱۷۵ حدیث ۳۲۹) ۵۔ اقامۃ الحجۃ، ص ۱۸

ہزار رکعت سے زیادہ نمازیں پڑھتے تھے۔ کسی نے بھی اس کا انکار نہیں کیا ہے صرف ابن تیمیہ ہی منکروں کی صف میں نظر آتے ہیں۔ نہ کسی نے ان روایات کو مورد طعن بنایا ہے۔ اس کا فلسفہ انتہائی واضح ہے۔ ظاہر ہے کہ طعن و تشنیع کے پس پردہ صرف دشمنی اہل بیتؑ ہی ہے۔ اور فضائل ائمہؑ کا انکار۔ یہ چند لوگوں کے نام ہیں جن کے اوراد میں کثرت تھی۔

۱۔ عویمر بن زید ابودرداء صحابی: روزانہ ایک لاکھ تسبیح پڑھتے۔ (۱)

۲۔ ابوہریرہ: ہر رات سونے سے قبل بارہ ہزار تسبیح پڑھتے اور روزانہ بارہ ہزار استغفار۔ (۲)

۳۔ خالد بن معدان: تلاوت قرآن کے علاوہ چالیس ہزار تسبیح پڑھتے۔ (۳)

۴۔ عمیر بن ہانی: روزانہ ایک لاکھ تسبیح پڑھتے۔ (۴)

۵۔ امام ابوحنیفہ: نماز جمعہ جانے سے قبل بیس رکعت نماز اور ختم قرآن۔ (۵)

۶۔ یعقوب بن یوسف: سورۂ توحید اکیس ہزار بار پڑھتے۔ (۶)

۷۔ جنید قواریری: تین سو رکعت نماز، تیس ہزار تسبیح۔ (۷)

۸۔ فقیہ حرم امام محمد: روزانہ چھ ہزار مرتبہ سورۂ توحید پڑھتے۔ (۸)

۹۔ شیخ احمد زواوی: بیس ہزار تسبیح، چالیس ہزار صلوات پڑھتے۔ (۹)

۱۰۔ محمد بن سلیمان: روازنہ چودہ ہزار مرتبہ بسم اللہ پڑھتے۔ (۱۰)

۱۱۔ عبدالعزیز مقدسی کہتے ہیں کہ بالغ ہونے کے بعد میں نے حساب کیا کہ بالغ ہونے کے بعد ۲۶ ہزار غلطیاں کی ہیں۔ اس لئے ہر غلطی پر ایک ہزار مرتبہ استغفار پڑھا اور ہزار رکعت نماز پڑھی اور ہر

---

۱۔ شذرات الذہب، ج۱، ص۱۷۳ (ج۲ ص۱۱۸)

۲۔ البدایۃ اولنہایۃ، ج۸، ص۱۱۰، ۱۱۲ (ج۸ ص۱۲۰)

۳۔ حلیۃ الاولیاء، ج۵، ص۲۱۰

۴۔ میزان الاعتدال، ج۲، ص۳۰۵.

۵۔ مناقب ابوحنیفہ، ج۱، ص۲۴۰

۶۔ تاریخ بغداد، ج۱۴، ص۲۸۹

۷۔ المنتظم، ج۶، ص۱۰۶.

۸۔ طبقات الاخیار، ج۲، ص۱۰۷ (ج۲، ص۸۷)

۹۔ شذرات الذہب، (۱۰ ص۱۵۲)

۱۰۔ نیل الابتہاج، ص۳۱۷.

رکعت میں ایک ختم قرآن کیا۔(۱)

آپ جانتے ہیں کہ ہزار رکعت نماز، ۸۳ ہزار کلمہ ہے۔ کیونکہ رکعت اول میں تکبیرۃ الاحرام کے بعد دونوں سجدوں تک ۶۹ کلمات ہیں۔ اور جب اسی رکعت میں ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو ۶۹ ہزار کلمہ ہو جاتا ہے۔ رکعت دوم میں تکبیرۃ الاحرام سے دونوں سجدوں تک چونکہ تکبیرۃ الاحرام نہیں ہے اس لئے ہزار کلمہ خارج ہو جاتا ہے۔ اس طرح مجموع کلمات ۶۸ ہزار کلمہ ہوتا ہے اور جب کلمات تشہد کو شیعوں کے مطابق اور سلام کو بڑھا لیا جائے تو پندرہ ہزار کلمہ ہو جاتا ہے۔ اس طرح متذکرہ اعمال کو ہزار رکعت نماز کے ساتھ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ کس قدر زیادہ ہے، صاحب اوراد نے اجازت دی ہے کہ اسے ممکن سمجھا جائے لیکن جن کے دل میں اہل بیتؑ سے عناد ہے وہ اسے غیر ممکن سمجھیں گے۔

آخر میں خود ابن تیمیہ نے لکھا ہے کہ عثمان تمام قرآن کو ایک رکعت میں تمام کر دیتے یہ مطلب میرے موضوع سے خارج ہے۔ بحث صرف اس قدر ہے کہ ابن تیمیہ نے اس کو اس لئے بیان کیا ہے کہ عثمان کا اہل بیتؑ سے مقابلہ کیا جا سکے۔ وہ یہ بات بھول گئے کہ جو اعتراض انھوں نے حضرت علیؑ اور ائمہؑ پر کیا ہے وہی عثمان پر بھی وارد ہوتا ہے کیونکہ یہ عمل ان کے قول کے مطابق مخالف سنت ہے کیونکہ یہ ثابت نہیں ہے کہ رسولؐ نے ایک رکعت میں پورا قرآن ختم کیا ہو۔

دوسری بات یہ ہے کہ یہ عمل امکان سے باہر ہے۔ کیونکہ کلمات قرآن کی تعداد ۷۷۹۳۴ ہے اور بقول عطا ۷۷۴۳۹ ہے۔(۲) دونوں صورتوں میں یہ ایک رکعتیا مغرب وعشاء کے درمیان واقع ہو یا مابین عشا و صبح، کسی حال میں بھی ایک رکعت میں ختم قرآن غیر ممکن ہو جاتا ہے۔

دوسری طرف بخاری و مسلم نے رسولؐ کی حدیث نقل کی ہے کہ آنحضرتؐ نے عبد اللہ بن عمر سے فرمایا کہ قرآن سات دن میں ختم کیا کرو زیادہ نہیں۔ نیز بطریق صحیح آنحضرتؐ سے روایت ہے کہ فرمایا کہ جو تین روز سے کم میں ختم قرآن کرے وہ سمجھ نہ سکے گا۔ اس کے علاوہ عثمان ان لوگوں کی صف میں شمار

---

۱۔ صفۃ الصفوۃ، ج۴، ص۳۱۹ (ج۴، س۲۴۵ نمبر ۷۷۳)

۲۔ تفسیر قرطبی، ج۱، ص۵۷ (ج۱، ص۴۷) الاتقان، ج۱، ص۱۲۰ (ج۱، ص۱۹۷)

کئے جاتے ہیں جو سات دن میں ایک ختم قرآن کرتے تھے۔(۱)

ختم قرآن کا مسئلہ اہل سنت کے یہاں اس قدر پیچیدہ ہے کہ سراسرابہام ہی ابہام ہے۔ وہ انھیں کتابوں میں لکھتے ہیں کہ بعض حضرات ایک ہی رکعت میں پورا قرآن ختم کر دیتے تھے۔ظہرین یا مغربین کے درمیان۔ان میں چند نام یہ ہیں جو ایک رکعت میں قرآن ختم کر دیتے تھے:

عثمان بن عفان (۲) تمیم ابن اوس (۳)،سعید بن جبیر (۴)،منصور بن زاذان (۵)، ابوالحجاج مجاہد (۶)، امام ابوحنیفہ (۷)، یحییٰ بن سعید قطان (۸)، حافظ ابواحمد (۹) محمد بن حفیف (۱۰) جعفر بن حسن (۱۱)

**مندرجہ ذیل حضرات ایک دن میں پورا قرآن ختم کیا کرتے تھے:**

سعدابن ابراہیم (۱۲) ابوبکر بن عیاّش (۱۳) ابوالعباس محمد بن شاذل (۱۴) ابوجعفر کتانی (۱۵) ابوالعباس آدمی (۱۶) امام احمد بن حنبل (۱۷) امام شافعی (۱۸) امام بخاری (۱۹) محمد بن یوسف (۲۰) محمد بن علی کرخی (۲۱) ابوبکر بن حداد (۲۲) حافظ ابن عساکر (۲۳) خطیب بغدادی (۲۴) احمد بن احمد

---

۱۔التذ کار،ص ۶۷،احیاء العلوم، ج۱،ص ۲۶۱ (ج اس ۲۴۶)
۲۔حلیہ الاولیاء، ج۱،ص ۵۷.
۳۔صفۃ الصفوۃ ج۱،ص ۳۱۰ (ج۱،ص ۳۸۷ نمبر ۱۱۵)
۴۔حلیۃ الاولیاء، ج۴،ص ۲۷۳.
۵۔دول اسلام، ج۱،ص ۷
۶۔الفتاوی الحدیثیہ،ص ۵ و ۴۴ (۵۸)
۷۔قاری کی مناقب ابی حنیفہ ص ۴۹۴.
۸۔تاریخ بغداد، ج ۱۴،ص ۱۴۱.
۹۔طبقات الحفاظ، ج۲،ص ۹۷ (ج اص ۱۴۱ نمبر ۱۳۴)
۱۰۔مفتاح السعادۃ، ج۲،ص ۱۷۷ (ج۲،ص ۲۸۷)
۱۱۔شذرات الذہب، ج۴،ص ۱۶ (ج ۶ ص ۲۶)
۱۲۔خلاصۃ التہذیب،ص ۱۱۳،
۱۳۔تہذیب التہذیب، ج ۱۲،ص ۳۶ (ج ۱۲،ص ۳۰)
۱۴۔شذرات الذہب ج۲ص ۲۶۳
۱۵۔حلیۃ الاولیاء ج ۱۰ص ۳۴۳
۱۶۔المنتظم ج۶ص ۱۶۰
۱۷۔ابن جوزی کی مناقب احمد،ص ۲۸۷ (ص ۲۸۴)
۱۸۔صفۃ الصفوۃ، ج۲،ص ۱۴۵ (ج۲،ص ۲۵۵ نمبر ۲۲۰)
۱۹۔تاریخ بغداد، ج۲،ص ۱۲
۲۰۔المنتظم، ج۶،ص ۲۴ (ج ۱۲ص ۴۱۰ نمبر ۱۹۳۷)
۲۱۔البدایۃ والنہایۃ، ج ۱۱،ص ۲۲۸ (ج ۱۱،ص ۲۵۹)
۲۲۔دول اسلام، ج۱،ص ۱۶۷.
۲۳۔شذرات الذہب، ج۴،ص ۲۳۹ (ج ۶ ص ۳۹۶)
۲۴۔تاریخ ابن عساکر، ج۱،ص ۴۱۰ (ج ۵،ص ۳۶ نمبر ۱۶)

ابوعبداللہ قصری (۱)، شیخ احمد بخاری (۲)۔

مندرجہ ذیل حضرات، ہر شب ایک قرآن ختم کرتے:

علی بن عبداللہ ازدی تابعی (۳)، وکیع بن جراح (۴)، امام بخاری (۵)، عطابن سائب (۶)، علی بن عیسیٰ حمیری (۷)، ابو نصر عبد الملک بن احمد (۸)، حافظ قرطبی (۹)، امام شافعی (۱۰)، حسین بن صالح (۱۱)، زبید بن حارث (۱۲)، ابوبکر بن عیاش (۱۳)، ابوالخطاب بصری (۱۴)۔

**مندرجہ ذیل افراد شب وروز میں ایک قرآن ختم کرتے:**

سعد بن ابراہیم (۱۵)، ثابت بن اسلم (۱۶)، جعفر بن مغیرہ (۱۷)، عمر بن حسین جمحی (۱۸)، ابومحمد لخمی (۱۹)، ابو الفرج بن جوزی (۲۰)، ابوعلی مصری (۲۱)، ابو الحسن مرتضیٰ (۲۲)، محمود بن عثمان حنبلی، (۲۳) ام حبان سلمیہ (۲۴)۔

---

۱۔تاریخ بغداد ج ۴،ص ۴.

۲۔طبقات الاخیار، ج ۴،ص ۱۷۰.

۳۔تہذیب الہذیب، ج ۷،ص ص ۳۵۸ (ج ۷،ص ۳۱۳)

۴۔دول اسلام، ج ۱،ص ۹۶.

۵۔البدایۃ والنہایۃ، ج ۱۱،ص ۲۶ (ج ۱۱ص ۳۲)

۶۔خلاصہ التہذیب، ص ۱۲۲۵ (ج ۲ص ۲۳۹ نمبر ۴۸۵۳)

۷۔طبقات القراء، ج ۱ص ۵۶۰.

۸۔المنتظم، ج ۸،ص ۳۲۴ (ج ۱۶،ص ۲۰۷ نمبر ۳۵۰۰)

۹۔تذکرۃ الحفاظ، ج ۲،ص ۱۸۵ (ج ۲،ص ۶۳۱ نمبر ۶۵۶)

۱۰۔تاریخ بغداد، ج ۲ص ۶۳.

۱۱۔طبقات الاخیار، ج ۱،ص ۵۰ (ج ۱،ص ۵۸ نمبر ۹۷)

۱۲۔حلیۃ الاولیاء، ج ۵،ص ۱۸

۱۳۔تاریخ بغداد، ج ۱ص ۴۰۷

۱۴۔صفۃ الصفوۃ، ج ۳،ص ص ۱۸۲ (ج ۳،ص ۲۵۹ نمبر ۵۱۳)

۱۵۔صفۃ الصفوۃ، ج ۲،ص ۸۲ (ج ۲،ص ۱۴۶ نمبر ۱۸۱)

۱۶۔حلیۃ الاولیاء، ج ۲ص ۳۲۱.

۱۷۔تاریخ ابن عساکر، ج ۴،ص ۹۷.

۱۸۔تہذیب تاریخ ابن عساکر، ج ۴،ص ۸۲)

۱۹۔تہذیب التہذیب، ج ۷،س ۴۴۳ (ج ۷،ص ۳۸۰ نمبر ۱۷۰)

۲۰۔شذرات الذہب، ج ۴،ص ۲۸۹ (ج ۶،ص ۴۷۴)

۲۱۔البدایۃ والنہایۃ، ج ۱۳ص ۹ (ج ۱۳ص ۱۳)

۲۲۔البدایۃ والنہایۃ، ج ۱۳ص ۲۴ (ج ۱۳ص ۳۱)

۲۳۔شذرات الذہب، ج ۵،ص ۱۶۸ (ج ۷،ص ۲۹۵)

۲۴۔شذرات الذہب، ج ۵،ص ۲۹ (ج ۵،ص ۴۷)

**مندرجہ ذیل افراد شب و روز میں دو قرآن ختم کرتے تھے:**

سعید بن جبیر(۱)، منصور بن زاذان(۲)، امام ابوحنیفہ(۳)، امام شافعی(۴)، حافظ عراقی(۵)، ابوعبد اللہ قرطبی(۶)، سید محمد منیر(۷)، شیخ عبدالحلیم منزلاوی(۸)۔

**مندرجہ ذیل افراد، ایک رات میں دو قرآن ختم کرتے تھے:**

تقی الدین بلاطنسی(۹)، احمد بن رضوان بن جالینوس(۱۰)۔

**مندرجہ ذیل افراد دو شب و روز میں تین قرآن ختم کرتے تھے:**

کرز بن وبرہ کوفی(۱۱)، زہیر بن محمد بن قمیر حافظ(۱۲)، ابوالعباس بن عطاء(۱۳)، سلیم بن عتر تجیبی(۱۴)، عبدالرحمٰن بن ہبۃ اللہ(۱۵)۔

**مندرجہ ذیل افراد دن بھر میں چار قرآن ختم کرتے تھے:**

۱۔ ابوقبیصہ محمد عبدالرحمٰن ضبی فرماتے ہیں: میں نے آج چار بار قرآن ختم کیا، پانچویں بار سورۂ برأۃ پڑھنے لگا کہ موذن نے عصر کی اذان کہہ دی۔(۱۶)

۲۔ علی بن ازہر لاحمی۔(۱۷)

**بعض افراد مغرب و عشا کے درمیان پانچ قرآن ختم کرتے:**

---

۱۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۹، ص۹۸ (ج۹، ص۱۱۶)

۲۔ صفۃ الصفوۃ، ج۳، ص۴ (ج۳، ص۱۱ نمبر ۳۷۳)

۳۔ التذکار، ص۴۷.

۴۔ صفۃ الصفوۃ، ج۲، ص۱۴۵ (ج۲، ص۲۵۵)

۵۔ شرح المواہب زرقانی، ج۷، ص۴۲۱.

۶۔ الدیباج المذہب، ص۲۴۵ (ج۲، ص۱۸۹)

۷۔ طبقات الاخیار، ج۲، ص۱۱۸ (ج۲، ص۱۳۱ نمبر ۱۵)

۸۔ طبقات الاخیار، ج۲، ص۱۲۱ (ج۲، ص۱۳۴ نمبر ۱۸)

۹۔ شذرات الذہب، ج۸، ص۲۱۳ (ج۱۰، ص۲۹۸)

۱۰۔ تاریخ بغداد، ج۴، ص۲۶۱.

۱۱۔ اصابۃ، ج۳، ص۳۲۱.

۱۲۔ تاریخ بغداد، ج۸، ص۴۸۵.

۱۳۔ المنتظم ج۶، ص۱۶۰.

۱۴۔ عمدۃ القاری، ج۹، ص۲۴۹ (ج۲۰، ص۶۰ حدیث ۵۷)

۱۵۔ شذرات الذہب، ج۷، ص۱۵۱ (ج۹، ص۲۲۱)

۱۶۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۳۱۵.

۱۷۔ طبقات القرآء، ج۱، ص۵۲۶.

شعراوی کہتے ہیں: ایک دن آقا ابو العباس حریثی، مغرب و عشاء کے درمیان میرے سامنے ہی بیٹھے تھے۔ میں گواہ ہوں کہ پانچ بار قرآن ختم کیا۔ میں نے دوسرے آقا علی مرصفی سے یہ واقعہ بیان کیا۔ انھوں نے کہا: فرزند! میں جب حالت سلوک میں تھا تو تین سو رکعت نماز اور ساٹھ قرآن ختم کیا، ایک شبانہ روز میں ہر درجہ ایک ختم پر مشتمل تھا۔(۱)

## بعض افراد ایک شبانہ روز میں آٹھ قرآن یا اس سے زیادہ ختم کرتے تھے:

۱۔ سید ابن کاتب: نووی کہتے ہیں کہ بعض مسلمان رات دن میں آٹھ قرآن ختم کرتے ہیں اور ان میں سید بن کاتب بھی ہیں۔(۲) صاحب خزینۃ الاسرار نے بھی سید کاتب کو اسی گروہ میں شمار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ دن و رات میں چار چار ختم قرآن فرماتے۔ گویا یہ کام طئی لسان اور طئی زبان کے طور پر ہوتا تھا۔ صاحب توضیح فرماتے ہیں: میں اکثر ایسے لوگوں کو جانتا ہوں جو آٹھ قرآن ختم کرتے ہیں۔ کہتے ہیں شیخ عثمان مغربی سے سنا ہے کہ ابن کاتب رات دن میں آٹھ قرآن ختم کرتے۔

۲۔ شیخ عبدالحی حنفی، اقامۃ الحجۃ میں فرماتے ہیں کہ بعض شارحین صحیح بخاری نے لکھا ہے کہ حضرت علیؑ روزانہ آٹھ قرآن ختم کرتے تھے۔(۳)

۳۔ بکر بن سہیل دمیاطی کہتے ہیں: جمعہ کے دن صبح کو اُٹھ کر اسی دن عصر تک آٹھ قرآن ختم کیا۔(۴)

قسطلانی کہتے ہیں کہ ابو طاہر مقدسی روزانہ دس قرآن ختم کرتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ اس سے بالاتر یہ کہ شیخ الاسلام برہان بن ابی شریف (خدا ان کے علم سے لوگوں کو بہرہ مند کرے) انھوں نے مجھ سے بیان کیا کہ وہ روزانہ پندرہ قرآن ختم کرتے ہیں اور یہ حقیقت میں فیض الٰہی سے ہی ممکن ہے۔ وہی کہتے ہیں: کتاب ارشاد میں پڑھا ہے کہ شیخ نجم الدین اصفہانی نے حالت طواف میں ایک مرد کو دیکھا کہ تمام قرآن ایک دور یا سات دور میں ختم کر دیا۔ یہ بات توفیق الٰہی اور مدد ربانی سے ممکن ہے۔(۵)

---

۱۔ شذرات الذہب، ج۸، ص۵۷ (ج۱۰ص۲۴۳)

۲۔ ارشاد الساری، ج۷، ص۱۹۹، ج۸، ص۳۶۹ (ج۷، ص۴۱۴، ج۱۰ص۴۱۲)

۳۔ اقامۃ الحجۃ، ص۷ (ص۶۴)　　۴۔ سیر اعلام النبلاء (ج۱۳، ص۴۲۵ نمبر ۲۱۰)

۵۔ ارشاد الساری، ج۷، ص۱۹۹، ج۸، ص۳۶۹ (ج۷، ص۴۱۴، ج۱۰ ص۴۱۲)

غزالی احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ کرز بن وبرہ مکہ میں مقیم تھے، روزانہ سات بار خانہ کعبہ کا طواف کرتے اور اس میں دو قرآن ختم کرتے۔

حساب کیجئے تو معلوم ہوگا کہ ۷۷ بار طواف کا دس فرسخ ہوتا ہے اور ہر طواف میں دو رکعت نماز پڑھتے تھے۔ مجموعی طور سے ہر شبانہ روز میں ۲۸۰ رکعت نماز، دو ختم قرآن اور دس فرسخ کی مسافت۔(۱)

نازلی خزینۃ الاسرار میں لکھتے ہیں کہ:

شیخ موسیٰ سدرانی جو شیخ مغربی کے صحابی تھے ان کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ روزانہ ستر بار قرآن ختم کرتے۔ وہ حجر الاسود کو بوسہ دینے کے بعد قرآن شروع کرتے پھر اسی کے محاذی آنے کے بعد ختم کر دیتے۔ اس طرح پڑھتے کہ لوگ حرف بحرف سن لیتے تھے۔(۲) آگے صفحہ ۱۸۰ پر کہتے ہیں کہ شیخ ابو مدین مغربی روزانہ ستر ہزار مرتبہ قرآن ختم کرتے۔

صحیح بخاری میں ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ قرآن حضرت داؤد پر ہلکا ہو گیا تھا۔ وہ جب اپنی سواری پر زین کستے اور تیاری کا حکم دیتے تو زین پر سوار ہونے سے قبل قرآن ختم کر دیتے۔(۳)

قسطلانی اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں کہ کبھی قلیل میں کثیر برکت ہے، اس کے نتیجے میں زیادہ عمل واقع ہوتا ہے۔ یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ خداوند عالم جس شخص کے لئے مناسب سمجھتا ہے زمان و مکان سمیٹ دیتا ہے۔(۴)

**علامہ امینیؒ فرماتے ہیں:**

یہ تمام باتیں قصہ پارینہ سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتیں۔ اگلوں کی مہمل نگاری نے اوہام کو قلمبند کر دیا ہے۔ اس کے باوجود ابن تیمیہ کا جرگہ ذرا بھی آواز بلند نہیں کرتا کہ یہ مہمل ہے۔ نہ اعتراض ہے کہ انھیں افسانوی کتابوں میں نقل ہونا چاہئے علمی و اسلامی کتابوں میں نہیں۔ ان کتابوں پر افسوس جن میں یہ

---

۱۔ احیاء العلوم، ج۱، ص۳۱۹ (ج۱، ص۳۰۸)

۲۔ خزینۃ الاسرار، ص۸۷ (۶۵) مرقات المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، (ج۴، ص۷۰۲ حدیث ۲۲۰۱)

۳۔ صحیح بخاری، ج۱، ص۱۰۱ (ج۳، ص۱۲۵۶) ۴۔ ارشاد الساری، ج۸، ص۳۹۶ (ج۱۰، ص۴۱۲)

خرافات ہیں۔ان لوگوں پر افسوس جوان واقعات کواحترام سے پڑھتے ہیں۔کیا ابن تیمیہ کی نظر سے یہ شرمناک باتیں نہیں گذریں؟اس کی بولتی کیوں بند ہے؟صرف ائمہ معصومینؑ ہی کے خلاف زبان درازی کا حوصلہ ہے دوسروں کے خلاف نہیں؟

﴿ولوانهم قالوا سمعنا واطعنا واسمع وانظرنا لکان خیر الهم واقوم﴾(۱)

## ۳۔اسلام میں محدَّث

تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ سابقہ امتوں کی طرح کچھ افراد اس امت میں بھی ہوتے ہیں جنھیں محدث کہا جاتا ہے۔صحاح ومسانید کے مطابق رسول اکرمؐ نے اس کی خبر دی ہے۔

محدث وہ شخص ہوتا ہے جس سے فرشتہ باتیں کرتا ہے لیکن اس کو دیکھتا نہیں۔حالانکہ وہ نبی نہیں ہوتا یا پھر اسے مبداء اعلیٰ کی طرف سے علم الہام ہوتا ہے یا دل میں حقائق کا القاء کر دیا جاتا ہے یا دوسرے طریقوں سے معانی اس کو سمجھا دئے جاتے ہیں۔

بہرحال اس قسم کے افراد کا امت میں ہونا مسلم ہے۔اختلاف صرف پہچان کے سلسلے میں ہے کہ اس کی تشخیص وشناخت کس طرح کی جائے۔شیعوں کے یہاں ائمہؑ ہی محدث ہیں اور اہل سنت عمر بن خطاب کو محدث کہتے ہیں۔

اب دونوں کے نمونے ملاحظہ فرمائیے:

## نصوص اہل سنت:

صحیح بخاری میں مناقب عمر کے ذیل میں ابو ہریرہ سے حدیث رسولؐ مروی ہے: بنی اسرائیل میں کچھ لوگ ہوتے تھے جو نبی نہیں ہوتے تھے لیکن ان سے بات کی جاتی تھی۔میری امت میں اس قسم کی فرد عمر بن خطاب ہیں۔ابن عباس کی روایت میں (من نبی ولا محدث ہے)۔(۲)

---

۱۔(نساء/۴۶)

۲۔صحیح بخاری، ج۲،ص۱۹۴(ج۳،ص۱۳۴۹)

اس کی شرح میں قسطلانی کہتے ہیں کہ ارشاد رسولؐ ہے کہ میری امت میں کوئی ہوتا ۔ یہ کلام شرط تردید کے بطور نہیں ہے بلکہ تاکید کے طور پر ہے ۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ اگر میرا کوئی دوست ہے تو وہ فلاں شخص ہے ۔ اس میں مقصد یہ نہیں کہ اس کا کوئی دوست نہیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ وہ دوستی کا کمال خصوصیت ظاہر کرنا چاہتا ہے جب یہ ثابت ہو گیا کہ یہ حقیقت غیر امت اسلام میں تھی تو اس امت میں بھی لازمی طور سے ہونا چاہئے ۔

قسطلانی ابن عباس کے قول (من نبی و لا محدث ) کے ذیل میں کہتے ہیں کہ یہ ارشاد صرف ابوذر کے لئے ثابت ہے دوسروں کے لئے (و لا محدث ) ثابت نہیں ۔ اس کلمہ کو سفیان بن عیینہ نے آخر جامع میں نقل کیا ہے ۔ اور عبد بن حمید نے کہا ہے کہ ابن عباس اس طرح قرأت کرتے ہیں ﴿وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی ولا محدث﴾ (۱)

صحیح بخاری میں حدیث غار کے بعد ابو ہریرہ سے مروی یہ حدیث ہے: تم سے پہلے تمام امم سابقہ میں ایسے افراد تھے جو محدث تھے اگر میری امت میں کوئی ہوتا تو وہ عمر ہوتے ۔ (۲)

اس کی شرح میں قسطلانی کہتے ہیں کہ محدث وہ ہے جس کی زبان سے بغیر منصب نبوت کے حقائق جاری ہوتے ہیں ۔ اس کے دل میں ایسی بات ڈال دی جاتی ہے کہ جیسے اس کو خبر دی گئی ہو، اس حال میں اس کا گمان بھی حق ہوتا ہے، جو سوچتا ہے صحیح ہوتا ہے، یہ وقیع منزل اولیاء کی ہے ۔ اس جملہ کی شرح میں کہ اگر میری امت میں ... کہتے ہیں کہ یہ ارشاد رسولؐ توقع کی بناء پر ہے ۔ اسے آگاہی نہیں ہوتی کہ یہ چیز واقع ہوگی لیکن واقع ہو جاتی ہے ۔ ( ظاہر ہے کہ قسطلانی کی اس شرح اور سابقہ شرح میں تضاد صاف جھلک رہا ہے ) حضرت عمر کا واقعہ یا ساریۃ الجبل اس کا واضح ثبوت ہے ۔ (۳)

صحیح مسلم میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ رسولؐ نے فرمایا: تم سے قبل کی امت میں محدث ہوتے تھے اگر میری امت میں کوئی ہے تو وہ عمر ہیں ۔ ( ابن وہب کہتے ہیں کہ محدث وہ ہے جسے الہام

---

۱۔ ارشاد الساری، شرح البخاری، ( ج ٦ ص ٩٩ )

۲۔ صحیح بخاری ج ۲، ص ۱۷۱ ( ج ۳ ص ۱۲۷۹ )      ۳۔ ارشاد الساری، ج ۵، ص ۴۳۱ ( ج ۷ ص ۴۸۲ )

ہوتا ہے)۔(۱) ابن جوزی نے صفۃ الصفوۃ میں اس روایت کو نقل کر کے کہا ہے کہ یہ روایت متفقہ ہے۔(۲)

طحاوی مشکل الآثار میں محدث کے یہی معنی لکھتے ہیں کہ محدث جسے الہام ہوتا ہو، پھر اضافہ کیا ہے کہ عمر کو بھی الہام ہوتا تھا چنانچہ انس کی روایت ہے کہ عمر نے فرمایا: تین موقعوں پر خدا نے میری موافقت کی:

۱۔ میں نے رسولؐ سے کہا: کاش! ہم مقام ابراہیمؑ کو مصلیٰ قرار دیتے، آیت اتری ﴿**واتخذوا من مقام ابراهیم مصلیٰ**﴾۔

۲۔ میں نے کہا: یا رسول اللہؐ! آپ کے گھر میں اچھے برے سبھی لوگ آتے ہیں، آپ ازواج کو حکم دیجئے کہ اپنے کو چھپائے رہیں۔ اس پر آیہ حجاب نازل ہوئی۔

۳۔ آنحضرتؐ کی ازواج سرکشی پر آمادہ تھیں، میں نے کہا: ہوسکتا ہے کہ خدا تم سے اچھی عورتیں رسولؐ کو عطا کر دے اور تمہیں طلاق دیدے۔ اس پر آیت اتری ﴿**عسی ربکم...**﴾(۳)

**علامہ امینیؒ فرماتے ہیں:**

اگر اس قسم کے باتیں الہام ہیں تو اسلام کو فاتحہ پڑھ دینا چاہئے۔ یہ لوگ مناقب گڑھنے میں اس بات کو بھی نہیں سمجھ پائے کہ اس سے پیغمبر اسلامؐ کی توہین ہوتی ہے۔

نووی شرح مسلم میں کہتے ہیں کہ محدث کے بارے میں اختلاف ہے۔ ابن وہب کہتے ہیں کہ وہ لوگ ہیں جنھیں الہام کیا جائے۔ ایک قول ہے کہ جب وہ کچھ سوچیں تو ٹھیک سوچیں گویا وہ پہلے سے خبردار ہیں۔ ایک قول ہے کہ فرشتے ان سے کلام کرتے ہیں یا ان سے بات کی جاتی ہے۔ بخاری کے نزدیک محدث وہ ہیں کہ جن کی زبان سے حقائق جاری ہوں۔ کرامات اولیاء کا سرچشمہ یہی ہے۔(۴) محبّ الدین طبری کہتے ہیں کہ محدث وہ ہے کہ جنھیں حقیقت بطور الہام بتادی گئی ہو، ممکن ہے اس ظاہر کلام کا مطلب یہ ہو کہ جن سے فرشتے بات کرتے ہوں۔ لیکن وحی کے طور پر بات نہ کرتے ہوں۔ بلکہ بات چیت کے عنوان سے اور یہ بڑی فضیلت ہے۔(۵)

---

۱۔ صحیح مسلم، (ج۵، ص۱۶ کتاب فضائل الصحابۃ)
۲۔ صفۃ الصفوۃ ج۱، ص۱۰۴ (اص ۲۷۷ نمبر۳)
۳۔ مشکل الآثار، ج۲، ص۲۵۷.
۴۔ شرح صحیح مسلم، (ج۱۵، ص۱۶۶)
۵۔ ریاض النضرۃ، ج۱، ص۱۹۹ (ج۲، ص۲۴۵)

تفسیر قرطبی میں ابن عطیہ، مسلم بن قاسم بن عبد اللہ، عمرو بن دینار کا بیان ہے کہ ابن عباس کی قرأت یوں تھی:

﴿وما ارسلنامن قبلک من رسول ولانبی ولامحدث﴾

مسلمہ کہتے تھے کہ محدث ہمپایۂ نبی ہے۔ کیونکہ وہ بلند ترین امور غیبی کی خبر دیتے ہیں اور حکمت باطنی سے بات کرتے ہیں اور ان کی گفتار مطابق واقع ہوتی ہے، وہ غلطیوں سے معصوم ہوتے ہیں جس طرح عمر بن خطاب نے ساریہ سے بلندترین تکلم فرمایا۔(۱)

ابوذرعہ طرح التثریب میں یہ حدیث لکھتے ہیں کہ قطعی طور سے بنی اسرائیل کی طرح اس امت میں بھی محدث ہوں گے اور وہ عمر ہیں۔(۲)

مناوی(۳) نے شرح کی ہے کہ جن پر الہام ہوا ہو یا ان کا گمان درست ہو، محدث اسے کہتے ہیں کہ جسے بطریق الہام ومکاشفہ مبداءاعلیٰ سے حقیقت القاء کی گئی ہو، بغیر توجہ اس کی زبان سے جاری ہو جائے یا فرشتے اس سے بات کریں۔ بغیر اس کے کہ وہ پیغمبر ہو یا جب وہ کوئی رائے دے تو مطابق واقع ہو گویا اسے غیب کی خبر ہو۔ یہ کرامات اللہ اپنے خاص بندوں کو عطا کرتا ہے اور یہ اولیاء کا مقام ہے۔ آگے فرماتے ہیں کہ عمر کے محدث ہونے کی بات کا مطلب یہ ہے کہ وہ بےنظیر ہیں گویا کہ نبی نہیں کیونکہ یہاں حرف شرط تردید کے طور پر آیا ہے۔

قاضی کہتے ہیں کہ یہاں تاکید واختصاص مراد ہے۔ پس اگر کوئی کہے کہ میرا دوست اگر کوئی ہے تو وہ زید ہے۔ تو کہنے والے کی اس سے مراد تردید نہیں بلکہ مبالغہ ہے کہ دوستی صرف اسی سے مخصوص ہے۔

قرطبی نے اس حدیث عمر کی شرح میں کہا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ اس قسم کے افراد بہت کم ہیں جس کا گمان صائب ہو محدث نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ اکثر عوام وعلماء کا گمان صائب ہے۔ اس میں حضرت عمر

---

۱۔ تفسیر قرطبی، ج۱۲ص۷۹ (ج۱۲، ص۵۳)

۲۔ التشریب فی شرح التقریب، ج۱، ص۸۸، المصابیح، ج۲، ص۲۷۰ (ج۴، ص۱۵۳ حدیث ۴۷۲) جامع الصغیر، (ج۲، ص۲۵۱ حدیث ۶۰۹۷)

۳۔ شرح الجامع الصغیر، ج۴، ص۵۰۷.

کی خصوصیت ہی کیا رہی۔ اگر چہ رسولؐ نے عمر کو قطعی طور سے محدث نہیں کہا ہے لیکن قرائن اس کی نشاندہی کرتے ہیں اور ساریہ کی داستان یا حدیث رسولؐ کہ خدا عمر کی زبان سے بولتا ہے، ان کے محدث ہونے کا ثبوت ہے۔

ابن حجر عسقلانی کہتے ہیں کہ بعد رسولؐ بہت محدث ہوئے ہیں۔ اس لئے کہ بنی اسرائیل میں انبیاء مبعوث ہوئے لیکن چونکہ خاتم النبینؐ کے بعد کوئی نبی معبوث نہ ہوتا اور اسلام کو برتری حاصل ہے اس لئے نبی کی جگہ امت میں محدث قرار دئے گئے ہیں۔(۱)

## لائق توجہ نکتہ:

امام غزالی کہتے ہیں کہ بعض عرفاء کا بیان ہے کہ بعض ابدال سے ان کے مقامات نفس کے متعلق سوال کیا گیا، انھوں نے اپنے دائیں بائیں دیکھا پھر اپنے سینے کی طرف توجہ کی اور پوچھا: تم کیا کہتے ہو؟ پھر اس کے بعد سوال کا جواب دیا۔ ان سے پوچھا گیا: آپ نے دائیں بائیں کیوں دیکھا؟ جواب دیا کہ تمہارے سوال کا جواب معلوم نہیں تھا اس لئے دائیں بائیں فرشتوں سے پوچھا۔ انھیں بھی معلوم نہ تھا پھر میں نے اپنے دل سے پوچھا، اس نے جو مجھے بتایا وہ تمھیں جواب دیدیا۔ اس بناء پر یہ دونوں فرشتوں سے زیادہ عالم تھے۔ غزالی کہتے ہیں کہ محدث ہونے کا یہی مطلب ہے۔(۲)

ایک محقق بعض تذکرہ میں ایسے لوگوں کے حالات دیکھتا ہے جنھوں نے فرشتوں سے باتیں کیں۔ ان میں عمران بن حصین خزاعی (متوفیٰ ۵۲) بھی ہیں ان کے متعلق لکھتا ہے کہ انھوں نے محافظ فرشتوں کو دیکھا اور ان سے باتیں کیں۔(۳)

ابن کثیر لکھتے ہیں کہ فرشتے انھیں سلام کرتے تھے جب داغ لگ گیا تو سلام کرنا بند کردیا۔ پھر آخر ایام میں سلام کرنے لگے۔(۴) شذرات میں ہے کہ فرشتے انھیں سلام کرتے جب جلنے کا داغ ہوا تو

---

۱۔ فتح الباری، (ج۷، ص۴۰)  ۲۔ احیاء العلوم، ج۳، ص۲۸.
۳۔ استیعاب، ج۲، ص۴۵۵ (نمبر۱۹۶۹) الاصابۃ، ج۳، ص۲۶.
۴۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۸، ص۶۰ (ج۸، ص۶۶)

سلام کرنا بند کر دیا۔ پھر خدا نے مکرم فرمایا اور فرشتے سلام کرنے لگے۔(۱) حافظ عراقی، ابو الحجاج مزی، ابن جوزی، ابن حجر، سبھی نے ان کے تسلیم ملائکہ کو لکھا ہے۔(۲)

ابو المعالی صالح بھی محدث تھے۔ابن جوزی، ابن کثیر لکھتے ہیں کہ ماہ صیام میں شدید فقر کا شکار ہوئے، وہ ایک شخص سے قرض مانگنے چلے تو فرشتے نے منع کیا کہ کل میں خود اسے تمہارے پاس لے آؤں گا۔(۳)

ابو سلیمان خطابی کہتے ہیں کہ رسولؐ کا ارشاد ہے کہ اس امت کے محدث عمر ہیں اور میرا قول ہے کہ اس زمانے کے محدث ابو عثمان مغربی ہیں۔(۴) اسی طرح حورا نے ابو یحییٰ سے کلام کیا جب وہ چار ہزار قرآن ختم کر چکے تو حورا نے کہا: تم نے مجھے خرید لیا۔(۵)

## نصوص شیعہ:

ثقۃ الاسلام کلینیؒ نے اصول کافی (۶) میں بعنوان فرق میان رسول، نبی اور محدث چار حدیثیں نقل کی ہیں:

۱۔ برید سے مروی ہے کہ امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہما السلام سے آیت ﴿**وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبی ولا محدث**﴾ کے بارے میں پوچھا کہ آیت میں لفظ محدث نہیں ہے

---

۱۔شذرات الذہب، ج۱ص۵۸ (ج۱،س۲۴۹)

۲۔طرح التشریب، ج۱،ص۹۰، تلخیص تہذیب الکمال، ص۲۵۰ (ج۲ص۳۰۰نمبر۵۴۲۴)

۳۔الطبقات الکبریٰ، (ج۷ص۱اصفۃ الصفوۃ، ج۱،ص۲۸۳ (ج۱،س۶۸۲ نمبر۹۴) تہذیب التہذیب، ج۸،س۱۲۶ (ج۸ص۱۱۲اصفۃ الصفوۃ، ج۲،ص۲۸۰ (ج۲،ص۴۰۶نمبر۳۴۱) المنتظم، ج۹،ص۱۳۶ (ج۱۷،ص۸۲نمبر۳۷۳۴) البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۱۶۳ (ج۱۲ص۲۰۰).

۴۔تاریخ بغداد، ج۹،س۱۱۳

۵۔ تاریخ بغداد، ج۸،ص۴۶۲ (نمبر ۴۵۷۷) المنتظم، ج۶ص۸ (ج۱۲،ص۳۸۶نمبر۱۹۲۰) صفۃ الصفوۃ، ج۲،ص۲۳۴ (ج۲،ص۴۱۴نمبر۲۹۳) ابن جوزی کی مناقب احمد ص۵۱۰ (س۶۷۹)

۶۔اصول کافی، ص۸۴،ص (ج۱ص۱۷۷)

اگر ہے تو محدث کا مطلب کیا ہے؟ فرمایا: رسول وہ ہے جو فرشتوں کو دیکھے اور کلام کرے، نبی وہ ہے جو خواب میں فرشتے کو دیکھے۔ کبھی کبھی نبوت ورسالت ایک شخص میں جمع ہو جاتی ہے۔ اور محدث وہ ہے جو آواز سنتا ہے لیکن فرشتے کو دیکھتا نہیں ہے۔ برید نے پوچھا: جسکو خواب میں دیکھا ہے کیسے سمجھیں کہ وہ فرشتہ ہی ہے؟ فرمایا: خدا اس کو توفیق کرامت فرما دیتا ہے، خدا نے رسولؐ خدا پر نبوت ختم کردی ہے اور قرآن آخری کتاب ہے۔

دوسری حدیث میں بھی رسول اور محدث کا فرق بیان ہوا ہے۔ تیسری حدیث میں ذرا تفصیل ہے: زرارہ کا بیان ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام سے وکان رسولا نبیا کے متعلق پوچھا کہ رسول اور نبی کا فرق کیا ہے؟ فرمایا: نبی وہ ہے جو خواب میں فرشتے کو دیکھے۔ میں نے پوچھا؟ امام کی منزلت کیا ہے؟ فرمایا: آواز سنتا ہے لیکن خواب نہیں دیکھتا اور فرشتہ کو مشاہدہ نہیں کرتا۔ پھر یہ آیت پڑھی: ﴿وما ارسلنا من قبلک .......﴾

چوتھی حدیث اسماعیل بن مرار سے ہے کہ حسن بن عباس نے امام رضاؑ کی خدمت میں خط لکھا: : قربان جاؤں! مجھے رسول، نبی اور امام کا فرق بتائیے۔ امام نے جواب دیا: رسول وہ ہے جس پر جبرئیل نازل ہوں، انھیں دیکھے، ان کا کلام سنے، اس پر وحی نازل ہو، اکثر وہ خواب بھی دیکھے جیسے حضرت ابراہیمؑ کا خواب۔ نبی وہ ہے کہ کبھی کلام سنے، کبھی کلام کرنے والے کو دیکھے لیکن کلام نہ سنے۔ امام وہ ہے جو کلام سنے لیکن دیکھے نہیں۔

کافی میں ایک عنوان "باب انّ الائمةؑ محدثون مفهمون" (۱) کا ہے، اس میں پانچ احادیث ہیں:

حمران بن اعین کہتے ہیں کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: حضرت علیؑ محدث تھے۔ میں حیرت میں نکلا اور دوستوں سے کہا کہ میں نے امام محمد باقرؑ سے عجب حدیث سنی ہے کہ علیؑ محدث تھے۔ انھوں نے کہا: تم نے کیا کیا، یہ کیوں نہ پوچھا کہ ان سے کون کلام کرتا تھا؟ میں نے پوچھا تو مجھ سے امام نے فرمایا: ان سے

---

۱۔ اصول کافی، (ج ۱ص ۲۷۱، ۲۷۶۔

ملک (فرشتہ) کلام کرتا ہے۔ میں نے کہا: یعنی آپ فرمانا چاہتے ہیں کہ وہ نبی ہیں؟ امام نے ہاتھوں سے نفی کا اشارہ کیا اور فرمایا: وہ سلیمانؑ کے صحابی یا صاحب موسیٰ یا ذوالقرنین کی طرح ہیں۔ کیا تمہیں حدیث رسولؐ نہیں معلوم ہے کہ فرمایا: تمہارے درمیان انھیں کے مانند ہیں۔

دوسری حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ حضرت علیؑ اپنے قاتل کو پہچانتے تھے اور لوگوں کے اہم امور سے واقف تھے اس آیت کے وسیلے سے: ﴿وما ارسلنا من رسول ولا نبی ولا محدث﴾۔(۱)

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ اوصیاء محمدؐ محدث ہیں۔ دوسری میں ہے ائمہؑ سچے علماء مفہم اور محدث ہیں۔(۲) پانچویں حدیث محدث کے معنی میں ہے کہ وہ آواز سنتا ہے لیکن آدمی کو دیکھتا نہیں۔ کتاب کافی میں اس بارے میں اتنی ہی حدیثیں ہیں۔

امالی طوسی میں ہے کہ صادق آل محمدؑ نے فرمایا کہ حضرت علیؑ محدث تھے اور سلمان بھی محدث تھے۔ پوچھا گیا: محدث کی پہچان کیا ہے؟ فرمایا: اس کے پاس فرشتہ آتا ہے اور ایسا ویسا بتا دیتا ہے۔ انھیں امام کا ارشاد ہے: ہم میں سے بعض کو دل میں القاء کر دیا جاتا ہے اور بعض کو مورد خطاب قرار دیا جاتا ہے۔

حرث نصری سے روایت ہے کہ میں نے امام ششم سے پوچھا کہ امام سے ایسی بات پوچھی جائے جو اس کے پاس نہ ہو تو اس کو کیسے علم ہوتا ہے؟ فرمایا: اس کے دل میں نکتہ یا کان میں آواز پڑ جاتی ہے۔ جب امام سے پوچھا جاتا ہے تو کیسے جواب دیتا ہے؟ فرمایا: الہام یا سماع سے اور کبھی دونوں طریقوں سے۔(۳)

صفار نے بصائر میں حمران سے روایت کی ہے کہ میں نے امام محمد باقرؑ سے پوچھا: کیا آپ نے مجھ سے نہیں فرمایا تھا کہ علیؑ محدث تھے؟ فرمایا: ہاں۔ پوچھا: ان سے کلام کون کرتا تھا؟ فرمایا: فرشتہ۔ میں نے پوچھا: وہ نبی ہیں یا رسول؟ فرمایا: نہیں بلکہ مثیل صاحب سلیمانؑ و موسیٰ اور مثیل ذوالقرنین۔ کیا تمہیں یہ حدیث معلوم نہیں کہ حضرت علیؑ سے ذوالقرنین کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا کہ وہ نبی نہیں تھے بلکہ وہ خدا کے محبوب اور خدا کے خیر خواہ تھے۔

---

۱۔اصول کافی، (ج۱،ص۲۷۰) ۲۔اصول کافی، (ج۱،ص۲۷۰)

۳۔امالی طوسی،ص۲۶۰ (ص۴۰۸۔۴۰۷ حدیث نمبر ۹۱۶۔۹۱۴)

حمران نے امام پنجم سے پوچھا: علماء کا مرتبہ کیا ہے؟

فرمایا: وہ ذوالقرنین ،صحابی سلیمانؑ و داؤدؑ کی طرح ہیں۔ برید نے امام پنجم سے پوچھا: آپ کا مرتبہ کیا ہے، گذشتہ لوگوں میں کس کی نظیر ہیں؟ فرمایا: صاحب موسیٰؑ یا ذوالقرنین کی طرح ،وہ دونوں عالم تھے لیکن نبی (پیغمبر) نہیں تھے۔(۱)

یہ تمام روایات شیعہ اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ خاندان عصمت وطہارت ہی کے افراد محدث ہیں ۔(۲) ان روایات کا مفاد، عمومی طور سے تمام شیعوں کا اعتقاد ہے جس طرح گذشتہ امتوں میں محدث ہوتے تھے اسی طرح اس امت میں امیر المومنینؑ اوران کی معصوم اولاد جو امام ہیں وہی محدث ہیں ، یہ سبھی امام محدث ہوتے ہیں وہ پیغمبر نہیں ہیں۔ محدث ہونے کی فضیلت صرف اماموں ہی سے مخصوص نہیں بلکہ حضرت فاطمہ زہراؑ اور سلمان فارسی بھی محدث ہیں۔ جی ہاں، ہر امام محدث ہے لیکن ہر محدث امام نہیں ۔ میں نے گذشتہ صفحات میں بیان کیا کہ محدث وہ ہے جو حقائق کو متذکرہ طریقوں سے معلوم کرے، مفہوم محدث کے سلسلے میں شیعہ وسنی میں کوئی اختلاف نہیں ۔لیکن فرق صرف یہ ہے کہ شیعہ عمر کو محدث نہیں مانتے ۔ یہ ہماری خصوصی روش ہے جسکے بیان کی یہاں گنجائش نہیں ۔اب ذرا اس میں معقولیت کی کوئی رمق نظر آئی ہے کہ ایک گروہ اس محدث کے معاملے میں اپنے گروہ کو تو فضیلت سے نوازتا ہے اور دوسرے کو گمراہ سمجھتا ہے۔

حجاز کا منحوس جھوٹا عبداللہ قصیمی کہتا ہے کہ ائمہ اہل بیتؑ شیعوں کی نظر میں انبیاء ہیں، ان کو وحی ہوتی ہے، فرشتے ان کے لئے وحی لے کر آتے ہیں۔ شیعہ حضرات حضرت فاطمہ زہراؑ اور ائمہؑ کے لئے ان تمام صفات کے قائل ہیں جو انبیاء میں پائی جاتی ہیں ۔ اپنی اس افترا پردازی کے ثبوت میں حسن بن عباس کے مکاتبہ کو پیش کیا ہے جو انھوں نے امام رضاؑ کو حدیث میں لکھا تھا۔

اس نادان کے سمجھ میں آتا ہی نہیں کہ قرآن میں محدث کی صراحت آئی ہے اور جناب فاطمہؑ اور

---

۱۔ بصائرالدرجات (ص ۳۶۶۔۳۶۵)

۲۔ بحارالانوار (ج ۲۶،ص ۶۶ ، ج ۴۰ (۱۴۲،۱۴۰)

ائمہؑ کے محدث ہونے پر تمام شیعہ سنی کا اتفاق ہے۔

جس طرح اہل سنت حضرات حضرت عمر کے محدث ہونے کے قائل ہیں کیا کوئی شیعہ اس بات کا قائل ہے کہ عمر کو اہل سنت نبی مانتے ہیں اور اہل سنت کے عقیدے کے مطابق فرشتے ان پر نازل ہوتے ہیں؟ اور وحی پہونچاتے ہیں؟

کبھی کوئی شیعہ جذبات میں افترا پردازی نہیں کرتا۔ کبھی کسی شیعہ کو نہیں دیکھا گیا ہوگا کہ وہ بزرگوں کو متہم کرے۔ کیا اس شخص کے پیش نظر یہ بات نہیں ہے کہ شیعوں کے یہاں نص ہے کہ ائمہ معصومینؑ علماء ہیں، انبیاء نہیں ہیں، صحابی موسیٰؑ یا مثیل ذوالقرنین ہیں۔

امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہما السلام کی نص نہیں سنی کہ قرآن آخری کتاب ہے اور رسولؐ خدا خاتم النبیین ہیں۔ ان تمام نصوص سے واقف ہوتے ہوئے بھی وہ اپنی پستی طبع سے وہی شرمناک جذبات ظاہر کرتا ہے جو اس کی اوقات ہے۔ اموی سرشت سے ایسی ہی دشنام طرازی کی توقع رکھی جاسکتی ہے۔ اس کے پُرکھوں کی رسم ہے کہ ائمہؑ اور ان کے شیعوں پر طعن و تشنیع کرتے رہے۔

وہ کتاب ''صراع'' (۱) میں لکھتا ہے کہ شیعوں کی نظر میں ائمہ اہل بیتؑ پر وحی ہوتی ہے۔ کافی (۲) میں ہے کہ حسن بن عباس نے امام رضاؑ کو خط لکھا کہ رسول، نبی اور امام میں فرق کیا ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ رسول وہ ہے جس پر جبرئیل نازل ہوں اور وہ انھیں دیکھے اور ان کا کلام سنے، اس پر وحی نازل ہو۔ اور نبی جو کبھی اس شخص کو دیکھتا ہے اور اس کی بات نہیں سنتا اور امام وہ ہیجو کبھی اس شخص کی بات سنتا ہے لیکن اسے دیکھتا نہیں۔ ائمہؑ جو بھی کام کرتے ہیں وہ پیمان خدا کے مطابق ہوتا ہے وہ اس سے ذرا بھی تجاوز نہیں کرتے۔ اس کے علاوہ بھی شیعوں کے یہاں کافی نصوص ہیں کہ ائمہؑ پیغمبر ہیں اور ان پر وحی نازل ہوتی ہے۔ وہ رسول بھی ہوتے ہیں کیونکہ انھیں رسالت کی بھی وحی ہوتی ہے۔

پچھلے صفحات میں ان کا قول (۳) نقل کیا کہ ائمہؑ جو بھی کام کرتے ہیں یا جو کچھ کہتے ہیں وہ وحی

---

۱۔صراع ج۱،ص۱۔ ۲۔اصول کافی، (اص ۱۷۶)

۳۔صراع ج۲،ص ۳۵.

ہوتی ہے۔شیعوں کی نظر میں محمدؐاورائمہؑ کے درمیان فرق یہ ہے کہ محمدؐ وحی لانے والے فرشتے کو دیکھتے ہیں لیکن ائمہؑ وحی اور صدائے فرشتہ سنتے ہیں، اسے دیکھتے نہیں ہیں۔ان کے یہاں نبی اور امام کا فرق یہی ہے۔ظاہر ہے کہ حقیقت میں یہ کوئی فرق نہیں ۔اس طرح شیعہ جو بھی بات بنائیں لیکن وہ ائمہؑ کو رسول اور نبی ہی سمجھتے ہیں ۔کیونکہ نبی و رسول وہی ہوتا ہے جسے خدا وحی کرے اور اس کو ذمہ داری سونپے کہ وہ تبلیغ کرے خواہ فرشتہ کو دیکھے یا نہ دیکھے بلکہ وحی سنے اور درک بھی کرے تو وہ نبی و رسول ہے اور متفقہ حیثیت سے فرشتہ کا دیکھنا درحقیقت رسول و نبی کے معنی میں دخالت نہیں رکھتا۔اسی لئے کہتے ہیں کہ رسول وہ انسان ہے جس پر وحی ہو اور وہ خدا کی طرف سے تبلیغ پر مامور ہو۔اس حیثیت سے فرشتے کو دیکھنا معنی نبی و رسول میں کوئی دخالت نہیں رکھتا۔شیعہ جو کچھ انبیا کے بارے میں عقیدہ رکھتے ہیں وہی ائمہؑ اور فاطمہؑ کے بارے میں عقیدے رکھتے ہیں۔وہ کہتے ہیں کہ ائمہؑ ،معصوم ہیں،ان پر وحی ہوتی ہے،فرشتے ان پر فرمان الٰہی لے کر نازل ہوتے ہیں،ان کو معجزات عطا کئے جاتے ہیں اور کمترین معجزہ یہ دیا گیا ہے کہ وہ مردہ کو زندہ کرتے ہیں۔ان کی بہترین کتاب اصول کافی میں اس کی تصریح موجود ہے۔

﴿انما یفتری الکذب الذین لا یومنون بایات الله و اولئک هم الکاذبون ﴾(۱)

## ۴۔ائمہؑ کے علم غیب کے متعلق شیعوں کا عقیدہ

شیعوں سے کینہ وعناد رکھنے والوں میں علم ائمہؑ کے متعلق بڑی چہ می گوئیاں ہیں ۔عجیب وغریب باتیں مشہور کردی گئی ہیں ۔بصیرت سے عاری اور جہالت سے بھرپور ان کینہ توزوں نے ایسی باتیں مشہور کردی ہیں کہ جیسے علم غیب کے متعلق عقیدے میں شیعہ دوسرے اسلامی فرقوں سے منفرد ہیں،شیعوں کے علاوہ کسی نے اس عقیدے کو ظاہر نہیں کیا ہے،اس لئے وہی طعن وتشنیع کے مستحق ہیں۔

قصیمی اپنی کتاب الصراع میں لکھتا ہے کہ شیعوں کے نزدیک ائمہؑ ہر چیز کا علم رکھتے ہیں اور جب وہ چاہتے ہیں کہ کسی بات کو معلوم کریں تو خدا انھیں اس کی تعلیم دیتا ہے۔وہ جانتے ہیں کہ کب موت واقع ہوگی،موت ان کے اختیار میں ہے۔وہ ''علم ما کان و مایکون '' رکھتے ہیں،ان پر کوئی چیز بھی

---

۱۔(نحل/۱۰۵)

پوشیدہ نہیں۔ آگے لکھتا ہے کہ اصول کافی میں اس بارے میں نصوص موجود ہیں۔

پھر لکھتا ہے کہ ائمہؑ علم خدا میں شریک ہیں، انھیں علم غیب ہے، گذشتہ و آئندہ کی باتوں کا پتہ ہے۔ اور یہ بات واضح ہے کہ تمام اہل اسلام کا عقیدہ ہے کہ انبیاء مرسلین بھی اس صفت میں خدا کے شریک ہیں اور قرآن وحدیث اور ائمہ کے نصوص اس سلسلے میں موجود ہیں کہ علم غیب صرف خدا کو ہے۔ اس متواتر عقیدے کی تفصیل کا احاطہ دشوار ہے۔

**جواب:** علم غیب یعنی آنکھوں اور حواس ظاہری سے بیرونی چیزوں کا علم، خواہ وہ موجودہ باتیں ہوں یا آئندہ ظاہر ہوں۔ اس کا علم تمام انسانوں کے لئے ممکن ہے۔

جب بھی کوئی شخص موجودہ یا آئندہ باتوں کی خبر دے خواہ وہ اپنے علم کی بنیاد پر خبر دے خواہ عقل بروئے کار لا کر خبر دے ایسے علم کو بھی علم غیب کہتے ہیں۔ انسانوں کو ایسی واقفیت کے حصول میں بھی کوئی رکاوٹ نہیں۔ مثلاً تمام مومنین کا خدا، فرشتوں، آسمانی کتب اور پیغمبروں نیز قیامت، جنت وجہنم، بعد موت خدا سے ملاقات، حشر ونشر، حور وقصور پر ایمان ہے اور اس کی تصدیق کرتا ہے۔ یہ بھی علم غیب ہی کا حصہ ہے۔ قرآن میں ان باتوں کو علم غیب ہی کہا گیا ہے: ﴿الَّـذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ﴾(۱) ﴿الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ﴾(۲) ﴿إِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالغَيْبِ﴾(۳) ﴿إِنَّمَا تُنذِرُ مَنْ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمَانَ بِالْغَيْبِ﴾(۴) ﴿مَنْ خَشِيَ الرَّحْمَانَ بِالْغَيْبِ﴾(۵) ﴿إِنَّ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَغْفِرَةٌ﴾(۶) ﴿جَنَّاتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدَ اللهُ عِبَادَهُ بِالْغَيْبِ﴾(۷)

منصب نبوت بھی اس بات کا متقاضی ہے کہ وہ مختلف جہات سے علم غیب سے واقف ہوں۔ جو کچھ

---

۱۔ سورۂ بقرہ، آیت ۳۔
۲۔ سورۂ انبیاء، آیت ۴۹۔
۳۔ سورۂ فاطر، آیت ۱۸۔
۴۔ سورۂ یس، آیت ۱۱۔
۵۔ سورۂ ق، آیت ۳۳۔
۶۔ سورۂ ملک، آیت ۱۲۔
۷۔ سورۂ مریم، آیت ۶۱۔

مومنین جانتے ہیں اس سے زیادہ انھیں علم ہو۔آیات ذیل اس بات کا اشارہ کرتی ہیں:

﴿وَ كُلًّا نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِ فُؤَادَكَ..... ﴾(۱)

''اسی لئے خدانے اپنے رسول کوانبیاء کے قصے سنائے''۔

قصہ مریم میں فرمایا:﴿ذَلِكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ اليك﴾(۲)

قصہ نوح کے بعد فرمایا:﴿ تِلْكَ مِنْ أَنْبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهَا إِلَيْكَ ﴾(۳)

یہ علم غیب ہے رسولوں کے لئے ،دوسروں کو اس سے بہرہ نہیں دیا گیا۔قرآن کا ارشاد ہے:﴿عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَدًا ﴿ إِلَّا مَنْ ارْتَضَى مِنْ رَسُولٍ﴾''ہاں انھیں اس علم غیب کا احاطہ بس اتنا ہی ہوسکتا ہے جتنا اللہ چاہے اور تمہیں علم کا قلیل حصہ ہی عنایت کیا گیا ہے۔

اس طرح قرآن کی روشنی میں تمام اولیاء،مومنین اور انبیاء علم غیب رکھتے ہیں لیکن ہر ایک کے علم غیب کی حدیں متعین ہیں۔علاوہ اس کے ان میں سے سب کو کمیت و کیفیت کے اعتبار سے محدود علم عطا کیا گیا ہے۔ان کا علم عارضی ہے ذاتی نہیں۔ازلی نہیں ہے بلکہ نہیں تھا اور ہوا۔اس کی ابتداء وانتہا ہے سرمدی نہیں ہے اور یہ سب کا سب خدا سے ماخوذ ہے جس کا ارشاد ہے:''اسی کے پاس تمام غیب کی کنجیاں ہیں،علم غیب اس کے سوا کوئی نہیں جانتا''۔

پیغمبر اسلامؐ اور ان کے وارث علم حضرت علیؑ اپنے علم غیب کے مطابق بلاؤں،اموات اور حوادث کے موقعوں پر عمل کرنے میں حکم خداوندی کی اجازت کے محتاج ہیں۔علم وعمل اور لوگوں کی اس کی خبر دینے کے تین مراحل ہیں۔ان میں سے کوئی مرحلہ دوسرے مرحلے کا محتاج نہیں اور اس میں ہر جہت کی مراعات اور تقاضوں کا لحاظ ضروری ہے۔اس نبیاد پر ہر وہ چیز جس کی واقفیت ہو وہ واجب العمل اور لائق بیان نہیں۔

امام لخمی معروف بہ شاطبی،الموافقات(۴)میں لکھتے ہیں کہ اگر کوئی حاکم از راہ مکاشفہ معلوم کرلے

---

۱۔سورۂ ہود،آیت ۱۲۰

۲۔سورۂ آل عمران،آیت ۴۴.

۳۔سورۂ ہود،آیت ۴۹.

۴۔الموافقات،ج۲،ص۱۸۴(ج۲،ص۲۶۷)

کہ یہ چیز غصبی ہے یا نجس ہے یا یہ گواہ جھوٹا ہے یا یہ کہ یہ مال زید کا ہے لیکن گواہ اور دلیل گذر جائے اور ثابت ہو جائے کہ عمر کا ہے تو حاکم کے لئے جائز نہیں کہ اپنے مکاشفہ کے مطابق عمل کرے اس طرح وہ گواہ کو مسترد کرنے کا ارادہ نہیں کر سکتا نہ یہ کہہ سکتا ہے کہ جس کے قبضے میں مال ہے یہ اس کا نہیں۔ کیونکہ ظواہر پر عمل کرنا چاہئے اپنے مکاشفہ پر عمل درست نہیں ہوگا نہ خواب پر بھروسہ کیا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا جائز ہو جائے تو ظاہری ثبوت فراہم ہونے کے بعد بھی فیصلہ اس کے مخالف دینا پڑے گا حالانکہ ایسا جائز نہیں۔

روایت صحیح میں رسول خداؐ کا ارشاد ہے کہ تم میرے پاس شکایت لے کر آئے ہو حالانکہ تم میں بعض بڑی لچھے دار اور منطقی باتیں کرتے ہیں لیکن میں جو کچھ ثبوت و گواہ سنتا ہوں اسی کے مطابق فیصلہ دیتا ہوں۔(۱) آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ ظواہر پر عمل کرنے کی تاکید ہوئی ہے، رسولؐ خدا کبھی اپنے علم حقیقی کی بنا پر فیصلہ نہیں کرتے تھے صرف گواہ وثبوت کے بیان ہی کے مطابق فیصلہ کرتے تھے۔

امام مالک کا مشہور قول ہے کہ جب کبھی چند عادل افراد حاکم کے سامنے گواہی دیں لیکن حاکم اپنے ذاتی علم کی بناء پر جانتا ہو کہ حق اس کے خلاف ہے تو اس پر واجب ہے کہ وہ گواہی کے مطابق ہی فیصلہ کرے بشرطیکہ وہ جانتا نہ ہو کہ گواہی دینے والے جان بوجھ کر جھوٹ بول رہے ہیں۔

حافظ مذکور آگے لکھتے ہیں کہ اگر اس کی اجازت دیدی جائے تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ ظواہر محفوظ نہ رہ سکیں گے کیونکہ اگر کوئی شخص ظاہری طور سے قتل کرتا ہے تو اس کا فیصلہ بھی ظاہر ہی کی بنیاد پر ہونا چاہئے اگر اس کا فیصلہ امور غیبی کی بنیاد پر کیا جائے تو دلوں میں وسوسے پیدا ہوں گے اور احکام ظواہر میں تزلزل پیدا ہو جائے گا۔ اس سے روح اسلام متاثر ہوگی اور ایک باب ہی بند کرنا پڑے گا۔(۲)

کیا دعوؤں کا باب ملاحظہ نہیں کیا جاتا کہ جس میں کہا گیا ہے کہ مدعی کے ذمے ثبوت اور انکار کرنے والے سے قسم لی جائے گی (ان البینة علی المدعی و الیمین علی من انکر) اس سے کوئی بھی

---

۱۔ صحیح بخاری، (ج ۲، ص ۹۵۲ صحیح مسلم، ج ۳، ص ۵۴۸)
۲۔ الموافقات فی اصول الاحکام، ص ۱۸۷ (ج ۲، ص ۲۷۱)

مستثنیٰ نہیں یہاں تک کہ رسول خداؐ بھی ایک دعوے کے ثبوت میں انکار کے موقع پر جب آپ سے خرید و فروخت کا معاملہ ہوا اور اس میں انکار ہوا تو آپ ثبوت کے محتاج ہوئے۔ آپ نے فرمایا: کون گواہی دے گا؟ جناب خزیمہ نے آپ کی گواہی دی تو ان کی گواہی کو دو گواہوں کے برابر قرار دیا گیا۔ پھر کسی فرد امت کو اس سے کیسے مستثنیٰ کیا جا سکتا ہے۔ امت کے بزرگ ترین شخص کے لئے بھی مدعی کے ذمے ثبوت اور منکر سے قسم کا حکم لاگو ہوگا، اس طرح شرعی اوامر و نواہی میں امور غیبی سے کام لینا مہمل قرار پاتا ہے۔

آگے لکھتے ہیں: جب یہ بات ثابت ہوگئی تو اس کے مطابق عمل کہاں درست ہو سکتا ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ جائز یا مطلوبہ امور کہ جس میں وسعت ہو تو اس پر عمل متذکرہ تقاضوں کے مطابق ہوگا۔(۱) اور اس کی تین قسمیں ہیں: اول یہ کہ امر مباح ہو۔ مثلاً کوئی شخص اپنے مکاشفہ کی بیناد پر جان لے کہ فلاں شخص فلاں وقت میں اس کے پاس آئے گا... اس قسم کے موقعوں پر عمل کرنا جائز ہوگا۔ چنانچہ اس سلسلے میں اگر خواب دیکھ لے بشرطیکہ غیر شرعی معاملہ نہ ہو تو اس کے مطابق عمل صحیح ہوگا۔ دوسرے یہ کہ اس کے مطابق عمل میں افادیت بھی ہو۔ کیونکہ عقلمند جس انجام سے خوفزدہ ہو اس پر عمل نہیں کرتا۔ اور کرامت جس طرح خصوصیت ہے اسی طرح امتحان بھی ہے وہ اس طرح یہ ملاحظہ کرے کہ کیا کرے۔ اگر اسے ضرورت ہو یا کسی جہت سے اثبات کے حالات ہوں تو کوئی رکاوٹ نہیں۔ رسول خداؐ بھی ضرورت پڑنے پر غیب کی خبریں دیتے تھے۔ یہ بات واضح ہے کہ رسول خداؐ اپنے پیچھے نمازیوں کے متعلق خبر دیتے تھے کہ انھیں پیٹھ پیچھے میں دیکھتا ہوں۔ مطلب یہ تھا کہ غیب کی اطلاع ہے اس لئے ممکن ہے امر و نہی کی جائے۔ اسی طرح تمام کرامات و معجزات ہیں۔ بس عمل امت اس قسم کے مواقع پر زیادہ سزاوار ہے جب کہ امر مباح بھی ہو۔ لیکن جائز ہونے کے باوجود خود پسندی سے احتیاط مناسب ہے۔

تیسرے ایسے مواقع ہوں جہاں تحذیر یا بشارت کا فائدہ حاصل ہو سکے تاکہ خود کو پورے طور سے آمادہ کر سکے۔ یہ صورت بھی جائز ہے مثلاً ایسی بات کی خبر دینا جو واقع ہونے والی ہو یا کسی چیز کے ہونے کی خبر دینا جو نہیں ہے۔

---

۱۔ الموافقات فی اصول الاحکام، ص ۱۸۹ (ج ۲، ص ۲۷۲)

ایسی صورت میں نوحؑ کے دونوں بیٹوں کی خبر علم غیب کیوں نہیں ہے؟ قوم ہودؑ، عادؑ،ثمودؑ ،قوم ابراہیم،قوم لوط، تذکرۂ ذوالقرنین یا گذرے رسولوں کا تذکرہ علم غیب کیوں نہیں ہے؟

رسولؐ کا بعض ازواج کو راز بتانا اور پھر فاش ہونے کے بعد فرمانا کہ مجھے علیم وخبیر نے باخبر کیا ہے، یہ بات علم غیب کیوں نہیں ہے؟

صاحب موسیٰؑ کی باتیں جن پر موسیٰؑ کو صبر نہ ہوسکا علم غیب کیوں نہیں ہے؟

حضرت عیسیٰؑ کا اپنی قوم سے کہنا کہ میں ان باتوں سے تمہیں باخبر کردوں گا جو تم اپنے گھروں میں جمع کرتے ہو،علم غیب کیوں نہیں یا حضرت عیسیٰؑ کا آخری نبی کی بشارت دینا علم غیب کیوں نہیں؟

خدا کا یوسفؑ کو وحی کرنا کہ تم انھیں ان کے امور سے باخبر کروگے یہ علم غیب کیوں نہیں؟

آدمؑ کا اسماء بتادینا جب کہ فرشتوں کے مقابلے میں تھے علم غیب کیوں نہیں؟

نبوت رسول اکرمؐ کے متعلق توریت وانجیل کے محکم بشارات علم غیب کیوں نہیں؟

راہبوں اور کاہنوں کا رسول اکرمؐ کی نبوت کے متعلق بشارت دینا علم غیب کیوں نہیں؟

اس میں کوئی قباحت یا رکاوٹ نہیں کہ خداوند عالم اپنے بندوں میں سے کسی کو علم غیب اور علم ''ماکان ومایکون'' کا بعض حصہ تعلیم فرمادے۔سماوات وارض،علم اولین وآخرین،علم ملائکہ سے بہرہ مند کردے۔اسی طرح امور شہودی سے باخبر کرنے میں کوئی قباحت نہیں جیسے کہ ابراہیمؑ کو ملکوت سماوات دکھایا گیا۔ اس طرح وہ مخلوقات،علم خداوندی میں شریک نہیں ہو جائیں گے نہ خدا کے علم بالشہادت میں شریک ہوں گے،خواہ عالم اور علم کسی مرتبہ پر پہونچ جائے۔ دونوں میں بڑا فرق ہے کیونکہ قیود وامکانی بشری ماخوذ ہوتے ہیں،علم بشری دائمی سے لامحالہ چاہے،وہ علم بالغیب ہو یا علم بالشہادۃ ہو کہ برابر اس کے علم میں ملحوظ رکھنا چاہئے خواہ وہ علم بالغیب سے متعلق ہو یا علم بالشہادہ سے اور وہ اس قید سے جدا نہیں ہوسکتا لیکن علم غیب الٰہی، ذات واجب واحد سے مخصوص ہے۔

اسی طرح فرشتوں کو خدا نے علم غیب مرحمت فرمایا ہے اس سے وہ علم خداوندی میں شریک نہیں ہو جاتے۔مثلاً اسرافیل کو اجازت دی ہے کہ لوح محفوظ جس میں ہر شئی کا بیان ہے مطالعہ کریں اور اسرار

سے آگاہ ہوں ۔اس کی وجہ سے وہ کسی طرح بھی علم خداوندی میں شریک نہیں ہو جائیں گے ۔ بنابریں علم ذاتی مطلق اور علم محدود وا کتسابی میں مقابلہ نہیں کیا جا سکتا ہے ۔ کیونکہ امت کا علم خواہ کتنا ہی زیادہ ہو پیغمبروں کے علمی امتیازات وخصوصیات کی وجہ سے بڑا فرق واقع ہو جاتا ہے ۔ ایک مجتہد اور مقلد کے علم میں بھی بڑا فرق ہوتا ہے ۔ اگر چہ مقلد تمام کا احاطہ کر لے پھر بھی مجتہد کے علم سے مقابلہ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ دونوں کے حصول علم کا سر چشمہ الگ الگ ہے ۔

متذکرہ مطالب کی روشنی میں علم غیب ذاتی ومطلق بغیر کم وکیف کی قید کے، اسی طرح علم بالشہادۃ مخصوص ہے خدا کے صفات ذات سے نہ کہ ہر علم غیب وشہود ۔

اسی مفہوم کو نفیاً واثباتاً ان آیات میں بیان کیا گیا ہے:

﴿ قُلْ لاَيَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ الْغَيْبَ إِلَّا اللهُ ﴾(۱)

﴿إِنَّ اللهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُور﴾(۲)

﴿إِنَّ اللهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاللهُ بَصِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴾(۳)

﴿ثُمَّ تُرَدُّونَ إِلَى عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُون﴾(۴)

﴿عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَانُ الرَّحِيمُ ﴾(۵)

﴿ ذَلِكَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴾(۶)

﴿عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيزُ الْحَكِيم﴾(۷)

حضرت نوح نے فرمایا:

﴿لاأَقُولُ لَكُمْ عِندِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلاأَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلاأَقُولُ لَكُمْ إِنِّي مَلَكٌ﴾(۸)

---

۱۔سورۂ نمل،آیت ۶۵. ۲۔سورۂ فاطر،آیت ۳۸.

۳۔سورۂ حجرات،آیت ۱۸. ۴۔سورۂ جمعہ،آیت ۸.

۵۔سورۂ حشر،آیت ۲۲. ۶۔سورۂ سجدہ،آیت ۶.

۷۔سوررۂ تغابن،آیت ۱۸. ۸سورۂ انعام،آیت ۵۰.

قرآن میں رسول خداؐ کا قول: ﴿کُنتُ أَعْلَمُ الْغَیْبَ لَاسْتَکْثَرْتُ مِنْ الْخَیْرِ﴾(۱)

ان تفصیلات کی روشنی میں جنھیں علم غیب کے بارے میں بیان کیا گیا ہے معلوم ہوجاتا ہے کہ کتاب وسنت میں اس مسئلے پر کوئی تضاد نہیں نہ نفی کے لحاظ سے نہ اثبات کے لحاظ سے بلکہ جہاں کہیں بھی نفی و اثبات کی بات آتی ہے ان کا مخصوص زاویہ ہے۔ بعض جگہ علم غیب کی نفی ہوتی ہے اور بعض جگہ اس کا اثبات ہوا ہے، نصوص اہل بیتؑ میں ان دونوں کی وضاحت ہوتی ہے۔ مثلاً یحییٰ بن عبداللہ بن حسن نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے عرض کی: قربان جاؤں! لوگ سمجھتے ہیں کہ آپ علم غیب جانتے ہیں؟ امام نے جواب میں فرمایا: سبحان اللہ! ذرا اپنا ہاتھ میرے سر پر تو رکھو۔ میرے تمام سر کے بال اور بدن کے روئیں کھڑے ہوگئے ہیں۔ نہیں، خدا کی قسم! یہ باتیں جو بتاتا ہوں یہ رسول خداؐ سے وراثت میں ملی چیزیں ہیں۔

اس علم خداوندی کی طرح دوسرے صفات خدا میں بھی اطلاق وتقیید کا فرق ہے۔ مثلاً حضرت عیسیٰؑ تمام مردوں کو اذن خدا سے زندہ کرتے تھے یا پھر مٹی میں پھونک مار کر پرندہ بنا دیتے تھے۔ چنانچہ قرآن میں اس کو بیان کیا گیا ہے:

﴿أَنِّی أَخْلُقُ لَکُمْ مِنْ الطِّینِ کَهَیْئَةِ الطَّیْرِ﴾(۲) ''میں مٹی سے تمہارے لئے پرندہ پیدا کرتا ہوں۔ میں اس میں پھونک مارتا ہوں تو پرندہ بن کر خدا کے اذن سے اڑنے لگتا ہے''۔ وہ اپنی اس صفت کی وجہ سے خدا کی صفت میں شریک نہیں ہوگئے۔ کیونکہ خدا ہی موت وحیات عطا کرتا ہے اور وہی خلاق عظیم ہے۔

اس طرح وہ فرشتہ، رحم مادر میں جیسی خدا چاہتا ہے صورت گری کرتا ہے، اس کو سماعت وبصارت کی قوت عطا کرتا ہے، ڈھانچے پر کھال، گوشت اور ہڈی چڑھاتا ہے۔ وہ خدا کے صفت تخلیق میں شریک نہیں ہوجاتا۔ حالانکہ خدا ہی خالق، باری اور مصور ہے، وہ رحم مادر میں جیسی چاہتا ہے صورت گری فرماتا ہے۔

---

۱۔ سورۂ اعراف، آیت ۱۸۸۔ ۲۔ سورۂ آل عمران، آیت ۴۹۔

اسی طرح خداوند عالم فرشتے کو رحم مادر میں بھیجتا ہے کہ وہ بچے کی روزی، موت اور حوادث کی تقدیر طے کرے۔ پھر وہ اس میں روح پھونکتا ہے۔ وہ بھی خدا کی صفت میں شریک نہیں ہو جاتا۔ کیونکہ تنہا خدا ہی ہے، اس کی سلطنت میں کوئی شریک نہیں۔ اس نے تمام چیزوں کو پیدا کیا اور اس کی تقدیر متعین کی۔

اسی طرح ملک الموت کے متعلق خدا کا ارشاد ہے کہ وہ لوگوں کی قبض روح پر متعین ہے: ﴿قُلْ يَتَوَفَّاكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُم﴾(۱)

اس حصر کے باجود یہ بھی صحیح ہے کہ خدا ہی روحوں کو قبض کرتا ہے اور خدا ہی موت دیتا ہے اور ملک الموت اس کی اس صفت میں شریک نہیں ہیں۔ کیونکہ خدا نے قبض روح کو اپنی طرف منسوب کرتے ہوئے فرمایا ہے ﴿الله يتوفى الانفس حين موتها﴾ اور پھر فرماتا ہے کہ ظالموں کی روحوں کو فرشتے قبض کرتے ہیں۔(۲) اگر اس صفت قبض روح کو خدا کے علاوہ دوسری کسی مخلوق کی طرف منسوب کیا جائے تو نہ گناہ ہے نہ اس میں کوئی برائی ہے۔

اور فرشتوں کو بھی نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند آتی ہے۔(۳) کیونکہ خدا نے انھیں اسی طرح پیدا کیا ہے اس کے باوجود وہ صفت خداوندی میں شریک نہیں ہو گئیو ہ اپنی ذات کے لئے فرماتا ہے: ﴿لاَتَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلاَنَوْمٌ﴾ ''نہ اسے نیند آتی ہے نہ اونگھتا ہے''۔ اسی طرح اگر کوئی شخص مردہ زمین میں محنت کر کے جان ڈال دے تو وہ صفت خداوندی میں شریک نہیں ہو جائے گا حالانکہ خدا فرماتا ہے کہ وہی وہ خدا ہے جو مردہ زمین میں جان ڈالتا ہے۔

آیئے اب ذرا قصیمی کی بکواس بھی سنئے:

وہ کہتا ہے کہ شیعوں کا قول ہے کہ ائمہ معصومینؑ جب بھی چاہتے ہیں کہ کسی چیز کو معلوم کریں تو خدا انھیں تعلیم دیدیتا ہے۔ اس میں کہاں سے شرک کا مفہوم پیدا ہو گیا؟ ائمہؑ علم غیب میں خدا کے شریک کہاں

---

۱۔ سورۂ سجدہ، آیت ۱۱. ۲۔ سورۂ نحل، آیت ۲۸۔۳۲.

۳۔ نہج البلاغہ، خطبہ ۱ (نہج البلاغہ، ص ۴۱ شرح نہج البلاغہ، ج ۱، ص ۹۱)

سے ہو گئے؟ جب کہ خدا ہی انھیں تعلیم دیتا ہے؟ اس احمق و نادان نے یہ سمجھ لیا ہے کہ ائمہؑ کو ما کان و ما یکون کا علم خدا کے علم غیب میں شریک ہونے کے مترادف ہے۔ اس کے صفات کو محدود کر دینے کے ہم معنی ہے۔ حالانکہ جس نے اسے محدود کہا اس نے اس کو گن لیا اور خدا اس سے قطعی منزہ و پاک ہے دراصل اس کو یہ گمان اس لئے ہوا ہے کہ اس کو حقیقتاً علم غیب کے صحیح مفہوم سے آگاہی نہیں تھی۔

﴿وَمِنْ النَّاسِ مَنْ يُجَادِلُ فِي اللهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّبِعُ كُلَّ شَيْطَانٍ مَرِيدٍ﴾(۱)

اب ہم اس سے سوال کرتے ہیں کہ جو باتیں ائمہؑ شیعہ کے متعلق تم شرک کہتے ہو، اہل سنت کے رہبروں کے متعلق انھیں کو شرک کیوں نہیں کہتے؟ ان واقعات پر نظر ڈالو:

اہل سنت، صحابی رسولؐ حذیفہ کے لئے نقل کرتے ہیں کہ رسول خداؐ نے انھیں قیامت تک کے تمام گذشتہ و آئندہ باتوں کی خبر دیدی تھی۔(۲) ابن ادریس کہتے ہیں کہ میں نے حذیفہ سے سنا کہ وہ فرماتے تھے: خدا کی قسم! میں آج سے قیامت تک ہونے والے واقعات کو تمام لوگوں سے زیادہ جانتا ہوں۔(۳)

بیچارے قصیمی کو یہ بھی نہیں معلوم کہ مومن کو یہ بھی اطلاع ہوتی ہے کہ اس کی کب موت واقع ہوگی، اسے موت و زندگی کا اختیار دیا جاتا ہے۔ ائمہ معصومینؑ تو مومن سے کہیں بلند ہیں۔ اس عقل کے یتیم کو اپنے ہم مذہب افراد کے فضائل کی بھی اطلاع نہیں۔

ابوبکر اور حارث بن کلدہ ایک ساتھ بیٹھ کر حریرہ کھا رہے تھے جو ابوبکر کے لئے تحفہ آیا تھا۔ حارث نے ابوبکر سے کہا: اے خلیفۂ رسولؐ! یہ غذا مت کھائیے اس میں زہر ہے۔ میں اور آپ ایک ساتھ مریں گے۔ واقعی ہوا بھی ایسا ہی دونوں ایک ساتھ بیمار پڑے اور ایک دن مرے۔(۴)

---

۱۔ سورۂ حج، آیت ۳.

(۲) صحیح مسلم، (ج ۵، ص ۴۱۰ کتاب الفتن) مسند احمد ج ۵، ص ۳۸۶ (ج ۶ ص ۵۳۴) بیہقی کی دلائل النبوۃ (ج ۶، ص ۴۰۶) تاریخ ابن عساکر ج ۴، س ۹۴ (ج ۱۲ ص ۲۶۶ نمبر ۱۲۳۱) تیسر الوصول ج ۴ ص ۲۴۱ (ج ۴، ص ۲۹۰ حدیث ۸) الاصابۃ ج ۱، س ۳۱۸ (نمبر ۱۶۴۷)

(۳) مسند احمد، ج ۵، ص ۳۸۸ (ج ۶، ص ۵۳۶ حدیث ۲۲۷۸۰)

۴۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۳، ص ۶۴ (ج ۳، ص ۶۶ حدیث ۴۴۱۱) صفۃ الصفوۃ، ج ۱، ص ۱۰ (ج ۱، ص ۲۵۳ نمبر ۲)

مسند احمد میں عمر کا خواب منقول ہے،ان کے خواب اور خنجر لگنے میں ایک جمعہ کا فاصلہ تھا۔(۱)

کعب الاحبار نے عمر سے کہا: اے امیر المومنین! وصیت کیجئے،آپ تین دن سے زیادہ نہیں جئیں گے۔تیسرے دن ابولؤلؤ نے خنجر مارا۔لوگ ان کی عیادت کو آئے کعب بھی ساتھ تھے۔حضرت عمر نے کہا کہ بات وہی صحیح ہے جو کعب نے کہی۔(۲) عیینہ بن حصن فزاری نے عمر سے کہا: چوکنا رہیئے،مجھے ڈر ہے کہ یہ عجمی آپ کو زخمی کریں گے،انھیں مدینہ سے نکال دیجئے۔پھر عمر کے پیٹ پر ہاتھ پھیرا۔ابولؤلؤ نے اسی جگہ خنجر مارا۔

ابن ضحاک،جبیر بن مطعم سے نقل کرتے ہیں کہ عمر کے ساتھ میں عرفہ کے دن پہاڑ پر تھا کہ ایک شخص کی آواز سنی:

اے خلیفہ! قبیلہ لہیب کے ایک اعرابی نے میرے پیچھے سے آواز دی: یہ کیسی آواز ہے؟ خدا تمہاری زبان قطع کرے۔بخدا! امیر المومنین سال آئندہ زندہ نہ رہ سکیں گے۔

میں نے اسے برا بھلا کہا،سرزنش کی۔جب ہم عمر کے ساتھ رمی جمرات کر رہے تھے تو ایک پتھر ان کے سر پر لگا اور خون بہنے لگا۔اسی لہبی اعرابی نے پھر کہا: اے امیر المومنین! دھیان رکھئے،آپ آئندہ سال یہاں نہ آسکیں گے۔

بخدا! عمر اس کے بعد حج نہ کر سکے اور مر گئے۔اس سے بھی زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ ابوبکر کے زمانۂ خلافت میں ایک مردے نے شہادت عمر کی اطلاع دی۔جب اسے دفن کیا جانے لگا تو کہہ رہا تھا: محمدؐ خدا کے رسول ہیں،ابوبکر صدیق ہیں،عمر شہید ہیں،عثمان نیک و مہربان ہیں۔ہم نے اس جسم کی طرف غور سے دیکھا وہ مردہ تھا۔(۳)

عبداللہ بن سلام کہتے ہیں کہ جس زمانے میں عثمان کا محاصرہ تھا،میں ان سے ملنے گیا۔سلام کیا تو

---

۱۔مسند احمد،۱،ص۴۸،۵۱(ج۱،ص۸۰،۸۲،حدیث۳۴۳،۳۶۴)ریاض النضرۃ ج۲،ص۷۴(ج۲،ص۳۵۴)

۲۔ریاض النضرۃ ج۲،ص۵(ج۲،س۳۵)

۳۔دلائل النبوۃ،(ج۶ص۵۸)الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ(ج۱،ص۶۱۵)

بولے خوش آمدید میرے بھائی ، میں تم سے رات کا خواب بیان کروں: رسول خداؐ کو دیکھا وہ اس روشندان سے کہہ رہے تھے: تمہارا محاصرہ کیا گیا ہے؟ میں نے کہا: ہاں۔ پوچھا: تمہیں پیاسہ رکھا گیا ہے؟ میں نے کہا: ہاں۔ آپ نے ایک ڈول پانی بھجوایا جسے میں نے پی لیا۔ بخدا! ابھی تک اس کی خنکی سینے میں محسوس کر رہا ہوں ۔ پھر فرمایا: چاہو تو میرے ساتھ شام کو افطار کرو اور چاہو تو تمہیں ان پر کامیابی دیدوں۔ میں نے ساتھ میں افطار کرنے کو ترجیح دی۔(۱)

پھر وہ کہتے ہیں کہ میں نے گذشتہ شب ابوبکر وعمر کو خواب میں دیکھا۔ مجھ سے کہا کہ صبر کرو میرے ساتھ افطار کروگے۔ کثیر بن صلت سے عثمان نے کہا کہ مجھ سے رسول خداؐ نے خواب میں فرمایا: اگلے جمعہ تم میرے ساتھ رہوگے۔

ابن عمر کہتے ہیں کہ صبح کو عثمان نے کہا کہ مجھ سے رسول خداؐ نے فرمایا ہے کہ کل میرے ساتھ افطار کروگے۔ دوسرے دن وہ روزے سے تھے کہ قتل کئے گئے۔

محبّ الدین طبری کہتے ہیں کہ اس روایت میں اختلاف اس جہت سے ہے کہ عثمان نے کئی بار خواب دیکھا کبھی رات میں، کبھی دن میں۔(۲)

مستدرک حاکم میں ہے کہ عبداللہ بن عمرو نے اپنے صاحب زادے جابر سے کہا کہ وہ جنگ احد میں قتل ہوں گے۔ وہ سب سے پہلے شہید اسلام ہیں جیسا کہ کہا تھا ویسا ہی واقع ہوا۔(۳)

خطیب بغدادی، ابوالحسن مالکی کا بیان نقل کرتے ہیں کہ میں بہترین پارچہ باف محمد بن اسماعیل کے ساتھ مدتوں رہا اور ان سے بہت سے کرامات سرزد ہوئے۔ انھوں نے مرنے سے آٹھ دن پہلے کہا کہ میں جمعرات کو مروں گا، جمعہ کے دن قبل نماز جمعہ دفن کیا جاؤں گا۔ ہوسکتا ہے کہ تم بھول جاؤ لیکن بھولنا نہیں۔ یہ واقعہ روز جمعہ تک بھول گیا۔ کسی نے مجھ سے کہا کہ وہ مرگئے۔ میں تشییع جنازہ کے لئے چلا میں

---

۱۔ ریاض النضرۃ ج ۲، ص ۱۲۷ (ج ۳ ص ۶۰) الاتحاف، ص ۹۲ (ص ۲۲۹)

۲۔ ریاض النضرہ، ج ۲، ص ۱۲۷ (ج ۳، ص ۶۰)

۳۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۳، ص ۲۰۳ (ج ۳ ص ۲۲۴ حدیث ۴۹۱۲، ۳۹۱۳)

نے دیکھا کہ لوگ واپس آرہے ہیں۔ میں نے پوچھا: کیوں واپس آرہے ہو؟ کہا گیا: بعد نماز دفن کئے جائیں گے۔ میں نے ان کی باتوں پر دھیان نہیں دیا جا کر دیکھا تو واقعی قبل نماز دفن کئے جا چکے تھے۔(۱)

## قطرہ از دریا:

تاریخ وتذکرہ کی کتابوں میں اہل سنت کے بزرگوں کی بے شمار داستانیں ملتی ہیں جنھیں انھوں نے فضائل وکرامات کے ذیل میں لکھا ہے۔ یہ داستانیں غیب سے متعلق ہیں لیکن قصیمی یا ان کا جرگہ اسے شرک نہیں سمجھتا۔ لیکن اگر اسی قسم کے واقعات ائمہ معصومینؑ کے متعلق بیان ہوتے ہیں تو انھیں مزخرفات کہا جاتا ہے:

۱۔ ابوعمرو بن علوان کہتا ہے کہ کسی ضرورت سے بازار رحبہ جا رہا تھا کہ ایک جنازہ دیکھا، اس پر نماز پڑھنے چلا کہ اسی درمیان ایک عورت پر نگاہ پڑ گئی۔ دل چاہا کہ اسی طرح نظر بازی کرتا رہوں لیکن استغفار کر کے شیخ جنید سے ملنے بغداد چل دیا۔ جب حجرے کے پاس کنڈی کھٹکھٹائی تو شیخ نے مجھ سے فرمایا:

آجاؤ ابوعمرو! تم نے بازار رحبہ میں جو گناہ کیا تھا میں نے یہاں تمہارے لئے استغفار پڑھ لیا۔(۲)

۲۔ ابن نجّار کہتے ہیں کہ شیخ جبائی ایک دن اخلاص، ریا اور خود پسندی کے متعلق وعظ کہہ رہے تھے۔ میں نے سوچا گھمنڈ سے کیسے چھٹکارا پایا جائے۔ شیخ نے مجھے دیکھ کر کہا: جب تم تمام چیزوں کو خدا کی جانب سے سمجھو گے اور یقین کر لو گے کہ خدا ہی نیک عمل کی توفیق دیتا ہے تو گھمنڈ سے چھٹکارا پا لو گے۔(۳)

۳۔ شیخ علی شبلی کہتے ہیں کہ میری بیوی نقاب مانگ رہی تھی۔ میں کہہ رہا تھا کہ پانچ درہم کا مقروض ہوں کہاں سے لاؤں؟ رات میں خواب دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ اگر ابراہیمؑ خلیل اللہ کو دیکھنا چاہتے ہو تو شیخ عبدالعزیز کی طرف دیکھو۔

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۴۹، المنتظم، ج۶، ص۴۲۷ (ج۱۳، ص۳۴۵ نمبر ۲۳۳۸)

۲۔ (تاریخ بغداد، ج۷، ص۲۴۷ صفۃ الصفوۃ، ج۲، ص۲۳۶ (ج۲، ص۴۱۹ نمبر ۲۹۹)

۳۔ شذرات الذہب، ج۵، ص۱۶ (ج۷ص۳۱)

صبح کو جب ان سے ملنے قاسیون گیا تو مجھ سے کہا بیٹھو پھر گھر جا کر پانچ درہم لا کر مجھے دیا۔(۱)

۴۔ ابو محمد جوہری کہتے ہیں کہ میرے بھائی نے کہا کہ میں نے رسوؐل سے خواب میں پوچھا: کون مذہب سچا اور بہتر ہے؟ فرمایا: ابن بطہ، ابن بطہ۔ میں بغداد سے عکبرا گیا، جمعہ کا دن تھا، مسجد جامع میں ان سے ملاقات ہوگئی مجھے دیکھتے ہی فرمایا: رسولؐ نے سچ فرمایا، رسولؐ نے سچ فرمایا۔(۲)

۵۔ ابو الفتح قواس اس قدر مفلس ہو گئے تھے کہ گھر میں صرف کمان اور جوتا رہ گیا تھا۔ اسے بیچنے کا ارادہ کیا تو ابوالحسین بن سمعون کا جلسہ تھا، وہاں پہنچ گیا۔ باہر آنے لگا تو ابوالحسین نے مجھے پکار کر فرمایا: کمان اور جوتا مت بیچو کیونکہ خدا جلد ہی تمہیں روزی عطا کرے گا۔(۳)

۶۔ حافظ ابن کثیر کہتے ہیں کہ زیاد نامی ایک شخص بڑا خطیب تھا، اس کی مجلس میں تیس ہزار عورت مرد شریک ہوتے تھے۔ ایک دن وہاں پہونچا تو دل میں سوچا کاش زیاد مجھے آبگوشت پینے کو دیتا کہ حافظ قرآن ہو جاتا۔ اس نے مجھے آبگوشت دیتے ہوئے کہا: یہ تمہاری نیت کے مطابق ہے۔ میں نے پیا تو حافظ قرآن ہو گیا۔(۴)

۷۔ ابو الحارث اولاسی کہتے ہیں: میں قلعہ اولاس سے نکلا کہ دریا کا سفر کروں۔ میرے بھائی نے کہا: میں نے آپ کے لئے عجہ (مخصوص کھانا) پکوایا ہے کھا لیجئے تو جائیے۔ میں نے قبول کرلیا۔ پھر دریا کی سیر کرنے چلا، وہاں ابراہیم بن سعد مشغول نماز تھے۔ میں نے ان کی پانی پر چلنے کی فرمائش کو دل میں سوچا تو انھوں نے کہا: جو دل میں نیت کی ہے بسم اللہ کہہ کے چلو۔ میں بسم اللہ کر کے پانی پر چلا تو دریا میں لڑھک گیا۔ فرمایا: تمہیں عجہ کھانے کی وجہ سے یہ ناکامی ہوئی ہے۔(۵)

---

۱۔ شذرات الذہب، ج ۵، ص ۴۷ (ج ۷، ص ۱۳۳)

۲۔ شذرات الذہب، ج ۳، ص ۱۲۳ (ج ۴، ص ۴۶۴)

۳۔ تاریخ بغداد، ج ۱، ص ۲۷۵.

۴۔ البدایۃ والنہایۃ، ج ۱۲، ص ۱۴۴ (ج ۱۲ ص ۱۷۷)

۵۔ تاریخ بغداد، ج ۶۔ ص ۸۶، تاریخ ابن عساکر، ج ۲، ص ۲۰۸ (ج ۶، ص ۴۰۲ نمبر ۴۰۴) صفۃ الصفوۃ، ج ۲، ص ۲۴۲ ج ۲، ص ۴۲۹ نمبر ۴۰۰)

۸۔ایک دن ابن سمعون واعظ منبر پر تھے۔منبر کے نیچے ابن قواس بھی تھے۔اچانک انھیں اونگھ آ گئی ،ابن سمعون نے وعظ روک دیا۔ابن قواس خواب سے بیدار ہوئے تو پوچھا کہ میں نے رسول خدا ؐ کو خواب میں دیکھا ہے؟ کہا: ہاں۔ابن سمعون نے کہا: اسی لئے میں نے وعظ روک دیا کہ اس میں رکاوٹ نہ بنوں۔(۱)

۹۔ابن جنید کہتے ہیں کہ میں نے شیطان کو خواب میں عریاں دیکھا۔اس سے کہا: تجھے انسانوں سے شرم نہیں آتی ؟ اس نے کہا: اگر یہ انسان ہوتے تو ان سے بچوں کی طرح نہ کھیلتا؟ میں نے پوچھا: انسان کہاں ہیں؟ بولا: مسجد شونیزی میں جو میرے دل کو خون اور بدن کو زخمی کرتے ہیں، میں ان کو بہکا نہیں پاتا۔خواب سے بیدار ہو کر اسی مسجد کی طرف چل دیا، وہاں تین آدمی زانو میں سر دبائے بیٹھے تھے۔ایک نے سر اٹھا کر کہا: اس مکار (شیطان) کی فریبی باتوں پر توجہ مت دو۔ان تینوں کے نام یہ تھے: ابوبکر دقاق، ابوالحسین نوری، ابوحمزہ جرجانی۔(۲)

۱۰۔ایک دن نصرانی جوان مسلمان کی شکل میں ابوالقاسم جنید کے پاس آیا۔ان سے کہا: حدیث رسول ؐ ''مومن کی فراست سے بچو کیونکہ وہ نور خدا سے دیکھتا ہے'' کا مطلب کیا ہے؟

جنید نے سر اٹھایا اور کہا: اب تمہیں مسلمان ہونا چاہئے اور وہ مسلمان ہو گیا۔(۳)

ابوالحسن شاذلی کہتے تھے کہ اگر میری زبان پر شریعت کا تالا نہ ہوتا تو قیامت تک کے تمام حوادث بتا دیتا۔(۴)

اس سے کہیں زیادہ تعجب کی بات ایک مرد سنی کا دعویٰ ہے کہ وہ لوح محفوظ کا مطالعہ کرتا ہے۔اور پھر سنی حضرات اسے فضائل کے زمرہ میں شامل کر کے اسے نقل کرتے ہیں۔

شذرات میں حالات قوجوی حنفی درج ہیں، اس نے تفسیر بیضاوی پر حاشیے لکھے ہیں۔وہ کہتا ہے

---

۱۔تاریخ بغداد، ج۱، س۲۷۶، المنتظم، ج۷، ص۱۹۹ (ج۱۵، ص۴ نمبر ۲۹۳۷) البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱، ص۳۲۳ (ج۱۱، س۳۷۰)

۲۔البدایۃ والنہایہ، ج۱۱، ص۹۷ (ج۱۱س۱۰۹) صفۃ الصفوۃ، ج۲ص۲۳۴ (ج۲، ص۴۱۵ نمبر ۲۹۴)

۳۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱، ص۱۱۴ (ج۱۱، ص۱۰۹)

۴۔شذرات الذہب، ج۵، ص۲۷۹ (ج۷، س۴۸۳)

کہ جب مجھے کسی آیت قرآنی کے متعلق شک ہوتا ہے تو خدا کی طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ میرے سینے میں دو چاند طلوع ہوتے ہیں۔ پھر ایک نور پیدا ہوتا ہے اس کے وسیلے سے ہی لوح محفوظ کا مطالعہ کرتا ہوں اور پھر مجھے آیت کے مفہوم کے معنی معلوم ہو جاتے ہیں۔(۱)

مولانا بخشی کے حالات میں ہے کہ وہ دیار عرب کی طرف گئے، وہاں علماء سے فقہ وتفسیر میں مہارت پیدا کی۔ وہ اکثر فرماتے کہ میں لوح محفوظ کا مطالعہ کرتا ہوں۔ جو لکھا ہوتا ہے اس کے خلاف واقع نہیں ہوتا۔(۲) شیخ جاگیر اپنے مریدوں کے نام لوح محفوظ میں دیکھ کر اسے مرید بناتے تھے۔(۳) ابن صباغ اسی سے صحبت کرتے جس کا نام لوح محفوظ میں دیکھ لیتے۔(۴) اس قسم کے بے شمار خرافات کتابوں میں بھرے پڑے ہیں۔(۵)

﴿ وَالَّذِينَ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لايشعرون﴾(۶)

## ۵۔ جنازوں کی منتقلی مشاہد مقدسہ کی طرف

احکام اسلام سے بے خبر، مصادر فتویٰ سے غافل افراد اس مسئلے میں بہت زیادہ شور غوغا کر رہے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ یہ مسئلہ مخصوص شیعوں ہی کا ہے۔ اس لئے طعن وتشنیع شروع کر دیتے ہیں۔

اس درمیان کچھ ناپختہ علماء اس کے دفاع میں کہتے ہیں کہ یہ ناواقف عوام کی حرکت ہے، علماء کرام کی اجازت کے بغیر جنازے مشاہد مقدسہ کی طرف منتقل کئے جاتے ہیں۔ دوسرا گروہ تحقیق کی آرزو میں حقیقت کو تحریف کر کے پیش کرتا ہے۔ ان تمام نادانیوں کے برخلاف علماء کرام نے اس حقیقت سے پردہ اٹھایا ہے۔

---

۱۔شذرات الذہب، ج۸،ص۲۸۶ (ج۱۰،ص۴۰۱)

۲۔شذرات الذہب، ج۸،ص۱۷۸ (ج۱۰،ص۲۴۷) ۳۔مرأۃ الجنان، ج۲،ص۱۷۱،

۴۔مرأۃ الجنان، ج۴،ص۲۵،شذرات الذہب، ج۵،ص۵۲، (ج۷،ص۰۶)

۵۔جیسے طبقات شعرانی، نووی کی الکواکب الدریۃ، یافعی کی روض الریاحین، احمد وتری کی روضۃ الناظرین.

۶۔سورۂ اعراف، آیت۱۸۲.

ان بیچاروں کو یہ خبر ہی نہیں کہ دوسرے مذاہب کے ماننے والے بھی اپنے مردوں کو دوسری متبرک جگہوں پر منتقل کرتے رہے ہیں۔ چاہے میت نے وصیت کی ہو یا نہیں۔

مذہب مالکی کہتا ہے کہ جنازوں کا دوسری جگہ منتقل کرنا خواہ دفن سے پہلے ہو یا بعد تین شرطوں سے جائز ہے:

۱۔ منتقل کرتے وقت میت کے خراب اور منفجر ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔

۲۔ ہتک حرمت نہ ہو یعنی اس طرح منتقل کیا جائے کہ تحقیر میت نہ ہو۔

۳۔ منتقل کرنے میں مصلحت بھی ہو۔ مثلاً سیلاب کی وجہ سے قبر متاثر ہو، کسی برکت کی امید ہو، خاندان کی سکونت سے قریب ہو یا خاندان کے لوگ قبر کی زیارت کر سکیں۔ (۱)

حنبلی مذہب کہتا ہے: میت کو منتقل کرنے میں کوئی حرج نہیں، اسے کہیں دور بھی لے جایا جا سکتا ہے بشرطیکہ منتقلی غرض صحیح کی بنیاد پر ہو۔ کسی مقدس مقام پر دفن کیا جائے یا کسی نیک مردے کے پہلو میں دفن کیا جائے۔ یہ بھی شرط ہے کہ اس کی بو متغیر نہ ہو۔ اس میں کوئی فرق نہیں کہ قبل دفن منتقل کیا جائے یا بعد دفن۔ (۲)

شافعی مذہب کہتا ہے کہ میت کو دوسری جگہ منتقل کرنا حرام ہے، بعض کہتے ہیں کہ مکروہ ہے لیکن یہ حرمت اور کراہت ختم ہو جاتی ہے اگر اسے مکہ و مدینہ یا جنت البقیع میں دفن کرنے کے لئے منتقل کیا جائے یا کسی نیک مردے کے پہلو میں یا میت نے خود منتقل کرنے کی وصیت کی ہو۔ ایسی صورت میں منتقل کرنا لازم ہو جاتا ہے لیکن بو متغیر نہ ہو اور مکہ سے مراد تمام حرم ہے نہ کہ صرف شہر۔ (۳)

حنفی مذہب کہتا ہے: مستحب ہے کہ میت کو اسی جگہ دفن کیا جائے جہاں اس کا انتقال ہوتا ہے لیکن قبل دفن اسے منتقل کرنے میں کوئی حرج نہیں اگر بو متغیر نہ ہو۔ لیکن بعد دفن اس کا منتقل کرنا حرام ہے لیکن

---

۱۔ الفقہ علی المذاہب الاربعۃ، ج۱، ص۴۲۱ (ج۱، س۵۳۷)

۲۔ الفقہ علی المذاہب الاربعۃ، ج۱۔ ص۴۲۲.

۳۔ المنہاج مطبوع برحاشیہ المغنی، ج۱، ص۳۵۷ (ج۱، ص۳۶۵، شرح شربینی، ج۱، ص۳۵۸ (ج۱، ص۳۶۶)

اگر میت غصبی جگہ پر دفن کر دی گئی ہے یا اس زمین کو شفعہ پر لے لیا گیا ہے تو حرام نہیں۔(۱)

جس کو بھی تاریخ پر ذرا بھی عبور ہے اس پر یہ حقیقت واضح ہوگی کہ تمام مذاہب کے علماء عملاً اس پر متفق ہیں کہ جنازوں کو بعد دفن یا قبل دفن منتقل کرنا جائز ہے اور یہ کہ میت کو مقدس مقامات مثلاً مکہ، مدینہ، جوار قبر امام، جوار بندۂ صالح، پاک سرزمین یا میت کے خاندان کا مخصوص قبرستان، ان جگہوں پر منتقل کرنا جائز ہے۔ان مذاہب کے علماء، خطباء اور قاریان قرآن پر اس کا نفاذ بھی ہوا ہے۔اس سے ثابت ہوتا ہے کہ تمام مسالک اس پر متفق ہیں بلکہ تاریخ گواہ ہے کہ زمانہ صحابہ و تابعین ہی سے اس کا رواج تھا۔اگر زمانۂ صحابہ سے اس کا رواج نہ ہوتا تو صحابہ ہرگز اس بارے میں اختلاف نہ کرتے کہ آنحضرت کو مدینہ یا مکہ یا جوار ابراہیمؑ میں دفن کیا جائے۔(۲)

میت کی منتقلی شریعت سابقہ میں بھی متفقہ تھی چنانچہ آدمؑ مکے میں مرے لیکن غار ابوقبیس میں دفن کئے گئے۔نوحؑ کو سفینہ سے اٹھا کر بیت المقدس میں (۳) دفن کیا گیا۔شیعوں کے مطابق نجف میں دفن کیا گیا۔

حضرت یعقوبؑ کا مصر میں انتقال ہوا اور شام میں دفن کئے گئے۔(۴) حضرت موسیٰؑ کی نعش حضرت یوسفؑ نے مصر سے نکال کر اپنے آبائی مدفن فلسطین میں دفن کی۔(۵) حضرت یوسفؑ نے اپنے باپ یعقوبؑ کا جسد مصر سے جرون منتقل کیا۔(٦) امام حسنؑ و حسینؑ نے اپنے والد ماجد کا جسد اطہر کوفے سے نجف لے جا کر دفن کیا۔

---

۱۔الفقہ علی المذاہب الاربعۃ، ج۱،ص۴۲۲ (ج۱،ص۵۳۷)

۲۔الملل والنحل، ج۱،ص۲۱ (ج۱،ص۳۰) قاری شرح شمائل، ج۲،ص۲۰۸ اور مناوی کی شرح شمائل جو اسی کتاب کے حاشیہ پر بھی ہے، سیرۂ حلبیہ، ج۲،ص۳۹۳، (ج۳،ص۳۵۴) صواعق محرقہ،ص۲۹، (ص۳۴)

۳۔تاریخ طبری، ج۱،ص۸۰ (ج۱،ص۱٦۱) ۴۔حاشیہ ابی الخلاص حنفی مطبوع بر حاشیہ درر الحکام ج۱،ص۱٦۸.

۵۔قاری کی شرح الشمائل، ج۲،ص۲۰۸ نیز مناوی کی شرح.

٦۔تاریخ طبری، ج۱ص۱٦۱،ص۱٦۹ (ج۱ص۳۳۰، ۳٦۴) (معجم البلدان ج۳،ص۲۰۸ (ج۲،ص۲۱۲) البدایۃ والنہایۃ، ج۱، ص۱۷۴،ص۱۹۸ (ج۱،ص۲۲٦، ۲۵۳)

دلائل النبوۃ میں (۱) ہے کہ سب سے پہلے جس کی میت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا گیا وہ حضرت علیؑ کا جسد اطہر ہے۔ روز جمعہ ۱۷ر رمضان کو ظالم کی تلوار سے آپ زخمی ہوئے، دو روز کے بعد آپ نے وفات پائی، امام حسنؑ نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور دارالامارہ کوفہ میں آپ کو دفن کر دیا، قبر چھپادی۔ پھر بعد میں نجف منتقل کر دی۔ ہارون رشید کے زمانے تک آنحضرتؑ کی قبر پوشیدہ رہی۔ ہارون رشید کے زمانے میں جب ظاہر ہوئی تو اس نے آپ کی قبر اطہر پر گنبد بنوادیا۔

اس کا واقعہ یوں ہوا کہ ہارون نے دیکھا کہ نجف کے گرد جانوروں کو انس ہے اور شکاریوں سے وہاں پناہ لیتے ہیں۔ پاس کے دیہات کے بوڑھے سے وجہ پوچھی تو اس نے کہا کہ اس جگہ حضرت علیؑ اور نبی خدا حضرت نوحؑ کی قبر ہے۔

اب یہاں ان لوگوں کے نام لکھے جا رہے ہیں جن کو قبل دفن یا بعد دفن دوسری جگہ منتقل کیا گیا:

۱۔ مقداد بن عمرو بن ثعلبہ صحابی: مدینے سے تین میل جرف میں وفات پائی اور بقیع میں دفن کیا گیا۔ (۲)

۲۔ سعید بن زید قریشی عدوی: (عشرۂ مبشرہ کی فرد) مدینے سے دس میل عقیق میں مرے اور مدینہ میں دفن کئے گئے۔ (۳)

۳۔ عبدالرحمٰن بن ابی بکر: مکے سے چھ میل دور حبشی میں مرے اور وہاں سے مکہ لایا گیا۔ حضرت عائشہ نے مدینہ سے آ کر قبر پر نماز پڑھی اور نوحہ خوانی کی۔ (۴)

۴۔ سعد بن ابی وقاص: حمراء الاسد میں مرے، مدینہ میں دفن کئے گئے۔ (۵)

۵۔ اسامہ بن زید: جرف میں مرے مدینہ میں دفن ہوئے۔ (۶)

---

۱۔ سکتواری کی محاضرۃ الاوائل، ص۱۰۲ (ص ۱۵۵ اصفدی کی تمام المتون، ص۱۵۱ (۲۰۰)

۲۔ اسد الغابۃ، ج۴ ص۴۱۱ (ج ۵، ص۴ ۲۵ نمبر ۵۰۶۹.

۳۔ تاریخ ابن عساکر، ج۶، س ۱۲۷ (ج ۲۱، ص۹۲ نمبر ۲۴۷۷)

۴۔ معجم البلدان، ج ۳، ص ۲۱۱ (ج ۲، ص ۲۱۴)

۵۔ تاریخ بغداد ج ۱، ص ۱۴۶۔

۶۔ صفۃ الصفوۃ ج ۱، ص ۲۱۰ (ج ۱، ص ۵۲۳ نمبر ۵۸)

۶۔ابو ہریرہ: عقیق میں مرے مدینہ میں دفن ہوئے۔(۱)

۷۔یزید بن معاویہ: حوارین میں ہلاک ہوا اور دمشق میں دفن ہوا۔(۲)

۸۔ابواسحاق ابراہیم بن ادہم: جزیرے میں مرے صور میں دفن ہوئے۔(۳)

۹۔جعفر بن یحییٰ: غمر میں قتل ہوئے اور بغداد جنازہ لاکر دفن کیا گیا۔(۴)

۱۰۔ذوالنون مصری: حیرہ میں مرے جنازے کو سواری پر رکھ کر فسطاط لایا گیا اور اہل معافر کے قبرستان میں دفن کیا گیا۔(۵)

۱۱۔ہارون بن عباس ہاشمی: رویشہ یا عرج میں مرے مدینہ میں دفن ہوئے۔(۶)

۱۲۔احمد بن محمد باہلی: بغداد میں مرے بصرے میں دفن ہوئے۔(۷)

۱۳۔محمد بن اسحاق ابوالعنبس صیمری: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۸)

۱۴۔خلیفہ عباسی معتمد علی اللہ: بغداد میں مرا سامرہ میں دفن ہوا۔(۹)

۱۵۔جعفر بن معتضد: دینور میں مرے بغداد میں دفن ہوئے۔(۱۰)

۱۶۔علی بن محمد بن ابوالشوارب اموی: بغداد میں مرے سامرہ میں دفن ہوئے۔(۱۱)

۱۷۔جعفر بن محمد بن عرفہ: عمق میں مرے بغداد میں دفن ہوئے۔(۱۲)

۱۸۔حسین بن عمر بن ابوالاحوص کوفی: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۱۳)

---

۱۔الاصابۃ، ج۴،ص۲۱۰.    ۲۔البدایۃ والنہایۃ، ج۸،س۲۳۶ (ج۸،ص۲۵۹)

۳۔صفۃ الصفوۃ، ج۲،ص۱۳۲ (ج۴،ص۱۵۸ نمبر۷۰۱)

۴۔شذرات الذہب، ج۱،ص۳۳۷ (ج۲،ص۴۳۵)

۵۔صفۃ الصفوۃ، ج۴،ص۲۹۳ (ج۴،ص۳۲۱ نمبر۸۳۹)

۶۔تاریخ بغداد، ج۱۴،ص۲۷.    ۷۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۶۷ (ج۱،ص۱۴۲ نمبر۵۵۷)

۸۔المنتظم، ج۵،ص۹۹ (ج۱۲،ص۲۷۲ نمبر۱۸۱۸)    ۹۔تاریخ بغداد، ج۴،ص۶۱.

۱۰۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱،ص۶۹ (ج۱۱ص۸۰)    ۱۱۔المنتظم، ج۵،ص۱۶۴ (ج۱۲،ص۳۶۴ نمبر۱۹۰۱)

۱۲۔المنتظم، ج۶،ص۲۵ (ج۱۲،ص۴۱۲ نمبر۱۹۴۲)    ۱۳۔تاریخ بغداد، ج۸،س۸۱.

۱۹۔محمد بن جعفر ابوعمر قتات کوفی: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۱)

۲۰۔عبداللہ بن ابراہیم (ابن الاکفانی): قصر میں مرے مکہ میں دفن ہوئے۔(۲)

۲۱۔ابراہیم بن نجیح کوفی: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۳)

۲۲۔بدر بن ہیثم کوفی قاضی: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۴)

۲۳۔محمد بن حسین ابوالطیب لخمی: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۵)

۲۴۔ابراہیم بن محمد (ذریت عمر بن خطاب): بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۶)

۲۵۔اسماعیل بن عباس ابوعلی وراق: مکہ میں مرے بغداد میں دفن ہوئے۔(۷)

۲۶۔علی بن عبدالرحمٰن کوفی: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۸)

۲۷۔ابوالحسن علی بن محمد بن زبیر: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۹)

۲۸۔مطرف بن عیسیٰ غسانی: قرطبہ میں مرے غسان میں دفن ہوئے۔(۱۰)

۲۹۔ابراہیم بن محمد ابوالطیب عطار: سوسنقین یا ساوہ میں مرے نیشاپور میں دفن ہوئے۔(۱۱)

۳۰۔المطیع للہ خلیفہ عباسی: دیر عاقول میں مرے بغداد میں دفن ہوئے۔(۱۲)

۳۱۔احمد بن عطا زاہد: منواث میں مرے صفد میں دفن ہوئے۔(۱۳)

۳۲۔محمد بن عباس ضبی ہراتی: خواف نیشاپور میں مرے ہرات میں دفن ہوئے۔(۱۴)

۳۳۔علی بن عبدالعزیز جرجانی: نیشاپور میں مرے جرجان میں دفن ہوئے۔(۱۵)

---

۱۔المنتظم، ج۶،ص۱۲۰، (ج۱۳،ص۱۳۹)

۲۔تاریخ بغداد، ج۹،ص۴۰۵.

۳۔المنتظم، ج۶،ص۱۹۷.

۴۔تاریخ بغداد، ج۷،س۱۰۸.

۵۔المنتظم، ج۶،ص۲۲۶ (ج۱۳،ص۲۹۷نمبر۲۲۸۸)

۶۔تاریخ بغداد، ج۶،ص۱۵۸.

۷۔المنتظم، ج۶،ص۲۷۸ (ج۱۳،ص۳۵۲نمبر ۲۳۵۵)

۸۔تاریخ بغداد، ج۱۲،ص۳۲.

۹۔تاریخ بغداد، ج۱۲،ص۸۱.

۱۰۔بغیۃ الوعاۃ،ص۳۹۲ (ج۱،ص۲۸۹نمبر۲۰۰۱)

۱۱۔تاریخ بغداد، ج۶،ص۱۶۹.

۱۲۔تاریخ بغداد، ج۱۲،ص۳۷۹.

۱۳۔شذرات الذہب، ج۳،ص۶۸ (ج۴،ص۳۷۳)

۱۴۔المنتظم، ج۷،ص۱۴۶.

۱۵۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱،ص۳۳۲ (ج۱۱،ص۳۸۱)

۳۴۔ابوعبداللہ قمی مصری: مصر سے مکہ جاتے ہوئے مرے مدینہ میں دفن ہوئے۔(۱)

۳۵۔اسماعیل بن حسن صرصری: بغداد میں مرے صرصر میں دفن ہوئے۔(۲)

۳۶۔ابونصر فیروز بہاءالدین: ارجان میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۳)

۳۷۔ابواسحاق اسفرائینی شافعی: نیشاپور میں مرے اسفرائین میں دفن ہوئے۔(۴)

۳۸۔ابوالقاسم حسین بن علی مغربی: میافارقین میں مرے نجف میں دفن ہوئے۔(۵)

۳۹۔حافظ ابوبکر بیہقی: نیشاپور میں مرے بیہق میں دفن ہوئے۔(۶)

۴۰۔محمد بن احمد بن مشارہ ابوعبداللہ اصفہانی شافعی: بغداد میں مرے دجیل میں دفن ہوئے۔(۷)

۴۱۔علی بن ابی نصر موصلی: بغداد میں مرے موصل میں دفن ہوئے۔(۸)

۴۲۔ابوبکر محمد بن عبداللہ ناصحی نیشاپوری: ری میں مرے نیشاپور یا اصفہان میں دفن ہوئے۔(۹)

۴۳۔قاضی ابواحمد شہرزوری: مدائن کسری میں مرے اسکندریہ میں دفن ہوئے۔(۱۰)

۴۴۔ابوبکر احمد بن علی علسی حنبلی: عرفات میں مرے مکہ میں دفن ہوئے۔(۱۱)

۴۵۔حافظ ابوالغنائم محمد بن علی نرسی کوفی مقری: حلہ میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۱۲)

۴۶۔ابوبکر محمود بن مسعود قاضی القضاۃ حنفی: سمرقند میں مرے بخارا میں دفن ہوئے۔(۱۳)

۴۷۔ابواسحاق غزی ابراہیم بن عثمان: خراسان میں مرے مرو میں دفن ہوئے۔(۱۴)

۴۸۔قاضی بہاءالدین شہرزوری: حلب میں مرے صفین میں دفن ہوئے۔(۱۵)

---

۱۔المنتظم، ج۷، ص۲۴۸ (ج۱۵، ص۳۷ نمبر ۳۰۱۹)

۲۔تاریخ بغداد، ج۶، ص۳۱۲.

۳۔المنتظم، ج۷س۲۶۴ (ج۱۵، ص۹۵ نمبر ۳۰۴۱)

۴۔شذرات الذہب، ج۳، ص۲۱۰ (ج۵، ص۹۱)

۵۔المنتظم، ج۸، ص۱۳۳، (ج۱۵، ص۱۸۶ نمبر ۳۱۵۰)

۶۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲، ص۹۴ (ج۱۲، ص۱۱۶)

۷۔المنتظم، ج۸، ص۲۷۵ (ج۱۶، ص۱۴۲)

۸۔المنتظم، ج۹، ص ص۳۲ (ج۱۶، ص۲۶۳ نمبر ۳۵۶۳)

۹۔الجواہر المضیئۃ ج۲، ص۶۴ (ج۳، ص۱۸۵)

۱۰۔شذرات الذہب، ج۳، ص۳۹۳ (ج۵، ص۳۹۳)

۱۱۔صفۃ الصفوۃ، ج۲، ص۲۷۹ (ج۵، ص۴۹۵ نمبر ۳۴۰)

۱۲۔المنتظم، ج۹، ص۱۸۹ (ج۱۸، ص۱۵۱ نمبر ۳۸۴۴)

۱۳۔الجواہر المضیئۃ، ج۲، ص۱۶۲ (ج۲، ص۴۵۱ نمبر ۱۶۳۲)

۱۴۔شذرات الذہب، ج۴، ص۶۸ (ج۶، ص۱۱۴)

۱۵۔وفیات الاعیان، ج۱، ص۲۱۲ (ج۲، ص۳۲۹ نمبر ۲۴۵)

۴۹۔ابوسعد احمد بن محمد حافظ اصفہانی: نہاوند میں مرے اصفہان میں دفن ہوئے۔(۱)

۵۰۔احمد بن محمد ابولمعالی بن بسر بخاری: سرخس میں مرے بخارا میں دفن ہوئے۔(۲)

۵۱۔مظفر بن اردشیر ابومنصور عبادی: لشکر گاہ مکرم میں مرے بغداد میں دفن ہوئے۔(۳)

۵۲۔ابوالحسن محمد بن مبارک بغدادی فقیہ شافعی: بغداد میں مرے کوفہ میں دفن ہوئے۔(۴)

۵۳۔صدرالدین خجندی شافعی: ہمدان وکرخ کے پاس دیہات میں مرے سیلان میں دفن ہوئے۔(۵)

۵۴۔محمد بن عبدالرحیم انصاری مالکی غرناطی: اشبیلیہ میں مرے غرناطہ میں دفن ہوئے۔(۶)

۵۵۔عبداللطیف فقیہ شافعی: ہمدان میں مرے اصفہان میں دفن ہوئے۔(۷)

۵۶۔ضیاءالدین عیسی الہکاری فقیہ: خروبہ میں مرے قدس میں دفن ہوئے۔(۸)

۵۷۔ابوالفضل حسین بن احمد ہمدانی یزدی: قوص میں مرے مصر میں دفن ہوئے۔(۹)

۵۸۔مسعود بن صلاح الدین: مدرسہ راس العین میں مرے حلب میں دفن ہوئے۔(۱۰)

۵۹۔ابن حمدون تاج الدین حسن بن محمد: مدائن میں مرے مقابر قریش میں دفن ہوئے۔(۱۱)

۶۰۔قطب الدین عادل: فیوم میں مرے قاہرہ میں دفن ہوئے۔(۱۲)

۶۱۔ابوالفضائل حسن بن محمد عدوی عمری: بغداد میں مرے مکہ میں دفن ہوئے (۱۳)

۶۲۔سیف الدین ابوالحسن قیمری: نابلس میں مرے صالحیہ میں دفن ہوئے۔(۱۴)

۶۳۔ابوالفضائل قسم بن یحییٰ شہرزوری: حماۃ میں مرے دمشق میں دفن ہوئے۔(۱۵)

---

۱۔المنتظم، ج۱۰،ص۱۱۷ (ج۱۸،ص۵۸ نمبر۴۱۳۵)

۲۔المنتظم، ج۱۰ص۱۲۷ (ج۱۸،ص۴۵ ۴۱۳۵)

۳۔المنتظم، ج۱۰،ص۱۲۷ (ج۱۸،ص۸۸ نمبر۴۱۷۸)

۴۔شذرات الذہب، ج۴ص۱۶۴ (ج۶ص۲۷۳)

۵۔المنتظم، ج۱۰ص۱۷۹ (ج۱۸ص۱۲۳)

۶۔الدیباج، المذہب ص۲۸۷.

۷۔شذرات الذہب، ج۴،ص۱۶۳ (ج۶،ص۲۷۰)

۸۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۳۳۴ (ج۱۲،ص۴۰۸)

۹۔الجواہر المصیئۃ، ج۱،ص۲۰۷ (ج۲ص۹۹ نمبر۴۹۱)

۱۰۔شذرات الذہب، ج۴ص۳۴۲ (ج۶ص۵۵۶)

۱۱۔البدایۃ والنہایۃ ج۱۳ص۵۵ (ج۱۳ص۶۶)

۱۲۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳،ص۶۲) ج۱۳ص۷۵)

۱۳۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳ص۹۹، (ج۱۳،ص۱۱۶)

۱۴۔شذرات الذہب، ج۵،ص۲۵۰ (ج۷،س۴۳۲)

۱۵۔شذرات الذہب، ج۵،ص۱۶۱ (ج۷،ص۴۵۰)

۶۴۔ملک ناصر داؤد بن معظم: بویضا میں مرے کوہ قاسیون میں دفن ہوئے۔(۱)

۶۵۔جمال الدین صرصری فقیہ حنبلی: بغداد میں مرے صرصر میں دفن ہوئے۔(۲)

۶۶۔شیخ محمد قونوی مصری: مصر میں مرے دمشق میں دفن ہوئے۔(۳)

۶۷۔ابوالخیر رمضان ابن حسین سرماری مدرس حنفی: سفر دریا میں مرے نو دن بعد شہر انبار میں دفن ہوئے۔(۴)

۶۸۔ملک سعید برکت: کرک میں مرے دمشق میں دفن ہوئے۔(۵)

۶۹۔نجم الدین عبدالرحیم قاضی بن بارزی فقیہ شافعی: تبوک میں مرے مدینہ میں دفن ہوئے(۶)

۷۰۔یوسف بن ابی نصر دمشقی ابن سفاری: دمشق میں مرے مدینہ میں دفن ہوئے۔(۷)

۷۱۔ابوعبداللہ محمد بن حرانی فقیہ، عابد: وادی بنی سالم میں مرے بقیع میں دفن ہوئے۔(۸)

۷۲۔ابوالحسن علی بن یعقوب مصری امام شافعیہ: دیروط میں مرے قرافہ میں دفن ہوئے۔(۹)

۷۳۔کمال الدین ابن زملکانی شیخ شافعی: بلبیس میں مرے قرافہ میں دفن ہوئے۔(۱۰)

۷۴۔عبدالقادر بن عبدالعزیز حنفی: رمیلہ میں مرے بیت المقدس میں دفن ہوئے۔(۱۱)

۷۵۔محمد بن محمد تلمسانی مقری فقیہ مالکی: فاس میں مرے تلمسان میں دفن ہوئے۔(۱۲)

۷۶۔محمد بن یوسف کرمانی، شارح صحیح بخاری: راہ حج میں مرے بغداد میں دفن ہوئے۔(۱۳)

۷۷۔عزالدین ابوجعفر احمد بن احمد اسحاقی حلبی شافعی: مرحلتین میں مرے حلب میں دفن ہوئے(۱۴)

---

۱۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳، ص۱۸۹ (ج۱۳، ص۲۳۱)
۲۔مختصر طبقات الحنابلۃ ص۵۱ (۵۸)
۳۔طبقات الاخیار، (الطبقات الکبریٰ) ج۱، ص۱۷۷ (ج، ص۲۰۳ نمبر۲۹۷)
۴۔الجواہر المضیئۃ، ج۱، ص۲۴۳ (ج۲، ص۲۰۵ نمبر۵۹۳)
۵۔ابن شحنہ کی روضۃ المناظر.
۶۔شذرات الذہب، ج۵، ص۳۸۲) ج۷، ص۶۶۷)
۷۔شذرات الذہب، ج۵، ص۴۵۴، (ج۷، ص۷۹۳)
۸۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۴، ص۱۱۰ (ج۱۴، ص۱۲۷)
۹۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۴، ص۱۱۵ (ج۱۴، ۱۳۲)
۱۰۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۴، ص۱۳۲ (ج۱۴، ص۱۵۲)
۱۱۔الجواہر المضیئۃ، ج۱، ص۳۲۴ (ج۲، ص۴۴۸)
۱۲۔نیل الابتہاج، مطبوع برحاشیہ، الدیباج، ص۲۵۰.
۱۳۔بغیۃ الوعاۃ، ص۱۱۰ (ج۱، ص۲۸۰)
۱۴۔شذرات الذہب، ج۷، ص۲۴ (ج۹، ص۴۱)

۷۸۔امیر عمادالدین ابوالفداء اسماعیل عنابی: دمر میں مرے عنابہ میں دفن ہوئے ۔(۱)

۷۹۔شہاب الدین احمد بخاری مکی: بندرگاہ جدہ میں مرے مکہ میں دفن ہوئے ۔(۲)

۸۰۔ابوالحسن علی بن احمد کیزوانی: مکہ وطائف کے درمیان مرے جنازہ مکہ لے جا کر دفن کیا گیا ۔(۳)

## ان کے اسماء جنھیں دفن کے بعد دوسری جگہ منتقل کیا گیا

۱۔عبداللہ بن عمرو بن حزام انصاری: پدر جابر بن عبداللہ انصاری انھیں ان کے دوست عمرو بن جموح کے ساتھ دفن کیا گیا تھا۔ چھ ماہ کے بعد جابر نے خیال کیا کہ ایک ساتھ دفن ہونا مناسب نہیں، والد ماجد کی لاش نکال کر دوسری جگہ دفن کیا ۔ان کی لاش میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی تھی۔صرف داڑھی زمین پر گر گئی تھی ۔(۴) ناصف کتاب التاج میں اس کے نقل کے بعد لکھتے ہیں کہ معلوم ہوا کہ نقل میت جائز ہے۔(۵)

۲۔عبداللہ بن سلمہ بن مالک بن حارث بلدی انصاری: ان کی ماں انیسہ بنت عدی نے رسولؐ سے کہا کہ میں ان کا جنازہ مدینہ میں دفن کروں تو رسولؐ نے اجازت دی اور آہستہ آہستہ شتر پر لے جا کر مدینہ میں دفن کیا۔(۶)

۳۔مجذر بن زیاد بن عمرو بن احزم بلوی: کشتۂ احد،ان کی ماں انیسہ نے اجازت رسولؐ سے مدینہ میں دفن کیا۔

---

۱۔شذرات الذہب، ج۸،ص۱۷۲ (ج۱۰،ص۲۳۸) ۲۔شذرات الذہب، ج۸،ص۲۲۸ (ج۱۰،ص۳۱۹)

۳۔شذرات الذہب، ج۸،ص۳۰۷ (ج۱۰ص۴۴۱)

۴۔صحیح بخاری، ج۲،ص۲۴۷ (ج۱،ص۴۵۴) سنن ابی داؤد ج۲،ص۲۷ (ج۳،ص۲۱۸) سنن نسائی، ج۴،ص۸۴ (ج۱ص ۶۵۱) سنن بیہقی، ج۴،ص۵۸.

۵۔التاج الجامع للاصول، ج۱،ص۴۰۹ (ج۱،ص۳۷۴)

۶۔اسدالغابۃ، ج۳،ص۱۷۷ (ج۳،ص۲۶۶ نمبر ۲۹۸۶) الاصابۃ، ج۲،ص۳۲۱، ج۴،ص۲۴۵.

۴۔طلحہ بن عبید اللہ: عشرہ مبشرہ کی فرد، کشتہ جنگ جمل، بصرہ میں دفن تھے، اپنی بیٹی عائشہ کو خواب دکھایا کہ یہاں رطوبت سے اذیت ہوتی ہے۔ وہاں سے نکال کر ہجرتین میں دفن کیا گیا۔(۱)

۵۔مسجد رسولؐ میں مدفون حضرات: عثمان نے حکم دیا کہ انھیں نکال کر بقیع میں دفن کیا جائے۔(۲)

۶۔شہدائے احد: جابر سے روایت ہے کہ معاویہ نے احد سے چشمہ نکالنا چاہا۔ جواب دیا گیا کہ شہدائے احد کو نکالا جائے تبھی ممکن ہے۔ حکم دیدیا کہ سب کو کھود کر نکال دو۔ جابر کہتے ہیں کہ حضرت حمزہ کی انگلیوں پر پھاوڑا لگا تو خون جاری ہوگیا۔ چالیس سال کے بعد بھی لاش تازہ تھی۔(۳)

۷۔جعفر بن منصور: قبرستان بنی ہاشم میں مدفون تھے، دوسری جگہ منتقل کیا گیا۔(۴)

۸۔۶۴۷ھ میں رصافہ کے قبرستان میں دفن خلفاء کو پانی آجانے کے ڈر سے منتقل کیا گیا۔ ان میں متوکل بھی تھا جسے ساڑھے تین سو سال بعد منتقل کیا گیا تھا۔(۵)

۹۔ابوالنجم بدرالکبیر: شیراز میں مرے طویل عرصے کے بعد بغداد میں منتقل کیا گیا۔(۶)

۱۰۔محمد بن علی بن مقلہ بغدادی: دارالسلطان میں دفن تھے ان کی بیوی نے اپنے گھر میں دفن کیا۔

۱۱۔جعفر بن فضل (ابن حنزابہ) وزیر ومحدث، قرافہ میں دفن تھے وہاں سے مدینہ لے جا کر دفن کیا گیا۔(۷)

۱۲۔ابن سمعون محمد بن احمد: مشہور واعظ، عتابیین نامی سڑک کے کنارے واقع اپنے گھر میں دفن تھے پھر مقبرۂ احمد بن حنبل میں دفن کئے گئے۔(۸)

---

۱۔تاریخ ابن عساکر، ج۸،ص۷۸(ج۲۵،ص۱۳) عمدۃ القاری، ج۴،ص۶۳ (ج۸،ص۱۶۴)

۲۔عمدۃ القاری، ج۴،ص۶۳ (ج۸،ص۱۶۴)

۳۔صفۃ الصفوۃ، ج۱،ص۱۴۷ (ج۱ص۳۶۷نمبر۱۲) نوادر الاصول ص۲۲۷ (ج۲،ص۱۳۲اصل ۱۸۹) صفۃ الصفوۃ، ص۱۹۴ (ج۱،ص۴۸۸نمبر۴۸.

۴۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۰،ص۲۰۷ (ج۱۰ص۱۱۳)

۵۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳،ص۱۷۷ (ج۱۳،ص۲۰۷)

۶۔المنتظم، ج۶،ص۱۸۰ (ج۱۳ص۲۲۸نمبر۲۲۰۵)

۶۔المنتظم، ج۶ص۳۱۱ (ج۱۳،ص۳۰۶نمبر۲۴۲۶)

۷۔وفیات الاعیان، ج۱ص۱۲۱ (ج۱،ص۳۴۹نمبر۱۳۳)

۸۔تاریخ بغداد ج۱،ص۲۷۷.

۱۳۔ابوالحسن محمد بن عمر کوفی: ایک سال بعد مقبرۂ کوفہ میں دفن کئے گئے۔(۱)

۱۴۔ابوبکر محمد بن طیب باقلانی: متکلم اشعری، نہر طائق کے پاس کوچہ مجوس میں دفن تھے پھر باب الحرب میں دفن ہوئے۔(۲)

۱۵۔ابوبکر محمد بن موسیٰ خوارزمی فقیہ حنفی: کوچۂ عیدہ میں دفن تھے بازار غالب میں دفن کئے گئے۔(۳)

۱۶۔ابوحامد احمد بن محمد اسفرائینی: فقیہ شافعی اپنے گھر میں دفن تھے باب الحرب میں منتقل کئے گئے(۴)

۱۷۔علی بن عبدالعزیز ابن حاجب نعمان: برکہ زلزل میں دفن تھے مقابر قریش میں منتقل کئے گئے(۵)

۱۸۔خلیفہ قادر باللہ: اپنے گھر میں دفن تھا ایک سال کے بعد تابوت کو رصافہ منتقل کیا گیا۔(۶)

۱۹۔احمد بن محمد قدوری بغدادی: رئیس حنفیہ، بغداد میں دفن تھے پھر منصور نامی سڑک کے کنارے دفن کئے گئے۔(۷)

۲۰۔ابوطاہر جلال الدین: بغداد میں مرے گھر میں دفن تھے۔ایک سال کے بعد مقابر قریش میں منتقل کیا گیا۔

۲۱۔عبدالسید بن محمد (ابن صباغ شافعی): کرخ میں دفن تھے باب الحرب میں منتقل کئے گئے(۸)

۲۲۔ابونصر احمد بن مروان کردی: مسجد جامع المحدثہ میں دفن تھے قریب ہی میں منتقل کیا گیا۔(۹)

۲۳۔احمد بن محمد سمنانی: بغداد اپنے گھر میں دفن تھے ایک ماہ بعد شارع منصور میں منتقل کیا گیا۔(۱۰)

۲۴۔خلیفہ قائم بامراللہ: اجدادی قبرستان میں دفن تھے رصافہ میں منتقل کیا گیا۔(۱۱)

۲۵۔حسن بن عبدالودود شامی: اپنے گھر سکہ خرقی میں دفن تھے جامع مدینہ میں منتقل کیا گیا۔(۱۲)

---

۱۔تاریخ بغداد، ج۳،ص۳۴.

۲۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱،ص۳۵۱(ج۱۱ص۴۰۳)

۳۔تاریخ بغداد، ج۳،ص۲۴۷.

۴۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۳(ج۱۲ص۴)

۵۔المنتظم، ج۸،ص۵۲(ج۱۵،ص۲۰۱نمبر۳۱۶۹)

۶۔تاریخ بغداد، ج۴،ص۳۸.

۷۔شذرات الذہب، ج۳،ص۲۳۳(ج۵،ص۱۳۲)

۸۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۱۲۶(ج۱۲،ص۱۵۵)

۹۔وفیات الاعیان، ج۱،ص۵۹(ج۱ص۱۸۷نمبر۷۳)

۱۰۔الجواہر المضیئۃ، ج۱،ص۹۶(ج۱،ص۲۵۶نمبر۱۸۴)

۱۱۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۱۱۰،۱۱۵ج۱۲،ص۱۳۵)

۱۲۔المنتظم، ج۸،ص۱۹۵(ج۱۸،ص۱۶۸نمبر۳۴۴)

۲۶۔احمد بن علی بن محمد: قاضی دمشق، اپنے گھر میں دفن تھے مقبرہ باب الصغیر میں منتقل کیا گیا۔(۱)

۲۷۔ابوعبداللہ دامغانی: درب العلابین میں دفن تھے پھر ابوحنیفہ کے بغل میں دفن کیا گیا۔(۲)

۲۸۔عبدالملک بن عبداللہ جوینی: امام الحرمین، نیشاپور میں دفن ہوئے ایک سال کے بعد مقبرہ حسین میں منتقل ہوئے۔(۳)

۲۹۔محمد بن ہلال صابی عرس النعمة: بغداد میں اپنے گھر میں دفن ہوئے پھر نجف اشرف منتقل ہوئے(۴)

۳۰۔ابومحمد رزق اللہ بن عبدالوہاب تمیمی: باب المراتب میں دفن تھے، احمد بن حنبل کے پہلو میں منتقل ہوئے۔(۵)

۳۱۔محمد بن ابی نصر اندلسی: باب ابرز میں دفن تھے باب حرب میں منتقل کئے گئے۔(۶)

۳۲۔طراد بن محمد عباسی بغدادی: باب البصرہ اپنے گھر میں دفن تھے مقابر شہدا میں منتقل کیا گیا۔(۷)

۳۳۔ابوالحسن عقیل بن ابی الوفا علی: اپنے گھر میں دفن تھے پھر دکہ احمد میں دفن کئے گئے۔(۸)

۳۴۔محمد بن محمد ابوحازم فقیہ حنبلی: اپنے گھر باب الازج میں دفن تھے مقبرۂ احمد میں منتقل کئے گئے۔(۹)

۳۵۔حسین بن حمید تمیمی: اپنے گھر باب البرید میں دفن تھے پھر کوہ قاسیون میں منتقل ہوئے۔(۱۰)

۳۶۔احمد بن جعفر ابوالعباس حربی: حربیہ میں دفن تھے پھر باب الحرب میں منتقل ہوئے۔(۱۱)

۳۷۔شیخ ابویعقوب ہمدانی: یامن میں دفن تھے مدت کے بعد مرو میں منتقل کیا گیا۔(۱۲)

۳۸۔احمد بن محمد ابوجعفر عدل بغدادی: خرابہ ہراس میں دفن تھے باب الحرب میں منتقل ہوئے۔(۱۳)

---

۱۔تاریخ ابن عساکر، ج۱،ص۴۱۰ (ج۵،ص۲۷نمبر۳۸)
۲۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۱۲۹ (ج۱۲،ص۱۵۹)
۳۔وفیات الاعیان، ج۱،ص۳۱۳ (ج۳،ص۱۶۹)
۴۔المنتظم، ج۹،ص۴۲ (ج۱۶،ص۲۷۵نمبر۳۵۸۳)
۵۔المنتظم، ج۹،ص۸۹ (ج۱۷،ص۲۱نمبر۳۶۵)
۶۔وفیات الاعیان، ج۲،ص۶۰ (ج۴،ص۲۸۳نمبر۶۱)
۷۔المنتظم، ج۹،ص۱۰۶ (۱۷،ص۴۴نمبر۳۶۷۵)
۸۔شذرات الذہب، ج۴،ص۳۹ (ج۶۔ص۶۴)
۹۔المنتظم، ج۱۰،ص۳۴ (ج۱۷،ص۳۸۱نمبر۳۹۹)
۱۰۔تاریخ ابن عساکر، ج۴،ص۲۸۴ (ج۱۴ص۲۲نمبر۱۴۹۵)
۱۱۔المنتظم، ج۱۰،ص۸۶ (ج۱۸،ص۵نمبر۴۰۵۵)
۱۲۔وفیات الاعیان، ج۲،ص۵۲۴ (ج۷،ص۸۰نمبر۸۴۰)
۱۳۔المنتظم، ج۱۰،ص۹۷ (ج۱۸،ص۱۹نمبر۴۰۷۳)

۳۹۔علی بن طراد زینبی بغدادی: دجلہ کے قریب دفن تھے حربیہ منتقل کیئے گئے۔(۱)

۴۰۔شیخ الاسلام خلمی مفتی حنفی: بلخ میں دفن تھے پھر مضافات خلم میں دفن کیا گیا۔(۲)

۴۱۔علی بن محمد دریني: مسجد جامع کے پاس گھر میں دفن تھے باب ابرد منتقل کیا گیا۔(۳)

۴۲۔جمال الدین محمد بن علی بن ابو منصور: موصل میں دفن تھے مدینہ منورہ لے جایا گیا اور مسجد النبیؐ کے مشرقی حصہ میں دفن کیا گیا۔(۴)

۴۳۔عمر بن بہلیقا طحان: اپنی تعمیر کردہ مسجد کے دروازے کے قریب دفن تھے پھر قبر کھود کر اور نزدیک دفن کیا گیا۔(۵)

۴۴۔محمد بن ابراہیم کنانی: قرافہ صغریٰ میں دفن تھے کوہ مقطم میں منتقل ہوئے۔(۶)

۴۵۔جعفر بن عبد الواحد ابو البرکات ثقفی: خانۂ درب بہروز میں دفن تھے مسجد جامع کے مسافر خانے منتقل ہوئے۔(۷)

۴۶۔سعد اللہ بن نصر بن دجاجی: مقبرۂ رباط میں دفن تھے مقبرۂ امام احمد میں منتقل ہوئے۔(۸)

منتظم ابن جوزی میں ہے کہ صوفیوں کی انجمن میں دفن کیا گیا تھا کیونکہ وہاں اکثر قیام رہتا تھا۔جب حنبلیوں نے گہار مچائی کہ حنبلی صوفیوں کے پاس کیوں دفن ہے تو پانچ دن بعد بیٹے نے ان کے والدین کے پہلو میں دفن کیا۔(۹)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں: ذرا دیکھئے تو یہ اہل سنت کن مقاصد کے لئے نبش قبر جائز سمجھتے ہیں۔

۴۷۔خلیفہ مستنجد باللہ: دار الخلافہ میں دفن تھا پھر رصافہ میں منتقل کیا گیا۔(۱۰)

---

۱۔المنتظم، ج۱۰،ص۱۰۹،۱۶۶]

۲۔الجواہر المضیئۃ، ج۲،ص۱۳۰(ج۳،ص۳۵۹نمبر۱۵۳۱)

۳۔وفیات الاعیان، ج۱،ص۲۴۵(ج۲،ص۸۷۲نمبر۲۹۷)

۴۔تاریخ کامل ج۱۱،ص۱۲۴(ج۷،ص۱۷۸)

۵۔المنتظم، ج۱۰،ص۲۱۲(ج۱۸،ص۱۶۴)

۶۔وفیات الاعیان، ج۲،ص۱۲۱(ج۴،ص۶۲۴نمبر۶۷۸)

۷۔المنتظم، ج۱۰،ص۲۲۴(ج۱۸،ص۸۷۱نمبر۴۲۶۷)

۸۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۲۵۹(ج۱۲،ص۳۲۱)

۹۔المنتظم، ج۱۰،ص۲۲۸(ج۱۸،ص۱۸۴نمبر۴۲۷۵)

۱۰۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۲۶۲(ج۱۲،ص۳۲۶)

٤٨۔امیر نجم الدین ایوب دوینی: قاہرہ میں بھائی کے پہلو میں دفن تھے وہاں سے مدینہ منتقل کیا گیا(١)

٤٩۔ملک عادل محمود بن زنگی: قلعہ دمشق میں دفن تھا پھر اس کے مدرسہ میں منتقل کیا گیا۔(٢)

٥٠۔احمد بن علی طاہر حسینی: مدتوں اپنے گھر میں دفن رہے پھر مشہد صبیان میں منتقل کیا گیا۔(٣)

٥١۔جلال الدین بن جمال الدین اصفہانی: موصل لے جا کر دفن کیا گیا تھا پھر مدینہ منتقل کیا گیا۔(٤)

٥٢۔خلیفہ ناصرلدین اللہ: دارالخلافہ میں دفن تھا پھر رصافہ میں منتقل کیا گیا۔(٥)

٥٣۔خلیفہ ظاہر بامراللہ عباسی: دارالخلافہ میں دفن تھا پھر رصافہ منتقل کیا گیا۔(٦)

٥٤۔شرف الدین عیسیٰ حنفی: دمشق میں دفن تھے وہاں سے کوہ صالحیہ پر منتقل کیا گیا۔(٧)

٥٥۔ابوسعید کوکبوری: اربل میں دفن تھے وہاں سے بمطابق وصیت مکہ معظّمہ دفن کیا گیا۔(٨)

٥٦۔احمد بن عبدالسید اربلی: رہا میں دفن تھے پھر مصر کے قرافہ صغریٰ میں دفن کیا گیا۔(٩)

٥٧۔اشرف موسیٰ بن عادل: قلعہ منصور میں دفن تھے پھر کلاسہ میں منتقل کئے گئے۔(١٠)

٥٨۔کامل محمد بن عادل: قلعہ میں دفن تھے جامع مسجد کے مدرسہ میں منتقل ہوئے۔(١١)

٥٩۔خلیفہ مستنصر باللہ عباسی: دارالخلافہ میں دفن تھے رصافہ منتقل کیا گیا۔(١٢)

٦٠۔امیر عزالدین: باب النصر میں دفن تھے پھر الوراقہ میں منتقل کیا گیا۔(١٣)

٦١۔بادشاہ صالح نجم الدین ایوب: منصورہ میں دفن تھے پھر تعمیر کردہ مدرسہ میں منتقل کیا گیا(١٤)

---

١۔شذرات الذہب، ج٤،ص٢١١،٢٢٧ (ج٦،ص٣٥٠)

٢۔وفیات الاعیان، ج٢،ص٢٠٦ (ج٥،ص١٨٧)

٣۔المنتظم، ج١٠،ص٢٤٧ (ج١٨،ص٢٠٨نمبر٤٢٩٨)

٤۔وفیات الاعیان، ج٢،ص١٨٨ (ج٥،ص١٤٦نمبر٧٠٤)

٥۔البدایۃ والنہایۃ، ج١٣،ص١٠٦ (ج١٣،ص١٢٥)

٦۔البدایۃ والنہایۃ، ج١٣،ص١١٣،١١٤ (ج١٣،ص١٣٢)

٧۔مرأۃ الجنان، ج٤،ص٥٨.

٨۔وفیات الاعیان، ج٢،ص٠ (ج٤،ص١٢٠)

٩۔وفیات الاعیان، ج١،ص٦٣ (ج١ص١٨٧نمبر٧٦)

١٠۔البدایۃ والنہایۃ، ج١٣،ص١٤٦ (ج١٣،ص١٧١)

١١۔البدایۃ والنہایۃ، ج١٣،ص١٤٩.

١٢۔البدایۃ والنہایۃ، ج١٣،ص١٥٩ (ج١٣،ص١٨٦)

١٣۔البدایۃ والنہایۃ، ج١٣،ص١٧٤ (ج١٣،ص٢٠٣)

١٤۔البدایۃ والنہایۃ، ج١٣،ص١٨١ (ج١٣،ص١٧١)

۶۲۔شیخ حسن بن عدوی عمری: اپنے گھر حریم طاہری میں دفن تھے پھر مکہ منتقل کیا گیا۔(۱)

۶۳۔شیخ ابوبکر بن قوام بالسی: حلب میں دفن تھے کوہ قاسیون میں منتقل کیا گیا۔(۲)

۶۴۔بادشاہ سعید بن طاہر ابوالمعالی: قبر جعفر کے پاس دفن تھے پھر دمشق والد کی قبر کے پاس منتقل ہوئے۔(۳)

۶۵۔سعدالدین تفتازانی: سمرقند سے سرخس منتقل کئے گئے۔(۴)

۶۶۔شیخ زین الدین خافی: مالین میں دفن تھے پھر درویش آباد منتقل کیا گیا۔(۵)

۶۷۔شیخ محمد بن سلیمان جزولی مالکی: ۷۷سال بعد ان کا جنازہ منتقل ہوا تو کوئی تغیر نہیں ہوا تھا۔(۶)

۶۸۔عبدالرحمٰن بن احمد جامی: ہرات میں دفن تھے جب اردبیلیوں نے خراسان پر حملہ کیا تو ان کے بیٹے نے دوسرے شہر میں منتقل کیا۔ جب حملہ آوروں نے جسد نہ پایا تو قبر کی لکڑیوں کو جلا ڈالا۔(۷)

۶۹۔شیخ حسن بن احمد خوارزمی: حلب میں دفن تھے چار ماہ کے بعد دمشق منتقل کیا گیا۔(۸)

۷۰۔قبر ابوحنیفہ کے متعلق ابن جوزی لکھتے ہیں کہ سخت زمین پر مقبرہ بنانے کے لئے ستر ہزار ہاتھ کھودا گیا تو چار سو ٹوکریاں ہڈی کی نکلیں۔ ان سب کو ایک دوسری جگہ منتقل کر کے دفن کیا گیا۔

**﴿منهم من قصصنا و منهم من لم نقصص عليک﴾**

''ہم نے بعض قصے بیان کئے اور بعض کو چھوڑ دیا''۔(۹)

## ۶۔زیارت مشاہد مقدسہ آل رسولؐ۔ دعا و نماز

صدر اسلام سے آج تک برابر مسلمان پیغمبروں، اماموں اور اولیاء و مشائخ اور ان سے برتر

---

۱۔الجواہر المضیۃ، ج۱،ص۲۰۲ (ج۲،ص۸۲ نمبر ۴۷۵)

۲۔شذرات الذہب، ج۵،ص۲۹۵ (ج۷،ص۵۱۱)

۳۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۳،ص۲۹۰ (ج۱۳،ص۳۳۸)

۴۔مفتاح السعادۃ، ج۱،ص۱۷۷ (ج۱،ص۱۹۲)

۵۔روضۃ الناظرین، ج۱۳۵.

۶۔نیل الابتہاج، ص۳۱۷.

۷۔شذرات الذہب، ج۲،ص۳۶۱ (ج۹،ص۵۴۳)

۸۔شذرات الذہب، ج۸،ص۳۲۱ (ج۱۰،ص۴۶۲)

۹۔سورۂ غافر آیت ۷۸.

حضرت خاتم النبیینؐ کے قبروں کی زیارت کرتے آئے ہیں۔ان مشاہد مقدسہ میں پہونچ کر نماز، دعا اور ان کے توسل سے بارگاہ الٰہی میں تقرب حاصل کرتے آئے ہیں۔ یہ عمل تمام اسلامی فرقوں میں بغیر کسی اختلاف کے مورد اتفاق رہا ہے۔ یہاں تک کہ دنیا میں ابن تیمیہ کا نجس وجود آیا اور اس نے ہذیان گوئی شروع کر دی، سنت کو کھلواڑ بنالیا۔اس نے اس اتفاقی مسئلے کو بھی نشانہ بنایا اور منطق وعقل سے بعید باتوں کے ذریعے حملے کرنے لگا۔اس پسندیدہ عمل کی توہین کرنے لگا اور اس نے کہہ دیا کہ زیارت قبر رسولؐ کے لئے سفر کرنا حرام ہے، فتویٰ دیا کہ جو شخص رسول اسلامؐ کی زیارت کے لئے مسافرت کرے تو چونکہ اس کا سفر معصیت ہے اس لئے اس کو نماز پوری پڑھنی چاہئے۔

جیسے ہی اس نے یہ بات چھیڑی بے شمار علماء ومشائخ اہل سنت نے اس کے خلاف مہاذ آرائی کر دی۔(۱) اور اپنے سخت حملوں سے خالی فتوے کا بخیہ ادھیڑ دیا۔اس کی بدعتوں اور عقائد باطلہ پر تنقید و سرزنش کے ذریعے اس کا جھوٹ آشکار کر دیا۔(۲)

فقہاء شام نے اس کے خلاف چالیس سطروں کا فتویٰ صادر کر کے اس کے باطل عقیدے کے خلاف کفر کا حکم لگایا، برہان بن فرکاخ فزاری کے فتوے پر شہاب بن جہبل نے مزید حاشیہ لگایا کہ امام مالکی کے پیرو بھی اس حکم میں آتے ہیں۔فقہائے شام کے اس فتوے کو مصر کے قاضی القضاۃ البدر بن جماعہ کے سامنے پیش کیا گیا، انھوں نے بھی اس ورقے کے پشت پر لکھا کہ ابن تیمیہ کا یہ عقیدہ کہ زیارت قبر رسولؐ کے لئے جانا بدعت ہے، قطعی باطل اور مردود ہے۔ کیونکہ اکثر فقہاء کا فیصلہ ہے کہ زیارت قبر رسولؐ کے لئے جانا افضل ہے۔ایسے فتوے جھاڑنے والے کو اگر وہ توبہ نہ کرے تو قید کر دینا چاہئے۔

محمد بن جریر انصاری حنفی نے بھی کہا کہ اسے قید کر دینا چاہئے۔محمد بن ابی بکر مالکی نے کہا کہ اس

---

۱۔اس سلسلہ میں تقی الدین سبکی نے شفاء السقام فی زیارۃ خیر الانام، الدرۃ المضیۃ فی الردعلی ابن تیمیۃ، اخنائی نے المقالۃ المرضیہ، ابن معلم قرشی نے نجم المہتدی، حصنی نے دفع الشبہ، فاکہانی نے التحفۃ المختارہ لکھی اور دیگر علماء نے بھی کتابیں لکھیں۔

۲۔اس بارے میں محمد بن وہاب کے بھائی شیخ سلیمان نے الصواعق الالہیۃ فی الردعلی الوہابیۃ، ابن حجر نے الفتاویٰ الحدیثیہ، قسطلانی نے مواہب اللدنیہ، زرقانی نے شرح المواہب اور دیگر علماء نے بہت ساری کتابیں لکھی ہیں۔

کے اس مفسد عقیدے کو پھیلنے سے روکنا چاہئے۔احمد بن عمر مقدسی حنبلی نے بھی یہی فتویٰ صادر کیا۔(۱)

مصر کے ان چاروں مکتبۂ فکر کے ائمہ نے متفقہ طور سے ابن تیمیہ کے خلاف فتویٰ صادر کیا۔(۲)

ابن تیمیہ کی گمراہیوں پر سرزنش کرنے والوں میں ذہبی بھی ہیں۔انھوں نے سخت خط لکھا کہ تجھے بوئے اسلام سے بھی واسطہ نہیں، تجھے رسول اسلامؐ کی واقفیت نہیں، تیرے دل میں کلمہ کی بھی وقعت نہیں ،کاش! تیرے ہاتھوں صحیح بخاری ومسلم محفوظ رہ جائیں، تیرا حملہ اسلام وعلم حدیث کو ضرب کاری لگاتا ہے۔(۳)

اس کے بعد علماء وفقہاء اس کی زندگی کا خاتمہ کرنے پر تل گئے۔دمشق میں اعلان کر دیا گیا کہ جو بھی عقیدہ ابن تیمیہ پر رہے گا اس کا جان و مال حلال سمجھا جائے گا۔(۴)

پھر اس کے بعد ہر عہد میں خدا نے مدد کی اور اس کے عقیدے کے خلاف لوگوں کو خبردار کرنے کے لئے علماء خامہ فرسائی کرتے رہے۔ظاہر ہے کہ شعائر خدا کی تعظیم قلبی پرہیزگاری کا ثبوت ہے۔لیکن اس کا باطل گروہ بھی اپنی جہالتوں کے ساتھ دست ہوس دراز کرتا رہا۔اور جن کی طینت ناپاک اور جن کا شیوہ گمراہی تھا وہ اس کی پیروی کرتے رہے۔

انھیں بدنہادوں میں ایک قصیمی بھی ہے جس نے الصراع میں ابن تیمیہ کی پیروی کی ہے۔اس بیسویں صدی میں اپنے استاد ابن تیمیہ کی پیروی کرتے ہوئے تمام وہ فحش و نامناسب کلمے آج کے دور میں زیارت انبیاؑء، ائمہؑ وصالحین کرنے والوں پر صرف کئے ہیں۔اس نے واضح لفظوں میں اعلان کیا کہ یہ اعمال یعنی زیارت، دعاء، نماز، تبرک وتوسل اور ان سے شفاعت طلب کرنا یہ سبھی شیعوں کی آفت ہے جو بھی ان اعمال کو بجالائے وہ ملعون ہے اور اسلام کی رسی سے باہر ہے۔اور پھر شیعوں کو جی بھر گالیاں دی ہیں۔اپنی کتاب صراع میں لکھتا ہے:

شیعوں کا اپنے ائمہؑ سے غلو اور ان کی قبروں پر عبادت کرنا، قبہ بنانا، دور و نزدیک سے زیارت

---

۱۔دفع الشبہ، ص ۴۷، ۴۹۔

۲۔محمد زاہد کوثری کی تکملہ السیف الصقیل، ص ۱۵۵۔

۳۔کوثری کی السیف الصقیل، ص ۱۹۰، الفرقان ص ۱۲۹۔

۴۔عسقلانی کی الدرر الکامنۃ ج۱، ص ۱۴۷۔

کے لئے آنا، نذریں چڑھانا، ہدایہ ارسال کرنا، قربانی کرنا یہ سب آپ دیکھتے ہیں۔ وہ اپنے ائمہؑ کے لئے خون کے آنسو روتے ہیں، اس طرح اظہار خلوص کرتے ہیں کہ خدا سے بھی اس درجہ اخلاص کا مظاہرہ نہیں کرتے۔(۱)

آگے لکھتا ہے:

مشروع طریقے مثلاً رسول اکرمؐ پر درود وسلام خواہ دور سے ہو یا نزدیک سے کوئی فرق نہیں۔ کیونکہ اس قسم کے اعمال دونوں حالتوں میں ممکن ہیں۔لیکن قبر کی زیارت کرنا یا اس پر پتھر رکھ کر قبہ بنانا، تمام علماء کا متفقہ فیصلہ ہے کہ اس میں فضیلت وثواب نہیں۔ بلکہ رسول اکرمؐ کو خود ان کے زمانے میں دیکھنے کا بھی کوئی ثواب نہیں ہے۔فضیلت تنہا اس بات میں ہے کہ ان پر ایمان لائے اور ان کی تعلیمات کو اپنی زندگی میں بسالے۔بطور خلاصہ رسول اکرمؐ کی قبر کی زیارت میں ذرا بھی فضیلت نہیں ہے اور صدر اسلام سے آج تک مسلمانوں کا عمل اس پر گواہ ہے۔(۲)

شاید قارئین محترم اس ابن تیمیہ کے پوت کی دادوفریاد کے متعلق سمجھتے ہوں کہ کچھ بھی صداقت ہوگی۔لیکن نہیں، سراسر سفسطہ سے کام لیا ہے۔صدر اسلام سے آج تک تمام مسلمانوں کی سیرت اس بات کی گواہ ہے کہ قبر رسولؐ کی زیارت ہمیشہ سے امتیازی فضیلت سمجھی گئی۔آٹھویں صدی کے ابن تیمیہ اور اس کے بعد عبدالوہاب نجدی جیسے ضلالت پیشہ جرگے اور معمولی ٹولی کے علاوہ کسی نے اس کو بدعت یا ضلالت نہیں سمجھا۔

کیا کسی مسلمان کے لئے جائز ہے کہ پتھر اور قبہ دیکھنے اور رسول اکرمؐ کو ان کے زمانۂ حیات میں دیکھنے میں فرق نہ سمجھتا ہو؟

کیا مسلمان کے لئے مناسب ہے کہ آنحضرت کو زمانۂ حیات اور بعد وفات آپ کی زیارت کی اہمیت کا قائل نہ ہو؟ اور برملا اعلان کرتا ہو کہ زیارت رسولؐ بیہودہ حرکت ہے؟ کیا اپنے بزرگوں کو محترم سمجھنا تمام قوموں کی رسم نہیں ہے؟ ان کی زیارت کو مایۂ نازش نہیں سمجھتے؟ تمام دانشمندوں کی سیرت اور

---

۱۔الصراع، ج۱،ص۵۴۔ ۲۔الصراع، ج۱،ص۱۷۸۔

تمام قوموں کی ہر عہد میں یہ عادت رہی ہے اور تاریخ بشریت اس پر گواہ ہے کہ وہ بزرگوں کی برکت کے خیال سے زیارت کرتے رہے ہیں۔

ابوحاتم کہتے ہیں:

ابومسہر عبدالاعلیٰ دمشقی غسانی (متوفیٰ ۲۱۸) جب نماز پڑھنے مسجد میں جاتے تو لوگ دورویہ کھڑے ہوکر ادب سے ان کو سلام کرتے، ان کے ہاتھوں کا بوسہ دیتے۔(۱)

ابوسعد کہتے ہیں کہ ابوالقاسم سعد بن علی شیخ حرم زنجانی (متوفیٰ ۴۷۱) جب حرم کی طرف جاتے تو لوگ طواف کی جگہ چھوڑ دیتے تھے اور ان کے ہاتھوں کا حجر اسود سے زیادہ بوسہ لیتے۔(۲)

تاریخ ابن کثیر میں ہے:

لوگ برکت کے خیال سے حجر اسود سے زیادہ ان کے ہاتھوں کا بوسہ لیتے۔(۳)

ابواسحاق ابراہیم بن علی شیرازی (متوفیٰ ۴۷۶) جب اپنے مکان سے نکلتے تو لوگ ان کے استقبال کے لئے گھروں سے نکل پڑتے، ہاتھوں کا بوسہ لیتے، رکابوں کو چومتے، خچر کے قدموں کی خاک کو تبرک بنالیتے تھے۔ جب وہ ساوہ پہونچے تو لوگ استقبال کے لئے نکل پڑے اور اپنی عزیز ترین چیزیں نثار کیں۔(۴)

شریف ابوجعفر حنبلی کے نزدیک فقہاء اور دوسرے لوگ آتے تو ان کے ہاتھ اور سر کا بوسہ لیتے (۵)

حافظ ابومحمد عبدالغنی مقدسی حنبلی (متوفیٰ ۶۰۰) جب بروز جمعہ مسجد کے لئے نکلتے تو لوگوں کے استقبالیہ ہجوم سے راستہ نہیں ملتا تھا۔(۶) برائے زیارت وتبرک آگے آگے چلتے۔ ابوبکر عبدالکریم بن عبد اللہ حنبلی کے لئے بھی تذکروں میں یہی ملتا ہے۔(۷) حافظ یونینی کا اس قدر احترام ہوتا کہ اس کی نظیر

---

۱۔تاریخ خطیب بغدادی، ج۱۱،ص۷۳(نمبر۵۷۵۰)

۲۔تذکرۃ الحفاظ، ج۳،ص۳۴۶(ج۳،ص۱۱۷۵نمبر۲۶)صفۃ الصفوۃ، ج۲،ص۱۵۱(ج۲ص۲۶۶نمبر۲۲۴)

۳۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۱۲۰(ج۱۲،ص۱۴۶)

۴۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۱۲۳(ج۱۲،ص۱۵۱)

۵۔البدایۃ والنہایۃ، ن۱۲،ص۱۱۹(ج۱۲،ص۱۴۵)

۶۔شذرات الذہب، ج۴،ص۳۴۶ ج۶،ص۵۶۲)

۷۔شذرات الذہب، ج۵،ص۱۷۱(ج۷،ص۳۰۱)

نہیں ملتی ، سلاطین بھی ہاتھ چومتے اور جوتیاں سیدھی کرتے ۔(۱) محمد بن محمد جزری کی تشییع جنازہ میں اشراف وخواص ٹوٹے پڑتے تھے۔ ہر شخص نے برکت کے خیال سے تابوت کا بوسہ لیا۔(۲) دمشق والے شیخ مسعود مغربی سے عجیب عقیدت رکھتے تھے تبرک کے خیال سے ہاتھ کا بوسہ لیتے ۔نجم غزی کہتا ہے کہ انھوں نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی ،آج تک اس کا فیضان باقی ہے۔(۳)

اس حساب سے خیال کیا جاسکتا ہے کہ سردار انسانیت اور وجہ بقائے کائنات سے کس قدر مسلمانوں کو عقیدت ہوسکتی ہے جس سے سعادت ابدی وابستہ ہے۔

یہ آسمان کے فرشتے ہیں جو قبر شریف کا روزانہ ستر ہزار کی تعداد میں آکر طواف کرتے ہیں، ان پر درود پڑھتے ہیں، جب رات ہوتی ہے تو آسمان پر واپس چلے جاتے ہیں،اسی طرح برابر ان کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔(۴)

کس قدر فرق ہے اس مرد فاسق اور بدعقیدہ قصیمی کے عقیدے میں اور شیخ تقی الدین سبکی کے عقیدے میں، جو کتاب الشفاء میں لکھتے ہیں کہ ہمیں گذشتہ صالحین سے جو سیرت ملی ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ انبیاء ومرسلین تو بہت بلند ہستیاں ہیں، صالح مردوں سے بھی برکت حاصل کی جاتی ہے اور جو شخص دعویٰ کرے کہ قبور انبیاء ومرسلین اور دوسرے عام مردوں کی قبریں یکساں ہیں وہ بڑی عجیب بات کہتا ہے، مجھے یقین ہے کہ وہ غلطی پر ہے۔ اس قول سے تحقیر نبوت کی بوآتی ہے جو قطعی کفر ہے۔(۵) یہ بڑی شرمناک بات ہے کہ یہ شخص ابن تیمیہ کی پیروی کرتا ہے، اس کے فقروں کی جگالی کرتا ہے اور کہتا ہے کہ قبور انبیاء سے توسل بدعت وضلالت ہے۔ گویا کہ صدر اسلام سے آج تک تمام مسلمان گمراہ رہے ہیں، اگر ہدایت یافتہ ہیں تو صرف ابن تیمیہ اور ان کے شاگرد رشید قصیمی !!

---

۱۔شذرات الذہب، ج۵،ص۲۹۴ (ج۷،ص۵۰۸)

۲۔مفاتیح السعادۃ، ج۱،ص۳۹۴ (ج۲،ص۴۹) ۳۔شذرات الذہب، ج۸،ص۴۰۹ (ج۱۰،ص۵۹۹)

۴۔سنن دارمی ، ج۱،ص۴۴، مواہب اللدنیہ (ج۲ص ۶۹۹) شعب الایمان ، (ج۳،ص۴۹۲ نمبر ۴۱۷۰) شرح المواہب، ج۵،ص۳۴۰، کنز المطالب، ص۲۲۳.

۵۔شفاء السقام ص۹۶ (ص۱۳۰)

ذرا دیکھئے تو یہ شخص کس طرح زیارت قبور، اس کے لئے سفر کرنا اور وہاں دعا مانگنے کو مایۂ کفر وارتداد سمجھتا ہے، اسے شیعوں کی ابج قرار دیتا ہے، علیؑ اور فرزندان علیؑ کی خدائی کے قائل ہونے کی ہانک لگاتا ہے۔ پچھلے صفحات میں اس کی بکواس نقل کی جاچکی ہے کہ شیعہ علیؑ اور ان کے فرزندان کو پیغمبر مانتے ہیں اور ان پر وحی نازل ہونے کے قائل ہیں۔ اس قسم کی بہتان طرازی اموی سیرت کی غماز ہے جو صدر اول میں خاندان اہل بیتؑ سے برتتے رہے ہیں۔ شیعہ تو اپنے اماموں کو صرف خاصان خدا ہی شمار کرتے ہیں۔

اب میں زیارت رسولؐ کے بارے میں صحابہ وتابعین سے لے کر آج تک کے مسلمانوں کی سیرت کا ثبوت فراہم کروں گا تاکہ جو ہلاک ہو وہ دلیل کے ذریعے اور جو زندگی پائے وہ بھی دلیل ہی کے ذریعے۔

## زیارت قبر رسولؐ کی ترغیب

چاروں مذاہب، حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی کے حافظان حدیث اور ان کے صحاح ومسانید میں زیارت قبر رسولؐ کے سلسلے میں روایات وارد ہوئی ہیں۔ بعض نمونے پیش خدمت ہیں:

۱۔ عبداللہ بن عمر بطور مرفوع رسول خداؐ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول خداؐ نے فرمایا: **من زار قبری وجبت له شفاعتی.** ''جس نے میری قبر کی زیارت کی اس پر میری شفاعت واجب ہوگئی''۔

روایت کو جن حفاظ حدیث اور ائمہ روایات نے نقل کیا ہے ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ عبید وراق نیشاپوری | ۲۔ ابن ابی الدنیا | ۳۔ دولابی |
| ۴۔ محمد بن اسحاق نیشاپوری | ۵۔ حافظ عقیلی (۱) | ۶۔ قاضی محاملی |
| ۷۔ حافظ ابو محمد بن عدی (۲) | ۸۔ حافظ عبداللہ بن محمد انصاری | ۹۔ دارقطنی (۳) |

---

۱۔ الضعفاء الکبیر، (ج۴، ص۱۷۰ نمبر۱۷۴۴)

۲۔ الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۶، ص۳۵۱ نمبر۱۸۳۴)

۳۔ سنن دار قطنی، (ج۲، ص۲۷۸ حدیث۱۹۴)

۱۰۔ماوردی(۱) ۱۱۔بیہقی(۲) ۱۲۔قاضی خلعی
۱۳۔حافظ اسماعیل اصفہانی ۱۴۔قاضی عیاض(۳) ۱۵۔ابن عساکر(۴)
۱۶۔ابن جوزی ۱۷۔ابن خلیل دمشقی ۱۸۔حافظ منذری(۵)
۱۹۔یحییٰ بن علی قرشی ۲۰۔عبدالمومن دمیاطی ۲۱۔حافظ ہبۃ اللہ
۲۲۔ابوالحسین حسینی ۲۳۔عبدری فاسی ۲۴۔تقی الدین سبکی(۶)
۲۵۔شیخ شعیب مصری(۷) ۲۶۔سمہودی(۸) ۲۷۔سیوطی(۹)
۲۸۔قسطلانی(۱۰) ۲۹۔حافظ شیبانی(۱۱) ۳۰خطیب شربینی(۱۲)
۳۱۔زین الدین مناوی(۱۳) ۳۲۔شیخ زادہ(۱۴) ۳۳۔عجلونی(۱۵)
۳۴۔شوکانی(۱۶) ۳۵۔سید درویش بیروتی(۱۷) ۳۶۔حافظ ابوطاہر احمد بن سلفی
۳۷۔ابومحمد عبدالحق بن عبدالرحمٰن اندلسی(۱۸) ۳۸۔زرقانی(۱۹) ۳۹۔سید محمد دمیاطی(۲۰)
۴۰۔مصر میں مذاہب اربعہ کے بہت سارے فقہاء(۲۱)

---

۱۔الاحکام السلطانیہ س۱۰۵(ج۲،ص۱۰۹) ۲۔السنن الکبریٰ،(ج۵،ص۲۴۵)
۳۔الشفابتعریف حقوق المصطفیٰ(ج۵،ص۱۹۴) ۴۔مختصر تاریخ ابن عساکر(ی۲،ص۴۰۶)
۵۔الترغیب والترہیب،(ج۲،ص۲۲۴حدیث۱۶)؛شفاء السقام،ص۱۱۔۳(ص۱۴۔۲)
۷۔المروض الفائق ج۲،ص۱۳۷(ص۳۸۰) ۸۔وفاء الوفاء ج۲،ص۳۹۴(ج۴،ص۱۳۲۶)
۹۔الجامع الکبیر منقول از کنز العمال ج۸،ص۹۹(ج۵،ص۶۵۱حدیث۴۲۵۸۳)
۱۰۔مواہب الدنیہ(ج۴،ص۵۷۰) ۱۱۔تمییز الطیب من الخبیث،س۱۶۲(حدیث۱۳۹۵)
۱۲۔المغنی ج۱،ص۴۹۴(ج۱،ص۵۱۲) ۱۳۔کنوز الحقائق ص۱۴۱(ج۲ص۱۰۸)
۱۴۔مجمع الانہر،ج۱،ص۱۵۷. ۱۵۔کشف الخفاء ج۲،ص۲۵۰.
۱۶۔نیل الاوطار ج۳،ص۳۲۵(ج۵،ص۱۰۸) ۱۷۔حسن الاثر،س۲۴۶.
۱۸۔الاحکام الوسطیٰ والصغریٰ از شفاء السقام ص۹(ص۱۱،۱۰) ۱۹۔شرح المواہب ج۸،س۲۹۸.
۲۰۔الفقۃ المذاہب الاربعہ،ج۱،ص۵۹۰(ج۱،ص۱۱۷) ۲۱۔مصباح الظلام ج۲،ص۱۴۴(ج۲،ص۳۵۱.

۲۔عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: رسول اکرمؐ نے فرمایا:

**من جاء نی زائراًلاتعملہ الا زیارتی کان حقا علی ان اکون له شفیعاً یوم القیمة.**

''جوشخص میری زیارت کوآئے اور اسے صرف میری زیارت ہی سے سروکار ہوتو میری ذمہ داری ہے کہ بروز قیامت اس کی شفاعت کروں''۔(۱)

اس روایت کوجن سولہ حفاظ نےنقل کیا ہےان کے نام یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔حافظ ابن سکن بغدادی | ۲۔حافظ طبرانی | ۳۔حافظ مقری اصفہانی |
| ۴۔دارقطنی | ۵۔حافظ ابونعیم | ۶۔قاضی خلعی |
| ۷۔امام غزالی | ۸۔ابن عساکر | ۹۔یوسف بن خلیل دمشقی |
| ۱۰۔حافظ یحییٰ اموی مالکی | ۱۱۔حافظ حداد | ۱۲۔سبکی |
| ۱۳۔سمہودی | ۱۴۔قسطلانی | ۱۵۔شربینی |
| ۱۶۔شیخ عبدالرحمٰن شیخ زادہ | | |

۳۔عبداللہ بن عمر ہی سے بطور مرفوع:

جوشخص حج کرےاور میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کرے گویا اس نے میری حیات میں میری زیارت کی۔(۲)

جن پچیس حفاظ نے اس کی روایت کی ہےان کے نام یہ ہیں:

---

۱۔المعجم الکبیر، (ج۱۲،ص ۲۲۵)احیاء العلوم ، (ج۱،ص ۲۳۱) مختصر تاریخ دمشق (ج۲،ص ۴۰۶) شفاء السقام (۲۰،۱۶) وفاء الوفا (ج۴،ص۱۳۴۰) المواہب اللدینۃ (ج۴،ص۵۷۱) مغنی المحتاج (ج۱ص۵۱۲)

۲۔المعجم الکبیر، (ج۱۲،ص۳۱۰ حدیث ۱۳۴۹۷) الکامل فی الضعفاء (ج۲،ص۳۸۲ نمبر ۵۰۵ سنن دارقطنی (ج۲ص۲۷۸ حدیث ۱۹۲) مختصر تاریخ ابن عساکر (ج۲،ص ۴۰۶) الدرۃ الثمنیۃ (ص ۳۹۷) مشکاۃ المصابیح، (ج۲،ص ۱۲۸ حدیث ۲۷۵۶) شفاء السقام (ص ۲۷۔۲۰) الروض الفائق (ص ۳۸۰) وفاء الوفاء (ج۴،ص ۱۳۴۰) کنز العمال ، (ج۵،ص ۶۵۱ حدیث ۴۲۵۸۲) نسیم الریاض (ج۳،ص۵۱۱) نیل الاوطار، (ج۵،ص۱۰۸) مصباح الظلام (ج۲،ص۳۵۱)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔حافظ ابو بکر صنعانی | ۲۔حافظ شیبانی | ۳۔ابو یعلیٰ موصلی |
| ۴۔حافظ بغوی | ۵۔طبرانی | ۶۔حافظ ابن عدی |
| ۷۔حافظ مقری | ۸۔دار قطنی | ۹۔بیہقی |
| ۱۰۔ابن عساکر | ۱۱۔ابن جوزی | ۱۲۔ابن نجار بغدادی |
| ۱۳۔ابن خلیل دمشقی | ۱۴۔حافظ دمیاطی | ۱۵۔احمد بن محمد حداد |
| ۱۶۔ابوالحسینی مصری | ۱۷۔خطیب تبریزی | ۱۸۔سبکی |
| ۱۹۔شیخ شعیب مصری | ۲۰۔سمہودی | ۲۱۔سیوطی |
| ۲۲۔قاضی خفاجی | ۲۳۔شیخ زادہ | ۱۴۔شوکانی |
| ۲۵۔دمیاطی | | |

۴۔عبداللہ بن عمر ہی سے بطور مرفوع:

جو شخص حج کرے اور میری زیارت نہ کرے اس نے مجھ پر جفا کی۔(۱)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔حافظ تمیمی | ۲۔ابن عدی | ۳۔دار قطنی |
| ۴۔سبکی | ۵۔سمہودی | ۶۔قسطلانی |
| ۷۔عجلونی | ۸۔سید مرتضیٰ زبیدی | ۹۔شوکانی |

۵۔ابن عمر سے بطور مرفوع:

جو شخص میری قبر کی زیارت کرے میں اس کی شفاعت کروں گا اور جو شخص دونوں حرم میں سے کسی ایک میں مر جائے تو خدا بروز قیامت اسے مامون لوگوں میں اٹھائے گا۔(۲)

---

۱۔کتاب المجروحین، (ج۳،ص۳۷) الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۷،س۱۴انمبر۱۹۵۶) شفاء السقام، ص۲۲۔۲۷) وفاء الوفاء ج۲،ص ۳۹۸ (ج۴،ص۱۳۴۲) المواہب اللدینۃ (ج۴،ص۵۷۱ ( کشف الخفاج ۲،ص۲۷۸) نیل الاوطار، ج۴،ص۳۲۵ (ج۵،ص۱۰۸)

۲۔مختصر تاریخ ابن عساکر، (ج۲،ص۴۰۷) شفاء السقام ص۲۲ (ص۲۹ حدیث ۶) سنن کبریٰ ج۵،ص۲۴۵ وفاء الوفاء ج۲،ص ۳۹۹ (ج۴،ص۱۳۴۳) المواہب اللدینۃ (ج۴،ص۵۷۱) تمییز الطیب من الخبیث ص۱۶۲ (ص۱۸۴ حدیث ۱۳۹۵) کنوز الحقائق ص۱۵۱ (ج۲،ص۱۰۷) کشف الخفاج ۲،ص۲۷۸ (ج۲ص۲۵۱ حدیث ۲۴۸۹)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔طیالسی | ۲۔ابونعیم | ۳۔بیہقی |
| ۴۔ابن عساکر | ۵۔ابن خلیل دمشقی | ۶۔سبکی |
| ۷۔سمہودی | ۸۔قسطلانی | ۹۔حافظ ابن الدبیع |
| ۱۰۔زین الدین مناوی | ۱۱۔شیخ اسماعیل عجلونی | |

۶۔حاطب بن ابی بلتعہ سے بطور مرفوع:

جو شخص میری وفات کے بعد میری زیارت کرے اس نے گویا میری زندگی میں میری زیارت کی، اور جو شخص ان دوحرموں میں مرے قیامت میں مامون محشور ہوگا۔(۱)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔دارقطنی | ۲۔بیہقی | ۳۔ابن عساکر |
| ۴۔ابن خلیل | ۵۔دمیاطی | ۶۔ابن الحاج |
| ۷۔سبکی | ۸۔شیخ شعیب | ۹۔سمہودی |
| ۱۰۔قسطلانی | ۱۱۔عجلونی | ۱۲۔شوکانی |

۱۳۔شیخ محمد بن درویش

۷۔ابن عمر سے بطور مرفوع:

جو شخص حج کرے اور میری قبر کی زیارت کرے اور میرے ساتھ کسی جنگ میں شریک رہا ہو اور بیت المقدس میں میرے او پر صلوات پڑھے۔خدا اس سے فرائض کی باز پرس نہ کرے گا۔(۲)

۱۔حافظ ازدی　۲۔حافظ سلفی　۳۔سبکی　۴۔سمہودی اور شوکانی

۸۔ابو ہریرہ سے بطور مرفوع:

---

۱۔سنن دارقطنی (ج۲،ص ۲۷۸ حدیث ۱۹۳) السنن الکبریٰ (ج ۵،ص ۲۴۵) مختصر تاریخ ابن عساکر (ج ۲،ص ۴۰۶) المدخل (ج ۱،ص ۲۶۱) شفاء السقام ص ۲۵ (ص ۲۳،۳۳ حدیث ۸) الروض الفائق ج ۲،ص ۱۳۷ (ص ۳۸۰) وفاء الوفاء ج ۲،ص ۳۹۹ (ج ۴،ص ۱۳۴۴) المواهب اللدینۃ (ج ۴،ص ۵۷۱) کشف الخفاج ۲،ص ۵۵۱ (ج ۲،ص ۲۸۰ حدیث ۲۶۱۹) نیل الاوطار ج ۴،ص ۳۲۵ (ج ۵،ص ۱۰۸).

۲۔شفاء السقام ص ۲۵ (ص ۳۴ حدیث ۹) وفاء الوفاء ج ۲،ص ۴۰۰ (ج ۴،ص ۳۴۴) نیل الاوطار، ج ۴،ص ۳۲۶ (ج ۵،ص ۱۰۹)

جوشخص میری وفات کے بعد میری زیارت کرے اس نے گویا میری زندگی میں میری زیارت کی اور جس نے میری زیارت کی میں حشر میں اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا۔(۱)

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ابن مردویہ | ۲۔ابوسعد اصفہانی | ۳۔ابوالفتوح یعقوبی |
| ۴۔حافظ سمعانی | ۵۔ابن انماطی | ۶۔سبکی |
| ۷۔سمہودی | | |

۹۔انس بن مالک سے بطور مرفوع:

جس نے مدینے میں بعنوان قربتہ الی اللہ اور نیک عمل سمجھ کر میری زیارت کی میں اس کی شفاعت کروں گا۔ایک دوسری روایت میں ہے: جوشخص دونوں حرم میں کہیں مرے حشر میں مامون ہوگا۔جوشخص قصد قربت سے مدینہ میں زیارت کرے قیامت میں وہ میرے جوار میں ہوگا۔(۲)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔ابن ابی الدنیا | ۲۔حاکم نیشاپوری | ۳۔بیہقی | ۴۔قاضی عیاض |
| ۵۔ابن عساکر | ۶۔ابن جوزی | ۷۔عبدالمومن دمیاطی | ۸۔ابوعبداللہ عبدری |
| ۹۔ابن قیم جوزیہ | ۱۰۔سبکی | ۱۱۔قسطلانی | ۱۲۔سیوطی |
| ۱۳۔شیخ زادہ | ۱۴۔شوکانی | ۱۵۔زرقانی | ۱۶۔جراحی عجلونی |
| ۱۷۔سید احمد ہاشمی | ۱۸۔دمیاطی | ۱۹۔شیخ منصور علی ناصف | ۲۰۔ابن ابی فدیک |

۱۰۔انس بن مالک سے بطور مرفوع:

جس نے میری وفات کے بعد میری زیارت کی اس نے گویا میری زندگی میں زیارت کی۔اس پر میری شفاعت لازم ہوگئی، جوشخص استطاعت کے باوجود میری زیارت نہ کرے اس کا کوئی عذر مسموع

---

۱۔شفاء السقام،ص ۲۶ (ص ۳۵) وفاء الوفاء ج ۲،ص ۴۰۰ (ج ۴،ص ۱۳۴۵)

۲۔اشعب الایمان، (ج ۳،ص ۴۹۰ حدیث ۴۱۵۸) الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ (ص ۳۶) مختصر ابن عساکر (ج ۲،ص ۴۰۶) شفاء السقام ص ۲۷ (۳۶) وفاء الوفاء ج ۲،ص ۴۰۰ (ج ۴،ص س ۱۳۴۵) المواہب اللدینۃ (ج ۴،ص ۵۷۲) کنز العمال، ج ۸،ص ۹۹ (ج ۱۲،ص ۲۷۲ حدیث ۳۵۰۰۰) نیل الاوطار، ج ۴،ص ۳۲۶ (ج ۵،ص ۱۰۹) مختار الاحادیث النبویۃ ص ۱۶۹ (ص ۱۷۹) مصباح الظلام، ج ۲،ص ۱۴۴ (ج ۱۲،ص ۳۵۱ حدیث ۶۳۰) التاج الجامع للاصول، ج ۲،ص ۲۱۶) ج ۲،ص ۱۹۰)

نہیں ۔(۱)

۱۔ابن نجار ۲۔سبکی ۳۔زین الدین عراقی

۴۔سمہودی ۵۔قسطلانی ۶۔عجلونی

۱۱۔ابن عباس سے بطور مرفوع:

جوشخص میری وفات کے بعد میری زیارت کرے گویا زندگی میں میری زیارت کی ۔جوشخص میری قبر کے سامنے کھڑا ہو میں قیامت کے دن اس کا گواہ اور شفیع ہوں گا۔(۲)

۱۔عقیلی ۲۔ابن عساکر ۳۔شوکانی

۱۲۔حضرت علیؑ سے بطور مرفوع اور غیر مرفوع:

جوشخص میری قبر کی زیارت کرے بعد مرگ گویا کہ زندگی میں میری زیارت کی جس نے میری قبر کی زیارت نہ کی اس نے مجھ پر جفا کی ۔(۳)

۱۔ابوالحسین حسنی ۲۔خرگوشی ۳۔ابن عساکر

۴۔ابن نجار ۵۔دمیاطی ۶۔سبکی

۷۔شیخ شعیب ۸۔سمہودی ۹۔مناوی

۱۳۔بکر بن عبداللہ سے بطور مرفوع:

جوشخص میری زیارت کے لئے مدینہ آئے قیامت کے دن اس کی شفاعت مجھ پر لازم ہوگی ۔جو

---

۱۔ الدرة الثمینة س ۳۹۷ شفاء السقام ،ص ۲۸ (ص ۳۷) المواهب اللدینة ، (ج۴،ص ۵۷۲)وفاء الوفاء ج۲،ص ۴۰۰ (ج۴،ص۱۳۴۶) کشف الخفاء، ج۳،ص۲۷۸ (ج۲،ص۲۵۰حدیث۲۴۸۹)

۲۔ الضعفاء الکبیر، (ج۳،ص ۴۵۷نمبر۱۵۱۳) تاریخ مختصر ابن عساکر، (ج۲،ص ۴۰۶) شفاء السقام ،ص۲۱ (ص۳۸)وفاء الوفاء، ج۲،ص۴۰۱ (ج۴،ص۱۳۴۶) نیل الاوطار، ج۴،ص۳۲۵؛س۳۲۶ (ج۵،ص۱۰۸)

۳۔شرف المصطفیٰ (ص ۴۲۱،۴۶۶) مختصر تاریخ ابن عساکر (ج۲،ص ۴۰۶) الدرة الثمینة (ص۳۹۷) شفاء السقام ص ۲۹ (ص۳۹) الروض الفائق ، ج۲،ص ۱۳۷ (ص ۳۰۸) وفاء الوفاء ج۲،س ۴۰۱ (ج۴،ص ۱۳۴) کنوز الحقائق ،ص ۱۴۱ (ج۲،ص۱۰۸)

شخص دوحرموں میں کہیں مرے قیامت میں مامون ہوگا۔(۱)

ا۔ابوالحسین حسنی ۲۔سبکی ۳۔سمہودی

۱۴۔ابن عمر سے بطور مرفوع:

جس نے میری وفات کے بعد زیارت کی گویا اس نے میری زندگی میں زیارت کی۔(۲)

ا۔حافظ نسائی ۲۔طبرانی ۳۔حافظ ابن عدی

۴۔ابوالشیخ انصاری ۵۔دارقطنی ۶۔بیہقی

۷۔قاضی عیاض ۸۔خفاجی ۹۔مناوی

۱۰۔عجلونی

۱۵۔ابن عباس سے بطور مرفوع:

جو شخص مکہ کا قصد کرے پھر میری مسجد کا قصد کرے اس کے لئے دو حج مقبول کا ثواب ہے۔(۳)

ا۔مسند فردوس ۲۔وفاءالوفا ۳۔نیل الاوطار

۱۶۔بنی خطاب کے ایک شخص سے بطور مرفوع:

جو شخص از روئے قصد میری وفات کے بعد زیارت کرے وہ قیامت میں میرا ہمسایہ ہوگا۔جو شخص دونوں حرموں میں کہیں مر جائے وہ قیامت میں مامون ہوگا۔شحامی نے اضافہ کیا ہے کہ جو شخص ساکن مدینہ ہو جائے اور بلاؤں پر صبر کرے میں اس کا قیامت میں گواہ اور شفیع ہوں گا۔(۴)

---

ا۔شفاءالسقام،ص۳۰(ص۴۰)وفاءالوفاء،ج۲،ص۴۰۲(ج۴،ص۱۳۴۸)

۲۔المعجم الاوسط،ج(ا،ص۲۰۱حدیث۲۸۹)الکامل فی ضعفاءالرجال(ج۲،ص۳۸۲نمبر۱۳۶)السنن الکبریٰ(ج۵،ص۲۴۶)الشفابتعریف حقوق المصطفیٰ(ج۲،ص۱۹۵)نسیم الریاض فی شرح الشفاء(ج۳،ص۵۱۴)کنوزالحقائق،ص۱۴۱(ج۲،ص۱۰۸)کشف الخفاء،ج۲،ص۲۵۱)

۳۔وفاءالوفاء،ج۲،ص۴۰۱(ج۴،ص۱۳۴۷)نیل الاوطار،ج۴،ص۳۲۶(ج۵،ص۱۰۹)

۴۔ الضعفاء الکبیر ، (ج۴،ص ۳۶۲ نمبر۳۷۹۱ ۔سنن دارقطنی (ج۲،ص ۲۷۸حدیث ۱۹۳) شعب الایمان ،(ج۳،ص ۴۸۸حدیث۴۱۵۲)مختصر تاریخ ابن عساکر(ج۲،ص ۴۰۶)مشکاۃ المصابیح ،(ج۲،ص ۱۲۸ حدیث ۲۷۵۵)وفاءالوفا ج۲، ص۳۶۲نمبر۱۳۹۹(ج۴،ص۱۳۴۳)

| | | |
|---|---|---|
| ا۔عقیلی | ۲۔دارقطنی | ۳۔حاکم |
| ۴۔بیہقی | ۵۔ابن عساکر | ۶۔عبدالمومن دمیاطی |
| ۷۔خطیب عمری تبریزی | ۸۔تقی الدین سبکی | ۹۔نورالدین سمہودی |

۱۷۔ابن عمر سے بطور مرفوع:

جو مدینہ میں میری زیارت کرے میں اس کا قیامت میں شفیع اور گواہ رہوں گا۔

وفاءالوفا کے مطابق دارقطنی نے اس کی روایت کی ہے۔(۱)

۱۸۔رسول خداؐ سے مروی ہے:

جو فارغ البال ہو اور میری زیارت کا قصد نہ کرے اس نے مجھ پر جفا کی۔(۲)

| | | | |
|---|---|---|---|
| ا۔ابن فرحون | ۲۔غزالی | ۳۔قسطلانی | ۴۔عجلونی |

۱۹۔رسول خداؐ سے:

جو میری زیارت وفات کے بعد کرے اور مجھ پر سلام کرے تو میں اس پر دس بار سلام کرتا ہوں، اس کی دس ملائکہ زیارت کرتے ہیں، سبھی اسے سلام کرتے ہیں اور مجھے اپنے گھر سے سلام کرے تو خدا میری روح کو لوٹاتا ہے تاکہ میں اسے سلام کروں۔(۳)

شیخ شعیب حریفیش نے روض الفائق میں ذکر کیا ہے۔

۲۰۔ابوعبداللہ محمد بن علاء کہتے ہیں:

میں مدینے گیا مجھ پر سخت بھوک کا غلبہ تھا اسی حالت میں زیارت قبر رسولؐ کی۔ رسولؐ اور شیخین کو سلام کر کے کہا: اے خدا کے رسولؐ! مجھ پر بھوک کا غلبہ ہے جسے خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا اور میں آج رات آپ کا مہمان ہوں۔ اتنے میں مجھ پر نیند کا غلبہ ہوگیا۔ خواب میں رسول خداؐ نے مجھے ایک

---

ا۔سنن دارقطنی (ج۳،ص۲۷۸حدیث۱۹۴) وفاءالوفاء، ج۲،ص۳۹۸ (ج۴،ص۱۳۴۲)

۲۔احیاءالعلوم، ج۱،ص۲۴۶ (ج۱،ص۲۳۱) المواہب اللدینۃ (ج۴،ص۵۷۱) کشف الخفاء ج۲،ص۲۷۸.

۳۔الروض الفائق، ج۲،ص۱۳۷ (ج۳۸۰)

روٹی مرحمت فرمائی۔ میں نے نیند کے عالم میں آدھی روٹی کھائی اور خواب سے بیدار ہوا تو میرے ہاتھ میں آدھی روٹی تھی۔ اس وقت مجھ پر اس ارشاد کی حقیقت روشن ہوئی کہ جو شخص مجھے خواب میں دیکھے اس نے واقعی مجھے دیکھا کیونکہ شیطان میری شکل میں متمثل نہیں ہوسکتا۔ پھر میں نے ایک آواز سنی: اے ابوعبداللہ! جو بھی میری قبر کی زیارت کرتا ہے اس کو بخش دیا جاتا ہے اور کل بروز قیامت میں اس کی شفاعت کروں گا۔ اس مفہوم کے سات شعر روض الفائق (۱) میں ہیں:

| | |
|---|---|
| من زار قبر محمد | نال الشفاعة فی غد |
| بالله کرر ذکره | وحديثه يا منشدی |
| واجعل صلاتک دائما | جهرا عليه تهتدی |
| فهو الرسول المصطفی | ذوالجود والكف الندی |
| وهو المشفع فی الوریٰ | من هول يوم الموعد |
| والحوض مخصوص به | فی الحشر عذب المورد |
| صلی عليه ربنا | مالاح نجم الفرقد |

۲۱۔ حدیث مرفوع:

اس کا کوئی عذر لائق سماعت نہیں جو خوشحال ہوتے ہوئے میری زیارت نہ کرے۔

شیخ زادہ نے مجمع الانہر میں اسے نقل کیا ہے۔ (۲)

۲۲۔ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا:

جو شخص قبر رسول کی زیارت کرے وہ ان کے جوار میں رہے گا۔ (۳)

۱۔ ابن عساکر ۲۔ شوکانی

﴿فلعلک باخع نفسک علی آثارهم ان لم يومنوا بهذا الحديث اسفا فبای

---

۱۔ الروض الفائق، ج۲، ص ۱۳۸ (س ۳۸۱) ۲۔ مجمع الانہر، فی شرح ملتقی الابحر، ج۱، ص ۱۵۷۔

۳۔ مختصر تاریخ ابن عساکر (ج۲، ص ۴۰۶) نیل الاوطار ج۴، ص ۳۲۶ (ج۵، ص ۱۰۹)

حدیث بعد یومنون ﴾ ( تو کیا آپ شدت افسوس سے ان کے پیچھے اپنی جان خطرہ میں ڈال دیں گے اگر یہ لوگ اس بات پر ایمان نہ لائے ) (۱)

## مشائخ اربعہ کے اعلانات

مذاہب اربعہ کے بزرگوں نے زیات قبر رسولؐ کے متعلق بہت زیادہ اور والہانہ انداز میں تاکید فرمائی ہے۔ہم یہاں چالیس علماء کے ارشادات کا خلاصہ پیش کرر ہے

۱۔ابوعبداللہ حلیمی جرجانی ( متوفیٰ ۴۰۳ ) منہاج میں کہتے ہیں کہ آج ان کی تعظیم زیارت کرنے میں ہے۔(۲)

۲۔ابوالحسن محاملی ( متوفیٰ ۴۲۵ ) تجرید میں کہتے ہیں: حاجی کے لئے مستحب ہے کہ قبر رسولؐ کی بھی زیارت کرے۔

۳۔قاضی طاہر بن عبداللہ طبری ( متوفیٰ ۴۵۰ ) حج وعمرہ کے بعد زیارت قبر رسولؐ مستحب ہے۔

۴۔قاضی القضاۃ ماوردی ( متوفیٰ ۴۵۰ ) احکام سلطانیہ میں کہتے ہیں:معلم اپنے حاجیوں کو لے کر زیارت کے لئے مدینہ جائے کیونکہ ان کی حرمت اورحقوق کی ادائیگی کا تقاضہ یہی ہے۔اگر چہ فرض نہیں لیکن استحباب تاکیدی ضرور ہے۔(۳)

۵۔صقیلی ( متوفیٰ ۴۶۶ ) تہذیب میں کہتے ہیں کہ امام مالک اس بات کو مکروہ سمجھتے تھے کہ کوئی کہے ہم نے قبر رسولؐ کی زیارت کی ۔کیونکہ زیارت ایسی چیز ہے کہ چاہے تو بجالائے چاہے تو چھوڑ دے حالانکہ زیارت واجب ہے۔صقیلی کہتے ہیں:یعنی سنت واجب ہے۔(۴)

۶۔فقیہ شافعی ابواسحاق،مہذب میں کہتے ہیں کہ زیارت قبر رسولؐ مستحب ہے۔(۵)

---

۱۔سورہ کہف آیت/۶ ۲۔المنہاج ( ج۲،ص۱۳۰ )
۳۔الاحکام السلطانیہ،ص۱۰۵ ( ج۲،ص۲۰۹ ) ۴۔المدخل،ج۱،ص۲۵۶.
۵۔المہذب ( ج۱،ص۲۳۳ )

۷۔ابوالخطاب کلودانی فقیہ، ہدایہ میں کہتے ہیں: زیارت قبر رسولؐ مستحب ہے۔

۸۔قاضی عیاض مالکی کہتے ہیں کہ تمام مسلمانوں کے نزدیک زیارت قبر رسولؐ مستحب ہے اس کی بڑی ترغیب آئی ہے(۱)...حاجی کے لئے ضروری ہے کہ زیارت کے لئے جائے اور وہاں نماز اور ضریح کا بوسہ لے۔(۲)

۹۔ابن ہبیرہ: چاروں ائمہ کا اتفاق ہے کہ زیارت قبر رسولؐ مستحب ہے۔(۳)

۱۰۔حافظ ابن جوزی نے زیارت کا ایک باب قائم کر کے حدیثیں نقل کی ہیں۔

۱۱۔عبدالکریم مالکی، اپنی مناسک میں لکھتے ہیں: حج وعمرہ سے فارغ ہو کر مسجد رسولؐ میں آئے، وہاں نبی پر سلام کرے پھر نماز ودعاء کے بعد بقیع جائے جہاں صحابہ وتابعین کی قبریں ہیں۔اسے کسی حالت میں ترک نہ کرے۔

۱۲۔ابن ابی سنینہ، المستوعب میں لکھتے ہیں: قبر رسولؐ پر جانے سے پہلے مستحب ہے کہ غسل کرے پھر آگے آداب زیارت، کیفیت سلام اور دعاء وداع کا تذکرہ کیا ہے۔

۱۳۔شیخ ابن قدامہ مقدسی، استحباب زیارت نبیؐ کا باب قائم کر کے دارقطنی کی روایات لکھی ہیں۔(۴)

۱۴۔نووی، منہاج میں: حج کے بعد مستحب ہے آب زمزم پیئے اور قبر رسولؐ کی زیارت کرے۔(۵)

۱۵۔نجم الدین بن حمدان حنبلی، رعایۃ الکبریٰ میں: حج کے بعد زیارت قبر رسولؐ مستحب ہے۔

۱۶۔قاضی حسین، شفاء میں: حج سے فراغت کے بعد ''ملتزم'' میں توقف اور آب زم زم پینا مستحب ہے پھر مدینہ جاکر زیارت رسولؐ کرے۔

۱۷۔قاضی سروجی: حاجیوں کے لئے ضروری ہے کہ حج وعمرہ کے بعد مدینہ جائیں اور زیارت کریں۔

---

۱۔الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ (ج۲، ص۱۹۴) ۲۔خفاجی کی شرح شفا (ج۳ص ۵۱۵)
۳۔ابن الحاج کی المدخل، ج۱، ص۲۵۶. ۴۔المغنی ج (۶، ص۵۸۸)
۵۔المنہاج مطبوع برحاشیہ المغنی ج۱، ص۴۹۴ (ج۱، ص۵۱۱)

۱۸۔امام قیروانی مالکی، مدخل میں لکھتے ہیں: تعظیم انبیاء کا مطلب یہ ہے کہ زائر دور ونزدیک سے حاضر ہونے کا ارادہ کرے جب قبر کے نزدیک پہونچے تو کوشش کرے کہ ادب واحترام اور خشوع باقی رہے، حضور قلب سے انھیں دیکھے کیونکہ نہ وہ کہنہ ہوتے ہیں نہ تغیر واقع ہوتا ہے۔حمد خدا کے بعد ان پر درود پڑھے، پیرو کار اصحاب کے لئے رحم ورضا کی دعا کرے پھر ان کے وسیلے سے اپنی حاجت بارگاہ خدا میں بیان کرے، مغفرت کی دعا کرے، ان سے ترسیل کا طلب گار ہو کیونکہ سنت خدا یہی ہے کہ حاجتیں انھیں کے وسیلے سے برآتی ہیں۔ جو نزدیک نہ پہونچ سکتا ہو وہ انھیں دور سے سلام کرے اور مغفرت وحاجات طلب کرے۔ رسول اکرمؐ کی زیارت میں کچھ زیادہ مراعات کرے کیونکہ آپ کی شفاعت رد نہ ہوگی، وہ قطب دائرہ کماں ہیں۔ جو شخص آپ سے توسل کا خواستگار ہو خدا اس کی توبہ قبول کرتا ہے۔ کیونکہ خدا وعدہ خلاف نہیں، اس نے وعدہ کیا ہے کہ جو رسول اکرمؐ کے سامنے کھڑا ہو کر طلب مغفرت کرے تو خدا اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔ یہ ایسی حقیقت ہے کہ اس کا انکار دشمن دین اور منکر دین ہی کرسکتا ہے۔

۱۹۔شیخ سبکی شافعی نے شفاء السقام میں تردید ابن تیمیہ کرتے ہوئے چاروں مذاہب کے علماء کے اقوال نقل کئے ہیں کہ انھوں نے قبر رسولؐ کی زیارت کو مستحب کہا ہے۔حنفیوں کے نزدیک زیارت افضل قربات بلکہ واجبات میں ہے۔اس کی صراحت ابومنصور کرمانی، بلدحی اور ابولیث قندی نے اپنے فتاویٰ میں کی ہے۔ پھر آگے ابن تیمیہ کے نظریات کی علمی وجذباتی تردید کی ہے۔(۱)

۲۰۔زین الدین مراغی تحقیق النصرۃ میں کہتے ہیں کہ ہر مسلمان کے لئے زیارت قبر رسولؐ کو تقرب کا ذریعہ سمجھنا لازم ہے۔آیات واحادیث سے اس کا اثبات کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ آیت میں ارشاد ہے۔﴿واستغفر لذنبک وللمومنین والمومنات ﴾''اپنے اور جملہ مومنین ومومنات کے لئے طلب مغفرت کرو''۔اس لئے کہ اگر کوئی مومن طلب مغفرت کے لئے جائے گا تو بخششیں وتوبہ لامحالہ حاصل ہو جائیں گی۔(۲)

---

۱۔شفاء السقام، (۴۸، ۵۹، ۶۱، ۶۲ (ص ۶۴، ۷۹، ۸۲، ۸۵)

۲۔تحقیق النصرۃ فی تاریخ دار الہجرۃ (ج ۱۰۲) المواہب اللدنیۃ، (ج ۴، ص ۵۷۲)

۲۱۔سمہودی وفاءالوفا میں لکھتے ہیں:استحباب زیارت پرسب کا اجماع ہے بلکہ ظاہر حکم وجوب ہے۔(۱)

۲۲۔حافظ قسطلانی مواہب میں لکھتے ہیں: زیارت قبر شریف، بزرگ ترین عوامل تقرب خداوندی ہے اور طاعات کا بالاترین درجہ ہے۔(۲) بلکہ مالکیوں نے تو وجوب کا حکم دیا ہے۔(۳) عمر بن عبد العزیز کچھ لوگوں کو مدینہ بھیجتے تھے کہ ان کا سلام رسول اکرمؐ تک پہونچادیں۔ پس قبر رسولؐ کی زیارت کے لئے سفر قرب خدا کا سبب ہے۔ پھر آگے ابن تیمیہ کے واہی نظریات کی تردید کی ہے۔(۴)

۲۳۔شیخ الاسلام ابو یحییٰ انصاری بھی زیارت کو مستحب فرماتے ہیں اور اسنی المطالب میں اس کے احکام لکھتے ہیں۔(۵)

۲۴۔ابن حجر: اگر آپ کہیں کہ زیارت رسولؐ پر اجماع کیسے کہتے ہیں جب کہ متاخرین میں ابن تیمیہ اس کے مخالف ہیں۔ ان کے دلائل دیکھ کر طبیعت متنفر ہوجاتی ہے۔ وہ اس کے برخلاف دعویٰ کرتا ہے کہ زیارت قبر رسولؐ کی حرمت پر سب کا اجماع ہے۔ تو جواب میں کہا جائے گا کہ ابن تیمیہ کون ہے کہ اس کی بات پر توجہ دی جائے۔ بے شمار علماء نے اس کے خبیث نظریات کی مخالفت کی ہے۔ اور آگے اس کا علمی جواب دیا ہے اور اس کی ضلالت وگمراہی کے ثبوت فراہم کئے ہیں۔

۲۵۔خطیب شربینی: زیارت قبر رسولؐ بزرگ ترین عوامل تقرب خداوندی برائے مرد وعورت ہے۔ انہوں نے دوسرے انبیاء وصالحین کی قبور کو بھی شامل کیا ہے جو بظاہر صحیح ہے۔ اذرعی نے اس کی تردید کر کے کہا ہے کہ اگر دوسرے قبور کو بھی شامل کرلیا جائے تو والدین اور دوسرے خاندان کے لوگوں کی قبروں کی زیارت بھی جائز ہوگی وہ صلہ رحم کے معاملے میں صالحین کے ولی ہیں۔ اس لئے بہتر ہے کہ انھیں شامل نہ کیا جائے یہ سمجھنا کہ زیارت رسولؐ صرف حاجیوں کے لئے ہے غلط ہے، زیارت عام آدمی کے لئے مستحب ہے خواہ حاجی ہو یا نہ ہو۔ حاجیوں کو تاکید دو وجہ سے ہے: اول یہ کہ دور سے حج کرنے

---

۱۔وفاءالوفاء، ج۲ص۴۲۱ (ج۴، ص۱۳۶۲)

۲۔المواہب اللدنیہ، (۴، ص۵۷۰.

۳۔المدخل، (ج۱،ص۲۵۶)

۴۔اسنی المطالب شرح روض الطالب، ج۱،ص۵۰۱.

۵۔الجواہر المنظم فی زیارۃ القبر المکرّم ص۱۲.

آتے ہیں اس لئے مدینہ نہ جانا سخت معیوب ہے۔ دوسرے خود رسولؐ نے فرمایا ہے کہ جو حج کرے اور میری زیارت نہ کرے اس نے مجھ پر جفا کی۔(۱)

۲۶۔ شیخ زین الدین مناوی، زیارت رسولؐ کو تکمیل حج کا ذریعہ اور صوفیوں کی نظر میں واجب سمجھتے ہیں۔ یہ زیارت درحقیقت شفاعت کے لئے، بے چاروں کی رسولؐ کی طرف ایک ہجرت ہے(۲)

۲۷۔ شیخ شرنبلانی: زیارت رسولؐ بلند ترین عوامل تقرب بلکہ واجبات میں سے ہے۔ اس لئے کہ رسولؐ نے اس کی تصریح فرمائی ہے۔ رسولؐ آج بھی زندہ ہیں اور وہ لوگوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں صرف ہماری آنکھوں پر پردے پڑے ہوئے ہیں۔ جو لوگ اس حقیقت کو نہیں سمجھتے آپ کی زیارت کا انکار کرتے ہیں۔(۳)

۲۸۔ قاضی القضاۃ خفاجی: ابن تیمیہ وابن قیم کے مہمل گفتار کا جواب سبکی نے مستقل تصنیف میں دیا ہے۔ ان کا عقیدہ تھا کہ نجیب افراد دوڑ کر قبر رسول کی زیارت کرتے ہیں، وہاں اپنی حاجتیں پیش کرتے ہیں جو پوری ہوتی ہیں۔(۴) ابن تیمیہ سمجھتے ہیں کہ وہ توحید کی حمایت کررہے ہیں حالانکہ قطعی حماقت کررہے ہیں۔ رسولؐ کا ارشاد کہ ''لا تتخذوا قبری عیدا ''میری قبر پرعید نہ مناؤ، اس کا مطلب یہ ہے کہ میری قبر پر جشن منانے کے انداز سے نہ آؤ یا پھر مقصد یہ کہ میری قبر پر سال میں ایک دن مخصوص کر کے نہ آؤ بلکہ سال کے جس دن بھی تمہیں موقع ملے میری قبر پر حاضری دو۔ زیارت قبر رسولؐ پر تمام علماء کا اجماع ہے۔(۵)

۲۹۔ شیخ عبدالرحمٰن زادہ بھی زیارت کو پسندیدہ ترین مستحبات میں بلکہ نزدیک بہ واجب قرار دیتے ہیں۔ پھر اس سے متعلق چھ حدیثیں لکھ کر آداب زیارت بیان کرتے ہیں۔(۶)

---

۱۔ مغنی المحتاج، ج ا ص ۳۵۷ (ج ا، ص ۳۶۵) ج ا، ص ۵۱۲)
۲۔ شرح الجامع الصغیر، ج ۶، ص ۱۴۰۔ ۳۔ مراقی الفلاح (ص ۱۰۵)
۴۔ نسیم الریاض فی شرح الشفاء، ج ۳، ص ۵۶۶ (ج ۳، ص ۵۱۴)
۵۔ نسیم الریاض فی شرح الشفاء ج ۳، ص ۵۷۷ (ج ۳، ص ۵۲۳)
۶۔ مجمع الانہر فی شرح ملتقی الابحر، ج ا، ص ۱۵۷۔

۳۰۔علاء الدین حصکفی: زیارت قبر رسولؐ مستحب بلکہ مستطیع کے لئے واجب ہے۔(۱)

۳۱۔ابوعبداللہ زرقانی: سلف سے یہ پسندیدہ عمل رہا ہے، جب عمر نے بیت المقدس کے لوگوں سے مصالحت کی، کعب الاحبار کے پاس آئے اور مبارک باد دی۔عمر نے کہا: میرے ساتھ زیارت قبر رسولؐ کے لئے چلو گے؟ کہا: ہاں۔(۲)

۳۲۔ابوالحسن سندی، شرح سنن ماجہ میں لکھتے ہیں کہ زیارت قبر رسولؐ مستحب موکدہ ہے۔اور پھر حدیثیں لکھی ہیں اور ان کی صحت پر مدلل بحث کی ہے۔(۳)

۳۳۔شیخ محمد بن علی شوکانی، نیل الاوطار میں: زیارت رسولؐ کے متعلق علماء میں اختلاف ہے۔ زیادہ تر علماء اس کے استحباب کے قائل ہیں، حنفیوں کے یہاں واجب ہے۔ جو لوگ اس کو غیر شرعی کام سمجھتے ہیں ان پر تنقید کی ہے۔(۴)

۳۴۔شیخ محمد امین بن عابدین: زیارت رسولؐ تمام مسلمانوں کے نزدیک مستحب ہے۔اختلاف اس میں ہے کہ عورتوں پر بھی زیارت مستحب ہے یا نہیں تو چند طریقوں سے ان پر بھی مستحب ہے۔صحیح تر مذہب یہ ہے کہ مرد و عورت سب پر مستحب ہے، بعض نے زیارت کو واجب قرار دیا ہے جب کہ وہ مستطیع ہوں۔آگے تائید میں چھ علماء کی کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔(۴)

۳۵۔شیخ درویش حوت بیروتی، حاشیہ حسن الاثر پر لکھتے ہیں: زیارت رسولؐ مطلوب شرعی ہے اور یہ خالق و مخلوق کے درمیان واسطہ ہے جس طرح رسولؐ، زمانۂ حیات میں خالق و مخلوق کے درمیان واسطہ تھے۔جو شخص اس بات کا انکار کرے وہ نہایت درجے کا احمق اور جاہل ہے۔(۵)

۳۶۔شیخ ابراہیم باجوری: زیارت قبر رسولؐ تمام لوگوں پر خواہ وہ حاجی ہوں یا نہ ہوں مستحب موکدہ ہے۔جو شخص آپ کی زیارت کا قصد کر کے مدینہ جائے اسے راستے میں درود شریف وسلام پڑھتے

---

۱۔الدر المختار، (ص۱۹۰) ۲۔شرح المواہب، ج۸، ص۲۹۹.

۳۔شرح سنن ابن ماجہ، ج۲، ص۲۶۸، سنن دار قطنی (ج۲ص۲۷۸حدیث۱۹۴)

۴۔نیل الاوطار، ج۴، ص۳۲۴ (ج۵، ص۱۰۷) ۴۔ردالمختار علی الدر المختار ج۲، ص۲۶۳ (ج۲، ص۲۵۷.

۵۔حاشیہ حسن الاثر ص۲۴۶.

رہنا چاہئے۔ جب مدینے کے اشجار پر نگاہیں پڑیں تو درود وسلام میں زیادتی کر دینی چاہئے۔(۱)

۳۷۔شیخ حسن عدوی حمزاوی، زیارت کو قرآن وسنت اور اجماع وقیاس سے ثابت کرتے ہوئے جواب دیتے ہیں: جوشخص اس حقیقت کو سمجھ لے گا کبھی زیارت میں کوتاہی نہ کرے گا۔(۲)

۳۸۔سید محمد جردانی دمیاطی: زائر کے لئے دس کرامتیں ہیں:(۳)

۱۔بالاترین مرتبہ ملتا ہے۔ ۲۔بلندترین مطلوب حاصل ہوتا ہے۔

۳۔حاجتیں برآتی ہیں۔ ۴۔مواهب الٰہی حاصل ہوتے ہیں۔

۵۔بلاؤں سے نجات ملتی ہے۔ ۶۔عیوب سے پاک ہوتا ہے۔

۷۔مصائب ٹلتے ہیں۔ ۸۔بلائیں رد ہوتی ہے۔

۹۔انجام بخیر ہوتا ہے۔ ۱۰۔آفاق کی رحمتیں اس کے شامل حال ہوتی ہیں۔

مختصر یہ کہ زیارت افضل قربات اور واجب ہے۔

۳۹۔شیخ عبدالباسط فاخوری مفتی بیروت، کفایۃ (۴) کی بارہویں فصل میں زیارت کے مستحب موکدہ ہونے کو بیان کرتے ہیں۔ پھر احادیث سے اس کا اثبات کر کے فرماتے ہیں کہ کم سے کم کہے: **السلام علیک یا رسول اللہ**۔اس کے بعد شیخین اور آٹھ اسطوانہ (اسطوانۂ نماز رسولؐ، اسطوانۂ عائشہ، اسطوانۂ توبہ، اسطوانۂ سریر، اسطوانۂ علیؑ، اسطوانۂ وفود، اسطوانۂ جبرئیل اور اسطوانۂ تہجد) سے برکت حاصل کرنے کو نقل کیا ہے۔

۴۰۔شیخ عبدالمعطی سقا زیارت کو مستحب اور حاجی کے لئے ضروری قرار دیتے ہیں۔ پھر آداب زیارت لکھتے ہیں۔(۵)

۴۱۔شیخ محمد زاہد کوثری تکملۃ السیف (۶) میں: زیارت رسولؐ کی بہت زیادہ تصریح ہے۔ پھر مختلف دانشوروں کے اقوال نقل کئے ہیں، انھوں نے زیارت کے متعلق حرام اور واجب کے اقوال نقل کر کے

---

۱۔حاشیہ علی شرح ابن المغربی ج۱،ص۳۴۷. ۲۔کنز المطالب،ص۲۳۹۔۲۷۰.

۳۔مصباح الظلام، ج۲،ص۱۴۵ (ج۲،ص۳۵۱) ۴۔الکفایۃ الذوی العنایۃ،ص۱۲۵.

۵۔الارشادات السنیۃ،ص۲۶۰. ۶۔تکملۃ السیف الصقیل،ص۱۵۶.

واجب ہونے کا مسلک اختیار کیا ہے۔ پھر کہتے ہیں کہ جو لوگ اسے حرام کہتے ہیں ان کے دل میں دشمنیٔ رسولؐ ہے۔ ابن تیمیہ کے بقول امام ابن الوفاء کا کہنا ہے کہ سفر برائے زیارت رسولؐ معصیت ہے اس لئے زائر کو پوری نماز پڑھنی چاہیئے۔ حالانکہ ابن الوفاء نے ہرگز یہ بات نہیں کہی بلکہ اپنی کتاب تذکرہ میں زیارت کی بہت زیادہ تاکید کی ہے۔

۴۲۔ فقہاء مصر کی کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ میں ہے کہ زیارت رسولؐ افضل ترین مستحبات میں ہے۔ پھر آگے چھ احادیث میں زیارت رسولؐ و شیخین کے آداب لکھے ہیں۔(۱)

﴿هُدُوا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوْا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ﴾ اور انہیں پاکیزہ قول کی طرف ہدایت دی گئی ہے اور انہیں خدائے حمید کے راستہ کی طرف رہنمائی کی گئی ہے۔(۲)

## تین اہم فروعات

گذشتہ بحث سے معلوم ہوا کہ زیارت رسولؐ مستحب موکدہ ہے۔ اس سلسلے میں تین باتوں کا تذکرہ ضروری ہے:

۱۔ فقہائے مذاہب میں اختلاف ہے کہ حج و زیارت میں کسے مقدم کیا جائے۔ بعض کہتے ہیں کہ پہلے مکہ جائے اور بعض پہلے مدینہ جانے کو ترجیح دیتے ہیں۔

امام احمد نے مناسک کبیر میں مکہ سے ابتداء کو ترجیح دی ہے اور ابراہیم نخعی، مجاہد، عدی، علقمہ وغیرہ کی سندیں پیش کی ہیں۔ ان روایت میں بعض مدینہ کو ترجیح دیتے ہیں۔(۳)

شیخ علی قاری مکہ ہی کو ترجیح دیتے ہیں: مناسب ہے کہ حج کے بعد زیارت کی جائے کیونکہ حق اللہ حق الرسولؐ سے مقدم ہے۔(۴)

۲۔ تمام مکاتب فکر متفق ہیں کہ نیابت میں زیارت کرائی جاسکتی ہے اس سلسلے میں بیہقی، نیلی، سبکی،

---

۱۔ الفقہ علی المذاہب الاربعۃ، ج۱، ص۵۹۰ (ج۱ص۷۱۱) ۲۔ سورۂ حج آیت ۲۴

۳۔ شفاء السقام، (۵۷) ۴۔ المرقاۃ فی شرح المشکاۃ، ج۳، ص۲۸۴ (ج۵ص۶۳۲ حدیث ۲۷۵۶)

ابو اللیث سمر قندی، عبد الحق صقلی، عبد الحق محدث دہلوی، ابن بطہ وغیرہ نے اس کو جائز کہا ہے۔(۱) اور عمر بن عبد العزیز کا واقعہ نقل کیا ہے کہ یزید بن ابی سعید جب مکہ سے نکلا تو عمر بن عبد العزیز نے کہا کہ مجھے تم سے ایک حاجت ہے کہ جب مدینہ جانا تو قبر رسولؐ پر میری طرف سے سلام کہنا۔ نیز ابو القاسم کہتے ہیں کہ جب مکہ سے چلنے لگا تو قاسم بن غسان نے کہا کہ جب مدینہ پہونچنا تو آنحضرتؐ کو میرا سلام کہنا۔ ابو القاسم کہتے ہیں جب میں نے مسجد النبیؐ میں قدم رکھا تو مجھے خیال آیا۔

۳۔ مسجد الحرام جانے کی نذر کرنا شرعی لحاظ سے ثابت ہے لیکن مدینہ کی نذر، کعبہ و بیت المقدس سے افضل ہے۔ اگر کوئی مدینہ جانے کی نذر مانے تو اس کو وفا کرنا ضروری ہے۔ ابن الحاج اور سبکی وغیرہ کہتے ہیں کہ جو اس کی صحت میں شک مانے وہ مشرک یا معاند ہے۔(۲) قاضی ابن کج کہتے ہیں کہ جو شخص قبر رسولؐ کی زیارت کے لئے نذر مانے میرے نزدیک اس کا پورا کرنا لازم ہے۔

## علماء اہل سنت کی نظر میں آداب زیارت رسولؐ

اب یہاں مصادر اہل سنت سے آداب زائر کے نصوص پیش کئے جاتے ہیں۔(۳) حنفی و شافعی علماء نے مندرجہ ذیل آداب لکھے ہیں:

نیت خالص کرے کیوں کہ عمل کا دار و مدار نیت پر ہے۔(۴) شوق دائم باقی رکھے۔ جب گھر سے نکلے تو دعا پڑھے جو کتابوں میں مذکور ہے۔ راستے میں درود و سلام پڑھتا رہے۔ جب روضۂ رسولؐ پر نظر پڑے تو خشوع و خضوع میں اضافہ کرے، مناسب ہے کہ سواری پر ہو تو پا پیادہ ہو جائے کیونکہ عبد القیس کے قافلے والوں نے رسولؐ کو دیکھ کر اپنے کو سواری سے اتار دیا تھا۔ رسولؐ کی تعظیم حیات و ممات میں

---

۱۔ شعب الایمان (ج۳، ص۴۹۱ حدیث ۴۱۶۶) الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ (ج۲، ص۱۹۸) شفاء السقام، ص۴۱، ۵۰ (۶۶، ۵۶، ۶۷)

۲۔ المدخل ج۱، ص۲۵۶، شفاء السقام، ص۵۳ (ص۷۲، ۹۶)

۳۔ اس بارے میں فاکہی نے مستقل رسالہ فی آداب زیارۃ افضل الرسولؐ نام کا لکھا ہے جو شبراوی کی الاتحاف مطبوعہ مصر کے حاشیہ پر چھپا ہے۔

۴۔ نووی کی شرح صحیح مسلم (ج۹، ص۱۶۸)

یکساں ہونی چاہئے۔فقہاء کا حکم بھی یہی ہے اور بزرگوں کا عمل بھی یہی رہا ہے۔(۱) جب مدینہ پہونچے تو حرم نبیؐ میں داخل ہونے کی دعا پڑھے۔غزالی کہتے ہیں کہ جب مدینے کے در و دیوار اور درخت نظر آئیں تب ہی دعا پڑھے۔جب ذوالحلیفہ پہونچے تو معرس پر ٹھہر جائے۔مدینہ میں داخل ہونے سے قبل بئر حرہ پر غسل کرے پھر پاک صاف کپڑے پہنے۔بعض نادان سواری سے اُتر کر میلے کپڑے پہن لیتے ہیں انھیں روکنا چاہئے۔باب البلد پر دعا پڑھے۔(۲) قبر و بارگاہ دیکھے تو وقار و سکینہ پیدا کرے۔تعظیم میں کوتاہی نہ کرے۔مسجد اور حرم دیکھ کر خضوع و خشوع میں اضافہ کرے۔بہتر ہے کہ زائر باب جبرئیل سے داخل ہو جب کہ تمام زائروں کا دستور ہے کہ باب السلام سے داخل ہوتے ہیں۔دروازے میں داخل ہو کر ادب سے ذرا دیر کھڑا رہے جیسے بزرگوں کی تعظیم کی جاتی ہے۔(۳) داخل حرم ہونے سے قبل دل کو کدورتوں سے پاک کرلے۔مخصوص دعاؤں کی تلاوت کرتا رہے....پھر روضۂ مبارک میں داخل ہو جو مابین قبر و منبر ہے وہاں دو رکعت نماز بجالائے اور اپنی حاجتیں حمد خدا کے بعد طلب کرے۔(۴)

مناسب ہے کہ زیارت کے وقت زائر کھڑا رہے جس طرح نماز کھڑے ہو کر پڑھی جاتی ہے اسی طرح زیارت بھی کھڑے ہو کر پڑھے۔

قبر شریف کی طرف متوجہ ہو کر خدا سے رعایت ادب کی توفیق طلب کرے۔بیٹھتے ہوئے رسول خداؐ کا تصور کرے خضوع و خشوع کے ساتھ پشت بہ قبلہ ہو کر آنکھوں کو پائیں دیوار حجرہ شریف میں جمادے۔

اس سلسلے میں ابن حجر خفاجی (۵)، کرمانی و ابن ملیکہ نے اپنے اپنے انداز میں معیار تعظیم بیان کئے ہیں۔زیارت پڑھتے وقت نہ آواز بہت زیادہ بلند کرے نہ بہت آہستہ۔(۶) اس کے بعد زیارت پڑھے:

---

۱۔اللھم ھذا حرم رسولک ، فاجعله لی وقاية من النار و امانا من العذاب وسوء الحساب ،احیاءالعلوم ج،اص ۲۴۶ (ج ا،ص ۲۳۱)

۲۔مجمع الانہر، ج ا،ص ۱۵۷ (ج اص ۳۱۳)

۳۔حسن الادب،ص ۵۶،الارشادات السنیۃ،ص ۲۶۱،حسن الادب،ص ۵۶

۴۔الشفاء (ج ۲،ص ۲۰۱) المواہب اللدینۃ، (ج ۴،ص ۵۷۸)

۵۔نسیم الریاض فی شرح الشفاء، ج ۳،ص ۵۷۱ (ج ۳ص ۵۱۷)

۶۔الشفاء (ج ۲،ص ۹۲)

"السَّلام علیک یا رسول اللّٰہ السَّلام علیک یانبی اللّٰہ السَّلام علیک یاخیرۃ اللّٰہ السَّلام علیک یا حبیب اللّٰہ السَّلام علیک یا سید المرسلین وخاتم النبیین ..."

دوسری زیارت ابن فرحون نے ابن حبیب سے نقل کی ہے:

"السَّلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ . السَّلام علیک (۱)یا نبی اللّٰہ ورحمۃ اللّٰہ وبرکاتہ اشھد انک رسول اللّٰہ فقد بلّغت الرسالۃ وادیت الامانۃ ونصحت الامۃ ... صلی اللّٰہ علیہ وسلم یا رسول اللّٰہ افضل وازکی واعلیٰ وانمی صلاۃ صلاھا علی احد من انبیائہ ..."

تیسری زیارت جس پر مذاہب اربعہ کا اتفاق ہے:

السلام علیک یا نبی اللہ و رحمۃ اللہ و برکاتہ اشھدانک رسول اللہ فقد بلغت الرسالۃ.......

اللھم اجعل نبینا یوم القیامۃ اقرب النبیین الیک واسقنا من کاسہ وارزقنا من شفاعتہ .......

یا ذالجلال والاکرام.(۲)

چوتھی زیارت امام غزالی (۳) سے منقول ہے:

السَّلام علیک یا رسول اللّٰہ السَّلام علیک یانبی اللّٰہ . السَّلام علیک یا امین اللّٰہ السَّلام علیک یاحبیب اللّٰہ ....

پانچویں زیارت قسطلانی (۴) سے مروی ہے:السلام علیک یا رسول اللہ ... السلام علیک وعلی اھل بیت الطیبین الطاھرین . السلام علیک وعلی

---

۱۔الفقہ علی المذاہب الاربعۃ ج۱،ص۵۹۱ (ج۱،ص۷۱۳)
۲۔الفقہ علی المذاہب الاربعہ (ج۱،ص۵۹۱)
۳۔احیاء العلوم، (ج۱،ص۲۳۱)
۴۔المواہب اللدینۃ (ج۴،ص۵۸۱)

ازواجک الطاهرات امهات المومنین ...

چھٹی زیارت باجوری سے مروی ہے: السلام علیک یا رسول الله السلام علیک یانبی الله ...

ساتویں زیارت شرنبلانی حنفی نے المراقی (۱) میں نقل کی ہے: السلام علیک یا سیدی یا رسول الله السلام علیک وعلی اصولک الطیبین وعلی اهل بیتک الطاهرین ...

آٹھویں زیارت شیخ زادہ نے مجمع الانہر (۲) میں نقل کی ہے: السلام علیک ورحمة الله وبرکاته السلام علیک یا رسول الله ...

فاکہی کی روایت کے مطابق نویں زیارت کے فقرے یوں ہیں: السلام علیک ورحمة الله وبرکاته السلام علیک یا رسول الله السلام علیک یا نبی الله السلام علیک یا خیرة الله ...

پھر اس کے بعد بالائے سر بیٹھ کر یہ دعا پڑھے: اللهم انک قلت وقولک الحق: ولو انهم اذظلموا... اللهم انک قلت... اللهم انا سمعنا قولک واطعنا امرک وقصدنانبیک مستشفعین به الیک فی ذنوبنا وما اثقل ظهورنا... (۳)

## پیغمبر اکرمؐ پر صلوات:

بخاری نے با اسناد مرفوع روایت کی ہے کہ جو شخص میری قبر کے پاس صلوات پڑھے تو خدا ایک فرشتے کو مامور کرتا ہے کہ وہ صلوات محمدؐ تک پہونچا دے اور اس کی دنیا و آخرت کی حاجات پوری کرتا رہے۔ میں اس کا قیامت میں شفیع اور گواہ رہوں گا۔ (۴)

اس سلسلے میں مجد ابن ابی فدیک اور سمہودی کی الگ الگ صلوات نقل کی گئی ہے۔ (۵)

---

۱۔ المراقی الفلاح (ص۱۵۰) ۲۔ مجمع الانہر فی شرح الملتقی الابحر (ج۱،ص۳۱۳)

۳۔ احیاء العلوم، ج (ج۱،ص۲۳۲) ۴۔ شربینی کی المغنی ج۱ص۴۹۴ (ج۱ص۵۱۲)

۵۔ شعب الایمان (ج۳،ص۲۹۲ حدیث ۴۱۶۹) الشفاء (ج۲،ص۱۹۷) المدخل (ج۱،ص۲۶۱) وفاء الوفاء (ج۴،ص۱۳۹۹)

## قبر شریف پر توسل اور طلب شفاعت:

اس کے بعد زائر، رسول اکرمؐ کو وسیلہ بنا کر خدا سے شفاعت طلب کرے اور بہت زیادہ استغفار پڑھے۔توسل کے سلسلے میں قسطلانی اور زرقانی کے افادات ہیں۔(۱)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ اس موقع پر توسل کے سلسلے میں مشاہیر اہل سنت نے بڑا طویل کلام کیا ہے۔وہ کہتے ہیں کہ رسولؐ سے توسل ہر حال میں جائز ہے، حیات و ممات دونوں حالتمیں۔اس کی تین نوعیتیں ممکن ہیں:

۱۔اپنی حاجت طلب کرے، رسول اکرمؐ کی جان و برکت کا واسطہ دے کر۔

۲۔توسل کا مطلب یہ ہے کہ ان کے ذریعے دعا مانگے۔

۳۔نبیؐ سے طلب کرے یعنی وہ پروردگار سے دعا پوری کرنے اور شفاعت کرنے پر قادر ہیں۔

اس سلسلے میں مندرجہ ذیل دس علماء کے افادات بڑے وقیع ہیں:

ابن جوزی (الوفاء)، محمد بن نعمان مالکی (مصباح الظلام)، ابن داؤد شاذلی (البیان والاختصار)، سبکی (شفاء السقام)، سمہودی (وفا الوفاء)، قسطلانی (مواہب اللدینہ)، زرقانی (شرح مواہب)، خالدی بغدادی (صلح الاخوان)، عدوی حمزاوی (کنز المطالب)، عزامی (فرقان القرآن)۔(۲)

## تبرّک بہ قبر شریف (قبر سے لپٹنا، بوسہ دینا)

ان باتوں کو چاروں مذاہب میں سے کسی عالم نے بھی حرام نہیں کہا ہے۔جن لوگوں نے اس سے منع کیا ہے اس کی حیثیت بھی تنزیہی ہے نہ کہ تحریمی۔ان کی دلیل یہ ہے کہ قبر سے چپکنے اور بوسہ لینے سے ادب شکنی ہوتی ہے، قبر سے دور رہنے میں زیادہ شائستگی ہے۔ہاں بعض افراد نے اسے حرام کہا ہے لیکن

---

۱۔المواہب اللدینۃ ج۴، ص۵۹۳) شرح المواہب ج۸، ص۳۱۷۔

۲۔صلح الاخوان (ص۹۱) شفاء السقام ص۱۳۳۔۱۲۰ (۶۰) وفاء الوفاء ج۲ ص۴۳۱۔۴۱۹ (ج۴، ص۱۳۸۷۔۱۳۷۱) المواہب اللدینہ (ج۴، ص۵۹۵) شرح المواہب ج۸، ص۳۱۷، کنز المطالب ص۱۹۸، فرقان القرآن (ص۱۲۵)

ان کا قول بلا دلیل ہے بغیر برہان فتویٰ جھاڑ دیا ہے اس سلسلے میں صحیح فیصلہ چند دانشوروں کے ارشادات کے ذریعے کیا جاسکتا ہے:

۱۔ابن عساکر نے حضرت علیؑ سے روایت کی ہے کہ جب رسول خداؐ کو دفن کر دیا گیا تو فاطمہؑ نے قبر پر کھڑے ہو کر مٹی اٹھائی اور آنکھوں سے لگا کر یہ شعر پڑھا:

ماذا علی من شم تربة احمد ان لایشم مدی الزمان غوالیا

صبت علی مصائب لو انها صبت علی الایام عدن لیالیا

ابن جوزی کی الوفاء، ابن سید الناس کی سیرۂ نبویہ، قسطلانی کی مواہب، قاری کی شرح شمائل، شبراوی کی اتحاف، سمہودی کی وفاء الوفاء، خالدی کی صلح الاخوان، حمزاوی کی مشارق الانوار، سید احمد زینی دحلان کی سیرۂ نبویہ، عمر رضا کحالہ کی اعلام النساء میں اس کی روایت کی گئی ہے۔(۱)

اور ابن حجر کی فتاویٰ فقہیہ، تفسیر شربینی اور قسطلانی کی ارشاد الساری میں ہے کہ یہ اشعار جناب فاطمہؑ کے ہیں۔(۲)

۲۔ابودردا کہتے ہیں کہ بلال موذن کو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خواب میں فرمایا کہ:

میری زیارت نہ کر کے مجھ پر جفا کر رہے ہو۔ وہ اٹھ کر فوراً سواری سے چلے، قبر پر پہونچ کر روئے اور اپنا چہرہ قبر پر ملنے لگے۔ اتنے میں حسن وحسین علیہما السلام آ گئے تو گود میں اٹھا کر ان کا بوسہ لینے لگے۔(۳)

---

۱۔الوفافی فضائل المصطفیٰ (ص۸۱۹ حدیث ۱۵۳۸) السیر ۃلنبویۃ، ج۲،ص۳۴۰ (ج۲،ص۴۳۲) المواہب اللدینۃ، (ج۴،ص ۵۶۳) شرح الشمائل ج۲،ص۲۱۰، الاتحاف ص۹ (ص۳۳) وفاء الوفاء ج۲،ص۴۴۴ (ج۴،ص ۱۴۰۵) صلح الاخوان، ص۵۷ مشارق ص۶۳ (ج۱،ص۱۲۴) السیر ۃالنبویۃ دحلانی ج۳،ص۳۹۱ (ج۲،ص۳۱۰) اعلام النساء، ج۳،ص۱۲۰۵ (ج۴،ص۱۱۳)

۲۔الفتاویٰ الفقہیہ ج۲،ص۱۸، تفسیر شربینی، ج۱،ص۳۴۹، ارشاد الساری، ج۳،ص۳۹۰ (ج۳،ص۳۵۲)

۳۔تاریخ ابن عساکر (ج۷،ص۱۳۷ نمبر ۴۹۳، مختصر تاریخ ابن عساکر، ج۴،ص ۱۱۸، ج۵،ص ۲۶۵) شفاء السقام، ص ۳۹، ۴۰ (ص۵۳، ۵۴) تہذیب الکمال (ج۴،ص ۲۸۹ نمبر ۷۸۲) اسد الغابۃ، ج۱،ص ۲۰۸ (ج۱،ص۲۴۴ نمبر ۴۹۳) وفاء الوفاء ج۲،ص۴۰۸ (ج۴،ص۱۳۵۶، ۲۴۰۵) صلح الاخوان س۵۷، مشارق الانوار، ص۵۷ (ج۱،ص۱۲۱)

۳۔ حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ دفن رسولؐ کے تین دن کے بعد ایک اعرابی آیا اور قبر رسولؐ سے لپٹ گیا۔ خاک اٹھا کر اپنے سر پر ڈالنے لگا، کہتا چلا جاتا تھا: اے رسول خداؐ! آپ کی بات ہم نے سنی، خدا کی طرف آپ نے حقائق عطا کئے، آپ کی خدمت میں گنہگار آ کر توبہ کریں تو خدا معاف کر دیتا ہے۔

حافظ سمعانی، نعمان مالکی، ابوالحسن کرخی، شعیب حریفیش، سمہودی، قسطلانی، داؤد خالدی، شیخ حسن حمزاوی۔ (۱)

۴۔ داؤد بن صالح سے مروی ہے کہ ایک دن مروان قبر رسولؐ پر آیا تو دیکھا کہ ایک شخص قبر پر اپنے رخسار رگڑ رہا ہے۔ مروان نے گردن پکڑ کر کہا: کیا تو یہ جانتا ہے کہ کیا کر رہا ہے؟ اس نے اٹھایا تو دیکھا کہ وہ ابوایوب انصاری ہیں۔ انھوں نے جواب دیا: میں پتھر کے سامنے نہیں ہوں، میں رسولؐ خدا کی خدمت میں آیا ہوں۔ میں نے رسول خداؐ سے سنا ہے کہ میرے دین پر گریہ نہ کرو جب کہ باصلاحیت لوگوں کے ہاتھ میں رہبری ہو۔ اس وقت گریہ کرو جب نااہلوں کے ہاتھ میں رہبری ہو۔

مستدرک حاکم، اخبار المدینہ، شفاء السقام، وفاء الوفاء۔ (۲)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں: اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ قبور طاہرہ کے توسل سے منع کرنا امویوں کی ہدایت اور گمراہی ہے۔ زمانہ صحابہ سے وہ روکتے آ رہے ہیں کبھی کسی صحابی نے منع نہیں کیا لیکن بنی امیہ کے بدمعاش نطفوں نے ہمیشہ منع کیا ہے۔ یہ اس لئے کہ رسول خداؐ نے اسلامی معاشرہ کو بنی امیہ سے خبردار کیا کہ جب بنی امیہ میں چالیس کی تعداد پوری ہو جائے گی تو بندگان خدا کو غلام بنائیں گے، مال خدا کو انعام سمجھیں گے اور قرآن سے غلط فائدہ اٹھائیں گے۔ نیز صحیح حدیث میں ہے جب خانوادۂ عاص کی تعداد تیس تک پہونچ جائے گی تو دین خدا کو کھلواڑ بنالیں گے، لوگوں کو غلام بنائیں گے اور مال خدا میں اپنی اجارہ داری قرار دیں لیں گے۔

---

۱۔ الروض الفائق، ج۲، ص۱۳۷ (ص۳۸۰) وفاء الوفاء، ج۲، ص۴۱۲ (ج۴، ص۱۳۹۹) المواہب اللدینۃ، (ج۴، ص۵۸۳) صلح الاخوان، ص۵۴۰ مشارق الانوار، ص۵۷ (ج۱، ص۱۲۱)

۲۔ المستدرک علی الصحیحین ج۴، ص۵۱۵ (ج۴، ص۵۶۰ حدیث ۸۵۷۱) شفاء السقام ص۱۱۳ (۱۵۲) وفاء الوفاء، ج۲ ص۴۱۰، ۴۴۳ (ج۴، ص۱۳۵۹، ۱۴۰۴) مجمع الزوائد ج۴، ص۲.

یہ بھی صحیح حدیث میں ہے کہ رسولؐ نے فرمایا: میں نے خواب میں حکم کے بیٹوں کو دیکھا کہ میرے منبر پر بندروں کی طرح اچک رہے ہیں۔ پھر اس کے بعد عمر بھر رسول اکرمؐ ہنستے نہیں دیکھے گئے۔

جب حکم نے رسولؐ سے اذن باریابی چاہا تھا تو آپؐ نے فرمایا: اس پر خدا کی لعنت جس کے صلب سے مومن کم ہی ہوں گے۔ زیادہ تر ایسے ہوں گے جو دنیا میں شریف اور آخرت میں ذلیل ہوں گے۔ مکار اور دنیا بٹورنے والے ہوں گے۔ آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہ ہوگا۔

رسولؐ نے مروان کے لئے فرمایا۔ چھپکلی کا بچہ، ملعون بن ملعون۔

اور عائشہ نے کہا کہ رسول اکرمؐ نے مروان کے باپ حکم پر لعنت کی تھی اور مروان پر لعنت کی جو صلب میں تھا اس لئے یہ بھی لعنت کا جزو ہے۔

عبداللہ بن زبیر کا بیان ہے کہ رسول خداؐ نے حکم اور اس کے بیٹے مروان پر لعنت کی تھی۔ (۱)

مندرجہ بالا بیانات کی روشنی میں مروان پر لازم بھی تھا کہ وہ توحید کے خلاف محاذ آرائی کرتا۔ اسی لئے رسول اکرمؐ نے اس کی تذلیل و توہین میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ رسول اکرمؐ اس میں چونکتے بھی کیوں جب کہ باپ دادا بلکہ بنی امیہ کا پورا خاندان قرآن کی نظر میں شجرۂ ملعونہ ہے۔ اس لئے امت اسلامیہ پر لازم ہے کہ اس ملعون قوم کی باتوں پر توجہ نہ دے۔ ان کے نظریات کو دھتکار دے جنھوں نے مسلمانوں کو غلام بنایا، دین خدا کے ساتھ دھوکہ کیا اور کتاب خدا کا تیاپانچہ کیا۔

۵۔ مشہور تابعی ابن منکدر اپنے اصحاب کے ساتھ بیٹھے تھے اتنے میں ان پر شدید تشنگی کا اثر ہوا، اٹھ کر قبر رسولؐ پر گئے اور اپنا چہرہ قبر پر رکھ دیا۔ پھر واپس آئے۔ حاضرین نے ان پر ملامت کی۔ انھوں نے جواب دیا کہ میں نے شدید خطرے کا احساس کیا اس لئے قبر رسولؐ سے شفاعت طلب کی۔ کبھی کبھی وہ مسجد میں آ کر خاک پر لوٹ پوٹ کرتے تھے۔ لوگوں نے وجہ پوچھی تو بتایا کہ رسول خداؐ کو اس جگہ پر میں نے خواب میں دیکھا تھا۔ (۲)

---

۱۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۴، ص ۴۸۲۔ ۴۷۹ (ج ۴، ص ۵۲۶ حدیث ۸۴۷۷)

۲۔ وفاء الوفاء، ج ۲، ص ۴۴۴ (ج ۴، ص ۴۰۶)

۶۔عبداللہ بن احمد بن حنبل نے باپ سے سوال کیا کہ ایک شخص منبر رسولؐ کو بطور تبرک مس کرتا ہے، بوسہ لیتا ہے کیا اس میں ثواب ہے؟ فرمایا: کوئی ہرج نہیں۔(۱)

۷۔امام احمد سے قبر رسولؐ کا بوسہ لینے کے متعلق سوال ہوا۔فرمایا: کوئی ہرج نہیں۔

علامہ احمد بن مقری فرماتے ہیں کہ میں نے ابن تیمیہ سے امام احمد بن حنبل کا یہ قول نقل کیا۔انھوں نے کہا کہ جلیل القدر امام کے جواب پر تعجب ہے۔نہ معلوم یہ ان کا قول ہے یا قول کا مفہوم ہے۔(۲) مقری فرماتے ہیں کہ اس سے زیادہ تعجب یہ ہے کہ امام احمد کو دیکھا گیا ہے کہ امام شافعی کا کرتا بھگو کر اس کا پانی پیتے تھے۔(۳) جب اہل علم اپنے بزرگوں کا اس قدر احترام کرتے تھے تو صحابہ رسولؐ کا کس قدر کرتے ہوں گے؟

۸۔خطیب ابن حملہ سے منقول ہے کہ عبداللہ بن عمر اپنے ہاتھوں کو قبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رکھ کر بوسہ لیتے۔(۴) بلالؓ بھی اپنا رخسار قبر پر رکھتے۔امام احمد کا بھی یہی انداز رہا پھر کہتے ہیں کہ بلا شبہ محبت خود اذن ہے۔اس کا مقصد احترام ہے۔لوگوں کا انداز اس سلسلے میں مختلف ہے جس طرح زمانہ رسولؐ میں انداز مختلف تھا۔بعض رسولؐ کو دیکھتے ہی دوڑتے تھے۔بعض حاضر ہونے میں تاخیر کرتے۔سب کے درجے الگ الگ ہیں۔(۵)

۹۔علامہٴ رملی شرح منہاج میں فرماتے ہیں کہ قبر کا بوسہ لینا مکروہ ہے۔لیکن اگر تبرک کے خیال سے بوسہ لے تو کوئی ہرج نہیں چنانچہ میرے والد نے یہی فتویٰ دیا ہے(۶) اور وضاحت کی ہے کہ اگر حجر اسود کا بوسہ لینا ممکن نہ ہو تو چھڑی سے حجر اسود مس کرے اور پھر چھڑی کا بوسہ لے۔(۷)

۱۰۔ابوالعباس رملی حاشیہ روض الطالب میں اس فتویٰ کے ذیل میں لکھتے ہیں کہ اگر رسولؐ، ولی خدا

---

۱۔وفاءالوفاء، ج۲ص۴۴۳ (ج۴،ص۱۴۰۴) ۲۔فتح المتعال، (ص۳۲۹)

۳۔ابن جوزی کی مناقب احمد ص۴۲۶ (ص۶۰۹) البدایۃ والنہایۃ، ج۱۰،ص۳۳۱ (ج۱۰ص۳۶۵)

۴۔الشفاء (ج۲،ص۱۹۹) ۵۔وفاءالوفاء، ج۲،ص۴۴۴ (ج۴،ص۱۴۰۵)

۶۔سنن ابی داؤد (ج۱،ص۷حدیث ۲۷)

۷۔شبرآملسی کی حاشیہ مواہب اللدنیہ اور حمزاوی کی کنز المطالب،ص۱۹ (ص۲۱۹)

یا عالم کے قبر کا بقصد تبرک کوئی بوسہ لے تو کوئی ہرج نہیں۔(۱)

۱۱۔طیب ناشری نے محبّ الدین طبری کا قول نقل کیا ہے کہ قبر کا بوسہ لینا جائز اور عمل علماء ہے۔(۲)

۱۲۔قاضی عیاض مالکی نے قبر رسولؐ کا بوسہ لینے کو جائز کہا ہے۔ کیونکہ یہاں وحی نازل ہوئی، فرشتے نازل ہوئے، اسلام یہیں سے چار دانگ عالم میں پھیلا....۔(۳)

۱۳۔قاضی القضاۃ خفاجی احترام قبر رسولؐ پر تفصیلی بحث کر کے کہتے ہیں کہ بوسہ لینا مکروہ ہے کم سے کم چار ہاتھ کا فاصلہ ہونا چاہئے۔لیکن اگر کسی پر شوق ومحبت کا غلبہ ہو تو کوئی ہرج نہیں۔بعض مالکی چار ہاتھ سے کم پر بھی کھڑے ہونے کو جائز سمجھتے ہیں۔(۴)

۱۴۔ابن ابی الصیف یمانی سے منقول ہے کہ قرآن، حدیث کی کتاب اور قبور صالحین کا چومنا جائز ہے۔

۱۵۔ابن حجر نے استنباط کیا ہے کہ اگر حجر اسود کا بوسہ لینا جائز ہے تو ہر وہ شئے جو شعائر الٰہی میں آتی ہے اس کو چومنا جائز ہے(۵)۔آدمی کا ہاتھ چومنا ادبی سبقت ہے۔امام احمد قبر رسولؐ کو چومنا جائز سمجھتے تھے۔(۶)

۱۶۔زرقانی بھی قبر رسولؐ کو چومنا مکروہ سمجھتے ہیں لیکن رملی کے حوالے سے بقصد تبرک جائز کہتے ہیں۔(۷)

۱۷۔شیخ ابراہیم باجوری: پتھر کا بوسہ مکروہ ہے لیکن قصد تبرک سے چومنا جائز ہے اگر اولیاء کی قبر پر زیادہ بھیڑ ہو تو چھڑی کو قبر سے مس کرے اور چھڑی کا بوسہ لے چنانچہ حجر اسود کے چومنے میں بھی یہی انداز اختیار کرے۔(۸)

---

۱۔حاشیہ روض الطالب مطبوع برحاشیہ اسنی المطالب، ج۱،ص۳۳۱.

۲۔وفاء الوفاء، ج۲،ص۴۴۴ (ج۴،ص۱۴۰۶)

۳۔الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ (ج۲،ص۱۳۴۔۱۳۱)

۴۔نسیم الریاض فی شرح الشفاء، ج۳،ص۵۷۷ (ج۳،ص۵۲۴) ج۳،ص۵۷۱)

۵۔فتح الباری (ج۳،ص۴۷۵ حدیث ۱۶۰۹)

۶۔وفاء الوفاء، ج۲،ص۴۴۴ (ج۴،ص۱۴۰۵)

۷۔شرح المواہب اللدینۃ، ج۸،س۳۱۵

۸۔حاشیہ برشرح ابن قاسم غزی فی الفقہ الشافعی، ج۱،ص۲۷۶.

۱۸۔شیخ حسن عدوی حمزاوی مالکی نے کنز المطالب ص ۲۱۹ اور مشارق الانوار، ص ۶۶، ج ۱، ص ۱۴۰ پر قبر رسولؐ کے چومنے کو جائز قرار دیا ہے۔

۱۹۔شیخ سلامہ عزامی کہتے ہیں کہ ابن تیمیہ کا قول ہے کہ قبور صالحین کا طواف یا بوسہ گناہ عظیم ہے۔ اس نے اجماع کا بھی دعویٰ کیا ہے حالانکہ اس استدلال کی بنیاد ہی غلط ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ہر عبادت غیر خدا شرک ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ صحیح ہے، ضرورت دین میں ہے لیکن دوسرا حصہ صحیح نہیں ہے۔

منطقی لحاظ سے اس نے کبریٰ بنایا کہ ہر غیر خدا کی عبادت شرک ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ صحیح ہے۔ لیکن صغریٰ قائم کیا کہ ہر ندا برائے مردہ یا طواف یا بوسہ لینا یا نذر یہ غیر خدا کی عبادت ہے۔ ظاہر ہے کہ یہ غلط ہے۔ اس نے آیات و احادیث کا مفہوم ہی نہیں سمجھا چونکہ صغریٰ غلط تھا اس لئے نتیجہ بھی غلط کہ اس کے علاوہ تمام مسلمان مشرک و کافر ہیں۔ محقق فاسی نے اس کی منطقی غلطی پر بڑی اچھی بحث کی ہے۔ اس شخص نے جسارت کر کے یہاں تک کہہ دیا کہ قبر رسولؐ کی زیارت کے لئے سفر کرنا حرام ہے، گناہ ہے اور ان سے شفاعت طلب کرنا شرک ہے۔ حالانکہ رسول اکرمؐ مستجاب الدعوۃ اور مقبول الشفاعۃ تھے۔ (۱)

محدث انصاری کہتے ہیں کہ میں شیخ فاکہانی کے ساتھ دمشق گیا، رائے ہوئی کہ دار الحدیث اشرفیہ میں رکھی نعلین رسولؐ کی زیارت کی جائے۔ میں ان کے ساتھ تھا جب انھوں نے نعلین دیکھا تو بے تحاشہ اسے چومنے لگے اور اپنا رخسار ملنے لگے، آنسوؤں کے ساتھ مجنوں کی محبت پر مشتمل اشعار پڑھنے لگے۔ (۲)

۲۰۔ ریاض النضرہ میں ہے کہ حضرت عمر مکہ جا رہے تھے راستے میں ایک شیخ کی قبر تھی جس سے حضرت عمر نے مدد طلب کی تھی۔ جب انھوں نے وہ قبر دیکھی تو دوڑے اور قبر کے کنارے کھڑے ہو کر درود و نماز پڑھی اور پھر قبر سے لپٹ گئے۔ جب عمر کے لئے ایک شیخ کی قبر کے ساتھ یہ حرکت جائز ہے تو رسولؐ اور ان کی آل کی قبر کے ساتھ اس قسم کا برتاؤ کیوں جائز نہ ہوگا؟

---

۱۔فرقان القرآن، ص ۱۳۳۔

۲۔الدیباج المذہب، ص ۱۸۷ (ج ۲، ص ۸۱)

﴿اُولٰئِکَ الَّذِیْنَ هدی اللّٰهُ فَبِهُدَا هُمُ اقْتَدِه﴾ (یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی ہے لہذا آپ بھی اسی ہدایت کے راستہ پر چلیں)(۱)

## زیارت ابوبکر بن ابی قحافہ

الفقہ علی المذاہب الاربعہ(۲) کے مطابق زائر کو ابوبکر کے سرہانے کھڑے ہوکر یہ زیارت پڑھنی چاہئے: **السَّلام علیک یا خلفیة رسول اللّٰه السَّلام علیک یاصاحب رسول اللّٰه فی الغار** . پھر حضرت عمر کی زیارت پڑھے:

**السَّلام علیک یا امیر المومنین السَّلام علیک یا مظهر الاسلام** . یہ زیارت شرنبلالی کی تھی۔(۳) قسطلانی (۴) اور باجوری (۵) سے بھی دوسری زیارتیں منقول ہیں۔

ایک دوسری مشترک زیارت ہے:

**السَّلام علیکما یاضجیعی رسول اللّٰه ...**

ایک دوسری مشترک زیارت ہے:

**السَّلام علیکما یاصاحبی رسول اللّٰه ...**

تیسری زیارت بھی منقول ہے:

**السَّلام علیکما یا وزیری رسول اللّٰه ...** اورحکم ہے کہ حرم مقدس میں زیادہ دیر قیام نہ کرے۔

## وداع حرم مقدس

جب زائر زیارت سے فارغ ہوجائے اور مدینہ سے نکلنا چاہے تو مستحب ہے کہ دوبارہ قبر رسولؐ پر

۱۔سورۂ انعام آیت ۹۰ ۲۔ریاض النضرۃ ج ۲، ص ۵۴ (ج ۲، ص ۳۳۰)
۳۔الفقہ علی المذاہب الاربعہ، ج ۱، ص ۵۵۱ (ج ۱، ص ۷۱۳)
۴۔مراقی الفلاح (۱۵۱) ۵۔احیاء العلوم، (ج ۱، ص ۲۳۲ المدخل ج ۱، ص ۲۶۵.

جا کر دعاء و زیارت پڑھے اور دعاء مانگے کہ دوبارہ یہاں آنے کی توفیق کرامت ہو۔ سفر میں سلامتی رہے۔ اور پھر روضۂ صغیرہ میں دو رکعت نماز پڑھے یہ وہ جگہ ہے جو توسیع سے پہلے کی ہے۔ اور کہے:

**اللهم صل علی محمد وعلی آل محمد ولا تجعله آخر العهد بنبیّک ...**

اس کے بعد پھر مندرجہ بالا دعاء کو دوبارہ پڑھے۔(۱) کرمانی کہتے ہیں کہ دعا کے بعد یہ کہے کہ یا رسول اللہ! یہاں سے جانا میرے اوپر بہت شاق ہے۔ اور پھر روضہ میں دو رکعت نماز پڑھ کر واپسی کی دعا کرے۔

## زیارت بقیع

وہاں سے نکل کر زائر پر مستحب ہے کہ بقیع جائے۔(فاکہی اور غزالی (۲) کے بقول) وہاں امام جعفر صادق علیہ السلام، عثمان، قبر ابراہیم بن رسولؐ اور کچھ ازواج نیز جناب صفیہ کے مزارات ہیں۔ سلام پڑھے:

**سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار...**

نووی کہتے ہیں:(۳)

**السَّلام علیکم دار قوم مومنین ...**

اور قاضی حسین نے اضافہ کیا ہے:(۴)

**اللّٰهم رب هذه الاجساد البالیه والعظام النخره ...**

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں کہ یہ مزارات (۵) ظالم سعودیوں سے قبل تھے۔ اب ان سب کو مسمار کیا جا چکا ہے۔

---

۱۔ مغنی المحتاج (ج۱،ص۵۱۳)
۲۔ حسن الادب، (ص۸۳) احیاء العلوم، (ج۱،ص۲۳۲)
۳۔ المنہاج مطبوع با مغنی المحتاج (ج۱،ص۳۶۵)
۴۔ وفاء الوفاء، ج۲،ص۴۴۸ (ج۴،ص۱۴۱۰)
۵۔ سمہودی نے وفاء الوفاء ج۲،ص۱۰۵۔۱۰۱ (ج۳،ص۹۲۴۔۸۹۱) پر ان سب کو ذکر کرنے کے بعد بڑی اہم بحث کی ہے.

## زیارت شہدائے اُحد

شہدائے احد کی زیارت بھی مستحب ہے۔نووی وشرنبلالی (۱) کے نزدیک پنجشنبہ زیادہ مناسب ہے۔اس کے بعد زیارت جناب حمزہ کے لئے انتہائی ادب واحترام کے ساتھ جائے اور کہے:

**السّلام علیک یا عم المصطفیٰ...**

اس کے بعد شہداء کی زیارت کے لئے جائے اور نام بنام ان پر سلام کرے۔(۱) علامہ امینیؒ یہاں سمہودی (۲) کے حوالے سے ستر شہداء کے نام لکھتے ہیں۔

ان کے علاوہ بھی کچھ اہم مقدس مقامات ہیں جن کی علماء نے صراحت کی ہے۔

اس باب کی تحریر میں جن کتابوں کی مدد لی گئی:

| | | |
|---|---|---|
| احیاالعلوم ج۱،ص ۲۴۶ | التذکرہ | المستوعب |
| المدخل جزءاول | شفاءالسقام ص۵۲۔۱۱۹ | وفاءالوفاء، ج۲،ص۱۳۴۱۔۴۵۵ |
| المواہب اللدنیہ | اسنی المطالب ج۱،ص۵۰۱ | الجوہرالمنظم |
| مغنی المحتاج ج۱،ص۴۹۴ | حسن التوسل | الشفاءقاضی عیاض |
| مراقی الفلاح | شرح الشفاء | مجمع الانہرج۱،ص۱۵۶ |
| مفتاح السعادہ ج۳،ص۳۷ | شرح المواہب، ج۸،ص۲۹۷۔۳۳۵ | کنزالمطالب،ص۱۸۳۔۲۲۴ |
| الکفایہ،ص۱۲۵۔۱۳۱ | ارشادات السنیہ،ص۲۶۰ | الفقہ علی المذاہب الاربعہ جزءاول |

## زیارت قبور کی تصریح

متفقہ طور سے سنت صحیحہ میں زیارت قبور کی ترغیب ہے۔چاروں مذاہب کے مشاہیر نے زیارت قبور کے مستحب ہونے کا فتویٰ دیا ہے۔بلکہ بعض نے بظاہر واجب ہونے کا خیال ظاہر کیا ہے۔

---

۱۔مراقی الفلاح (۱۵۱)

۲۔حسن الادب ص۸۳.

بعض نصوص یہ ہیں:

۱۔ بریدہ سے مرفوعاً حدیث رسولؐ ہے: میں نے تمہیں زیارت قبور سے منع کیا تھا اب تاکید کرتا ہوں کہ قبروں کی زیارت کرو۔ ترمذی نے اضافہ کیا ہے کہ خدا نے رسولؐ کو ان کی والدہ کی قبر کی زیارت کا حکم دیا تھا۔(۱)

۲۔ عبیداللہ سے بطور مرفوع: قبروں کی زیارت کرو کیونکہ اس سے زہد دنیا اور یاد آخرت ہوتی ہے۔(۲)

۳۔ انس بن مالک سے حدیث اول۔(۳)

۴۔ یہی حدیث ابن عباس سے۔(۴)

۵۔ زید بن خطاب سے۔(۵)

۶۔ بطور مرفوع ابو ہریرہ سے۔(۶)

۷۔ بریدہ سے بطور مرفوع۔(۷)

---

۱۔ صحیح مسلم (ج ۲، ص ۳۶۶ کتاب الجنائز) سنن ترمذی (ج ۳، ص ۳۷۰ حدیث ۱۰۵۴) سنن نسائی ج ۴، ص ۸۹ (ج ۱، ص ۶۵۳ حدیث ۲۱۵۹) المستدرک علی الصحیحین ج ۱، ص ۳۷۴ (ج ۱، ص ۵۳۰ حدیث ۱۳۸۵) مصباح السنۃ، ج ۱، ص ۱۱۶ (ج ۱، ص ۵۶۹ حدیث ۱۲۳۹) الترغیب والترہیب ج ۴، ص ۱۱۸ (ج ۴، ص ۳۵۷) تیسیر الوصول ج ۴، ص ۲۱۰ (ج ۴، ص ۲۵۴)

۲۔ سنن ابن ماجہ، ج ۱، ص ۲۷۶ (ج ۱، ص ۵۰۱ حدیث ۱۵۷۱) اخبار مکہ ج ۲، ص ۱۷۰ (ج ۲، ص ۲۱۱) المستدرک علی الصحیحین ج ۱، ص ۳۷۵ (ج ۱، ص ۵۳۱ حدیث ۱۳۸۷) الترغیب والترہیب، ج ۴، ص ۱۱۸ (ج ۴، ص ۳۵۷) السنن الکبریٰ ج ۴، ص ۷۷.

۳۔ المستدرک علی الصحیحین ج ۱، ص ۳۵۷ (ج ۱، ص ۵۳۱ حدیث ۱۳۸۸)

۴۔ المعجم الکبیر (ج ۱۱، ص ۲۰۲ حدیث ۱۱۶۵۳) المعجم الاوسط (ج ۳، ص ۳۴۳ حدیث ۲۷۳۰) مجمع الزوائد، ج ۳، ص ۵۸.

۵۔ المعجم الکبیر، (ج ۵، ص ۸۲ حدیث ۴۶۴۸) مجمع الزوائد، ج ۳، ص ۵۸.

۶۔ صحیح مسلم (ج ۲، ص ۳۶۵، حدیث ۱۰۶) مسند احمد بن حنبل ج ۱، ص ۴۴۱ (ج ۳، ص ۱۸۶ حدیث ۹۳۹۵) سنن ابن ماجہ، ج ۱، ص ۴۷۶ (ج ۱، ص ۵۰۱ حدیث ۱۵۷۲) سنن ابی داؤد ج ۲، ص ۷۲ (ج ۳، ص ۲۱۸ حدیث ۳۲۳۴) سنن نسائی ج ۴، ص ۹۰ (ج ۱، ص ۶۵۴ حدیث ۲۱۸۱) المستدرک علی الصحیحین ج ۱، ص ۳۷۶ (ج ۱، ص ۵۳۱ حدث ۱۳۹۰) الترغیب والترہیب، ج ۴، ص ۱۱۸ (ج ۳، ص ۳۵۷)

۷۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۱، ص ۳۷۶ (ج ۱، ص ۳۲ حدیث ۱۳۹۱)

۸۔انس بن مالک سے: میں نے تمہیں زیارت قبور سے منع کیا تھا اب چاہوتو زیارت کرسکتے ہو کیونکہ اس سے دل نرم ہوتا ہے آنکھیں بھیگتی ہیں اور آخرت کی یادآتی ہے لیکن نامناسب بات مت کہو۔(۱)

۹۔زید بن ثابت سے: قبروں کی زیارت کرواور بیہودہ بات نہ کرو۔(۲)

۱۰۔ابوذر سے بطور مرفوع۔(۳)

۱۱۔ابوسعید خدری سے بطور مرفوع۔(۴)

۱۲۔طلحہ بن عبداللہ۔(۵)

۱۳۔حضرت علیؑ سے بطور مرفوع۔(۶)

۱۴۔ابوالولید ازرقی نے اخبار مکہ میں۔(۷)

۱۵۔ثوبان سے بطور مرفوع۔(۸)

۱۶۔شیخ شعیب حریفیش الروض الفائق میں۔(۹)

۱۷۔جابر سے بطور مرفوع۔(۱۰)

۱۸۔ام سلمہ سے بطور مرفوع۔(۱۱)

---

۱۔مسند احمد بن حنبل ج ۳،ص ۲۵۰ (ج ۴،ص ۱۱۹ حدیث ۱۳۰۷۵) المستدرک علی الصحیحین ج ۱،ص ۳۷۶ (ج ۱،ص ۵۳۲ حدیث ۱۳۹۳) سنن بیہقی، ج ۴،ص ۷۷.

۲۔المعجم الصغیر، (ج ۲،ص ۴۳) مجمع الزوائد، ج ۳،ص ۵۸.

۳۔المستدرک علی الصحیحین ج ۱،ص ۳۷۷ (ج ۱،ص ۵۳۳ حدیث ۲۳۹۵)

۴۔مسند احمد بن حنبل ج ۳،ص ۳۸ (ج ۳،ص ۴۲۷ حدیث ۱۰۹۳۶) المستدرک علی الصحیحین ج ۱،ص ۳۷۵ (ج ۱،ص ۵۳۰ حدیث ۱۳۹۶) سنن بیہقی، ج ۴،ص ۷۷، الترغیب والترہیب، ج ۴،ص ۱۱۸ (ج ۴،ص ۳۵۷) مجمع الزوائد، ج ۳،ص ۵۸.

۵۔سنن ابی داؤد ج ۱،ص ۳۱۹ (ج ۲،ص ۲۱۸ حدیث ۲۰۴۳) سنن بیہقی ج ۵،ص ۲۴۹.

۶۔مسند احمد بن حنبل ج ۱،ص ۱۴۵ (ج ۱،ص ۲۳۴ حدیث ۱۲۴۰، ج ۲،ص ۳۳ حدیث ۴۳۰) ج ۱،ص ۴۵۲، مجمع الزوائد، ج ۳،ص ۵۸.

۷۔خبار مکہ، ج ۲ص ۱۷۰ (ج ۲،ص ۲۱۱)

۸۔معجم الطبر انی (ج ۲،ص ۹۴ حدیث ۱۴۱۹) مجمع الزوائد، ج ۳ص ۵۸.

۹۔الروض الفائق فی المواعظ والرقائق، ج ۱،ص ۱۹ (ص ۲۲)

۱۰۔تاریخ بغداد، ج ۱۳،ص ۲۶۴.

۱۱۔المعجم الکبیر، (ج ۳۲،ص ۲۷۸ حدیث ۶۰۲) مجمع الزوائد، ج ۳،ص ۵۸.

۱۹۔حضرت عائشہ سے۔(۱)

۲۰۔حضرت عائشہ ہی سے زیارت قبور کی تاکید۔(۲)

۲۱۔حضرت فاطمہؑ ہر شب جمعہ حضرت حمزہؑ کے قبر کی زیارت کو جاتی تھیں۔(۳)

ان کے علاوہ بھی احادیث ہیں، اختصار کے خیال سے ترک کیا گیا ہے۔ جسے تفصیل کی طلب ہو کتب فقہ کی طرف رجوع کرے۔

"فَلْيَاْتُوا بِحَدِيْثٍ مِثْلِهِ اِنْ كَانُوا صَادِقِيْنَ". (اگر یہ اپنی بات میں سچے ہیں تو یہ بھی ایسا ہی کوئی کلام لے آئیں)(۴)

## آداب زیارت قبور

زائروں کو مندرجہ ذیل باتوں کی مراعات کرنی چاہئے:

زائر پاک ہو، زائر میت کے پائیتں سے آئے سر کی طرف سے نہیں، زیارت کے وقت قبر کا رخ کرے، قرآن، یسٰین اور توحید پڑھے، میت کے لئے رو بہ قبلہ دعا کرے، قرآن کی تلاوت رو بہ قبلہ کرے، پاک پانی قبر پر چھڑکے، میت کے لئے صدقہ دے، ننگے پیر رہے لات نہ مارے۔

## زیارت کے بارے میں اقوال:

۵۔۱۔ عائشہ سے بطور مرفوع: رسول خداؐ نے فرمایا: میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا کہ آپ کے پرودگار نے حکم دیا ہے کہ آپ بقیع جا کر ان کے لئے مغفرت کی دعا کیجئے۔ عائشہ نے پوچھا: ہم کیسے

---

۱۔صحیح مسلم (ج۲،ص۳۶۳ کتاب الجنائز) سنن بیہقی ج۴،ص۹۷، ج۵،ص۲۴۹، مغنی المحتاج، ج۱،ص۳۵۷ (ج۱،ص۳۶۵)

۲۔مجمع الزوائد، ج۳،ص۵۸، تاریخ بغداد ج۴،ص۲۲۸، المعجم الاوسط، (ج۶،ص۹۸ حدیث ۵۲۰۵)

۳۔وہاں نماز پڑھتی تھیں اور گریہ فرماتی تھیں، سنن بیہقی، ج۴،ص۷۸، المستدرک علی الصحیحین ج۱،ص۳۷۷ (ج۱،ص۵۳۳ حدیث ۱۳۹۶)

۴۔سورہ طور آیت ۳۴

استغفار کریں؟ فرمایا کہو: **السّلام علی اهل الدیار من المومنین والمسلمین یرحم الله المستقدمین منا والمساخرین وانا انشاء الله بکم لاحقون.** ابوہریرہ اور ابن عباس کی دعا میں قدرے فرق ہے۔(۱)

۶۔۷۔امیر المومنینؑ کوفے میں زیارت قبور فرماتے۔(۲)

آپ یہ دعا پڑھتے "**السّلام علیکم یا اهل الدیار ...**"

۸۔ فیروز آبادی سفر السعادۃ میں لکھتے ہیں کہ زیارت قبور، رسول خداؐ کی عادت تھی۔ آپ ان کے لئے استغفار کرتے۔ اور یہ مستحب ہے۔(۳)

۹۔محمد حنفیہ قبر امام حسنؑ پر گریہ کرتے ہوئے گلوگیر انداز میں کہنے لگے:

"**رحمک اللّٰه ابا محمد فلئن عزت حیاتک فلقد هدت وفاتک ولنعم الروح روح ضمه بدنک....**"

"اے ابومحمدؑ! خدا آپ پر رحمت نازل کرے، اگر آپ کی حیات عزت بخش تھی تو وفات ذلت آور، وہ بہترین روح تھی جو آپ کے بدن میں تھی، آپ کا بہترین بدن کفن میں ہے۔ایسا کیوں نہ ہوتا جب کہ آپ بقیہ اَولاد انبیاء، راہ ہدایت اور اصحاب کساء میں سے تھے۔ آپ نے دست حق سے غذا حاصل کی، دامن اسلام میں تربیت ہوئی۔ آپ کی موت وحیات دونوں پاکیزہ ہے۔ میں خون دل روتا رہوں گا۔ آپ کی خیر و بھلائی میں مجھے کوئی شک نہیں"۔(۴)

۱۰۔حضرت علیؑ خباب کی قبر پر کھڑے ہو کر فرماتے ہیں: خدا خباب پر رحمت نازل کرے! رغبت سے اسلام لائے، فرمانبرداری سے جہاد کیا، مجاہدانہ زندگی بسر کی، حوادث کو پیچھے چھوڑ گئے اور خدا نیک

---

۱۔صحیح مسلم، (ج۲،ص۳۶۳ حدیث۱۰۳ کتاب الجنائز) سنن بیہقی ج۴،ص۷۹، مسند احمد (ج۳،ص۷۰ حدیث۸۶۶۱) سنن ابی داؤد (ج۳ص ۲۱۹ حدیث ۳۲۳۷) سنن نسائی (ج۱،ص ۶۵۶ حدیث ۲۱۶۶) سنن ترمذی (ج۳،ص ۳۶۹ حدیث۱۰۵۳) مصابیح السنۃ (ج۱،ص۵۶۹ حدیث۱۲۴۲)

۲۔مجمع الزوائد، ج۹،ص۲۹۹، البیان والتبین، ج۳،ص۹۹ (ج۳،ص۱۰۲) العقد الفرید، ج۲ص۶ (ج۳،ص۱۱)

۳۔سفر السعادۃ،ص۵۷ (ج۱،ص۱۸۳)

۴۔العقد الفرید، ج۲،ص۸ (ج۳،ص۱۳)

لوگوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔(۱)

۱۱۔عائشہ اپنے باپ ابوبکر کی قبر پر کھڑی ہوکر کہنے لگیں: خدا آپ کا چہرہ شاداب کرے، عمل شائستہ کا اجر دے، دنیا سے منھ پھیر کر دنیا کو ذلیل اور آخرت کی طرف رخ کر کے سرخرو کیا، آپ کی مصیبت رسولؐ کے بعد سخت تھی، قرآن نے صبر کا حکم دیا ہے اس لئے کہتی ہوں: ﴿اِنَّ لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُونَ﴾، آپ کے لئے کثرت سے استغفار کرتی رہوں گی، آپ پر خدا کی سلامتی۔(۲)

۱۲۔حسن بصری مقبرے میں دعاء پڑھتے: **اللّٰھم رب ھذہ الاجساد** ...(۳)

۱۳۔ابن سماک نے ابوسلیمان طائی کی قبر پر ان کے فضائل بیان کئے۔(۴) اس قسم کی بے شمار روایتیں ہیں۔

## ارشاداتِ مشائخ

۱۔عبدری مالکی المدخل (۵) میں سلام قبور کا طریقہ بتاتے ہیں کہ اموات پر سلام کا طریقہ یہ ہے: **السّلام علیکم اھل الدیار من المومنین** ... پھر کہے: **اللّٰھم اغفر لنا ولھم**. پھر وہاں تھوڑا بہت دعا کرے کیونکہ ان کے اعمال کا سلسلہ بند ہو چکا ہے، روبقبلہ بیٹھے اور حمد وصلوات کے بعد میت کے لئے دعائے خیر کرے۔ یہ عام قبروں کا طریقہ تھا۔ اگر میت اہم شخصیت کی ہے تو خدا سے توسل کا طلبگار رہو کیونکہ رسول اکرمؐ کا توسل ثابت ہے اور وہ بہترین توسل ہے، یہ بات شریعت سے ثابت ہے۔ بخاری کی روایت ہے: انس کہتے ہیں کہ عمر بن خطاب قحط کے ایام میں رسولؐ کے چچا عباس کے ذریعے متوسل ہوئے اور کہا: تو ہمیں سیراب کر دے۔ اس دعا کے بعد بارش ہوئی۔(۶)

---

۱۔العقد الفرید، ج۲،ص۷ (ج۳،ص۱۲) ۲۔المستطرف ج۲،ص۳۳۸ (ج۲،ص۳۰۱)

۳۔العقد الفرید، ج۲،ص۶ (ج۳،ص۱۲۔۱۱) ۴۔صفۃ الصفوۃ ج۳،ص۸۲ (ج۳،ص۱۴۶ نمبر ۴۴۲)

۵۔المدخل، ج۱،ص۲۵۴.

۶۔صحیح بخاری (ج۱،ص۳۴۲ حدیث ۹۶۴، ج۳،ص۱۳۶۰ حدیث ۳۵۰۷)

پھر صالحین کی قبر سے متوسل ہو کیوں کہ حاجت پوری ہوتی ہے، مغفرت ہوتی ہے۔ پھر اپنے اور والدین وغیرہ کے لئے دعا کرے۔ اگر کوئی حاجت ہو تو قبور صالحین ہی کے توسل سے دعا کرے کیونکہ وہ خدا اور مخلوقات کے درمیان واسطہ ہیں، خدا نے انھیں شرافت و کرامت بخشی ہے اور منتخب بندے ہیں۔ صاحب سفینۃ النجاۃ لکھتے ہیں کہ ارباب بصیرت پر روشن ہے کہ زیارت قبور صالحین پسندیدۂ خدا ہے اس لئے ان سے توسل کرنا چاہئے، ان کی برکت کا فیض موت کے بعد بھی جاری رہتا ہے۔ علماء کا معمول رہا ہے کہ وہ ان سے شفاعت طلب کرتے ہیں اور برکت حاصل کرتے ہیں۔ حدیث رسولؐ: **لا تشد الرحال** کا سہارا لے کر اس بات پر اعتراض نہیں کیا جا سکتا کیونکہ امام غزالی نے مفید جواب دیتے ہوئے فرمایا ہے کہ اولیاء سے برکت حاصل کرنا، عبادت کے لئے سفر کرنے کا حصہ ہے۔ (۱)

۲۔ عزالدین اردبیلی بھی الانوار میں زیارت قبور کو مستحب سمجھتے ہیں، لیکن عورتوں کے لئے زیارت قبور مکروہ ہے۔ قبر کی طرف متوجہ ہو کر رحمت و برکت کی دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ (۲)

۳۔ ابن نجیم مصری نے بحر الرائق اور بدائع نسفی کے حوالے سے زیارت قبور کو مستحب کہا ہے۔ (۳) مجتبیٰ میں اس کو مندوب کہا گیا ہے لیکن عورتوں کے لئے حرام کا قول ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ انھیں بھی اجازت ہے۔

۴۔ ابن حجر مکی نے ایک استفتاء کے جواب میں فرمایا کہ زیارت اولیاء قرب الٰہی کا ذریعہ ہے اور اس کے لئے سفر بھی مستحب ہے، اگر چہ اولیاء کی قبر پر اختلاط زن و مرد سبب مفاسد بھی ہو کیونکہ مفاسد سے زیادہ ثواب متوقع نہیں ہوتا ہے۔ کوشش کرنا چاہئے کہ اختلاط نہ ہو لیکن اس سے زیارت قبور اولیاء حرام نہیں ہو جائے گی۔ (۴)

۵۔ خطیب شربینی بھی ارباب فضل و خیر کی قبر کی زیارت کو مستحب کہتے ہیں۔ (۵)

۶۔ ملا علی ہروی قاری، مرقاۃ میں زیارت قبور کی اجازت دیتے ہیں بلکہ مستحب قرار دیتے ہیں۔

---

۱۔ احیاء العلوم، (ج ۲ ص ۲۲۸)

۲۔ الانوار لاعمال الابرار فی الفقہ الشافعی ج ۱، ص ۱۲۴۔

۳۔ البحر الرائق فی شرح کنز الدقائق، ج ۲ ص ۱۹۵)

۴۔ الفتاوی الکبریٰ الفقہیہ، ج ۲، ص ۲۴۔

۵۔ مغنی المحتاج، ج ۱، ص ۳۵۷ (ج ۱، ص ۳۶۵)

ابن عبدالبرتو اس کو واجب قرار دیتے ہیں۔(۱)

۷۔ابن اخلاص نے مردوں کے لئے مستحب اورعورتوں کے لئے حرام کا قول لکھ کر اپنی رائے دی ہے کہ اجازت ہے دونوں کے لئے ۔روایت انس کے مطابق قبر پر سورۂ یٰسین پڑھنا چاہئے کیونکہ اس سے عذاب قبر میں تخفیف ہوتی ہے جس طرح شب جمعہ میں تخفیف عذاب ہوتی ہے۔(۲)

۸۔ابن عابدین، ردالمختار علی الدر المختار میں ہر ہفتہ زیارت قبور کو مستحب قرار دیتے ہیں اور چونکہ اموات کو روز جمعہ آنے والوں کی خبر ہوتی ہے،اس سے ثابت ہوا کہ روز جمعہ افضل ہے۔(۳)

۹۔شیخ باجوری یادآخرت کے لئے زیارت قبور مستحب قرار دیتے ہیں لیکن عورتوں کے لئے حرام ہے کیونکہ ان کے پاس صبر کی کمی ہے۔ وہاں دعا پڑھنا، ان کے نام سے صدقہ کرنا یہ سب جائز ہے اور میت کو اس کا ثواب پہونچتا ہے۔(۴)

۱۰۔مفتی بیروت فاخوری بھی زیارت قبور مردوں کے لئے مستحب اورعورتوں کے لئے مکروہ قرار دیتے ہیں۔

۱۱۔شیخ سقا، ارشادات سنیہ میں روایت مسلم کی بناء پر مردوں کے لئے مستحب قرار دیتے ہیں اور عورتوں کے لئے صرف رسول اکرمؐ، عالم وصالح اوراعزہ کی قبروں پر زیارت کی اجازت دیتے ہیں، اگر وہ شہر کے حدود میں ہو اگر شہر سے باہر ہو تو شوہر یا ولی سے اجازت لے۔اس سے عبرت ویادآخرت آتی ہے۔(۵) پھر آگے آداب زیارت بیان کرتے ہیں۔

۱۲۔منصور علی ناصف، التاج الجامع میں فرماتے ہیں کہ ان دنوں زیارت قبور بالاتفاق مستحب ہے بلکہ ابن حزم نے اسے واجب قرار دیا ہے خواہ عمر میں ایک ہی بار ہو،عورتوں کو اس شرط کے ساتھ اجازت ہے کہ بے صبری نہ کریں اور بناؤ سنگھار مقصود نہ ہو۔حضرت عائشہ کا اپنے بھائی عبدالرحمٰن کی قبر پر

---

۱۔المرقاۃ شرح المشکاۃ ج۲،ص۴۰۴(ج۴،ص۲۴۸حدیث۱۷۶۲)

۲۔غررالاحکام مطبوع برحاشیہ دررالحکام ج۱ص۱۶۷.

۳۔ردالمختار علی الدر المختار، ج۱،ص۶۳۰(ج۱،ص۶۰۴)

۴۔حاشیہ برشرح ابن غزی، ج۱،ص۲۷۷. ۵۔الارشادات السنیۃ ص۱۱۱.

جانا ثابت ہے۔(۱)

۱۳۔ چاروں مذاہب کے علماء نے الفقہ علی المذاہب الاربعۃ میں زیارت قبور کو عبرت اور یاد آخرت کے لئے جائز قرار دیا ہے۔روز جمعہ اور ایک دن قبل و بعد بھی جائز ہے اور اس کی تاکید کی ہے۔ وہاں دعائیں پڑھنا چاہئے اور تضرع وزاری کرنا چاہئے۔جس طرح مردوں کے لئے مستحب ہے اسی طرح عورتوں کے لئے بھی مستحب ہے بشرطیکہ فتنہ کا اندیشہ نہ ہو اور وہ نوحہ خوانی نہ کریں۔(۲)

## مُردوں کے لئے نذرونیاز

ابن تیمیہ اور اس کے جرگے نے اس مسئلے میں بڑا شور مچایا ہے، گذشتہ صفحات میں قصیمی (ص۹۰) کا قول بیان کیا گیا کہ یہ سب شیعوں کی علیؑ واولادعلیؑ کے ساتھ غلو پسندی کی علامت ہے۔حالانکہ یہ صرف افترا ہے۔اس معاملے میں صرف شیعہ ہی نہیں اہل سنت حضرات کو بھی اس سے پوری طرح اتفاق ہے۔

خالدی نے صلح الاخوان (ص۱۰۲۔۱۰۹) میں تفصیل کے ساتھ اس پر بحث کی ہے۔وہ عمل کا دارو مدار نیت پر قرار دے کر فرماتے ہیں کہ اگر اس سے خود مردے کی ذات سے تقرب مقصود ہو تو قطعا جائز نہیں لیکن اگر اس سے تقرب الی اللہ مقصود ہے اور اس کے ذریعہ سے مردے کو فائدہ پہونچانا مقصود ہے تو ایسی نذر جائز اور منت مان کے وفا کرنا واجب ہے۔اس بات پر اذرعی، زرکشی، ابن حجر مکی، رملی شافعی، قبانی بصری، نووی، علاءالدین حنفی، خیرالدین رملی، غزی اور شیخ قاسم بھی متفق ہیں۔

رافعی نے صاحب التہذیب وغیرہ کا قول نقل کیا ہے کہ اگر کوئی شخص معینہ رقم کو اپنے ہم وطن پر صدقہ کرنے کا قصد کرے تو اسے صدقہ دینا چاہئے۔اس کے بعد تشریح کرتے ہیں کہ اسی طرح اگر کوئی نذر کرے کہ جرجان کے قبر والوں کو ہدیہ کرے پھر وہاں وہ رقم جمع ہو کر لوگوں میں تقسیم ہو جو معروف طریقہ ہے تو نذر واقع ہو جائے گی، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ نذر عرفی ہوگی تو واقع ہو جائے گی اس کے

۱۔التاج الجامع للاصول ج۱،ص۴۱۸ (ج۱،ص۳۸۱، ۳۸۲)

۲۔الفقہ علی المذاہب الاربعۃ، ج۱،ص۴۲۴ (ج۱،ص۵۴۰)

علاوہ طریقہ میں دو وجہوں سے اختلاف ہے: ایک یہ کہ نذر صحیح نہ ہوگی کیونکہ شرعی ثبوت نہیں۔ دوسرے یہ کہ نذر صحیح ہوگی جب کہ نذر کرنے والا خیر میں مشہور ہو۔ ایسی صورت میں مخصوص مصالح میں اسے خرچ ہونا چاہئے اگر اس سے تجاوز نہ کرے۔ اگر معروف طریقہ نہ اپنایا جائے تو سبکی کے فتوے کے مطابق نذر باطل ہے۔(۱)

عزامی، فرقان القرآن (ص۱۳۳) میں کہتے ہیں کہ ابن تیمیہ کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص رسول اکرمؐ یا دیگر انبیاء واولیاء کے لئے نذر کرے یا کوئی جانور ذبح کرے تو وہ ان مشرکوں کی طرح ہے جو بتوں کے لئے قربانی کرتے ہیں اور منت مانتے ہیں اس طرح وہ غیر خدا کی عبادت کرتے ہیں اور کافر ہیں۔ اس سلسلے میں بڑا طولانی کلام کیا ہے۔ بعد کے مریدوں نے ابن تیمیہ کے نظریہ کو اور بھی بڑھا چڑھا دیا ہے لیکن یہ اصل میں شرعی دھوکہ ہے۔ وہ مفہوم کو غلط ڈھنگ سے پیش کر رہے ہیں۔ ہر شخص جانتا ہے کہ قربانیاں میت کو نہیں پیش کی جاتیں، انبیاء واولیاء وغیرہ کو بھینٹ نہیں کی جاتیں بلکہ اس کا ثواب انھیں خدا کے ذریعے سے پہونچایا جاتا ہے۔ علماء اہل سنت کا اجماع ہے کہ نذروں کا صدقہ مردوں کے لئے نفع بخش ہے اور انھیں پہونچتا بھی ہے، اس کی تائید میں احادیث صحیحہ بھی موجود ہیں۔ چنانچہ حضرت سعد نے بارگاہ رسولؐ میں عرض کی: میری والدہ گذر چکی ہیں اگر وہ زندہ ہوتیں تو میں جانتا ہوں کہ وہ یقیناً صدقہ کرتیں اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا ان کے لئے مفید ہوگا؟ رسول خداؐ نے فرمایا: ہاں۔ پوچھا: کون سا صدقہ زیادہ نفع بخش ہوگا؟ فرمایا: پانی۔ سعد نے کنواں کھدوا دیا تو رسول خداؐ نے فرمایا: ''**هـذه لأم سـعـد**'' یہ سعد کی ماں کے لئے ہے۔ یہاں لام اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ صدقہ کا فائدہ میت کو پہونچے گا نہ کہ عبادت اور تقرب کے لئے ہے چنانچہ آیت ہے ﴿**إنـمَـا الـصَّـدقـات لِلفقراء**﴾ (بلاشبہ صدقات فقراء کے لئے ہیں) یہاں لام افادیت کے لئے ہے عبادت کے لئے نہیں۔ اسی طرح اگر کوئی قربانی کرتا ہے تو وہ میت کے ثواب کے لئے کرتا ہے، اسی طرح ہدایا کا ثواب میت کو لازمی طور سے پہونچتا ہے اور شرعی حیثیت سے ثابت ہے فقہی کتابوں میں عام طور سے یہ بات ملتی ہے۔

---

۱۔ فتاویٰ سبکی، ج۱، ص۲۹۴.

اسی طرح نذر قربانی، انبیاء واولیاء کے لئے شرعی حیثیت سے ثابت ہے، اس معاملے میں کوئی بھی اسلامی فرقہ اختلاف نہیں کرتا۔ خالدی نے اسی مفہوم کو بیان کیا ہے کہ جب کوئی کہتا ہے کہ میں نے میت کے لئے قربانی کی تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کی طرف سے خیرات کی۔

ایک استدلال ابوداوٴد کی سنن سے بھی کیا جاتا ہے: ثابت بن ضحاک کی روایت ہے کہ ایک شخص نے زمانۂ رسولؐ میں نذر کی کہ ''بوانہ'' میں اونٹ کی قربانی کرے۔ رسولؐ خدا نے فرمایا: کیا عہد جاہلیت میں وہاں عبادت ہوتی تھی؟ کہا: نہیں۔ پوچھا: کیا وہاں تقریب وغیرہ منائی جاتی تھی؟ کہا: نہیں۔ فرمایا: تو پھر وہاں جا کر نذر پوری کرو۔ بس معصیت خدا میں نذر پوری نہیں کرنی چاہئے اور جہاں انسان مالک نہیں ہے اس جگہ نذر پوری نہیں کرنی چاہئے۔ (۱)

سنن ابوداوٴد میں عمر بن شعیب سے مروی ہے کہ ایک عورت نے رسول خداؐ کی خدمت میں عرض کی: میں نے نذر کی ہے کہ سر پر باجہ بجاؤں۔ فرمایا: نذر پوری کرو۔ (توبہ کرو، اس حدیث سے عظمت نبوت مجروح ہوتی ہے) اس نے عرض کی: میں نے نذر کی ہے کہ فلاں جگہ جہاں جاہلیت کے زمانے میں قربانی کی جاتی تھی، قربانی کروں؟ پوچھا: کیا قربانی غیر خدا کے لئے ہے؟ بولی: نہیں۔ فرمایا: بت کے لئے؟ کہا: نہیں۔ فرمایا: تو پھر اپنی نذر وفا کرو۔ (۲)

اسی طرح معجم البلدان میں میمونہ بنت کردم کی حدیث ہے کہ ان کے باپ نے نذر کی بوانہ میں پچاس بکریوں کی قربانی کروں۔ رسولؐ نے پوچھا: کیا وہاں بت ہیں؟ کہا: نہیں۔ فرمایا: تو پھر اپنی نذر وفا کرو۔ انھوں نے ۴۹ بکریوں کی قربانی کی، ایک بھاگی تو پکڑ کے ذبح کیا اور نذر پوری کی۔ (۳)

خالدی، صلح الاخوان میں کہتے ہیں کہ خوارج کا یہ استدلال کہ انبیاء واولیاء کی قبریں بت ہیں یا نذر، عہد جاہلی کی تقریبات میں سے ہے اس لئے نذر نہ کرنی چاہئے۔ یہ بات انبیاء کی انتہائی توہین کے مترادف ہے، اس لئے ان کے اقوال لائق معافی نہیں۔ یہ اپنی جہالت میں پڑے رہیں گے اور

---

۱۔ سنن ابی داوٴد ج۲، ص۸۰ (ج۳، ص۲۳۸ حدیث ۳۳۱۳)

۲۔ سنن ابی داوٴد ج۲، ص۸۱ (ج۳، ص۲۳۷ حدیث ۳۳۱۲)

۳۔ معجم البلدان، ج۲، ص۳۰۰ (ج۱، ص۵۰۵)

توسل کو عبادت سمجھتے رہیں گے۔(۱)

﴿ أُوْلَئِکَ الَّذِینَ طَبَعَ اللهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَاتَّبَعُوا أَهْوَائَهُمْ ﴾ (خدا نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی ہے اور یہ خواہش نفس کی پیروی کرتے رہتے ہیں)(۲)

## زیارت کے مقبرے

دنیائے اسلام میں بہت سے مقبرے ہیں جہاں دور و نزدیک سے مسلمان زیارت کے لئے آتے ہیں۔ان کے متعلق چاروں فقہ کے علماء نے درس آمیز کلمات ارشاد فرمائے ہیں۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان مقبروں کی زیارت شعائر اسلامی میں داخل ہے۔ ہر صدی اور ہر عہد میں لوگ اس سے کسب فیض کرتے رہے ہیں:

۱۔مؤذن رسولؐ، بلال بن حمامہ کا مقبرہ دمشق میں ہے۔اس جگہ دعائیں مستجاب ہوتی ہیں مجرب ہے۔(۳)

۲۔سلمان فارسی کا مقبرہ: اچھی خاصی تعمیر ہے۔خطیب بغدادی، ابن جوزی وغیرہ نے زیارت کی ہے۔(۴)

۳۔طلحہ بن عبیداللہ: جنگ جمل میں مقتول ہوئے، عشرہ مبشرہ کی فرد تھے، بصرہ میں ان کا مقبرہ مرجع خلائق ہے۔(۵)

۴۔زبیر بن عوام: ۳۸۶ھ میں بصرہ والوں نے ان کا مقبرہ تلاش کیا۔مرجع خلائق ہے۔(۶)

۵۔ابو ایوب انصاری: لوگ ان کے وسیلہ سے خشک سالی میں بارش کی دعا کرتے ہیں۔(۷)

---

۱۔صلح الاخوان، ص۱۰۹.
۲۔(سورۂ محمد آیت/۱۶)
۳۔رحلۃ بن جبیر ص۲۲۹
۴۔المنتظم، ج۵، ص۵۷(ج۱۲، ص۲۴۱ نمبر۱۷۶۵)
۵۔رحلۃ بن بطوطہ، ج۱، ص۱۱۶(ص۱۸۷)
۶۔المنتظم ج۷، ص۱۸۷(ج۱۴، ص۳۸۳)
۷۔المستدرک علی الصحیحین ج۳، ص۴۵۸(ج۳، ص۵۱۸ حدیث ۵۹۲۹) صفۃ الصفوۃ ج۱، ص۱۸۷(ج۱، ص۴۷۰ نمبر۴۰) تاریخ بغدادی ج۱، ص۱۵۴، البدایۃ والنہایۃ ج۸، ص۵۹(ج۸، ص۶۵) دول الاسلام ج۱، ص۲۲(ص۲۸)

۶۔سر امام حسینؑ: یہ مقبرہ مصر میں ہے۔ابن جبیر (متوفی ۶۱۳) اپنی کتاب رحلۃ (۱) میں لکھتے ہیں کہ سر مبارک نقرئی صندوق میں رکھا ہوا، زیر زمین مدفون ہے۔اوپر ایسا عظیم الشان مقبرہ بنا ہوا ہے کہ اس کی توصیف کے لئے لفظیں نہیں ملتیں ۔حریری پردے، سونے کے فانوس میں رکھی ہوئی شمعیں جنھیں دیکھنے سے آنکھیں خیرہ ہوتی ہیں۔ روضۂ مبارک میں مسجد کی بھی بہترین تعمیر ہے جس میں ریشمی پردے آویزاں ہیں، لوگ ضریح مبارک کا بوسہ لیتے ہیں، طواف کرتے ہیں، دعا پڑھتے ہیں ۔غرض ایک اژدہام ہوتا ہے۔ خدا سے توسل اور گریہ وزاری کا عجیب سماں ہوتا ہے۔ وہیں قرافہ کے پاس حضرت صالحؑ ویعقوبؑ کے فرزندوں کی قبریں ہیں، آسیہ زوجہ فرعون کی قبر ہے اور چودہ پندرہ افراد اہل سنت کی قبریں ہیں۔

علامہ شبراوی نے الاتحاف (۲) میں اس مشہد مقدس کے خصوصیات و زیارت اور کرامات وغیرہ پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ ابوالخطاب بن دحیہ کا بھی مفید رسالہ ہے جس میں قاضی زکی الدین کا استفتاء بھی ہے کہ جو شخص بھی اس شرف و برکت سے بھرپور جگہ پر حسن اعتقاد رکھے اس کے لئے مفید ہے والسلام۔

شبراوی نے نابینا شخص شمس الدین قعوینی کی بصارت واپس آنے اور قالین چڑھانے کا واقعہ لکھا ہے۔ وہ قالین سلطان محمد خاں والی مصر کے عہد تک رہی۔ شبراوی نے آل طٰہ کی مدح میں نظمیں بھی درج کی ہیں۔

۷۔عمر بن عبدالعزیز کے مقبرے پر لوگ زیارت کے لئے جاتے ہیں۔(۳)

۸۔ابوحنیفہ نعمان بن ثابت کا مقبرہ بھی بغداد میں عظیم الشان ہے۔امام شافعی اس مزار سے توسل وتبرک فرمایا کرتے تھے۔(۴) وہاں نماز پڑھ کر حاجتیں طلب کی جاتی ہیں۔(۵)

---

۱۔رحلہ بن ابن جبیر، ص۱۲ (۱۹)

۲۔الاتحاف بحب الاشراف، ص۴۰۔۲۵ (ص ۱۱۰۔۷۵)

۳۔تذکرۃ الحفاظ، ج۱، ص۱۱۴ (ج۱، ص۱۲۱ نمبر۱۰۴)　　۴۔تاریخ بغدادی ج۱، ص۱۲۳.

۵۔خوارزمی کی مناقب ابوحنیفہ ج۲، ص۱۹۹، کردی کی مناقب احمد، ج۲، س۱۱۲ مفتاح السعادۃ، ج۲، ص۸۲ (ج۲، ص۱۹۳)

۹۔مصعب بن زبیر کے مقبرے کی بھی اسی طرح زیارت کی جاتی ہے جس طرح قبر امام حسینؑ کی۔(۱)

۱۰۔مالکیوں کے امام مالک بن انس کی قبر بقیع مدینہ میں ہے۔(۲)

۱۱۔لیث بن سعد حنفی کا مقبرہ بھی زائروں کی آماجگاہ ہے۔(۳)

۱۲،کاظمین شریف میں امام کاظمؑ کا مقبرہ مرجع خلائق اور باب الحوائج ہے۔(۴)

۱۳۔امام ثامن ابو الحسن علی بن موسیٰ الرضاؑ کا مقبرہ خراسان میں مرجع خلائق ہے جہاں ائمہ ومحدثین حاضری دیتے رہتے ہیں۔(۵)

۱۴۔عبد اللہ بن غالب حدانی کا مقبرہ بھی ہے جو روز ترویہ قتل ہوئے، لوگ ان کی خاک قبر کو کپڑوں میں مشک کی طرح لگاتے ہیں۔(۶)

۱۵۔عبد اللہ بن عون ابوعون خزار بصری کا مقبرہ بھی ہے۔(۷)

۱۶۔علی بن نصر بن علی کا مقبرہ۔(۸)

۱۷۔معروف کرخی کا مقبرہ بھی تریاق مجرب کہا جاتا ہے۔(۹)

۱۸۔عبید اللہ بن محمد بن عمر بن علی بن الحسینؑ کا مقبرہ بھی مقبرۂ نذور کے نام سے معروف ہے۔(۱۰)

۱۹۔امام شافعی کا مقبرہ بھی قرافۂ صغریٰ میں مرجع خلائق ہے۔(۱۱)

---

۱۔المنتظم، ج۷،ص۲۰۶ (ج۱۵،ص۱۴)

۲۔الجواہر المضیئۃ ج۱،ص۴۱۷ (ج۲،ص۲۰۷نمبر۱۱۳۱) ۳۔رحلۃ بن جبیر ص۱۵۳ (ص۱۷۳)

۴۔تاریخ بغدادی، ج۱،ص۱۲۰، شذرات الذہب، ج۲،ص۴۸ (ج۳،ص۹۷)

۵۔تہذیب ج۷،ص۳۸۸ (ج۷،ص۳۳۹)

۶۔حلیۃ الاولیاء ج۲،ص۲۵۸، تہذیب التہذیب، ج۵،ص۳۵۴ (ج۴،ص۳۱۰)

۷۔حلیۃ الاولیاء، ج۳،ص۳۹، تہذیب التہذیب، ج۵،ص۳۴۸ (ج۵،ص۳۰۵)

۸۔حاشیہ خلاصہ الخزرجی ص۲۳۵ (ج۲،ص۲۵۸نمبر۵۰۵۷)

۹۔تاریخ بغدادی، ج۱،ص۱۲۲، صفۃ الصفوۃ، ج۲،ص۱۸۳ (ج۲،ص۳۲۴نمبر۲۶۰)

(۱۰) تاریخ بغدادی ج۱،ص۱۲۳.

۱۱۔وفیات الاعیان، ج۲،ص۳۰ (ج۴،ص۱۶۵نمبر۵۵۸) طبقات القراء، ج۲،ص۹۷، دول الاسلام، ج۲،ص۱۰۵ (س۳۴۴)

۲۰۔ابوسلیمان دارانی۔(۱)

۲۱۔سیدہ نفیسہ۔(۲)

۲۲۔امام احمد بن حنبل کا مقبرہ بھی مرجع خلائق ہے۔(۳)

احمد بن حنبل کے مرقد کے بیشمار فضائل تذکرہ نگاروں نے لکھے ہیں۔ان کی عجوبہ کرامتیں بھی منقول ہیں۔ابن جوزی کی منظوم میں ہے کہ خداوند عالم ہر سال احمد بن حنبل کے قبر کی زیارت کرتا ہے۔ایک نیک مرد ابوالعلی حربی کے بیان کے مطابق شدید بارش میں یہ حضرت زیارت قبر کے لئے گئے، دیکھا کہ قبر دھنس گئی ہے وہ سمجھے کہ بارش کی وجہ سے دھنسی ہے۔قبر سے آواز آئی کہ خداوند عالم میری زیارت کرر ہا ہے انھوں نے فرمایا کہ میری قبر میں رسول خداؐ کے بال بھی ہیں، رمضان المبارک میں زیارت کیا کرو۔(۴) حافظ ابن عساکر کے مطابق جو مرقد احمد بن حنبل کی زیارت کرے خدا اسے بخش دیتا ہے۔(۵) احمد بن حنبل کے فضائل و برکات بے شمار ہیں۔

۲۳۔ذوالنون مصری کی قرافۂ صغیر میں قبر ہے۔(۶)

۲۴۔بکار بن قتیبہ بکراوی۔(۷)

۲۵۔ابراہیم حربی۔(۸)

۲۶۔اسماعیل دیلمی۔(۹)

---

۱۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۰،ص۲۵۹ (ج۱۰،ص۲۸۱)

۲۔وفیات الاعیان، ج۲،ص۳۰۲ (ج۵،ص۴۲۴نمبر۷۶۷)

۳۔طبقات الحنابلہ ص۱۱ (ص۱۴) دول الاسلام ج۱،ص۱۱۴ (ص۱۳۰) المنتظم، ج۱۰،ص۲۸۳ (ج۱۸،ص۲۴۸)

۴۔مناقب احمد، ص۴۵۴ (ص۶۰۷)

۵۔تاریخ ابن عساکر، ج۲،ص۴۶ (ج۵،ص۳۳۴نمبر۱۳۶)

۶۔وفیات الاعیان، ج۱،ص۱۰۹ (ج۱،ص۳۱۸نمبر۱۲۹)

۷۔الجواہر المضیئہ، ج۱،ص۱۷۰ (ج۱،ص۴۶۱)

۸۔صفۃ الصفوۃ ج۲،ص۲۳۲ (ج۲،ص۴۱۰نمبر۲۸۹)

۹۔صفۃ الصفوۃ ج۲،ص۲۳۳ (ج۲،ص۴۱۳نمبر۲۹۲)

۲۷۔علی بن محمد بن بشار۔(۱)

۲۸۔یعقوب بن اسحاق ابوعوانہ۔(۲)

۲۹۔عبداللہ بن احمد بن طباطبا۔(۳)

۳۰۔حافظ علی بن محمد عامری۔(۴)

۳۱۔عبدالملک بن محمد خرگوشی۔(۵)

۳۲۔محمد بن حسن بن فورک اصفہانی۔(۶)

۳۳۔ابوجعفر بن ابی موسیٰ۔

۳۴۔ابوعلی حسن بن ابی الہیش۔(۷)

۳۵۔المعتمد علی اللہ لخمی اندلسی۔(۸)

۳۶۔نصر بن ابراہیم مقدسی۔(۹)

۳۷۔فقیہ شافعی علی بن حسن مصری۔(۱۰)

۳۸۔علی بن اسماعیل محمد۔(۱۱)

---

۱۔المنتظم، ج۶،ص۱۹۹(ج۱۳،ص۲۵۲نمبر۲۲۲۷)

۲۔تذکرۃ الحفاظ، ج۳،ص۳(ج۳،ص۷۸۰نمبر۷۷۲)

۳۔وفیات الاعیان، ج۱،ص۲۸۲(ج۳،ص۸۲نمبر۳۴۲)

۴۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۱،ص۳۵۱(ج۱۱،ص۴۰۴)

۵۔شفاء السقام،ص۲۹(۳۹)

۶۔وفیات الاعیان، ج۲،ص۵۷(ج۴،ص۲۷۲نمبر۱۶۰)

۷۔المنتظم، ج۸،ص۴۶(ج۱۵،ص۲۰۲نمبر۱۳۶۳)

۸۔شذرات الذہب، ج۳،ص۳۹۰(ج۵،ص۳۸۷)

۹۔شذرات الذہب، ج۳،ص۳۹۶(ج۵،ص۳۹۷)

۱۰۔شذرات الذہب، ج۳،ص۳۹۹(ج۵،ص۴۰۲)

۱۱۔نیل الابتہاج،ص۱۹۸۔

۳۹۔خضر بن نصر۔(۱)

۴۰۔نورالدین محمود بن زنگی۔(۲)

۴۱۔قاسم بن فیرہ شاطبی۔(۳)

۴۲۔احمد بن جعفر خزرجی سبتی۔(۴)

۴۳۔محمد بن احمد حنبلی ابوعمرو مقدسی۔(۵)

۴۴۔سیف الدین قمیری۔(۶)

۴۵۔اسحاق بن یحییٰ اعرج۔(۷)

۴۶۔شیخ احمد بن علی بدوی۔(۸)

۴۷۔شیخ حسین جاکی۔(۹)

۴۸۔احمد بن علوان۔(۱۰)

۴۹۔ابوعلی بن بنان۔(۱۱)

---

۱۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۲۸۷(ج۱۲،ص۳۵۳)

۲۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲،ص۲۸۴(ج۱۲،ص۳۵۰)

۳۔طبقات القراء، ج۳،ص۲۳.

۴۔نیل الابتہاج ،ص۶۲.

۵۔شذرات الذہب، ج۵،ص۳۰(ج۷،ص۵۶)

۶۔شذرات الذہب، ج۵،ص۱۶۱(ج۷،ص۵۶)

۷۔نیل الابتہاج، ج،ص۱۰۰.

۸۔شذرات الذہب، ج۵،ص۳۴۶(ج۷،ص۵۰۶)

۹۔طبقات الاخیار، ج۲،ص۲.

۱۰۔مراۃ الجنان، ج۴،ص۳۵۷

۱۱۔تاریخ بغداد، ج۱۴،ص۴۲۷

۵۰۔ابوعبداللہ قرشی اندلسی۔(۱)

۵۱۔شیخ ابوبکر بن عبداللہ عیدروس باعلوی کی قبر مرجع خلائق ہے۔(۲)

ان قبروں کے لئے دعائیں مستجاب ہونے کی بات مشہور ہے۔(۳) ان کے علاوہ بھی اور مقبرے مرجع خلائق ہیں جنھیں اختصار کے خیال سے نظرانداز کیا جاتا ہے۔

## آخری بات

یہ تمام چیزیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ صدر اسلام سے آج تک مقبرے، زیارت گاہ خلائق رہے ہیں۔تمام فرق اسلامی کے افراد ان مقبروں کی زیارت کرتے، نمازیں پڑھتے، ان سے توسل کرتے اور حاجتیں پیش کر کے پوری ہونے کی تمنا کرتے ہیں۔ اگر یہ سب بدعت و شرک ہے تو پھر ابن تیمیہ اور ان کے جرگے کے علاوہ دنیا میں کوئی مسلمان ہی نہیں ہے۔دوسری بات یہ کہ یہ طریقہ جیسا کہ قصیمی نے کہا، صرف شیعوں سے مخصوص نہیں بلکہ زیارت قبور کے معاملے میں چاروں مسلک متفق ہیں۔

قصیمی نے الصراع (۴) میں علامہ امین کا قصیدہ جس میں خاندان اہل بیتؑ سے توسل کا تذکرہ ہے، نقل کر کے کہا ہے کہ شیعوں کے اس طرح کے خیالات انتہائی بدتر اور مخالف اسلام ہیں، قبر حسینؑ سے شفا طلب کرنا اور وہاں حاجتیں پیش کرنا شیعوں کی آفت ہے۔(۵)

''کبرت کلمة تخرج من افواههم''

ان کی زبان سے بڑی بات نکل رہی ہے وہ سراسر جھوٹ بول رہے ہیں۔

## احادیث کی ریڑھ ماری

شیعی احادیث کے متعلق مہمل بکواس بہت زیادہ ہے جس کے منھ میں جو آتا ہے ایک غلطی نکال کر

---

۱۔شذرات الذہب، ج۴، ص۳۴۲ (ج۶۵، ص۵۵۶)

۲۔النورالسافر، ص۸۰۔۸۱

۳۔شذرات الذہب، ج۸، ص۴۶ (ج۱۰، ص۹۳)

۴۔الصراع، ج۲، ص۶۴۸

۵۔الصراع ج۲، ص۱۲.

جگالی کرنے لگتا ہے۔ ایک امام غائب کے جعلی خط کی نشاندہی کرتا ہے۔ دوسرا اسے امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہما السلام کی طرف جھوٹی نسبت دیتا ہے۔ نہ اسے گستاخانہ تہمت کی پرواہ ہے نہ اسے دروغ بافی پر شرم دامن گیر ہوتی ہے۔ اور وہ صاحب ہیں علم کی قئے سے لت پت عبداللہ قصیمی صاحب۔ وہ الصراع (۱) میں لکھتے ہیں:

سچ بات تو یہ ہے کہ شیعہ راویوں میں خواہش نفس کے مرید، دنیاداری کے لئے یا اہل دنیا سے تقرب حاصل کرنے کے لئے اہل سنت اور احادیث کی دشمنی میں حد سے آگے بڑھ جانے والے بہت زیادہ ہیں۔ لیکن علماء اہل سنت نے ان کی ماہیت کو عظیم الشان طریقے پر آشکار کیا ہے۔ آگے فرماتے ہیں: اہل سنت کے راویوں میں دنیا یا اہل دنیا کے تقرب کے لئے یا پست مقصد یا باطل عقیدے کی کمک کے لئے دورغ سازی میں متہم افراد موجود ہی نہیں ہیں۔ لیکن ہاں کبھی اہل سنت راویوں کے درمیان ایسے افراد مل جاتے ہیں جن کا حافظہ بہتر نہیں یا انھیں نسیان کا مرض لاحق ہے یا فریب کاروں کے فریب کا شکار ہو گئے ہیں۔ ماہرین رجال نے جرح و تعدیل کر کے اس قسم کے افراد کی نشاندہی کر دی ہے۔

شاید کوئی محقق خیال کرے کہ اس بے بنیاد دعوے میں سچائی کی بو یا صداقت کا شائبہ ہے۔ اسے کیا پتہ کہ بکے ہوئے قلم صرف اتہام طرازی ہی کرتے ہیں۔ آج قوموں کی پیش رفت اسی دروغ بافی پر ہے، سیاست دنیا کا محور ہمہ جہتی طور پر دروغ، تہمت اور پروپگنڈہ ہی پر ہے۔ وہ ان متذکرہ طریقوں سے حالات و نظریات و عقائد کو شخصی منافع کی پیچ میں قطعی الٹ دیتے ہیں۔ آج دنیا میں ایسے افراد موجود ہیں جن کی زر و زیور کی ضرورتیں انھیں دروغ و خرافات کے بل پر پوری ہوتی ہیں۔ وہ اندھے بہرے افراد کو غلط و نادرست باتیں سمجھا دیتے ہیں۔ اور اگر خدا نے ''**ما یلفظ من قول الا لدیه رقیب عتید**'' کے ذریعے تہدید نہ کی ہوتی اور قرآن نے جھوٹ بولنے والے کو عذاب کرنے کی بات نہ کی ہوتی تو یہ لوگ اس سے بھی زیادہ جھوٹ بولتے۔

اسی بنا پر میرے اوپر لازم ہو جاتا ہے کہ قارئین کرام کو اس حقیقت سے آگاہ کریں اور اہل سنت

---

۱۔ الصراع، ج۱، ص۸۵.

کے راویوں کا کچا چٹھا بیان کریں کہ جن کے بارے میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ان میں دروغ سازی کرنے والے موجود ہی نہیں ۔ ہم یہاں ان راویوں کے نام لکھ رہے ہیں جن کے کذاب ہونے کی نشاندہی کی گئی ہے ۔ ان میں سبھی دنیا داری ، اہل دنیا سے تقرب اور عقائد باطلہ کے کمک کے لئے جعلی حدیثوں کا انبار لگانے والے ہیں ۔ ابھی اچھی طرح پردہ فاش ہو جائے گا کہ انھوں نے رسول خداؐ اور ان کی سنت کے ساتھ کیا کیا خیانت کی ہے ۔

# کذاب اور جعل ساز محدثین

## حرف الف (۱۲۲/راوی):

۱۔ ابان بن جعفر ابوسعید بصری: کذاب، جھوٹی حدیث رسولؐ گڑھتا۔ اس نے ابوحنیفہ کی طرف تین سو سے زیادہ حدیثیں منسوب کر دیں جسے امام ابوحنیفہ نے بیان ہی نہیں کیا۔ (۱)

۲۔ ابان بن فیروز ابوعیاش بصری: شعبہ کہتے ہیں کہ اگر ابوعیاش کذاب نہ ہو تو میرا جامہ، فقیر کو صدقہ دے دو۔ اسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا کیونکہ اس نے رسولؐ کی طرف جھوٹ منسوب کیا۔ احمد بن حنبل نے ابن معین کو خط لکھا، جس میں ابان کی بات لکھی تھی: تو اسے لکھتا ہے حالانکہ تو جانتا ہے کہ ابان کذاب ہے۔ نیز شعبہ ہی کا بیان ہے کہ اگر کوئی مرد زنا کرے تو اس سے کہیں بہتر ہے کہ ابان سے روایت کرے، اگر میں گدھے کے پیشاب سے لکھوں تو بہتر ہے کہ میں ابان سے روایت کروں۔ اس نے انس سے ڈیڑھ ہزار سے زیادہ بے اصل حدیثیں روایت کی ہیں۔ (۲)

۳۔ ابراہیم بن ابی حیہ، کذاب تھا۔ (۳)

۴۔ ابراہیم بن ابولیث: کذاب، جعلی حدیثیں بنانے والا اور متروک الحدیث۔ (۴)

---

۱۔ میزان الاعتدال، ج ا ص ۱۰ (ج ا، ص ۱۷ نمبر ۲۲) تذکرۃ الموضوعات ص ۱۲۰ (ص ۸۴) اللآلی المصنوعہ ج ۲، ص ۱۳ (ج ۲، ص ۲۳)

۲۔ تہذیب التہذیب، ج ا، ص ۹۹ (ج ا، ص ۸۶) نسائی الضعفاء المتروکین (ص ۴۵ نمبر ۲۱)

۳۔ تذکرۃ الموضوعات، ص ۳۰ (ص ۲۳)

۴۔ تاریخ بغداد، ج ۶، ص ۱۹۶، میزان الاعتدال، ج ا، ص ۲۷ (ج ا، ص ۵۴ نمبر ۱۷۳)

۵۔ابراہیم بن ابی یحییٰ ابو اسحاق مدنی: کذاب، جھوٹی حدیثیں بنا تا۔امام نسائی نے اس کو رسولؐ کی طرف جھوٹی حدیثیں منسوب کرے والوں میں شمار کیا ہے۔(۱)

۶۔ابراہیم بن احمد حرانی ضریر: جھوٹی حدیثیں بنا تا۔(۲)

۷۔ابراہیم بن احمد عجلی: جھوٹی حدیثیں گڑھتا تھا۔(۳)

۸۔ابراہیم بن اسحاق بن عیسیٰ بغدادی: کذاب تھا۔(۴)

۹۔ابراہیم بن براء انصاری: اس کی تمام حدیثیں جعلی ہیں۔(۵)

۱۰۔ابراہیم بن بکر شیبانی ابو اسحاق اعور مقیم بغداد: اس کی تمام حدیثیں جھوٹی ہیں۔(۶)

۱۱۔ابراہیم بن حرات سمات: ترمذی کا معاصر تھا۔کذاب تھا، بہت سی حدیثیں گڑھ ڈالیں۔(۷)

۱۲۔ابراہیم بن زکریا ابو اسحاق عجلی: اس کی حدیثیں منکر ہیں، انس سے جھوٹی حدیثیں روایت کیں۔(۸)

۱۳۔ابراہیم بن صرمہ انصاری: خبیث، کذاب تھا، خدا اور رسولؐ پر دروغ بافی کی۔(۹)

۱۴۔ابراہیم بن عبداللہ سفر قع: کذاب اور حدیث ساز تھا۔(۱۰)

۱۵۔ابراہیم بن عبداللہ بن خالد مصیصی: جھوٹا، حدیثیں چراتا، جعلی حدیثیں بنا تا۔(۱۱)

---

۱۔تاریخ بغداد، ج ۱۳، ص ۱۶۸، خلاصہ التہذیب ص ۱۸، (ج ۱، ص ۴۵ نمبر ۲۷۴) علل احمد بن حنبل (ج ۲، ص ۵۳۵ نمبر ۳۵۳۳)

۲۔میزان الاعتدال، ج اص ۱۰۰ ج ۱، ص ۱۷ نمبر ۲۳) الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج ۱، ص ۲۷۱ نمبر ۱۱۰)

۳۔میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۱۰ (ج ۱، ص ۱۷ نمبر ۲۵) لسان المیزان، ج ۱، ص ۲۷ (ج ۱، ص ۱۴ نمبر ۴۰)

۴۔تذکرۃ الموضوعات، ص ۸۷ (ص ۵۵)

۵۔الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج ۱، ص ۲۵۵ نمبر ۸۵) میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۱۲، ۲۶ (ج ۱، ص ۲۱ نمبر ۴۹) تذکرہ الموضوعات، ص ۸۷، (ص ۶۱)

۶۔تاریخ بغداد ج ۶، ص ۴۶، لسان المیزان ج ۱، ص ۴۰ نمبر ۸۱)

۷۔میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۳۶ (ج ۱، ص ۷۷ نمبر ۲۶۸)

۸۔میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۱۶ (ج ۱، ص ۳۱ نمبر ۹۰)

۹۔تاریخ بغداد ج ۶، ص ۱۰۴، میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۱۹ (ج ۱، ص ۳۸ نمبر ۱۱۵)

۱۰۔میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۲۰ (ج ۱، ص ۳۸ نمبر ۱۱۵)

۱۱۔میزان الاعتدال، ج اص ۲۰ (ج ۱، ص ۴۲ نمبر ۱۲۸) لسان المیزان، ج ۱، ص ۷۴ (ج ۱، ص ۶۷ نمبر ۱۹۷)

۱۶۔ابراہیم بن عبداللہ مخزومی: لائق اعتماد نہیں، مشکوک انسانوں سے حدیث نقل کرتا ہے۔(۱)

۱۷۔ابراہیم بن عبداللہ بن ہمام صنعائی: کذاب وحدیث ساز ہے۔(۲)

۱۸۔ابراہیم بن علی آمدی: فقیہ فاضل ہے، غلط بیانی کرتا تھا۔(۳)

۱۹۔ ابراہیم بن فضل اصفہانی ابومنصور بار: جھوٹا حافظ، بازار اصفہان میں کھڑے ہو کر جھوٹی حدیثیں بیان کرتا۔ معمر کہتے ہیں کہ بازار میں سند صحیح کے ساتھ حدیث بیان کر رہا تھا جب تحقیق کی تو معلوم ہوا کہ شیطان بول رہا ہے۔(۴)

۲۰۔ ابراہیم بن مجشّر ابواسحاق بغدادی: فضل اس کی تکذیب کرتے ہیں۔ ابن عدی کہتے ہیں: حدیث کا چور ہے۔(۵)

۲۱۔ابراہیم بن محمد عکاشی: نہایت جھوٹا تھا۔(۶)

۲۲۔ابراہیم بن منقوش زبیدی: ازدی کہتے ہیں کہ حدیثیں بناتا ہے۔(۷)

۲۳۔ابراہیم مہاجر مدنی: کذاب تھا۔(۸)

۲۴۔ابراہیم بن مہدی ابلی ابواسحاق بصری: ازدی کہتے ہیں کہ وہ جھوٹی حدیثیں گڑھتا تھا۔(۹)

---

۱۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۲۰ (ج۱،ص۴۱نمبر۱۲۶)

۲۔میزان الاعتدال، ج۱ص۲۱ (ج۱،ص۴۲نمبر۱۲۷) تذکرۃ الموضوعات س۱۱۳ (۶۳) اللآلی المصنوعۃ ج۲،ص۱۹۰ (ج۲،ص۱۳۶)

۳۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۲۴ (ج۱،ص۵۰نمبر۱۵۹) لسان المیزان، ج۱،ص۸۶ (ج۱،ص۸۱نمبر۲۴۴)

۴۔میزان الاعتدال، ج۱،ص ۲۵ (ج۱،ص۵۲نمبر ۱۶۷) شذرات الذہب، ج۴،ص ۹۵ (ج۶،س ۱۵۵) لسان المیزان، ج۱،ص۸۹ (ج۱،ص۸۵نمبر۲۵۸)

۵۔ابن عدی الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۱،ص۲۷۴ نمبر۱۱۴) تاریخ بغداد، ج۶،ص۱۸۵.

۶۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۲۹ (ج۱،ص۶۲نمبر۱۹۶)

۷۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۳۱ (ج۱،ص۶۷نمبر۲۲۱) اللآئی المصنوعۃ ج۱،ص۱۶۵ (ج۱،ص۳۱۸)

۸۔تذکرۃ الموضوعات ص۱۸ (ص۱۳) نسائی کی کتاب الضعفاء والمتروکین (ص۱۴نمبر۸)

۹۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۳۲ (ج۱،ص ۶۸ نمبر ۲۲۷) خلاصۃ التہذیب ص۲۹ (ج۱،ص ۵۷نمبر۲۹۱) تہذیب التہذیب، ج۱،ص۱۷۰ (ج۱،ص۱۴۷)

۲۵۔ابراہیم بن نافع جلاب: کذاب تھا۔(۱)

۲۶۔ابراہیم بن ھد بہ ابو ہد بہ بصری: خبیث، کذاب، غلط باتیں انس کی طرف منسوب کرتا۔ ایک شادی میں شرکت کی اور شراب پی کر ناچنے گانے لگا۔(۲)

۲۷۔ابراہیم بن ہراسہ شیبانی کوفی: مشکوک، متروک الحدیث اور کذاب تھا۔(۳)

۲۸۔ابراہیم بن ہشام غسانی: کذاب تھا۔(۴)

۲۹۔ابراہیم بن یحییٰ بن زہیر: کذاب تھا۔(۵)

۳۰۔ابرد بن اشرش: کذاب اور حدیث ساز تھا۔(۶)

۳۱۔احمد بن ابراہیم مزنی: جھوٹی حدیثیں بیان کرتا۔(۷)

۳۲۔احمد بن ابی عمران جرجانی: جھوٹی حدیثیں گڑھتا تھا۔(۸)

۳۳۔احمد بن ابراہیم بن موسیٰ: کذاب تھا اور اس سے روایت لینا جائز نہیں۔(۹)

۳۴۔احمد بن ابی یحییٰ انماطی: کذاب تھا اور غیر معتبر لوگوں سے حدیث لیتا۔(۱۰)

۳۵۔احمد بن احمد ابوالعباس بغدادی حنبلی: بے شمار حدیثوں کا حافظ ہے۔ ابن اخفر نے اس کی

---

۱۔تہذیب التہذیب، ج۱،ص۱۵۲؛ لسان المیزان، ج۱،ص۱۱۷ (ج۱،ص۱۱۸ نمبر ۳۶۰)

۲۔تاریخ بغداد، ج۶،ص۲۰۱، میزان الاعتدال، ج۱،ص۳۳ (ج۱، ۷۱نمبر ۲۴۲) تذکرۃ الموضوعات ص۶۹، ۳۷ (ص۴۹، ۵۱) اللآ لی المصنوعۃ، ج۲،ص۵۸، ۱۰۲، ۲۳۳، ۲۴۵ (ج۲،ص۱۰۳، ۱۸۶، ۴۳۷، ۴۶۳) لسان المیزان، ج۱،ص۱۲۱ نمبر ۳۷۱)

۳۔لسان المیزان، ج۱،ص۱۲۱ (ج۱،ص۱۲۳ نمبر ۳۷۲)

۴۔تاریخ ابن عساکر، ج۲،ص۳۰۷ (ج۷،ص۲۶۷ نمبر ۵۳۷) لسان المیزان، ج۱،ص۱۲۲) ج۱،ص۱۲۴ نمبر ۳۷۳)

۵۔لسان المیزان، ج۱،ص۱۲۴ (ج۱،ص۱۲۶ نمبر ۳۷۸)

۶۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۳۶ (ج۱ص۷۷ نمبر ۲۶۹) للآ ئی المصنوعۃ، ج۱،ص۱۲۹ (ج۱،ص۲۴۸)

۷۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۳۸ (ج۱،ص۸۰ نمبر ۲۸۶) تذکرۃ الموضوعات س۳۸ (س۲۶)

۸۔تذکرۃ الموضوعات، ص۵۸ (۳۹)

۹۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۵۵ (ج۱،ص۸۰ نمبر ۲۸۶)

۱۰۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۶۷ (ج۱،ص۱۶۲ نمبر ۶۵۲)

تکذیب کی ہے۔(۱)

۳۶۔احمد بن اسماعیل ابو خذافہ سہمی: مالک بن انس کا مصاحب اور کذاب تھا۔(۲)

۳۷۔احمد بن بکر بالسی ابو سعید بن بکرویہ: جھوٹی حدیثیں بیان کرتا تھا ص۔(۳)

۳۸۔احمد بن ثابت رازی فرخویہ: بلاشبہ وہ کذاب تھا۔(۴)

۳۹۔احمد بن جعفر بن عبداللہ سمسار: ابو نعیم کا استاد تھا، جھوٹی حدیثیں بیان کرتا تھا۔(۵)

۴۰۔احمد بن جعفر بن عبداللہ بن یونس: مہمل آدمی تھا، جھوٹی حدیثیں بیان کرتا تھا۔(۶)

۴۱۔احمد بن حامد سمرقندی: جنھیں دیکھا نہیں ان سے حدیث بیان کرتا تھا۔(۷)

۴۲۔احمد بن حسن بن ابان مصری۔طبرانی کا استاد، کذاب، دروغ باف اور معتبر لوگوں کے نام سے حدیث بیان کرتا تھا۔(۸)

۴۳۔احمد بن حسن بن قاسم کوفی: کذاب تھا اور معتبر لوگوں کا نام لے کر حدیث بیان کرتا تھا۔(۹)

۴۴۔احمد بن حسین بن اقبال مقدسی ابو بکر صائد: کذاب تھا، جب اس کا جھوٹ کھلا تو لوگ اس سے الگ ہو گئے۔(۱۰)

---

۱۔شذرات الذہب، ج۵،ص۶۲ (ج۷،ص۱۱۲حوادث ۶۱۵ھ)

۲۔تاریخ بغداد، ج۴،ص۲۳، میزان الاعتدال، ج۱،س۳۹ (ج۱،ص۸۳نمبر۲۹۹) تہذیب التہذیب، ج۱،ص۱۶ (ج۱،س۱۳)

۳۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۴۰ (ج۱،ص۸۶نمبر۳۰۹)

۴۔لسان المیزان، ج۱،ص۱۴۳) میزان الاعتدال، ج۱،ص۸۶ (ج۱،ص۸۶نمبر۳۱۴)

۵۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۴۱ (ج۱ص۸۷نمبر۳۱۷) شذرات الذہب، ج۲،ص۳۷۲ (ج۴،ص۲۴۴)

۶۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۴۱ (ج۱،ص۸۸نمبر۳۲۲)

۷۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۴۲ (ج۱،ص۸۹نمبر۳۲۷)

۸۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۴۲ (ج۱،ص ۸۹نمبر۳۳۰) تذکرۃ الموضوعات، ص ۶۵، ۱۰۸(ص۳۸، ۷۶) اللآلی المصنوعہ ج۱،ص۲۹۵ (ج۱،ص۲۹۴)

۹۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۴۲ (ج۱،ص۹۰نمبر۳۳۱) تذکرۃ الموضوعات (ص۹،ص۱۱۴(ص۷، ۸۰) المنتظم، ج۵،ص۳۴ (ج۱۲،ص۴۷انمبر۱۵۵۸)

۱۰۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۴۴ (ج۱،ص۹۲نمبر۳۱۴) لسان المیزان، ج۱،ص۱۵۸ (ج۱،ص۱۶۶انمبر۵۰۸)

۴۵۔احمد بن حسین ابوالحسین بن سماک واعظ: ابن ابی الفوارس اسے کذاب کہتے تھے۔(۱)

۴۶۔احمد بن خلیل نوفلی قومسی: کذاب تھا، جو لوگ پیدا نہیں ہوئے ان کے نام سے حدیث بیان کرتا تھا۔(۲)

۴۷۔احمد بن داؤد بن عبدالغفار حرانی: کذاب اور حدیث ساز تھا۔(۳)

۴۸۔احمد بن داؤد عبدالرزاق کا بھانجہ: سب سے بڑا جھوٹا تھا، اس کی سبھی حدیثیں جھوٹی ہیں۔(۴)

۴۹۔احمد بن سلیمان قرشی: متروک الحدیث وکذاب تھا۔(۵)

۵۰۔احمد بن سلیمان ابوجعفر قواریری بغدادی: کذاب تھا، حماد بن سلمہ کی طرف جھوٹی باتیں منسوب کیں۔(۶)

۵۱۔احمد بن صالح ابوجعفر شمومی مصری مقیم مکہ: کذاب تھا، حدیث ساز اور مہمل گو تھا۔(۷)

۵۲۔احمد بن طاہر بن حرملہ مصری: کذاب تھا، اپنے دادا اور شافعی سے جھوٹی حدیثیں بیان کرتا تھا۔(۸)

۵۳۔احمد بن عبدالجبار کوفی: کذاب تھا۔(۹)

---

۱۔تاریخ بغداد، ج۴، ص۱۱۱؛ المنتظم، ج۸، ص۶۷ (ج۱۵، ص۲۳۸ نمبر۳۱۸۲) میزان الاعتدال، ج۱، ص۴۳ (ج۱، ص۹۳ نمبر ۳۴۵)

۲۔لسان المیزان، ج۱، ص۱۶۷ (ج۱، ص۵۴۰)

۳۔میزان الاعتدال، ج۱ص۴۵ (ج۱، ص۹۷ نمبر۳۷۱)

۴۔تذکرۃ الموضوعات، ص۲، ۳۰ (۳، ص۲۲) میزان الاعتدال، ج۱، ص۴۵ (ج۱، ص۹۶ نمبر۳۷۰) اللآئی المصنوعۃ، ج۲، ص ۲۲، ۱۷۴ (ج۲، ص۴۱، ۳۲۴)

۶۹۵۔ابوسلمہ عاملی شامی ازدی: کذاب وحدیث ساز تھا۔(۶)

۶۹۶۔ابوالطیب حربی: کذاب وخبیث تھا اس کی حدیثوں پر اعتماد نہ کرنا چاہئے۔(۷)

۶۹۷۔ابوعلی بن عمر مذکر نیشا پوری: دروغ گو تھا اور حدیث کی چوری میں مشہور تھا۔(۸)

---

۱۔میزان الاعتدال، (ج ۴، ص ۴۱۸ نمبر ۱۱۳۷)

۲۔تہذیب التہذیب، ج ۱۲، ص ۸۷ (ج ۱۲، ص ۹۵)

۳۔تاریخ بغداد، ج ۲۴، ص ۴۱۷، میزان الاعتدال، ج ۳، ص ۳۵۷ (ج ۴ ص ۵۲۱ نمبر ۱۰۱۶۳)

۴۔لسان المیزان، ج ۶، ص ۳۸۳ (ج ۷، ص ۵۳ نمبر ۴۸۶)

۵۔لسان المیزان، ج ۶، ص ۳۸۴ (ج ۷، ص ۵۵ نمبر ۴۹۷)

۶۔تہذیب التہذیب، ج ۱۲، ص ۱۱۹ (ج ۱۲، ص ۱۳۰)

۷۔تاریخ بغداد، ج ۱۴، ص ۴۰۶۔ میزان الاعتدال، ج ۳، ص ۳۶۶ (ج ۴، ص ۵۴۱ نمبر ۱۰۳۳۰)

۸۔تاریخ بغداد، ج ۴، ص ۱۳۰.

۶۹۸۔ابوالقاسم جہنی : غیر معمول دروغ گوئی کے شواہد ملتے ہیں ۔(۱)
۶۹۹۔ابوالمغیرہ: پکا جھوٹا اور خبیث ترین آدمی تھا۔(۲)
۷۰۰۔ابوالمہزم: کذاب تھا۔(۳)
﴿إِنَّ هَؤُلَاءِ مُتَبَّرٌ مَا هُمْ فِيهِ وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ﴾
''ان لوگوں کا نظام برباد ہونے والا اوران کے اعمال باطل ہیں''۔(۴)

## معیار نظر

یہ جو کچھ بھی پیش کیا گیا دریائے کذب کا کچھ قطرہ تھا۔ ممکن ہے قارئین اسی کو بہت زیادہ سمجھیں۔ اسی کے ساتھ یہ بھی آپ کے پیش نظر رہنا چاہئے کہ جھوٹ کا پلندہ تیار کرنے اور خدا، رسولؐ، صحابہ و تابعین کے نام سے حدیث سازی صرف جھوٹے اور مکار ہی نہیں کرتے تھے بلکہ پرہیز گار علماء اور معتبر مشائخ بھی محض قربتہً الی اللہ یہ ''فریضہ'' انجام دیتے تھے۔ اسی لئے یحیٰی بن سعید قطان کہتے ہیں:

''پرہیزگاروں کو ہم نے حدیث کے سلسلے میں سب سے زیادہ جھوٹا پایا، شائستہ کردار بھی حدیث میں جھوٹ بولتے تھے اور عابدوں اور زاہدوں نے حدیث میں بہت جھوٹ بولا ہے''۔(۵)

قرطبی، التذکار(۶) میں لکھتے ہیں کہ حدیث سازوں نے فضیلت قرآن اور دیگر اعمال کے سلسلے میں جو احادیث گڑھی ہیں ان کی طرف التفات نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ انھوں نے بقصد قربت یہ کام انجام دیا ہے تاکہ لوگ اعمال نیک کی طرف مائل ہوں۔ چنانچہ ابوعصمہ نوح بن ابی مریم مروزی، محمد بن عکاشہ اور احمد جویباری کی روایات اسی قسم کی ہیں۔

---

۱۔معجم الادباء(ج۳،ص۱۲۳)
۲۔تاریخ بغداد، ج۱۴،ص۴۱۰۔ ۳۔اللآلی المصنوعۃ، ج۱،ص۹۹(ج۱،ص۱۹۹)
۴۔سورۂ اعراف، آیت ۱۳۹۔
۵۔مقدمہ صحیح مسلم(ج۱،ص۴۲) تاریخ بغداد، ج۲،ص۹۸(نمبر۴۹۳) اللئآلی المصنوعۃ(ج۲،ص۴۷۰)
۶۔التذکار، ص۱۵۶۔۱۵۵۔

ابوعصمہ سے پوچھا گیا: تم نے عکرمہ وابن عباس سے اچانک اتنے فضائل قرآن کہاں سے جمع کر لئے؟ جواب دیا: میں نے دیکھا کہ لوگ قرآن سے منحرف ہوکر فقہ ابوحنیفہ اور مغازی ابواسحاق کی طرف ملتفت ہوگئے ہیں اس لئے یہ روایات محض خوشنودیٔ خدا کے لئے وضع کی ہیں۔

قرطبی نے حاکم اور محدثین کے حوالے سے ایک پرہیزگار کا واقعہ نقل کیا ہے: اس سے پوچھا گیا کہ فضائل قرآن میں اتنی حدیثیں کیوں وضع کیں؟ جواب دیا کہ میں نے لوگوں کو قرآن سے روگردانی کرتے دیکھا تو انھیں مائل کرنے کے لئے ایسا کیا۔ پوچھا گیا: پھر حدیث رسولؐ کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے کہ جو مجھ پر عمداً دروغ بافی کرے اس کا ٹھکانہ جہنم ہے؟ جواب دیا: میں نے ان کے نقصان کے لئے نہیں، فائدے کے لئے ایسا کیا ہے۔

لہٰذا اس معاملے میں سب سے زیادہ نقصان رساں زاہد و پرہیزگار ہی ہیں۔ انھوں نے حدیث سازی کو عمل نیک سمجھ کر انجام دیا۔ لوگوں نے ان کی ظاہری حالت دیکھ کر ان حدیثوں کو مان لیا۔ وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا۔

میسرہ بن عبدربہ سے پوچھا گیا: یہ احادیث کہاں سے لائے؟ اس نے کہا: میں نے لوگوں کو دین و شریعت کی طرف مائل کرنے کے لئے ایسا کیا ہے، مجھے خدا سے اس عمل نیک کا بدلہ ملنے کی امید ہے۔ حاکم کہتے ہیں کہ حسن، محض خوشنودی خدا کے لئے اور نعیم بن حماد، تقویت سنت کے لئے حدیث وضع کرتا ہے۔(۱) اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ جھوٹ اور تہمت میں کوئی برائی نہیں رہ گئی تھی۔

حرب بن میمون، مجتہد و عابد شب زندہ دار جو پکا جھوٹا ہے۔

ہیثم طائی، جو تمام رات عبادت کرتا ہے صبح کو مجلس حدیث میں جھوٹ کے طومار باندھتا ہے۔

محمد بن ابراہیم، پرہیزگار بھی ہے اور کذاب وحدیث ساز بھی۔

یہ معلّٰی بن صبیح، موصل کا بڑا عبادت گذار جو جعلی حدیثوں کے ڈھیر لگا رہا ہے۔

حافظ عبدالمغیث حنبلی، جس کے ماتھے پر سیاہ داغ ہے، لوگوں میں معتبر بھی ہے۔ صداقت و دینداری

---

۱۔ لسان المیزان، ج۵، ص۲۸۸ (ج۵، ص۳۲۶ نمبر ۷۷۶۸)

میں مشہور ہے اور پھر یزید بن معاویہ کے فضائل میں کتاب بھی لکھ ماری ہے۔

یہ معلیٰ بن ہلال، عبادت گذار و جھوٹا ہے۔

ابوعمر زاہد، جس نے معاویہ کے فضائل میں کتاب لکھی ہے۔ احمد باہلی، بڑا زاہد اور تارک الدنیا تھا اور حدیث سازی میں پکا دنیادار۔ شیطان نے برائیوں کو اس طرح اس کی نظر میں پیش کیا تھا کہ اچھائی بن گئی تھیں۔

بردانی صاحب نے بھی فضائل معاویہ میں بیت المال کا حق نمک ادا کیا ہے۔

وہب بن حفص صاحب کو دیکھئے، انھوں نے بیس سال تک کسی سے کلام نہیں کیا۔ بڑے زاہد و عابد تھے لیکن جب بولے تو ایسا سڑا جھوٹ بولے کہ جس سے تعفن کی بو آتی تھی۔

ابوالبشر مروزی فقیہ اور بڑے پابند شریعت، ابوداؤد نخعی عابد نیک شب زندہ دار، ابویحییٰ وکار، نیک و پارسا، فقیہ و عبادت گذار۔ ابراہیم بن محمد، عابد و زاہد۔(۱) ابراہیم اشہلی جنھوں نے ساٹھ سال تک روزے رکھے۔(۲) جعفر بن زبیر اور ابان بن ابی عیاش، (۳) یہ سبھی عبادت گذار، صالح، پابند شریعت اور اپنے وقت کے مجتہد لیکن حدیث سازی کے تعفن سے دماغ جل جاتا ہے۔

ان جعلی حدیث بنانے والوں میں مختلف جذبات وطبقات کے افراد ہیں: امام مقتدی، مشہور محدث، فقیہ حجت اور مشائخ وحفاظ اور لمبی چوڑی زبان والے خطیب ہیں۔ ان سب نے محض خدمت دین کے لئے جھوٹ کا خرمن لگایا، اپنے امام کی تعظیم میں دروغ بافی کی۔ اسی لئے ان کے جھوٹ کا پول کھل گیا اور ارباب رجال نے ان کی قلعی کھول دی۔

## مدح ابوحنیفہ میں:

ذرا ان لوگوں کو دیکھئے جنھوں نے مدح ابوحنیفہ میں حدیث رسولؐ گڑھی کہ عنقریب میرے بعد

---

۱۔لسان المیزان، ج۱ص۹۹ (ج۱،ص۷۹نمبر۲۹۵)

۲۔تہذیب التہذیب ج۱،ص۱۰۴ (ج۱،ص۹۰)

۳۔تہذیب التہذیب ج۱،ص۹۹ (ج۱،ص۸۵)

نعمان بن ثابت نامی ایک شخص پیدا ہوگا، اس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی۔ میرا دین اور میری سنت اس کے ہاتھوں زندہ ہوگی۔(۱)

ہر صدی میں میری امت کے سابقین ہوں گے اپنے عہد کے سابق ابوحنیفہ ہیں۔(۲)

میری امت کا ایک شخص نعمان بن ثابت ہوگا، جس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی۔ میری امت کا چراغ ہے۔(۳)

نعمان میری امت میں ایک شخص ہوگا جس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی اس کی وجہ سے خدا نئے سرے سے دین کو زندگی عطا کرے گا۔

ان روایت کو ابن عدی اور ابن معین وغیرہ نے موضوع اور باطل کہا ہے۔ کذاب اور حدیث ساز راویوں نے مدح سرائی کے لئے یہ جھوٹ کا طومار باندھا ہے۔(۴)

عنقریب میرے بعد نعمان بن ثابت جس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی پیدا ہوگا، خدا اس کے ہاتھوں میرا دین اور میری سنت زندہ کرے گا۔(۵) ایک روایت میں ہے کہ وہ میری سنت زندہ کرے گا اور بدعت ختم کرے گا، اس کا نام نعمان بن ثابت ہوگا۔ اس کا راوی ابراہیم خبیث ہے جو کذاب وحدیث ساز تھا۔(۶) ایک روایت ہے: تمام انبیاء میرے اوپر فخر کریں گے اور میں ابوحنیفہ پر فخر کروں گا۔ وہ پروردگار کے نزدیک پرہیزگار شخص ہوگا، علم کا پہاڑ اور انبیاء بنی اسرائیل کے مانند ہوگا۔ پس جو اس سے محبت کرے گویا اس نے مجھ سے محبت کی۔ جو اس سے نفرت کرے گا گویا مجھ سے نفرت کی۔ ابن جوزی اس حدیث کو موضوع اور عجلونی غیر صالح کہتے تھے۔(۷)

ایک روایت میں ہے: اگر موسیٰ وعیسیٰ کی امت میں ابوحنیفہ جیسے لوگ ہوتے تو یہودی ونصرانی

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۲۸۹ (۷۶۸)

۲۔ خوارزمی کی مناقب ابوحنیفہ ج۱، ص۱۶۔ ۳۔ تاریخ بغداد، ج۱۳، ص۳۳۵۔

۴۔ الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۲، ص۶۱ ۴ نمبر ۵۶۹) علی قاری کی موضوعات الکبریٰ (ص۱۶) کشف الخفا، ج۱، ص۳۳۔

۵۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۲۸۹ (نمبر ۷۶۸) اور کشف الخفا ج۱، ص۳۳ پر اس کے جعلی ہونے کی تصریح ہوئی ہے۔

۶۔ کتاب الثقات (ج۸، ص۷۸) ۷۔ کشف الخفا، ج۱، ص۳۳۔

نہیں ہوتے۔عجلونی کہتے ہیں کہ موضوع ہے۔(۱)ایک روایت ہے: آدمؑ میرے اوپر فخر کریں گے اور میں ابوحنیفہ پر فخر کروں گا جو میری امت کے چراغ ہیں۔ یہ حدیث بھی عجلونی کے نزدیک جعلی ہے۔(۲)

میری امت میں ابوحنیفہ نامی شخص ہوگا جس کے دونوں شانوں کے درمیان تل ہوگا۔خدا اس کے ہاتھوں سے میری سنت زندہ کرے گا۔خوارزمی نے اس کو نقل کیا ہے مگر اس کے راوی گمنام ہیں۔ابن عباس کی روایت ہے کہ بعد رسولؐ خراسان سے ایک چاند چمکے گا جس کی کنیت ابوحنیفہ ہوگی۔اس کی سند باطل ہے۔

ابوالبختری کذاب کی روایت بھی سنئے:

ابوحنیفہ امام جعفر صادق علیہ السلام کی خدمت میں آئے، امام کی نظر پڑی تو فرمایا: میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے ہاتھوں میرے جد کی مردہ سنت زندہ ہوگی، تم غمگین کی پناہ گاہ، فریادرس اور سرگشتہ لوگوں کا وسیلہ ہو۔(۳)

اب ان لوگوں کے متعلق کیا لکھا جائے جنھوں نے مناقب ابوحنیفہ میں ضخیم کتابیں لکھ کر ان بے ہودہ مطالب اور بدبودار جھوٹ کے ڈھیر لگا دئے ہیں۔ یہ سمجھتے تھے کہ کبھی ہمارا جھوٹ ظاہر ہی نہ ہوگا۔

مریدان ابوحنیفہ انھیں رسول خداؐ سے بھی اعلم سمجھتے تھے۔ابن جریر کا بیان ہے کہ میں کوفہ سے بصرہ گیا، وہاں ابن مبارک سے ملاقات ہوئی، پوچھا: تم نے لوگوں کو کیوں چھوڑ دیا ہے؟ میں نے کہا: چونکہ وہاں لوگ سمجھتے ہیں کہ ابوحنیفہ رسول خداؐ سے بھی زیادہ اعلم تھے۔ یہ کہہ کے اس قدر روئے کہ داڑھی آنسوؤں سے تر ہوگئی۔(۴)

ابن جریر ہی کا بیان ہے کہ میں ابن مبارک کے پاس گیا، ایک شخص نے ان سے بیان کیا کہ دو شخص میرے پاس جھگڑتے ہوئے آئے، ایک کہہ رہا تھا ابوحنیفہ یہ کہتے ہیں۔ دوسرا کہہ رہا تھا کہ رسول خداؐ کا یہ ارشاد ہے۔ پہلے نے کہا: رسول خداؐ سے زیادہ امام ابوحنیفہ اعلم تھے۔ابن مبارک نے کہا: پھر بیان کرو

---

۱۔کشف الخفا، ج۱، ص۳۳۔
۲۔کشف الخفا، ج۱، ص۳۳۔
۳۔خوارزمی کی مناقب ابوحنیفہ ج۱، ص۱۹۔
۴۔تاریخ بغداد، ج۱۳، ص۴۴۱۔

اس نے دوبارہ بیان کیا۔ ابن مبارک چیخ پڑے: یہ سراسر کفر ہے۔ میں نے کہا: یہ کفر تو آپ کی وجہ سے پھیلا ہے، آپ ہی کی وجہ سے لوگوں نے کافر کو اپنا امام بنالیا ہے۔ ابن مبارک نے جھلا کے پوچھا: وہ کیسے؟ میں نے کہا: اس لئے کہ آپ نے ابوحنیفہ سے روایت کی ہے۔ یہ سن کر ابن مبارک کہنے لگے: میں ابوحنیفہ سے روایت کرنے پر استغفار کرتا ہوں۔ (۱)

فضیل بن عیاض کہتے ہیں کہ ان کے دل محبت ابوحنیفہ میں ڈوبے ہوئے ہیں اس لئے ان سے زیادہ اعلم کسی کو نہیں سمجھتے۔ (۲) اور سنئے، فقیہ عراق محمد بن شجاع نے تردید حدیث رسولؐ اور تائید قیاس ابوحنیفہ میں بڑی تحقیقی کتاب لکھی ہے۔ (۳)

## مذمت ابوحنیفہ میں:

ان جعلی حدیثوں اور یاوہ گوئیوں کے برخلاف مذمت ابوحنیفہ میں بھی ڈھیروں اقوال ہیں۔ سب کو تو بیان نہیں کیا جا سکتا بعض نمونے ملاحظہ فرمائیے:

امام بخاری نے ضعیف اور متروک الحدیث لوگوں میں ابوحنیفہ کا نام بھی شامل کیا ہے۔ (۴) سفیان ثوری سے لوگوں نے سنا کہ ابوحنیفہ نے دوبارہ کفر سے توبہ کی۔ نعیم، فزاری کا بیان نقل کرتے ہیں کہ سفیان بن عینیہ کے سامنے مرگ ابوحنیفہ کی خبر آئی۔ فرمایا: خدا اس پر لعنت کرے، اس نے اسلام کی رسی بکھیر دی، اسلام میں اس سے بدتر کوئی پیدا نہیں ہوا۔ بخاری نے اس کا تذکرہ کیا ہے۔

امام ابوحنیفہ کے مخالف، ساجی اپنی کتاب علل میں لکھتے ہیں کہ ابوحنیفہ سے خلق قرآن کے معاملے میں توبہ کرائی گئی اور اس نے توبہ کی۔ ابن الجارود نے ضعیف ومتروک راویوں میں ابوحنیفہ کا نام بھی لکھا ہے۔

امام مالک نے سفیان ثوری کی طرح کہا کہ ابوحنیفہ اسلام کا بدترین فرزند تھا۔ اگر اس نے اسلام

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج ۱۳، ص ۴۴۲۔
۲۔ حلیۃ الاولیاء، ج ۶، ص ۳۵۸۔
۳۔ تاریخ بغداد، ج ۵، ص ۳۵۱۔
۴۔ الانتقائی فضائل الثلاثۃ الائمۃ الفقہاء ص ۱۴۹۔

کے خلاف تلوار سے جنگ کی ہوتی تو اتنا نقصان نہ پہونچتا۔(۱) ساجی نے وکیع کا بیان نقل کیا ہے کہ ابو حنیفہ نے دوسو حدیث رسولؐ کی مخالفت کی۔(۲)

ابن مبارک سے کہا گیا کہ آپ ابوحنیفہ کے پیرو ہیں۔ کہنے لگے کہ جب اس کونہیں پہچانتا تھا تو اس کے یہاں آمد و رفت تھی، پہچان لیا ہے تو چھوڑ دیا ہے۔ ابوعبدالرحمٰن کا بیان ہے کہ ابوحنیفہ نے انھیں کئی بار مختلف جگہوں پر اپنا پرچار کرنے کے لئے بھیجنا چاہا لیکن وہ نہیں گئے۔

امام طحاوی نے ایک شخص کا بیان نقل کیا ہے کہ اس نے اپنے حریف سے کہا: اگر تم جھوٹے ہو تو تم پر ابوحنیفہ یا زفر کا گناہ لازم ہو جائے، جس نے دین میں قیاس کو رائج کر کے شریعت کی مخالفت کی۔(۳)

امام احمد بن حنبل کے بیٹے عبداللہ کہتے تھے کہ اصحاب ابوحنیفہ سے کوئی چیز روایت کرنا مناسب نہیں۔(۴)

مالک بن انس کہتے تھے کہ ابوحنیفہ نے دین کے ساتھ کھلواڑ کیا جو دین کے ساتھ کھلواڑ کرے وہ دیندار نہیں ہو سکتا۔(۵) انھوں نے ولید بن مسلم سے پوچھا: ابوحنیفہ سے کچھ حاصل کیا ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں۔ کہا: آئندہ سے اس کی کوئی بات ذکر نہ کرنا۔(۶)

ابن ابی لیلیٰ نے ابوحنیفہ کے کچھ اشعار نقل کر کے انھیں مرجئہ اور کافر کہا ہے۔(۷)

یوسف بن اسباط کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ نے چار سو سے زیادہ حدیثیں رد کر دیں۔

مالک کہتے ہیں کہ ابوحنیفہ سے بدتر اسلام میں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا۔ فتنۂ ابوحنیفہ ابلیس سے بھی بدتر ہے۔

عبدالرحمٰن بن مہدی کہتے تھے کہ اسلام میں فتنۂ دجال کے بعد سب سے بڑا فتنہ، ابوحنیفہ کا ہے۔

شریک کہتے تھے کہ اگر ہر قبیلے میں شرابی لوگ بھرے پڑے ہوں اس سے کہیں بہتر ہیں کہ اس قبیلے میں کوئی ابوحنیفہ کا صحابی ہو۔

---

۱۔الانتقا،ص۱۵۰.   ۲۔تاریخ بغداد، ج۱۳،ص۴۰۷ .

۳۔الانتقاء،ص۱۵۲.   ۴۔تاریخ بغداد، ج۱۴،ص۲۵۹، ۲۶۰(نمبر ۷۵۵۸)

۵۔حلیۃ الاولیاء، ج۶،ص۳۲۵، تاریخ بغداد، ج۱۳،ص۴۰۰.

۶۔حلیۃ الاولیاء، ج۶،ص۳۲۵.   ۷۔تاریخ بغداد، ج۱۳،ص۳۸۰.

امام اوزاعی کہتے ہیں: ابوحنیفہ اسلام کی طرف تیزی سے بڑھے اور اسلام کی رسی کو پارہ پارہ کردیا، اس سے زیادہ بدتر بچہ اسلام میں پیدا ہی نہیں ہوا۔

سفیان ثوری کو جب خبر وفات سنائی گئی تو کہا کہ خدا کا شکر جس نے مسلمانوں کو ابوحنیفہ کے شر سے نجات دی۔ اس نے اسلام کی رسی پارہ پارہ کردی، اسلام میں اس سے بدتر کوئی مولود نہیں ہوا۔

ان کے سامنے ابوحنیفہ کا تذکرہ ہوتا تو کہتے: وہ بے جانے بوجھے مسائل میں اپنی رائے دیدیتا ہے۔

عبداللہ بن ادریس کہتے تھے کہ ابوحنیفہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا۔

ابن ابی شیبہ اسے یہودی سمجھتے تھے۔

احمد بن حنبل کا فتویٰ تھا کہ ان سے کوئی روایت نہ کی جائے۔ (۱)

ابوحفص کہتے کہ ابوحنفیہ حافظ نہیں صاحب قیاس ہے، اس کی حدیثیں مضطرب ہیں، وہ خواہشات کا بندہ ہے۔

## دوسرے ائمہ اہل سنت:

دوسرے امام شافعی ہیں جن کے لئے حدیث رسولؐ وضع کی گئی۔ ایک روایت ہے کہ اس عالم قریش سے تمام کرۂ ارض مملو ہوگا۔ (۲) مزنی نے خواب دیکھا کہ رسولؐ سے شافعی کے متعلق سوال کررہے ہیں رسولؐ نے فرمایا: جسے میری محبت اور سنت کا دعویٰ ہے اسے شافعی کے مفاہیم سے استفادہ کرنا چاہئے کیونکہ وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں۔ (۳)

محمد بن نصر ترمذی فرماتے ہیں کہ ۲۹ رسال تک امام مالک سے حدیث کا درس لیا، مجھے امام شافعی کا

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج ۷، ص ۱۷۔

۲۔ ابن الحوت نے اسنی المطالب، ص ۱۴ (ص ۳۷ حدیث ۳۱) پر اسی کو ضعیف کہا ہے۔

۳۔ تاریخ بغداد، ج ۲، ص ۶۹۔

عرفان نہیں تھا۔ ایک دن مسجد النبیؐ میں اونگھ آ گئی، رسول خداؐ کو خواب میں دیکھا۔ آپ سے پوچھا: کیا میں فقہ حنفی لکھوں؟ فرمایا: نہیں۔ عرض کی: فقہ مالکی لکھوں؟ فرمایا: اگر میری حدیث سے موافق ہو۔ پوچھا: فقہ شافعی لکھوں؟ رسول خداؐ نے مجھے گھور کر دیکھا اور خشم آلود انداز میں فرمایا: اسے فقہ شافعی نہ کہو، وہ بالکل میری سنت ہے۔ یہ سن کر میں فوراً مصر آیا اور فقہ شافعی لکھنے لگا۔(۱)

احمد بن نصر نے بھی خواب میں رسول خداؐ سے پوچھا تو آپ نے فقہ شافعی کا حکم دیا۔ دوبارہ پوچھا تو فرمایا کہ فقہ احمد بن حنبل کی پیروی کرو کیونکہ وہ فقیہ، پرہیزگار اور زاہد ہے۔(۲)

احمد بن حسن ترمذی نے بھی اُونگھ کی حالت میں رسول ﷺ سے سوال کیا: فقہ حنفی کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمایا: تُف ہے اس پر، اس کے ہاتھ ٹوٹ جائیں۔ امام مالک کے متعلق فرمایا: لیکن غلطی کی۔

امام شافعی کے متعلق فرمایا: بھتیجے پر میرے باپ قربان ہو جائیں میری سنت زندہ کر دی۔(۳)
انھیں کا ایک دوسرا خواب ہے کہ رسولؐ نے فرمایا: ابوحنیفہ کو تو میں جانتا ہی نہیں۔ امام مالک کچھ پڑھا لکھا ہے۔ امام شافعی کو فرمایا کہ میرے بعد وہی ایک ہے۔(۴)

اس کے ساتھ یہ حدیث رسولؐ بھی پڑھئے: عنقریب میری امت میں ابوحنیفہ نامی شخص ہوگا میری امت کا چراغ ہے۔ عنقریب میری امت میں ابلیس کے فتنے سے بھی بڑا فتنہ شافعی فتنے کی شکل میں رونما ہوگا۔(۵)

دمشق کے قاضی محمد بن موسیٰ کہتے تھے کہ اگر میرا بس چلتا تو شافعیوں سے جزیہ لیتا۔(۶)
مالکیوں نے بھی اس اونچی ہانک میں اپنے کو پیچھے نہیں رکھا ہے۔ ایک حدیث وضع کی ہے کہ اگر

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر، ج۲، ص۴۸ (ج۵، ص۳۴۱ نمبر ۱۳۶)
۲۔ تاریخ ابن عساکر، ج۲، ص۴۸ (ج۵، ص۳۴۱ (ص۱۳۶)
۳۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۶۹. ۴۔ تاریخ بغداد، ج۴، ص۲۳۱.
۵۔ تاریخ بغداد، ج۵، ص۳۰۹ نمبر (۲۸۲۱) کشف الخفا ج۱، ص۳۳. اللآلی المصنوعۃ، ج۱، ص۲۳۷ (ج۱، ص۴۵۷)
۶۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲، ص۱۷۵ (ج۱۲، ص۲۱۶) لسان المیزان، ج۵، ص۴۰۲ (ج۵، ص۴۵۵ نمبر ۸۰۹۷)

تمام دنیا والے دنیا کا چکر لگائیں تو امام مالک سے زیادہ اعلم نہیں پائیں گے۔(۱) گویا کہ امام مالک کے بعد مدینہ، علم و دانش سے خالی ہو گیا تھا۔ حدیث ثقلین کے مصداق آل محمدؑ وہاں نہیں تھے، گویا امام مالک، صادق آل محمدؑ کے شاگرد نہیں تھے۔

احمد بن حنبل کے مطابق ابن ابی ذئب امام مالک سے افضل تھے۔(۲)

یحییٰ بن سعید کے مطابق سفیان، حدیث و فقہ میں امام مالک سے بڑھے ہوئے تھے۔(۳)

عطیہ بن اسباط کی سنئے: جب کہ تمام روئے زمین مالک کے علم سے بھرا ہوا تھا تب بھی ابوحنیفہ زیادہ فقیہ تھے۔(۴) اور یحییٰ بن صالح تو مالک سے زیادہ فقیہ، محمد بن حسن شیبان کو سمجھتے تھے۔(۵)

امام احمد بن حنبل کے بیان کے مطابق ابن ابی ذئب نے ''البیّعین بالخیار'' کے معاملے میں فتویٰ دیا تھا کہ اگر وہ توبہ نہ کرے تو گردن ماردو۔ جب کہ مالک نے اس کی تاویل کی ہے تردید نہیں کی۔(۶) مالکیوں کا گمان ہے کہ رسول خداؐ نے ان کے امام کو سراہا ہے۔(۷) لیکن حنبلیوں نے اپنا پروپگنڈہ سب سے بڑھ چڑھ کر کیا ہے جس کو اسی جلد کے گذشتہ صفحات میں بیان کیا ہے جسے سن کر کان جھنجھنا اٹھتے ہیں۔ کوئی ان کے جھوٹ کی اڑان تک پہونچنے سے قاصر ہے۔ ابن جوزی کی مناقب احمد میں ربیع بن سلیمان کا بیان ہے کہ امام شافعی نے مجھے خط دیا کہ اس کا جواب امام احمد بن حنبل سے لے آؤ۔ وہ خط لئے بغداد پہونچے تو احمد نماز صبح پڑھ رہے تھے۔ فارغ ہوئے تو خط دیا۔ پوچھا: اسے تم نے دیکھا ہے؟ ربیع نے کہا: نہیں۔ خط کھول کر پڑھا اور آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ ربیع نے پوچھا: اس میں کیا ہے؟ احمد بولے: شافعی نے رسولؐ کا خواب نقل کیا ہے کہ میرا اسلام احمد بن حنبل کو پہونچا دینا اور کہنا کہ بہت جلد تمہارا امتحان ہونے والا ہے، خلق قرآن کے سلسلے میں ان کی تائید نہ کرنا خدا تمہارا نام قیامت تک زندہ

---

۱۔ ابن الحوت نے اسنی المطالب، ص۱۴ (ص ۳۷ حدیث ۳۱) پر اس کو گڑھی ہوئی حدیث کہا ہے۔

۲۔ تاریخ بغداد، ج ۲ ص ۲۹۸۔ ۳۔ تاریخ بغداد، ج ۹، ص ۱۶۴۔

۴۔ قاری کی مناقب ابوحنیفہ مطبوع بر الجواہر المضیئہ فی طبقات الحنفیہ ص ۴۶۱۔

۵۔ تاریخ بغداد، ج ۲، ص ۱۷۵۔ ۶۔ تاریخ بغداد، ج ۶، ص ۳۷۷۔

۷۔ حلیۃ الاولیاء، ج ۶، ص ۳۱۷۔

رکھے گا۔ ربیع نے کہا: آپ کو مبارک ہو۔ پھر احمد نے ربیع کو اپنا لباس اتار کر دیا۔ خط کا جواب لے کر شافعی کے پاس واپس آیا۔ شافعی نے پوچھا: کیا دیا؟ عرض کیا: بدن کا لباس۔ شافعی نے کہا: پھر تمہارا یہ تبرک چھینوں گا نہیں۔ اسے بھگو کر دونوں نے پانی بانٹ لیا۔ روزانہ اس پانی کو شافعی اپنے منھ پر ملتے تھے۔(۱)

فقیہ احمد بن محمد یازودی کو اختلاف فقہ میں سخت اختلاج تھا۔ گروہ سے علیحدہ ہو کر سخت مغموم تھے، ندامت میں دو رکعت نماز پڑھی اور دعا کی کہ خدایا مجھے اپنے محبوب راستے کی رہنمائی فرما۔ خواب میں دیکھا کہ مسجد الحرام میں رسول خداؐ کعبہ سے ٹیک لگا کر کھڑے ہیں۔ داہنی طرف شافعی اور احمد بن حنبل ہیں، بائیں طرف بشر مریسی ہے۔ خدمت رسولؐ میں عرض کی: ان دونوں کے اختلاف کی وجہ سمجھ میں نہیں آئی کیا کروں؟ آپ نے شافعی و حنبل کی طرف اشارہ کیا کہ انھیں میں نے کتاب، حکم و نبوت عطا کیا ہے، بشر مریسی کی طرف اشارہ کر کے کہا: اگر لوگ اس سے منکر ہو جائیں تو دوسرے عقیدت مند معین کر دوں گا جو اس کا انکار نہ کریں گے۔ دوسرے دن یازودی نے ہزار دینار صدقہ کیا اور سمجھ لیا کہ حق شیخین کے ساتھ ہے۔(۲)

حنبلیوں کا غلو سنئے: ان کا عقیدہ ہے کہ خدا نے اس امت کے دو مردوں کو عزت بخشی تیسرے کو نہیں: ابوبکر کو مرتدین کے معاملے میں اور احمد بن حنبل کو آزمائش خلق قرآن کے معاملے میں۔

اور سنئے: رسول خداؐ کے بعد کسی نے بھی دین اسلام کی خدمت احمد بن حنبل سے زیادہ نہیں کی۔ مدینی کے اس قول پر میمونی دہاڑے: کیا ابوبکر نے بھی؟ جواب دیا: ہاں، ابوبکر نے بھی کیونکہ ابوبکر کے تو مددگار تھے اور امام احمد بن حنبل اکیلے تھے۔(۳)

اس کے برخلاف ابوعلی کرابیسی شافعی امام احمد پر اعتراض کرتے تھے کہ سمجھ میں نہیں آتا کہ اس چھوکرے کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے۔ اگر کہتا ہوں کہ قرآن مخلوق ہے تو کہتا ہے کہ بدعت ہے۔ اگر

---

۱۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۰،ص۳۳۱ (ج۱۰،ص۳۶۵)

۲۔تاریخ ابن عساکر، ج۱،ص۴۵۴ (ج۵،ص۲۲۶نمبر۱۲۲)

۳۔تاریخ بغداد، ج۴،ص۴۱۸۔

کہوں غیر مخلوق ہے تب بھی کہتا ہے کہ بدعت ہے۔(۱)

مرجان خادم کو حنبلیوں سے سخت اختلاف تھا۔ مکہ میں جہاں ابن طباخ حنبلی نماز پڑھاتا تھا اس نے وہ دیوار منہدم کرادی تھی۔ وہ ابن جوزی حنبلی سے کہتا تھا کہ میری زندگی کا صرف ایک مقصد ہے کہ تم لوگوں کا مذہب ملیا میٹ کردوں۔ اس کی موت پر ابن جوزی بہت زیادہ خوش ہوئے تھے۔(۲)

ابوسعید سمعانی کو بھی حنبلیوں سے شدید پرخاش تھی۔ انھیں بے حیا اور بے دین کہتا تھا۔(۳) اور محمد بن محمد ابوالمظفر الوردی تو حنبلیوں پر جزیہ لگانے کے بھی قائل تھے۔(۴)

ایسے ہی مخالفین میں فیروزآبادی صاحب قاموس اور عجلونی (۵) بھی ہیں۔ فیروزآبادی اپنی کتاب ''سفرالسعادۃ''(۶) میں لکھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ اور امام شافعی کے سلسلے میں جتنے بھی فضائل نقل کئے گئے ہیں سب جھوٹ کا طومار ہیں۔

صاحب اسنی المطالب، لکھتے ہیں کہ ائمہ اربعہ کے بارے میں کوئی حدیث نہیں۔ سب غلط اور بالکل غلط ہے۔(۷)

## جعلی حدیثوں کی فہرست

ایک محقق اگر تمام جعلی اور جھوٹی حدیثوں سے واقفیت حاصل کرنا چاہے تو ناکام رہے گا کیونکہ یہ تمام احادیث مختلف صحاح ومسانید میں بکھری پڑی ہیں اور اس موضوع پر کوئی مستقل کتاب بھی نہیں ہے۔ میں نے تفحص کے بعد ایک فہرست بنائی ہے آپ بھی دیکھئے:

ابوسعید ابان بن جعفر نے تین سو سے زیادہ حدیثیں گڑھی ہیں۔

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج۸، ص۶۴ (نمبر ۴۱۳۹)

۲۔ المنتظم، ج۱۰، ص۲۲۴ (ج۱۴، ص۸۷، نمبر ۴۲۶۹) البدایۃ والنہایۃ، ج۱۲، ص۲۵۰ (ج۱۲، ص۳۱۱)

۳۔ المنتظم، ج۱۰، ص۲۲۴ (ج۸، ص۸۷، نمبر ۴۲۶۹)

۴۔ المنتظم، ج۱۰، ص۲۳۹ (ج۱۸، س۱۹۸ نمبر ۴۲۹۲)

۵۔ کشف الخفا، ج۲، ص۴۲۰.

۶۔ سفرالسعادۃ (ج۲، ص۲۱۲)

۷۔ اسنی المطالب، ص۱۴ (ص۳۷ حدیث، ۳۱)

ابوعلی احمد جو یباری نے دس ہزار، مروزی نے دس ہزار اور ابوسہل حنفی نے پانچ سو جھوٹی حدیثوں کا انبار لگایا۔

بشر بن حسین اصفہانی کی کتاب میں ایک سو پچاس، بشر بن عون کی کتاب میں سو اور جعفر بن زبیر کے یہاں چار سو جھوٹی حدیثیں ہیں۔

جھوٹی حدیثوں کی فہرست دیکھئے

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔حارث بن اسامہ | ۳۰ حدیث | ۱۴۔ابن ابی العوجاء | ۴۰۰۰ حدیث |
| ۲۔حسن عدوی | ۱۰۰۰ حدیث | ۱۵۔عبداللہ قزوینی | ۲۰۰ حدیث |
| ۳۔حکم بن عبداللہ | ۵۰ حدیث | ۱۶۔عبداللہ قدامی | ۱۵۰ حدیث |
| ۴۔دینار حبشی | ۱۰۰ حدیث | ۱۷۔عبداللہ روحی | ۱۰۰ حدیث |
| ۵۔زید بن حسن | ۴۰ حدیث | ۱۸۔عبدالمنعم | ۲۰۰ حدیث |
| ۶۔زید بن رفاعہ | ۴۰ حدیث | ۱۹۔عثمان بن مقسم | ۲۵۰۰۰ حدیث |
| ۷۔سلیمان بن عیسیٰ | ۲۰ حدیث | ۲۰۔عمر بن شاکر | ۲۰ حدیث |
| ۸۔شیخ بن ابوخالد بصری | ۴۰۰ حدیث | ۲۱۔محمد بیلمانی | ۲۰۰ حدیث |
| ۹۔صالح قیراطی | ۱۰۰۰۰ حدیث | ۲۲۔محمد کدیمی | ۱۰۰۰ حدیث |
| ۱۰۔عبدالرحمٰن بن داؤد | ۴۰ حدیث | ۲۳۔واقدی | ۳۰۰۰۰ حدیث |
| ۱۱۔عبدالرحیم فاریابی | ۵۰۰ حدیث | ۲۴۔معلیٰ واسطی | ۹۰ حدیث |
| ۱۲۔عبدالعزیز | ۱۰۰ حدیث | ۲۵۔میسرہ بصری | ۴۰ حدیث |
| ۱۳۔نوح بن ابی مریم | ۱۱۴ حدیث | ۲۶۔ہشام بن عمار | ۴۰۰ حدیث |

**ان جھوٹی حدیثوں کا کل مجموعہ ۹۸۶۸۴ ہوتا ہے۔**

اب ان کے بعد ان ناموں کا بھی اضافہ کیجئے:

عباد بصری ____________ ساٹھ ہزار جھوٹی احادیث

عمر بن ہارون ــــــــــ ستر ہزار جھوٹی احادیث

ابن زبالہ ــــــــــ ایک لاکھ جھوٹی احادیث

محمد بن حمید ــــــــــ پچاس ہزار جھوٹی احادیث

عبداللہ رازی ــــــــــ دس ہزار جھوٹی احادیث

نصر ــــــــــ بیس ہزار جھوٹی احادیث

ان تمام کا مجموعہ ــــــ چار لاکھ آٹھ ہزار چھ سو چوراسی (۴۰۸۶۸۴) ہوتا ہے۔

واضح رہے کہ جعلی حدیثوں کا جس قدر انبار ہے ان کے مقابلے میں یہ فہرست قطعی نامکمل اور ناچیز ہے۔ ان کے علاوہ جن لوگوں نے جعلی حدیثوں کو جمع کر کے کتابیں لکھی ہیں ان کے نام بھی دیکھتے چلئے:

احمد بن ابراہیم مزنی　　احمد حمانی　　اسحاق بن محمشاذ

ایوب بن مدرک حنفی　　بریہ بن محمد البیع　　حسن بن علی اہوازی

حسین بن داؤد بلخی　　داؤد بن عفان　　زکریا بن درید

عبدالرحمٰن بن حماد　　عبدالعزیز بن زواد　　عبدالکریم بن عبدالکریم

عبداللہ بن حارث　　عبداللہ بن عمیر　　عبدالغیث بن زہیر حنبلی۔ اس کمینے نے فضائل یزید میں ایک جھوٹی حدیثوں کی کتاب جمع کی ہے۔

عبید بن قاسم　　علاء بن زید بصری　　لاحق بن حسین مقدسی

محمد بن احمد مصری　　محمد بن حسن سلمی　　محمد بن عبدالواحد زاہد۔ فضائل معاویہ پر کتاب جمع کی ہے۔

محمد بن یوسف رقی　　موسیٰ بن عبدالرحمٰن ثقفی

متذکرہ تمام افراد کی جھوٹی حدیثوں پر مشتمل کتاب ہے۔

اس طرح ان جھوٹی حدیثوں کا انبار کیا جائے تو یحییٰ بن معین کی بات صحیح نکلے گی کہ ان جھوٹے

محدثوں کی کتابوں کو جمع کیا جائے تو ایک تنور روشن کر کے روٹیاں پکائی جا سکتی ہیں۔(۱)

امام بخاری کہتے ہیں کہ میں نے دو لاکھ غیر صحیح حدیثیں یاد کی ہیں۔(۲) اسحاق بن ابراہیم حنبلی کو چار ہزار جھوٹی حدیثیں یاد تھیں۔(۳) یحیٰ بن معین کہتے تھے کہ کسی محدث نے جھوٹوں کی ایک ہزار سے کم حدیثیں جمع نہیں کی ہیں۔(۴) خطیب بغدادی کے بقول کوفیوں اور خراسانیوں کے پاس جعلی حدیثوں کا نسخہ زیادہ تر ہے۔ بحمد اللہ بغداد والوں کے پاس جھوٹی اور جعلی حدیثوں کا انبار کم ہے۔(۵)

ابن ابی سبرہ کذاب ووضاع کہتا تھا: میرے پاس ستر ہزار جھوٹی حدیثیں حلال وحرام سے متعلق ہیں۔(۶)

ائمہ حدیث نے صحاح ومسانید کی جمع وترتیب میں معتبر حدیثیں لکھیں اور باقی کو ترک کر دیا۔

ان کی تفصیل سنئے:

ابوداؤد سجستانی نے اپنی سنن میں پانچ لاکھ حدیثوں میں سے ۴۸۰۰ کا انتخاب کیا۔(۷)

صحیح بخاری میں چھ لاکھ حدیثوں میں سے غیر تکراری ۲۷۶۱ کا انتخاب ہوا۔(۸)

صحیح مسلم میں تین لاکھ حدیثوں میں سے غیر تکراری صرف چار ہزار کا انتخاب ہوا۔(۹)

مسند احمد بن حنبل میں ساڑھے سات لاکھ حدیث میں سے تیس ہزار کا انتخاب ہوا۔(۱۰)

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج۱۴، ص۱۸۴ (نمبر۷۴۸۴)

۲۔ ارشاد الساری شرح صحیح بخاری، ج۱، ص۳۳ (ج۱، ص۵۹)

۳۔ تاریخ بغداد، ج۶، ص۳۵۲ (نمبر۳۳۸۱)

۴۔ تاریخ بغداد، ج۱۲، ص۴۳۔ ۵۔ تاریخ بغداد، ج۱، ص۴۴۔

۶۔ تہذیب التہذیب ج۱۲، ص۲۷ (ج۱۲، ص۳۲)

۷۔ تذکرہ الحفاظ، ج۲، ص۱۵۴ (ج۲، ص۹۳ نمبر۶۱۵) تاریخ بغداد، ج۹، ص۵۷ (نمبر۴۶۳۸) المنتظم، ج۵، ص۹۷ (ج۱۲، ص۲۶۸ نمبر۱۸۱۱)

۸۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۸ (نمبر۴۲۴) ارشاد الساری، ج۱، ص۲۸ (ج۱، ص۵۰) صفۃ الصفوۃ، ج۴، ص۱۴۳ (ج۴ ص۱۶۹ نمبر۱۲۷)

۹۔ المنتظم، ج۵، ص۳۲ (ج۱۲، ص۱۷۱ نمبر۱۶۶۷) تذکرۃ الحفاظ، ج۲، ص۱۵۱، ۱۵۷ (ج۲، ص۵۸۹ نمبر۶۱۳) نووی کی شرح صحیح مسلم ج۱، ص۳۲ (ج۱، ص۲۱)

۱۰۔ طبقات شعرانی، ج۲، ص۱۷ (ج۲، ص۴۳۱ نمبر۴۳۸) تذکرۃ الحفاظ، ج۲، ص۱۷ (ج۲، ص۴۳۱ نمبر۴۳۸)

احمد بن فرات نے پندرہ لاکھ حدیثوں میں سے تین لاکھ کا انتخاب کیا۔(۱)
اس احتیاط و انتخاب کے باوجود متذکرۃ کتابوں میں جعلی اور جھوٹی حدیثیں بھری پڑی ہیں۔

## اعتبار کی بات

یہ تو غیر معتبر لوگوں کی بات تھی، معتبر افراد بھی قارئین کو حیرت میں ڈال دیں گے۔
آیئے ذرا ثقہ ور معتبر لوگوں کی بھی معرفت حاصل کریں:

۱۔ زیاد بن ابیہ: تاریخ میں اس کے باپ کی داستانیں بھری ہیں۔ خلیفہ بن خیاط اس کو معتبر مانتے تھے۔ احمد بن صالح اس کو جھوٹا نہیں سمجھتے تھے۔(۲)

۲۔ عمر بن سعد: قاتل امام حسینؑ، عجلی اس کو ثقہ اور معتبر مانتے تھے۔(۳)

۳۔ عمران بن حطان: جس نے ابن ملجم کی تعریف میں اشعار کہے ہیں۔ عجلی اس کو معتبر مانتے ہیں اور صحیح بخاری میں اس سے حدیث لی گئی ہے۔(۴)

۴۔ سماعیل بن اوسط: حجاج بن یوسف ثقفی کا یار غار جس نے سعید بن جبیر کو گرفتار کر کے حجاج کے سامنے پیش کیا تھا۔ ابن معین و ابن حبان معتبر سمجھتے ہیں۔(۵)

۵۔ اسد بن وداعہ شامی: عابد شب زندہ دار، حضرت علیؑ کو گالیاں دیتا تھا۔ نسائی اسے معتبر مانتے ہیں۔(۶)

---

۱۔ خلاصۃ التھذیب ص۹ (ج۱، ص۲۷، نمبر۱۰۴)
۲۔ تاریخ ابن عساکر ج۵، ص۴۰۶، ۴۱۴، ۴۱۴ (ج۹، ص۱۶۲، نمبر۲۳۰۹)
۳۔ خلاصۃ التھذیب ص۱۴۰ (ج۲، ص۲۷۰، نمبر۵۱۶۵)
۴۔ تاریخ الثقات، (ص۳۷۳، نمبر۱۳۰۰)
۵۔ ابن حبان (ج۶، ص۳۰) میزان الاعتدال، ج۱، ص۱۰۳ (ج۱، ص۲۲۲، نمبر۸۵۳) السان المیزان، ج۱، ص۳۹۵ (ج۱، ص۴۴۱، نمبر۱۲۴۸)
۶۔ میزان الاعتدال، ج۱، ص۱۹۷ (ج۱، ص۲۰۷، نمبر۸۱۶) لسان المیزان، ج۱، ص۳۸۵ (ج۱، ص۴۲۹، نمبر۱۲۱۱)

۶۔ابوبکر محمد بن ہارون: ناصبی اور مشہور دشمن علیؑ۔خطیب بغدادی نے اس کی توثیق کی ہے۔(۱)

۷۔خالد قسری: ناصبیوں کا امیر، ذہبی و ابن کثیر نے اس کی یوں تعریف کی ہے: بڑا بد معاش تھا، علیؑ کو گالیاں دیتا تھا، اس کی ماں نصرانی تھی، اس کا دین مشکوک تھا، اپنی ماں کے لئے گھر میں کلیسا بنوایا تھا۔اس کے باوجود ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے۔(۲)

۸۔اسحاق بن سوید عدوی بصری: علانیہ علیؑ سے دشمنی کا اظہار کرتا۔احمد، ابن معین ونسائی اسے معتبر سمجھتے ہیں۔بخاری، مسلم، ابوداؤد اور نسائی میں اس کی روایتیں موجود ہیں۔(۳)

۹۔نعیم بن ابی ہند: ناصبی اور دشمن علیؑ تھا، اس کے باوجود نسائی اس کی توثیق کرتے ہیں۔(۴)

۱۰۔حریز بن عثمان: یہ شخص مسجد میں نماز پڑھ کر جب تک ستر بار حضرت علیؑ پر لعنت نہیں پڑھ لیتا تھا باہر نہیں نکلتا تھا۔اسماعیل بن عیاش کہتے ہیں کہ مکہ کے سفر میں میرا اس کا ساتھ ہوگیا۔راستے بھر حضرت علیؑ پر لعنت کرتا رہا۔کہنے لگا: لوگ روایت کرتے ہیں کہ رسول خداؐ نے فرمایا: یا علیؑ! تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰؑ سے تھی، حدیث صحیح ہے لیکن سننے والوں نے غلطی کی ہے۔میں نے پوچھا: کیسے؟ کہنے لگا کہ حدیث رسولؐ ہے: یا علیؑ! تمہیں مجھ سے وہی نسبت ہے جو قارون کو موسیٰؑ سے تھی۔میں نے پوچھا: آپ نے کہاں سے سنا؟ بولا کہ ولید بن عبدالملک نے منبر پر بیان کیا۔(۵) ایسے شخص سے بخاری، ابوداؤد، ترمذی اور دوسرے لوگ روایت کرتے ہیں۔ریاض النضرہ میں ہے کہ یہ شخص معتبر ہے لیکن دشمن علیؑ تھا۔(۶)

۱۱۔ازہر بن عبداللہ حمصی: علیؑ کو گالیاں دیتا تھا لیکن عجلی اسے معتبر مانتے ہیں۔(۷) ابوداؤد، ترمذی

---

۱۔تاریخ بغداد، (ج۳،ص۳۵۷نمبر۱۴۶۳) لسان المیزان، ج۵،ص۴۱۱ (ج۵،ص۴۶۵نمبر۸۱۴۲)

۲۔البدایۃ والنہایۃ، ج۱۰،ص۲۰،۲۱ (ج۱۰ص۲۳) الثقات، (ج۶،ص۲۵۶)

۳۔تہذیب التہذیب، ج۱،ص۲۳۵ (ج۱،ص۲۰۶)

۴۔میزان الاعتدال، ج۳،ص۲۴۳ (ج۴،ص۱۷۲نمبر۹۱۱۲)

۵۔تاریخ بن عساکر، ج۴،ص۱۱۵ (ج۱۲،ص۳۳۶نمبر۱۲۵۴) تاریخ بغداد، ج۸،ص۲۵۶۸ (نمبر۴۳۶۵)

۶۔ریاض النضرۃ ج۲،ص۲۱۶ (ج۳،ص۱۶۹)　　۷۔تاریخ الثقات، (ص۵۹نمبر۵۵)

اور نسائی نے اس شخص سے روایت نقل کی ہے۔(۱)

۱۲۔عبدالرحمٰن بن ابراہیم معروف بہ دحیم شامی: کہتا تھا کہ جو شخص اہل شام کو باغی گروہ کہے وہ حرام زادہ ہے۔اس کے باوجود بخاری وغیرہ نے اس سے روایت کی ہے۔(۲)

۱۳۔حافظ عبدالمغیث حنبلی: اس نے فضائل یزید بن معاویہ میں کتاب لکھی ہے کہ یزید بڑا دیندار، معتبر اور امین تھا۔(۳)

۱۴۔حافظ زید بن حباب: ابن معین کہتے ہیں کہ معتبر ہے لیکن ثوری کی حدیث اتھل پتھل کر دیتا ہے (۴)۔

۱۵۔خلف بن ہشام: شرابی تھا لیکن حنبلیوں کے امام احمد نے معتبر مانا ہے۔اعتراض کرنے پر جواب ملا کہ اس کا علم ہم تک پہونچا ہے۔خدا قسم! وہ ہمارے نزدیک ثقہ وامین ہے چاہے وہ شراب پیئے یا کچھ کرے۔(۵)

۱۶۔خالد بن مسلمہ قرشی: مرجئہ اور دشمن علیؑ تھا،(۶) امام احمد(۷) اور ابن معین اسے معتبر مانتے ہیں۔

یہ دشمنان علیؑ تھے جن سے روایت لی گئی لیکن اس کا دوسرا رخ دیکھئے:

احمد بن حنبل نے سنا کہ عبیداللہ بن موسیٰ عبسی، معاویہ کو برا بھلا کہتا ہے تو اس سے روایت لینا ترک کر دیا۔یحییٰ بن معین کے پاس آدمی بھیج کر کہلوایا کہ عبیداللہ سے حدیثیں بہت زیادہ نقل ہوتی ہیں۔آپ جانتے ہیں کہ وہ معاویہ کو برا کہتا ہے۔اس لئے میں اب اس سے روایت نہیں لیتا۔یحییٰ نے جواب کہلوایا

---

۱۔تہذیب التہذیب، ج۱،ص۲۰۴ (ج۱،ص۱۷۹)

۲۔الکاشف (ج۲،ص۱۵۴ نمبر۱۳۶۹) تہذیب التہذیب، (ج۶ص۱۲۰) الثقاتل (ج۸،ص۳۸۱)

۳۔سیر اعلام النبلاء (ج۲۱،ص۱۶۰) شذرات الذہب، (ج۶،ص۴۵۳)

۴۔معرفۃ الرجال، ض۲،ص۲۱۴/۷۱۷) خلاصۃ التہذیب ص۱۰۸ (ج۱،ص۳۵۰ نمبر۲۲۴۹)

۵۔تاریخ بغداد، ج۸،ص۳۲۶.  ۶۔تاریخ ابن عساکر، ج۵ص۵۳ (ج۱۶،ص۸۸ نمبر۱۸۸۴)

۷۔العلل ومعرفۃ الرجال، (ج۲،ص۴۸۳ نمبر۳۱۷۶)

کہ ہم نے اور آپ نے عبدالرزاق سے مذمت عثمان سنی، کیا اس سے روایت کرنا جائز ہے؟ عثمان تو معاویہ سے افضل ہیں۔(۱)

جی ہاں! شیبہ نے منہال بن عمرو کوفی سے روایت لینا اس لئے ترک کر دیا تھا کہ اس کے گھر سے گانے کی آواز سن لی تھی۔(۲) یزید بن ہارون کہتے ہیں کہ ابو یوسف سے روایت لینا اس لئے جائز نہیں کہ یتیموں کا مال سود پر چلاتا ہے۔(۳) اور سنئے، امام بخاری صادق آل محمدؑ سے روایت نہیں لیتے ہیں۔ یحیٰی بن سعید کہتے ہیں کہ مجھے ان کی طرف سے کچھ کدورت ہے اگر چہ وہ جھوٹ نہیں بولتے۔(۴) صادق آل محمدؑ سے ابن سعید کا عناد واضح ہے لیکن شافعی، ابن معین، ابن ابی خیثمہ، ابو حاتم، ابن عدی، ابن حبان اور نسائی اسے معتبر سمجھتے ہیں۔(۵) ابو حاتم بستی کہتا ہے کہ امام موسیٰ رضا علیہ السلام اپنے آباء و اجداد سے عجیب وغریب روایتیں بیان کرتے ہیں گویا کہ وہ اشتباہ کا شکار ہیں یا غلطی پر ہیں۔(۶) ابن جوزی نے امام حسن عسکری علیہ السلام کو ضعیف راوی قرار دیا ہے۔(۷)

﴿فَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا يَكْسِبُونَ﴾(۸)

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج۱۴،ص۴۲۷ (نمبر۷۷۸۸)

۲۔ الجرح والتعدیل (ج۸،ص۳۵۷)

۳۔ تاریخ بغداد، ج۱۴،ص۲۵۸)

۴۔ تہذیب التہذیب ج۲،ص۱۰۳ (ج۲،ص۸۸)

۵۔ معرفۃ الرجال، (ج۱،ص۱۱۰نمبر۵۱۴) الجرح والتعدیل، (ج۲،ص۴۸۷) الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۲،ص۱۳۴نمبر ۳۳۴) الثقات، (ج۶،ص۱۳۱)

۶۔ کتاب المجروحین، (ج۲،ص۱۰۶) الانساب (ج۳،ص۴۷) تہذیب التہذیب، ج۷،ص۳۸۸ (ج۷۔ص۳۳۸)

۷۔ لسان المیزان، ج۲،ص۲۴۰ (ج۲،ص۲۹۸نمبر۲۵۳۱)

۸۔ سورۂ بقرہ، آیت۷۹.

# حدیث کے کارخانے

ان جھوٹے مکاروں اور حدیث سازوں نے فضائل کے جو دریا بہائے ہیں اس کے چند قطرے ملاحظہ فرمایئے:

۱۔ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول خداصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت کے ہر درخت کے پتوں پر لکھا ہوا ہے: ''خدائے یکتا کے سوا کوئی خدا نہیں، محمدؐ خدا کے رسول ہیں، ابوبکر صدیق ہیں، عمر فاروق ہیں اور عثمان ذوالنورین ہیں''۔ طبرانی لکھتے ہیں کہ یہ حدیث علی بن جمیل نے گڑھی ہے پھر اسے معروف بن ابی معروف بلخی نے چرائی۔ اس میں عبدالعزیز خراسانی مجہول شخص ہے۔(۱) ابوالقاسم بن بشران نے امالی میں اسے محمد بن عبد سمرقندی سے روایت کی ہے۔ یہ سمرقندی وہی کذاب ہے جس کے لئے ابن عدی نے کہا ہے کہ اس کی احادیث لائق پیروی نہیں۔(۲) خطیب بغدادی نے اسے حسین بن ابراہیم سے لیا ہے۔(۳) ذہبی اس کے متعلق کہتے ہیں کہ یہ حدیث باطل اور جھوٹی ہے۔(۴)

۲۔ابن عباس سے بطور مرفوع: قیامت برپا ہوگی تو منادی زیر عرش سے آواز دے گا: اصحاب محمدؐ کو لاؤ۔ ابوبکر، عمر، عثمان اور علیؑ کو لایا جائے گا۔ ابوبکر سے کہا جائے گا کہ دروازۂ بہشت پر بیٹھ جاؤ جسے چاہو داخل کرو جسے چاہو نکال دو۔ عمر سے کہا جائے گا کہ میزان پر بیٹھ جاؤ جس کا پلہ چاہو بھاری کرو یا کم

---

۱۔المعجم الکبیر، (ج۱۱،ص۶۳ حدیث۱۱۰۹۳)

۲۔الکامل فی ضعفاءالرجال، (ج۵،ص۱۷۳نمبر۱۵۲۴)

۳۔تاریخ بغداد، ج۵،ص۴، ج۷،ص۳۳۷.

۴۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۳۵۳ (ج۱،ص۵۴۰نمبر۲۰۱۸) ج۳،ص ص۱۸۴ (ج۴،ص۱۴۶نمبر۸۵۵۰)

کرو۔عثمان کو ایک درخت عطا کیا جائے گا جسے خدا نے اپنے ہاتھوں سے سینچا ہوگا۔ان سے کہا جائے گا کہ اس درخت سے جس کو چاہو حوض کوثر سے ہنکاؤ یا بلاؤ۔حضرت علیؑ کو دو حلے عطا کئے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ جب سے آسمان زمین خلق ہوئے ہیں یہ تمہارے لئے مہیا تھے۔

اس حدیث کو ابراہیم مصیصی اور احمد بن حسن کوفی نے روایت کیا ہے دونوں ہی پکے جھوٹے ہیں۔ پھر یہ کہ میزان الاعتدال (۱) اور ریاض النضرہ (۲) میں علیؑ کی بات عثمان سے منسوب کی گئی ہے حالانکہ حوض کوثر سے ہنکانے والے علیؑ ہیں جسے اکثر حفاظ نے نقل کیا ہے۔(۳)

۳۔انس سے بطور مرفوع: میں نے معاویہ کے علاوہ تمام اصحاب کو جنت میں دیکھا۔صرف انھیں ستر یا اسی سال نہیں دیکھا پھر وہ ایک اونٹ پر سوار میرے سامنے آئے جو مشک سے زیادہ خوشبودار تھا۔ میں نے پوچھا: اسی سال کہاں تھے؟ جواب دیا: زیر عرش ایک باغیچے میں تھا اور خداوند عالم سے راز و نیاز کرر ہا تھا۔خدا مجھ پر صلوات پڑھ رہا تھا میں اس پر صلوات پڑھ رہا تھا۔رسول خداؐ نے فرمایا: یہ تمہیں ان گالیوں کا بدلا ملا ہے جو لوگ دنیا میں تمہیں دیتے تھے۔

اس حدیث کو عبداللہ بن حفص وکیل نے گڑھا ہے ابن عدی کہتے ہیں کہ مجھے ذرا بھی شک نہیں کہ یہ حدیث جھوٹی ہے (۴) خطیب، ذہبی، ابن عساکر وغیرہ نے اس روایت کو محض جھوٹ کہا ہے۔(۵)

۴۔انس سے بطور مرفوع: شب معراج جب بہشت پہونچا تو ایک حوریہ کو دیکھا، اس نے کہا: میں

---

۱۔میزان الاعتدال، ج۱،ص۲۰،۴۲ (ج۱،ص۴۰،۹۰ نمبر۱۲۴،۳۳۱)

۲۔ریاض النضرۃ، ج۱،ص۳۲ (ج۱،ص۴۷)

۳۔المعجم الصغیر (ج۲،ص ۸۹) ذخائر العقبیٰ ص ۹۱، ریاض النضرۃ، ج۲،ص ۲۱۱ (ج۳،ص۶۳) مجمع الزوائد، ج۹،ص ۱۳۵، صواعق محرقہ،ص۱۰۴ (ص۱۷۴) احمد کی مناقب علی (ص۲۰ حدیث ۲۷۹،فضائل صحابہ حدیث ۱۱۵۷) کنز العمال، ج۶،ص۴۰۳ (ج۱۳،ص۱۵۷ حدیث ۳۶۸۴)

۴۔الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۴،ص۲۶۴ نمبر۱۱۰۰)

۵۔تاریخ بغداد، (ج۹،ص ۴۴۹ نمبر ۵۰۷۹) میزان الاعتدال، (ج۲،ص۴۱۰ نمبر ۴۲۷۵) تاریخ ابن عساکر، (ج۳۷،ص ۴۶۸ نمبر ۴۴۵۰، مختصر تاریخ دمشق ج۱۵،ص۳۲۱)

عثمان مظلوم کے لئے ہوں۔

ذہبی(۱) نے اسے عباس بن محمد عدوی کے طریق سے نقل کیا ہے جو پکا جھوٹا اور حدیث ساز تھا اور اس کے جعلی ہونے کی تصریح کی۔ابن حجر،خطیب،ابن جوزی وغیرہ نے اس کو جعلی حدیث کہا ہے۔(۲)

۵۔جابر سے بطور مرفوع: خداوند عالم نے میرے اصحاب کو انبیاء کے علاوہ تمام مخلوقات پر فضیلت عطا کی ہے،ان میں چار اصحاب کو منتخب فرمایا ہے اگر چہ میرے سبھی اصحاب اچھے ہیں۔

یہ حدیث عبداللہ بن صالح کی بنائی ہے۔ذہبی کہتے ہیں کہ یہ قیامت عبداللہ بن صالح کی برپا کی ہوئی ہے۔(۳)ابوذرعہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث باطل ہے، خالد مصری نے بنائی ہے اور عبداللہ نے بیان کی ہے۔نسائی اس کو جعلی حدیث کہتے ہیں۔

۶۔عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: جس وقت ابوبکر پیدا ہوئے اسی شب خداوند عالم نے بہشت پر نظر کی اور فرمایا: مجھے میرے عزت وجلال کی قسم! جو اس مولود کو دوست رکھے گا اسی کو تیرے اندر داخل کروں گا۔

ذہبی کہتے ہیں کہ یہ حدیث احمد بن عصمت نیشاپوری نے گڑھی ہے۔(۴) خطیب بغدادی کہتے ہیں کہ یہ حدیث جعلی ہے اس میں چند نفر گمنام اور مجہول ہیں۔(۵)

۷۔ابوہریرہ سے مرفوع:

آسمان دنیا میں اسی ہزار فرشتے ہیں جو دوستداران ابوبکر وعمر کے لئے استغفار کرتے ہیں اور دوسرے آسمان پر اسی ہزار فرشتے ہیں جو دشمنان ابوبکر وعمر پر لعنت پڑھتے ہیں۔

---

۱۔میزان الاعتدال، ج۲،ص۲۰(ج۲،ص۳۸۶،نمبر۴۱۸۲)ج۳،ص۲۹۳(ج۴،ص۳۸۵نمبر۹۵۴۳)

۲۔لسان المیزان ، ج۳،ص ۲۴۵، ج۳،ص ۲۴۸(ج۳،ص ۳۰۸نمبر۵۵۴۲، ۳۱۱نمبر ۴۴۵۹،ص۳۶۳ نمبر۴۶۰۱) تاریخ بغداد، ج۵،ص۲۹۷،الموضوعات (ج۱،ص۳۲۹)

۳۔میزان الاعتدال، ج۲،ص۴۷(ج۲،ص۴۴۲نمبر۴۳۸۳)

۴۔میزان الاعتدال،(ج۱،ص۱۱۹نمبر۴۶۷)

۵۔تاریخ بغداد، ج۳،ص۳۰۹.

یہ حدیث بصرے کے مکار ابوسعید حسن بن علی عدوی کی بنائی ہوئی ہے ۔خطیب نے کہا ہے کہ اس حدیث کوعدوی نے بنام کامل بن طلحہ گڑھا ہے ۔اس کے سلسلۂ سند میں ابوعبداللہ زاہد، مجہول ہے ۔(۱)

دیلمی نے اس باب میں اضافہ کرتے ہوئے گڑھا ہے کہ جو شخص تمام صحابہ کو دوست رکھے گا نفاق سے دور رہے گا۔

ذہبی نے اس حدیث کو بھی جعلی کہا ہے ۔(۲) ابن حجر نے انس سے ایک اور روایت لکھ کر کہا ہے کہ یہ دونوں باطل ہیں ۔(۳)

۸ ۔انس سے روایت ہے کہ ایک یہودی ابوبکر کے پاس آ کر بولا: قسم اس ذات کی جس نے موسیٰؑ کو مبعوث فرمایا! میں آپ سے محبت کرتا ہوں ۔ابوبکر نے اس کی تحقیر کرتے ہوئے سر نہ اٹھایا کہ جبریل امین رسول خداؐ پر نازل ہوئے اور کہا: اے محمدؐ! خداوند عالم بعد سلام فرماتا ہے کہ اس یہودی سے کہہ دو خدا نے جہنم تیرے اوپر حرام کر دی ۔اسکے بعد وہ یہودی خدمت رسولؐ میں آ کر مشرف بہ اسلام ہوا۔

ایک دوسری حدیث میں ہے کہ خدا نے جہنم سے فرمایا: تیرے اوپر سے دو چیزیں ہٹالیں: طوق اور زنجیر ۔رسول خداؐ نے اس کو حکم خدا سے باخبر کر دیا۔

یہ حدیث بھی حسن بن علی عدوی کی آفت ہے ۔سیوطی نے کہا ہے کہ عدوی وغلام خلیل دونوں ہی حدیث ساز ہیں ۔(۴)

۹ ۔براء سے بطور مرفوع: خدا نے ابوبکر کے لئے اعلیٰ علیین میں یاقوت سفید کا قبہ تعمیر فرمایا ہے جس میں ہوائے رحمت چلتی رہتی ہے ۔اس میں چار ہزار در ہیں، جب بھی ابوبکر لقائے الٰہی کے مشتاق ہوتے ہیں اس میں کا ایک در کھول کر خدا کی زیارت کر لیتے ہیں ۔

---

۱ ۔تاریخ بغداد، (ج۷،ص۳۸۳ نمبر۳۹۱۰)

۲ ۔میزان الاعتدال، (ج۱،ص۵۰۸ نمبر۱۹۰۴)

۳ ۔لسان المیزان، ج۴،ص۱۰۷ (ج۴،ص۱۲۵ نمبر۴۵۲۱)

۴ ۔اللئالی المصنوعۃ، ج۱،ص۱۵۱ (ج۲،ص۲۹۲)

یہ حدیث محمد بن عبداللہ ابوبکر اشنانی کی بنائی ہوئی ہے۔ خطیب نے اس کے سلسلۂ سند کے متعلق کہا ہے کہ اس طرح گستاخانہ جھوٹ بولنے پر خدا کبھی معاف نہ کرے گا، اشنانی اسی طرح جھوٹ کا طومار باندھتا ہے۔ احمد ذراع نے اس حدیث کو گڑھا ہے۔ (۱) ذہبی بھی اس حدیث کو اشنانی کا جھوٹ کہتے ہیں۔ (۲)

۱۰۔ انس سے منقول ہے: جب رسول خداؐ غار سے نکلے تو ابوبکر بھی آپ کے ہمراہ تھے۔ آنحضرتؐ نے فرمایا: کیا میں تمہیں بشارت دوں؟ ابوبکر نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! کیوں نہیں؟ حضرتؐ نے فرمایا: خداوند عالم قیامت کے دن سب پر بطور عام اور تم پر بطور خاص تجلی فرمائے گا۔

یہ حدیث سمرقندی کی بنائی ہوئی ہے۔ خطیب نے کہا ہے کہ اس کی کوئی اصل نہیں، اسے محمد سمرقندی نے متن وسند سجا کر گڑھ لیا ہے۔ (۳) یہ اور اسی مفہوم کی دوسری حدیث دونوں باطل ہیں۔ اس کو ذہبی، ابن عدی، فیروزآبادی، سیوطی، عجلونی، ابن حجر اور ابن درویش حوت نے جعلی کہا ہے۔ (۴)

حاکم نے مستدرک میں جابر سے حدیث نقل کی ہے کہ اے ابوبکر! خدا نے تمہیں رضوان اکبر عطا کیا ہے۔ کچھ لوگوں نے رسولؐ سے پوچھا: رضوان اکبر کا مطلب کیا ہے؟ فرمایا: خداوند عالم آخرت پر بطور عام اور ابوبکر پر بطور خاص تجلی فرمائے گا۔

ذہبی نے تلخیص مستدرک (۵) میں نوٹ لگایا ہے کہ اس حدیث کو محمد بن خالد ختلی نے کثیر بن ہشام، جعفر بن برقان اور ابن سوقہ سے روایت کی ہے۔ میرے خیال میں اسے محمد نے گڑھا ہے۔ میزان (۶)

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج ۵، ص ۴۴۲۔ ۴۴۱، ج ۹، ص ۴۴۵.

۲۔ میزان الاعتدال، (ج ۳، ص ۶۰۵ نمبر ۷۷۸۶)

۳۔ تاریخ بغداد، ج ۲، ص ۳۸۸، ج ۱۲، ص ۱۹.

۴۔ میزان الاعتدال، ج ۲، س ۲۲۱، ۲۳۲ (ج ۳، ص ۱۲۰، ۱۴۴، نمبر ۵۸۰۸، ۵۸۸۶) ج ۲، ص ۲۶۹ (ج ۳، ص ۲۲۲ نمبر ۶۲۰۴) ج ۳، ص ۳۳۶ (ج ۴، ص ۷۷ نمبر ۹۸۹۷) الکامل فی ضعفاء الرجال (ج ۵، ص ۲۱۶ نمبر ۱۳۷۰) سفر السعادۃ (ج ۲، ص ۲۱۱) اللآلی المصنوعۃ، ج ۱، ص ۱۴۸ (ج ۱، ص ۲۸۶ کشف الخفاج ۲، ص ۴۱۹، لسان المیزان، ج ۲، ص ۴۶ (ج ۲، ص ۷۹ نمبر ۱۷۷۱) اسنی المطالب، ص ۶۳ (ص ۱۲۱ حدیث ۳۲۶)

۵۔ المستدرک علی الصحیحین (تلخیص اس کے حاشیہ پر چھپی ہے) ج ۳، ص ۷۸ (ج ۳، ص ۸۳ (ج ۳، ص حدیث ۴۴۶۳)

۶۔ میزان الاعتدال، (ج ۳، ص ۵۳۴ نمبر ۷۴۷۰)

میں ختلی کو پکا جھوٹا کہا گیا ہے کیونکہ اس نے تجلی برائے ابوبکر کی روایت کی ہے۔ ابن مندہ اسے غلط روایت گڑھنے والا کہتے تھے۔(۱)

۱۱۔ ابوہریرہ سے بطور مرفوع: شب معراج میں جس آسمان سے گذرا اس میں لکھا تھا: محمدؐ رسول اور ابوبکر ان کے جانشین ہیں۔ یہ حدیث عبداللہ بن ابراہیم غفاری کی بنائی ہوئی ہے جسے ذہبی، سیوطی اور ابن حجر نے حدیث ساز کہا ہے۔(۲)

۱۲۔ انس سے بطور مرفوع: خداوند عالم ہر شب جمعہ ایک لاکھ لوگوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے لیکن میری امت کے دو قسم کے آدمیوں کو نہیں آزاد کرتا بلکہ انھیں بت پرستوں کے ساتھ جکڑ رکھا ہے، وہ ہیں ابوبکر وعمر کے دشمن، وہ اس امت کے یہودی ہیں۔ پھر فرمایا: سمجھ لو! خدا کی لعنت ابوبکر وعمر وعثمان وعلیؑ کے دشمنوں پر

یہ حدیث مسرہ بن عبداللہ نے بنائی ہے۔ خطیب اور ذہبی نے اس کی نشاندہی کی ہے۔(۳)

۱۳۔ انس سے مروی ہے: رسول خداؐ نے ابوبکر وعمر کو ایک دوسرے کے برابر کھڑا کر کے کہا: تم دونوں دنیا وآخرت میں میرے وزیر ہو، میں اور تم دونوں جنت میں اڑنے والے پرندہ کی طرح ہیں، میں اس کا سینہ ہوں اور تم اس کے بال و پر۔ ہم تم جنت میں پرواز کریں گے، زیارت خدا کریں گے بہشت میں بزم منعقد کریں گے۔ پوچھا گیا: کیا بہشت میں بزم بھی سجے گی؟ فرمایا: ہاں، بزم سجے گی، سرگرمیاں ہوں گی۔ پوچھا گیا: بہشت کی سرگرمی کیا ہوگی؟ فرمایا: کبریت احمر کا آشیانہ، اس کا فرش مرطوب موتیوں کا، طیبہ کی ہوا لہکے گی تو اس آشیانہ میں صدا ابھرے گی۔ ایسی خوبصورت صدا کہ بہشتی، دنیا وآخرت فراموش کر جائیں گے

یہ حدیث زکریا بن درید نے گڑھی ہے۔(۴) ذہبی کہتے ہیں اس کی روایت صحیح نہیں ہے کیونکہ زکریا اور احمد بن موسیٰ جعلی حدیثوں کا نسخہ رکھتے تھے۔(۵)

---

۱۔ الموضوعات (ج۱، ص۳۰۴)

۲۔ میزان الاعتدال، (ج۳، ص۶۰۹ نمبر ۷۸۰۹) لسان المیزان، ج۵، ص۲۳۵ (ج۵، ص۲۶۵ نمبر ۷۶۰۲) اللآلی المصنوعۃ، (ج۱، ص۲۹۶ (تہذیب التہذیب، ج۵، ص۱۳۸ (ج۵، ص۱۲۱)

۳۔ تاریخ بغداد، ج۳، ص۲۷۲، میزان الاعتدال، ج۳، ص۱۶۲ (ج۴، ص۹۶ نمبر ۸۴۵۷)

۴۔ کتاب المجروحین (ج۱، ص۳۱۴)

۵۔ میزان الاعتدال، ج۱، ص۳۴۸ (ج۲، ص۲۷ نمبر ۲۸۷۴)

۱۴۔انس سے بطور مرفوع: خدا کی شمشیر نیام میں ہے جب تک عثمان زندہ ہیں، جب وہ قتل ہوں گے تو وہ شمشیر نیام سے باہر آ جائے گی پھر قیامت تک نیام میں نہ جائے گی۔

ابن عدی کہتے ہیں کہ یہ جعلی حدیث عمرو بن قائد اور اس کے استاد موسیٰ بن سیار کی آفت ہے اور دونوں ہی کذاب ہیں۔(۱)

۱۵۔انس سے بطور مرفوع: جبرئیل مجھ پر نازل ہوئے، ان کے ہاتھ میں طلائے ناب کا قلم تھا، کہا: خدا نے آپ کو سلام کہا ہے اور کہا ہے کہ اس قلم کو بالائے عرش سے معاویہ کے لئے بھیج رہا ہوں، آپ اسے دیدیجئے اور حکم دیجئے کہ اپنے ہاتھوں سے آیۃ الکرسی لکھ دیں تا کہ قیامت تک آیۃ الکرسی پڑھنے والوں کا ثواب معاویہ کے نامۂ اعمال میں لکھتا رہوں۔ رسول خداؐ نے فرمایا: کون ہے جو ابوعبدالرحمٰن کو بلا لائے؟ ابوبکر گئے اور معاویہ کو اپنے ساتھ لائے۔ رسولؐ نے انھیں قلم دیتے ہوئے کہا: یہ خدا نے تحفہ بھیجا ہے تم اس سے آیۃ الکرسی لکھ دو۔ معاویہ دوزانو ہو کر شکر خدا بجالائے اور آیۃ الکرسی لکھ کر حاضر کیا۔ رسولؐ نے فرمایا: اے معاویہ! خدا نے آیۃ الکرسی پڑھنے والوں کا ثواب تمہارے نامۂ اعمال میں لکھنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔

اس حدیث کو یا حسین بن یحییٰ ختانی نے یا احمد بن عبداللہ ایلی نے گڑھا ہے۔ سبھی نے اس حدیث کو موضوع اور باطل کہا ہے۔ ذہبی، ابن حجر اور نقاش نے دونوں کو کذاب اور جعل ساز کہا ہے۔(۲)

۱۶۔ جابر سے روایت ہے کہ رسول خداؐ نے جبرئیل سے معاویہ کو کاتب بنانے کے سلسلے میں مشورہ کیا، جبرئیل نے کہا کہ انھیں کاتب بنایئے کیونکہ وہ امین ہیں۔

ابن عساکر نے سری بن عاصم ہمدانی، حسن بن زیاد اور قاسم بن بہرام سے یہ روایت لی ہے۔(۳)

---

۱۔الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج ۵، ص ۱۴۸ (نمبر ۱۳۱۲) اللآلی المصنوعۃ، ج ۱، ص ۱۶۴ (ج ۱، ص ۳۱۶) میزان الاعتدال، ج ۲، ص ۲۹۹ (ج ۳، ص ۲۸۳ نمبر ۶۴۲۱)

۲۔ میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۲۵۲، ۲۶۷ (ج ۱، ص ۱۱۱ نمبر ۴۳۶، ص ۵۵۰ نمبر ۲۰۶۵) لسان المیزان، (ج ۱، ص ۲۱۵ نمبر ۶۳۶) ج ۱، ص ۲۸۵ (ج ۱، ص ۳۱۱ نمبر ۸۴۷) اللآلی المصنوعۃ، ج ۱، ص ۲۱۶ (ج ۱، ص ۴۱۵)

۳۔مختصر تاریخ دمشق (ج ۲۴، ص ۴۰۳)

تینوں کذاب تھے۔ ابن کثیر نے بدایہ میں اس حدیث کو ضعیف کہا ہے۔(۱) ذہبی نے اس روایت کو اصرم بن حوشب کذاب سے لیا ہے۔(۲)

۱۷۔ عبادہ بن صامت سے روایت ہے کہ خدا نے پیغمبرؐ پر وحی کی کہ معاویہ کو کاتب بنا لیجئے وہ امین ہیں۔

اس کے سلسلۂ سند میں محمد بن معاویہ کذاب اور اس کا استاد مجہول ہے۔ اس حدیث کے تمام طرق باطل ہیں۔(۳) ذہبی کہتے ہیں کہ شاید محمد بن زہیر سلمی کذاب نے یہ حدیث وضع کی ہے۔(۴)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں: عبادہ سے یہ حدیث کیونکر صحیح ہوسکتی ہے۔ انھوں نے معاویہ کے خلاف شامیوں کو بغاوت پر اکسایا تھا۔ معاویہ نے عثمان کو شکایت لکھ بھیجی، انھیں مدینہ بلایا گیا۔ عثمان نے وجہ پوچھی تو فرمایا: میں نے ابو القاسم رسول خداؐ سے حدیث سنی ہے کہ میرے بعد ایسے حکمران ہوں گے جو معروف کو منکر اور منکر کو معروف بنا دیں گے۔ خدا کی قسم! معاویہ انھیں میں ہے۔ عثمان چپ ہو گئے۔(۵)

۱۸۔ ابو ہریرہ سے بطور مرفوع: خدا کے نزدیک امین تین ہیں: میں (رسول خداؐ) جبرئیل اور معاویہ۔

خطیب، نسائی اور ابن حبان اس حدیث کو جعلی کہتے تھے۔(۶) ابن عدی کہتے ہیں کہ یہ حدیث ہر حیثیت سے باطل ہے۔(۷) حاکم اور ذہبی وغیرہ نے اس کی تضعیف کی ہے۔(۸)

۱۹۔ زیاد بن معاویہ (ذریت یزید) کی روایت ہے کہ بنی ہاشم کے دس افراد خدمت رسولؐ میں

---

۱۔ البدایۃ والنہایۃ، ج۵، ص۳۵۴ (ج۵، ص۳۷۶)

۲۔ میزان الاعتدال، ج۳، ص۹۵ (ج۳، ص۶۳۰ نمبر ۷۸۸۷) ۳۔ اللآلی المصنوعۃ، ج۱، ص۲۱۸ (ج۱، ص۴۲۰)

۴۔ میزان الاعتدال، (ج۱، ص۱۱۶ نمبر ۴۵۱) ج۳، ص۵۹ (ج۳، ص۵۵۱ نمبر ۷۵۴۰)

۵۔ تاریخ ابن عساکر، ج۷، ص۳۱۱، ۳۱۲ (ج۲۶، ص۱۹۸، ۱۹۷، نمبر ۳۰۷۱)

۶۔ تاریخ بغداد، ج۱۲، ص۸، کتاب المجروحین (ج۱، ص۱۴۶) ۷۔ الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۱، ص۱۹۲ نمبر ۳۱)

۸۔ اللآلی المصنوعۃ، ج۱، ص۲۱۷ (ج۱، ص۴۱۷) میزان الاعتدال، ج۱، ص۲۳۳ (ج۳، ص۱۴۲ نمبر ۵۸۷۷ ج۱، ص۵۰۲ نمبر ۱۸۸۵) البدایۃ والنہایۃ، ج۸، ص۱۲۰ (ج۸، ص۱۲۸) لسان المیزان، ج۲، ص۲۲۰ (ج۲، ص۲۷۴ نمبر ۲۴۹۱) الموضوعات (ج۲، ص۱۷)

آئے اور کہا: خدا نے آپ کو ہر عظمت عطا کی ہے اور معاویہ آپ کا کاتب ہے، حالانکہ بنی ہاشم میں اس سے بہتر اور موزوں افراد موجود ہیں۔ رسول خداؐ نے فرمایا: ہاں ٹھیک ہے۔ دوسرے شخص کے انتخاب کی وجہ سے رسول خداؐ پر چالیس روز تک وحی نازل نہیں ہوئی۔ چالیس روز کے بعد جبرئیل ایک صحیفے کے ساتھ نازل ہوئے جس میں لکھا تھا: اے محمدؐ! تمہیں حق نہیں ہے کہ جسے خدا نے وحی لکھنے کے لئے معین کیا ہے اسے بدل دو، معاویہ کو کاتب رہنے دو کیونکہ وہ امین ہے۔ اس کے بعد رسولؐ نے معاویہ کو کبھی نہیں بدلا۔

ابن عساکر لکھتے ہیں کہ اس روایت میں سبھی افراد مجہول وگمنام ہیں، ابن حجر کہتے ہیں کہ مسلمہ طور سے یہ حدیث باطل ہے، (۱) قسم خدا کی! یہ حدیث لا مذہب نے گڑھی ہے۔

**۲۰**۔ یزید بن محمد مروزی سے مروی ہے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا: ایک دن میں رسول خداؐ کے برابر بیٹھا ہوا تھا اتنے میں معاویہ آئے۔ رسول خداؐ نے میرے ہاتھ سے قلم لے کر معاویہ کو تھما دیا۔ میرے دل میں اس سے ذرا بھی کدورت پیدا نہیں ہوئی کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ خدا نے اپنے رسولؐ کو حکم دیا ہے۔

ابن حجر اس حدیث کو مسرہ بن عبداللہ کی گڑھی ہوئی بتاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کا متن باطل اور سند جھوٹی ہے۔ (۲) خطیب بغدادی بھی اسے جعلی اور جھوٹ کہتے ہیں۔ (۳)

**۲۱**۔ انس سے بطور مرفوع: امین سات ہیں: لوح، قلم، اسرافیل، میکائیل، جبرئیل، محمد اور معاویہ۔

ذہبی نے میزان میں اسے داؤد بن عفان کی جعلی حدیث بتایا ہے۔ (۴) ابن کثیر نے اس حدیث کو ابن عباس سے نقل کر کے کہا ہے کہ بدترین اور ضعیف حدیث ہے۔ (۵)

**علامہ امینیؒ**: حدیث سازوں کو شرم بھی نہیں آئی۔ معاویہ جیسے بدمعاش اور خائن کو کیسے امین لوگوں کی صف میں کھڑا کر دیا ہے۔

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر، (ج ۳۴، ص ۳۰۴ نمبر ۳۷۸۷) لسان المیزان، ج ۳، ص ۴۱۱ (ج ۳، ص ۵۰۱ نمبر ۴۹۸۴)

۲۔ لسان المیزان، ج ۶، ص ۲۰ (ج ۶، ص ۲۴ نمبر ۸۳۱۴)

۳۔ تاریخ بغداد، ج ۱۳، ص ۲۷۲.

۴۔ میزان الاعتدال، ج ۱، ص ۳۲۱ (ج ۲، ص ۱۲ نمبر ۲۶۳۲)

۵۔ البدایۃ والنہایۃ، ج ۸، ص ۱۲۰ (ج ۸، ص ۱۲۹)

۲۲۔ واثلہ سے بطور مرفوع: رسولؐ نے فرمایا: خدا نے مجھے، جبرئیل اور معاویہ کو اپنی وحی کا امین قرار دیا اور قریب تھا کہ معاویہ کو کثرت علم و امانت کی وجہ سے رسول بنا دیتا۔ خدا معاویہ کے گناہ بخش دے، اس کا حساب چکتا کر دے، اپنی کتاب کا اسے علم دیا، اسے ہادی و مہدی و وسیلۂ ہدایت قرار دیا۔

ابن عساکر اور حاکم نے اس حدیث پر تنقید کی ہے کہ احمد بن عمر دمشقی مہمل حدیثیں بیان کرتا تھا(۱)

**علامہ امینی فرماتے ہیں:** میرے خیال میں یہ ضمیر فروش راوی چاہتے ہیں کہ اس طریقے سے وہ بجائے اس کے کہ معاویہ کا مقام بلند کریں، مقام نبوت کو پست کر دیں۔ کیونکہ مقام و مرتبۂ نبوت بہت بلند ہے اور اس ذلیل کا درجہ مقام خلافت سے بھی کہیں پست ہے، لہٰذا عظمت نبوت گھٹائے بغیر ان کا مقصد پورا نہیں ہوگا۔

اب آیئے معاویہ کے مریدوں سے پوچھیں: وہ معاویہ کو یہ عظمت کس بنیاد پر دینا چاہتے ہیں؟ کیا اس لئے کہ وہ شجرۂ ملعونہ کی فرد ہیں؟ یا اس لئے کہ وہ مولفۃ القلوب میں تھا؟ یا اس لئے کہ امام مفترض الطاعۃ سے جنگ کی اور انھیں قتل کیا، امیر المومنین پر لعنت کی رسم جاری کی، اہل بیتؑ کے خلاف غلط باتیں منسوب کیں، جھوٹی روایات گڑھیں، بنی امیہ کی مدح میں حدیثوں کے انبار لگائے، زیاد کو اپنا بھائی بنایا، جب کہ حدیث رسولؐ ہے "الولد للفراش..." اپنے ذلیل، کمینے اور شراب خوار بیٹے یزید کو دھونس، دھکار اور دھمکی سے خلیفہ بنایا۔ یہاں تک کہ کے اس کی بدکرداریوں نے اس کا گریباں تھام کر جہنم تک پہونچا دیا؟؟؟

معاویہ کہاں اور علم قرآن کہاں؟ اسے تو ایک آیت کا بھی علم نہیں تھا، اگر تھا تو اس پر عمل نہیں کیا مثلاً آیۃ ﴿أَطِيعُوا اللهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُوْلِي الْأَمْرِ مِنْكُمْ﴾ کیا حضرت علیؑ اولی الامر نہیں تھے؟ چاہے اولی الامر کی شیعی طرز پر تفسیر کی جائے یا سنی طرز پر۔

آیت ہے کہ جان بوجھ کر مومن کا قتل جہنم کا سزاوار ہے۔ کیا اس نے منتخب روزگار مومنوں کو قتل نہیں کیا، مومنوں کو اذیت نہیں دی؟

---

۱۔ تاریخ ابن عساکر، ج ۷، ص ۳۲۲ (ج ۲۷، ص ۲۳۵ نمبر ۳۲۱۴) اللآلی المصنوعۃ، (ج ۱، ص ۴۱۷)

کیا وہ امین قرآن ہوسکتا ہے جس نے ایک آیت پر بھی عمل نہیں کیا؟ حدود خدا وندی کو پیروں تلے روندڈالا؟ کیا اس کا وفورعلم مقام نبوت تک پہونچا سکتا ہے جب کہ وہ آل رسولؐ کا دشمن ہے، مومنوں کا قاتل ہے، انھیں سولی دی جلا وطن کیا، جائیدادیں ضبط کیں؟ وہ کس حیثیت سے تین میں کا ایک یا سات میں میں کا ایک امین ہوگیا؟ کیا مخالفت کی وجہ سے امین ہوگیا یا سنت کو ملیا میٹ کرنے کی وجہ سے امین ہو گیا؟ یا اس لئے کہ مومنوں کا خون بہایا؟ یا اس لئے کہ احکام اسلامی کو پامال کیا یا بدل دیا یا منبر سے اولیاء خدا پرلعنت کی رسم جاری کی؟ کیا انھیں وجہوں سے ضمیر فروش مرید چاہتے ہیں کہ معاویہ پیغمبر ہو جائے؟ آفریں ہے اس ذلیل شخص پر جو پاپ کا بوجھ کاندھے پر اٹھائے مقام نبوت سے سرفراز ہوگیا۔ کاش! یہ بنی امیہ کے چمچے حدیث برنج سے آگے نہ بڑھتے۔ لیکن حیرت ہوتی ہے ان حفاظ کرام پر جو اس قسم کی حدیثوں پرصرف سند کوضعیف ومہمل کہہ کے آگے بڑھ جاتے ہیں۔

۲۳۔ ابن عباس سے بطور مرفوع: جبرئیل مجھ پر نازل ہوئے، ان کے پاس ایک کپڑا تھا جس میں جابجا سوراخ تھے۔ میں نے پوچھا: یہ بوسیدہ کپڑا مجھ پر کیوں نازل ہوا ہے؟ کہا کہ خدا نے آسمان پر فرشتوں کوحکم دیا ہے کہ ان سوراخوں سے نکلیں اور آئیں کیونکہ زمین پر ابوبکر اسی طرح کے سوراخوں سے نکلتے ہیں۔

خطیب نے محمد بن عبداللہ اشنانی سے روایت کی ہے کہ جو کذاب اور حدیث ساز تھا۔(۱) کتابوں میں صحیح حدیث دیکھ کر ویسی ہی مصیبت نازل کر دیتا تھا۔

۲۴۔ عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: خدا نے مجھے چار کی محبت کا حکم دیا ہے: ابوبکر، عمر، عثمان اور علیؑ۔

یہ مصیبت سلیمان بن عیسیٰ سجزی کذاب کی نازل کی ہوئی ہے۔(۲)

۲۵۔ ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ ہر نبی کا دوست ہوتا ہے اور میرے دوست عثمان ہیں۔

یہ حدیث اسحاق بن نجیح ملطی کی گڑھی ہوئی ہے۔ ذہبی کہتے ہیں کہ یہ حدیث باطل ہے کیوں کہ

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج ۵، ص ۴۴۲.

۲۔ میزان الاعتدال، (ج ۲، ص ۲۱۸ نمبر ۳۴۹۶) لسان المیزان، ج ۲، ص ۹۹ (ج ۳، ص ۱۱۸ نمبر ۳۹۱۹)

ایک دوسری حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ اگر میں اس امت میں کسی کو دوست بناتا تو وہ ابوبکر ہوتے۔(۱)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں: ذہبی نے اس حدیث کے باطل ہونے کی جو دلیل دی ہے وہ بھی گڑھی ہوئی ہے چنانچہ شرح ابن ابی الحدید میں اس حدیث کو موضوع کہا گیا ہے۔(۲)

۲۶۔جب ہارون رشید مدینہ آیا تو اس نے سیاہ قبا و کمر بند پہن کر منبر رسولؐ کے سامنے جانا گستاخی خیال کیا۔

ابوالبختری نے کہا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جبرئیل رسول خداؐ پر نازل ہوئے حالانکہ کہ وہ قبا پہنے ہوئے اور کمر بند میں خنجر لگائے ہوئے تھے۔

یہ حدیث وہب بن وہب ابوالبختری کی گڑھی ہوئی ہے۔اس کذاب کے متعلق معافی تمیمی نے سات شعروں میں کہا ہے کہ جب لوگ حشر میں اٹھائے جائیں گے تو ابوالبختری صادق آل محمدؐ کی تکذیب لئے محشور ہوگا۔خدا اسے قتل کرے،کبھی علم فقہ حاصل نہیں کیا اور جھوٹی حدیثیں گڑھتا ہے کہ جبرئیل رسول اکرمؐ پر قبا و کمر بند میں خنجر لگائے آئے تھے۔(۳)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں: جسے خدا، رسولؐ اور جبرئیل کا احترام ملحوظ ہو وہ ایسی توہین آمیز باتیں نہیں کہہ سکتا۔

۲۷۔ابن عباس سے بطور مرفوع:

زمین پر جو بھی شیطان ہے وہ عمر سے علیحدہ رہتا ہے اور آسمان پر جو بھی ملک ہے وہ عمر کی توقیر کرتا ہے۔

موسیٰ بن عبدالرحمٰن کی گڑھی ہوئی حدیث ہے، وہ دجال اور حدیث ساز تھا۔ابن یونس، امام نسائی

---

۱۔میزان الاعتدال،(ج۱،ص۲۰۱نمبر ۷۹۵)

۲۔شرح ابن ابی الحدید، ج۳،ص۱۷(ج۱۱،ص۴۹ خطبہ ۲۰۳)

۳۔تاریخ بغداد، ج۱۳،ص۴۵۲.

ابن عدی اور سیوطی نے اس کو ضعیف اور باطل کہا ہے۔(۱)

۲۸۔معاذ بن جبل سے بطور مرفوع: خداوند عالم آسمان پر اس بات کو ناپسند کرتا ہے کہ زمین پر ابوبکر قدم اٹھائیں۔حارث نے اس کو محمد بن سعید کذاب سے نقل کر کے کہا ہے کہ یہ حدیث بناوٹی ہے۔نسائی اسے مورد اعتماد نہیں سمجھتے۔مسلم کہتے ہیں کہ حدیث بھول جاتا تھا۔ایک دوسرا راوی بکر بن حسین ہے جس کے متعلق دارقطنی کہتے ہیں کہ متروک الحدیث ہے۔(۲) اس نے محمد بن سعید مصلوب سے حدیث لی ہے جو جھوٹا اور حدیث ساز تھا۔(۳)

۲۹۔زید بن ثابت سے مروی ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: قیامت میں سب سے پہلے عمر کے ہاتھ میں نامہ اعمال دیا جائے گا۔ان کا نامہ اعمال سورج کی طرح درخشاں ہوگا۔پوچھا گیا: حضرت ابوبکر کہاں ہیں؟ فرمایا: فرشتوں نے انھیں بہشت میں بدلہ دیا ہوگا۔خطیب نے اسے بطریق عمر بن ابراہیم کردی کذاب روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ جھوٹ میں مشہور تھا۔(۴) سیوطی نے حدیث کو جعلی اور وضعی بتایا ہے۔(۵)

۳۰۔بلال بن رباح بطور مرفوع: رسولؐ نے فرمایا: اگر میں تمہارے درمیان مبعوث نہ ہوتا تو عمر مبعوث ہوتے۔ابن عدی نے دو طریقوں سے روایت کر کے کہا ہے کہ اس میں زکریا کذاب ہے اور ابن واقد متروک الحدیث ہے۔(۶)

---

۱۔میزان الاعتدال، (ج ۲،ص ۶۴۲ نمبر ۵۰۵۱، ج ۴،ص ۲۱۲ نمبر ۸۸۹۱) الکامل فی ضعفا الرجال، (ج ۶،ص ۳۴۹ نمبر ۱۸۳۱) الجامع الصغیر (ج ۲،ص ۵۰۲ حدیث ۷۹۵۴)

۲۔الضعفا وَالمتروکین (ص ۱۶۰ نمبر ۱۲۸)

۳۔اللآلی المصنوعۃ، ج ۱،ص ۱۵۵ (ج ۱،ص ۳۰۰)

۴۔تاریخ بغداد، (ج ۱۱،ص ۲۰۲ نمبر ۵۹۰۵)

۵۔اللآلی المصنوعۃ، ج ۱،ص ۱۵۶ (ج ۱،ص ۳۰۲)

۶۔الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج ۳،ص ۲۱۶ نمبر ۱۳۱۷، ج ۴،ص ۱۹۴ نمبر ۱۰۰۵) اللآلی المصنوعۃ، (ج ۱،ص ۳۲۰) الموضوعات (ج ۱،ص ۳۲۰) التاریخ (ج ۴،ص ۹۱ نمبر ۳۳۰۱) نسائی کی کتاب الضعفاء والمتروکین (ص ۵۰ نمبر ۳۵۴)

۳۱۔ ابو ہریرہ سے بطور مرفوع: جنت وجہنم نے باہم مفاخرت کی۔ جہنم نے کہا: مجھ میں فرعون، ہامان اور بادشاہ ہیں۔ خدا نے جنت سے کہا: تو کہہ دے کہ افضل میں ہوں کیونکہ خدا نے ابوبکر وعمر کے وسیلے سے مجھ زینت دی ہے۔ یہ حدیث مہدی بن ہلال کی گڑھی ہوئی ہے۔(۱)

۳۲۔ ابو ہریرہ سے مروی ہے: رسول خداؐ حضرت علیؑ کا سہارا لئے گھر سے نکلے۔ ابوبکر وعمر نے استقبال کیا۔ رسول خداؐ نے علیؑ سے فرمایا: کیا تم ان دونوں بزرگوں کو دوست رکھتے ہو؟ عرض کی: جی ہاں، اے خدا کے رسولؐ! فرمایا: ہاں دوست رکھو تا کہ جنت میں جاؤ۔

یہ حدیث محمد بن عبداللہ اشنانی کی بنائی ہوئی ہے۔ سیوطی وخطیب وذہبی نے اس کو باطل کہا ہے۔(۲)

۳۳۔ ابی ابن کعب سے بطور مرفوع: جبرئیل نے کہا کہ اگر تمہارے ساتھ عمر نوحؑ کی مقدار میں بیٹھ کر فضائل عمر بیان کروں تب بھی تمام نہیں کرسکتا۔ ذہبی نے حبیب بن ثابت کے ذکر میں کہا ہے کہ یہ حدیث باطل ہے۔ ابن جوزی نے اسے الموضوعات میں درج کیا ہے۔ ابن حجر اور دارقطنی نے بھی اس کو غلط اور موضوع کہا ہے۔(۳)

۳۴۔ عبداللہ سے بطور مرفوع: ابوبکر تاج اسلام، عمر حلۂ اسلام، عثمان اکلیل اسلام اور علیؑ طبیب اسلام ہیں۔ ذہبی نے المیزان میں اس حدیث کو جھوٹی کہا ہے۔(۴)

۳۵۔ عبداللہ سے بطور مرفوع: ہر نبی کے خواص ہوتے ہیں، میرے خواص عمر وابوبکر ہیں۔ ذہبی کہتے ہیں کہ یہ حدیث باطل ہے۔(۵)

---

۱۔ اللآلی المصنوعۃ، ج۱،ص ۱۵۸ (ج۱،ص ۳۰۵)

۲۔ اللآلی المصنوعۃ، (ج۱،ص ۳۰۵) تاریخ بغداد، ج۱،ص ۲۴۶، ج۵،ص ۴۴۰ (نمبر ۲۹۶۳) میزان الاعتدال، ج۱،ص ۲۴۳ (ج۱،ص ۵۲۴ نمبر ۱۹۵۴) ابن جوزی کی الموضوعات (ج۱،ص ۳۲۳)

۳۔ الموضوعات، (ج۱،ص ۳۲۱) میزان الاعتدال، (ج۱،ص ۴۵۱ نمبر ۱۶۹۱) لسان المیزان، ج۲،ص ۱۶۸ (ج۲،ص ۲۱۳ نمبر ۲۳۷۰) ج۲،ص ۱۸۹ (ج۲،ص ۲۳۸ نمبر ۲۳۸۱)

۴۔ میزان الاعتدال، ج۱،ص ۳۱۰ (ج۱،ص ۶۶۱ نمبر ۲۵۴۵)

۵۔ میزان الاعتدال، (ج۲،ص ۵۰۷ نمبر ۴۶۲۳) لسان المیزان، ج۳،ص ۳۶۵ (ج۳،ص ۴۴۸ نمبر ۴۸۲۷)

۳۶۔عبداللہ سے بطور مرفوع: رسول خداؐ نے فرمایا: ابھی تمہارے درمیان جنتی شخص وارد ہوگا۔ تھوڑی دیر میں معاویہ آئے رسول خداؐ نے فرمایا: اے معاویہ! تو مجھ سے ہے میں تجھ سے ہوں، ہم اور تم جنت کے دروازے میں ایک ساتھ یوں داخل ہوں گے اور پھر دو انگلیوں کو جوڑ کر اشارہ کیا۔

ذہبی نے حسن بن شبیب اور عبداللہ بن یحییٰ مودب سے لیا ہے اور کہا ہے کہ حسن معتبر لوگوں کے نام سے حدیث گڑھتا تھا اور یحییٰ کے حال میں لکھا ہے کہ اس کی حدیث باطل ہے معلوم نہیں یہ کون شخص ہے۔(۱)

۳۷۔حضرت علیؑ سے مروی ہے۔ رسول خداؐ نے فرمایا: میری امت میں سب سے پہلے داخل بہشت ہونے والے عمر وابوبکر ہیں۔ حالانکہ ابھی میں اور معاویہ حساب کے لئے کھڑے ہی ہوں گے۔

یہ حدیث اصبغ شیبانی کی ہے جو واہی حدیثیں گڑھتا تھا۔ ذہبی کہتے ہیں کہ اسے موضوعات میں درج ہونا چاہئے۔(۲)

۳۸۔ابن عباس سے بطور مرفوع: آخری زمانے میں میری امت کے بعض افراد رافضی ہوں گے جو اپنے کو اہل بیت کا دوست کہیں گے حالانکہ وہ جھوٹے ہوں گے کیونکہ وہ ابوبکر وعمر کی برائی کریں گے جہاں بھی انھیں پاؤ قتل کر دو کیونکہ وہ مشرک ہیں۔

ابن عدی نے اسے نامناسب اور غلط حدیث میں شمار کیا ہے، یہ حدیث غلط ہے۔(۳)

۳۹۔جب بھی رسول خداؐ بوئے جنت کے مشتاق ہوتے تو ابوبکر کی داڑھی کا بوسہ لیتے۔

فیروزآبادی اور عجلونی نے اس کو موضوع، افتراپردازی اور غلط کہا ہے۔(۴)

---

۱۔میزان الاعتدال، ج (ج۱،ص ۴۹۵نمبر ۱۸۶۴) ج۲،ص ۱۳۳(ج۲،ص۵۲۴نمبر ۴۶۸۴) لسان المیزان، ج۳،ص ۳۷۶ (ج۳،ص۴۶۰نمبر ۴۸۶۶)

۲۔میزان الاعتدال، (ج۱،ص ۲۷۱نمبر ۱۰۱۵) الضعفاء الکبیر (ج۱،ص ۱۳۰نمبر ۱۶۲) لسان المیزان، ج۱،ص ۴۶۰ (ج۱،ص ۵۱۴نمبر ۱۴۲۷)

۳۔الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۵،ص۱۵۳نمبر ۱۳۱۷) لسان المیزان، ج۴،ص۳۷۵۴ (ج۴،ص۴۴۳نمبر ۶۳۲۱)

۴۔سفر السعادۃ (ج۲،ص۲۱۱) کشف الخفاء ج۲،ص۴۱۹.

۴۰۔ابی بن کعب سے بطور مرفوع: قیامت میں سب سے پہلے حق سے معانقہ کرنے والے عمر ہیں، سب سے پہلے وہی مصافحہ بھی کریں گے۔سب سے پہلے عمر ہی کو ہاتھ پکڑ کے جنت میں لے جایا جائے گا۔(مستدرک حاکم) تلخیص، ذہبی میں اس حدیث کو گڑھی ہوئی بتایا ہے۔شاید فضل بن جبیر وراق کی وجہ سے کہا گیا ہو۔(۱)

۴۱۔ابراہیم بن حجاج بن منبہ سہمی اپنے باپ دادا سے روایت کرتے ہیں: رسول خداؐ نے فرمایا: جسے بھی ابوبکر وعمر کی برائی کرتے دیکھو وہ دراصل اسلام کی برائی کر رہا ہے۔

ذہبی نے میزان میں اس کو غلط اور جعلی بتایا ہے۔ابراہیم گمنام ومجہول ہے۔حجاج بن منبہ کا پورا خاندان حدیث سازی میں ماہر تھا۔

۴۲۔انس سے بطور مرفوع: میں نے ابوبکر وعمر کو مقدم نہیں کیا ہے خدا نے مقدم کر کے احسان فرمایا ہے اس لئے ان کی پیروی کرو پس جو شخص ان کی برائی کرے وہ دراصل میری اور اسلام کی برائی کر رہا ہے حسن بن ابراہیم فقیمی سے اخراج کر کے ذہبی کہتے ہیں کہ یہ حدیث باطل ہے میں اسے نہیں جانتا۔(۲)

۴۳۔ابو ہریرہ سے بطور مرفوع: خدا نے مجھے اپنے نور سے خلق کیا، ابوبکر کو میرے نور سے اور عمر کو نور ابوبکر سے، عثمان نور عمر سے اور عمر بہشت کے چراغ ہیں۔

ذہبی نے یہ روایت احمد بن یوسف منبجی سے لی ہے اور کہا ہے کہ یہ روایت باطل ہے۔(۳) ابونعیم کہتے ہیں کہ یہ خبر باطل اور مخالف قرآن ہے۔(۴)

۴۴۔عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: جبرئیل رسول خداؐ پر نازل ہوئے اور عرض کی: پروردگار عرش فرماتا ہے کہ جب میں نے انبیاء سے میثاق لیا تو تمہیں ان کا آقا قرار دیا۔ابوبکر وعمر کو تمہارا وزیر قرار دیا، مجھے میری عزت کی قسم! اگر تم چاہو کہ آسمانوں اور زمینوں کو زائل کردوں تو کردوں گا۔

---

۱۔المستدرک ج۳،ص۸۴(ج۳،ص۹۰ حدیث ۴۴۸۹ تلخیص کا بھی یہی صفحہ ہے) الضعفاء الکبیر(ج۳،ص۴۴۴ نمبر ۱۴۹۲)
۲۔لسان المیزان، (ج۲،ص۳۴۱ نمبر ۲۳۹۴)
۳۔میزان الاعتدال، (ج۱،ص۱۶۶ نمبر ۶۶۹)
۴۔لسان المیزان، ج۱،ص۳۲۸ (ج۱،ص۳۶۱ نمبر ۱۰۰۶)

ذہبی وابن سمعانی اس خبر کو باطل کہتے ہیں۔ موسیٰ بن عیسیٰ کذاب تھا۔(۱)

۴۵۔ ابن عباس سے بطور مرفوع: خدا نے مجھ پر وحی کی کہ اپنی بیٹی کا نکاح عثمان سے کردوں۔(۲)

۴۶۔ معاذ سے بطور مرفوع: قیامت میں میرے اور ابراہیم کے لئے منبر نصب ہوگا۔ ابوبکر کے لئے کرسی رکھی جائے گی جس پر وہ بیٹھیں گے اور آواز دی جائے گی: کیا کہنا صدیق کا جو خلیل وحبیب کے پہلو میں ہے۔

ذہبی اسے غلط اور باطل قرار دیتے ہیں۔ کیونکہ اس کا راوی محمد بن احمد حلیمی ہے۔(۳)

۴۷۔ بطور مرفوع: اگر میں مبعوث نہ ہوتا تو عمر مبعوث ہوتے۔

صغانی کہتے ہیں کہ یہ حدیث جعلی ہے۔(۴)

۴۸۔ بطور مرفوع: خدا نے جو کچھ میرے سینے میں اونڈیلا اسے ابوبکر کے سینے میں بھی اونڈیل دیا۔ اکثر محدثین نے اس کو بطور ارسال مسلم نقل کیا ہے۔ فیروز آبادی کہتے ہیں کہ مشہور ترین جعلی حدیث ہے۔

عقل سے اس کا باطل ہونا معلوم ہوتا ہے۔ عجلونی اور ملا علی قاری بھی اسے موضوعات ہی میں شمار کرتے ہیں۔(۵)

۴۹۔ بطور مرفوع: میں اور ابوبکر گھوڑ سواری کے دو گھوڑوں کی طرح ہیں۔

فیروز آبادی، عجلونی، ابن درویش حوت اور ملا علی قاری نے اس حدیث کو جعلی اور باطل کہا ہے۔(۶)

---

۱۔ میزان الاعتدال، (ج ۴، ص ۲۱۶ نمبر ۸۹۰۸)

۲۔ ابن عدی نے اس کو عمیر بن عمران حنفی کی گڑھی ہوئی حدیثوں میں بتایا ہے۔ الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج ۵، ص ۷۰ نمبر ۱۲۴۹) لسان المیزان، ج ۴، ص ۳۸۰ (ج ۴، ص ۴۳۹ نمبر ۶۳۴۵)

۳۔ میزان الاعتدال، (ج ۳، ص ۴۶۵ نمبر ۷۱۸۲) لسان ج ۵، ص ۵۹ (ج ۵، ص ۶۸ نمبر ۶۹۸۰)

۴۔ کشف الخفاج ۳، ص ۱۶۳.

۵۔ سفر السعادۃ (ج ۲، ص ۲۱۱) کشف الخفاج ۲، ص ۴۱۹، اسی المطالب، ص ۱۹۴ (ص ۳۹۱ حدیث ۱۲۶۲) الموضوعات الکبریٰ (ص ۱۰۶)

۶۔ سفر السعادۃ (ج ۲، ص ۲۱۱) کشف الخفاج ۲، ص ۴۱۹، اسنی المطالب، ص ۷۳ (ص ۱۳۸ حدیث ۳۹۳) الموضوعات الکبریٰ (ص ۱۰۶)

۵۰۔بطور مرفوع: خدا جب روحوں کو اختیار کر رہا تھا تو روح ابوبکر کو اختیار کیا۔
عقل واضح طور سے اس کے باطل ہونے کا فیصلہ کرتی ہے۔ فیروز آبادی،عجلونی اور ملا علی قاری نے اس حدیث کو باطل کہا ہے۔(۱)

۵۱۔عبداللہ بن عمرو عاص سے مروی ہے:عیسیٰؑ بن مریم آسمان سے اتریں گے،شادی کریں گے، ان کے بچے ہوں گے اور وہ ۴۵ سال زندہ رہیں گے پھر انھیں موت آئے گی اور دفن کئے جائیں گے۔ پھر میں،ابوبکر،عمر اور وہ محشور ہوں گے۔ذہبی نے اس کو جعلی اور بناوٹی کہا ہے۔(۲)

۵۲۔ابن عباس سے بطور مرفوع:عمر مجھ سے ہے اور میں عمر سے ہوں جہاں بھی حلول کروں۔جو اس کو دوست رکھتا ہے وہ مجھے دوست رکھتا ہے جو اسے دشمن رکھتا ہے وہ مجھے دشمن رکھتا ہے۔
ذہبی نے اس حدیث کو جھوٹ کہا ہے۔ابن درویش اس کو غیر صحیح کہتے ہیں۔(۳)

۵۳۔ابن عباس سے بطور مرفوع:ابوبکر کو مجھ سے وہی نسبت ہے جو ہارون کو موسیٰؑ سے تھی۔
یہ حدیث ابن حسن کلبی کی گڑھی ہوئی ہے۔ذہبی نے اسے جھوٹ کہا ہے۔(۴)

۵۴۔انس سے بطور مرفوع: جو شخص خدا کی طرف جھوٹی نسبت دے اسے توبہ کرانے کے بجائے قتل کیا جانا چاہئے۔جو مجھے گالیاں دے اس سے توبہ کے بجائے قتل کیا جانا چاہئے،جو ابوبکر کو گالیاں دے یا عمر کو گالیاں دے اسے بھی توبہ کے بجائے قتل کیا جانا چاہئے اور جو عثمان اور علیؑ کو گالیاں دے اسے تازیانہ سے سزا دینی چاہئے۔پوچھا گیا:اے خدا کے رسولؐ!ایسا کیوں؟فرمایا:اس لئے کہ مجھے اور ابوبکر وعمر کو خدا نے ایک مٹی سے پیدا کیا ہے اور ایک ساتھ دفن ہوں گے۔
ذہبی کہتے ہیں یہ حدیث جعلی ہے۔ابن عدی کہتے ہیں یہ حدیث یعقوب بن جہم حمصی کذاب نے

---

۱۔کشف الخفا(ج۲،ص۴۱۹)اسنی المطالب،ص۶۰(ص۱۱۸حدیث۳۱۳)الموضوعات الکبریٰ(ص۱۰۶)
۲۔میزان الاعتدال،ج۲،ص۱۰۵(ج۲،ص۵۶۳نمبر۴۸۶۶)
۳۔میزان الاعتدال،ج۲،ص۱۵۸(ج۲،ص۶۷۵نمبر۵۲۹۸،ج۳،ص۳۸۱نمبر۶۸۵۵)اسنی المطالب،ص۱۴۴(ص۲۹۵حدیث۹۲۳)
۴۔میزان الاعتدال،ج۲،ص۲۲۲(ج۳،ص۱۲۲نمبر۵۸۱۶)

بنائی ہے۔(۱)

۵۵۔انس سے منقول ہے: جب ابوبکر کا وقت وفات آیا تو حضرت علیؑ نے فرمایا کہ تمام لوگوں میں صرف چار افراد زیرک و مدبر ہیں: دو عورت دو مرد۔عورتوں میں صفرا بنت شعیب اور خدیجہ بن خویلد اور مردوں میں عزیز مصر اور ابوبکر۔ابوبکر صدیق نے وقت وفات مجھ سے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ خود ہی عمر کے حوالے اس خلافت کو کردوں۔ میں نے ان سے کہا: اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو میں آپ سے راضی نہ ہوں گا۔ابوبکر نے خوش ہو کر کہا: آپ نے مجھے خوش کردیا کیوں نہ میں بھی آپ کو خوش کردوں، میں نے رسول خداؐ سے سنا ہے کہ بلاشبہ پل صراط پر ایک گھاٹی ہے اس سے وہی گذرے گا جسے علیؑ اجازت دیں گے۔حضرت علیؑ نے کہا: میں بھی آپ کو خوش کردوں؟ رسول خداؐ نے مجھ سے فرمایا ہے کہ اے علیؑ! ان لوگوں کو گذرنے کی اجازت مت دینا جو ابوبکر عمر کو گالیاں دیں کیونکہ یہ جنت کے بوڑھوں کے سردار ہیں انبیاء کے بعد۔جب خلافت عمر کو مل گئی تو حضرت علیؑ نے مجھ سے فرمایا: اے انس! میں نے خدا کی طرف سے اجراء قلم کو دیکھا تو معلوم ہوا کہ میری رائے کے خلاف علم و ارادۂ خدا ہو چکا ہے۔اگر میں اس پر راضی نہ ہوتا تو مجھ پر اعتراض ہو جاتا کہ خدا کے معاملے میں راضی برضا نہیں۔رسولؐ نے فرمایا ہے کہ میں خاتم انبیاء ہوں اور علیؑ خاتم اوصیاء۔

خطیب نے اسے نقل کر کے کہا ہے کہ عمر بن واصل کی بنائی حدیث ہے یا اسے کسی اور نے بنایا ہے۔(۲)

۵۶۔ابن عباس سے بطور مرفوع: خدا نے مجھے چار وزیروں سے تقویت دی۔ہم نے پوچھا: وہ چار کون ہیں؟ فرمایا: دو آسمان والے جبرئیل و میکائیل اور دو زمین والے عمر و ابوبکر۔

یہ محمد بن مجیب کی وضع کی ہوئی حدیث ہے جو بہت بڑا جھوٹا تھا۔(۳)(خطیب) ذہبی نے معلّٰی

---

۱۔میزان الاعتدال، ج۳،ص۳۲۳ (ج۴،ص۴۵۰نمبر۹۸۰۹) لسان المیزان، ج۶،ص۳۰۶ (ج۶،ص۴۷۶نمبر۹۳۳۴) الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۷،ص۱۵۰نمبر۲۰۶۰)

۲۔تاریخ بغداد، ج۱۰،ص۳۵۸، ۳۵۷.

۳۔تاریخ بغداد، ج۳،ص۲۹۸.

سے یہ حدیث نقل کی ہے وہ بھی بہت بڑا احدیث ساز تھا۔(۱)

۵۷۔ جابر سے مروی ہے: ہم خدمت رسولؐ میں تھے کہ آپ نے فرمایا: ابھی ایک شخص برآمد ہوگا جو میرے بعد تمام لوگوں سے افضل وبہتر ہے۔ اس کی شفاعت انبیاء کی شفاعت کی طرح قبول کی جائے گی۔ تھوڑی دیر میں ابوبکر صدیق برآمد ہوئے، رسولؐ نے کھڑے ہوکر ان کا ماتھا چوم کر لپٹا لیا۔

خطیب نے اسے بازاری مقرر محمد بن عباس بن حسین سے سنا۔(۲) اس بازاری قصے کی اہمیت کیا ہوسکتی ہے۔

۵۸۔ ابن مسعود سے بطور مرفوع: ہر مولود کی ناف میں اس کی مٹی کا جزو ہوتا ہے۔ جب وہ بوڑھا ہوتا ہے تو اسی خاک کی طرف واپس کیا جاتا ہے اور اس سے دفن کیا جاتا ہے۔ میں، ابوبکر وعمر ایک خاک سے پیدا کئے گئے ہیں اور اسی میں دفن کئے جائیں گے۔ خطیب نے موسی بن سہل سے سنا جو مہمل اور بے ہودہ باتیں نقل کرتا رہتا ہے۔ یہ حدیث باطل ہے۔(۳)

۵۹۔ انس سے بطور مرفوع: جب مجھے جبرئیل آسمان پر لے گئے تو وہاں میں نے زین اور لجام سے آراستہ گھوڑے دیکھے ان کے سر یاقوت سرخ کے، سم زبرجد سبز کی اور بدن طلائے ناب کے تھے۔ لمبے لمبے بال تھے۔ پوچھا: یہ کس کے لئے ہیں؟ جبرئیل نے کہا: یہ ابوبکر وعمر کے دوستوں کے ہیں۔ انھیں پر سوار ہوکر قیامت میں زیارت خدا کریں گے۔ خطیب اسے نقل کرکے کہتے ہیں کہ یہ غلط ہے۔(۴) ذہبی اور ابن حجر کہتے ہیں کہ یہ حدیث جھوٹی ہے، محمد مرزوق نے بنائی ہے۔(۵)

۶۰۔ عطیہ عوفی، ابوسعید خدری سے روایت کرتے ہیں: علیین والے زیر زمین دیکھتے ہیں جس طرح تم آسمان کے ستارے دیکھتے ہو اور وہاں ابوبکر وعمر ہیں اور انعما ہیں۔ پوچھا: انعما کیا ہے؟ کہا:

---

۱۔ میزان الاعتدال، (ج۴، ص۱۵۲ نمبر ۸۵۷۹

۲۔ تاریخ بغداد، ج۳، ص۱۲۳.

۳۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۳۱۳، میزان الاعتدال، ج۳ ص۲۱۱ (ج۴، ص۲۰۶ نمبر ۸۸۷۳)

۴۔ تاریخ بغداد، ج۲، ص۴۴۰، ج۱۱، ص۲۴۲،

۵۔ میزان الاعتدال، ج۳، ص۹۹ (ج۳، ص۶۳۸ نمبر ۷۹۱۱) لسان المیزان، ج۵، ص۲۷۴ (ج۵، ص۳۱۱ نمبر ۷۷۶۶)

علیین والے انھیں سے ہیں ۔مقدسی کے نزدیک جعلی حدیث ہے،خطیب نے جھوٹوں کی نشاندہی کی ۔(۱)

۶۱ ۔انس سے مروی ہے : جب سورۂ تین نازل ہوا تو رسولؐ بہت خوش ہوئے ۔ پھر ہم نے ابن عباس سے اس کی تفسیر پوچھی ، کہا کہ تین سے مراد بلاد شام ہیں ، زیتون سے بلاد فلسطین ،طور سینین طور سینا ہے جہاں خدا نے موسیٰؑ سے کلام کیا ،﴿وَهَـذَا الْبَلَـدِ الْأَمِينِ ﴾ سے مراد مکہ ہے ،﴿ لَقَدْ خَلَقْنَا الْـإِنسَانَ ﴾ سے مراد محمدؐ ،﴿ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ ﴾ سے مرادلات وعزیٰ کے پجاری ہیں ،﴿ إِلَّا الَّـذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ ﴾ سے مراد ابوبکر وعمر ،﴿فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ ﴾ سے عثمان ،﴿فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّينِ ﴾ سے مراد علیؑ اور ﴿ أَلَيْسَ اللهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ ﴾ سے مراد ان کوتقویٰ پرجمع کرنا ہے ۔

اس حدیث کی سند باطل ہے ۔اس میں محمد بن بیان پکا جھوٹا اور حدیث ساز ہے ،لفظیں بدل دیتا ہے ۔(۲)

۶۲ ۔عبداللہ بن عمر سے مروی ہے : ہم خدمت رسولؐ میں تھے اور ابوبکر بھی تھے ۔کاندھے پر عبا ڈالے ہوئے تھے ،عبا سینے پر سے پھٹی ہوئی تھی سوراخ نظر آرہا تھا ۔اس درمیان جبرئیل نازل ہوئے اور کہا : ابوبکر ایسا کپڑا کیوں پہنے ہوئے ہیں ؟ رسولؐ نے فرمایا : فتح مکہ سے پہلے سارا مال میرے اوپر خرچ کردیا ۔ جبرئیل نے کہا : انھیں خدا کا سلام پہونچا کر خبر دے دیجئے ۔رسولؐ ،خدا کا سلام پہونچاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تم خدا سے اس فقر پر راضی ہو یا نہیں ؟ ابوبکر نے کہا : کیا میں خدا سے ناراض ہوسکتا ہوں ۔

خطیب نے محمد بن بابشاذ سے روایت کی ہے کہ جو عجیب وغریب مطالب نقل کیا کرتا ہے ۔ذہبی نے اس حدیث کو دروغ کہا ہے ۔(۳)

۶۳ ۔ابو ہریرہ سے مروی ہے : جب رسول خداؐ مدینہ میں متوطن ہو گئے تو شادی کی خواہش کی ۔

---

۱ ۔تذکرۃ الموضوعات ص ۲۷ ( ص ۲۰ ) تاریخ بغداد ، ج ۲ ،ص ۳۹۴ ، ج ۳ ،ص ۱۹۵ ج ۴ ،ص ۶۴ ، ج ۱۲ ،ص ۱۲۴ ۔

۲ ۔تاریخ بغداد ، ج ۲ ،ص ۹۷ ،میزان الاعتدال ، ج ۳ ،ص ۳۲ ( ج ۳ ،ص ۹۳ نمبر ۷۲۸۶ )

۳ ۔تاریخ بغداد ، ج ۲ ص ۱۰۶ ،میزان الاعتدال ، ج ۲ ،ص ۲۱۳ ( ج ۳ ،ص ۱۰۳ نمبر ۷۳۲۵ )

مسلمانوں سے کہا مجھے عورت دو۔ جبرئیل ایک پارچہ بہشت میں جس کا طول دو ہاتھ اور عرض ایک بالشت تھا، ایک تصویر لا کر تھما دی کہ اس سے زیادہ خوبصورت دیکھی نہیں گئی تھی۔ اسے کھول کر فرمایا: اے محمدؐ! خدا فرماتا ہے کہ اس عورت سے شادی کرو۔ فرمایا: یہ عورت کہاں سے لاؤں؟ کہا کہ ابوبکر کی بیٹی سے ازدواج کرو۔ رسولؐ، خانہ ابوبکر پر پہونچے کنڈی کھٹکھٹائی۔ ابوبکر سے کہا کہ میں حکم خدا سے تمہارا داماد بننا چاہتا ہوں۔ ابوبکر کے پاس تین بیٹیاں تھیں تینوں کو لا کر حاضر کر دیا۔ رسولؐ نے فرمایا کہ خدا نے مجھے عائشہ سے شادی کرنے کا حکم دیا ہے۔

خطیب نے اسے محمد بن حسن زیاد سے نقل کیا ہے جو ایسی سند سناتا ہے کہ جس میں سبھی رجال معتبر ہوتے ہیں حالانکہ وہ بہت بڑا احدیث ساز تھا۔ (۱) ذہبی نے اس کو محمد بن حسن کی جھوٹی حدیث کہا ہے۔ (۲)

۶۴۔ بطور مرفوع رسول خداؐ کا ارشاد ہے: اسلام میں ابوبکر و عمر کی حیثیت کان اور آنکھ کی ہے۔

مقدسی نے نشاندہی کی ہے کہ یہ حدیث ولید بن فضل کی گڑھی ہوئی۔ (۳)

۶۵۔ رسول خداؐ نے ابوبکر و عمر کے شانے پکڑے اور کہا: تم دونوں میرے وزیر ہو۔

یہ زکریا بن درید کی گڑھی ہوئی ہے۔ (۴)

۶۶۔ بطور مرفوع رسول خداؐ سے مروی ہے: میں اور تم دونوں (ابوبکر و عمر) بہشت میں گھومے پھریں گے۔

یہ بھی زکریا بن درید کی گڑھی ہوئی ہے۔ (۵)

۶۷۔ ابو ہریرہ سے بطور مرفوع: جبرئیل، خدا کی طرف سے مجھے خبر دے رہے ہیں کہ ابوبکر و عمر کو

---

۱۔ تاریخ بغداد، ج ۲، ص ۱۹۴، ج ۱۱، ص ۲۲۲.

۲۔ میزان الاعتدال، ج ۳، ص ۴۴ (ج ۳، ص ۵۱۷ نمبر ۷۳۹۵، ج ۴، ص ۱۱۹ نمبر ۵۵۶۱)

۳۔ تذکرۃ الموضوعات، (ص ۲۰).

۴۔ تذکرۃ الموضوعات، (ص ۴) میزان الاعتدال، (ج ۲، ص ۷۲ نمبر ۲۸۷۴)

۵۔ میزان الاعتدال، ۲۰، ص ۷۲ نمبر ۲۸۷۴.

صرف مومن ہی دوست رکھے گا اور صرف منافق ہی دشمن رکھے گا۔(۱)

۶۸۔دختر رسولؐ رقیہ کی کنیز ام عیاش سے مروی ہے: ام کلثوم کی شادی عثمان سے میں نے حکم خدا سے کی۔خطیب نے احمد بن محمد مفلس کذاب سے لی ہے۔اس نے عبد الکریم بن روح سے جو مجہول وگمنام ہے۔

اس کا باپ عنبہ بھی گمنام ہے اور متروک الحدیث ہے (ذہبی)۔تعجب ہے کہ خود خطیب چپ ہیں۔(۲)

۶۹۔عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: خواب میں دودھ سے بھرا پیالہ دیا گیا۔میں پی کر سیر ہو گیا لیکن پیالے میں دودھ باقی تھا، بچا ہوا دودھ عمر کو دیا انھوں نے بھی پیا۔

اس خواب کی تعبیر علم سے کی گئی ہے؟ جب آپ علم سے سیر ہو گئے تو عمر کو دیا گیا۔رسولؐ نے فرمایا: صحیح ہے۔یہ حدیث عبدالرحمٰن عدوی کی گڑھی ہوئی ہے جو عمر بن خطاب کی نسل سے تھا۔(۳)

۷۰۔جعفر بن محمد سے بطور مرفوع: شب معراج عرش پر لکھا دیکھا: کوئی خدا نہیں خدا کے سوا، محمدؐ خدا کے رسول، ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان، ذوالنورین وکشتۂ ستم ہیں۔

خطیب نے اسے عبدالرحمٰن بن عفان اور محمد بن مجیب صائغ سے لیا ہے۔دونوں ہی پکے جھوٹے ہیں۔(۴)

۷۱۔حذیفہ سے مروی ہے: رسول خداؐ نے نماز صبح ہمارے ساتھ ادا کی۔فارغ ہو کر فرمایا: ابوبکر صدیق کہاں ہیں؟ آخری صف سے ابوبکر نے جواب دیا: لبیک، لبیک اے خدا کے رسولؐ! رسولؐ نے

---

۱۔ یہ ابراہیم بن براء کذاب کی گڑھی ہوئی حدیثوں میں سے ہے۔ الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج۱،ص۲۵۴ نمبر ۸۳) میزان الاعتدال، ۰ج۱،ص۵۴ نمبر۱۷۴) لسان المیزان، (ج۱،ص۹۱، نمبر ۲۷۲) تاریخ بغداد، ج۱،ص۴۰۱، ۳۹۹۔

۲۔ تاریخ بغداد، ج۱۲،ص۳۶۴، الجرح والتعدیل (ج۶،ص۶۱ نمبر ۳۲۵) خلاصہ التہذیب ۱۰۱ (ج۱،ص ۳۲۸ نمبر ۲۰۸۴) الثقات (ج۸،ص۴۲۳) میزان الاعتدال، (ج۳،ص۳۰۱ نمبر ۶۵۰۸)

۳۔ تاریخ بغداد، ج۱،ص۲۳۱ نمبر ۵۳۶۱)

۴۔ تاریخ بغداد، ج۱۰،ص۲۶۴ نمبر ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۵۷۴، ۲۹۸۔

فرمایا: انھیں راستہ دو،قریب آؤ میرے پاس آؤ۔ پوچھا: کیاتم پہلی تکبیر میں شامل ہوئے تھے۔ جواب دیا: آپ کے ساتھ پہلی صف میں تھا۔آپ نے تکبیر کہی تو مجھے اپنی طہارت میں شک ہوا۔آپ قرأت شروع کر چکے تھے تو میں مسجد سے نکلنا چاہتا تھا۔ ناگہاں ہاتف نے آواز دی: اپنے پیچھے دیکھو۔ایک سونے کا طشت ٹھنڈے میٹھے پانی سے بھرا ہوا دیکھا۔سبز رومال سے ڈھکا ہوا تھا۔اسی پر لکھا تھا''**لا الـــه الا الـلـه مـحـمد رسول وابو بكر صديق**''۔میں نے اس سے وضوکر کے رومال سے پوچھااور آپ رکوع میں تھے تو شریک ہو گیا اور نماز ختم کی۔رسولؐ نے فرمایا: بشارت ہو،تمہیں جبرئیل نے وضو کرایا، رومال لئے ہوئے میکائیل تھے اور اسرافیل میرا زانو پکڑے ہوئے تھے کہ تم نماز میں شامل ہو جاؤ۔

یہ حدیث اسی کذاب نے گڑھی ہے جس کا نام محمد بن زیاد ہے۔سیوطی کہتے ہیں ممکن ہے یہ دوسرے نے گڑھی ہو۔(۱)

۲۷۔ابن عباس سے بطور مرفوع: بزم رسولؐ میں تذکرۂ ابوبکر چھڑ گیا۔فرمایا: کون ہے مثل ابوبکر؟ جب لوگوں نے میری تکذیب کی انھوں نے میری تصدیق کی اور مجھ پر ایمان لائے، مجھے بیٹی دی دولت خرچ کی،سخت جنگوں میں میرے ساتھ جنگ کی۔نتیجہ میں وہ حشر میں ناقۂ جنت پر سوار ہوں گے،جس کے ہاتھ مشک وعنبر کے، پاؤں زمرد سبز کے،مہار موتیوں کی ہوگی، چہرے پر سندس واستبرق کے حلے ہوں گے میں ان کی طرح وہ میری طرح ہوں گے،لوگ دیکھ کر کہیں گے: یہ خدا کے رسول محمدؐ ہیں اور یہ ابوبکر صدیق

یہ روایت اسحاق بن بشیر بن مقاتل کی ہے جو بڑا مکار اور جھوٹا تھا۔حدیثیں گڑھتا تھا۔(۲)

۲۸۔آسمان سے کچھ درہم نازل ہوئے جس میں لکھا ہوا تھا: **ضـرب الـرحـمـان مـال عثـمان بن عـــفـــان**'' یہ سکہ خدا نے عثمان کے لئے ڈھالا ہے''۔ابن درویش نے اس کو جھوٹ اور واہیات کہا ہے۔(۳)

---

۱۔اللئالی المصنوعۃ، ج۱،ص۱۵۰(ج۱،ص۲۸۹)

۲۔کتاب المجروحین (ج۱،ص۱۳۵) نیز ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۹۵.

۳۔اسنی المطالب،ص۲۸۷(ص۶۰۱)

۷۴۔بطور مرفوع: میرے بعد عمر وابوبکر کی پیروی کرو۔ابن درویش اور ابن حزم نے اس کو جھوٹی حدیث کہا ہے۔اسی مفہوم کی ایک صحیح حدیث ترمذی میں ہے کہ میرے بعد عمار کی پیروی کرو اور ابن مسعود کے عہد سے وابستہ رہو۔ہیثمی کہتے ہیں کہ اس کی سند مہمل ہے۔(۱)

۷۵۔بطور مرفوع: میں شہر علم ہوں اس کا دروازہ علیؓ،اس کی اساس ابوبکر اور اس کی دیوار عمر ہیں۔ ابن درویش کہتے ہیں کہ کسی علمی کتاب میں اس حدیث کا درج ہونا مناسب نہیں۔(۲) ابن حجر نے فتاویٰ حدیثیہ میں اس کو ضعیف کہا ہے۔(۳)

۷۶۔بطور مرفوع: جب جبرئیل آنحضرت سے جدا ہوتے تو ابوبکر آپ کی خدمت میں حاضر رہتے تا کہ مانوس رہیں۔ابن درویش کے نزدیک یہ حدیث باطل اور جھوٹ ہے۔(۴)

۷۷۔انس سے بطور مرفوع: جنت کے بوڑھوں کے سردار ابوبکر وعمر ہیں۔اور ابوبکر جنت میں اسی طرح ہیں جس طرح آسمان میں ثریا۔

یہ حدیث یحییٰ بن عنبسہ نے گڑھی ہے۔وہ دجال بہت بڑا حدیث ساز تھا۔(۵) ایک سلسلہ ابن مریم سے ہے وہ بھی دجال وحدیث ساز تھا۔اسی کو بشار بن موسیٰ اور یونس بن ابی اسحاق کے طریق سے نقل کیا گیا ہے جن کو ابن معین، بخاری،نسائی،احمد اور ابوحاتم وغیرہ نے کذاب ودجال کہا ہے۔(۶)

---

۱۔اسنی المطالب،ص ۴۸ (ص ۹۶ حدیث ۲۳۸)

۲۔اسنی المطالب،ص ۷۳ (ص ۱۳۷ حدیث ۳۹۱)

۳۔الصواعق المحرقہ (ص ۳۴) الفتاویٰ الحدیثیہ ص ۱۹۷ (۲۶۹)

۴۔اسنی المطالب،ص ۸۸، ۲۸۷ (ص ۱۶۸ حدیث ۶۰۰۵۱۰)

۵۔میزان الاعتدال، ج ۳،ص ۱۲۶ (ج ۴،ص ۱۸ انمبر ۸۱۰۰ ج ۲،ص ۵۸۵ نمبر ۴۹۴۹) نیز ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۲۶۸.

۶۔التاریخ (ج ۳،ص ۶۳ نمبر ۲۴۳) التاریخ الکبریٰ (ج ۲،ص ۱۳۰ انمبر ۱۹۳۵) نسائی کی کتاب الضعفاء والمتروکین (ص ۶۳ نمبر ۸۲،س ۱۴۳ انمبر ۳۳۱) تاریخ بغداد، ج ۷،ص ۱۱۹۔۱۱۸، ج ۱۰،ص ۱۹۲،تہذیب التہذیب، ج ۱،ص ۴۴۱ (ج ۱،ص ۳۸۶) ج ۵، ص ۸ (ج ۵،ص ۲۱، ج ۱۱،ص ۳۸۱) العلل ومعرفۃ الرجال، (ج ۲،ص ۵۱۹ نمبر ۳۴۲۴، ج ۱،ص ۴۱۱ نمبر ۸۶۶) الجرح والتعدیل (ج ۹،ص ۲۴۴ نمبر ۱۰۲۴، ج ۴،ص ۸۷۴ نمبر ۲۰۹۷) التاریخ الصغیر، (ج ۲،ص ۹۵) الکامل فی الضعفاء الرجال، (ج ۴،ص ۱۰۸ نمبر ۹۴۵) کتاب المجروحین (ج ۱،ص ۳۸۲)

۷۸۔ جابر سے مروی ہے: ابوبکر وعمر کو مومن دشمن نہیں رکھ سکتا اور منافق دوست نہیں رکھ سکتا۔

معلّٰی بن ہلال طحان نے یہ حدیث گڑھی ہے۔ احمد کہتے ہیں کہ اس کی تمام احادیث موضوع ہوتی ہیں۔ ذہبی اس حدیث کو غیر صحیح کہتے ہیں، ایک عبدالرحمٰن بن مالک سے طریق سے ہے وہ بھی دجال و حدیث ساز تھا۔(۱)

۷۹۔ سعد سے مروی ہے: رسولؐ نے معاویہ سے کہا کہ حشر میں تم یوں محشور ہو گے کہ حلہ نور سے آراستہ ہو گے جس کا ظاہر رحمت اور باطن رضا ہوگا۔ اس کے ذریعے تم لوگوں میں فخر کرو گے۔ چونکہ تم کاتب وحی ہو۔

ذہبی نے اس کو باطل اور جھوٹ کہا ہے۔(۲)

۸۰۔ عائشہ کا بیان ہے: ایک رات رسول خداؐ کی میرے یہاں باری تھی۔ جب ہم سونے لگے تو آسمان کی طرف دیکھا، بے شمار ستارے تھے۔ میں نے کہا: اے خدا کے رسولؐ! دنیا میں کوئی ایسا ہے جس کے حسنات ستاروں کے برابر ہوں؟ فرمایا: ہاں پوچھا: کس کے؟ فرمایا: عمر، ان کے حسنات تمہارے باپ کی طرح ہیں۔

خطیب اور ذہبی نے اسے بریہ بن محمد کی گڑھی ہوئی حدیث بتایا ہے جو بہت بڑا کذاب تھا۔(۳)

۸۱۔ جابر سے مروی ہے: ایک جنازہ لایا گیا جس کی نماز رسولؐ نے نہیں پڑھی اور فرمایا چونکہ یہ عثمان کو دشمن رکھتا تھا اس لئے خدا بھی اس کا دشمن تھا۔

یہ حدیث محمد بن زیاد جزری کی بنائی ہوئی ہے۔ ذہبی اسے عمر بن موسیٰ میثمی کذاب کی گڑھی ہوئی بتاتے ہیں۔(۴)

---

۱۔ تذکرۃ الحفاظ، ج۳، ص۱۱۲، میزان الاعتدال، (ج۲، ص۵۸۴ نمبر۴۹۴۹)

۲۔ میزان الاعتدال، (ج۳، ص۵۱۶ نمبر۷۳۹۰)

۳۔ میزان الاعتدال، (ج۱، ص۳۰۶ نمبر۱۱۵۸) اسنی المطالب، ص۲۷۸ (ص۵۸۸) الموضوعات (ج۱، ص۳۴۲) نیز ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر۱۲۵.

۴۔ تذکرۃ الموضوعات، ص۲۷ (ص۱۹) میزان الاعتدال، (ج۳، ص۲۲۴ نمبر۶۲۲۲) لسان المیزان، ج۴، ص۳۳۵، ۳۳۲ (ج۴، ص۳۸۲ نمبر۶۱۵۲) نیز ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر۴۲۷،

۸۲۔ رسول خداؑ نے فرمایا: میں نے عرش کی شادابی پر لکھا دیکھا: محمدؐ، رسول اللہ ہیں اور ابو بکر، صدیق ہیں۔

ذہبی اسے سری بن عاصم کی مصیبت بتاتے ہیں۔(۱)

۸۳۔ ابو دردا سے بطور مرفوع: شب معراج میں نے عرش پر گوہر سبز پر نور سفید سے لکھا دیکھا: محمدؐ خدا کے رسول اور ابو بکر، صدیق ہیں۔ طبری نے اضافہ کیا ہے: اور عمر، فاروق ہیں۔

یہ حدیث عمر بن اسماعیل بن مجالد ہمدانی کی بنائی ہوئی ہے جو کذاب وخبیث تھا۔(۲)

۸۴۔ عائشہ سے مروی ہے: جب رسول خداؑ نے ام کلثوم کا عقد کیا۔ ام ایمن سے فرمایا: میری بیٹی کو تیار کرو اور عروس بنا کر، باجے بجاتی ہوئی عثمان کے گھر لے جاؤ۔ میں نے بھی اطاعت کی۔ تین دن تک بیٹی کے یہاں آمد ورفت رہی پوچھا: شوہر کو کیسا پایا؟ کہا: اچھے آدمی ہیں۔ فرمایا کہ ہاں، وہ تمہارے دادا ابراہیمؑ اور باپ محمدؐ سے بہت زیادہ مشابہ ہیں۔

یہ حدیث عمرو عتکی کی بنائی ہوئی ہے جو کذاب وحدیث ساز تھا۔ ذہبی کہتے ہیں یہ جعلی ہے۔(۳)

۸۵۔ بطور مرفوع رسولؐ خدا کا ارشاد ہے: ایک پلے میں تمام امت تھی اور دوسرے میں ابو بکر کو رکھا گیا تو پلہ برابر رہا پھر عمر کو رکھا گیا وہ بھی برابر رہا۔ پھر عثمان کو رکھا گیا وہ پلہ بھی برابر رہا۔ پھر ترازو اوپر اٹھا لیا گیا۔

یہ حدیث عمرو بن واقد دمشقی کی گڑھی ہوئی ہے جو بلا شک جھوٹا تھا۔ اس کے علاوہ کسی نے اس کی ہدایت نہیں کی ہے۔(۴)

۸۶۔ براء بن عاذب: رسولؐ نے ہم سے ایک دن فرمایا: جانتے ہو عرش پر کیا لکھا ہے: لا الہ الا اللہ محمدؐ رسول، ابو بکر صدیق، عمر فاروق، عثمان شہید اور علیؑ راضی ومرضی ہیں۔

---

۱۔ میزان الاعتدال، ج۱، ص۳۷۰ (ج۲، ص۱۱۷ نمبر ۳۰۸۹)

۲۔ اللآلی المصنوعۃ، ج۱، ص۱۵۴ (ج۱، ص۲۹۷) ج۱، ص۱۶۰ (ج۱، ص۳۰۹) تاریخ بغداد، ج۱۱، ص۲۰۴.

۳۔ میزان الاعتدال، ج۲، ص۲۸۰ (ج۳، ص۲۴۵ نمبر ۶۳۲۸) دارقطنی کی الضعفاء والمتروکین (ص۲۲۴ نمبر ۴۲۷)

۴۔ میزان الاعتدال، (ج۳، ص۲۹۱ نمبر ۶۴۶۵)

ابن عساکر نے محمد بن عبد عامر سے حدیث روایت کی ہے جو پکا جھوٹا تھا۔(۱)

۸۷۔ابن عباس سے بطور مرفوع: قیامت میں ابوبکر حوض کوثر کے ایک رکن ہوں گے، دوسرے رکن عمر، تیسرے رکن عثمان اور چوتھے رکن علیؑ ہوں گے۔ جو ان سے نفرت رکھے گا اس سے کبھی سیراب نہ ہو سکے گا۔(۲)

۸۸۔عقبہ بن عامر سے بطور مرفوع: جبرئیل نازل ہوئے اور کہا کہ خدا تمہیں حکم دیتا ہے کہ ابوبکر سے مشورہ کرو۔ یہ حدیث محمد بن عبدالرحمٰن نے گڑھی ہے جو کذاب ہے۔(۳)

۸۹۔عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: قیامت کے دن عمر و ابوبکر کے درمیان محشور ہوں گا اور مکہ اور مدینہ کے درمیان اتنی دیر ٹھہروں گا کہ وہاں کے باشندے میرے ساتھ ہو جائیں۔(۴)

۹۰۔ابو ہریرہ سے بطور مرفوع: خدا کے آسمان پر ستر ہزار فرشتے ہیں جو عمر و ابوبکر پر لعنت پڑھنے والوں پر لعن پڑھتے ہیں۔خطیب نے بطریق سہل بن صقین نقل کر کے کہا ہے کہ یہ حدیث ساز ہے۔ ذہبی دارقطنی نے بھی اسے مجہول و متروک کہا ہے۔(۵)

۹۱۔ابن عباس سے مروی ہے: رسول خداؐ کو خواب میں دیکھا گھوڑے پر سوار تھے۔ ان کے سر پر نور کا عمامہ تھا، پاؤں میں سبز نعلین تھی، ہاتھ میں بہشت کا سبز تازیانہ تھا، والہانہ انداز میں پوچھا: کہاں سے تشریف آرہی ہے؟ فرمایا: جنت میں عثمان کی شادی تھی۔ شرکت کر کے آرہا ہوں۔

یہ حدیث ازدی نے ابراہیم منقوش سے لی ہے جو حدیث ساز اور جھوٹا تھا۔(۶)

---

۱۔تاریخ ابن عساکر (ج ۳۹، ص ۷ ۳۹ نمبر ۴۶۱۹) اللآلی المصنوعۃ، (ج ۱، ص ۲۹۹)

۲۔ذہبی نے اس کو ابراہیم بن عبداللہ مصیصی سے نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ یہ شخص جھوٹا تھا ملاحظہ کیجئے میزان الاعتدال، (ج ۱، ص ۴۰ نمبر ۱۲۴) حاکم نے اس کی روایتوں کو جعلی بتایا ہے.

۳۔میزان الاعتدال، (ج ۳، ص ۶۲۶ نمبر ۷۸۵۷) لسان المیزان، (ج ۵، ص ۲۸۸ نمبر ۷۶۵۷)

۴۔یہ عبداللہ بن ابراہیم غفاری کی روایتوں میں سے ہے جو جھوٹا اور حدیثیں گڑھتا تھا۔ الکامل فی ضعفاء الرجال، (ج ۴، ص ۱۸۹ نمبر ۱۰۰۳) میزان الاعتدال، ج ۲، ص ۲۱ (ج ۲، ص ۳۸۹ نمبر ۴۱۹۰)

۵۔اللئالی المصنوعۃ، ج ۱، ص ۱۶۰ (ج ۱، ص ۳۰۸) لسان المیزان، ج ۴، ص ۱۴۱ (ج ۴، ص ۱۴۹ نمبر ۲۲۷)

۶۔اللئالی المصنوعۃ، (ج ۱، ص ۳۱۸)

۹۲۔عبداللہ بن عمر سے مروی: بزم رسولؐ میں کہا گیا کہ امت میں سب سے افضل ابوبکر پھر عمر پھر عثمان ہیں اور رسولؐ نے سن کر ان کا انکار نہیں کیا۔

تمام محدثین نے اس کی روایت کی ہے۔ہم آخر باب میں اس پر بحث کریں گے۔

۹۳۔عمر سے بطور مرفوع: عثمان مریں گے تو ان پر ملائکہ آسمان نماز پڑھیں گے۔ میں نے پوچھا: کیا عثمان کے لئے خاص طور سے یا تمام لوگوں کے لئے یہ خصوصیت ہے؟ فرمایا: خاص عثمان کے لئے۔

یہ حدیث طویل کا ایک حصہ ہے۔ذہبی کہتے ہیں کہ محمد بن عبداللہ خراسانی نے یہ حدیث گڑھی ہے۔(۱) ابن حجر کہتے ہیں کہ اس کا جعلی ہونا ظاہر ہے۔(۲)

۹۴۔ابوہریرہ سے بطور مرفوع: خدا کا پرچم نور ہے جس پر لکھا ہوا ہے:''**لاالہ الا اللہ محمد رسول ابوبکر الصدیق**''.(۳)

۹۵۔عبداللہ بن عمر سے مروی ہے: جعفر بن ابی طالبؑ نے ایک پھل رسولؐ کو ہدیہ کیا اور معاویہ نے تین پھل تحفے میں دئے۔رسولؐ نے فرمایا: ان ہدیوں کی وجہ سے تم جنت میں جاؤ گے۔(یہ حدیث ابراہیم بن زکریا نے گڑھی ہے)۔(۴)

اس کا جعلی ہونا اس سے واضح ہے کہ جعفر فتح مکہ سے پہلے شہید ہو چکے تھے اور معاویہ فتح مکہ کے بعد اسلام لایا۔

۹۶۔ابوسعید خدری سے بطور مرفوع: جس نے عمر سے نفرت کی اس نے مجھ سے نفرت کی۔خدا شب عرفہ میں تمام لوگوں پر مباہات کرتا ہے اور عمر پر خاص طور سے۔

---

۱۔میزان الاعتدال،(ج ۳،ص ۶۰۵ نمبر ۷۷۸۲)

۲۔لسان المیزان، ج ۵ ص ۲۲۷ (ج ۵،ص ۲۵۶ نمبر ۷۵۸۳)

۳۔ذہبی اور ابن حجر نے جعلی حدیث کہا ہے۔ میزان الاعتدال،(ج ۴،ص ۶۴ نمبر ۸۳۰۹) لسان المیزان، ج ۵،ص ۴۲۴ (ج ۵،ص ۴۸۰ نمبر ۸۱۷۵)

۴۔کتاب المجروحین (ج ۱،ص ۱۱۶) اللآئی المصنوعۃ ج ۱،ص ۱۱۹ (ج ۱،ص ۴۲۲) میزان الاعتدال، ج ۱،ص ۱۶ (ج ۱،ص ۳۱ نمبر ۹۰)

ذہبی کے نزدیک یہ حدیث باطل ہے کیونکہ حسن بصری کا خادم سعد معلوم نہیں کون ہے۔(۱)

۹۷۔انس سے بطور مرفوع: شب معراج میں نے جبرئیل سے پوچھا: کیا میری امت سے حساب لیا جائے گا؟ کہا: سب سے حساب لیا جائے گا سوائے ابوبکر کے۔قیامت میں ان سے کہا جائے گا: اے ابو بکر! جنت میں داخل ہو جاؤ۔ وہ کہیں گے میں اس وقت تک جنت میں نہیں جاؤں گا جب تک مجھے دوست رکھنے والے بھی جنت میں نہ جائیں۔

تاریخ خطیب اور میزان ذہبی میں اس کی تکذیب کی گئی ہے۔(۲)

یہ مناقب خلفاء میں چند احادیث ہیں جنھیں ابالہ و دجاجلہ نے گڑھا ہے اور یہ صحاح و مسانید سے الگ ہیں۔ان میں تو اور بھی جعلی وفریب کا طومار ہے اکثر کا سلسلہ حضرت علیؑ تک منتہی ہوتا ہے۔عامر بن شراجیلی کہتے ہیں کہ اکثر حدیثیں حضرت علیؑ کے نام سے گڑھی گئی ہیں۔(۳) فیروز آبادی کہتے ہیں کہ ابو بکر کی مدح میں بہت زیادہ حدیثیں وضع کی گئی ہیں۔(۴) وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ فضائل معاویہ میں ایک بھی صحیح حدیث نہیں ہے۔(۵) ابن تیمیہ، منہاج السنۃ میں کہتے ہیں کہ ایک گروہ نے فضائل معاویہ میں حدیث رسول گڑھی ہیں وہ تمام کی تمام جھوٹی ہیں۔(۶)

اسی طرح بہت سے صحابہ کے نام فضیلت کی حدیثیں گڑھی گئیں۔کچھ معلوم افراد کے نام سے بھی گڑھی گئی ہیں مثلاً وہب اور غیلان کے نام سے۔حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے: میری امت میں وہب نامی شخص ہوگا جسے حکمت خداوندی عطا کی گئی ہوگی۔ایک غیلان نام کا شخص ہوگا جو ابلیس سے بدتر ہوگا۔(۷) ایک حدیث ہے: آخری زمانے میں محمد بن اکرام نامی ہوگا جو میری سنت زندہ کرے گا۔(۸) اس طرح

---

۱۔میزان الاعتدال، ج۳،ص۳۶۰ (ج۴،ص۵۲۹ نمبر ۱۰۲۲۸)

۲۔تاریخ بغداد، ج۲،ص۱۱۸ (ج۸،ص۳۶۷، میزان الاعتدال، ج۳،ص۳۶ (ج۳،ص۵۰۰ نمبر ۷۳۱۵)

۳۔تذکرۃ الحفاظ ج۱،ص۷۷ (ج۱،ص۸۲) ۴۔سفر السعادۃ، (ج۲،ص۲۱۱،۲۱۲)

۵۔عجلونی نے کشف الخفا، ج۲،ص۴۱۹ پر فیروز آبادی کے جیسی ہی بات لکھی ہے.

۶۔منہاج السنۃ، ج۲،ص۲۰۷. ۷۔میزان الاعتدال، ج۳،ص۱۶۰ (ج۴،ص۹۰ نمبر ۸۴۲۵)

۸۔لسان المیزان، ج۱،ص۳۷۵ (ج۱،ص۴۱۷ نمبر ۱۱۷۲)

جھوٹی حدیثوں کے دفتر تیار ہو سکتے ہیں۔

یہاں صرف بنام جبرئیل وضع کی گئی سو حدیثوں کا بعض نمونہ پیش کیا جاتا ہے:

۱۔میری امت میں ستر ہزار افراد بے حساب جنت میں جائیں گے۔(۱)

۲۔اس قبرستان (بقیع) سے ستر ہزار مردے اٹھائے جائیں گے اور بے حساب جنت میں جائیں گے۔(۲)

۳۔میری امت کے ستر ہزار افراد کا کوئی حساب و کتاب نہ ہوگا جنت میں جائیں گے۔(۳)

۴۔خدا نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ میری امت سے ستر ہزار افراد کو بے حساب جنت میں داخل کرے گا۔(۴)

۵۔خدا حمص کے نوے ہزار افراد کو بے حساب جنت میں داخل کرے گا۔(بزار)

۶۔میرے بعض اصحاب کی نسل سے عورت و مرد بے حساب جنت میں جائیں گے۔(طبرانی بطریق صحیح)(۵)

۷۔تم میں سے پچاس ہزار یا ستر ہزار کو دیکھ رہا ہوں کہ بے حساب جنت میں جا رہے ہیں۔ (طبرانی)(۶)

۸۔خدا کس قدر بزرگ و برتر ہے کہ ہر ستر ہزار کے ساتھ ستر ہزار بغیر حساب جنت میں جائیں گے۔(۷)

۹۔مجھے عطا کیا گیا ہے کہ ستر ہزار کو بے حساب جنت میں داخل کیا جائے گا۔اس پر اضافہ کیا گیا

---

۱۔صحیح بخاری (ج۵،ص ۲۳۵۷ حدیث ۶۱۰۷) صحیح مسلم (ج۱،ص ۲۵۰ حدیث ۳۶۷ کتاب الایمان) مسند احمد (ج۱،ص ۵۲۹ نمبر ۲۹۴۷) سنن دارمی (ج۲،ص ۳۲۸)

۲۔المعجم الکبیر، (ج۵،ص ۴۹ حدیث ۴۵۵۶) مجمع الزوائد، ج۴،ص ۱۳.

۳۔مسند احمد (ج۶،ص ۳۸۷ نمبر ۲۱۹۱۲) المعجم الکبیر (ج۲،ص ۹۲ حدیث ۱۴۱۳)

۴۔المعجم الکبیر (ج۵،ص ۴۹ حدیث ۴۵۵۶) ۵۔المعجم الکبیر (ج۶،ص ۲۰۱ حدیث ۶۰۰۵)

۶۔مجمع الزوائد، ج۱۰،ص ۴۱۰. ۷۔مجمع الزوائد، ج۱۰،ص ۴۰۱.

ہے کہ ہر ایک پر ستر ہزار ساتھ جائیں گے۔ (احمد، ابویعلی، مجمع الزوائد) (۱)

۱۰۔ حدیث معراج میں ہے: حاملان قرآن سے حساب کتاب نہ ہوگا۔ (خزینۃ الاسرار) (۲)

۱۱۔ پہلی کھیپ میں میری امت سے ستر ہزار جنت میں جائیں گے۔ (تاریخ بغداد) (۳)

۱۲۔ حمص و زیتون کے درمیان سے ستر ہزار بغیر حساب محشور ہوں گے۔ (مستدرک صحیحین) (۴)

۱۳۔ ہر حاجی یا عمرہ کرنے والا مر جائے تو بے حساب جنت میں جائے گا۔ (۵)

۱۴۔ پشت کوفہ سے ستر ہزار بے حساب جنت میں جائیں گے۔ (۶)

۱۵۔ اے محمد! ان میں سے ستر ہزار بے حساب وارد بہشت ہوں گے۔ (۷)

۱۶۔ خدا نے مجھے بشارت دی ہے کہ ستر ہزار اور ان کے ساتھ ستر ہزار بے حساب جنت میں جائیں گے۔ (۸)

۱۷۔ حدیث عمیر بطور مرفوع: خدا نے مجھے وعدہ کیا ہے کہ تیس ہزار کو بے حساب جنت میں بھیجے گا۔ (۹)

مزید سنئے خجندی نے ابوامامۃ سے روایت کی ہے: ابوبکر سے سنا کہ رسولؐ نے فرمایا: سب سے پہلے میں اور تم حساب کے لئے پیش ہوں گے۔ پوچھا: پھر کون؟ کہا: عمر۔ کہا: پھر کون؟ فرمایا: علیؑ۔ پھر پوچھا: عثمان؟ فرمایا کہ میں نے خدا سے دعا کی کہ اس کا حساب میری وجہ سے بخش دے خدا نے بخش دیا۔

﴿...فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ افْتَرَى عَلَى اللهِ كَذِبًا لِيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ...﴾ (۱۰)

---

۱۔ مسند احمد، (ج۱ص۱۲ حدیث۲۳) مسند ابی یعلی (ج۱ص۱۰۴ حدیث۱۱۲) مجمع الزوائد، ج۱۰ص۴۱۲۔۴۰۵.

۲۔ خزینۃ الاسرار ص۸۸ (ص۶۲) ۳۔ تاریخ بغداد، ج۲ص۱۶۰.

۴۔ مستدرک علی الصحیحین ج۳ص۸۹ (ج۳ص۹۵ حدیث۴۵۰۴.

۵۔ تاریخ بغداد، ج۲ص۱۷۰. ۶۔ تاریخ بغداد، ج۱۲ص۱۹۰.

۷۔ مسند احمد، ج۱ص۴۱۸، ۴۵۴ (ج۱ص۶۸۹ حدیث۳۹۵۴، ج۲ص۳۷ حدیث۴۳۲۷)

۸۔ مسند احمد، ج۵ص۳۹۳ (ج۶ص۵۴۴ حدیث۲۲۸۲۵)

۹۔ مصابیح السنۃ (ج۳ص۵۵۴ حدیث۴۳۴۵) المعجم الکبیر (ج۱۷ص۶۴ حدیث۱۲۳) الاصابۃ ج۳ص۳۷، ریاض النضرۃ، ج۱ص۳۱ (ج۱ص۴۵)

۱۰۔ سورۂ انعام، آیت۱۴۴.

# خلافت کے بارے میں جعلی احادیث

ارباب ہوس نے سب سے زیادہ موضوع خلافت ہی کو نشانہ بنایا ہے۔ جھوٹی حدیثیں گڑھی گئیں اور حق پوشی کے لئے انہیں کتابوں میں بھر دیا گیا۔ حالاں کہ تمام فرقے ان احادیث کے مفہوم سے اختلاف رکھتے ہیں۔ ان حدیثوں کو ماننے کا مطلب ہے کہ تمام امت غلطی پر ہے جب کہ انھیں کے عقیدہ کے مطابق امت غلطی پر اجماع نہیں کرسکتی۔ کیوں کہ امت یا تو نص علیؑ کا عقیدہ رکھتی ہے یا خلافت کو انتخاب اور عدم نص کے مطابق سمجھتی ہے۔ ان نصوص کو ماننے کا مطلب ہے کہ وہ غلطی پر ہیں۔ ان جھوٹی حدیثوں کا نمونہ ملاحظہ فرمایئے:

۱۔ انس سے مروی ہے: رسول خداؐ ایک باغ میں وارد ہوئے۔ اتنے میں کسی نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ رسول نے کہا: انس جاؤ آنے والے کو جنت کی بشارت اور میرے بعد خلافت کی بشارت دیدو۔ انس گئے تو دیکھا کہ ابوبکر ہیں۔ انہیں جنت کی اور خلافت کی بشارت دی۔ تھوڑی دیر بعد پھر کنڈی کھٹکھٹائی گئی۔ رسولؐ نے فرمایا: جاکر جنت اور خلافت کی بشارت دیدو۔ جاکر دیکھا تو عمر تھے۔ انہیں جنت وخلافت کی بشارت دی۔ تھوڑی دیر بعد کنڈی کھٹکھٹائی گئی۔ فرمایا: جاکر خلافت اور کشتہ مظلوم ہونے کی بشارت دیدو۔ وہاں عثمان تھے انہیں خلافت اور کشتہ مظلوم ہونے کی بشارت دی۔ عثمان نے رسولؐ سے پوچھا: نہ تو میں نے کبھی آواز بلند کی نہ کسی چیز کی آرزو کی، نہ کبھی داہنے ہاتھ سے شرمگاہ مس کی پھر کیوں قتل کیا جاؤں گا؟ فرمایا: ایسا ہی ہوگا۔

خطیب اور ذہبی نے اس کو جعلی حدیث کہا ہے۔(۱) ابن حجر نے کہا ہے کہ اگر یہ حدیث صحیح ہوتی تو

---

۱۔ تاریخ بغداد ج ۹ رص ۳۳۹، میزان الاعتدال، ج ارص ۴۶۷ (ج ۲ ص ۳۱۷، نمبر ۳۹۰۳)۔

عمر خلافت کو شوری پر نہ ٹالتے۔(۱) اس روایت میں عبدالاعلی کو کذاب کہا گیا ہے۔(۲) بکر بن مختار بھی کذاب تھا۔(۳)

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں: پھر سقیفہ کی دھینگا مشتی میں اس کو بطور ثبوت کیوں نہ پیش کیا گیا؟ تعجب ہے کہ ابونعیم اور سیوطی نے دلائل (۴) اور خصائص (۵) میں بغیر تبصرہ کے درج کر دیا ہے۔

۲۔ عائشہ کہتی ہیں کہ میری باری تھی جب رسولؐ خدا لیٹ گئے تو میں نے پوچھا: کیا میں آپ کی معزز بیوی نہیں ہوں؟ رسولؐ نے فرمایا: کیوں نہیں۔ عائشہ نے کہا: پھر میرے والد کے لئے کوئی حدیث ارشاد فرمایئے۔ رسولؐ نے فرمایا: جبرئیل نے مجھ سے کہا کہ جب خدا نے ارواح کو خلق کیا تو روح ابوبکر کو اختیار فرمایا، ان کی تخلیق جنت کی مٹی اور آب حیات سے ہوئی۔ ان کے لئے سفید موتی کا قصر ہوگا، خدا ان کا حسنہ ضائع نہ کرے گا اور گناہ کی باز پرس نہ کرے گا۔ اور میں نے اپنی ذات کی طرح ان کی بھی ضمانت لی ہے۔ وہ قبر میں میرے رفیق اور انیس ہوں گے، وہی میرے بعد میرے خلیفہ ہوں گے۔ اے عائشہ! جبرئیل و میکائیل نے اسی بنیاد پر ان کی بیعت کی ہے اور ان کی خلافت کو زیر عرش سفید پرچم کے ساتھ استوار کیا ہے پھر خدا نے فرشتوں سے پوچھا: کیا جس بندے سے میں راضی ہوں تم راضی ہو؟ یہ فخر تمہارے باپ کے لئے کافی ہے۔

خطیب کہتے ہیں کہ اس کے تمام راوی معتبر ہیں صرف شیخ قطان کا نام درمیان میں گڑھ لیا گیا ہے۔ اور ابن بالشاذ جھوٹی حدیثیں گڑھتا تھا۔(۶) ذہبی نے اس حدیث کو جھوٹ کہا ہے۔(۷) عجلونی اور فیروزآبادی نے مشہور ترین جعلی حدیث کہا ہے، اس کا باطل ہونا بالکل واضح ہے۔(۸) سیوطی

---

۱۔ لسان المیزان ج۳ ص۱۹۲، ۱۹۳، (ج۳ ص۲۳۴، ۲۳۵ نمبر۴۲۵۲)

۲۔ میزان الاعتدال ج۲ ص۹۱ (ج۲ ص۵۳۱ نمبر۴۷۳۱)

۳۔ میزان الاعتدال ج۱ ص۱۶۲ (ج۱ ص۳۴۸ نمبر۱۲۹۵) کتاب المجروحین (ج۱ ص۱۹۵) تذکرۃ الموضوعات ص۱۵

۴۔ دلائل النبوۃ ج۲ ص۲۰۱ (ج۲ ص۷۰۷ حدیث ۴۸۸)

۵۔ الخصائص الکبریٰ ج۲ ص۱۲۲ (ج۲ ص۲۰۶)　　۶۔ تاریخ بغداد ج۱۴

۷۔ میزان الاعتدال ج۳ ص۱۳، ۲۴۶ (ج۳ ص۴۸۸ نمبر۲۶۳ ۷، ج۴ ص۲۸۲ نمبر۹۱۴۹)

۸۔ کشف الخفا (ج۲/ ۴۱۹) سفر العادۃ (ج۲ ص۱۱۲)

بھی اسے جعلی کہتے ہیں۔(۱)

۳۔عائشہ کا بیان ہے کہ مسجد رسولؐ کی پہلی اینٹ رسولؐ نے رکھی پھر ابوبکر، عمر اور عثمان نے رکھی۔ میں نے کہا: یا رسول اللہؐ! آپ دیکھتے نہیں کہ یہ لوگ کس طرح محنت کر رہے ہیں؟ فرمایا: یہ میرے بعد خلفاء ہوں گے۔ حاکم کہتے ہیں کہ اس کا راوی محمد بن فضل واہیات ہے۔(۲) ذہبی کہتے ہیں کہ صحیح نہیں کیوں کہ عائشہ تو اس وقت تک زوجیت میں نہیں آئی تھیں بہت کمسن تھیں۔ افسوس ہے کہ حاکم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

۴۔عبد اللہ بن عمر سے مروی ہے: رسول خداؐ نے فرمایا: اے بلال! لوگوں میں اعلان کردو کہ میرے بعد خلیفہ ابوبکر ہیں، اے بلال! لوگوں میں اعلان کردو کہ ابوبکر کے بعد عمر خلیفہ ہوں گے اور اعلان کردو کہ عمر کے بعد عثمان خلیفہ ہوں گے۔

اس روایت کو ابونعیم وخطیب (۳) نے بغیر تبصرے کے نقل کیا ہے۔ ذہبی نے اسے موضوع کہا ہے اس کی سند کی ایک فرد سعید کو جھوٹا کہا ہے۔(۴) اس اعلان کو لوگوں نے سنا کیوں نہیں۔ کیا تمام امت محمدیؐ کے کان بہرے ہو گئے تھے۔

۵۔بطور مرفوع: ابوبکر میری امت پر میرے بعد زمام خلافت سے وابستہ ہیں۔

محمد بن عبد الرحمٰن کذاب نے اس روایت کو گڑھا ہے۔ وہ حدیث ساز بھی تھا۔(۵)

۶۔زبیر بن عوام سے مروی ہے کہ رسولؐ نے فرمایا: میرے بعد خلیفہ ابوبکر ہیں پھر عمر کے بعد اختلاف واقع ہوگا۔ راوی نے علیؑ سے اس خبر کی تصدیق چاہی، علیؑ نے فرمایا: زبیر نے سچ کہا ہے، میں

---

۱۔الآلہ المضوعۃ ج ۱/ص ۱۵۰ (ج ۱/ ۲۹۱)

۲۔المستدرک علی الصحیحین ج ۳/ص ۹۷ (ج ۳/حدیث ۴۵۳۳، اسی صفحے کے حاشیہ پر ذہبی کا نظریہ ہے، تلخیص اصل کتاب کے ساتھ شائع ہوئی ہے اوپر متن کتاب اور حاشیہ پر تلخیص ذہبی ہے)

۳۔تاریخ بغداد ج ۷/ص ۴۲۹

۴۔میزان الاعتدال ج ۱/ص ۳۸۷ (ج ۲/ص ۱۵۰ نمبر ۳۲۳۳) الجرح والتعدیل (ج ۴/ص ۴۵)

۵۔میزان الاعتدال ج ۳/ص ۹۳ (ج ۳/ص ۶۲۷ نمبر ۷۸۶۶) نیز ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۵۴۸

نے بھی رسولؐ سے یہ سنا ہے۔

یہ عبدالرحمٰن بن عمر بن جبلہ کی گڑھی ہوئی ہے۔(۱) اگر علیؑ نے سنا تھا تو شوریٰ میں دعویدار خلافت کیوں ہوئے۔ پھر یہ کہ زبیر نے حکم رسولؐ سن کر بھی ابوبکر کی مخالفت کی وہ تو تلوار بھانج رہے تھے کہ جب تک علیؑ کی بیعت نہ ہوگی تلوار نیام میں نہ رکھوں گا۔

۷۔ بطور مرفوع ارشاد رسولؐ ہے: جبرئیل نے مجھ سے کہا کہ ابوبکر زمانۂ حیات میں تمہارے وزیر اور بعد وفات تمہارے خلیفہ ہیں۔

یہ حدیث ابوہارون اسماعیل بن محمد فلسطینی کی بنائی ہوئی ہے، ذہبی کہتے ہیں ابوہارون کذاب ہے۔(۲)

واہ! رسولؐ کو حکم خدا ہوا اور مکے و مدینے والوں کو خبر نہ ہوسکی، ایک فلسطین کے آدمی نے اس کی خبر نشر کی!!!۔

۸۔ ابوسعید خدری سے بطور مرفوع حدیث معراج ہے: میں نے عرض کی: خدایا! میرے بعد علیؑ کو خلیفہ بنادے؟

آسمان لرز رہا تھا اور فرشتے چلانے لگے: اے محمدؐ! پڑھو ''و ما تشاؤن الا ان یشاء الله'' خدا ابوبکر کو خلیفہ بنانا چاہتا ہے۔

یوسف بن جعفر کی گڑھی ہوئی حدیث ہے۔ ذہبی و جوزجانی وغیرہ نے اس حدیث کو موضوع کہا ہے۔(۳)

۹۔ حضرت علی علیہ السلام سے مروی ہے: اے علیؑ! میں نے تین بار خدا سے دعا کی کہ تمہیں خلافت میں مقدم کردے مگر خدا نے ابوبکر ہی کو مقدم رکھا۔

---

۱۔ میزام الاعتدال ج۱رص۱۴۷ (ج۱رص۳۱۵ نمبر۱۱۹۱)۔

۲۔ میزان الاعتدال ج۱رص۱۱۴ (ج۱رص۲۴۷ نمبر۹۳۵)۔

۳۔ میزان الاعتدال ج۳رص۳۲۹ (ج۴رص۴۶۳ نمبر۹۸۶۰) اللئآلی المصنوعۃ ج۱رص۱۵۶، (ج۱رص۳۰۱)۔

بلاتبصرہ خطیب نے اس کونقل کیا ہے۔(۱) ذہبی نے اس کو ابوحنیفہ سے نقل کر کے کہا ہے کہ علی بن حسین کلبی کی آفت ہے جو کذاب تھا۔(۲) اس باطل حدیث کی چھتاڑ ابن حجر نے بھی مچائی ہے۔(۳)

تبصرہ:

اس حدیث ساز سے پوچھا جا سکتا ہے کہ بالفرض جب خلافت کسی شخص میں منحصر نہیں تھی تو خدا سے بلا وجہ رسولؐ نے سوال کیوں کیا؟ رسولؐ کو تو بجائے علیؑ کے یہ پوچھنا چاہیئے تھا کہ کسے خلیفہ بنائے گا نہ کہ رسولؐ ایسا سوال کریں کہ آسمان کو لرزہ ہو جائے۔ کیا رسولؐ اس قدر پست تھا کہ مہمل سوالات خدا سے کرتا تھا؟

پھر یہ کہ علم رسولؐ یہاں ملائکہ کے علم سے بھی کم ہو گیا، آخر رسولؐ سے علم ملائکہ کے مقدم ہونے کی وجہ کیا ہے؟ چھوڑ یئے اس کو آخر رسولؐ علیؑ کے متعلق کیوں مصر تھے اور خدا ابوبکر کے لئے بضد کیوں تھا؟ میرا خیال ہے کہ حدیث گڑھنے والوں کے پاس قطعی جواب نہ ہوگا، لطف یہ کہ محدثین اسے نقل کر کے لطیف و عالی سند سے متصف کرتے ہیں۔(۴)

۱۰۔ خطیب نے ابراہیم، ہارون مستملی، عبداللہ سے روایت کی ہے کہ رسول خداؐ کی خدمت میں گھوڑا لایا گیا، آپ اس پر سوار ہوئے اور فرمایا کہ اس پر اب وہ سوار ہوگا جو میرے بعد خلیفہ ہوگا، پھر ابوبکر صدیق اس پر سوار ہوئے۔(۵)

دیکھئے تو خطیب اس گھوڑے سے کس قدر خائف ہیں، انہیں اس سند کے عیوب سے چشم پوشی پر مزہ آ رہا ہے۔ اس میں ابراہیم مجہول و گمنام ہے، (۶) ہارون کی حدیث بقول ابونعیم کوڑے خانے نے کے

---

۱۔ تاریخ بغداد ج ۱۱/ص ۲۱۳

۲۔ میزان الاعتدال ج ۲/ص ۲۲۲ (ج ۳/ص ۱۲۲ نمبر ۵۸۱۵)

۳۔ الفتاوی الحدیثیہ، ص ۱۲۶ (۱۷۲)

۴۔ الریاض النصرۃ ج ۱/ص ۱۵۰، (ج ۱/ص ۱۸۸)

۵۔ تاریخ بغداد ج ۱۴/ص ۲۴

۶۔ الکامل فی ضعفاء الرجال (ج ۱/ص ۲۶۰ نمبر ۹۲)

قابل ہے، یعلی کذاب ہے،(۱) عبداللہ کو ذہبی مجہول کہتے ہیں،(۲) ابن حجر اور سیوطی نے بھی اس کو موضوع اور ضعیف کہا ہے۔(۳)

۱۱: جابر سے بطور مرفوع: رسولؐ نے فرمایا: ابوبکر میرے بعد وزیر و خلیفہ ہیں، عمر میرے دوست اور عثمان مجھ سے ہے اور میں عثمان سے ہوں، علیؑ میرے بھائی اور صاحب لواء ہیں۔(۴) کنز العمال میں ہے کہ ابوبکر میرے وزیر، عمر میرے ترجمان اور عثمان مجھ سے ہے، میں اس سے ہوں۔

یہ حدیث کادرح بن رحمۃ کی گڑھی ہوئی ہے جو کذاب اور اس کی تمام احادیث مہمل ہیں، (حاکم، ابونعیم، ذہبی)(۵)

۱۲۔ ابن عساکر عبدالرحمٰن بن ابی بکر سے اخراج کرتے ہیں کہ رسول اکرمؐ نے فرمایا: مجھے قلم و دوات لاکر دو تاکہ ایسی تحریر لکھ دوں کہ اس کے بعد کبھی گمراہ نہ ہو۔ پھر فرمایا: خدا و مومنین ابوبکر کے سوا کسی کو قبول نہ کریں گے۔(۶)

۱۳۔ عائشہ سے مروی ہے مجھ سے رسول اکرمؐ نے مرض الموت میں فرمایا: اپنے بھائی اور باپ کو میرے پاس بلاؤ تاکہ میں ایک تحریر لکھ دوں، کیوں کہ مجھے اندیشہ ہے کہ کوئی خلافت کا طلب گار اپنا مطالبہ پیش کرتے ہوئے کہے کہ میں زیادہ حقدار ہوں اور خدا و مومنین ابوبکر کے سوا کسی کو قبول نہ کریں گے۔

مسلم، احمد اور دوسروں کے فقرے ہیں کہ مجھ سے رسول خداؐ نے مرض الموت میں فرمایا:

اپنے باپ ابوبکر اور بھائی عبدالرحمٰن کو میرے پاس بلا لاؤ تاکہ ایسی تحریر لکھ دوں کہ جس کے بعد کوئی

---

۱۔ ملاحظہ کیجئے کذاب و جعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۶۷۹

۲۔ میزان الاعتدال، ج۲ر ص۴۰۰ر نمبر۴۲۴۲، الجرح والتعدیل ج۵ر ص۲۱

۳۔ الاصابۃ ج۲ر ص۲۸۸، اللآلی المضوعۃ ج۱ر ص۱۵۶ (ج۱ر ص۳۰۱)

۴۔ کنز العمال ج۶ر ص۱۶۰ (ج۱۱ر ص۶۲۸ر حدیث۳۳۰۶۳)

۵۔ میزان الاعتدال (ج۳ر ص۳۹۹ر نمبر ۶۹۲۷) الکامل فی ضعفاء الرجال (ج۶ر ص۸۳ر نمبر ۱۶۱۶) لسان المیزان ج۴ر ص۴۸۱، (ج۴ر ص۵۶۷ر نمبر۶۷۲۵)

۶۔ مستدرک علی الصحیحین (ج۳ر ص۵۴۲ر حدیث ۶۰۱۶) کنز العمال ج۶ر ص۱۳۹، (ج۱۱ر ص۵۵۰ر حدیث۳۲۵۸۳)

اختلاف باقی نہ رہ جائے پھر فرمایا: خدا کی پناہ کہ مومنوں کے درمیان خلافت ابوبکر کے بارے میں کوئی اختلاف ہو۔(۱)

ایک روایت عبداللہ بن احمد کی ہے جس کے الفاظ ہیں: خدا اور مومنین کو خلافت ابوبکر کے بارے میں اختلاف سے انکار ہے۔(۲)

۱۴۔ عائشہ سے بطور مرفوع روایت ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: میں نے ارادہ کرلیا تھا کہ کسی کو ابوبکر اور ان کے صاحبزادے (عبدالرحمٰن) کے پاس بھیج کر بلواؤں اور استوار عہد کروں (وصیت خلافت کروں) تاکہ اختلاف کرنے والوں کا منھ بند ہوجائے کہ ان سے زیادہ حقدار موجود ہیں یا کوئی خلافت کا متمنی خلافت کی تمنا کرے پھر میں نے کہا: خدا اس میں اختلاف نہ ہونے دیگا اور مومنین دفاع کریں گے یا مومنین اس میں اختلاف نہ ہونے دیں گے اور خدا اس کا دفاع کرے گا۔

اس حدیث کو صنعانی نے مشارق الانوار میں بحوالہ بخاری (۳) نقل کیا ہے پھر حاشیہ میں لکھا ہے کہ میں نے اسے صحیح بخاری میں نہیں پایا پس مراجعہ کیا جائے۔ پھر بین القوسین میں اس کی شرح کی گئی ہے۔(۴) ابن حزم نے فصل میں نقل کرکے کہا ہے کہ خلافت ابوبکر کی یہ نص صریح ہے۔(۵)

یہ حدیث، حدیث قرطاس کی مسخ شدہ صورت میں پیش کی گئی ہے اور اس کا چربہ اتارا گیا ہے جسے اکثر صحیح احادیث بیان کرتی ہیں، مسانید میں اس کا تذکرہ ہے جس میں رسولؐ پر ہذیان کا الزام لگایا گیا اور مرض کا بہانہ کیا گیا۔

ابن ابی الحدید بھی لکھتے ہیں کہ یہ حدیث قرطاس کا چربہ ہے۔(۶)

---

۱۔ صحیح مسلم (ج ۵/ص ۱۰/حدیث ۱۱/کتاب فضائل الصحابۃ) مسند رحمۃ (ج ۷/ص ۱۵۳/حدیث ۲۴۲۳۰)۔

۲۔ الصواعق المحرقہ س ۱۳ شرح مشارق الانوار ج ۲/ص ۲۵۸۔

۳۔ صحیح بخاری (ج ۵/ص ۲۱۴۵/حدیث ۵۳۴۲)۔

۴۔ شرح مشارق الانوار ج ۲/ص ۹۰۔

۵۔ الفصل ج ۴/ص ۱۰۸۔

۶۔ شرح نہج البلاغہ ج ۳/ص ۱۷ (ج ۱۱/ص ۴۹/خطبہ ۲۰۳)۔

علامہ امینیؒ فرماتے ہیں: یہ رسولؐ کا استعاذہ یا تو مومنین کے عدم اختلاف سے منع کیا گیا ہے اگر خبر ہے تو جھوٹ ہے کیوں کہ بنی ہاشم اور بنی خزرج کے اکثر افراد و دیگر صحابہ نے اختلاف کیا بعد میں تشدد پسندی کے ڈر سے بیعت کی گئی لیکن خزرجیوں کا کینہ باقی رہ گیا اور شیعوں کو تو قیامت تک اختلاف رہے گا۔ اور اکثر رسولؐ نے منع کیا تھا تو تمام وہ صحابہ اور مومنین فاسق ہوگئے جنہوں نے خلافت ابوبکر کی مخالفت کی پھر **الصحابی کلھم عدول** کا نظریہ غلط ہوجائے گا بہر حال یہ حدیث صحیح نہیں رہ جاتی۔ پھر یہ کہ خود عائشہ سے پوچھا جاسکتا ہے کہ انہوں نے سقیفہ میں یہ حدیث رسولؐ کیوں نہ پیش کی جب تمام صحابہ مخالفت کر رہے تھے۔ شاید وہ جواب دیں کہ رسولؐ نے یہ حدیث نہیں فرمائی بلکہ بعد کے دجالوں نے یہ حدیث گڑھ لی ہے۔

۱۵۔ عائشہ سے مروی ہے: میرے بعد ائمہ خلافت ابوبکر و عمر ہیں۔

ذہبی کے نزدیک یہ حدیث باطل ہے، علی بن صلح انماطی حدیث سازی میں بدنام تھا۔(۱)

تعجب ہے کہ یہ نص صریح سقیفہ میں عائشہ نے کیوں نہ پیش کی شاید انھیں ڈر تھا کہ تمام صحابہ ان کی عیاری اور مکاری کا پردہ فاش کردیں گے۔

۱۶۔ عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے: ابوبکر تھوڑے دن رہیں گے پھر عمر عرب میں ہنگامہ اٹھا کے بہترین زندگی گذاریں گے اور شہید ہوں گے اور عثمان! تم سے لوگ کہیں گے کہ خدا نے جو خلافت کا لباس پنہایا ہے اسے اتار دو۔ بخدا! اگر تم نے وہ لباس اتار دیا تو تمہارا جنت میں جانا ایسا ہی ہوجائے گا جیسے اونٹ کا سوئی کے ناکے میں جانا۔

اس کا راوی عبداللہ بن صالح ہے جو کذاب تھا (بیہقی (۲) ابن کثیر) اور ربیعہ بن سیف ہے بخاری اسے منکر سمجھتے ہیں۔(۳) ذہبی اس کو یحییٰ بن معین سے نقل کرکے تعجب کرتے ہیں کہ ایسا مقدس آدمی ایسی جھوٹی حدیث کیسے لکھ دیتا ہے اور پھر کوئی تبصرہ بھی نہیں کرتا۔ اس میں ربیعہ راوی ہے جو مہمل اور حیرتناک روایتیں بیان کرتا تھا۔(۴)

---

۱۔ میزان الاعتدال ج ۲/ص ۲۲۷ (ج ۳/ص ۱۳۳/نمبر ۵۸۶۵)

۲۔ دلائل عمل النبوۃ (ج ۶/ص ۳۹۲) البدایۃ والنھایۃ ج ۶/ص ۲۰۶ (ج ۶/س ۲۳۰)

۳۔ التاریخ الکبیر (مجلد ۳/ص ۲۹۰)    ۴۔ میزان الاعتدال ج ۲/ص ۴۸ (ج ۲/ص ۴۴۳/نمبر ۴۳۸۳)

۱۷۔ابن عباس سے ''و اذا سر النبی الیٰ بعض ازواجه '' کی تفسیر مروی ہے کہ رسولؐ نے حفصہ سے راز کی بات کہی کہ ابوبکر میرے بعد ولی امر ہوں گے اور ان کے بعد عمر ہوں گے انھوں نے عائشہ کو اس کی خبر دی ۔(۱)

نزھۃ المجالس میں ہے کہ رسولؐ نے نہ بیان کرنے کی تاکید کی تھی ۔(۲) ذہبی نے عائشہ سے اس آیت کے ذیل میں روایت نقل کی ہے کہ رسولؐ نے عائشہ سے راز کی بات کہی تھی کہ میرے بعد ابوبکر خلیفہ ہوں گے ۔ پھر کہتے ہیں کہ یہ روایت خالد بن اسماعیل مخزومی کی بنائی ہوئی ہے جو کذاب تھا ۔(۳)

۱۸۔ابن عباس سے مروی ہے: جب سورۂ نصر نازل ہوا تو عباس، علیؑ کے پاس آئے اور کہا: اٹھو، چل کے رسولؐ سے پوچھیں کہ آپ کے بعد خلیفہ کون ہے؟ دونوں نے رسولؐ سے پوچھا تو فرمایا: اے عباس! اے رسولؐ کے چچا! بے شک خدا نے ابوبکر کو میرے بعد دین خدا اور وحی کا محافظ اور خلیفہ مقرر کیا ہے ۔اس لئے ان کی بات سن کر اطاعت کرو تا کہ فلاح پاؤ۔عباس کہتے ہیں کہ لوگوں نے اطاعت کی اور فلاح پائی ۔

ایک دوسری روایت کا فقرہ ہے :اے چچا! خدا نے ابوبکر کو اپنے دین اور وحی کے سلسلے میں میرا خلیفہ قرار دیا ہے اس لئے ان کی اطاعت کرو تا کہ ہدایت پاؤ ان کی پیروی کرو تا کہ راہ راست سے بہرہ مند ہوسکو۔

ابن عباس کا بیان ہے کہ لوگوں نے ایسا ہی کیا اس لئے راہ راست سے بہرہ مند ہوئے ۔ یہ روایت تاریخ خطیب (۴) میں بغیر کسی تنقید سند کے نقل ہے ان کے سلسلہ سند میں عمر بن ابراہیم بن خالد ہے جو کذاب تھا۔ علاوہ اس کے سیوطی (۵) نے لکھا ہے کہ خطیب نے عمر کو کذاب کہا ہے لیکن موجودہ تاریخ خطیب کے نسخے میں ناشروں نے بددیانتی کرتے ہوئے اس کے کذاب ہونے کی بات اڑا دی

۱۔انساب الاشراف (ج ۱رص ۴۲۴رنمبر ۸۸۷) ۲۔نزھۃ المجالس ج ۲رص ۱۹۲

۳۔میزان الاعتدال ج ۱رص ۲۹۴، (ج ۱رص ۶۲۷رنمبر ۲۴۰۴)

۴۔تاریخ بغداد ج ۱۱رص ۲۹۴

۵۔اللآلی المضوعۃ ج ۱رص ۱۵۲، (ج ۱رص ۲۹۴)

ہے۔ذہبی نے میزان میں کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں۔(۱)

**علامہ امینیؒ فرماتے ہیں:** افسوس ناک بات یہ ہے کہ عباس نے یہ نص رسولؐ سے سنی اور ابن عباس نے خلافت شیخین کو قرآن میں بھی تلاش کرلیا اور قسم کھا کھا کے لوگوں سے بیان کیا لیکن دونوں نے خلافت شیخین کی مخالفت کی۔انہوں نے بیعت ابوبکر سے انکار کیوں کیا؟(۲) پھر یہ کہ عباس نے علیؑ کو رسولؐ کے پاس چلنے کو کہا اور علیؑ نے کہا بھی کہ میں نے رسولؐ سے پوچھا تھا انہوں نے ابوبکر کی خلافت کا اعلان کیا ہے لیکن پھر علیؑ نے بعد رسولؐ بیعت کیوں نہ کی؟ علیؑ تو فرماتے ہیں کہ میرے سوا اس کا کوئی حقدار نہیں۔(۳)

طبقات ابن سعد کی روایت ہے کہ عباس نے کہا: اے علیؑ! اٹھو تا کہ ہمارے ساتھ جو لوگ موجود ہیں تمہاری بیعت کریں اور ہمارے گھر والے بھی بیعت کرلیں کیوں کہ یہ معاملہ ابھی ہمارے اختیار میں ہے۔علیؑ نے فرمایا: کیا میرے علاوہ بھی کوئی اس کی طمع کرتا ہے؟ عباس نے کہا: بخدا! میرا گمان ہے کہ ایسا ہوگا۔(۴)

۱۹۔ابوہریرہ سے مروی ہے: ایک دن جبرئیل رسول خداؐ کی خدمت میں تھے،ابوبکر ان کے پاس سے گذرے تو رسول خداؐ نے فرمایا: یہ ابوبکر ہیں انہیں پہچانتے ہو۔جبرئیل نے کہا: ہاں! وہ آسمان میں زمین سے زیادہ مشہور ہیں،فرشتے انہیں حلیم قریش کے نام سے جانتے ہیں،یہ آپ کی زندگی میں آپ کے وزیر اور بعد موت آپ کے خلیفہ ہوں گے۔

ابن حبان نے اسے بطریق اسماعیل بن محمد یوسف نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ حدیث چور تھا۔اس کی حدیثوں سے احتجاج کرنا صحیح نہیں۔(۵) ابن طاہر کہتے ہیں وہ کذاب تھا،ابو العباس یشکری اور سیوطی اس کو کذاب و دجال کہتے ہیں۔(۶)

---

۱۔میزان الاعتدال ج۲رص۲۴۹،(ج۳رص۱۸۰رنمبر۶۰۴۴)

۲۔العقد الفرید ج۲رص۵۰،(ج۴رص۸۷)،الریاض النفرہ ج۱رص۱۶۷،(ج۱رص۲۰۷)،السیرۃ حلبیہ ج۳رص۳۸۵،(ج۳رص۳۵۶)

۳۔الامامۃ والسیاسۃ ج۱رص۵،(ج۱رص۱۲)

۴۔الطبقات الکبریٰ ص۶۶۷،(ج۲رص۲۴۶)

۵۔کتاب المجروحین ج۱رص۱۳۰

۶۔اللآلی المضوعۃ ج۱رص۱۵۲،(ج۱رص۲۹۵)

۲۰۔ابن عساکر(۱) نے ابوبکر سے روایت کی ہے کہ میں عمر کی خدمت میں حاضر ہوا ان کے پاس بہت سے لوگ کھانا کھا رہے تھے۔عمر نے دسترخوان کے آخری سرے پر بیٹھے آدمی سے پوچھا:تم نے گذشتہ آسمانی صحیفوں میں خلافت کے بارے میں کیا دیکھا ہے؟اس نے جواب دیا:خلیفہ رسولؐ صدیق ہوگا۔

سیوطی نے اس کو خصائص الکبریٰ میں نقل کر کے اس کو آسمانی صحیفوں میں خلافت ابوبکر کے اثبات کے عنوان سے پیش کیا ہے۔(۲)

اول تو اس کی سند صحیح نہیں پھر کمزوری اس طرح واضح ہے کہ یہ مرسل ہے اگر صحیح مان بھی لیں تو یہ ثبوت تلاش کرنا پڑے گا کہ ابوبکر کو یا خدا نے صدیق کہا ہو یا رسولؐ نے لیکن انہیں تو امت نے صدیق کا لقب دیدیا تھا امت کے لقب اور حقیقت واقع میں بڑا فرق ہے۔آسمانی صحیفوں میں تو یہ کہا گیا ہے کہ صدیق ہی رسولؐ کا جانشین ہوگا ابوبکر صدیق نہیں تھے۔پھر یہ کہ رسولؐ نے اپنے بعد دوگرانقدر چیزیں چھوڑیں ان میں بھی ابوبکر نہیں ہیں۔علیؑ کے لئے تو صحیح حدیث رسولؐ ہے کہ تم میرے بعد میرے خلیفہ و وصی ہو۔ترجمان وحی کے اس ارشاد کے بعد کسی دوسری ملت کی گنجائش ہی کہاں رہ جاتی ہے علاوہ اس کے میں نے بے شمار حوالوں کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ اس امت کے صدیق علیؑ ہیں۔رسولؐ نے انہیں کے لئے فرمایا ہے کہ تم تین صدیقوں میں ایک اور صدیق اکبر ہو۔خود حضرت علیؑ نے بھی کہا ہے کہ میرے علاوہ جو بھی صدیق ہونے کا دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہے۔(۳)

۲۱۔محمد بن زبیر کہتے ہیں کہ مجھے عمر بن عبدالعزیز نے حسن بصری کے پاس کچھ مسائل دریافت

---

۱۔تاریخ ابن عساکر ج ۳/ص ۲۹۶/نمبر ۳۳۹۸

۲۔الخصائص الکبریٰ ج ۱/ص ۳۰،(ج ۱/ص ۵۲)

۳۔الریاض النضرۃ (ج ۳/ص ۹۴،۹۵)،احمد کی مناقب ص ۱۳۱،حدیث ۱۹۴،ابونعیم کی معرفۃ الصحابۃ (ج ۱/ص ۳۰۲) تاریخ ابن عساکر (ج ۱۲/ص ۱۳۱)،کفایۃ الطالب ص ۴۷،(ص ۱۲۴،باب ۲۴) کنز العمال ج ۶/ص ۱۵۲(ج ۱۱/ص ۶۰۱/حدیث ۳۲۸۹۷)،الصواعق المحرقۃ ص ۴۷ (ص ۱۲۵) المعجم الکبیر (ج ۶/ص ۲۶۹/حدیث ۶۱۸۴)،مجمع الزوائد ج ۹/ص ۱۰۲،فرائد السمطین باب ۲۴ (ج ۱/ص ۱۴۰/حدیث ۱۰۲،۱۰۳)المواقف ج ۳/ص ۲۷۶،(۴۰۹) نزہۃ المجالس ج ۲/ص ۲۰۵

کرنے کے لئے بھیجا،اسی درمیان میں نے ان سے کہا کہ لوگوں نے خلافت کے بارے میں جو اختلاف کررکھا ہے اس کے بارے میں مجھے شفا بخشئے اور فرمائیے کہ کیا رسول خداؐ نے ابوبکر کو خلیفہ نامزد کیا تھا؟

حسن بصری سیدھے ہوکر بیٹھے اور کہا: او بن باپ کے! کیا اس بارے میں کوئی اختلاف بھی ہے؟ قسم اس خدا کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں رسولؐ نے انہیں اپنا جانشین قرار دیا اور قطعی طور سے وہ دانا ترین اور پرہیزگار ترین تھے کہ مرجائیں اور کسی کو خلیفہ نامزد نہ کریں، وہ سب سے زیادہ اس بارے میں خائف تھے۔

ابن قتیبہ نے الامامۃ والسیاسۃ میں اسے نقل کیا ہے ان کے فقرے میں خلیفہ کے بجائے امیر کا لفظ ہے، ابن حجر نے صواعق میں بھی نقل کیا ہے۔(۱)

ذرا دیکھئے تو یہ زاہد خشک کس طرح قسم کھا کے ایسی بات کہہ رہا ہے جس کا انکار خود ابوبکر و عمر کو ہے، عائشہ و علیؑ کو بھی انکار ہے۔ عامہ و خاصہ نے واضح طور سے کہا ہے کہ ابوبکر نے مرض الموت میں کہا ہے کہ اے کاش! میں رسولؐ سے پوچھ لیتا کہ کسے خلیفہ نامزد کررہے ہیں تاکہ کوئی جھگڑا باقی نہ رہتا۔

اس بنیاد پر حسن بصری نے جو بات بتائی وہ شفا نہیں بلکہ مرض ہے۔

۲۲۔ابن حبان،سفینہ سے نقل کرتے ہیں:

جب رسولؐ نے مسجد النبی کی بنیاد رکھی تو ابوبکر سے کہا: میری اینٹ کے بغل میں تم بھی اینٹ رکھو پھر عمر سے کہا: ابوبکر کے بغل میں اینٹ رکھو پھر عثمان سے کہا: عمر کے بغل میں اینٹ رکھو پھر فرمایا: یہی تینوں میرے بعد میرے جانشین ہیں۔

ابن حجر کی صواعق، حاکم کی مستدرک اور بیہقی کی کتاب دلایل میں اس کو صحیح کہا گیا ہے۔ابن کثیر نے بھی اسے نقل کیا ہے۔(۲) کاش ابن حجر نے اس کے اسناد بھی نقل کئے ہوتے تاکہ نعیم بن حماد جیسوں

---

۱۔الامامۃ والسیاسۃ ص۴(ج۱رص۱۰) الصواعق المحرقۃ ص۱۵(ص۲۶)۔

۲۔الصواعق المحرقہ ص۱۴(۲۴) المستدرک علی الصحیحین ج۳رص۱۳،(ج۳رص۱۴رحدیث ۴۲۸۴)، دلائل النبوۃ (ج۲ر ص۵۵۳) البدایۃ والنھایۃ ج۶رص۲۰۴،(ج۶رص۲۲۷)۔

کے کذاب ہونے کا پردہ فاش ہوتا جن لوگوں نے اسے صحیح کہا ہے وہ اس بات کو نظر انداز کر بیٹھے کہ خود ابوبکر، عمر و عائشہ وغیرہ نے صراحت کی ہے کہ رسولؐ نے کسی کو اپنا جانشین مقرر نہیں کیا تھا حالاں کہ ذہبی نے اس روایت کو باطل کہا ہے۔(۱) کیا اس روایت سے سقیفہ والوں کی بنیاد متزلزل نہیں ہوتی؟

۲۳۔عبداللہ بن عمر سے بطور مرفوع: میرے بعد ابوبکر و عمر کی پیروی کرو۔

عقیلی نے اسے منکر و بے بنیاد کہا ہے۔(۲) دارقطنی کہتے ہیں کہ محمد بن عبداللہ غلط باتوں کی روایت کرتا تھا یہ روایت ثابت نہیں، ابن حبان کہتے ہیں کہ اس روایت سے احتجاج کرنا صحیح نہیں۔(۳)

۲۴۔حسن بن صالح قیسرانی نے اسحاق سے روایت کی ہے کہ میں نے یموت بن مزرع سے پوچھا: اے استاد یہ کیسے ہوا کہ رسولؐ نے علیؑ کو خلیفہ نہیں بنایا اور ابوبکر کو خلیفہ بنا دیا؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے یہی سوال جاحظ سے پوچھا تھا انہوں نے جواب دیا تھا کہ میں نے یہ سوال نظام سے پوچھا تھا تو انہوں نے کہا کہ خدا نے قرآن میں فرمایا ہے ﴿**وعد اللہ الذین اٰمنوا منکم و عملوا الصالحات یستخلفنهم**﴾ ''خدا نے ان لوگوں سے وعدہ کیا ہے جو ایمان لائے اور عمل صالح بجالائے کہ ان کو ایک نہ ایک دن روئے زمین پر ضرور اپنا خلیفہ بنائے گا'' اور جبرئیل نازل ہو کر وحی کے علاوہ بھی رسولؐ سے اسی طرح کی باتیں کرتے تھے جس طرح عام لوگ آپس میں باتیں کرتے ہیں۔

رسول خداؐ نے ان سے پوچھا: اے جبرئیل! خدا نے جن لوگوں کو خلیفہ بنایا ہے وہ کون لوگ ہیں؟

جبریل نے کہا: وہ ابوبکر، عمر، عثمان اور علیؑ ہیں۔ابوبکر صرف دو سال عمر کی خلافت سے پہلے زندہ رہے پس اگر رسولؐ نے علیؑ کو خلیفہ بنا دیا ہوتا تو یہ تینوں حضرات خلافت سے فائدہ نہ اٹھا پاتے لیکن چوں کہ خدا کو ان لوگوں کی عمروں کا پتہ تھا اس لئے اسی انداز سے ترتیب خلافت قرار دی کہ سبھی اس سے بہرہ مند ہو سکیں اور خدا کا وعدہ اس سلسلے میں درست ہو جائے۔(۴)

---

۱۔ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۶۳۹۔

۲۔الضعفاء الکبیر (ج ۴ رص ۹۵ رنمبر ۱۶۴۹)۔

۳۔کتاب المجروحین (ج ۲ رص ۲۸۲)، لسان المیزان ج ۵ رص ۲۳۷، (ج ۵ رص ۲۶۸ رنمبر ۷۶۱۱)۔

۴۔تاریخ ابن عساکر ج ۴ رص ۱۸۶، (ج ۱۳ رص ۱۱۵ رنمبر ۱۳۴۷)۔

اگر جبرئیل کے قول کے مطابق جیسا کہ روایات میں ہے اور رسولؐ نے امت کی احتیاج کے بطور اسے ابلاغ بھی فرمایا تھا تو تمام مسلمانوں کو کیوں نہ معلوم ہوا؟ خود امیر المومنینؑ، ابن عباس، ابوبکر وعمر اور عائشہ پر بھی یہ بات مخفی رہ گئی۔ سقیفہ میں احتجاج کے وقت کسی نے یہ بات نہیں کہی۔

ذرا بنیادی حیثیت سے سوچئے کہ خلافت کا معیار نص ہے یا اجماع ہے؟ صرف شیعہ ہی نص کے قائل ہیں۔ خود عمر نے کہا کہ اگر میں نے خلیفہ نہیں بنایا تو رسولؐ نے بھی تو نہیں بنایا تھا۔

مزید یہ کہ جن لوگوں نے بیعت ابوبکر سے اختلاف کیا وہ کیا عادل رہ جائیں گے؟ بقول ابن حزم: کیا قاتلین عثمان اس حکم سے مستثنیٰ ہیں یا ان پر قاعدۂ استصحاب جاری ہوگا؟ ان میں صاحبان عصمت بھی ہیں اور کبار صحابہ ہیں کیا ان سب کے متعلق اجتہادی تاویل کی جائے گی؟

ایسے بہت سے جھول ہیں ان سب کو نظر انداز کر کے سوچئے کہ خود نظام کے متعلق ابن قتیبہ کہتے ہیں کہ یہ کمینہ ترین بدکار تھا۔(۱) ان کے شاگرد جاحظ کا حال جھوٹے راویوں کے ذیل میں گذر چکا۔(۲)

۲۵۔ عمر بن شعیب (ذریت عمرو عاص) اپنے باپ اور دادا سے روایت کرتے ہیں کہ جب جنگ خیبر کی بھٹی گرم تھی رسولؐ سے عرض کیا گیا کہ جنگ اپنے شباب پر ہے ایسے میں اگر کوئی واقعہ رونما ہو جائے تو اپنے گرامی ترین صحابی کا نام بتا دیجئے تاکہ اس کا انتخاب کر لیا جائے رسولؐ نے فرمایا: ابوبکر میرے وزیر ہیں جو میرے بعد خلیفہ ہوں گے، عمر میرے ترجمان ہیں اور عثمان مجھ سے ہے اور میں عثمان سے ہوں، علیؑ میرے بھائی اور قیامت میں میرے رفیق ہوں گے۔

ذہبی نے یہ روایت عقیلی سے لی ہے اور کہا ہے کہ شیخ جاہل نے یہ حدیث گڑھی ہے ''یعنی سلیمان بن شعیب بن شیث مصری''۔(۳)

خطیب نے (۴) اس واقعہ کو جنگ حنین سے منسوب کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ سوال جندب بن عبد

---

۱۔ تاویل مختلف الحدیث (ص ۴۶) لسان المیزان ج۱ رص ۶۷ (ج۱ رص ۵۹ رنمبر ۱۷۴)۔
۲۔ ملاحظہ کیجئے کذّاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۴۲۷
۳۔ میزان الاعتدال (ج۲ رص ۲۱۱ رنمبر ۳۴۷۷)، الضعفاء الکبیر (ج۲ رص ۱۳۰ رنمبر ۶۱۵)۔
۴۔ تاریخ بغداد، ج۱۳ رص ۲۶۱۔

اللہ نے کیا تھا۔اس روایت کے رجال میں علی بن حماد کو دارقطنی متروک الحدیث کہتے ہیں۔

مجاعہ کو کذاب اور ابن لہیعہ کو ابن مہدی متروک کہتے ہیں۔عمرو بن شعیب کے متعلق ابوداؤد نے کہا ہے کہ اس سے اور اس کے باپ دادا سے روایت کرنا صحیح نہیں ہے۔

شاید اسی لئے خطیب نے سکوت کیا تھا کہ کسی پر اس کی سند و متن کا بطلان پوشیدہ نہیں ہے۔

۲۶۔انس سے مروی ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: اے عثمان! تم میرے بعد مسلمانوں کے حکمراں ہو گے لیکن منافقوں کی ٹولی گھیراؤ کر کے اس سے معزول کرنا چاہے گی لیکن تم دستبردار نہ ہونا اس دن روزہ رکھ لینا تاکہ میرے ساتھ افطار کرو۔

ذہبی نے اس کو خالد بن محمد سے نقل کر کے کہا ہے کہ یہ عجیب وغریب باتیں بیان کرتا ہے۔(۱) ابن حبان کہتے ہیں کہ اس سے احتجاج کرنا صحیح نہیں۔(۲) ابو حاتم کے نزدیک اس کی روایت قوی نہیں ہوتی۔(۳)

ابو ہریرہ سے حدیث رسولؐ مروی ہے کہ آپ نے حفصہ سے فرمایا: کیا میں بشارت دوں کہ میرے بعد ابوبکر حکمراں ہوں گے پھر تیرے باپ عمر ہوں گے، اس راز کو چھپائے رکھنا۔لیکن وہ باہر نکلیں اور عائشہ سے کہا: کیا میں تمہیں بشارت دوں؟ عائشہ نے کہا: کس بات کی؟ پھر حفصہ نے ارشاد رسولؐ نقل کیا اور کہا کہ اس راز کو پنہاں رکھنے کا حکم رسولؐ ہے۔اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی، ﴿**یا ایھا النبی لِمَ تُحرِّم ما أحَلّ اللّٰہ لک تبتغی مرضات ازواجک**﴾ ''اے نبی! جسے خدا نے حلال کیا ہے اسے اپنے اوپر کیوں حرام قرار دیتے ہو کیا اپنی بیویوں کی خوشنودی کے طلب گار ہو''۔

ماوردی نے بطور مرسل نقل کیا ہے(۴) اور عقیلی نے موسی بن جعفر انصاری سے نقل کر کے کہا ہے کہ یہ گمنام ہے اس کی حدیثیں صحیح نہیں ہوتیں۔(۵) ذہبی نے بھی اس کو ضعیف راوی قرار دیا ہے پھر

---

۱۔میزان الاعتدال ج۱ص۳۰۰(ج۱ص۶۳۹رنمبر۲۴۵۹)

۲۔کتاب المجروحین (ج۱ص۲۸۴)

۳۔لسان المیزان ج۲ص۴۹۷، (ج۷ص۶۹ ۴رنمبر۵۴۵۴)

۴۔اعلام النبوۃ ص۸۱(ص۱۳۵)

۵۔الضعفاء الکبیر (ج۴ص۱۵۵رنمبر۱۷۲۴)

کہا ہے کہ یہ حدیث باطل ہے(۱) اور متن حدیث سے زیادہ سند حدیث مہمل ہے کیوں کہ اگر ولایت کا حکم خدا کا تھا تو نبیؐ پر اظہار لازم تھا تا کہ امت اس کی پیروی کر کے سعادت سے بہرہ مند ہو، چھپانے سے امت کی سرگشتگی لازم آتی ہے اور اگر غیر مشروع بات تھی تو ابوبکر و عمر کو روکنا رسولؐ کے لئے لازم تھا ،حقیقت حال بیان کرنا ہی تقاضائے وقت تھا۔

اگر یہ روایت صحیح ہے تو رسولؐ نے ایک ایسی حکومت کی اطلاع دی تھی کہ جو قہر و غلبہ سے حاصل ہونے والی تھی ایسے میں لفظ بشارت کا کوئی محل نہیں آپ نے غیب کی خبر دی کہ میرے بعد ناجائز طریقے سے ابوبکر و عمر حکمراں ہو جائیں گے اس لئے حفصہ و عائشہ کی باچھیں کھل گئیں۔

۲۸۔امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے (اپنے آباواجداد کرام کی سند سے ): جس رات فاطمہ سلام اللہ علیہا نے وفات کی ،ابوبکر و عمر ایک گروہ کے ساتھ آئے۔ابوبکر نے علیؑ سے کہا: آگے بڑھیئے اور نماز جنازہ پڑھیئے ،علیؑ نے کہا: نہیں، خدا کی قسم! ہرگز نہیں میں آگے نہیں بڑھوں گا ، کیوں کہ آپ ہی رسول خداؐ کے جانشین ہیں۔تب ابوبکر نے چار تکبیروں سے فاطمہ سلام اللہ علیہا کی نماز جنازہ پڑھائی۔

ذہبی کہتے ہیں کہ یہ مصیبت عبداللہ بن محمد مصیصی نے مالک سے روایت کر کے نازل کی ہے۔(۲) ابن عدی کہتے ہیں کہ اس کی تمام روایات غیر معتبر ہیں۔(۳) ابن حبان کہتے ہیں کہ وہ روایتیں اتھل پتھل کر دیتا ہے۔(۴) سمعانی و حاکم اسے حدیث سازوں میں شمار کرتے ہیں۔(۵) یہ جھوٹ جو صادق آل محمدؐ کے نام سے گڑھا گیا ہے یہ اس حدیث سے قطعی تضاد رکھتا ہے جو عائشہ سے مروی ہے کہ علیؑ نے فاطمہؑ کو رات کے وقت دفن کیا اور علیؑ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے (۶)

---

۱۔میزان الاعتدال (ج۴رص۲۰۱رنمبر۸۸۵۳)،لسان المیزان ج۶رص۱۱۳،(ج۶رص۱۳۳رنمبر۸۶۳۳)

۲۔میزان الاعتدال (ج۲رص۴۸۸رنمبر۴۵۴۴)

۳۔الکامل فی ضعفاء الرجال (ج۴رص۲۵۸رنمبر۱۰۹۲)

۴۔کتاب المجروحین (ج۲رص۳۹)

۵۔الانساب (ج۴رص۴۵۹)، میزان الاعتدال ج۲رص۷۰،(ج۲رص۴۸۸رنمبر۴۵۴۴)،لسان المیزان ج۳رص۳۳۴، (ج۳رس۴۱۲رنمبر۴۷۴۶)

۶۔مستدرک علی الصحیحین ج۳رص۱۶۳،(ج۳رص۱۷۸رحدیث ۴۷۴۶)

حلبی وواقدی نے بھی یہی کہا ہے کہ علیؑ نے فاطمہؑ کورات کے وقت نماز جنازہ پڑھ کے دفن کیا۔(۱)

۲۹۔انس سے مروی ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: میں نے ابوبکر کو مقدم نہیں کیا ہے بلکہ خدا نے ابوبکر کو مقدم کر کے مجھ پر احسان فرمایا ہے اس لئے ان کی اطاعت کرو جو شخص ان کی بدگوئی کرتا ہے وہ در اصل میرے اور اسلام کے خلاف بدگوئی کرتا ہے۔(۲)

یہ کیسے ممکن ہے کہ جسے خدا نے مقدم کیا ہو علیؑ اور کبار صحابہ بیعت نہ کریں۔آخر کیا وجہ تھی کہ رسول خداؐ اپنی وفات کے پانچ روز قبل ایک تحریر لکھنا چاہتے تھے اور روایت گڑھنے والوں کے مطابق خلیفہ معین بھی کیا جا چکا تھا اور تحریر لکھنے نہیں دی گئی۔کسی نے سقیفہ میں بھی اس کو بطور دلیل پیش نہیں کیا۔اگر خدا نے ابوبکر کو مقدم کیا تھا تو ابوبکر،ابوعبیدہ کو کیوں مقدم کرنا چاہتے تھے چنانچہ حدیث صحیح میں ہے کہ عام طور سے لوگوں کو ابوعبیدہ کی بیعت کی ترغیب بھی دے رہے تھے جیسے کہ مسلمانوں نے حتٰی کہ انس نے بھی یہ حدیث سنی ہی نہیں تھی۔

۳۰۔ابن عمر اور ابوہریرہ سے مروی ہے کہ رسولؐ نے ایک اعرابی سے ایک اونٹ بطور نسیہ خریدا ،اعرابی نے عرض کی :اگر آپ کا انتقال ہو جائے تو کس سے رجوع کروں؟ فرمایا: میرا قرض ابوبکر ادا کریں گے اور میرے پیمان پر عمل کریں گے۔پوچھا: اگر وہ بھی مرجائیں تو کیا کیا جائے؟ فرمایا: تو پھر اگر تم مرنا چاہو تو مرجانا۔

اس روایت کو خالد بن عمر وقرشی نے بنام لیث گڑھا ہے، ذہبی نے ابن عدی کا بیان نقل کیا ہے کہ میرے خیال میں خالد نے یہ حدیث گڑھی ہے کیوں کہ لیث کا مسودہ میرے پاس موجود ہے اس میں کہیں بھی یہ روایت نہیں ہے۔(۳)

اسنی المطالب میں یہ واقعہ یوں ہے کہ اعرابی حضرت علیؑ کے پاس چلا آیا تو علیؑ نے اعرابی سے

---

۱۔السیرۃ الحلبیہ ج۳رص۳۶۰، (ج۳رس۳۶۱)

۲۔کنز العمال ج۶رص۱۴۴، (ج۱۱رص۵۷۲رحدیث ۳۲۷۰۶)

۳۔میزان الاعتدال ج۱رص۲۹۸، (ج۱رص۶۳۵رنمبر۲۴۴۷)الکامل فی ضعفاء الرجال (ج۳رص۲۹رنمبر۵۹۳)

کہا: جا کر رسولؐ سے پوچھ اگر آپ مرجائیں تو قرض کس سے وصول کروں؟ رسولؐ نے فرمایا: ابوبکر سے۔(۱)

وہ کہتے ہیں کہ اس سند میں فضل بن مختار قطعی ضعیف وکمزور ہے، وہ لائق اعتماد نہیں۔ ازدی وابن عدی بھی یہی کہتے ہیں۔(۲)

۳۱۔انس سے بطور مرفوع: ابوبکر میرے وزیر وخلیفہ ہیں۔

ذہبی کہتے ہیں کہ اس کا راوی احمد بن جعفر بہت زیادہ حدیثیں گڑھتا تھا۔(۳)

۳۲۔عائشہ سے مروی ہے کہ رسولؐ نے ایک شخص سے کہا: جا کر ابوبکر سے کہو کہ تم میرے خلیفہ ہو، لوگوں کو نماز پڑھادو۔ عقیلی کہتے ہیں کہ اس کا راوی فضل غیر معتبر ہے۔(۴)

۳۳۔ابن عباس کہتے ہیں کہ ایک عورت رسولؐ کی خدمت میں آئی اور کچھ مسائل پوچھے پھر آپ نے اس سے فرمایا: پھر کبھی آنا۔اس نے کہا: اگر آپ نہ ہوں تو میں کیا کروں؟ فرمایا: اگر میں نہ رہوں تو ابوبکر کے پاس جانا کیوں کہ وہ میرے بعد میرے خلیفہ ہیں۔(۵) اس میں کوئی سند نہیں ہے پھر یہ کہ ابن عباس اس کے خلاف حلق پھاڑ پھاڑ کے خلافت علیؑ کے متعلق چلارہے ہیں، کیا وہ احادیث صحیح نہیں ہیں؟ اس میں تو سبھی رجال معتبر ہیں، واقعہ دعوت ذوالعشیرہ میں صاف صاف رسولؐ نے کہا ہے کہ تم میرے بعد وزیر، وصی، وارث اور خلیفہ ہو۔(۶)

---

۱۔اسنی المطالب ص۲۴۹، (ص ۵۱۷/حدیث ۱۶۵۳)

۲۔الکامل فی الضعفاء الرجال (ج۶/ص۱۵/نمبر۱۵۶۱)، میزان الاعتدال ج۴/ص۴۴۹، (ج۳، ص۳۵۸ نمبر۶۷۵۰) الجرح و التعدیل (ج۷/ص۶۹)

۳۔میزان الاعتدال ج۱/ص۴۱، (ج۱/ص۸۸/نمبر۳۲۲)

۴۔الضعفاء الکبیر (ج۳/ص۴۴۴/نمبر۱۴۹۲)، لسان المیزان ج۴/ص۴۳۸، (ج۴/ص۵۱۲/نمبر۶۵۴۶)

۵۔تاریخ ابن عساکر (ج۳/ص۲۲۰/نمبر۳۳۹۸) الصواعق المحرقہ، ص۱۱ (ص۲۰)

۶۔تاریخ طبری ج۲/ص۲۱۶، (ج۲/ص۳۱۹) نقض العثمانیۃ (ص۳۳) شرح نہج البلاغہ ج۳/ص۲۶۳، (ج۱۳/ص۲۴۴/ خطبہ ۲۳۸)، انباء نجباء الابناء ص۴۶، ۴۸، تاریخ کامل ج۲/ص۲۴ (ج۱/ص۴۸۷) البدایۃ والنھایۃ ج۱/ص۱۱۶، نسیم الریاض ج۳/ص۳۷ (ج۳/ص۳۵)، کنز العمال ج۶/ص۳۹۲، (ج۱۳/ص۱۲۸/حدیث ۳۶۴۰۸، ص۱۳۱/حدیث ۳۶۴۱۹)، مسند احمد ج۱/ص۱۵۹، (ج۱ ص۲۵۷/حدیث ۱۳۷۵)، خصائص نسائی ص۱۸، (ص۸۳/حدیث ۶۶، سنن نسائی ج۵/ص۱۲۵/حدیث ۸۴۵۱)

۳۴۔عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا: اس امت پر بارہ خلفاء حکومت کریں گے۔ابوبکر کا نام تم جانتے ہو،عمر شاخ آہن ہیں، انہیں بھی تم جانتے ہی ہو،عثمان بن عفان بھی دونور والے ہیں،شہید ہوکر رحمت خدا سے واصل ہوں گے اور مقدس زمین میں دفن ہوں گے،معاویہ اور ان کا بیٹا یزید پھر سفاح،منصور، جابر، امین،سلام اور امیر العصب جس کا مثل ونظیر نہیں دیکھا گیا۔

نعیم نے فتن میں کنز العمال (۱) کی طرح سند حذف کر کے نقل کیا ہے تا کہ جھوٹوں کو پہچان نہ لیا جائے۔لیکن اس میں صرف نعیم کا ہونا ہی کافی ہے کیوں کہ وہ دین کی تقویت کے لئے حدیثیں گڑھتا رہتا تھا۔(۲) اس روایت کا لیچڑ پن اسی سے واضح ہوجاتا ہے کہ اس سلسلے میں معاویہ و یزید ہیں پھر یہ کہ یہ کیسی خلافت ہے جس میں یزید سے سفاح تک ۶۴ھ. سے ۱۳۲ھ. کا زمانہ بغیر خلیفہ کے گذر گیا۔ان میں جابر و امین اور امیر العصب کون ہیں؟ عمر بن عبدالعزیز جیسے شریف کو کیوں چھوڑ دیا گیا؟ جب کہ اکثر نے انہیں خلفاء راشدین میں شمار کیا ہے۔(۳) معلوم ہوا کہ یہ حدیث قطعی جعلی ہے۔

۳۵۔ابوبکر نے غار میں پوچھا: آپ کی منزلت نبوت تو پیش خدا میں نے سمجھ لی لیکن پیش خدا میری منزلت کیا ہے؟ فرمایا: میں خدا کا رسول ہوں اور تم صدیق اور میرے خلیفہ و ہمدم وانیس ہو، میری جگہ پر بیٹھو گے، ہم تم ایک جگہ دفن ہوں گے، خدا تمہارے دوستوں کو قیامت میں بخش دے گا۔

صفوری نے نزھہ میں بحوالہ عیون المجالس بطور مرسل نقل کیا ہے (۴) آگے اس پر بحث ہوگی۔

۳۶۔انس سے مروی ہے: میں رسول خداؐ کی خدمت میں گیا تو دیکھا کہ ابوبکر آپ کی داہنی طرف اور عمر بائیں طرف تھے، آپ نے دونوں کے شانوں پر ہاتھ رکھ کے فرمایا: تم دونوں دنیا وآخرت میں میرے وزیر ہو اسی طرح میرے اور تمہارے لئے زمین شگافتہ ہوگی اور اسی طرح ہم تم خدا کی زیارت

---

۱۔کنز العمال ج ۶ ؍ص ۶۷، (ج ۱۱ ؍ص ۲۵۲ ؍حدیث ۳۱۴۲۱)

۲۔ملاحظہ کیجئے کذاب وجعل ساز محدثین کا سلسلہ نمبر ۶۳۹

۳۔البدایۃ والنھایۃ ج ۶ ؍ص ۱۹۸، (ج ۶ ؍ص ۲۲۱)

۴۔نزھۃ المجالس ج ۲ ؍ص ۱۸۴۔

کریں گے۔(۱)

افسوس کی بات یہ ہے کہ یہ نص خود عمر وابوبکر بھول گئے تھے۔سقیفہ کے دن اس نص کا صاف انکار کر بیٹھے۔

۳۷۔بطور مرفوع: رسولؐ نے عمر وابوبکر سے فرمایا: ہرگز میرے بعد تم پر کوئی امیر نہ ہوگا۔

صفوری نے نزہہ (۲) میں اسے ابوبکر کی خلافت کے ثبوت میں پیش کیا ہے، شبلنجی نور الابصار (۳) میں بسطام بن مسلم سے نقل کرتے ہیں، خود ابوبکر وعمر کو بھی اس جھوٹ سے آگاہی نہ تھی۔

۳۸۔انس بن مالک حضرت علی علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ خدا نے مجھ سے فرمایا: اے علیؑ! خدا نے مجھے حکم دیا ہے کہ ابوبکر کو باپ بناؤں، عمر کو مشیر قرار دوں اور عثمان کو سردار بناؤں اور تمہیں داماد بناؤں۔تم چاروں کے متعلق خدا نے ام الکتاب میں میثاق لیا ہے کہ تم سے صرف مومن ہی محبت کرے گا اور منافق ہی بغض رکھے گا جو بدبخت ہوگا،تم میری نبوت کے خلفاء، میرے عہد وپیمان کے ذمہ دار اور میری امت پر میری حجت ہو۔

ابن عساکر وخطیب نے نقل کر کے کہا ہے کہ اس کا راوی ضرار بن سہل غیر معتبر ہے۔(۴) ذہبی کہتے ہیں کہ یہ روایت باطل ہے، میں نہیں جانتا یہ ذلیل جانور (ضرار) کون ہے۔(۵)

۳۹۔زید بن جلاس کندی نے رسولؐ سے پوچھا: آپ کے بعد کون خلیفہ ہے؟ فرمایا: ابوبکر۔

اس کے راوی زید کے متعلق استیعاب میں ہے کہ اس کی روایت قوی نہیں ہوتی۔(۶)

۴۰۔حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت تک نہیں مرے، جب تک یہ

---

۱۔نزهۃ المجالس ج ۲ ر ص ۱۹۱

۲۔نزهۃ المجالس ج ۲ ر ص ۱۹۲ ۳۔نور الابصار ص ۵۵، (۱۱۴)

۴۔تاریخ ابن عساکر ج ۴ ر ص ۲۸۶، ج ۷ ر ص ۲۸۶، (ج ۱۴ ر ص ۲۹ ر نمبر ۱۵۰۱، ج ۲۷ ر ص ۴۶ ر نمبر ۳۱۶۲)، تاریخ بغداد ج ۹ ر ص ۳۴۵

۵۔میزان الاعتدال ج ۱ ر ص ۴۷۲، (ج ۲ ر ص ۳۲۷ ر نمبر ۳۹۵۰)

۶۔الاستیعاب (القسم الثانی ص ۵۴۲ ر نمبر ۸۴۲)

بات راز دارانہ طور پر بتا نہ دی کہ میرے بعد ابوبکر خلیفہ ہوں گے، پھر عمر، پھر عثمان اور پھر میں۔

۴۱۔ حضرت علی علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ خدا نے اس خلافت کا افتتاح ابوبکر سے کیا، دوسرے نمبر پر عمر اور تیسرے نمبر پر عثمان کو رکھا اور ختم نبوت کا خاتمہ مجھے قرار دیا۔

۴۲۔ حضرت علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسول خداؐ دنیا سے تشریف نہیں لے گئے جب تک یہ عہد نہ لیا کہ میرے بعد ابوبکر حکمراں ہوں گے، پھر عمر، پھر عثمان ہوں گے، پھر حکومت میری طرف آئے گی اور لوگ مجھ پر اکتفا نہ کرسکیں گے۔

یہ تینوں روایات (۴۰، ۴۱، ۴۲) طبری نے ریاض (۱) میں بغیر سند کے لکھی ہے۔ پھر لکھتے ہیں کہ یہ روایتیں صحیح نہیں ہیں، کیونکہ علیؑ نے چھ ماہ تک بیعت ابوبکر نہیں کی تھی اور بعید ہے کہ راوی کو نسیان ہوا ہو۔

۴۳۔ دیلمی نے امیر المومنین علیہ السلام سے اخراج کیا ہے کہ رسولؐ نے فرمایا: میرے پاس جبرئیل آئے، میں نے پوچھا: میرے ساتھ کون ہجرت کرے گا؟ کہا کہ ابوبکر اور وہی آپ کے بعد حکمراں ہوں گے اور وہ آپ کے بعد افضل امت ہیں۔ (۲)

۴۴۔ حضرت علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسولؐ نے فرمایا: میرے نزدیک معزز ترین، شریف ترین اور محبوب ترین وہی اصحاب ہیں، جنہوں نے میری تصدیق کی اور ایمان لائے۔ میرے معزز اور بہترین اصحاب میں دنیا و آخرت میں ابوبکر صدیق سب سے افضل ہیں کیونکہ جب سب نے مجھے جھٹلایا تو انہوں نے میری تصدیق کی، سب نے انکار کیا تو ایمان لائے، سب نے مجھے وحشت زدہ کیا اور انہوں نے مجھے سکون دیا، سب نے چھوڑ دیا اور انہوں نے میری صحبت اختیار کی، سب نے انکار کیا اور انہوں نے میری شادی اپنی بیٹی سے کردی، سب مجھ سے کنارہ کش ہوئے اور وہ میری طرف مائل ہوئے، انہوں نے اپنے مال اور جان سے میرے اوپر فداکاری کا مظاہرہ کیا۔ اس لئے خدا قیامت میں ان کو میرے برابر قرار دے گا جو مجھ سے محبت کرتا ہے اسے چاہیئے کہ اس سے محبت کرے، جو میری کرامت

---

۱۔ ریاض النضرۃ ج ۱ ص ۳۳، (ج ۱ ص ۴۸)

۲۔ الفردوس بماثور الخطاب، (ج ۱ ص ۴۰۴ نمبر ۱۶۳۱)، کنز العمال ج ۶ ص ۱۳۹، (ج ۱۱ ص ۵۵۱ حدیث ۳۲۵۸۸)

کا ارادہ کرتا ہے اسے ابوبکر کا اکرام کرنا چاہیئے ، جسے قرب خداوندی کی طلب ہو اسے ابوبکر کی بات سننا اوراطاعت کرنا چاہیئے کیوں کہ وہ میرے بعد امت پر خلیفہ ہیں ۔(۱)

یہ حدیث متاخرین کی مرسل حدیثوں میں سے ہے جس کی کوئی اصل و بنیاد نہیں ہے۔ نیز یہ حدیث بہت سے صحاح ومسانید کی حدیثوں کی تکذیب کرتی ہے۔

۴۵۔ ابراہیم بن عبدالرحمٰن بن عوف سے مروی ہے کہ عبدالرحمٰن بن عوف عمر کے ساتھ تھے، محمد بن مسلم نے زبیر کی شمشیر توڑ دی ۔ ابوبکر نے کھڑے ہوکر لوگوں کے سامنے خطبہ پڑھا اور کہا کہ علیؑ وزبیر کہتے ہیں کہ مجھے اس بات کا غصہ ہے کہ شوریٰ میں ہم لوگوں کو نظر انداز کیا گیا ورنہ ہم ابوبکر کو رسولؐ کے بعد اولیٰ تر سمجھتے ہیں کیوں کہ وہ رسولؐ کے یار غار تھے، ہم ان کی شرافت کو جانتے ہیں، انہوں نے حمایت رسولؐ میں لوگوں کو نماز پڑھائی ۔(۲)

یہ تمام روایات بالکل باطل ہیں کیوں کہ آگے آپ ملاحظہ کریں گے کہ صحیح وحسن احادیث میں کہا گیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول خداؐ نے اپنے بعد کسی کو خلیفہ نامزد کرنے کا اقدام نہیں فرمایا ۔خود سیرت نبیؐ میں اکثر شواہد ملتے ہیں جن سے خلافت ابوبکر باطل ہوتی ہے۔اس سلسلے میں علیؑ سے ان لوگوں کا احتجاج بھی ہے جنہوں نے زبردستی پیراہن خلافت پہن لیا تھا۔ خطبہ شقشقیہ اور حدیث رکبان سے بڑا ثبوت اور کیا ہوسکتا ہے جسے بے شمار کتابوں میں نقل کیا گیا ہے ۔ کیسے کیسے لوگ تھے جنہوں نے بنام حضرت علی علیہ السلام جھوٹ کے طومار باندھے چنانچہ ابن سیرین کہتے ہیں کہ عام طور سے حضرت علی علیہ السلام سے مروی احادیث غلط اور جھوٹ ہیں ۔(۳)

## مکّار کا منھ کالا

ان جھوٹی روایات کا انبار اہل سنت کے عقیدۂ اساسی کی بنیاد ہیں انہوں نے بتخانۂ خلافت کی تعمیر کو

۱۔ نزھۃ المجالس ج۲رص۱۷۳، (ج۲رص۱۸۳)، مصباح الظلام ج۲رص۲۴، (ج۲رص۵۹رحدیث۳۶۲)
۲۔ المستدرک علی الصحیحین ج۲رص۶۶، (ج۳رص۷۰رحدیث۴۴۲۲)
۳۔ صحیح بخاری ج۵رص۲۷۲، (ج۳رص۱۳۵۹رحدیث۳۵۰۴)

ان غلط روایات سے سجایا ہے۔خود ائمہ اہل سنت نے گواہی دی ہے کہ یہ سب محض دروغ بے فروغ ہیں ان میں ایک بھی روایت صحیح نہیں۔

واقعیت اور اعتبار بھی اسی کی تائید کرتا ہے کیونکہ اہل سنت کے نزدیک خلافت کا معیار انتخاب و اجماع ہے کوئی بھی سنی نص پر اعتماد نہیں کرتا انہوں نے انکار نص کی بعض شیعہ کی طرف نسبت دی ہے۔

باقلانی (۱) تمہید میں کہتے ہیں کہ ہم جانتے ہیں کہ جمہور امت کو خلافت کے بارے میں نص کا انکار ہے جو نص کا قائل ہوا، اس سے برأت کرتے ہیں۔ہم دیکھتے ہیں کہ اکثر تفضیل کے قائل مثلاً زیدیہ اور معتزلہ علیؑ کو صحابہ سے افضل بھی مانتے ہیں اور نص کا انکار بھی کرتے ہیں۔

حضرمی محاضرات (۲) میں کہتے ہیں انتخاب میں اصل چیز امت اسلام کی رضا ہے۔خلیفۂ امت کی مدد سے توانا ہوتا ہے، وفات رسولؐ کے وقت امت کی رائے بھی یہی تھی، اس لئے لوگوں نے ابوبکر کو منتخب کیا، وہ لوگ اس بارے میں شارع کی نص یا حکم کے پابند نہیں تھے۔انہوں نے خلیفہ منتخب کر کے اس کی بیعت کی جس کا مطلب یہ تھا کہ خلیفہ کتاب خدا وسنت رسولؐ کے مطابق عمل کرے گا۔بیعت کا طریقہ بالکل بائع اور مشتری کے انداز کا ہوتا ہے، وہ بیعت کے وقت ایک دوسرے کے ہاتھ مارتے ہیں، خلیفہ احکام شریعت پر عمل کر کے بھی توانا ہوتا ہے جو امت کی مدد سے انجام پاتا ہے۔

ابوبکر نے خلیفہ کے انتخاب میں ایک دوسرا طریقہ ایجاد کیا یعنی اپنا جانشین نامزد کر دیا اور لوگوں نے ان کی اطاعت کا پیمان باندھا۔امت اسلام نے اس طریقے کی موافقت کر کے بتا دیا کہ یہ بھی طریقہ واجب الاطاعۃ ہے۔

یہیں سے معلوم ہوتا ہے ان روایات کی پیدائش جو قطعی طور سے جعلی ہیں انعقاد بیعت اور استقرار خلافت کے بعد ہوئی ہے جسے زبردستی امت پر تھوپا گیا تھا، اسی لئے کسی نے ان روایات سے بروز سقیفہ استدلال نہیں کیا۔اس سے زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ علماء علم کلام نے بھی ان روایات سے احتجاج نہیں

---

۱۔التمہید، ص ۱۶۵

۲۔محاضرات تاریخ الامم الاسلامیۃ، ص ۴۶، (الدولۃ العباسیۃ، ص ۴۱)

کیا، نہ ارباب تحقیق نے ان روایات کی طرف توجہ کی۔ ظاہر ہے کہ یہ حرف اس لئے ہیں کہ انہیں اس جعلی روایات کا پتہ نہیں تھا یا سمجھتے تھے کہ یہ جعلی ہیں حالاں کہ بعض علماء نے فضائل کے باب میں اندھی عقیدت کے تحت اس پر توجہ کی ہے، لیکن دانشوران امت نے کبھی ان پر توجہ نہ کی، یہ خود ان کے جعلی ہونے کا ثبوت ہے۔ ان جعلی روایات کے مقابلے میں صحیح روایات بھی ملاحظہ فرمائیے جو قطعی مخالف ہیں:

۱۔ ابوبکر سے بطور صحیح نقل کیا گیا ہے کہ مرض الموت کے وقت کہا میں چاہتا تھا کہ رسول خداؐ سے پوچھوں کیا خلافت میں انصار کا بھی حق ہے۔(۱)

اگر ابوبکر نے نص رسولؐ سنی ہوتی تو کبھی یہ تمنا نہ کرتے۔ یا تو یہ کہا جائے کہ وہ آخری وقت ہذیان بک رہے تھے۔

۲۔ مالک حضرت عائشہ سے نقل کرتے ہیں: ابوبکر نے حالت احتضار میں عمر کو بلایا اور کہا: میں تمہیں اصحاب رسولؐ پر خلیفہ رسولؐ بناتا ہوں پھر فوجیوں کو خط لکھا کہ عمر کی اطاعت ہی میں تمہاری بھلائی ہے۔(۲) اگر عمر کی خلافت کے متعلق نص رسولؐ تھی تو اسے ابوبکر اپنی طرف کیوں نسبت دے رہے ہیں؟

۳۔ عبدالرحمٰن بن عوف کہتے ہیں ابوبکر کے مرض وفات میں ان کی عیادت کو گیا، میں نے ان سے کہا: میں آپ کو اچھی حالت میں دیکھ رہا ہوں اے خلیفہ رسولؐ! ابوبکر نے جواب دیا: لیکن مجھے تم مہاجرین کی حرکات سے سخت تکلیف ہے میں بہترین انسان کو خلیفہ بنا رہا ہوں اور تم لوگ چاہتے ہو کہ تم میں سے کوئی ہو۔ میں نے کہا: آپ رنجیدہ نہ ہوں ورنہ درد بڑھ جائے گا، بخدا! آپ ہمیشہ ہمارے خیر خواہ رہے کسی دنیوی چیز کے ضائع ہونے کا افسوس مت کیجئے، یہ جو آپ نے اپنی رائے سے خلیفہ نامزد کیا ہے اس میں بھی بھلائی ہی ہوگی۔(۳)

---

۱۔ تاریخ طبری، ج۴، ص۵۳ (ج۳رص۴۳۱) العقد الفرید ج۲، ص۲۵۴ (ج۴رص۹۳) اس روایت کے بارے میں ساتویں جلد میں تفصیل سے بحث کی جائے گی۔

۲۔ تیسیر الوصول ج۱، ص۴۸، (ج۲رص۵۷)

۳۔ تاریخ طبری ج۴، ص۵۲ (ج۳رص۴۲۹) العقد الفرید ج۲، صص۵۴، (ج۴رص۹۲) تھذیب الکامل ج۱، ص۶، باقلانی کی اعجاز القرآن ص۱۱۶، (۲۲۱۔۲۱۰)

صحابہ اس لئے ناخوش تھے کہ وہ جانتے تھے کہ اس سلسلے میں کوئی نص رسولؐ نہیں ہے۔ وہ اس بات کے معتقد تھے کہ صحابہ کو ایک دوسرے پر کوئی ترجیح حاصل نہیں۔ یا اگر نص رسولؐ تھی تو وہ جانتے تھے کہ اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے۔ ابوبکر نے محض اپنی ذاتی رائے سے خلیفہ کو امت پر تھوپ دیا ہے یا وہ یہ سمجھتے تھے کہ خلیفہ منتخب کرنا ایک شخص کا کام نہیں تمام امت کا اختیار ہے یا پھر اس لئے خفا تھے کہ نص رسولؐ تو صرف علیؑ کے لئے ہے جن پر دوسروں کو مقدم کر دیا گیا ہے یا وہ یہ دیکھ رہے تھے کہ لوگوں کو نص پر اعتبار نہیں اور انتخاب بھی غلط ڈھنگ سے کیا گیا۔ کیوں کہ ابوبکر کا انتخاب بھی بقول عمر ایک ہنگامی حادثہ تھا، عمر کا انتخاب بھی ایسے ہی ہو گیا، اس شور وغل میں ہر شخص اپنے کو خلافت کا حق دار سمجھ رہا تھا چنانچہ بلاذری کی الانساب کے مطابق عبد الرحمٰن بن عوف نے کہا: اے قوم! میں دیکھ رہا ہوں تم میں ہر شخص خلافت کا دعوے دار ہے اس معاملہ کو ٹال جاؤ کیا تم سب کو امید ہے کہ خلیفہ ہو جاؤ گے۔(۱)

۴۔ ابن قتیبہ نے ایک حدیث کے ذیل میں ابوبکر کا قول نقل کیا ہے کہ خدا نے محمدؐ کو پیغمبر کی حیثیت سے مبعوث فرمایا اور مومنوں کا ولی قرار دیا۔ ان کے مرتبہ کی وجہ سے خدا نے ہم پر احسان فرمایا پھر ان کی وفات ہو گئی۔ آپ نے اس خلافت کا معاملہ امت کے سپرد کر دیا تا کہ ان کی مصلحت کے مطابق متفقہ طور سے کسی کو خلیفہ منتخب کر لیں امت نے مجھے اپنا سرپرست اور والی بنا دیا۔(۲)

۵۔ عمر سے بطور صحیح مروی ہے: اگر میں نے تین چیزیں رسولؐ سے پوچھ لی ہوتیں تو مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہوتیں خلافت، کلالہ اور سود۔ دوسری روایت میں بجائے سرخ اونٹوں کے دنیا و مافیہا آیا ہے۔

۶۔ عمر سے بطور صحیح مروی ہے کہ اگر میں نے تین چیزیں رسولؐ سے پوچھ لی ہوتیں تو مجھے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب ہوتیں... آپ کے بعد کون خلیفہ ہوگا۔(۳)

۷۔ عمر سے بطور صحیح: اگر ہم کسی کو خلیفہ نہ بھی نامزد کریں تب بھی خداوند عالم اپنے دین کی حفاظت

---

۱۔ الانساب بلاذری، ج۵ ص۲۰

۲۔ الامامۃ والسیاسۃ ج۱ ص۱۵، (ج۱ ص۲۱)

۳۔ جلد ۶ کے باب نوادر الامر میں اس کے مدارک بیان کئے جائیں گے۔

کرے گا کیوں کہ رسول خداؐ نے بھی کسی کو اپنا خلیفہ نامزد نہیں کیا تھا۔ اگر چاہوں تو کسی کو خلیفہ نامزد کردوں جس طرح ابوبکر نے اپنا جانشین نامزد کیا۔

عبداللہ بن عمر کہتے ہیں: بخدا! ان کے رسولؐ اور ابوبکر کو یاد کرنے سے ہم سمجھتے ہیں کہ کسی کو جانشین نہیں بنائیں گے۔(۱)

۸۔عمر سے بطور صحیح: جب عمر زخمی ہوئے تو ان سے کہا گیا: آپ کسی کو اپنا جانشین کیوں نہیں بنادیتے؟ جواب دیا کہ تم چاہتے ہو کہ تمہارا بار سنگین موت وحیات کی حالت میں اٹھاؤں تو ابوبکر نے جانشین بنایا جو مجھ سے بہتر تھے اگر نہ بناؤں تو رسول خداؐ نے اپنا جانشین نہیں بنایا وہ بھی مجھ سے بہتر تھے۔ ابن عمر کہتے ہیں کہ ہم اس بات سے سمجھ گئے کہ وہ کسی کو جانشین نہ بنائیں گے۔(۲)

حضرت عمر کا خطبہ ہے: اے لوگو! میں کوئی بات اپنی طرف سے نہیں کہتا نہ مجھے اس کی لالچ ہے بلکہ مرنے والے (ابوبکر) نے مجھ پر وحی کی تھی اور انہیں خدا کی طرف سے الہام ہوا تھا، میں نااہل کو امام نہیں بناسکتا اسی کو بناؤں گا جو مسلمانوں میں محترم ہو اور وہ اس کا اہل بھی ہو۔(۳)

اس خطبہ اور ان جعلی حدیثوں کے درمیان کس قدر فرق ہے جنہیں نص خلفاء کے سلسلے میں گڑھا گیا ہے، اس میں خلافت کو ابوبکر کی طرف سے تھوپی گئی چیز بتایا گیا ہے نہ بطور وحی یا خدا کی طرف سے کوئی چیز۔

۱۰۔تاریخ طبری (۴) میں ہے کہ جب عمر زخمی ہوئے تو لوگوں نے کہا: آپ کسی کو خلیفہ کیوں نہیں

---

۱۔صحاح ستی کے مؤلفین میں سوائے نسائی کے سبھی نے اس کو نقل کیا ہے، تیسیر الوصول، ج۲، ص۵۰، (ج۲/ص۵۹/حدیث ۹) مسند احمد، ج۱، ص۴۷، (ج۱/ص۷۷/حدیث۳۳۴) تاریخ بغداد ج۱/ص۲۵۸، (نمبر ۸۶)

۲۔صحیح بخاری (ج۶/ص۲۶۳۸/حدیث۶۷۹۲)، صحیح مسلم (ج۴/ص۱۰۲/حدیث ۱۱) سنن ابی داؤد، (ج۳ /ص۱۳۳/حدیث ۲۹۳۹)، سنن ترمذی (ج۴/ص۴۳۵/حدیث ۲۲۲۵)، مسند احمد، ج۱، ص۴۳، ۴۴ (ج۱/ص۷۱/حدیث ۳۰۱، ص۵۷/حدیث ۳۲۴) سنن بیہقی، ج۸، ص۱۴۸، تیسیر الوصول ج۲، ص۴۹، (ج۲/ص۵۹/حدیث ۸)، البدایۃ والنھایۃ ج۵، ص۲۵۰، (ج۵/ص۲۷۰)

۳۔تیسیر الوصول ج۲، ص۴۸، (ج۲/ص ۵۷/حدیث ۷)

۴۔تاریخ طبری ج۵، ص۳۳، (ج۴/ص۲۲۷)

بنا دیتے ؟ جواب دیا: کس کو خلیفہ بناؤں اگر ابوعبیدہ زندہ ہوتے تو انھیں اپنا جانشین بناتا، اگر خدا پوچھتا کہ کیوں خلیفہ بنایا؟ تو کہتا کہ میں نے تیرے پیغمبرؐ سے سنا تھا کہ وہ امین امت ہیں۔ اگر سالم زندہ ہوتے تو انہیں بناتا۔ ایک شخص نے کہا: آپ کے فرزند عبداللہ کی طرف آپ کو متوجہ کرنا چاہتا ہوں۔ جواب دیا: خدا تجھے قتل کرے، مجھے خدا سے ہرگز اس کی خواہش نہیں کیا اسے جانشین بناؤں جو اپنی جورو کو طلاق دینے سے بھی عاجز ہے، مجھے تمہارے مشورے کی ضرورت نہیں کیوں کہ اگر نتیجہ بہتر نکلا تو کہو گے میں نے رائے دی تھی اور اگر برا نکلا تو مجھ پر الزام دو گے۔ عمر کے خاندان کے لئے یہی کافی ہے کہ اس کی ایک فرد امت کے بارے میں موقف حساب میں جواب دہ ہوگی۔ میں نے بذات خود جہاد کیا اور اپنے خاندان کو اس امر سے محروم رکھا... میں اس وقت دیکھ رہا ہوں کہ اگر اپنی رائے سے جانشین بنادوں تو جو مجھ سے بہتر تھا اس نے بھی ایسا ہی کیا اور اگر نہ بناؤں تو بھی مجھ سے بہتر نے ایسا کیا اور ہرگز خدا اپنے دین کو ضائع نہ کرے گا۔

ان باتوں کے بعد لوگ وہاں سے چلے آئے تھوڑی دیر بعد پھر گئے اور ان سے کہا: اے امیر المومنین! آپ مومنین کی قسمت کا فیصلہ کیوں نہیں کر دیتے؟ جواب دیا: میں نے پچھلی باتوں کے بعد سوچا تھا کہ اس کے لئے موزوں ترین شخص کو تمہارا حکمراں بنادوں (اشارہ حضرت علیؑ کی طرف تھا)۔

اتنے میں مجھے جھپکی آئی اور میں نے دیکھا کہ ایک باغ میں وہ شخص داخل ہوا جس نے اسے سینچا تھا۔ اس نے خام و پختہ پھل توڑے اور پیروں سے روندنے لگا اس سے میں سمجھا کہ میں اب مرنے والا ہوں چنانچہ اب میں اس نتیجے پر پہونچتا ہوں کہ تم لوگوں کا بار، موت وحیات کی حالت میں خود اپنے دوش پر نہیں اٹھانا چاہتا یہ رہے تم اور یہ رہی قوم۔(۱)

کاش! ہم اور تمام قوم جان سکتے کہ صحابہ باوجود بے شمار نصوص کے خلیفہ معین کرنے کی درخواست کیوں کر رہے تھے اور عمر مخالفت کیوں کر رہے تھے؟ وہ ابوعبیدہ وغیرہ کی تمنا کر رہے تھے کہ زندہ ہوتے تو انہیں کو خلیفہ بناتا پھر معاملے کو شوریٰ پر ٹال دیا۔ انہیں ابوعبیدہ اور سالم کا تو خیال آیا لیکن حضرت علیؑ کا خیال نہیں آیا جن کی آیات واحادیث میں فضیلت بیان ہوتی ہے۔ اگر خدا پوچھتا تو کہہ دیتے کہ اسے

---

۱۔ العقد الفرید ج ۲ ص ۲۵۶، (ج ۴ ص ۹۷)

خلیفہ بنایا ہے جس کے بے شمار مناقب تو نے خود بیان کئے ہیں۔

جس کے لئے آیہ مباہلہ و آیتِ تطہیر نازل ہوئی اور جو معصوم تھا، اسے سزاوار خلافت کیوں نہیں سمجھتے؟ وہ عبداللہ کو صرف ایک معاملے میں ناقص ہونے پر سزاوار خلافت نہیں سمجھتے۔ ان کے نظریے کے مطابق فرائض و احکام کے متعلق پوچھنا ہو تو زید بن ثابت کے پاس جائے، جسے فقہ کے متعلق دریافت کرنا ہو اسے معاذ بن جبل کے پاس جانا چاہیئے اور جسے بیت المال کے متعلق پوچھنا ہو وہ میرے پاس آئے، کیوں کہ خدا نے مجھے خازن اور دولت تقسیم کرنے والا بنایا ہے۔

۱۱۔ عبداللہ بن عمر نے باپ سے کہا: لوگ کہتے ہیں کہ آپ کسی کو جانشین بنانا نہیں چاہتے حالاں کہ اگر بکری اور اونٹ کو بغیر ساربان کے چھوڑ دیا جائے تو آپ اسے قصوروار سمجھیں گے، لوگوں کی نگہبانی تو جانوروں سے اہم تر ہے، آپ خدا سے کیا کہیں گے جب آپ اس سے ملاقات کریں گے اور پوچھے گا کہ کسی کو نگہبان کیوں نہ بنایا؟

عبدااللہ کا بیان ہے کہ یہ سنکر ابا جان مغموم ہو گئے، دیر تک سر جھکائے رہے پھر سر بلند کر کے فرمایا: دین کا محافظ خدا ہے، دونوں ہی کام سنت ہیں کسے انجام دوں، اگر جانشین نہ بناؤں تو رسولؐ نے بھی نہیں بنایا اور اگر جانشین بناؤں تو ابوبکر نے بنایا ہے۔ عبداللہ سمجھ گئے کہ کسی کو جانشین نہیں بنائیں گے۔(۱)

یہ روایت ایک دوسری طرح بھی ہے کہ عبداللہ نے کہا: لوگوں کا مطالبہ آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں، وہ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کسی کو جانشین نہ بنائیں گے جب کہ اگر چرواہا اپنی بکریوں کو آزاد چھوڑ دے تو آپ اس کو قصووار سمجھیں گے، انسانوں کا معاملہ تو جانوروں سے بھی اہم ہے۔ میری بات سن کر ابا جان نے تصدیق کی اور دیر تک سر جھکائے رہے پھر سر اٹھا کر کہا: خدا اپنے دین کا محافظ ہے اگر خلیفہ نہ بناؤں تو رسولؐ نے بھی نہیں بنایا اگر بناؤں تو ابوبکر نے بنایا ہے۔(۲)

---

۱۔ حلیۃ الاولیاء، ج۱، ص۴۴، ریاض النضرۃ ج۲، ص۴۷، (ج۲/ص۳۵۳)، صحیح مسلم (ج۴/ص۱۰۲/حدیث ۱۱، ۱۲ کتاب الامارۃ)، سنن بیہقی ج۵، ص۱۴۹

۲۔ ابن جوزی کی سیرۂ عمر، ص۱۹۰ (۱۹۵)

۱۲۔ابوزرعہ کتاب العلل میں عبداللہ سے روایت کرتے ہیں: جب عمر کو زخمی کیا گیا تو میں نے کہا: آپ کسی کو جانشین کیوں نہیں بنا دیتے؟ انہوں نے کہا: مجھے اٹھا کے بٹھا دو۔ عبداللہ کہتے ہیں جب میں نے کہا اور انہوں نے فرمایا کہ مجھے بٹھا دو تو میرا خیال ہے کہ ان کا مجھ سے فاصلہ مدینے کی دوری کا تھا۔ فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضے میں میری جان ہے! میں اسی کے حوالے کروں گا جس نے یہ بوجھ میرے حوالے کیا تھا۔(۱)

۱۳۔ابن قتیبہ الامامۃ والسیاستہ (۲) میں لکھتے ہیں: جب عمر کو مرنے کا یقین ہو گیا تو اپنے بیٹے عبد اللہ سے کہا: عائشہ کے پاس جاؤ اور ان سے کہو کہ مجھے پہلوئے رسولؐ میں دفن ہونے کی اجازت دیدیں۔ عبداللہ نے جا کر ان سے ماجرا بیان کیا، انہوں نے جواب دیا کہ ٹھیک ہے کوئی ہرج نہیں مزید کہا: بیٹا! میرا سلام عمر سے کہہ دینا اور ان سے کہنا کہ امت بغیر سرپرست کے نہ چھوڑیں کیوں کہ میں اس کے خطرناک نتائج دیکھ رہی ہوں۔ عبداللہ نے آکر عائشہ کی بات کہی عمر نے جواب میں کہا: وہ کسے بنانے کو کہہ رہی ہیں؟ اگر ابوعبیدہ زندہ ہوتے انہیں خلیفہ اور ولی بناتا، خدا کے سامنے جا کر کہتا کہ امین امت کو خلیفہ بنایا ہے اگر معاذ بن جبل زندہ ہوتے تو انہیں خلیفہ بناتا خدا پوچھتا تو کہتا کہ تیرے نبیؐ سے سنا ہے کہ معاذ قیامت میں زمرہ علماء میں محشور ہوں گے، اگر خالد بن ولید زندہ ہوتے تو انہیں خلیفہ بناتا خدا پوچھتا تو کہتا کہ خالد مشرکوں کے خلاف اٹھی ہوئی تلوار ہے لیکن میں اسے خلیفہ بناؤں گا جس سے رسول خداؐ مرتے وقت راضی تھے۔(۳)

**علامہ امینیؒ فرماتے ہیں:** کاش! حضرت عمر کو حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں کوئی ایک ہی حدیث یاد آجاتی جسے بے شمار حفاظ ومحدثین نے خود انہیں سے نقل کیا ہے اور انہیں خلیفہ بنا دیتے اور خدا پوچھتا تو عذر پیش کرتے ہوئے وہ حدیث دہرا دیتے۔ انہیں تو صرف حدیث ثقلین ہی کافی تھی جسے تمام علماء ومحدثین نے ان سے نقل کیا ہے، حدیث منزلت، حدیث خیبر کے علاوہ حدیث غدیر کو پیش کر دیتے۔

---

۱۔ریاض النضرۃ ج ۲ ص ۴۷، (ج ۲ ص ۳۵۴)

۲۔الامامۃ والسیاسۃ ص ۲۲، (ج ۱ ص ۲۸)

۳۔اعلام النساء، ج ۶ ص ۶-۸۷، (ج ۳ ص ۱۲۷)

دوسرے صحابہ سے مروی علیؑ کے لئے ہے کہ جس قدر علیؑ کے فضائل ہیں کسی کے نہیں وہ حق کی ہدایت کریں گے اور ضلالت سے باز رکھیں گے یا اکثر صحابہ سے مروی اگر آسمان وزمین کے ساتوں طبق کا ایمان ایک پلے میں اور دوسرے میں علیؑ کا ایمان ہو تو قطعاً ایمان علیؑ گراں تر ہوگا۔

حضرت عمر کو ایسے وقت میں جعلی حدیثیں یاد آئیں لیکن علیؑ کے بارے میں آیۂ مباہلہ اور آیۂ تطہیر یاد نہیں آئی؟ کتنی شرمناک بات ہے کہ عمر کو ایرانی نژاد سالم بن معقل خلافت کے لئے موزون نظر آتا ہے۔ آخری وقت خواہش کرتے ہیں کہ اگر سالم زندہ ہوتے تو معاملۂ خلافت کو شوریٰ پر نہ ٹالتا۔(۱) رسول خداؐ کو کس قدر راذیت ہوئی ہوگی کہ ان کے بھائی علیؑ کو غلاموں کے برابر بھی نہیں سمجھا جاتا جب کہ ان کی ولایت کے ثبوت میں آیات واحادیث کے انبار ہیں۔

کیا یہی عمر نہیں تھے جنہوں نے سقیفہ میں اس حدیث سے استدلال کیا تھا کہ ''امام قریش سے ہوں گے'' پھر کیوں وہ غلام اور ایرانی نژاد کو خلافت کے لئے موزون سمجھ رہے ہیں اور علیؑ کو نہیں سمجھتے۔

کیا عمر نے خالد بن ولید کے لئے سنگسار کرنے پر اصرار نہیں کیا تھا۔ ابوبکر پر دہاڑے تھے کہ اس نے مالک بن نویرہ کو قتل کیا، اس کی عورت سے اسی رات ہم بستری کی، پورے قبیلے کے لوگوں کو اور وہاں کی دولت کو تہس نہس کر دیا تھا۔ خالد کی تلوار ظلم اور گناہ ہے، اس دشمن خدا نے مسلمانوں کو قتل کیا پھر اس کی عورت سے زنا بھی کیا یا خالد سے غصے میں کہا تھا: تم نے ایک مسلمان کو قتل کیا پھر اس کی عورت سے زنا بھی کیا، خدا کی قسم! میں تجھے ضرور سنگسار کروں گا۔

شاید وہ یہ تمام واقعات فراموش کر چکے تھے۔ ناجائز سیاست، قومی مفاد سے الگ ہی زبان عطا کرتی ہے، غلط آرزوئیں انھیں ناجائز سیاستوں کا نتیجہ ہوتی ہیں جنہیں کتاب وسنت سے منطبق کرنا محال ہو جاتا ہے۔

۱۴۔ بلاذری انساب الاشراف (۲) میں ابن عباس سے نقل کرتے ہیں کہ عمر نے مجروح ہونے

---

۱۔ طبقات ابن سعد، ج۳، س۲۴۸، (ج۳ ص۳۴۳) باقلانی کی التمھید، ص۲۰۴، الاستیعاب ج۲ ص۵۶۱، (نمبر ۸۸۱) طرح التثریب ج۱ ص۴۹

۲۔ انساب الاشراف ج۵، ص۱۶

سے قبل کہا تھا: سمجھ میں نہیں آتا امت محمدؐ کے متعلق کیا کروں؟ میں نے کہا: آپ فکر مند کیوں ہیں جب کہ اس میں موزون افراد موجود ہیں۔ کہنے لگے: شاید تمہاری مراد علی بن ابی طالبؑ سے ہے؟ میں نے کہا: ہاں، کیوں کہ وہ رسولؐ کے مقرب، ان کے داماد، سابق الاسلام ہیں اور ہر محاذ پر کھرے اترے۔ کیا ایسا شخص خلافت کے لئے موزون نہ ہوگا۔

عمر نے کہا: ان میں خوش طبعی اور مزاح بہت زیادہ ہے۔ میں نے پوچھا: طلحہ کیسے ہیں؟ بولے: اس میں نخوت وتکبر ہے۔ پوچھا: عبدالرحمٰن بن عوف؟ بولے: موزون تو ہے لیکن کمزور ہے۔ میں نے پوچھا: سعد؟ بولے: وہ جنگجو اور ہنگامہ پسند ہے۔ پوچھا: زبیر؟ کہا: بخیل ہے مومن سے زیادہ کافر سے راضی ہے، سخت ہے لیکن وہ لالچی بھی ہے۔ خلافت تو ایسے کو ملنی چاہیئے جو طاقت ور ہو، مکار نہ ہو، مہربان ہو، کمزور نہ ہو، بے موقع سخی نہ ہو۔

میں نے کہا: عثمان کیسے ہیں؟ کہنے لگے: اگر وہ مسلمانوں پر حکمراں ہوا تو ابن معیط کے چھوکروں کو لوگوں پر مسلط کردے گا اور اگر اس نے ایسا کیا تو لوگ اسے قتل کردیں گے۔

۱۵۔ جنگ جمل میں حضرت علی علیہ السلام نے تقریر فرمائی: امابعد رسول خداؐ نے حکمرانی کے بارے میں ہمیں کوئی وصیت نہیں فرمائی کہ ہم اس کی پیروی کرتے۔ ہم نے خود حکمراں بنائے، ابوبکر جانشین بن گئے اور جمے رہے پھر عمر بنے اور جمے رہے اور اس کے بعد حالات دگرگوں ہوگئے۔(۱)

۱۶۔ ابووائل نے علیؑ سے پوچھا: آپ اپنا خلیفہ کیوں نہیں بنادیتے؟ جواب میں فرمایا: رسولؐ نے خلیفہ نہیں بنایا تو میں کیوں بناؤں لیکن اگر خدا لوگوں کی بھلائی کا ارادہ کرے گا تو انہیں خیر پر مجتمع کردے گا جس طرح بعد رسولؐ لوگ خیر پر جمع ہوگئے۔(۲)

۱۷۔ حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا گیا: اگر آپ اپنا قتل ہونا جانتے ہیں تو اپنا جانشین کیوں نہیں

---

۱۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۳، ص ۱۰۴، (ج ۳/ص ۱۱۲/حدیث ۴۵۵۸)، البدایۃ والنھایۃ، ج ۵/ص ۲۵۰، (ج ۵/ص ۲۷۱)، الصواعق المحرقۃ، (ص ۴۸)، مسند احمد (ج ۱/ص ۱۸۴/حدیث ۹۲۳)

۲۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۳، ص ۷۹، (ج ۲/ص ۸۴/حدیث ۴۴۶۷)، سنن بیہقی، ج ۸، ص ۱۴۹، البدایۃ والنھایۃ، ج ۵، ص ۲۵۱، (ج ۵/ص ۲۷۱)، الصواعق المحرقۃ، ص ۲۷، (۴۶)

بنا دیتے؟ فرمایا: میں اس سلسلے میں وہی کروں گا جو رسولؐ نے کیا۔(۱)

بیہقی نے اس طرح لکھا ہے میں اس معاملے کو اسی طرح چھوڑ دوں گا جس طرح رسولؐ نے چھوڑ دیا تھا۔(۲)

۱۸۔ عائشہ سے بطور صحیح روایت ہے کہ اگر رسولؐ نے خلیفہ بنایا ہوتا تو ابوبکر وعمر بھی بناتے۔(۳)

۱۹۔ عائشہ کو حضرت ام سلمہ نے سمجھایا: میں اور تم ایک سفر میں رسولؐ کے ساتھ تھے، حضرت علیؑ رسولؐ کا کپڑا اور جوتا ٹھیک ٹھاک کر رہے تھے، اتفاق سے رسولؐ کا جوتا پھٹ گیا اور ایک درخت کے نیچے علیؑ ٹانکنے لگے، اسی درمیان تمہارے باپ عمر کے ساتھ آئے اور اذن باریابی طلب کیا، ہم تم پس پردہ چلے گئے، اس نے خدمت رسولؐ میں عرض کی: یا رسول اللہؐ! ہم نہیں جانتے آپ کب تک زندہ رہیں گے اس لئے آپ اپنے جانشین کی نشان دہی کر دیں تا کہ ہمیں اطمینان ہو جائے۔ رسول خداؐ نے فرمایا: ہم اس معاملے پر غور کر رہے ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ اگر جانشین بنا دوں تو تم لوگ اس سے الگ ہو جاؤ گے جس طرح بنی اسرائیل ہارون سے الگ ہو گئے تھے۔ وہ دونوں چپ ہو کر واپس گئے جب ہم خدمت رسولؐ میں شرفیاب ہوئے تو تم چوں کہ رسولؐ کی زیادہ منھ لگی تھی تم نے پوچھا: یا رسولؐ! آپ کس کو امیر بنائیں گے؟

رسولؐ نے فرمایا: جو میری جوتیاں ٹانک رہا ہے۔ ہم نے جھانک کر دیکھا تو وہاں صرف علیؑ ہی تھے، ہم نے پوچھا: یا حضرت! وہاں تو صرف علیؑ ہی ہیں جو آپ کی جوتیاں ٹانک رہے ہیں۔ رسولؐ نے فرمایا: ہاں وہی۔ عائشہ یہ سن کر چونک پڑیں اور بولیں: ہاں یاد آیا۔(۴)

۲۰۔ عائشہ نے بصرے میں خطبہ دیا: لوگو! عثمان کا گناہ اس حد تک نہیں پہونچا تھا کہ ان کا خون

---

۱۔ مسند احمد (ج۱/ص۲۵۱/حدیث۱۳۴۲) ریاض النضرۃ ج۱،ص۱۵۹، ج۲/ص۲۴۵، (ج۱/ص۱۹۹، ج۳/ص۲۰۴)

۲۔ دلایل النبوۃ (ج۶/ص۴۳۹)، البدایۃ والنھایۃ، ج۶،ص۲۱۹، (ج۶/ص۲۴۴)، الصواعق المحرقۃ ص۲۷، (۴۶)، تلخیص المستدرک علی الصحیحین، (ج۳/ص۸۴/حدیث۴۴۶۷)

۳۔ صحیح مسلم (ج۵/ص۹/حدیث۹ /کتاب فضائل الصحابۃ)، ریاض النضرۃ (ج۱/ص۳۹)، المستدرک علی الصحیحین ج۳/ص۷۸، (ج۳/ص۸۳/حدیث۴۴۶۴)

۴۔ اعلام النساء، ج۲،ص۷۸۹، (ج۳/ص۳۸)

مباح کر دیا جائے وہ قطعی مظلوم قتل ہوئے ۔ میں تمہارے تازیانے وڈندے کھانے پر رنجیدہ ہو جاتی ہوں قتل عثمان پر کیوں نہ رنج ہوگا ۔ میرے خیال میں پہلے قاتلین عثمان سے بدلہ لو پھر حضرت عمر کی طرح شوریٰ کے ذریعے خلافت کا معاملہ طے کرو۔

اس تقریر کے بعد لوگوں میں اختلاف ہو گیا بعض کہتے ٹھیک کہتی ہیں بعض کہنے لگے غلط کہتی ہیں اور پھر آپس میں مکے گھونسے چلنے لگے ۔ بالکل اسی طرح کی اور بھی روایتیں ہیں ۔(۱)

۲۱۔حذیفہ نے رسول خداؐ سے عرض کی: کیا اچھا ہوتا کہ آپ اپنا جانشین کسی کو بنا دیتے ؟ فرمایا: اگر میں جانشین بنا دوں اور تم اس کی مخالفت کرو تو تم پر عذاب نازل ہو جائے گا۔

لوگ کہنے لگے: بہتر ہوتا آپ ابوبکر کو خلیفہ بنا دیں ۔فرمایا: اگر اسے خلیفہ بنا دوں تو تم دیکھو گے کہ وہ کمزوری اور بوڑھے پن کے باوجود دین کے معاملے میں مضبوط ہے۔

کہا گیا: مناسب ہوگا کہ آپ عمر کو خلیفہ بنا دیں ۔فرمایا: اگر اسے بنا دوں تو تم دیکھو گے کہ دین خدا کے لئے طاقتور اور امین کسی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے ۔

کہا گیا: بہتر ہوتا آپ علیؑ کو خلیفہ بنا دیں ۔فرمایا: اگر اسے بنا دوں تو تم اسے ہادی ومہدی پاؤ گے وہ ہمیشہ تمہیں سیدھے راستے پر رکھے گا ۔(۲) حلیۃ الاولیاء(۳) میں ابوبکر وعمر کی جانشینی کا تذکرہ نہیں ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حدیث میں خیانت کی گئی ہے ۔

۲۲۔ابن عباس سے مروی ہے: لوگوں نے رسول خداؐ سے عرض کی: آپ کسی کو اپنا خلیفہ بنا دیں تا کہ ہم اسے پہچان لیں اور اپنے معاملات اس کے حوالے کر دیں کیوں کہ ہم نہیں جانتے کہ آپ کے بعد کیا ہوگا ۔رسول خداؐ نے فرمایا: اگر کسی کو تم پر امیر مقرر کر دوں اور وہ تمہیں اطاعت خدا کا حکم دے اور تم اس کی نافرمانی کرو تو اس کی نافرمانی میری نافرمانی ہوگی اور میری نافرمانی خدا کی نافرمانی ہوگی اور اگر

---

۱۔اعلام النساء، ج۲،ص۷۹۶، (ج۳رص۴۶)
۲۔المستدرک علی الصحیحین، ج۳،ص۷۰، (ج۳رص۴۷رحدیث۴۴۳۵)
۳۔حلیۃ الاولیاء، ج۱،ص۶۴

وہ معصیت خدا کا حکم دے اور تم اس کی اطاعت کروتو قیامت کے دن مجھ پر تمہاری محبت قائم ہو جائے گی لیکن تمہیں خدا کے سپرد کرتا ہوں ۔(۱)

۲۳۔ پھر اگر یہ نصوص صحیح ہیں اور خلافت عہد خدا ہے ، جبرئیل آسمان سے لائے ،آسمان کانپا، فرشتوں نے آواز دی، رسول اکرمؐ نے اعلان کیا اور خدا اور رسولؐ اور مومنوں کو صرف ابوبکر ہی کی طلب تھی تو پھر صحیح بخاری (۲) کی ان روایتوں کا کیا بنے گا کہ ابوبکر نے سقیفہ کے دن حاضرین سے خطاب کیا: عمر یا ابوعبیدہ کی بیعت کرلو۔ طبری (۳) کی روایت ہے کہ یہ ہیں عمر اور یہ ہیں ابوعبیدہ ان کی بیعت کرلو۔ مسند احمد (۴) الامامۃ والسیاسۃ (۵) وغیرہ میں بھی یہی ہے۔

**علامہ امینیؒ فرماتے ہیں** :واہ! کیا کہنا رسولؐ کے افتخار اور مومنین کی نازش کے لئے یہی کافی ہے کہ مدینہ میں خلیفہ رسولؐ بننے کے لئے ابوعبیدہ اور ابوطلحہ گورکن کے سوا کوئی نہ تھا۔

امت اسلام کس قدر خوش نصیب ہے کہ ایک گورکن خلافت کے خلا کو پر کرے اور دین کا سربراہ بنے۔جس خلافت کا معیار یہ ہو کہ معاویہ جیسا شخص امین ہو، رسول بنتے بنتے رہ جائے (۶) اس میں خلیفہ کسی گورکن ہی کو ہونا چاہیئے ۔

جب ابوبکر خلافت کو ابوعبیدہ کے حوالے کرنا چاہتے تھے تو آسمان کیوں نہ کانپا حالاں کہ رسولؐ جب (روایات کی بنا پر) خلافت کو علیؑ کے حوالے کرنا چاہتے تھے تو آسمان لرزنے لگا، فرشتے آہ وفغاں کرنے لگے، خدا نے سختی سے منع کر دیا کہ صرف ابوبکر ہی خلیفہ ہوں گے۔جی ہاں! آسمان کو لرزنا چاہیئے ، زمین کو پھٹ جانا چاہیئے ، پہاڑوں کو زمیں بوس ہو جانا چاہئے۔

---

۱۔تاریخ بغداد، ج۱۳،ص۱۶۰

۲۔صحیح بخاری (ج۳ ؍ص۱۳۴۲ ؍حدیث ۳۴۶۷)

۳۔تاریخ طبری، ج۳ص۲۰۹،(ج۳ ؍ص۲۲۱)،ص۲۰۱،(ج۳ ؍ص۲۰۶)

۴۔مسند احمد ج۱،ص۵۶،(ج۱ ؍ص۹۰ ؍حدیث ۳۹۳)

۵۔الامامۃ والسیاسۃ، ج۱،ص۷،(ج۱ ؍ص۱۴،۱۶)

۶۔مختصر تاریخ ابن عساکر،(ک ۲۵ ؍ص۶)،اللآلی المضوعۃ، (ج۱ ؍ص۴۱۹)

۲۴۔ آخر کیا بات تھی کہ عمر کہتے ہیں: اے ابوبکر! آپ ہاتھ بڑھایئے تا کہ میں بیعت کروں اور ابوبکر کہتے ہیں: نہیں، تم ہاتھ بڑھاؤ تا کہ بیعت کروں۔ اس تکرار میں آخر عمر نے ابوبکر کی بیعت کر لی۔ ابوبکر نے کہا: میری قوت تمہاری قوت کے بل پر ہے۔(۱)

۲۵۔ آخر کیسے ابوبکر کو مہاجرین اور وزارت کو انصار سے مخصوص قرار دے رہے ہیں؟ (۲)

۲۶۔ ابوبکر کے لئے آخر کیا وجہ جواز تھا کہ وہ کہتے ہیں: میں نے یہ خلافت تھام لی ہے لیکن کراہت کے ساتھ، بخدا! میں چاہتا ہوں کہ میری جگہ تم میں سے کوئی ہو جائے۔ (۳)

جسے خدا، رسولؐ اور جبرئیل نے ان کے حوالے کیا تھا اس سے آخر کراہت کیوں؟ دوسروں کے حوالے کیوں کر رہے ہیں حالاں کہ رسولؐ نے خلافت کو علیؑ کے حوالے کرنا چاہا تو وہ درمیان میں حائل ہو گئے تھے، صرف ابوبکر کو خدا چاہتا ہے۔

۲۷۔ ابوبکر چلا رہے ہیں کہ مجھے چھوڑ دو میں تم سے بہتر نہیں ہوں، (۴) مجھے تمہاری بیعت کی ضرورت نہیں، مجھے چھوڑ دو۔ (۵) آخر اس دست برداری کا جواز کیا ہو سکتا ہے جسے خدا اور رسولؐ متعین کرنا چاہتے ہیں؟

۲۸۔ ابوبکر تین روز تک لوگوں سے پوشیدہ رہے، روزانہ باہر آ کر کہتے ہیں: تمہاری بیعت کو مسترد کرتا ہوں کسی دوسرے کو منتخب کر و۔(۶) بلکہ سات روز تک لوگوں کو اختیار دیا آخر اس دست برداری اور بیعت گردن سے اٹھانے کا جواز کیا ہو سکتا ہے جب کہ مشیت خداوندی انہیں کے حق میں تھی۔

۲۹۔ حضرت ابوبکر کی اس تقریر کے متعلق کیا صفائی دی جائے گی کہ وہ فرماتے ہیں:

---

۱۔ تاریخ طبری، ج ۳، ص ۱۹۹، (ج ۳/ص ۲۰۳)، السیرۃ الحلبیہ ج ۳، ص ۳۸۶، الصواعق المحرقۃ، ص ۷، (۱۲)

۲۔ تاریخ طبری، ج ۳، ص ۱۹۹، ۲۰۸، (ج ۳/ص ۲۰۳، ۲۲۰)، ریاض النضرۃ، ج ۲، ص ۱۶۲، ۱۶۳، (ج ۱/ص ۲۰۳، ۲۰۴)

۳۔ صفۃ الصفوۃ، ج ۱، ص ۹۹، (ج ۱/ص ۲۶۰/نمبر ۲)

۴۔ الصواعق المحرقۃ، ص ۳۰، (۵۱)

۵۔ الامامۃ والسیاسۃ، ج ۱، ص ۱۴، (ج ۱/ص ۲۰)

۶۔ الامامۃ والسیاسۃ، ج ۱، ص ۱۶، (ج ۱/ص ۲۲)، ریاض النضرۃ ج ۱، ص ۱۷۵، (ج ۱/ص ۲۱۷)

لوگو! یہ علیؑ ہیں ،انہوں نے میری بیعت نہیں کی ہے، یہ اپنے معاملات میں با اختیار ہیں۔ آ گاہ ہوجاؤ! تم سب بیعت کے سلسلے میں با اختیار ہو میرے سوا کسی اور کی بیعت کرلو۔ جس کی بیعت کرو گے سب سے پہلے میں اس کی بیعت کروں گا۔(۱)

شاید وہ حادثوں کے ڈر سے لوگوں کو مختار بنا رہے تھے۔لیکن یہ حادثے تو آسمان لرزنے کے مقابلے میں کمتر تھے، عمر نے ابوبکر کے سامنے پہونچ کر شور مچانا شروع کر دیا، وہ حباب بن منذر سے جو مخالف بیعت ابوبکر تھے بولے: خدا تجھے قتل کرے، ان کی آنکھیں پھوڑ دیں، ہاتھ اینٹھ دئے پھر رئیس حزرج، سعد پر غرائے: اس کو قتل کردو، خدا قتل کرے یہ منافق ہے۔ قیس بن سعد نے جھپٹ کے عمر کی داڑھی پکڑ لی اور کہا: بخدا! اگر سعد کو کچھ ہوا تو تیرے دانت توڑ دوں گا۔ زبیر تو تلوار ہی بھانجنے لگے تھے، مقداد کے سینے کو فشار دیا گیا، فاطمہؑ کے گھر پر ہلہ بول دیا جو لوگ گھر میں تھے انہیں بیعت کے لئے بزور نکالنے گئے عمر آگ اور لکڑی بھی لے آئے اور آواز دی: گھر سے باہر نکلو ورنہ سب کو جلا دوں گا۔ فاطمہؑ نے پس پردہ سے روتے ہوئے فریاد کی: اے بابا! ذرا دیکھئے تو پسر قحافہ نے مجھ پر مصائب کے پہاڑ توڑ دئے۔ بیعت کے لئے علیؑ کے گلے میں چادر کا پھندا ڈال کر مسجد کی طرف گھسیٹتے ہوئے چلے۔ ان سے کہا گیا بیعت کرو ورنہ قتل کر دئے جاؤ گے۔ وہ فریاد کر رہے تھے: اے ماں جائے! لوگوں نے مجھے کمزور کر دیا ہے وہ قتل پر آمادہ ہیں۔(۲)

یہ تمام باتیں اس بات کی واضح تردید کرتی ہیں کہ خلافت ابوبکر خدا و رسولؐ اور فرشتوں کی طرف سے ہے، خلافت ابوبکر کا خدا کی طرف سے ہونا سراسر جھوٹ اور ڈھونگ ہے جسے بنام خدا و رسول گڑھا گیا ہے۔

۳۰۔ عمر نے بعد وفاتِ رسولؐ ابوعبیدہ سے کہا: اپنا ہاتھ بڑھاؤ تا کہ تمہاری بیعت کروں کیوں کہ تم ارشاد رسولؐ کے مطابق امین امت ہو۔ ابوعبیدہ نے جواب دیا: جب سے مسلمان ہوا ہوں تم سے ایسی غلطی نہیں دیکھی کیا تم میری بیعت کرو گے جب کہ تمہارے درمیان صدیق و یار غار موجود

---

۱۔ السیرۃ الحلبیۃ، ج۳،ص۳۸۹، (ج۳رص۳۶۰)

۲۔ اس کے مدارک ساتویں جلد میں پیش کئے جائیں گے۔

ہیں۔(۱) انہیں ان نصوص کے ہوتے صدیق و یار غار کی دہائی دینا سمجھ میں نہیں آتا؟

۳۱۔عمر مسلمانوں کے معاملات کو شوریٰ کے سپرد کر کے کہتے ہیں: جو شوریٰ کے علاوہ کسی کی بیعت کرے گا اس کی اہمیت نہ ہوگی، اسے قتل کر دیا جائے گا۔(۲)

۳۲۔صحیح مسلم (۳) و مسند احمد (۴) میں ہے کہ ایک دن عمر نے تقریر کی: میں نے خواب دیکھا ہے کہ مرغ مجھے چونچ مار رہا ہے۔

میں سمجھتا ہوں کے میری موت قریب ہے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ کسی کو خلیفہ بنا دوں، حالاں کی خدا کبھی اپنا دین برباد نہ کرے گا اور اگر لوگ اس امر (خلافت) میں جلدی چاہتے ہیں تو شوریٰ کے ان چھ افراد میں سے کسی کو خلیفہ منتخب کر لیں۔(۵)

۳۳۔آخر کیا وجہ تھی کہ عمر نے خلافت ابوبکر کے لئے کہا کہ بیعت ابوبکر ناگہانی حادثہ تھا، خدا نے اس کے شر سے محفوظ رکھا (۶) یا جاہلی لغزش تھی (۷) اب اگر کوئی اس کا اعادہ کر چکا تو قتل کیا جائے گا۔(۸)

---

۱۔مسند احمد، ج۱، ص۳۵، (ج۱رص۵۸رحدیث ۲۳۵)، الطبقات الکبریٰ، ج۳، ص۱۲۸، (ج۳رص۱۸۱)، نھایۃ ابن اثیر ج۳، ص۲۴۷، (ج۳رص۴۸۲)، صفۃ الصفوۃ، ج۱، ص۹۷، (ج۱رص۲۵۶رنمبر۲)، السیرۃ الحلبیۃ، ج۳رص۳۸۶، (ج۳رص۳۵۷)، الصواعق المحرقۃ، ص۷، (ص۱۲)

۲۔مسند احمد، ج۱، ص۵۶، (ج۱رص۹۱رحدیث۳۹۳)، البدایۃ والنھایۃ، ج۵، ص۲۴۶، (ج۵رص۲۶۷)

۳۔صحیح مسلم، ج۲، ص۳، (ج۲رص۳۸رحدیث ۷۸، کتاب المساجد)

۴۔مسند احمد، ج۱، ص۴۸، (ج۱رص۷۹رحدیث۳۴۳)

۵۔سنن بیہقی، ج۸، ص۱۵۰، تیسیر الوصول، ج۲، ص۴۹، (ج۲رص۵۸رحدیث ۸)

۶۔صحیح بخاری، باب رجم الحبلی من الزنا، ج۱۰، ص۴۴، (ج۶رص۲۵۰۵رحدیث۶۴۴۲)، مسند احمد، ج۱، ص۵۵، (ج۱رص۹۰رحدیث۳۹۳)، تاریخ طبری، ج۳، ص۲۰۰، (ج۳رص۲۰۵)، انساب بلاذری، ج۵، ص۱۵، سیرۂ ابن ہشام، ج۴، ص۲۳۸، (ج۴رص۳۰۸)، تیسیر الوصول، ج۲، ص۴۲، ۴۴، (ج۲رص۵۱، ۵۳رحدیث۴)، تاریخ کامل، ج۲، ص۱۳۵، (ج۲رص۱۱)، نھایۃ ابن اثیر، ج۳، ص۲۳۸ف، (ج۳رص۴۶۷)، ریاض النضرۃ، ج۱، ص۱۶۱، (ج۱رص۲۰۱)، البدایۃ والنھایۃ، ج۵، ص۲۴۶، (ج۵رص۲۶۶) السیرۃ الحلبیۃ، ج۳، ص۳۸۸، ۳۹۲، (ج۳رص۳۶۰، ۳۶۳) الصواعق المحرقۃ، ص۵، ۸، (ص۱۰، ۱۴) تاج العروس، ج۱، ص۵۶۸

۷۔تاریخ طبری، ج۳، ص۲۱۰، (ج۳رص۲۲۳)

۸۔الصواعق المحرقۃ، ص۲۱، (ص۳۶)

یہ خلافت تو بشارتوں اور متواتر پیش گوئیوں سے معمور تھی۔ رسول خداؐ کی زبان نہیں تھکی تھی اس کے اعلان سے، ان نصوص کے مقابلے میں رسولؐ کو وصیت لکھنے کی قطعاً ضرورت نہ تھی اس کے بعد تو چھوٹا سا اختلاف بھی ناممکن تھا۔ حضرت عمرؓ آخر اس میں کیا برائی دیکھ رہے تھے جب کہ تمام صحابہ عادل ہیں اور خدا و رسولؐ و مومنین خلافت ابوبکر کے سوا کوئی چیز قبول کرنے پر آمادہ نہ تھے۔

۳۴: عمر نے عبدالرحمٰن بن عوف کو پیشکش کی کہ وہ خلیفہ و ولی عہد ہو جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جب میں مشورہ کروں گا تو آپ میری رہنمائی کریں گے؟ عمر نے کہا: بخدا! ہرگز نہیں۔ عبدالرحمٰن نے کہا: تو پھر میں راضی نہیں ہوں کہ آپ کے بعد مسلمانوں کا خلیفہ بنوں۔ (۱)

۳۵۔ کیا وجہ تھی کہ تمام انصار بیعت ابوبکر نہیں کر رہے تھے (۲) جب کہ اس قدر بے شمار نصوص موجود تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم علیؑ کے سوا کسی کی بیعت نہیں کریں گے۔ یا یہ کہ ایک تم میں سے امیر ہو ایک ہم سے ہو۔ (۳) آخر کیا وجہ تھی کہ طلحہ، زبیر، مقداد، سلمان، عمار، ابوذر، خالد بن سعید اور اکثر بزرگان مہاجرین نے بیعت ابوبکر سے انکار کیا۔ (۴) وہ کہتے رہے کہ ہم صرف علیؑ کی بیعت کریں گے اس لئے علیؑ کے گھر میں پناہ گزیں تھے آخر جبری سیاست کے ذریعے نکالے گئے۔

سعد دہاڑ رہے تھے: بخدا! ہرگز تمہاری بیعت نہ کروں گا چاہے تمام جن و انس تمہاری بیعت کر لیں۔ وہ آخری سانسوں تک ابوبکر کی جماعت میں شامل نہ ہوئے، ان سے قطع تعلق کئے رہے، نہ ان کے ساتھ حج کیا۔ (۵) عباس اور تمام بنی ہاشم کے پاس کیا عذر تھا؟ کیا ان کے سامنے یہ جعلی نصوص نہیں تھے؟

۳۶۔ خود امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کو اس انتخابی بیعت سے اختلاف تھا۔ ابن قتیبہ لکھتے

---

۱۔ الفتوحات الاسلامیۃ، ج ۲، ص ۴۲۷، (ج ۲/ص ۲۷۵)

۲۔ مسند احمد، ج ۱، ص ۵۵، (ج ۱/ص ۹۰/حدیث ۳۹۳)

۳۔ مسند احمد، ج ۱، ص ۴۰۵، (ج ۱/ص ۶۶۸/حدیث ۳۸۳۲)، طبقات ابن سعد، ج ۲، ص ۱۲۸، (ج ۳/ص ۱۸۲)

۴۔ ریاض النضرۃ، ج ۱، ص ۱۶۷، (ج ۱/ص ۲۰۷)

۵۔ تاریخ طبری، ج ۳، ص ۱۹۸، ۲۰۰، ۲۰۷، ۲۱۰، (ج ۳/ص ۲۰۲، ۲۰۵، ۲۱۸، ۲۲۲)

ہیں کہ علی کرم اللہ وجہہ کو ابوبکر کے سامنے لایا گیا تو انہوں نے کہا: میں بندۂ خدا و برادر رسولؐ ہوں۔ ان سے کہا گیا کہ ابوبکر کی بیعت کرو۔ انہوں نے جواب دیا: میں خلافت کا تم سے زیادہ حقدار ہوں، اگر تم صاحب ایمان ہو تو میرے ساتھ انصاف کرو ورنہ پھر اپنے کرتوت کا بدلہ پاؤ گے۔

عمر نے کہا: تمہیں آزاد نہیں کیا جائے گا جب تک بیعت نہ کرو گے۔ علیؑ نے جواب دیا: تم دودھ دوہ رہے ہو کہ اس میں تمہارا بھی حصہ ہے، آج کوشش کر رہے ہو کل فائدہ اٹھاؤ گے، بخدا! اے عمر! میں ہرگز بیعت نہ کروں گا۔

ابوبکر نے کہا: اگر تم بیعت نہ کرو گے تو میں مجبور بھی نہ کروں گا۔ ابوعبیدہ نے کہا: بھیا! تم کمسن ہو اور یہ مسن ہیں، تمہارے پاس ان کے جیسا تجربہ نہیں، میں ابوبکر کو تم سے زیادہ خلافت کا حقدار سمجھتا ہوں، بڑا اچھا ہوتا کہ خلافت ان کو دے ڈالتے اگر زندہ رہو گے تو یہ خلافت تمہیں کو پہونچے گی، تم علم و دینداری، فہم و دامادی کے لحاظ سے زیادہ سزاوار ہو۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اے مہاجرو! خدا کے لئے حکومت محمدؐ کو ان کے گھر سے نکال کر عربوں میں مت رائج کرو۔ اہل بیتؑ کو ان کے حق سے محروم نہ کرو۔ اے مہاجرو! بخدا! میں تمام لوگوں میں سب سے زیادہ اس خلافت کا حقدار ہوں کیوں کہ ہم اہل بیت محمدؐ میں سے ہیں، ہم تم سے زیادہ اس کے حقدار، تم سے بہتر قرآن کے قاری، سنت رسولؐ سے آگاہ، رعیت نوازی سے بہرہ منداور عدالت اجتماعی کے واقف کار ہیں۔ نفس کی پیروی کر کے راہ حق سے انحراف نہ کرو۔

بشیر بن سعد نے کہا کہ اگر یہ کلمات انصار سن لیتے تو ابوبکر سے پہلے تمہاری بیعت کر لیتے۔

ابن قتیبہ مزید لکھتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے رات کے وقت فاطمہؑ کو خچر پر سوار کر کے انصار کے گھروں میں بھیجا اور مدد طلب کی۔ انہوں نے کہا کہ اب تو ابوبکر کی بیعت ہوگئی اگر آپ نے اسی وقت اپنا مطالبہ رکھا ہوتا تو ہم آپ ہی کی بیعت کرتے۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:

کیا میرے لئے مناسب تھا کہ رسولؐ کو گھر میں چھوڑ دیتے اور بغیر دفن کئے سلطنت کے لئے

جھگڑنے کھڑے ہوتے؟ فاطمہؑ نے فرمایا: ابوالحسنؑ نے وہی کیا جوان کے لئے مناسب تھا دوسروں نے جو کچھ کیا اس کا حساب خدا کے ذمے ہے۔

ابن قتیبہ مزید لکھتے ہیں:

ابوبکر نے مخالفین بیعت کے تعاقب میں خانۂ علیؑ کی طرف عمر کی سرکردگی میں لوگوں کو بھیجا، عمر نے آواز دی: گھر سے باہر نکلو۔ انہوں نے باہر نکلنے سے انکار کیا، عمر نے آگ لگانے کا ارادہ کیا اور کہا کہ خدا کی قسم! گھر والوں سمیت گھر جلا دوں گا ورنہ باہر نکلو۔ ان سے کہا گیا: اس میں فاطمہؑ بھی ہیں۔ کہنے لگے چاہے اس میں فاطمہؑ ہی کیوں نہ ہوں۔

یہ سن کر لوگ باہر نکل آئے اور سب نے ابوبکر کی بیعت کر لی۔ لیکن علیؑ نے بیعت نہیں کی کیوں کہ انہوں نے عہد کر لیا تھا کہ جب تک قرآن جمع نہ کر لوں گا نہ گھر سے نکلوں گا نہ عبا دوش پر ڈالوں گا۔

فاطمہ نے آواز دی: تم سے بدتر آدمی دیکھنے کو نہ ملے گا کہ جنازہ رسولؐ کو ہمارے پاس چھوڑ دیا اور اپنا کام تمام کر لیا، نہ ہم سے مشورہ کیا نہ ہمارا حق دیا۔

عمر نے ابوبکر سے کہا: اس منکر کو بلواتے کیوں نہیں؟ ابوبکر نے قنفذ کو بھیجا کہ علیؑ کو میرے سامنے حاضر کرے۔ وہ علیؑ کے سامنے گیا تو علیؑ نے کہا: کیا بات ہے؟ اس نے کہا: خلیفۂ رسولؐ آپ کو بلا رہے ہیں۔ علیؑ نے فرمایا: بہت جلد تم رسولؐ پر جھوٹ باندھنے لگے۔ قنفذ نے جا کر سارا ماجرا بیان کیا جسے سن کر ابوبکر رونے لگے، عمر نے کہا: اس منکر بیعت کو مہلت مت دیجئے۔ ابوبکر نے کہا: جا کر کہو کہ امیر المومنین تمہیں بلا رہے ہیں کہ میری بیعت کرو۔ قنفذ نے جا کر کہا تو علیؑ نے فرمایا: سبحان اللہ! وہ ایسی چیز کا دعویٰ کر رہا ہے جس کا سزاوار نہیں۔ قنفذ نے واپس جا کر کہا، ابوبکر دیر تک روتے رہے اس وقت عمر اٹھے اور ان کے ساتھ بہت سے لوگ تھے۔ فاطمہؑ کے در پر پہونچکر دوراز ہ کھٹکھٹایا، فاطمہ سلام اللہ علیہا نے آواز سن کر فریاد کی:

اے بابا!

اے رسول خداؐ! دیکھئے تو آپ کے بعد پسر خطاب و پسر قحافہ سے کیا دن دیکھنے پڑ رہے ہیں۔

لوگوں نے گریہ زہراؑ سنا تو کلیجے پانی ہو گئے، جگر پھٹنے لگے۔ عمر نے لوگوں کی مدد سے علیؑ کو ابو بکر کے سامنے حاضر کیا اور ان سے کہا کہ بیعت کرو۔ فرمایا: اگر بیعت نہ کروں تو کیا ہو گا؟ کہا گیا: گردن ماردی جائے گی۔ علیؑ نے کہا: کیا تم بندۂ خدا اور برادر رسولؐ کو قتل کر دو گے؟

عمر نے کہا: بندۂ خدا ہونا مانتا ہوں لیکن برادر رسولؐ ہونے سے انکار ہے۔ (۱) ابو بکر چپ تھے، عمر نے ان سے کہا: آپ انہیں بیعت کا حکم کیوں نہیں دیتے؟ ابو بکر نے کہا: جب تک فاطمہؑ زندہ ہیں انہیں بیعت پر مجبور نہ کروں گا۔ علیؑ نے قبر رسولؐ کی طرف رخ کر کے کہا: ماںجائے! لوگوں نے مجھے کمزور کر دیا ہے قریب ہے کہ قتل کر دیں۔ (۲)

۳۷۔ ابو بکر و عمر نے آخر کیوں مغیرہ کو سازش کر کے بھیجا کہ عباس کو خلافت میں شریک ہونے پر آمادہ کریں۔ ابن قتیبہ لکھتے ہیں (۳): مغیرہ بن شعبہ ابو بکر کے پاس گئے اور کہا: آپ عباس سے ملئے اور انہیں خلافت میں حصہ دید یجئے جو ان کی اولاد میں باقی رہے، یہ چیز علیؑ و بنی ہاشم کے خلاف پڑے گی۔ ابو بکر، عمر، ابو عبیدہ رسولؐ کے چچا عباس کے گھر پر گئے، ابو بکر نے تقریر کی: خدا نے محمدؐ کو رسول بنایا اور مومنوں کا ولی قرار دیا، ہمارے درمیان مبعوث کر کے ہم پر احسان فرمایا... ہم آپ کے پاس آئے ہیں کہ آپ کو اس خلافت میں حصہ دار بنائیں اور آپ کے بعد آپ کے بیٹوں میں بھی باقی رہے کیوں کہ آپ عم رسولؐ ہیں۔

عمر نے کہا: ہمیں آپ کی ضرورت نہیں لیکن ہم خلافت کے بارے میں آپ کے طعنوں کو پسند کرتے ہیں جسے تمام لوگوں نے طے کر لیا ہے... اب آپ کی کیا رائے ہے؟

حضرت عباس نے حمد و ثناء کے بعد کہا: جیسا کہ تم نے کہا کہ خدا نے رسولؐ کو مبعوث کر کے ہم پر

---

۱۔ جب کہ جلد ۳ میں حضرت علیؑ و پیغمبر اسلامؐ کے درمیان رشتۂ اخوت و صیغۂ اخوت سے متعلق متعدد روایتیں بیان کی جا چکی ہیں جن میں کئی متواتر ہیں۔

۲۔ الامامۃ والسیاسۃ، ج ۱، ص ۱۲، ۱۴، (ج ۱ ص ۱۸۔۲۰)

۳۔ الامامۃ والسیاسۃ، ج ۱، ص ۱۵، (ج ۱ ص ۲۱)

احسان فرمایا اور لوگوں کے امور ان کے سپرد کئے لیکن یہ سب کچھ حق کی بنیاد پر ہوا، ہوا و ہوس کی وجہ سے نہیں۔ اے ابوبکر! صورت حال یہ ہے کہ اگر تم نے خلافت کو رسولؐ کی نسبت سے اختیار کیا تو ہمارا حق لیا ہے اور اگر مومنین کے وسیلے سے لیا تو ہم ان سے ممتاز ہیں۔ یہ جو تم ہم پر بذل و بخشش کر رہے ہو اگر تمہارا حق ہے تو ہمیں اس کی ضرورت نہیں اگر مومنین کا حق ہے تو تمہیں بانٹنے کا حق نہیں، اگر یہ ہمارا حق ہے تو ہم تم سے راضی نہیں۔

تم نے صحیح کہا کہ رسولؐ ہم سے ہیں لیکن ہم درخت نبوت کی شاخ ہیں اور تم ہمسائے ہو۔

۳۸۔ کچھ لوگوں نے ابوبکر پر اعتراض کیا کہ آپ نے عمر کو خلیفہ کیوں بنا دیا؟

عائشہ کہتی ہیں کہ جب میرے بابا کی حالت غیر ہونے لگی فلاں فلاں بابا کے پاس آئے اور ان سے کہا: اے خلیفۂ رسولؐ! کل جب آپ پیش خدا حاضر ہوں گے تو آپ عمر کو خلیفہ بنانے کا کیا عذر پیش کریں گے؟ بابا نے جواب دیا: کیا تم مجھے خدا سے ڈارتے ہو۔ میں خدا سے کہوں گا کہ میں نے صحابہ کی بہترین فرد کو خلیفہ بنایا ہے۔(۱)

۳۹۔ آخر کیا وجہ تھی کہ امیرؑ المومنین نے بیعت عثمان سے انکار کیا جب کہ عبدالرحمٰن بن عوف اور ان کے ساتھ لوگوں نے بیعت کر لی تھی۔ علیؑ اٹھ کر بیٹھ گئے، عبدالرحمٰن نے کہا: ان کی بیعت کیجئے ورنہ گردن مار دوں گا۔ اس دن صرف عبدالرحمٰن ہی کے پاس تلوار تھی حضرت علیؑ غصے میں باہر نکل آئے۔ پھر ارباب شوریٰ نے علیؑ سے کہا کہ اگر آپ نے عثمان کی بیعت نہ کی تو ہم سے جنگ کریں گے۔ علیؑ نے بیعت کر لی۔(۲)

تاریخ طبری (۳) میں ہے کہ لوگ عثمان کی بیعت کرنے لگے مگر علیؑ نے سستی دکھائی، عبدالرحمٰن نے ان سے کہا: جو بیعت نہ کرے گا اپنا برا کرے گا۔ علیؑ نے یہ آیت (فتح ر۱۰) سن کر عثمان کی بیعت

---

۱۔ سنن بیہقی، ج۸، ص۱۴۹

۲۔ بلاذری کی الانساب، ج۵، ص۲۲

۳۔ تاریخ طبری، ج۵، ص۴۱، (ج۴ر ص۲۳۸ر حدیث۲۳)

کر لی۔ صحیح بخاری میں ہے کہ عبدالرحمٰن نے کہا کہ تلوار نکالنے پر مجبور نہ کیجئے۔(۱)

**علامہ امینیؒ فرماتے ہیں:**

طبری کے بقول شوریٰ سے سرتابی پر حکم قتل عمر نے دیا تھا۔ تاریخ طبری میں ہے عمر نے صہیب کو حکم دیا کہ تین دن لوگوں کو نماز پڑھا، علیؑ، عثمان، زبیر، سعد، عبدالرحمٰن اور طلحہ کو جمع کر، عبداللہ بن عمر بھی رہیں لیکن وہ شوریٰ کے ممبر نہیں ہیں، تم ان کے سر پر سوار رہنا اگر پانچ آدمی ایک پر متفق ہو جائیں اور ایک اختلاف کرے تو اس کی گردن مار دینا اگر چار متفق ہوں اور دو انکار کریں تو دو کو قتل کر دینا، اگر تین انکار کریں تو عبداللہ بن عمر کو حاکم بنانا، اگر اس پر بھی راضی نہ ہوں تو جدھر عبدالرحمٰن بن عوف ہوں اس کو منتخب کرنا بقیہ جو اس کا مخالف ہو اس کی گردن مار دینا۔(۲)

﴿افمن هذا الحديث القجبون و تضحكون و لا تبكون﴾(۳)

## گہار، چیخ پکار

یہ تمام روایتیں حضرت علیؑ کی مسلمہ خلافت حقیقی کے خلاف بے بنیاد گہار سے زیادہ وقعت نہیں رکھتیں۔ رسول اسلامؐ نے روز بعثت سے اپنی آخری سانسوں تک حضرت علیؑ کی جانشینی تسلیم کرنے کا جو اہتمام فرمایا یہ جعلی روایات اس میں مغالطہ پیدا کرنے کی سعی ہیں۔ رسول خداؐ نے اول روز ہی فرما دیا تھا کہ خلافت من جانب اللہ ہے۔

آپ نے قبیلہ بنی عامر کے لوگوں کو دعوت اسلام دی تو انہوں نے پوچھا: اگر ہم اسلام قبول کرلیں اور خدا آپ کو ان مخالفتوں میں کامرانی سے ہمکنار کر دے تو کیا خلافت کو اپنے بعد ہمیں عطا فرمائیں گے؟

---

۱۔ صحیح بخاری، ج۱، ص۲۰۸، (ج۶ رص ۲۶۳۵ رحدیث ۶۷۸۱)، الامامۃ والسیاسۃ، ج۱، ص۲۵، (ج ۱رص ۳۱)

۲۔ تاریخ طبری، ج۵، ص۳۵، (ج ۴رص ۲۲۹) انساب بلاذری، ج۵، ص۶۱، ۱۸، الامامۃ والسیاسۃ، ج۱، ص۲۳، (ج ۱رص ۲۸)، العقد الفرید، ج۲، ص۲۵۷، (ج ۴رص ۹۸)

۳۔ سورۂ نجم، آیت ۵۹.

رسول خداؐ نے فرمایا: خلافت خدا کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہے عطا فرمائے۔(۱)

یہ جعلی روایات مسلمانوں کو گمراہی کی طرف لے جانے والی زنجیریں ہیں، انہیں مخصوص مقاصد کے لئے گڑھا گیا ہے، ان کا حقیقت و واقعیت سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ حدیث سازی حقائق پر پردہ ڈالنے اور جھوٹ اور بہتان کی ہوا باندھنے کے لئے کی گئی ہے، ان کی وجہ سے تاریخ کا چہرہ انتہائی مکروہ اور غیر معتبر ہو کر رہ جاتا ہے۔ ان روایات سے سالک راہ خدا پر حق بالکل مشتبہ ہو کر رہ جاتا ہے، چند روزہ حیات کی طمع مادی نے ان کے ذریعے آتش فتنہ بھڑکایا اور خواہش نفسانی کے فریب کے جال بچھا دئے، انہیں امت اسلامی کو صحیح سمت سے منحرف کرنے کے لئے گڑھا گیا ہے۔

کیا ان روایات کے ذریعے ایک متلاشی حق، راہ نجات پا سکتا ہے؟ آخر وہ کس کتاب پر بھروسہ کرے، کس پر اعتماد کرے یہ جھوٹی؟ روایات تمام کتابوں میں بکھری پڑی ہیں، یہ ہزاروں ہزار جھوٹ کے طومار، تالیفات میں اپنا مقام بنا چکے ہیں پھر یہ کہ انہیں میں ان کے جعلی ہونے کی نشاندہی بھی ہے۔

جس وقت کوئی انسان دیکھتا ہے کہ ان جھوٹی حدیثوں کو بعض نے بطور ارسال مسلم نقل کیا ہے، جھوٹی سندوں کو صحیح حدیث کی طرح پیش کیا گیا ہے، بعض نے بغیر متن و سند پر توجہ کئے لکھ مارا ہے تو اس کے سمجھ میں نہیں آتا کہ کیا کرے۔ یہ تمام روایات صحابہ کے فضائل میں ہیں ایسی صورت میں وہ خود سے پوچھتا ہے کہ کیا کرے؟ انہیں مولفین میں چودھویں صدی کا مولف بے حیائی سے للکارتا ہے کہ اہل سنت کے رجال میں جھوٹ اور حدیث سازی کے بدنام افراد ہیں ہی نہیں۔ اس کی فہم کو اس مکاری سے وہی نکال سکتا ہے جس کے جذبات خالص اور خواہش نفسانی کی آلودگی سے پاک ہوں ایسا مصلح ملے تو کہاں سے؟

ہاں! ہم نے اس کے لئے ان الواح میں ہر طرح کی نصیحت لکھ دی ہے تا کہ جو بھی ہلاک ہو یا زندہ ہو وہ دلیل کے ساتھ ہو۔ سے ہم نے ان کے لئے تفصیلی علم کی اساس پر کتاب پیش کی۔

---

۱۔ سیرۂ ابن ہشام، ج۱، ص۳۳، (ج۲ر ص۶۶) الروض الانف، ص۲۶۴، (ج۴ر ص۳۹)، السیرۃ الحلبیۃ، ج۲، ص۳، دحلان کی السیرۃ النبویۃ ج۱، ص۳۰۲، (ج۱ر ص۱۴۷)

## حدیث سازی کے متعلق علماء کی رائے

حافظ جلال الدین سیوطی تحذیر الخواص (۱) میں لکھتے ہیں کہ میں نہیں سمجھتا کہ کوئی بھی سنی گناہ کبیرہ کے مرتکب پر کفر کا فتویٰ صادر کرے گا مگر شیخ ابومحمد جوینی نے رسولؐ پر جھوٹ گڑھنے والے کے متعلق کہا ہے کہ جو شخص جان بوجھ کر رسولؐ پر جھوٹ باندھے وہ کافر ہے، وہ ملت اسلام سے خارج ہے۔

اس فتوے کی تائید مالکیوں کے اکثر ائمہ نے کی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رسولؐ پر جھوٹ باندھنا بہت بڑا گناہ ہے کیوں کہ کسی بھی گناہ کبیرہ کے متعلق اس کے ارتکاب کرنے والے کو کافر نہیں کہا جا سکتا صرف یہی ایک گناہ کبیرہ جس میں رسولؐ پر جھوٹ باندھا گیا ہو۔

محدثین و حفاظ کی یہ ٹولی جنہوں نے ان احادیث کے ذریعے رسولؐ پر جھوٹ باندھا اور اپنی تالیفات میں نقل کیا وہ اس حدیث رسولؐ کے زمرے میں آتے ہیں جسے خطیب نے نقل کیا اور ابن جوزی نے صحیح ہونے کی نشاندہی کی ہے (**من روی منی حدیثا و هو یری انه کذب فهو احد الکذابین**) جو شخص یہ جانتے ہوئے کہ یہ جھوٹ ہے مجھ سے کوئی روایت نقل کرے وہ جھوٹوں میں سے ایک ہے۔ (۲)

قرآن بھی اس کی تائید کرتا ہے: ﴿**و لو تقول علینا بعض الاقاویل لاخذنا منه بالیمین ثم لقطعنا منه الوتین**﴾ اگر رسول ہماری نسبت کوئی جھوٹ بات بنالاتے تو ہم ان کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے پھر ضرور ہم ان کی گردن اڑا دیتے پھر مجھے تم میں سے کوئی بھی روک نہ سکتا۔

ان مورخین و حفاظ نے یہ جانتے ہوئے بھی کہ یہ گڑھا ہوا جھوٹ ہے انہیں رسول خداؐ کی طرف نسبت دی، خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو گمراہ کیا، لوگوں کو راہ راست سے روکا، ان سے بڑا ظالم کون ہوگا؟

کیا آپ سوچ سکتے ہیں کہ یہ جھوٹ کا طومار باندھنے والے جاہل تھے، انہوں نے جان بوجھ کر یہ

---

۱۔ تحذیر الخواص، ص ۲۱، (ص ۱۲۵)

۲۔ تاریخ بغداد، ج ۴، ص ۱۶۱، (نمبر ۱۸۳۷)، المنتظم، ج ۸، ص ۲۶۸، (ج ۱۶/ص ۱۳۳/نمبر ۳۴۰۷)

حرکت نہیں کی؟ قرآن ان کے متعلق کہتا ہے کہ ان کے پاس علم نہیں یہ اندھے بہرے کی طرح جھوٹ باندھ رہے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ حق پر ہیں، اکثر ان میں بے سواد ہیں، وہ کتاب میں سے آرزؤں کے سوا کچھ نہیں جانتے یہ ارباب پندار ہیں۔

# قطب الدین راوندی

وفات ۵۷۳ھ

بنو الزھرا آباء الیتامی  اذا ما خوطبوا قالوا : سلاما

''فرزندان زہراؑ یتیموں کے باپ ہیں جب کبھی جاہل ان سے مخاطب ہوتے ہیں تو وہ سلام کہہ کے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ وہ مخلوقات پر خدا کی حجت ہیں جو ان کی طرف سے برے خیالات رکھے وہ گناہوں میں ڈوب گیا وہ ہمیشہ صائم النہار اور قائم اللیل رہے۔

کیا رسول خداؐ نے غدیر کے دن بلند مرتبہ علیؑ کو امام مقرر نہیں کیا؟ کیا حیدرؑ کرار مرد میدان اور شجاع نہیں تھے؟ کیا حیدرؑ کرار کا (خدا کے نزدیک) بلند مقام نہیں ہے''؟

ایک مرثیے میں ایک شعر غدیر سے بھی متعلق ہے:

''وہ لوگ غدیر خم کے واقعے کو قطعی فراموش کر بیٹھے پھر تو ان پر بدتر بدبختی ٹوٹ کے برس پڑی''۔

## حالات وشخصیت:

قطب الدین ابوالحسین سعد (سعید) بن ہبۃ اللہ بن حسین بن عیسیٰ راوندی۔ ممتاز ترین شیعہ عالم تھے، فقہ وحدیث کے استاذ اور علم وادب کے نابغہ روزگار تھے۔ ان کے فضائل ومساعی علمی میں ذرا بھی جھول نہیں، ان کے دینی خدمات عیب سے بری اور گرانقدر تالیفات سے مزین ہیں۔

ان کی ستائش میں تذکرہ نگاروں نے بہت مبالغہ کیا ہے، حالات زندگی مندرجہ ذیل کتب میں ہیں:

۱۔فہرست منتجب الدین
۲۔معالم العلماء
۳۔امل الآمل
۴۔لسان المیزان
۵۔ریاض العلماء
۶۔اجازہ سماہیجی
۷۔ریاض الجنتہ (روضہ رابعہ)
۸۔لؤلؤۃ البحرین
۹۔منتہی المقال (۱)
۱۰۔الکنی والالقاب
۱۱۔مستدرک الوسائل

## اساتذہ اور جن سے روایت کی

شیخ ہبۃ اللہ بغدادی، عماد الدین مروزی، مسعود صوانی، محمد بن ابی القاسم طبری، علی بن علی بن عبد الصمد نیشاپوری، محمد بن علی بن عبدالصمد، سید ابوتراب مرتضی بن داعی، مجتبی بن داعی، ابوالبرکات مشہدی، شیخ ابوجعفر حلبی، ابونصر غاری، ابوالقاسم بن کمیح، محمد بن مرزبان، شیخ مودب قمی، ابوسعد ارابادی، شیخ حدیقی، ابوالحسین مرشکی، ہبۃ اللہ بن دعویدار، علی بن ابی طالب سلیقی، ابوجعفر بن کمیح، عبدالرحیم بغدادی، ابوجعفر مقری، شیخ محمد بن حسن۔

---

۱۔فہرست منتجب الدین، (ص ۸۷/نمبر ۱۸۶)، معالم العلماء، (ص ۵۵/نمبر ۳۶۸)، امل الآمل، (ج ۲/ص ۱۲۵/نمبر ۳۵۶)، لسان المیزان، ج ۴، ص ۴۸، (ج ۳/ص ۵۹/نمبر ۳۷۶۲)، ریاض العلماء، (ج ۲/ص ۴۱۹) لؤلوۃ البحرین، (ص ۳۰۴/نمبر ۱۰۳)، منتہی المقال ص ۴۸، (ص ۲۱۳)، مستدرک الوسائل، ج ۳، ص ۳۸۹، روضات الجنات، ص ۳۰۱، (ج ۴/ص ۵)، تنقیح المقال، ج ۲، ص ۲۲، الکنی والالقاب، ج ۳، ص ۵۸، (ج ۳/ص ۷۲)

مندرجہ ذیل افراد نے راوندی سے روایت کی ہے:
۱۔ شیخ احمد طبرسی قاضی ۲۔ شیخ نصیر الدین بحرانی ۳۔ شیخ بابویہ سعد بن محمد ۴۔ راوندی کے فرزند علی ۵۔ قاضی جمال الدین علی ۶۔ شریف عزالدین بغدادی ۷۔ ابن شہر آشوب۔

## تالیفات:

| | |
|---|---|
| سلوة الحزین | المغنی |
| نہیتہ النہایہ | منہاج البراعتہ |
| احکام الاحکام | نفثۃ المصدور |
| غریب النہایہ | قصص الانبیاء |
| معارج | الآیات المشکلہ |
| آیات الاحکام | شرح کلمات امیر المومنینؑ |
| الاغراب فی الاعراب | زہرۃ المباحثہ |
| ضیاء الشہاب | تہافتۃ الفلاسفہ |
| کتاب البحر | شجار العصابہ |
| جواہر الکلام | النیات فی العبادات |
| الخرائج والجرائح | رسالتہ الفقہا |
| ناسخ ومنسوخ | شرح العوامل |
| خمس | لباب الاخبار |
| کتاب المزار | تحفۃ العلیل |
| اسباب النزول | ام القرآن |
| صلاۃ الآیات | حل المعقود |

فقہ القرآن — القاب المعصومین
تفسیر قرآن — شرح الذریعہ

**اولاد:**

آپ کی تمام اولاد علم ودانش سے آراستہ تھیں:

۱۔علی بن قطب الدین ثقہ عالم تھے۔(۱)

۲۔دوسرے فرزند شیخ نصیرالدین ابوعبداللہ الحسین کا شمار بھی عظیم علماء میں ہوتا ہے جوشہید ہوئے۔(۲)

۳۔تیسرے فرزند فقیہ ظہیرالدین ابوالفضل محمد بن قطب الدین تھے جنہیں تمام تذکرہ نگاروں نے سراہا ہے۔

قطب الدین راوندی نے روز چہارشنبہ ۱۴رشوال ۵۷۳ھ انتقال کیا۔(۳) ایک دوسری روایت میں تیرہ شوال ہے۔آپ کی قبر روضۂ معصوّمۂ قم کے صحن جدید میں ہے۔

---

۱۔فہرست منتخب الدین،ص ۱۲۷،نمبر ۲۷۵

۲۔شہداء الفضیلۃ،ص ۴۰

۳۔اجازت البحار،ص ۱۵،لسان المیزان،(ج ۳ر ص ۵۹ر نمبر ۳۷۶۲)

# سبط بن تعاویذی

ولادت ۵۱۹ھ.

وفات ۵۸۴ھ.

**یـا سمـی النبـی یـابن علیؑ ! قـامع الشـرک والبتـول الطهور**

''اے ہم نام رسولؐ، اے شرک شکن علیؑ اور پاک بتول کے فرزند!

آپ کائنات میں بلند مرتبہ اور بزرگ گھرانے والے مشہور ہیں۔لوگوں نے آپ سے درس وفا لیا اور کار خیر میں آپ کی پیروی کی جاتی ہے، آپ مجھ سے وعدہ خلافی کیوں کریں گے جب کہ وعدہ خلافی بڑے لوگوں کا کام نہیں سوائے فرزند مختار کے آپ اس نامناسب کام سے قطعی بلند ہیں کیوں کہ آپ نے اول روز بغیر کسی جبر کے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا انسان خوشی وغم کے بجائے فضیلت کی وجہ سے پہچانا جاتا ہے، آپ کے کیا مانع عذر ہے جب کہ غیر عادی امور بھی آپ کے اقدام میں رکاوٹ نہیں ڈالتے جب تک آپ کی وعدہ خلافی بغیر کسی عذر تاخیر کے ہوتی رہی میں ناصبی ہو جاؤں گا، حرام مچھلی کھاؤں گا، عاشورہ کے دن غسل کر کے اچھے کپڑے پہنوں گا، اچھے کھانے پکاؤں گا، عید غدیر کے دن غم کی کنڈلی مار کر بیٹھ جاؤں گا اور کوئی خوشی کا مظاہرہ نہ کروں گا''۔

یہ اشعار میں نے تعاویذی کے خطی دیوان سے نقل کئے ہیں جسے سید محمد بن مختار علوی، نقیب کوفہ کو لکھتے ہیں، انہوں نے کسی معاملے میں تعاویذی سے وعدہ خلافی کی تو یہ اشعار کہے۔

## شاعر کے حالات:

ابوالفتح محمد بن عبداللہ (عبیدہ اللہ) بغدادی، عرفیت ابن تعاویذی یا سبط تعاویذی تھی۔ یہ شہرت ان کے نانا ابومحمد مبارک جوہری کی وجہ سے تھی جن کی عرفیت ابن تعاویذی تھی۔

تعاویذی شیعوں میں صاحب طرز شاعر اور عراق کے مجاہد قلم کاروں میں شمار ہوتے تھے ان کے بلند اشعار میں احساس غرور صاف جھلکتا تھا، تمام تذکرہ نگاروں نے ستائش سے معطر خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔

معجم(۱) میں ہے کہ وہ عراق کے مشہور ترین شاعر اور قلمکار تھے جس زمانے میں عماد کاتب اصفہانی عراق میں تھا تو مدتوں اس سے صحبت کی جب وہ شام گیا اور سلطان صلاح الدین یوسف بن ایوب سے وابستہ ہوا تو ابن تعاویذی نے اس سے مراسلت بڑھائی بعض خطوط کو عماد اور الخرید میں نقل کیا گیا ہے۔

ابوالفتح تعاویذی آخر عمر میں اندھے ہوگئے تھے یہ ۵۷۹ھ. کی بات ہے۔ ان کے بیشتر اشعار میں اپنی بینائی اور جوانی کے تذکرے ملتے ہیں۔ انہوں نے تین قصیدے سلطان کو لکھ بھیجے اور انہیں دفتر سے وظیفہ مقرر ہوگیا تھا۔ جب وہ اندھے ہوئے تو چاہا کہ اپنے بیٹے کے نام منتقل کرادیں اس لئے متذکرہ قصیدہ لکھا۔

ان کے متعلق حموی کہتے ہیں کہ تمام اشعار بلند ونفیس ہوتے تھے۔ دو جلدوں میں مشتمل دیوان ہے۔ ایک کتاب الحجبۃ والحجاب نامی بھی لکھی۔

ولادت دس رجب روز جمعہ ۵۱۹ھ. کو ہوئی اور دوسری شوال ۵۸۳ھ. میں انتقال کیا اور بغداد میں باب ابرز میں دفن کئے گئے۔ ان کی تاریخ ولادت ووفات میں اختلاف بھی ہے۔(۲)

---

۱۔معجم الادباء، ج۷، ص۳۱، (ج۱۸/ص۲۳۵)

۲۔ابن خلکان نے وفیات الاعیان، ج۲، ص۱۲۳، (ج۴/ص۴۶۶/نمبر۶۸۰) پر ابوالفدا نے المختصر فی التاریخ البشر، ج۳، ص۸۰، (ج۳/ص۷۶) پر ابن شحنہ نے روض المناظر، (ج۲/ص۱۷۱) میں، ابن کثیر نے البدایۃ والنھایۃ، ج۱۲، ص۳۲۹، (ج۱۲، ص۴۰۲) پر، عبدالحی نے شذرات الذھب، ج۴، ص۲۸۱، (ج۶/ص۴۶۲) پر، یافعی نے مرأۃ الجنان، ج۳، ص۴۲۹،۳۰۴ پر، اور دیگر تذکرہ نگاروں نے اپنے تذکروں میں ان کا شرح حال لکھا ہے۔

# عندلیبان غدیر

(ساتویں صدی ہجری)

۱۔ابوالحسن منصور باللہ
۲۔مجدالدین بن جمیل
۳۔شواء کوفی حلی
۴۔کمال الدین شافعی
۵۔ابومحمد منصور باللہ
۶۔ابوالحسنین جزار
۷۔قاضی نظام الدین
۸۔شمس الدین محفوظ
۹۔بہاءالدین اربلی

# ابوالحسن منصور باللہ

ولادت ۵۶۱ھ.

وفات ۶۱۴ھ.

بنی عمنا ان یوم الغدیر　　یشهد للفارس المعلم

ابونا علی وصی الرسول　　و من خصه باللوا الاعظم

''ہمارے چچیرے بھائیو! بلا شبہ غدیر کا دن دانشمند انسان کے لئے بہترین گواہ ہے۔

ہمارے پدر علیؑ ہیں، وصی رسولؐ جو لواء اعظم سے مخصوص ہیں۔

تمہارا احترام ان کی طرف منسوب ہونے کہ وجہ سے ہے لیکن ہم تو ان کا گوشت اور خون ہیں۔

اگر چہ ہم بھی ہاشمی ہیں لیکن کہاں اونٹ کا کوہان اور کہاں پیروں کی جوتیاں۔

اگر تم آسمان کے ستارے ہو تو ہم ان ستاروں میں چاند ہیں۔

ہم ان کی بیٹی کے فرزند اور با ایمان چچا کے بیٹے ہیں تم نہیں ہو، ہمارے پدر عالی مقدار ابو طالبؑ ہیں جنہوں نے رسول اسلامؐ کی حمایت کی اور اسلام لائے حالاں کہ تمام عرب ان کی بہ نسبت کافر تھا۔

اگر چہ آپ نے ایمان چھپایا لیکن ایک لمحے کے لئے بھی رسولؐ کی حمایت کو نہیں چھپایا''۔

ان اشعار کو ابوالحسن منصور باللہ نے جمادی الاول ۶۰۲ھ. میں کہا، یہ دراصل ابن معتز کے قصیدہ میمیہ کے جواب میں کہے گئے ہیں۔ جس کا پہلا شعر ہے:

بنی عمنا! ارجعوا وڈنا　　و سیروا علی السنن الا قوم

ایک اور قصیدہ میں غدیر کا ایک شعر ہے:

فعدن عن المنازل و التصابی | و هات لنا حدیث غدیر خم

## شاعر کے حالات:

امام منصور باللہ، عبداللہ بن حمزہ بن سلیمان بن حمزہ بن علی بن حمزہ بن ہاشم بن حسن بن عبدالرحمٰن بن یحییٰ بن ابی محمد عبداللہ بن الحسین بن ترجمان الدین قاسم بن ابراہیم بن اسماعیل بن ابراہیم طباطبا بن حسن بن حسنؑ بن امام علی بن ابی طالبؑ۔

یمن میں زیدیوں کے امام تھے،آپ کا شرف وہبی و اکتسابی دونوں ہی طرح سے ہے پھر یہ کہ علم نے آپ کی شخصیت میں چار چاند لگا دئے۔تلوار اور قلم دونوں کے دھنی تھے،اس لئے یمن میں زیدیوں کے امام بنا دئے گئے،۲۵ سے زیادہ کتابیں لکھیں۔

ان کی جدوجہد ۵۹۳ھ میں شروع ہوئی اور ربیع الاول ۵۹۴ھ میں لوگوں نے آپ کی بیعت کی۔انہوں نے اپنا مبلغ خوارزم شاہ کے پاس بھیجا،سلطان نے بڑی گرم جوشی دکھائی۔مدت تک یمن زعامت عطا کی یہاں تک ۶۱۴ھ میں انتقال کر گئے۔

## اولاد:

ان کے اولاد ذکور میں: محمد ناصرلدین اللہ، احمد متوکل علی اللہ،علی،حمزہ،ابراہیم،سلیمان،حسن، موسیٰ،یحییٰ،ادریس،قاسم،فضل،جعفر،عیسیٰ،داؤد،حسین۔

اولاد اناث میں: زینب،سیدہ،فاطمہ،حمانہ،رملہ،نفیسہ،مریم،مہدیہ،آمنہ،عاتکہ۔

نسمۃ السحر فیمن تشیعو شعر (مجلد ۸/ج ۲/ص ۳۹) میں ان کا شرح حال موجود ہے۔

# مجدالدین ابن جمیل

وفات ۶۱۶ھ۔

۲۶ شعروں پر مشتمل قصیدے کا مطلع ہے:

الـمـت و هـــی حاسرة لثاما          و قـد مـلات ذو ائبهـا الـظـلامـا

و مــن اعـطـاه... ''جس کی بزرگی وشرف کو رسول خداؐ نے بروز غدیر خم آشکار فرمایا، جس کے لئے خورشید پلٹا تا کہ وقت پر نماز ادا کرے حالانکہ تاریکی چاروں طرف چھا چکی تھی، جس نے تین روز تک متواتر کھانا نہیں کھایا اور دوسروں کو دیدیا''۔

## شعری تتبع:

اکثر مخطوطہ تذکروں میں دیکھا ہے کہ مجدالدین ابن جمیل حکومت ناصرلدین اللہ میں خزانہ دار تھے، کسی بات پر خلفیہ ان سے خفا ہوگیا اور قید میں ڈال دیا، اشراف ومعززین نے اس کی خلیفہ سے شفارش کی لیکن وہ نہ مانا، نتیجے میں وہ بیس سال تک قید خانے میں پڑے رہے۔

ایک رات روشنی کی کرن نظر آئی کہ ان کے دل میں مدح علیؑ میں قصیدہ کہنے کی سمائی، متذکرہ قصیدہ کہہ کے سوئے تو خواب میں حضرت کو فرماتے سنا کہ تم ابھی آزاد ہوجاؤگے۔ وہ خواب سے بیدار ہوکر اپنا اثاثہ جمع کرنے لگے، حاضرین نے کہا: کیا بات ہے؟ جواب دیا: میں ابھی آزاد ہوجاؤں گا۔ قید خانے کے ملازمین تمسخر کرنے لگے کہ بیچارہ دیوانہ ہوگیا ہے۔

لیکن ادھر ناصر نے بھی حضرت علیؑ کو خواب میں دیکھا کہ فرمارہے ہیں: ابھی ابن جمیل کو آزاد

کردو۔ وہ گھبرایا ہوا بیدار ہوا اور استعاذہ پڑھتے ہوئے کہنے لگا: یہ کیا شیطانی خواب دیکھ رہا ہوں۔ جب دوسری اور تیسری بار بھی یہی خواب دیکھا تو فوراً کسی کو بھیج کر ابن جمیل کو آزاد کرنے کا حکم دیا۔

جس وقت ما مور شخص قید خانے میں پہونچا تو دیکھا کہ ابن جمیل باہر نکلنے کو بالکل تیار ہیں، وہ انہیں لے کر خلیفہ کے پاس پہونچا اور ماجرا بیان کیا۔ خلیفہ نے پوچھا: میں نے سنا ہے کہ تم باہر نکلنے کے لئے بالکل آمادہ تھے۔ جواب دیا: ہاں۔ پوچھا: کیوں؟ جواب دیا: جو تمہارے پاس آیا تھا وہی تم سے پہلے میرے پاس آیا تھا۔ پوچھا: ایسا کیوں ہوا؟ جواب دیا: میں نے مدح علیؑ میں قصیدہ کہا تھا۔ حکم دیا: اسے سناؤ۔ ابن جمیل نے یہی قصیدہ سنایا۔

## شاعر کا تعارف:

مجد الدین ابوعبداللہ، محمد بن منصور بن جمیل جبائی (الجبی)، عرفیت ابن جمیل فزاری تھی، انشائیہ نگار، شاعر، ادیب و دانشمند تھے۔ نحو، لغت اور ادب وشعر میں بلند مقام کے حامل تھے، تذکرہ نگاروں نے ان کی بڑی ستائش کی ہے۔

ہیت کے ایک دیہات میں جس کا نام جبا تھا پیدا ہوئے، اوائل عمر ہی میں بغداد چلے آئے، قرآن وغیرہ کی تعلیم کے بعد مصدق بن شبیب سے نحو، لغت، فقہ و احکام اور حساب میں مہارت پیدا کی۔ جن اساتذہ سے علم حاصل کیا ان کے نام ہیں: عبدالمنعم بن عبدالوہاب، قاضی مندائی۔

یاقوت حموی (۱) ان کی توصیف کرتے ہیں کہ وہ لغوی، نحوی، ادیب اور ممتاز عالم تھے، مرد بلیغ، خوش خط، فضائل مآب، متواضع، حسین اور خوش اخلاق تھے۔

وہ عباسی دربار کے شاعر تھے، ناصرلدین اللہ کی مدح میں بہت سے قصیدے کہے اور محکمہ ترکات حشریہ کے انچارج بنادئے گئے، (۲) یہ محکمہ ایسے لاوارث میتوں کا ترکہ بیت المال میں جمع کر کے مذہب شافعی کے مطابق خرچ کرتا تھا جن کا کوئی وارث نہیں ہوتا تھا۔

---

۱۔ معجم الادباء، ج ۷، ص ۱۱۰، (ج ۱۹ / ص ۶۰)۔ ۲۔ اصول التاریخ والادب، ج ۹، ص ۱۶۶۔

بغداد کا ایک تاجر ابن عنبیری ان کا رفیق تھا، جب مرنے لگا تو انہیں بلا کر کہنے لگا: میں قضائے الٰہی کو لبیک کہنے والا ہوں، تمہاری دوستی کے ناطے میں اپنے بچوں کو تمہارے سپرد کرتا ہوں۔ ابن جمیل نے ذمہ داری سنبھالنے کا وعدہ کیا۔ جب وہ مرگیا تو ترکہ دیکھا کہ اس میں ہزار دینار ہیں، اسے ناصر کی خدمت میں لے گیا دونوں نے دیکھ کر کہا: ابن عنبیری مرگیا اور اس کا ایک ہزار دینار بیت المال میں جمع کیا جاتا ہے۔

وہ معاملات میں بڑا سخت گیر تھا۔ ایک دانشور سے کہا: میرے عذاب سے ڈرو کہ بڑا شدید و درد ناک ہے۔ وہ بولا: کیا تم خدا ہو؟ ابن جمیل یہ سنکر بہت شرمندہ ہوا لیکن سزا دینے سے باز نہیں آیا۔ وہ بہت زیادہ خود پسندی کا شکار تھا، کسی کو اپنی نگاہ میں نہیں لاتا تھا۔ (۱)

وزارت خزانہ میں منشی ہونے کے بعد اس نے تمام حکم نامے لکھے چنانچہ ترقی کر کے وزارت خزانہ میں ڈائریکٹر ہوگیا۔ جسے آج کل وزیر مالیات کہا جاتا ہے یہ ۶۰۵ھ کی بات ہے (۲) جب وہ خزانے کا منشی تھا تو پانچ دینار تنخواہ تھی جب ڈائرکٹر ہوا تو دس دینار تنخواہ ہوگئی۔

ایک بار کچھ تجار اور غرباء نے کسی مخصوص شخص کو بیت المال سے عطا کرنے کی شفارش کی، ابن جمیل نے وعدہ کرلیا لیکن دیتے وقت ٹال مٹول کرنے لگا جو تاجر واسطہ تھا اس نے ارادہ کرلیا کہ روزانہ ایک دانق (یک ششم درہم) ابن جمیل کو دیگا۔ اس نے تاجر سے پوچھا: یہ پیسہ کیسا؟ جواب دیا: چوں کہ آپ عادل ہیں اور اس غریب سے زیادہ مستحق ہیں اس لئے میں نے ارادہ کرلیا ہے کہ روز آپ کو دیا کروں گا۔

بالآخر یہ تمام عہدے بروز شنبہ ۲۳؍ربیع الاول ۶۱۱ھ کو اس سے چھن گئے اور وہ قید خانہ پہنچ گیا (۳) جب آزاد ہوا تو ناصر کے فرزند عدۃ الدین کا وکیل و منشی بن گیا وہ اسی عہدے پر آخری عمر تک باقی رہا۔ پندرہ شعبان ۶۱۶ھ کو بڑھاپے میں انتقال کیا اور کاظمین میں دفن کیا گیا، (۴) ابن جمیل کے ایک

---

۱۔ اصول التاریخ والادب، ج۹، ص ۶۷، ۶۸

۲۔ اصول التاریخ والادب، ج۹، ص ۱۶۶، الجامع المختصر، ج۹، ص ۲۶۵، ۲۶۶

۳۔ اصول التاریخ والادب، ج۹، ص ۶۸

۴۔ اصول التاریخ والادب، ج۱۹، ص ۱۶۶، معجم الادباء، ج۷، ص ۱۱۰، (ج۱۹؍ص ۶۰) بغیۃ النحاۃ ص ۱۰۷، (ج ۱؍ص ۱۵۰؍نمبر ۴۶۰)

فرزند بنام صفی الدین عبداللہ تھے وہ بھی بڑے پائے کے شاعر تھے مستعصم باللہ کے زمانے میں ۶۶۹ھ میں انتقال کیا۔(۱) ابن جمیل کے بھائی کا نام قطب الدین تھا یہ بڑے حکام رس تھے۔

---

۱۔ الحوادث الجامعۃ، ص۱۸۴، ۳۶۸

# الشواء کوفی حلی

ولادت تقریباً ۵۶۲ھ.

وفات ۶۳۵ھ.

ضمنت لمن یخاف من العقاب　　اذا والی الوصی ابا تراب

یری فی حشره ربا غفورا　　و مولی شافعا یوم الحساب

''میں اس شخص کی ضمانت لیتا ہوں جسے روز حشر عذاب خداوندی کا خوف ہے اگر وہ وصی رسولؐ، ابوترابؑ کو اپنا مولا سمجھتا ہے۔

وہ اپنے پروردگار کو حشر میں غفور پائے گا اور علیؑ کو شفاعت کرنے والا۔ وہ جواں مرد بلحاظ کرم و توانائی تمام لوگوں سے برتر، بہترین ہمسایہ اور کشادہ پیشانی سے پیش آنے والے تھے۔

صلح کے وقت داتا تھے اور جنگ میں غراتے ہوئے شیر تھے، جب جنگ کے لئے نیام سے تلوار نکال لیتے تھے تو بادلوں سے بجلی چمکتی دکھائی دیتی تھی۔

صحابہ کے مقابل وہی محمد مصطفےؐ کے وصی تھے اور رسولؐ کے فرزندوں کے باپ اور فاطمہؑ طاہرہ کے شوہر تھے، بروز غدیر صرف انہیں کے لئے نص ظاہر ہوئی، قرآن میں ان کے فضائل بہت واضح ہیں''۔

## شاعر کے حالات:

ابوالمحاسن، یوسف ابن اسماعیل ابن علی ابن احمد ابن حسین ابن ابراہیم۔ شواء عرفیت اور لقب شہاب الدین تھا۔ کوفے کے حلب گاؤں میں پیدا ہوئے اور وہیں پلے بڑھے اور وفات پائی۔

وہ شعروادب کے نابغۂ روزگار تھے، ہرفضیلت سے آراستہ تھے،ان کی رائے محکم اورخواہش پاکیزہ تھیں، اپنے شعروں میں بڑے اچھے جذبات کا اظہار کرتے تھے، ادب عالی تھا اورسنہرے قافیے اوزان میں سمودیتے تھے۔ان کے حالات ابن خلکان کی تاریخ ،شذرات الذھب ،تاریخ حلب ،نسمت السحر ،الکنی و الالقاب اورالطلیعہ میں پائے جاتے ہیں ۔(۱) وہ اکثر ابن الجبرانی نحوی ولغوی کی صحبت میں حاضر رہتے ۔زیادہ تر ادبیات ان ہی سے حاصل کی ۔ابن خلکان اورشواء میں بڑی گہری دوستی تھی ،آپس میں بیٹھ کر ادبی بحث کرتے تھے ۶۳۳ھ.سے لےکراپنی وفات تک یہ صحبت باقی رہی ۔انہیں جامع حلب دمشق میں اکثر آتے جاتے دیکھا جاتا تھا،شعروں پران کی تنقید بڑی جاندار ہوتی تھی ، وہ انتہا پسند شیعہ تھے اس لئے انہیں محاسن الشواء کہا جاتا تھا لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کا نام یوسف اورکنیت ابوالمحاسن تھی ۔کمال ابن شعارکوان کے اکثر اشعار یاد تھے ۔ان کے حالات عقودالجماعت میں لکھے ہیں اسی میں ہے کہ شواء کی پیدائش ۵۶۲ھ.میں ہوئی ،۱۹/محرم بروز جمعہ ۶۳۵ھ.میں وفات پائی اورمقبرۂ باب انطاکیہ میں دفن کئے گئے ۔اس وقت چوں کہ مجھ سے ان سے کھٹ پٹ تھی اس لئے ان کی نماز جنازہ میں شریک نہ ہوسکا۔اللہ ان پر رحمت نازل کرے، وہ بہت اچھے دوست تھے ۔ان کے استاد ابن الجبرانی اوربختری نے انہیں اعزاز بخشے ۔خاص طور سے انہیں لغت پرعبور حاصل تھا۔

روز چہارشنبہ۲۲/شوال ۵۶۱ھ.کو پیدا ہوئے اور دوشنبہ۷/رجب ۶۲۸ھ.کوحلب میں انتقال کیا۔

---

۱۔وفیات الاعیان ، ج ۲،ص ۵۹۷ ، (ج ۷/ص ۲۳۱/نمبر ۸۵۰ ) شذرات الذھب ، ج ۵ ،ص ۱۷۸، (ج ۷/ص ۳۱۰) تاریخ حلب ، ج ۴ ،ص ۳۹۷، (ج ۴/ص ۳۷۰،۳۷۳) نسمۃ السحر فیمن تشیع وشعر، (مجلد ۹/ج ۲/ص ۶۱۴) الکنی والالقاب ، ج ۱ص ۱۴۶، (ج ۱/ص ۱۵۳)

# کمال الدین شافعی

وفات ۶۵۲ھ

غدیر سے متعلق ان کے اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

و شرفه یوم الغدیر فخصه    بانک مولی کل من کنت مولاه

ولو لم یکن الا قضیة خیبر    کفت شرفا فی ماثرات سجایاه

''اور حضرت علی علیہ السلام کو غدیر کے دن شرف و منزلت عطا کی اور انہیں مولا کے لقب سے مخصوص کیا اور فرمایا: جس کا میں مولا ہوں اس کے علی علیہ السلام مولا ہیں اور اگر صرف واقعہ خیبر ہی ہوتا، تب بھی علیؑ کی شرافت و بزرگی کے لئے کافی تھا''۔(۱)

## شاعر کے حالات

ابو سالم کمال الدین، محمد بن طلحہ بن محمد بن حسن قرشی، فقہ شافعی کے امام تھے، حدیث، اصول اور اختلافی مسائل نیز ادبیات میں مہارت رکھتے تھے، قضاوت و خطابت میں بھی سب پر مقدم تھے، زہد و پارسائی میں شہرت تھی۔ انہوں نے موید ابن علی طوسی اور زینب شعریہ سے نیشاپور میں حدیث سنی اور حلب دمشق اور دوسرے شہر میں حدیث بیان کی، حافظ دمیاتی اور ابن عدیم ان سے روایت کرتے ہیں۔

وہ دمشق کے مدرسہ امینیہ میں سکونت پذیر تھے اور بادشاہوں کو وہیں سے خط لکھتے تھے بادشاہ دمشق

---

۱۔ مطالب السؤول، (ص ۲۰) بیاضی کی الصراط المستقیم، (ج ۱ ص ۲۹۷)

نے ان سے وزیر بننے کی درخواست کی لیکن انہوں نے انکار کردیا۔طبقات سبکی (۱) میں ہے کہ وزارت قبول کی تھی لیکن پھر چھوڑ دیا تھا اور تمام مال واسباب چھوڑ کر کسی نامعلوم جگہ پر چلے گئے تھے۔بعض لوگوں نے کہا ہے کہ وہ غیبت پر بھی آگاہ تھے اور بعض کہتے ہیں کہ واپس آکر منصب وزارت قبول کر لی تھی چوں کہ ان کے علم نجوم نے اجازت دی تھی۔ پھر حلب میں قاضی کے عہدے پر فائز ہوئے پھر دمشق کے خطیب ہوئے آخر میں زاہد ہوکر مکہ چلے گئے مکے سے واپس ہوئے تو دمشق اور پھر حلب گئے وہیں فوت ہوئے۔

## تالیفات:

۱۔عقدالفرید
۲۔الدرالمنظم
۳۔مفتاح الفلاح
۴۔دائرۃ الحروف
۵۔مطالب السؤول

ان کے مناقب وفضائل لوگوں میں بہت زیادہ مشہور ہیں جو احاطہ تحریر کے باہر ہیں۔اہل بیتؑ کے متعلق ان کے بہت قیمتی اشعار ہوتے تھے۔

---

۱۔طبقات سبکی، ج۵،ص۲۶، (ج۸/ص۶۳/نمبر۱۰۷۶)

# ابومحمد منصور باللہ

ولادت ۵۹۶ھ.

وفات ۶۷۰ھ.

ان کے غدیر سے متعلق بہت سے اشعار ہیں وہ فرماتے ہیں:

''امر امامت رسولؐ کے بعد ان کے ابن عم علی علیہ السلام کے لئے بلافصل ہے، وہ خدائے بلند واحد کے واضح حکم کی بنا پر مولا قرار پائے، یہ معاملہ قرآن میں ظاہر ومشہور ہے اور لوگوں میں بھی، جو کسی حال میں چھپایا نہیں جا سکتا اور صبح کے نور کو کیسے چھپایا جا سکتا ہے لیکن ان لوگوں نے چھپایا جن کے دل میں کھوٹ تھی''۔

## شاعر کے حالات:

ابومحمد منصور باللہ امام حسن ابن محمد ابن احمد ابن یحییٰ ابن یحییٰ۔ وہ زیدیوں کے امام تھے اور علم حدیث، ادب وشعر میں بہت اچھا مقام رکھتے تھے، بہت اچھے مناظر بھی تھے۔ ان کی زخیم کتاب انوار الیقین میں یہ قصیدہ مرقوم ہے۔

وہ احمد ابن حسین مھدی کے زمانے میں بزرگ ترین علماء میں شمار ہوتے تھے، اس کی تہنیت میں اشعار بھی کہے ہیں۔ یوسف ابن عمر بادشاہ یمن یا مستعصم عباسی متوفی ۶۵۶ھ. نے دو آدمیوں کو آمادہ کیا کہ انہیں قتل کر دیں، انہوں نے ان کو زخمی کر دیا لیکن ان کے حمایتیوں نے ان دونوں کو قتل کر ڈالا، ان کی جان بچ گئی۔ اس واقعہ کے بعد انہوں نے امام مہدی احمد ابن حسین کی تہنیت میں کچھ اشعار کہہ کر زندہ

بچ جانے کی مبارک باد دی۔

ابو محمد منصو باللہ ۵۹۶ھ. میں پیدا ہوئے، امام احمد بن حسین کے قتل ہونے کے بعد ان کی بیعت کی گئی اور ۶۵۷ھ. میں ان کی طرف سے داعی بھیجے گئے، رغافہ میں ماہ محرم ۶۷۰ھ. میں وفات پائی۔(۱)

---

۱۔ نسمۃ السحر فیمن تشیع وشعر، (مجلد ۷، ج ۱، ص ۱۹۴) میں ان کے حالات موجود ہیں۔

# ابوالحسین جزّار

ولادت ۶۰۱ھ.

وفات ۶۷۲ھ.

غدیر کے متعلق ان کے چند اشعار یہ ہیں:

''اے داماد رسولؐ! آپ خلافت کے معاملے میں سب پر مقدم ہیں کیوں کہ جو شرائط آپ میں پائی جاتی ہیں وہ دوسروں میں نہیں پائی جاتیں۔

داستان غدیر منکروں کے لئے شعلہ آتش کی طرح ہے جو قبل قیامت لوگوں کو اچھی طرح سمجھا دیگی اگر کچھ لوگ اس حدیث میں کہ تم کائنات کے مولا ہو، عیب لگاتے اور تنقید کرتے ہیں تو جو لوگ عیب لگاتے ہیں انھیں میں عیوب بھرے ہوئے ہیں''۔

یہ طویل قصیدہ قدیم مخطوط تذکروں میں موجود ہے بعض ادبی کتابوں میں اس کے منتشر اشعار نقل کئے گئے ہیں۔

## شاعر کے حالات:

یحییٰ بن عبدالعظیم بن یحییٰ بن محمد بن علی جمال الدین، ابوالحسین جزار مصری۔ گمنام شیعہ شاعر ہیں، حالانکہ بڑے قیمتی اور نفیس اشعار کہتے تھے لیکن نہ معلوم کیوں تذکرہ نگاروں نے ان کو فراموش یا نظرانداز کیا، انہیں فن توریہ اور استخدام کے استعمال میں بڑی مہارت تھی۔

ابن حجت کتاب خزانہ(۱) میں لکھتے ہیں کہ جزار (اونٹ ذبح کرنے والا) اور سراج وراق (زین ساز، کاغذفروش) اور حمامی نے باہم عہد و پیمان کیا کہ ایک دوسرے کے متعلق فن توریہ میں اشعار کہے۔ آخر میں سراج وراق کے لئے فیصلہ کیا گیا کہ اگر اس کا دھندھا کاغذفروشی نہ ہوتا تو آدھے اشعار مہمل تھے۔

علامہ سماوی نے جزار کا دیوان مرتب کیا ہے جس میں ۱۲۵۰/اشعار ہیں۔(۲) کہا جاتا ہے کہ ان کا ایک اور دیوان ہے جس میں حکام وخلفاء کے قصیدہ ہیں یمن کے کتب خانہ میں ہے۔امام حسینؑ کے متعلق ان کے مرثیے بڑے دل گداز ہوتے تھے۔

روضۂ رسولؐ میں آگ لگنے کے متعلق ان کے اشعار ہیں کہ حرم رسولؐ میں آگ لگ جانا کوئی اہم بات نہیں، بیوقوفوں کی بات پر توجہ نہیں دینی چاہیئے، اس میں ایک خدائی راز تھا جو عقل مندوں سے پوشیدہ نہیں وہ یہ کہ امیہ کی تعمیرات کا تمام نشان ختم کر دیا جائے۔

مسجدالنبیؐ میں شب جمعہ ماہ رمضان ۶۵۴ھ نماز تراویح کے بعد آگ لگ گئی۔ ہوا یہ کہ فراش ابو بکر مراغی کے ہاتھ سے چراغ گر گیا اور تمام دیواریں اور چھت وغیرہ جل گئیں، بہت سے حجرے بھی جل گئے۔شعراء نے اس بارے میں بہت سے اشعار کہے۔ابن تولومغربی نے جزار کے اشعار کا جواب دیتے ہوئے کہا: مدینہ کے رافضیوں سے کہہ دو کہ تم مذمت میں بیوقوفوں کی پیروی نہ کرو حرم رسول میں آگ اس لئے لگی کہ تم اس میں مذمت صحابہ کرتے تھے۔

ابن حجتخزانہ(۳) میں کہتے ہیں کہ جزار کی پیدائش ۶۰۱ھ میں ہوئی اور ۶۷۲ھ میں مصر میں وفات پائی ابن کثیر (۴) کہتے ہیں کہ ۱۲/شوال ۶۷۲ھ میں وفات ہوئی، وفات کے وقت ان کی عمر ۷۶ سال کی تھی، قرافہ میں دفن کئے گئے۔

---

۱۔خزانہ الادب، (ج۲/ص۴۸)

۲۔کتبی نے فوات الوفیات، ج۲ ص۳۱۹، (ج۴/ص۲۷۷) پر، ابن کثیر نے البدایۃ والنھایۃ، ج۱۳، ص۲۹۳، (ج۱۳/ص۳۴۲) بعد الحی نے شذرات الذھب، ج۵ ص۳۶۴، (ج۷/ص۶۳۶) پر اور دیگر تذکرہ نگاروں نے اپنے تذکرہ میں ان کا شرح حال لکھا ہے۔

۳۔خزانۃ الادب، ص۳۳۸، (ج۲/ص۱۰۸)

۴۔البدایۃ والنھایۃ، (ج۱۳/ص۳۴۲)

# قاضی نظام الدین

متوفی ۶۷۸ھ.

۴۲ر شعروں پر مشتمل اس قصیدے کو قاضی نے مجالس المومنین میں نقل کیا ہے:

''اے آل یاسین کیا کہنا تمہارا۔تم، ہمارے درمیان ستارگان حق اور ہدایت کی نشانیاں ہو''۔

حدیث غدیر سے متعلق شعر ہے:

**مهما تمسک بالاخبار طائفة　　　فقوله : وال من والاه يكفينا**

''جب کبھی محدثین، حدیث رسولؐ: ''وال من والاہ'' سے تمسک کرتے ہیں تو ہمیں کفایت کرتا ہے ۔غدیر کے دن رسول خداؐ نے بیابان میں ان لوگوں کے درمیان جو ہمارے دشمن تھے حضرت علیؑ کا تعارف کرایا کہ ان کے دونوں فرزند باغ بہشت کی خوشبو ہیں تو اب تم کہہ سکتے ہو کہ یہ ان زمینوں میں نمونہ پذیر ہوئے ہیں جو اسی جنت کی پروردہ ہے''۔

آخری شعر ہے:

**لا جل جدكم الا فلاک قد خلقت　　　لو لاه ما اقتضت الاقدار تكونيا**

''تمہارے جد کے صدقے میں افلاک کی تخلیق ہوئی اگر وہ نہ ہوتے تو کائنات تکوین نہ ہوتی''۔

## شعری تتبع

اس شعر میں جس حدیث کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اسے مستدرک حاکم میں بطور صحیح نقل کیا گیا ہے۔(۱)

---

۱۔المستدرک علی الصحیحین ، ج۲،ص ۶۱۵ ، (ج ۲ /ص ۲ ۶۷ /حدیث ۴۲۲۷ )

ابن عباس سے مروی ہے کہ خدا نے عیسیٰ کو وحی فرمائی کہ اے عیسیٰ! محمدؐ پر ایمان لاؤ اور اپنی امت کے ان افراد کو جو انہیں درک کریں حکم دیدو کہ ان پر ایمان لائیں کیوں کہ اگر محمدؐ نہ ہوتے تو میں آدمؑ کو خلق نہ کرتا، نہ بہشت وجہنم کو خلق کرتا۔ جب میں نے عرش کو خلق فرمایا تو اسے اضطراب ہوا پس میں نے لکھ دیا ''لااله الله محمد رسول الله'' تب اسے اطمینان ہوا۔

اس حدیث کو سبکی (۱) نے شفاء السقام میں اور شرح مواہب (۲) میں زرقانی نے لکھ کر اس کے صحیح ہونے کی نشاندہی کی ہے اور کہا ہے کہ ابو الشیخ نے اسے طبقات (۳) اصفہانی میں نقل کیا ہے اور حاکم نے اس کو صحیح کہا ہے۔ اور سبکی و بلقینی نے نقل کر کے اس کی صحت کی نشاندہی کی ہے۔ (۴)

حاکم (۵) نے اس حدیث صحیح کو نقل کر کے ایک دوسری حدیث بھی لکھی ہے:

رسول خداؐ نے فرمایا: جب آدمؑ نے خطا کی تو کہا: خدایا! بحق محمدؐ وآل محمدؐ مجھے بخش دے۔ خدا نے پوچھا: آدمؑ! تم نے محمدؐ کو کیسے پہچانا جسے ابھی پیدا نہیں کیا ہے؟ عرض کی: خدایا! جب تو نے میرے ڈھانچے میں روح پھونکی تو میں نے سر اٹھا کر عرش پر لکھا ہوا دیکھا: ''لا اله الله محمد رسول الله'' میں سمجھ گیا کہ تو نے اپنے محبوب ترین بندے کا نام لکھا ہے۔ خدا نے کہا: آدمؑ تم نے سچ کہا، محمدؐ میرا محبوب ترین بندہ ہے، اگر محمدؐ نہ ہوتے تو تجھے خلق نہ کرتا۔ (۶)

## شاعر کے حالات:

نظام الدین محمد بن قاضی القضاہ اسحاق بن مظہر اصفہانی، عظیم و بے نظیر شاعر تھے، تمام فنون پر

---

۱۔ شفاء السقام، ص۱۲۱، (ص۱۶۲)

۲۔ شرح مواہب، ج۱، ص۴۴

۳۔ طبقات المحدثین، (ج۳ ر ص۱۰۸ رنمبر ۳۴۸)

۴۔ شفاء السقام (ص۱۶۲)

۵۔ المستدرک علی الصحیحین، (ج۲ ر ص۶۷۲ رحدیث ۴۲۲۸)

۶۔ دلائل النبوۃ بیہقی، (ج۵ ر ص۴۸۹) المعجم الصغیر، (ج۲ ر ص۸۲۔۸۳) شفاء السقام، ص۱۲۰، وفاء الوفا، ص۴۱۹، (ج۴ ر ص۱۳۷۱) المواہب اللدنیۃ، (ج۴ ر ص۵۹۴) شرح المواہب، ج۱، ص۴۴، فرقان القرآن، ص۱۱۷۔

یکساں دستگاہ حاصل تھی۔اس قصیدے کے علاوہ خواجہ بہاء الدین (۱) اورخواجہ نصیر الدین طوسی کے لئے بھی قصیدے کہے ہیں۔ان کا ایک دیوان بنام منشات بھی ہے جو برٹش میوزیم میں موجود ہے۔ایک رسالہ بھی لکھا ہے جس کا نام رسالۂ قوسیہ ہے،بعض علمائے نیشاپور نے اس کی شرح لکھی ہے اور ستائش میں لکھا ہے کہ بہترین قاضی، عالم،مفتی اور فصیح و بلیغ انشائیہ نگار تھے۔ان کے اشعار کشکول بہائی،مجالس المومنین اورخزائن نراقی میں ہیں۔(۲)

حالات زندگی کے لئے مجالس اور تاریخ آداب اللغۃ وغیرہ دیکھئے۔(۳)

---

۱۔مجالس المومنین،(ج۲رص۴۸۳)

۲۔کشکول بہائی،ج۱،ص۱۰۹،(ج۱رص۲۹۷) مجالس المومنین،(ج۱رص۵۴۵)،الخزائن،ص۱۱۵

۳۔مجالس المومنین،ص۲۲۶،(ج۱رص۵۴۳) تاریخ آداب اللغۃ،ج۳،ص۱۳،(مجلد۱۴رص۴۱۵)

# شمس الدین محفوظ

وفات/ ۶۹۰ھ۔

مدح آل محمدؐ میں ایک قصیدہ ہے جس کا ایک غدیری شعر ہے:

ذاک الامیر لدی الغدیر اخو      البشیر المستنیر و من له الابناء

''حضرت علیؑ وہی ہیں جو بروز غدیر خلیفہ بنائے گئے، رسولؐ بشیر کے بھائی ہیں، وہ پاکیزہ اصلاب کے ذریعہ پیدا ہوئے جس طرح ان کے بیٹے پاک و پاکیزہ ہیں''۔

آگے چودہ شعروں میں آل محمدؐ کا نام بنام تذکرہ و مدح ہے پھر آخری دو شعر ہیں:

انا یابن عم محمد اهواکم      و تطیب منی فیکم الاهواء

و اکفر الغالین فیک والعن      القالین انهم لدی سواء

''اے محمدؐ کے چچیرے بھائی! میں آپ کی محبت سے سرشار ہوں، آپ کی پاکیزہ محبت میرا سرمایۂ زندگی ہے، میں ان لوگوں کو کافر سمجھتا ہوں جو آپ کے بارے میں غلو کرتے ہیں یا آپ کو مرتبے سے گھٹاتے ہیں''۔

علامہ سماوی نے طلیعہ میں ان شعروں کو نقل کیا ہے۔

## شاعر کے حالات:

شیخ شمس الدین، محفوظ بن وشاح بن محمد ابو محمد حلی اسدی۔ ممتاز ترین فقیہ اور مینارۂ علم و ادب تھے،

ان کے فتوؤں پر زعامت دینی کا انحصار تھا، مشکل مرحلوں میں ان کی طرف رجوع کیا جاتا، محقق حلی اور حماد لیثی ان سے روایت کرنے والوں میں ہیں۔

محفوظ اور محقق حلی کے درمیان خط و کتابت تھی۔ ان کی تاریخ ولادت اور وفات کا پتہ نہ چل سکا مگر اتنا یقینی ہے وہ ۶۸۰ھ تک زندہ رہے۔ ان کی جلالت قدر کا پتہ ان قصائد سے چل سکتا ہے جو ان کے انتقال پر علماء و شعراء نے کہے ہیں۔

ان کے صاجزادے ابوعلی، قاضی حلہ تھے۔ آج بھی خانوادہ محفوظ کے جلیل القدر افراد شام و عراق میں موجود ہیں۔(۱)

---

۱۔امل الآمل، (ج ۲ ص ۱۲۴ نمبر ۳۵۲)، روضات الجنات، (ج ۶ ص ۱۰۶ نمبر ۵۶۷) تکملہ امل الآمل، (ص ۳۳۱ نمبر ۳۱۲) وفیات الاعلام، (ج ۳ ص ۹۷۹ نمبر ۶۴۱۲) میں ان کے حالات قلمبند ہوئے ہیں۔

# بہاالدین اربلی

وفات: سنہ ۶۹۲،۶۹۳ھ

غدیر سے متلعق پہلے قصیدے کے دوشعر ہیں:

و اسئل بخم عن علاه فانها　　تقضی بمجد و اعتلاء منار

بولائه یرجو النجاة مقصر　　و تحط عنه عظایم الا وزار

دوسرا قصیدہ:

حسدوه علی مآثر شتی　　و کفاهم حقدا علیه الغدیر

## شاعر کے حالات:

بہاءالدین ابوالحسن، علی بن فخر الدین عیسیٰ ابن ابوالفتح اربلی۔ بغداد میں سکونت پذیر تھے اور وہیں دفن ہوئے۔ان جیسے نابغہ روزگار کی نظیر دنیا میں کم ہی ملتی ہے جن کے علم و دانش سے ساتویں صدی ہجری جگمگا رہی ہے، ان کا شمار بزرگ ترین عالموں اور ادیبوں میں ہوتا ہے، وہ بہترین ادیب و شاعر تھے اور کامیاب سیاست داں بھی تھے جو منصب وزارت پر فائز ہوئے، اسی طرح وہ فقیہ و محدث بھی تھے، انہوں نے اپنی صلاحیتوں سے دین کی بھرپور حمایت کی۔

ائمہ معصومین علیہم السلام کی سیرت پر ان کی وقیع ترین کتاب کشف الغمہ ہے اس کتاب سے ان کی دانش اور ادب و حدیث پر کامل دست گاہ کا اندازہ ہوتا ہے۔

## مشائخ و رواۃ:

انہوں نے اکثر شیعہ وسنی مشائخ سے روایت کی ہے ان میں:

۱۔سید علی بن طاؤوس

۲۔جلال الدین فخار

۳۔ابن الساعی (۱)

۴۔گنجی شافعی (۲)

۵۔علی بن وضاح حنبلی (۳)

۶۔محمد بن ابوالقاسم

اکثر تالیفات سے انہوں نے استفادہ کیا ہے ان کے نام ہیں:

تفسیر حافظ رسعنی، مطالب السؤل، تالیفات راوندی۔

وہ افراد جنہوں نے ان سے روایت کی ہے:

علامہ حلی، شیخ رضی الدین علی بن مطہر، محمد بن فضل علوی حسنی، ان کے صاحبزادے محمد بن علی، شیخ تقی الدین ابن ابراہیم، شیخ محمود، ان کے نواسے احمد بن صدر، فقیہ مالکی احمد بن عثمان، یحییٰ بن علی بن مظفر طیبی، عبداللہ بن محمد مکی، حسن ابوالہیجا اربلی، ابوالفتح اربلی، مولی امین الدین جزری، شیخ حسن موصلی۔

اربلی کے تفصیلی حالات مندرجہ ذیل کتب میں ہیں:

امل الآمل، ریاض العلماء، ریاض الجنۃ، روضات الجنات، اعلام زرکلی، تتمیم الامل، الکنی والالقاب، الطلیعہ فی شعراء الشیعہ۔(۴)

---

۱۔کشف الغمہ، ص۱۳۵، (ج۲/ص۱۶۷)۔

۲۔کشف الغمہ میں کفایۃ الطالب بہت ساری روایتیں نقل کی ہیں، کشف الغمہ، ص۳۱، ۳۲۴، (ج۱/ص۱۰۵، ۳۸۳) پر ان کے اجازہ کا ذکر ہے۔

۳۔کشف الغمہ، (ج۱/ص۳۷۳)۔

۴۔الامل الآمل، (ج۲/ص۱۹۵/نمبر ۵۸۸) ریاض العلماء، (ج۴/ص۱۶۶) روضات الجنات، (ج۴/ص۳۴۱) اعلام، (ج۴/ص۴۱۸) الکنی والالقاب، (ج۲/ص۱۸)۔

ابن فوطی کی الحوادث الجامعہ سے کچھ حالات نقل کئے جاتے ہیں: (۱)

۶۵۷ھ. میں بہاء الدین علی بن فخر الدین عیسیٰ اربلی وارد بغداد ہوئے، ان کی انشاء نگاری کی وجہ سے ان کو کاتب دیوان بنادیا گیا، وہ آخر دم تک اسی عہدے پر پر فائز رہے۔ ۶۷۸ھ. میں ایک مشہور مسجد کی تعمیر کے ذمہ دار بنائے گئے، انہوں نے طوسی وغیرہ کے اثر انگیز مراثی کہے، اورانہوں نے ۶۹۳ھ. میں بغداد میں انتقال کیا۔

کتبی فوات الوفیات (۲) میں ان کے حالات لکھتے ہیں کہ وہ بہترین شاعر وادیب تھے، جب وہ علاء الدین کے زمانے میں صاحب دیوان بغداد ہوئے تو یہودیوں کا بازار ٹھنڈا پڑ گیا۔ ۶۹۲ھ. میں انتقال کیا۔ بڑے جاہ والے اور بہترین اخلاق سے آراستہ تھے، شیعہ مذہب کے ماننے والے اور ان کے والدان سے پہلے اربل میں حکمراں تھے۔ صاحب شذرات (۳) نے تاریخ وفات ۶۸۳ھ. لکھی ہے میرے خیال میں غلطی سے لکھ گیا ہے، صحیح ۶۹۳ھ. ہے۔

صاحب ریاض الجنۃ نے لکھا ہے کہ وہ انشائیہ نگار تھے، اکثر، بادشاہوں کے وزیر رہے، دولت و شوکت کے مالک تھے، آخر زمانے میں وزارت سے اسعفاء دے کر تصنیف وتالیف میں مشغول ہو گئے تھے۔

ملا عبدالرحمٰن جامی نے ان کے وزارت سے اسعفاء دینے پر فارسی میں ایک قصیدہ کہا تھا۔ عترت طاہرینؑ کے متعلق ان کے اشعار بڑے نفیس اور گرانقدر ہیں۔

۲۹ شعروں پر مشتمل کشف الغمہ کا اختتامیہ بھی اہل بیت علیہم السلام کی مدح سرائی کا شاہکار نمونہ ہے: (۴)

ایھا السادۃ الائمۃ انتم — خیرۃ اللہ اولا واخیرا

قد سموتم الی العلی فافترعتم — بمز ایاکم المحل الخطیرا

انزل اللہ فیکم ھل اتی نصا — جلیًّا فی فضلکم مسطورا

---

۱۔ الحوادث الجامعہ، ص ۳۴۱، ۱۶۴، ۲۲۷، ۱۹۵، ۲۵، ۱۷۶، ۱۷۷

۲۔ فوات الوفیات، ج ۲، ص ۸۳ (ج ۳ ص ۵۷ نمبر ۳۴۷)

۳۔ شذرات الذہب ج ۵، ص ۳۸۳ (ج ۷، ص ۶۶۸)

۴۔ کشف الغمہ، ص ۳۵۰، (ج ۳/ ص ۳۶۱)